احادیث کا عظیم ذخیرہ

# اثمار الہدایۃ

## علی الہدایۃ

### مکمل ہدایۃ اولین

جلد اول

کتاب الطہارات تا کتاب الصلاۃ

(باب ما یفسد الصلوۃ وما یکرہ فیہا)

ترجمہ وتشریح

مولانا ثمیر الدین قاسمی صاحب دامت برکاتہم

پبلشرز

## فہرست مضامین مقدمہ اثمار الھدایۃ جلد اول


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ١ | خصوصیات اثمار الھدایہ | ۴ |
| ٢ | ہم اثمار ہدایہ ہی کیوں پڑھیں | ۵ |
| ٣ | فہرست مضامین اثمار الھدایۃ | ٦ |
| ۴ | دو قطعات در شان اثمار الھدایۃ | ٩ |
| ۵ | تقریظ: حضرت مولانا نصیر الدین خاں صاحب مدظلہ شیخ الحدیث دار العلوم دیوبند | ١٠ |
| ٦ | اعترافِ حقیقت: حضرت مولانا عبد الحق صاحب مدظلہ نائب شیخ الحدیث دار العلوم دیوبند | ١١ |
| ٧ | دعائیہ کلمات: حضرت مولانا محمد یونس صاحب مدظلہ مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور | ١٣ |
| ٨ | اثمار الھدایہ قابل ذکر شرح: حضرت مولانا مفتی محمد ظفیر الدین صاحب مدظلہ مفتی دار العلوم دیوبند | ١۴ |
| ٩ | اظہارِ واقعیت: حضرت مولانا عبد الرؤف صاحب لاجپوری مدظلہ انگلینڈ | ١۵ |
| ١٠ | مختصر حالات شارح | ١٧ |
| ١١ | نقل احادیث میں ترتیب کی رعایت | ٢٣ |
| ١٢ | ترتیب احادیث | ٢٦ |
| ١٣ | کون سے ائمہ کہاں پیدا ہوئے، اس کے لئے نقشہ دیکھیں | ٢٧ |
| ١۴ | مختصر حالات صاحبِ ہدایہ | ٢٨ |
| ١۵ | علم فقہ | ٣٢ |
| ١٦ | حنفیت تینوں اماموں کے مجموعہ کا نام ہے | ٣۴ |
| ١٧ | ائمہ کرام ایک نظر میں | ٣٦ |
| ١٨ | ہدایہ پر ایک نظر | ٣٧ |
| ١٩ | صاحب ہدایہ کی مجبوری | ٣٨ |

## فہرست مضامین اثمار الھدایۃ جلد اول



| نمبر شمار | عنوانات | کس مسئلہ نمبر سے | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ۲۰ | کتاب الطھارات | ۱ سے | ۴۸ |
| ۲۱ | سنن الطہارۃ | ۵ سے | ۵۸ |
| ۲۲ | مستحبات وضو کا بیان | ۱۴ سے | ۶۷ |
| ۲۳ | فصل فی نواقض الوضوء | ۲۰ سے | ۷۵ |
| ۲۴ | فصل فی الغسل | ۳۰ سے | ۹۸ |
| ۲۵ | غسل واجب ہونے کے اسباب | ۳۳ سے | ۱۰۳ |
| ۲۶ | سنت غسل کا بیان | ۳۷ سے | ۱۰۸ |
| ۲۷ | باب ماء الذی یجوز بہ الوضوء مالا یجوز | ۳۹ سے | ۱۱۳ |
| ۲۸ | بڑے تالاب کا حساب ایک نظر میں | ۴۵ سے | ۱۲۶ |
| ۲۹ | گول چیز ناپنے کا فارمولہ | ۴۵ سے | ۱۲۸ |
| ۳۰ | فصل فی البیر | ۵۴ سے | ۱۵۱ |
| ۳۱ | فصل فی الاسار | ۶۶ سے | ۱۶۷ |
| ۳۲ | باب التیمم | ۷۹ سے | ۱۸۹ |
| ۳۳ | باب المسح علی الخفین | ۱۰۹ سے | ۲۲۳ |
| ۳۴ | باب الحیض والاستحاضۃ | ۱۳۱ سے | ۲۴۷ |
| ۳۵ | فصل | ۱۴۹ سے | ۲۶۶ |
| ۳۶ | فصل فی النفاس | ۱۵۲ سے | ۲۷۲ |
| ۳۷ | باب الانجاس وتطھیر ھا | ۱۶۰ سے | ۲۷۹ |
| ۳۸ | درہم کا حساب | ۱۶۹ سے | ۲۹۶ |
| ۳۹ | فصل فی الاستنجاء | ۱۷۷ سے | ۳۱۶ |

# فہرست مضامین اثمار الھدایۃ جلد اول



| نمبر شمار | عنوانات | کس مسئلہ نمبر سے | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ۴۰ | کتاب الصلوۃ | × | ۳۲۵ |
| ۴۱ | باب المواقیت | ۱۸۴ سے | ۳۲۵ |
| ۴۲ | فصل فی الاوقات المستحبۃ | ۱۹۲ سے | ۳۳۸ |
| ۴۳ | فصل فی الاوقات التی تکرہ فیھا الصلوۃ | ۱۹۹ سے | ۳۴۷ |
| ۴۴ | باب الآذان | ۲۰۸ سے | ۳۵۸ |
| ۴۵ | باب شروط الصلوۃ التی تتقدمھا | ۲۳۱ سے | ۳۸۱ |
| ۴۶ | باب صفۃ الصلوۃ | ۲۵۲ سے | ۴۰۹ |
| ۴۷ | فصل فی القراۃ | ۳۱۳ سے | ۴۹۲ |
| ۴۸ | باب الامامۃ | ۳۳۴ سے | ۵۱۹ |
| ۴۹ | باب الحدث فی الصلوۃ | ۳۷۴ سے | ۵۶۵ |
| ۵۰ | باب مایفسد الصلوۃ وما یکرہ فیھا | ۴۰۱ سے | ۵۹۷ |

# اثمار الهداية

## على الهداية

ھدایہ اول

۵۱۱ھ - ۵۹۳ھ

**احادیث کا عظیم ذخیرہ**

شارح

حضرت مولانا ثمیر الدین قاسمی صاحب دامت برکاتہم

جلد اول

ناشر

جامعہ روضۃ العلوم

نیا نگر، ضلع گڈا، جھارکھنڈ، انڈیا

نام کتاب ............................ اثمار الھدایہ
نام شارح ......................... مولانا ثمیر الدین قاسمی
ناشر ............................ جامعہ روضۃ العلوم نیانگر ، جھارکھنڈ
باہتمام ......................... مولانا ابوالحسن قاسمی ، نیانگر
نگران ............................مولانا مسلم قاسمی سیپوری
طباعت بار اول ..................... دسمبر ۲۰۰۸ء
کمپیوٹر کمپوزنگ ...................... مولانا ثمیر الدین قاسمی
سیٹنگ ............................ حافظ زکی ، باٹلی
قیمت پانچ جلدیں ..........................۳۰ پونڈ

جملہ حقوق بحق شارح محفوظ ہیں

شارح کا پتہ
Maulana Samiruddin Qasmi
70 Stamford Street
Old Trafford - Manchester
England M16 9LL
Tel 00 44 (0161)2279577

انڈیا کا پتہ
مولانا ابوالحسن، ناظم جامعہ روضۃ العلوم، نیانگر
At Post. Nayanagar
Via Mahagama Dist Godda
Jharkhand-INDIA
Pin 814154
Tel 0091 9304 768719
Tel 0091 9308 014992

## ملنے کے پتے

شارح کا پتہ

Maulana Samiruddin Qasmi
70 Stamford Street
Old Trafford - Manchester
England M16 9LL

Tel 00 44 (0161)2279577

انڈیا کا پتہ

مولانا ابوالحسن، ناظم جامعہ روضۃ العلوم، نیا نگر

At Post. Nayanagar,Via Mahagama, Dist Godda

Jharkhand-INDIA ,Pin 814154

Tel 0091 9304 768719

Tel 0091 9308 014992

جناب مولانا مسلم قاسمی صاحب، خطیب مسجد بادل بیگ، نمبر 5005

بازار سرکی والان, حوض قاضی۔ دہلی نمبر 6

انڈیا, پین کوڈ نمبر 110006

فون نمبر 09891 213348

جناب مولانا نثار احمد صاحب

ثاقب بک ڈپو، دیوبند, ضلع سہارنپور، یوپی

انڈیا، پین کوڈ نمبر 247554

فون نمبر 09412496688

# ﴿خصوصیات اثمار الهدایة﴾

(۱) هدایہ کے ہر مسئلے کے لئے تین حدیث تین حوالے لانے کی کوشش کی گئی ہے، اور اس کا پورا حوالہ دیا گیا ہے

(۲) پھر صاحب هدایہ جو حدیث لائے ہیں وہ کس کتاب میں ہے اس کا پورا حوالہ دیا گیا ہے تا کہ صاحب هدایہ کی حدیث پر اشکال باقی نہ رہے۔ اور یہ بھی لکھ دیا گیا ہے کہ یہ حدیث ہے، یا قول صحابی، یا قول تابعی۔

(۳) طلباء کے ذہن کو سامنے رکھتے ہوئے ہر مسئلے کا محاوری اور آسان ترجمہ پیش کیا ہے۔

(۴) کمال یہ ہے کہ عموما ہر ہر مسئلے کو چار مرتبہ سمجھایا ہے، تا کہ طلباء مسئلہ اور اسکی دلیل بھی آسانی سے سمجھ جائیں

(۵) مسائل کی تشریح آسان اور سلیس اردو میں کی ہے۔

(۶) وجہ کے تحت ہر مسئلے کی دلیل نقلی قرآن اور احادیث سے مع حوالہ پیش کی گئی ہے۔

(۷) حسب موقع دلیل عقلی بھی ذکر کر دی گئی ہے۔

(۸) امام شافعیؒ کا مسلک انکی، کتاب الام، کے حوالے سے لکھا گیا اور حدیث کی دلیل بھی وہیں سے ذکر کی گئی ہے

(۹) کونسا مسئلہ کس اصول پر فٹ ہوتا ہے وہ اصول بھی بیان کیا گیا ہے۔

(۱۰) لغت کے تحت مشکل الفاظ کی تحقیق پیش کی گئی ہے۔

(۱۱) لفظی ابحاث اور اعتراض و جوابات سے دانستہ احتراز کیا گیا ہے تا کہ طلباء کا ذہن پریشان نہ ہو۔

(۱۲) جو حدیث ہے اس کے لئے 'حدیث' اور جو قول صحابی یا قول تابعی ہے اس کے لئے' اثر ' کا لفظ لکھا ہے تا کہ معلوم ہو جائے کہ کون حدیث ہے اور کون قول صحابی، یا قول تابعی ہے۔

(۱۳) حدیث کے حوالے کے لئے پورا باب لکھا۔ پھر بیروتی، یا پاکستانی کتب خانہ والی کتابوں کا صفحہ نمبر لکھا اور بیروتی یا سعودی کتابوں کا احادیث نمبر لکھ دیا گیا تا کہ حدیث نکالنے میں آسانی ہو۔

(۱۴) پرانے اوزان کے ساتھ نئے اوزان بھی لکھ دئے گئے ہیں تا کہ دونوں اوزان میں بآسانی موازنہ کیا جاسکے۔

# ہم اثمار الھدایہ ہی کو کیوں پڑھیں ؟

(۱) اس شرح میں ہر مسئلے کے تحت تین حدیثیں، تین حوالے ہیں جس سے دل کو سکون ہو جاتا ہے کہ کس مسئلے کے لئے کون سی حدیث ہے۔

(۲) کوشش کی گئی ہے کہ احادیث صحاح ستہ ہی سے لائی جائے، تا کہ حدیث مضبوط ہوں۔

(۳) صاحب ھدایہ جو حدیث لائے ہیں اس کی مکمل دو تخریج پیش کی گئی ہے۔

(۴) ایک ایک مسئلے کو چار چار بار مختلف انداز سے سمجھایا ہے، جس سے مسئلہ آسانی سے سمجھ میں آ جاتا ہے۔

(۵) بلا وجہ اعتراض و جوابات نہیں لکھا گیا ہے۔

(۶) سمجھانے کا انداز بہت آسان ہے۔

(۷) پرانے اوزان کے ساتھ نئے اوزان مثلا گرام وغیرہ کو لکھ دیا گیا ہے، جس سے پرانا اور نیا دونوں وزنوں سے واقفیت ہوتی ہے۔

(۸) امام شافعیؒ کا مسلک انکی کتاب الام سے نقل کیا گیا ہے، اور انکی دلیل بھی صحاح ستہ سے دی گئی ہے۔

اثمار الھدایۃ

# فہرست مضامین مقدمہ اثمار الھدایۃ جلد اول



| صفحہ نمبر | عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۴ | خصوصیات اثمار الھدایہ | ۱ |
| ۵ | ہم اثمار ہدایہ ہی کیوں پڑھیں | ۲ |
| ۶ | فہرست مضامین اثمار الھدایۃ | ۳ |
| ۹ | دو قطعات در شان اثمار الھدایۃ | ۴ |
| ۱۰ | تقریظ: حضرت مولانا نصیر الدین خاں صاحب مدظلہ شیخ الحدیث دار العلوم دیوبند | ۵ |
| ۱۱ | اعترافِ حقیقت: حضرت مولانا عبد الحق صاحب مدظلہ نائب شیخ الحدیث دار العلوم دیوبند | ۶ |
| ۱۳ | دعائیہ کلمات: حضرت مولانا محمد یونس صاحب مدظلہ مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور | ۷ |
| ۱۴ | اثمار الھدایہ قابل ذکر شرح: حضرت مولانا مفتی محمد ظفیر الدین صاحب مدظلہ مفتی دار العلوم دیوبند | ۸ |
| ۱۵ | اظہارِ واقعیت: حضرت مولانا عبد الرؤف صاحب لاجپوری مدظلہ انگلینڈ | ۹ |
| ۱۷ | مختصر حالات شارح | ۱۰ |
| ۲۳ | نقل احادیث میں ترتیب کی رعایت | ۱۱ |
| ۲۶ | ترتیب احادیث | ۱۲ |
| ۲۷ | کون سے ائمہ کہاں پیدا ہوئے، اس کے لئے نقشہ دیکھیں | ۱۳ |
| ۲۸ | مختصر حالات صاحبِ ہدایہ | ۱۴ |
| ۳۲ | علم فقہ | ۱۵ |
| ۳۴ | حنفیت تینوں اماموں کے مجموعہ کا نام ہے | ۱۶ |
| ۳۶ | ائمہ کرام ایک نظر میں | ۱۷ |
| ۳۷ | ہدایہ پر ایک نظر | ۱۸ |
| ۳۸ | صاحب ہدایہ کی مجبوری | ۱۹ |

## فہرست مضامین اثمار الہدایۃ جلد اول


| نمبر شمار | عنوانات | کس مسئلہ نمبر سے | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ۲۰ | کتاب الطھارات | ۱ سے | ۴۸ |
| ۲۱ | سنن الطہارۃ | ۵ سے | ۵۸ |
| ۲۲ | مستحبات وضو کا بیان | ۱۴ سے | ۶۷ |
| ۲۳ | فصل فی نواقض الوضوء | ۲۰ سے | ۷۵ |
| ۲۴ | فصل فی الغسل | ۳۰ سے | ۹۸ |
| ۲۵ | غسل واجب ہونے کے اسباب | ۳۳ سے | ۱۰۳ |
| ۲۶ | سنت غسل کا بیان | ۳۷ سے | ۱۰۸ |
| ۲۷ | باب ماء الذی یجوز بہ الوضوء مالا یجوز | ۳۹ سے | ۱۱۳ |
| ۲۸ | بڑے تالاب کا حساب ایک نظر میں | ۴۵ سے | ۱۲۶ |
| ۲۹ | گول چیز ناپنے کا فارمولہ | ۴۵ سے | ۱۲۸ |
| ۳۰ | فصل فی البیر | ۵۴ سے | ۱۵۱ |
| ۳۱ | فصل فی الاسار | ۶۶ سے | ۱۶۷ |
| ۳۲ | باب التیمم | ۷۹ سے | ۱۸۹ |
| ۳۳ | باب المسح علی الخفین | ۱۰۹ سے | ۲۲۳ |
| ۳۴ | باب الحیض والاستحاضۃ | ۱۳۱ سے | ۲۴۷ |
| ۳۵ | فصل | ۱۴۹ سے | ۲۶۶ |
| ۳۶ | فصل فی النفاس | ۱۵۲ سے | ۲۷۲ |
| ۳۷ | باب الانجاس وتطہیرھا | ۱۶۰ سے | ۲۷۹ |
| ۳۸ | درہم کا حساب | ۱۶۹ سے | ۲۹۶ |
| ۳۹ | فصل فی الاستنجاء | ۱۷۷ سے | ۳۱۶ |

## فہرست مضامین اثمار الہدایۃ جلد اول


| نمبر شمار | عنوانات | کس مسئلہ نمبر سے | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ۴۰ | کتاب الصلوۃ | × | ۳۲۵ |
| ۴۱ | باب المواقیت | ۱۸۴ سے | ۳۲۵ |
| ۴۲ | فصل فی الاوقات المستحبۃ | ۱۹۲ سے | ۳۳۸ |
| ۴۳ | فصل فی الاوقات التی تکرہ فیھا الصلوۃ | ۱۹۹ سے | ۳۴۷ |
| ۴۴ | باب الآذان | ۲۰۸ سے | ۳۵۸ |
| ۴۵ | باب شروط الصلوۃ التی تتقدمھا | ۲۳۱ سے | ۳۸۱ |
| ۴۶ | باب صفۃ الصلوۃ | ۲۵۲ سے | ۴۰۹ |
| ۴۷ | فصل فی القراۃ | ۳۱۳ سے | ۴۹۲ |
| ۴۸ | باب الامامۃ | ۳۳۴ سے | ۵۱۹ |
| ۴۹ | باب الحدث فی الصلوۃ | ۳۷۴ سے | ۵۶۵ |
| ۵۰ | باب مایفسد الصلوۃ وما یکرہ فیھا | ۴۰۱ سے | ۵۹۷ |

# دوقطعات درشان اثمار ہدایہ

از: نادرؔ لاجپوری

اثمار ہدایہ ہے مسائل کا ذخیرہ
تحصیل فقہ میں ہے وسائل کا ذخیرہ
مفتی کو ضروری ہے جو ہر وقت اے نادرؔ
ان سارے اصول اور دلائل کا ذخیرہ

☆-----☆-----☆

جب ہاتھ میں آتی ہے یہ اثمار ہدایہ
ہر سمت نظر آتے ہیں انوار ہدایہ
پھر پڑھ کے دل و جان جو ہوتے ہیں منور
کھلتے ہی چلے جاتے ہیں اسرار ہدایہ

بسم الرحمٰن الرحیم

## تقریظ

# حضرت مولانا نصیر احمد خان صاحب دامت برکاتھم

شیخ الحدیث دار العلوم دیوبند

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم: اما بعد!

عزیز گرامی مولانا ثمیر الدین صاحب قاسمی، دار العلوم دیوبند کے ایک باتوفیق فاضل ہیں، مادرِ علمی سے فراغت کے بعد مختلف دینی وعلمی خدمات میں مصروف ہیں، خاص طور پر علم ہیئت سے ان کو خصوصی مناسبت ہے، جس کی بنیاد پر انھوں نے رویت ہلال کے اہم ترین مسئلہ پر تحقیقی کام انجام دیا ہے۔

اب کچھ عرصہ سے انھوں نے درسی کتابوں کی طرف توجہ دی ہے، "**الشرح الثمیری**" کے نام سے قدوری کی شرح ان کے قلم سے منظر عام پر آکر قبول عام حاصل کرچکی ہے، اب انہوں نے فقہ حنفی کی عظیم کتاب "ہدایہ" کی شرح کا بیڑا اٹھایا ہے، جو اس وقت "**اثمار الھدایہ**" کے نام سے زیر نظر ہے، جس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ انشاء اللہ یہ شرح اپنی خصوصیات کے سبب مقبول ہوگی۔

اس شرح میں شارح موصوف نے احناف کے مذہب کو ہر مسئلہ میں حدیث شریف سے مدلل کیا ہے، اور ایک ایک مسئلہ کے لیے کئی کئی احادیث باحوالہ ذکر کی ہیں، اس کے علاوہ ائمہ کے اقوال، خود ان کے مذہب کی مستند کتب سے نقل کئے ہیں، عبارت کا ترجمہ، واضح تشریح اور مشکل الفاظ کی تحقیق اور دیگر ضروری تفصیلات سے کتاب مزین ہے۔

میری دعا ہے کہ باری تعالیٰ اس شرح کو شرفِ قبولیت سے ہمکنار فرمائے اور شارح موصوف کو مزید علمی ودینی خدمات کی توفیق بخشے۔ آمین!

والسلام

نصیر احمد عفا اللہ عنہ

شیخ الحدیث دار العلوم دیوبند

۲۶ محرم ۱۴۲۸ھ

۱۵ فروری ۲۰۰۷ء

## اعترافِ حقیقت

# الحاج حضرت مولانا عبدالحق صاحب مدظلہ العالی

نائب شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند

نحمدهٗ ونصلی علی رسوله الکریم، اما بعد:

ہدایہ علامہ مرغینانی علیہ الرحمہ کی وہ مشہور ومعروف کتاب ہے جو مسلسل آٹھ صدیوں سے فقہ حنفی کی مظبوط و مستحکم دلیل سمجھی جاتی ہے اور قبولیت کے رتبۂ عظمیٰ پر فائز ہے۔

حضرت مولانا عبدالحیٔ صاحب لکھنویؒ نے ہدایہ کے تعلق سے ارشاد فرمایا ہے کہ ''ھو مقبول بین الأنام من الخواص والعوام'' بعض اہل علم کا قول ان الفاظ میں منقول ہے: ''کتاب الهدایه یهدی الهدی ا لـ ی حافظیه ویجلوا العمی فلازمه واحفظه یاذا الحجی فمن ناله نال أقصی المنی''

ایک بزرگ کا ارشاد اس طرح ہے: ''ان الهدایة کا لقرآن قد نسخت ماصنفوا قبلا فی الشرح من کتب''

حضرت علامہ محمد یوسف بنوریؒ، اور مولانا مناظر احسن گیلانیؒ نے علامہ انور شاہ کشمیریؒ کا ارشاد گرامی اس طرح نقل فرمایا ہے کہ: ''الحمد اللہ میں ہر کتاب کو اس کے مخصوص طرز پر کچھ نہ کچھ لکھ سکتا ہوں مگر چار کتابیں مستثنیٰ ہیں، قرآن عزیز، بخاری شریف، مثنوی شریف اور ہدایہ'' علامہ کشمیری کی قوت حافظہ اور جلالتِ شان سے جو لوگ واقف ہیں وہ اس کا وزن محسوس کر سکتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ صاحبِ ہدایہ کی وفات کو آٹھ صدیاں گزر گئی ہیں مگر اس طرز پر کوئی تصنیف ایسی وجود میں نہیں آئی جو اس کی قائم مقامی کر سکے۔

ہدایہ میں صاحبِ ہدایہ نے محدثین ومتقدمین کی کتابوں پر اعتماد کرتے ہوئے ان کی ذکر کردہ احادیث وروایات ثبت فرمادی ہیں، جس طرح امام بغویؒ نے مصابیح السنہ اور شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے حجۃ اللہ البالغہ میں متقدمین کی کتابوں پر اعتماد کرتے ہوئے بلاحوالہ سندیں ذکر فرمائی ہیں۔

اس کے بعد فتنہ تاتار کے زمانہ میں متقدمین کا علمی سرمایہ ضائع ہوگیا اور تقریباً معدوم ہوگیا، اب اصحاب تخریج نے ان احادیث وروایات کو اپنے عہد کے کتب میں تلاش کیا اور نہ ملنے پر لم اَجدہ وغیرہ کے الفاظ نقل کردیئے ہیں جس سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ علامہ مرغینانی کا یہ فقہی سرمایہ صرف اور صرف رائے اور قیاس پر مبنی ہے، جب کہ یہ مبنی برحقیقت نہیں ہے، علامہ زین الدین قاسم بن قطلو بغا نے منیۃ الالمعی اور علامہ جمال الدین زیلعیؒ نے نصب الرایہ تصنیف فرما کر یہ واضح کردیا ہے کہ ہدایہ میں ذکر کردہ ہر حدیث مستند ہے۔

مزید ضرورت تھی اس بات کی کہ ہدایہ میں ذکر کردہ ہر مسئلہ کا ماخذ حدیث معتبر کتابوں سے بیان کیا جائے تاکہ فقہ حنفی کا یہ عظیم سرمایہ مبرہن ہوجائے اگرچہ یہ کام طویل ہونے کے ساتھ ساتھ انتہائی محنت طلب تھا، اور علماء احناف پر قرض چلا آرہا تھا، اللہ

تعالیٰ جزائے خیر دے حضرت مولانا ثمیر الدین صاحب قاسمی کو کہ موصوف نے اس ہمت شکن کام کو اپنے سر لیا اور عرق ریزی، جفاکشی، شب بیداری کے ساتھ کمر ہمت باندھی اور **اثمار الهدایہ** کے نام سے ۱۶؍جلدوں میں لانے کا پیغام عام کر دیا جس کی پانچ جلدیں طبع ہو کر آپ کے ہاتھوں میں ہیں۔ فالحمد للّٰہ علی ذلک۔

مولانا موصوف نے اس کتاب میں ہر مسئلہ کے لیے تین تین احادیث لانے کا اہتمام کیا ہے اور یہ واضح کیا ہے کہ ہدایہ کا کوئی مسئلہ بھی صرف رائے اور قیاس پر مبنی نہیں ہے بلکہ قرآن وحدیث سے مستنبط ہے، مولانا موصوف کا علمی سفر اس وقت مختلف سمتوں میں جاری ہے، فلکیات پر، فلکیات جدیدہ کے عنوان سے اہم تصنیف آپ ہی کے گوہر بار قلم سے منصۂ شہود پر آ کر قبول عام حاصل کر چکی ہے۔ نیز درس میں داخل کئی کتابوں کی کامیاب شروحات، اسلامی کتب میں خوشنما اضافہ کے باعث ہیں۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مولانا کی محنت کو قبول فرمائے، استفادے کو عام و تام فرمائے۔ مزید دینی خدمات کی توفیق مرحمت فرمائے۔ (آمین)

والسلام
عبدالحق غفرلہ
نائب شیخ الحدیث دار العلوم دیوبند

۲۷ محرم ۱۴۲۸ھ
۱۶ فروری ۲۰۰۷ء

## دعائیہ کلمات

# الحاج حضرت مولانا محمد یونس صاحب دامت فیوضکم

شیخ الحدیث مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور

آپ کی تالیف جدید "**اثمار الھدایہ**" کی خصوصیات پڑھیں اس سے آپ کے مقاصد اور طلبہ و مدرسین کے حق میں مسائل کی توضیح اور کتاب کی تشریح و وضاحت کے متعلق معلومات ہوئی اللہ پاک اس سعی جمیل کو قبول فرمائے۔

علماء اور طلبہ کو پوری طرح مستفید ہونے کی توفیق دے، آپ کی تصنیف سابق "**الشرح الثمیری**" کی طرح بلکہ اس سے زیادہ اس کو قبولیت عطا فرمائے۔ لوگ پوری طرح توجہ کے ساتھ پڑھیں اور استفادہ کریں۔

کتبہ محمد یونس

شیخ الحدیث مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور

۲۹ محرم ۱۴۲۸ھ

۱۸ فروری ۲۰۰۷ء

## اثمار الہدایہ قابل ذکر شرح

# حضرت مولانا مفتی محمد ظفیر الدین صاحب زید مجدکم

مفتی دار العلوم دیو بند

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم:

مولانا ثمیر الدین صاحب دار العلوم دیو بند کے فرزند ارجمند ہیں اور عرصہ سے مولانا کا قیام انگلینڈ میں ہے، وہاں کی آب و ہوا اور وہاں کا موسم لکھنے پڑھنے والوں کے لیے بڑا ہی ''ساز گار'' ہوتا ہے؛ چناں چہ مولانا نے جب سے وہاں قیام اختیار کیا ہے، ان کی ''تصنیف و تالیف'' کا سلسلہ دراز ہوتا جا رہا ہے، ابھی کچھ سال پہلے مولانا نے فقہ کی مشہور کتاب ''قدوری'' کی شرح لکھی ہے جو چار جلدوں میں چھپ کر شائع ہو چکی ہے اور اہل علم میں مقبول و معروف ہے۔

اب مولانا موصوف نے ''ہدایہ'' کی شرح لکھنا شروع کر دی ہے۔ ماشاء اللہ اس میں بھی پوری محنت کر رہے ہیں، امید ہے کہ جلد ہی ''شرح ہدایہ'' کی جلدیں بھی آنی شروع ہو جائیں گی اور ان شاء اللہ یہ شرح ہدایہ، کتاب کے شایان شان ہوں گی، یہ درسیات کی مشہور کتاب ہے اور اس کی دوسری شرحیں بھی آ رہی ہیں، اس لیے توقع ہے کہ اس پر مولانا کو کافی محنت کرنا ہوگی اور امید ہے کہ وہ محنت کریں گے۔

ابھی خاک سار کے سامنے ابتدائی کتاب کی شرح آئی ہے، اس سے انداہ ہوتا ہے کہ ہدایہ کی یہ شرح قابل ذکر شرح قرار پائے گی۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مولانا کو صحت و سلامتی کی دولت سے مالا مال کرے اور ہدایہ کی شرح جو محنت چاہتی ہے، اس کے کرنے میں کوئی کمی واقع ہونے نہ پائے۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ مولانا کو اس شرح کے لکھنے میں مدد فرمائے اور وہ کامیابی سے ہمکنار ہوں۔

طالب دعا

محمد ظفیر الدین غفرلہ

مفتی دار العلوم دیو بند

۲۶/۱/۱۴۲۸ھ

## اظہارِ واقعیت

# حضرت مولانا عبدالرؤف صاحب لاجپوری عمت فیوضکم

خلیفہ ومجاز حضرت مسیح الامت مولانا مسیح اللہ خان صاحب

مقیم حال: باٹلی، انگلینڈ

فقہ حنفی میں ہدایہ بڑی معتبر مشہور مستند اور جامع کتاب ہے، وقت تصنیف سے آج تک تمام مدارس عربیہ میں داخل درس ہے۔ عجیب وغریب مجتہدانہ شان سے لکھی گئی ہے اور روایت و درایت دونوں کی حامل ہے۔ ہدایہ کو اگر درس نظامی کا حاصل اور علوم دینیہ کی بنیاد کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا۔ جامعیت کثرت مسائل، حسن ترتیب اور ایجاز و اعجاز کے اعتبار سے ایک متن متین ہے۔ درس نظامی کے فن فقہ میں اسے ریڑھ کی ہڈی کی اہمیت و حیثیت حاصل ہے۔ یہی فقہ حنفی کی وہ لافانی لازوال اور شاہکار کتاب ہے کہ جس کی ہمہ گیری قوت استدلال آب وتاب کے سامنے بڑے بڑے مکاتیب فقہ ماند پڑ گئے۔ ہدایہ کے بعد اس حجم کی حاوی نافع او رمستند کتاب خود فقہ حنفی بھی پیش نہیں کرسکا۔ اس کتاب میں علامہ مرغینانیؒ نے عیون روایت اور متون درایت کے عبارات جمع کردیئے ہیں، یہ کتاب آپ نے ایسی اچھوتی اور ایسی انوکھی طرز میں تحریر فرمائی کہ اس کے ہر ہر مسئلہ کو قرآن وحدیث سے مبرہن کیا اور ہر ہر جزئیہ کو عقلی و نقلی دلائل سے ثابت کیا، اس بے نظیر کتاب کی عبارت نہایت مرقع سلیس فصیح اور بلیغ ہے۔ یہ ایک ناقابل انکار حقیقت اور ناقابل تردید صداقت ہے کہ ہدایہ پڑھے بغیر انسان درجۂ فقاہت کو نہیں پہنچ سکتا، بلکہ انسان کی فقہی معلومات تشنۂ تکمیل رہ جاتی ہے۔

صاحبِ ہدایہؒ نے بدھ کے دن بعد از نماز ظہر بماہ ذوالقعدہ ۵۷۳ھ میں ہدایہ لکھنا شروع کی اور تیرہ برس میں اسے اختتام تک پہنچایا۔ ان تیرہ برس میں سوائے ایام ممنوعہ کے مسلسل روزے رکھتے تھے۔ اور آپ کے خلوص اور بے ریائی کا یہ عالم تھا کہ اس تیرہ برس کے طویل عرصہ میں کسی فرد وبشر کو بھی آپ کے روزہ دار ہونے کی خبر تک نہ ہوسکی، حتی کہ آپ کے اہل خانہ بھی اس حقیقت سے بے خبر تھے کہ آپ کا روزہ ہوتا ہے۔ وہ دوران تصنیف جب خادم کھانا لاکر رکھ دیتا تو آپ اسے چلے جانے کا حکم دیتے اور کھانا کسی طالب علم یا مہمان کو کھلا دیتے، خادم برتنوں کو خالی دیکھ کر یہ سمجھتا کہ کھانا آپ نے تناول فرمایا ہے۔

ہدایہ کی اہمیت کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ "ہدایہ" کے شارح علامہ ابن الہمامؒ نے قاری الہدایہ علامہ سراج الدین عمر بن علی کتانیؒ (م ۸۲۹ھ) سے انیس (۱۹) سال میں ہدایہ تحقیق واتقان کے ساتھ پڑھی ہے۔ پھر استاذ کے بعد خود پڑھانی شروع کی اور ساتھ ہی شرح بھی لکھنی شروع کی۔ (آپ فتوی کیسے دیں: ص: ۱۴۵)

اس عظیم الشان کتاب کی بے شمار شرحیں لکھی گئیں، اور ہر شرح اپنے اپنے دائرہ میں بڑی مفید اور قابل قدر ہے ہمارے دوست حضرت مولانا ثمیر الدین صاحب قاسمی مدظلہ نے "اثمار الہدایہ" کے نام سے ایک تفصیلی شرح لکھنا شروع کی ہے اور ہدایہ جلد

اوّل کی شرح میں ''اثمار الہدایہ'' کی تین جلدیں مکمل کرلی ہیں۔ میری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس عظیم کام کو بآسانی تکمیل تک پہنچائے اور طلبہ واساتذہ کے لیے مفید اور مصنف کے لیے ذخیرۂ آخرت بنائے۔

اس شرح کی چند خصوصیات درج ذیل ہیں:

۱-ہدایہ کی عربی عبارت کے ساتھ بامحاورہ ترجمہ اور اس کی آسان وقابل فہم تشریح۔

۲-ہر مسئلہ کے تحت اصول جس سے مسئلہ کا مخرج بخوبی سمجھ میں آسکے۔

۳-ہر مسئلہ کی دلیل احادیث سے اور مذاہب کے مسلک کی دلیل بھی احادیث لکھ دی گئی ہیں۔ احناف کی تائید میں اکثر جگہ تین احادیث نقل کی گئی ہیں۔

۴-احادیث کا حوالہ اتنا جامع ہے کہ کسی بھی تحقیق کرنے والے کو اس کا نکالنا اور تلاش کرنا انتہائی آسان مثلاً: بخاری، ص:...... باب... کتاب...... رقم الحدیث ........ اس طرح کا حوالہ کسی شرح میں آج تک راقم کی کوتاہ نظر سے نہیں گزرا۔

۵-قدیم اصطلاح کی مکمل جدید تحقیق جیسے: مد، قطر، قلتین کی مقدار کی تحقیق۔ فرسخ، برد وغیرہ کا میل اور کلومیٹر سے حساب، اونٹ، گائے، بھینس، بکری کی زکوٰۃ کا حساب آسان نقشہ کی صورت میں درہم، دینار، صاع، رطل، رتی، قیراط، مثقال، ماشہ، وسق، دانق وغیرہ کی مکمل تفصیل اور جدید اوزان کا ایسا دل نشیں اور عمدہ نقشہ لکھ دیا گیا ہے جس سے ہر ایک کا یکساں فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ میقاتِ خمسہ: ذوالحلیفہ، ذات عرق، قرن یلملم کی پیائش میں بھی مولانا نے اسی اصول کو اپنایا ہے۔

۶-مشکل مقامات پر کچھ لغوی تحقیق بھی کردی گئی ہے۔

۷-زبان آسان استعمال کی گئی ہے۔ قیل قال سے اجتناب کیا گیا ہے۔

احقر عبد الرؤف لاجپوری

26 - 6 - 2007

## مختصر حالاتِ شارح حضرت مولانا ثمیر الدین صاحب قاسمی مدظلہ

(از: حضرت مولانا منیر الدین احمد عثمانی رخادم تدریس دار العلوم دیوبند

الحمدللہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ الکریم.

امابعد! چمنستان عالم میں نہ جانے کتنے پھول کھلتے ہیں اور کچھ بن کھلے مرجھا جاتے ہیں، اور کچھ اپنے اطراف وجوانب کو معطر ومشک بار کرتے رہتے ہیں جن سے ایک دنیا فیض یاب ہوتی ہے۔ ان ہی پھولوں میں سے ایک گل سرسبد حضرت مولانا ثمیر الدین صاحب ہیں۔

### ولادت ومقام

حضرت مولانا ثمیر الدین صاحب ۶ رنومبر ۱۹۵۰ء م ۲۵ رمحرم ۱۳۷۰ھ میں صوبہ جھارکھنڈ کے ایک قریہ گاؤں گھٹی میں عالم ناپید سے وجود میں آئے یہ مقام شہر بھاگلپور سے جانب مشرق ۴۰ رکلومیٹر دور دیہات میں واقع ہے، جہاں آج بھی بجلی، پانی، جیسی بنیادی ضرورتیں میسر نہیں ہیں جس وقت موصوف کا اس عالم رنگ وبو میں تولد ہوا، اس وقت کسے پتہ تھا کہ یہی بچہ کل کو ایسے ایسے کارنامہ انجام دے گا جس سے نہ صرف جھارکھنڈ بلکہ ایک عالم مستفیض ہوگا۔ اور علماء حق کا بول بالا ہو جائے گا، لیکن قدرت کے نظام تکوینی کو سامنے رکھتے ہوئے یہ کہا جا سکتا ہے کہ حضرت مولانا ثمیر الدین صاحب کے حسین مکھڑے، نورانی چہرہ اور صاف وشفاف رنگت کو دیکھ کر بے زبان مخلوق کو ضرور یہ اندازہ ہوگا کہ اس معصوم سے بچے سے مستقبل کی کتنی تابناکیاں متعلق ہیں اس سے قوم وملت بالخصوص مسلمانانِ جھارکھنڈ کو کس قدر فائدہ پہنچے گا۔ لہٰذا اس پہلو کو پیش نظر رکھ کر یہ کہنا حق بجانب ہے کہ آپ کے تولد پر بادِ نسیم جھوم جھوم کر خوشی وفرحت کے ترانے گا رہی تھیں، مہکی مہکی فضائیں خوش آمدید کہہ رہی تھیں کہ لیجئے چمنستان صدیقی میں ایسا پھول آ گیا ہے جس کی خوشبو زمانۂ دراز تک مہکتی رہے گی۔ اور جس کی ضیاء پاشیوں سے ایک عالم منور ہو جائے گا۔

### شجرۂ نسب

ثمیر الدین والد کا نام جمال الدین، دادا کا نام محمد بخش عرف لدنی، پردادا کا نام چولہائی قوم شیخ صدیقی سلسلۂ نسب اخیر میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے جا ملتا ہے، اس لیے اس خاندان کو شیخ صدیقی کہتے ہیں۔ اور اس علاقہ میں یہ خاندان مشہور ہے حضرت مولانا ثمیر الدین صاحب اسی معروف خاندان کے چشم وچراغ ہیں۔

## تعلیم وتربیت

سچ یہ ہے کہ قدرت جسے نوازنا چاہتی ہے اس کے اوپر ابتداء ہی سے نوازشوں کے آثار نمایاں ہوتے ہیں اور الطاف وعنایات کا اس طرح ظہور ہوتا ہے کہ اس کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔ چناں چہ ابھی عمر کی پہلی منزل ہے کہ اپنے مسکن ومولد میں معروف ومشہور عربی مولانا عبدالرؤف صاحب عرف گونی بھاگلپوری سے استفادہ کا آغاز کرتے ہیں اور مولانا عبدالرؤف صاحب مرغیا چکوی کے درخاص سے اردو، ہندی، حساب اور فارسی زبان کی بنیادی تعلیم حاصل کرتے ہیں۔

۱۹۶۲ء میں جب کہ عمر کی بارہویں بہار کی ابتداء ہے آپ علمی پیاس بجھانے کے لیے مدرسہ امداد العلوم انکی رانچی پہنچتے ہیں، ۱۹۶۴ء میں مدرسہ اعزازیہ پتھنہ بھاگلپور سے علمی تشنگی دور کرنے کے لیے ملحق ہوجاتے ہیں مزید علمی گیرائی وگہرائی کے لیے ۱۹۶۶ء میں دارالعلوم چھاپی گجرات کا رخ کرتے ہیں اور ادارہ ہذا میں عربی تعلیم کے حصول کے لیے داخلہ لیتے ہیں، جوں جوں تعلیمی تعمق کے لیے مختلف مقامات کی خاک چھانتے ہیں اسی قدر علمی تشنگی میں اضافہ ہوتا ہے یہاں تک کہ مرکز علم وعرفان دارالعلوم دیوبند کا ارادہ کرنے پر مجبور ہوجاتے ہیں۔ اور اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے از ہر ہند مادرِ علمی دارالعلوم دیوبند میں ۱۹۶۸ء میں داخلہ کی سعادت سے مشرف ہوتے ہیں اور شعبان ۱۳۹۰ھ -م اکتوبر ۱۹۷۰ء میں دورۂ حدیث شریف کی تکمیل کرتے ہیں مسند حدیث کی نابغۂ روزگار ہستی حضرت مولانا سید فخر الدینؒ سے بخاری شریف پڑھنے کا موقع میسر آتا ہے حضرت مولانا فخر الحسن صاحب سے ترمذی شریف، حضرت مولانا عبدالاحد صاحب سے ابوداؤد شریف، حضرت مولانا شریف احمد صاحب سے مسلم شریف اور مولانا حسین صاحب بہاری سے طحاوی شریف کے دروس واسباق اخذ کرتے ہیں اور خوب محظوظ ہوتے ہیں یہ حضرات اپنے زمانہ کے مستند محدث اور صف اوّل کے علماء میں شمار کئے جاتے تھے جو مولانا ثمیر الدین صاحب کے مرکز استفادہ بنے۔

فالحمد للّٰہ علی ذالک۔

عربی ادب میں خصوصی مناسبت کی وجہ سے ۱۹۷۱ء میں تکمیل ادب میں داخلہ لیتے ہیں اور عربی ادب میں مہارت حاصل کرتے ہیں ۱۹۷۲ء میں تکمیل فنون میں شریک ہوتے ہیں اور فلکیات کو مرکز توجہ بناتے ہیں اس فن میں بھی دسترس حاصل کرلیتے ہیں الغرض مولانا مادر علمی دارالعلوم دیوبند میں حیات مستعار کے پانچ بہاریں گزارتے ہیں اور اس دوران جدوجہد محنت وجستجو کی مثال قائم کرتے ہیں، ہمیشہ تنہائیوں میں بیٹھ کر کتب بینی ومطالعہ میں مشغول رہتے ہیں، ایک مرتبہ حضرت مولانا عبدالخالق صاحب مدراسی نائب مہتمم دارالعلوم دیوبند کے روبرو مولانا موصوف کا تذکرہ آیا تو مولانا مدراسی نے فرمایا کہ مولانا ثمیر الدین صاحب فارغ اوقات میں قبرستان میں بیٹھ کر کتابیں یاد کرتے تھے وقت کو کبھی بھی صائع ہونے نہ دیتے تھے شروع ہی سے مولانا محنتی اور مستعد واقع ہوئے ہیں جس کام کو ہاتھ میں لیتے ہیں ہزار مصائب وآلام کے باوجود تکمیل تک پہنچا کردم لیتے ہیں، اسی کا نتیجہ ہے کہ اثمار الہدایہ

اورالشرح الثمیر ی جیسی عظیم کتابیں آپ کے ہاتھوں میں ہیں۔

## تدریسی خدمات

دار العلوم دیو بند سے فراغت کے بعد جنوری ۱۹۷۳ء میں م شوال ۱۳۹۳ھ سے باضابطہ تدریس کا آغاز فرماتے ہیں سب سے پہلے تدریس کے لیے مدرسہ کنز مرغوب پٹن گجرات کا انتخاب عمل میں آیا۔ پھر مدرسہ تعلیم الاسلام آنند گجرات اس کے بعد جامعہ رحمانی مونگیر بہار میں دورۂ حدیث شریف کی اہم کتب ابوداؤد شریف اور ترمذی شریف آپ کے زیر درس رہیں۔ اور تقریباً تیس سال تک مدارس اسلامیہ میں خوشہ چینیوں کو اپنے علمی فیضان سے فیضیاب فرماتے رہے اس دوران حدیث، تفسیر، فقہ، منطق اور فلسفہ کی اہم کتابیں آں جناب سے متعلق رہیں، اور آپ نے متعلقہ کتابوں میں اتنی محنت کی کہ ساری درسیات ذہنی گرفت میں آگئیں، کسی بھی کتاب کا کوئی مسئلہ ہو دریافت کرنے پر ایسے بیان فرماتے ہیں جیسے ابھی ابھی مطالعہ کرکے بیان فرما رہے ہوں۔

## رحلت ہجرت

۲۴ر جون ۱۹۸۷ء میں علم کا یہ سورج انگلینڈ پہنچ گیا اور سرزمین برطانیہ کو اپنی روشنی سے منور کرنے لگا جامعہ اسلامیہ مانچسٹر میں تدریسی خدمت کے لیے آپ کو منتخب کیا گیا اور کئی سال تک طلبۂ علوم نبوت کو ترمذی شریف، ہدایہ آخرین اور کئی اہم اونچی کتابوں کے درس سے شرف بخشا۔

## تدریسی انداز!

جن لوگوں سے اللہ تعالیٰ دین کی بڑی خدمت لینا چاہتے ہیں ان لوگوں کی زندگیاں ہمہ تن سادہ ہونے کے باوجود ہزار ہزار رعنائیاں و جمال کا مظہر ہوا کرتی ہیں یہ ایک ایسی واضح حقیقت ہے جسے ہر اہل نظر محسوس کرتا ہے۔ مولانا بھی ان ہی باکمال لوگوں میں سے ایک ہیں جن کا ظاہر و باطن دونوں سادہ ہیں حتی کہ درس میں بھی سادہ انداز اختیار فرماتے ہیں۔
ایک ماہر فن استاذ کی طرح پہلے پورے سبق کا اجمالی خاکہ بیان فرماتے پھر پورے سبق کی تفصیل بیان فرماتے اور کئی بار بیان فرماتے جس سے طلبہ کو سبق از بر و حفظ ہوجاتا۔ اور جب آپ مطمئن ہوجاتے تو عبارت کا ترجمہ کرواتے۔ اس طرز تدریس کی وجہ سے آپ کا درس بیحد مقبول تھا جب طلبہ کی کوئی کتاب آپ سے ایک مرتبہ متعلق ہوجاتی تو پھر ہمیشہ آنجناب ہی سے استفادہ کرنا چاہتے
مارچ ۲۰۰۴ء میں بہار کے مرکز علم وفقہ امارت شرعیہ پھلواری شریف پٹنہ میں آنجناب کی حاضری ہوئی۔ امارت شرعیہ میں۔
طلبہ کو حضرت سے استفادہ کا شوق ہوا تو وہ لوگ ہدایہ اخرین لیکر آگئے اور مشکل مقام سے عبارت پڑھی مولانا نے اسی وقت

پورے سبق کونہایت دلنشین پیرایہ میں سمجھایا اور جب طلبہ نے سمجھ لیا تو آپ نے عبارت سے ترجمہ کروایا۔ جس سے طلبہ کو حیرت ہوئی۔ یہ ملکہ دراصل کتابوں کے از بر و محفوظ ہونے سے حاصل ہوتا ہے۔

## تصنیفی خدمات

حضرت مولانا ہندوستان پاکستان اور برطانیہ کے کئی اہم رسالوں کے کالم نگار و انشا پرداز ہیں جن میں وقیع مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں، جامعہ اسلامیہ مانچیسٹر سے اشاعت پذیر ''الجامعہ'' کے ایڈیٹر رہ چکے ہیں۔

۲۷ راگست ۲۰۰۰ء میں قدوری کی معرکتہ الآراء الشرح الثمیری کی تصنیف کا آغاز کیا اور صرف ڈھائی سال کی قلیل مدت میں چار ضخیم جلدوں میں مکمل فرمائی جس میں ہر مسئلہ کو احادیث سے مدلل فرمایا ہے جو مولانا موصوف کا عظیم کارنامہ شمار کیا جارہا ہے اور آج علماء کے درمیان مقبول عام ہے۔

۷ ادسمبر ۲۰۰۴ء میں فقہ حنفی کی عظیم کتاب ہدایہ کی شرح اثمار الہدایہ کے نام سے تالیف کی ابتداء کی ہے جو اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اللہ تعالیٰ قبولیت سے سرفراز فرمائے۔

اس کے علاوہ اب تک تقریباً ۱۸ کتابیں آپ کے نوک قلم سے نکل کر علمی دنیا سے داد تحسین وصول کررہی ہیں۔ جو حسب ذیل ہیں۔

(۱) انوار فارسی (۲) خلاصۃ التعلیل

| | |
|---|---|
| (۳) صدائے دردمند | (۴) علاقہ میں کمیٹی کی ضرورت |
| (۵) تفریق و طلاق | (۶) طلاق مغلظہ آٹھویں مرحلہ پر |
| (۷) عیسائیت کیا ہے | (۸) لائف آف عیسیٰ علیہ السلام (انگریزی) |
| (۹) اصلاح معاشرہ | (۱۰) شرح ثمیری بر فصول اکبری |
| (۱۱) حاشیہ سفینۃ البلغاء (عربی) | (۱۲) تحفۃ الطلبہ شرح سفینۃ البلغاء (اردو) |
| (۱۳) تاریخ علاقہ گڈا و بھاگل پور | (۱۴) یاد وطن |
| (۱۵) سائنس و قرآن | (۱۶) فلکیات جدیدہ |
| (۱۷) ثمیری کلینڈر | (۱۸) رویت ہلال علم فلکیات کی روشنی میں |
| (۱۹) الشرح الثمیری علی المختصر القدوری | (۲۰) اثمار الہدایہ شرح اردو ہدایہ |

کارہائے نمایاں

عرب کے کئی ملکوں میں دیڑھ دن مقدم وقت پر کیلنڈر تیار کیا گیا تھا اور اس سے پہلے بھی کبھی کبھی اعلان کر دیا جاتا تھا جس کی وجہ سے ڈھائی دن تاریخ مقدم ہو جاتی تھی جو یورپ میں شدید انتشار کا باعث تھا اسلئے مولانا نے فلکیات جدیدہ، رویت ہلال علم فلکیات کی روشنی میں اور اسلامی کیلنڈر جیسی اہم کتابیں تصنیف فرمائیں اور نمایاں کام انجام دیا۔ عرب ملکوں کا بار بار سفر کیا اور وہاں کے اہل علم کو متوجہ کیا اور غلطی پر متنبہ کیا۔ آخر کار ان لوگوں نے اپنا کیلنڈر تبدیل کیا اگر چہ وہ کیلنڈر ابھی بھی رویت بصری سے ایک دن مقدم ہے، اس کے لئے حضرت نے آٹھ سال تک عرب ملکوں کے علماء سے خط و کتابت کی ہے جس کی وجہ سے ان لوگوں نے اپنی غلطی کا اعتراف کیا ہے۔

آج یورپ میں اکثر و بیشتر ایک ہی تاریخ میں رمضان اور عید ہوتی ہے ورنہ پہلے دو دو تین تین دن عیدین ہوتی تھیں یہ حضرت ہی کی کوشش کا ثمرہ ہے۔

الشرح الثمیری ایک عظیم کارنامہ

قدوری کی بیشمار شرحوں میں یہ ایک نادر اور انوکھی شرح ہے جس میں ہر مسئلہ کو الگ کر کے نمبر ڈالا گیا ہے تشریح ایسی سہل ہے کہ کند سے کند طالب علم سمجھ جائے۔ ہر مسئلہ کے لئے بالالتزام پورے حوالہ کے ساتھ احادیث درج ہیں جس سے مسئلہ مدلل ہو جاتا ہے حوالہ اصل کتابوں سے تلاش کر کے صفحہ مع باب نقل کیا گیا ہے تاکہ حدیث کی تلاش بھی آسان ہو جائے اور طالب علم کو حدیث بھی مستحضر ہو جائے اور طالب علم کا ذہن پڑھنے کے بعد پر سکون ہو جائے اور دل میں یقین پیدا ہو جائے کہ یہ مسئلہ کس حدیث سے ثابت ہے اور کس درجہ کا ہے۔

احادیث کے استخراج کے لئے تقریبا ۳۰ کتابوں کو چھانا ہے اور نہایت تتبع و تلاش کے بعد اور مسلسل چار سال کی محنت شاقہ کے بعد گوہر نایاب کو امت کے سامنے پیش کیا ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے قبول فرمایا ہے۔ فالحمد للہ علی ذلک۔

جس مسئلہ کے تحت حدیث، قول صحابی، یا قول تابعی درج نہیں ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ مذکورہ تمیں ۳۰ کتابوں میں حوالہ دستیاب نہیں ہوا۔ لہذا اگر کسی صاحب کو حوالہ مل جائے تو مطلع فرمائیں تاکہ اس کو نقل کر دیا جائے اور مسئلہ مدلل ہو جائے۔ اس شرح میں امام شافعی اور حضرت امام مالک کا مسلک مضبوط صحاح ستہ کے دلیلوں کے ساتھ بیان کیا ہے تاکہ طلبہ اگر ان کی دلیلوں کو دیکھنا چاہیں تو دیکھ لیں یا احناف و شوافع کے دلائل میں موازنہ کرنا چاہیں تو کر سکیں۔

اثمار الہدایہ دوسرا عظیم کارنامہ

ہدایہ کو عالم اسلام میں اسلامی آئین کا درجہ حاصل ہے، ہر زمانہ میں اس کتاب نے امت مسلمہ کی بھرپور رہنمائی کی ہے۔مگر کچھ عرصے سے اس کتاب عظیم پر ایک طبقہ نے بیجا اعتراض کا طوفان کھڑا کر رکھا ہے کہ سارا ذخیرہ صرف عقلیات سے مستنبط ہے۔اس کا ماخذ قرآن وحدیث نہیں ہے اس لیے ضرورت تھی کہ اس عظیم ذخیرے کو قرآن وحدیث سے جوڑ دیا جائے۔اور یہ واضح کر دیا جائے کہ اس کتاب کا ہر مسئلہ مضبوط قرآن وحدیث کی دلیل سے مستنبط ہے، چناں چہ حضرت مولانا ثمیر الدین صاحب قاسمی نے ذخیرۂ احادیث کی غواصی کی اور تیس سے زائد کتب احادیث سے دلائل کشید کر کے مسائل ہدایہ کو مبرہن کر دیا اور ہر ہر مسئلہ کے لیے تین تین دلائل اکٹھے کر دیئے۔اور مزید ہدایہ میں مذکورہ دلائل کے حوالے بھی نقل کئے، جو مولانا کی طرف سے امت کے لیے فرض کفایہ کا درجہ رکھتا ہے۔

مزید کتاب کو نفع بخش بنانے کے لیے ہر ہر مسئلہ کو الگ کر کے نمبر ڈال دیا گیا ہے تا کہ ہر قسم کے طالب علم کے لیے استفادہ آسان ہو جائے۔احادیث مع ابواب صفحات کے درج ہونے کی وجہ سے کتاب کی قدر وقیمت میں بے حد اضافہ ہو گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے حضرت مولانا ثمیر الدین صاحب کو کہ انہوں نے برطانیہ جیسے یورپی ملکوں میں جہاں دینی ماحول مفقود پڑھنے لکھنے کے اسباب معدوم ہونے کے باوجود نہایت محنت جفاکشی اور تندہی سے ایسی عظیم ونایاب شرح لکھ ڈالی۔

اللہ تعالیٰ اس خدمت کو قبول فرمائے اور نجات کا ذریعہ بنائے۔آمین یارب العلمین

ایں دعا از من واز جملہ جہاں آمین باد

منیر الدین احمد عثمانی

استاذ دار العلوم دیوبند

۳ صفر ۱۴۲۸ھ

۲۱ فروری ۲۰۰۷ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## ﴿نقل احادیث میں ترتیب کی رعایت﴾

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

ھدایہ پڑھانے کے زمانے میں ذہین طلباء کبھی کبھی اشکال کرتے تھے کہ ہر مسئلے کے ثبوت کے لئے حدیث بیان کریں، صرف دلیل عقلی سے لوگ مطمئن نہیں ہوتے، وہ کہتے کہ ہماری مسجدوں میں شافعی، مالکی اور حنبلی لوگ ہوتے ہیں، ان کے سامنے مسئلہ بیان کرتا ہوں تو وہ نہیں مانتے۔ وہ کہتے ہیں کہ مسئلہ آیات قرآنی سے بنتا ہے یا حدیث سے۔ زیادہ سے زیادہ قول صحابہ اور اس سے بھی نیچے اتریں تو قول تابعی یا فتوی تابعی پیش کر سکتے ہیں۔ اس لئے ہر مسئلے کے لئے آیت قرآنی یا احادیث پیش کیا کریں!

طلباء کی پریشانی اپنی جگہ بجا تھی۔ واقعی شافعی، حنبلی اور مالکی حضرات مسئلے کے لئے احادیث ہی مانگتے ہیں۔ اور وہ بھی صحاح ستہ سے، وہ دلیل عقلی سے مطمئن نہیں ہوتے۔ اس لئے یہ ناچیز بھی پریشان تھا اور دل میں سوچتا رہتا کہ اگر موقع ہو تو ھدایہ کے ہر مسئلے کے ساتھ باب، صفحہ اور حدیث کے نمبرات کے ساتھ پوری حدیث نقل کر دی جائے تاکہ طلباء کو سہولت ہو جائے اور دوسرے مسلک والوں کو مطمئن کر سکے۔ کسی کو اصلی کتاب دیکھنا ہو تو وہاں سے رجوع کرے۔ حدیث، باب اور احادیث کے نمبرات لکھنے سے طلباء کو بھی پتہ چل جائے کہ یہ مسئلہ کس درجے کا ہے۔ اگر آیت سے ثابت ہے تو مضبوط ہے۔ صحاح ستہ کی احادیث سے ثابت ہے تو اس سے کم درجے کا ہے۔ اور دار قطنی اور سنن بیہقی میں وہ احادیث ہیں تو اس سے کم درجے کا مسئلہ ہے۔ اور مصنف ابن ابی شیبہ اور مصنف عبد الرزاق کے قول صحابی یا قول تابعی سے ثابت ہے تو وہ مسئلہ اس سے کم درجے کا ہے۔ اس لئے ایسے مسئلے میں دوسرے مسلک والوں سے زیادہ نہ الجھیں تاکہ اتحاد کی فضا قائم رہے۔ برطانیہ میں ایک پریشانی یہ ہے کہ ایک ہی مسجد میں شافعی، حنبلی، مالکی اور حنفی سبھی موجود ہوتے ہیں۔ اور ہر مسلک والے اپنے اپنے مسلک کے اعتبار سے نماز ادا کرتے ہیں اس لئے مسئلے کی حیثیت معلوم نہ ہو تو یہاں الجھاؤ زیادہ ہو جاتا ہے۔ اس لئے ناچیز کے ذہن میں بار بار تقاضا آتا رہا۔ حسن اتفاق سے کچھ سالوں سے فرصت مل گئی جس کی وجہ سے اس تمنا کو پوری کرنے کا موقع ہاتھ آ گیا۔ چنانچہ طلباء کی خواہش کے مطابق ہر مسئلے کو نمبر ڈال کر علیحدہ کیا۔ اور پوری کوشش کی ہے کہ اس کے ثبوت کے لئے آیت قرآنی اور احادیث پیش کی جائیں

## ﴿احادیث لانے میں ترتیب﴾

نمبر ڈال کر جس ترتیب سے کتاب لکھی جا رہی ہے اسی ترتیب سے احادیث نقل کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے، یعنی ہر مسئلے کے تحت آیت لکھنے کی کوشش کی، اگر آیت نہیں ملی، تو بخاری شریف سے حدیث لانے کی کوشش کی، اگر بخاری شریف میں حدیث نہیں ملی تب مسلم شریف سے حدیث لانے کی کوشش کی اور اس میں بھی نہیں ملی تب ابو داود شریف سے، اسی طرح نمبر وار ترتیب رکھی ہے، مسئلے کے

لئے حدیث نہیں ملی تب آثار لایا ہوں، اور وہ بھی نہیں ملا تب اصول پیش کیا ہوں۔ اور اصول کے لئے حدیث لایا ہوں اور اس پر مسئلے کو متفرع کیا ہوں۔

ایسا نہیں کیا کہ حدیث تلاش کئے بغیر قول صحابی لے آیا۔ چنانچہ اگر کسی مسئلے کے تحت صرف قول تابعی مذکور ہے اور حدیث کا حوالہ نہیں ہے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ میں نے حدیث تلاش کرنے کی ہر ممکن کوشش کی لیکن نہ ملنے پر قول تابعی ذکر کیا۔ یا کسی مسئلے کے ثبوت کے لئے قول تابعی بھی ذکر نہ کر سکا تو اس کا معنی یہ ہوا کہ بہت تلاش کے باوجود قول تابعی بھی نہ ملا جس سے مجبور ہو کر بیاض چھوڑ دیا۔ اور اہل علم سے درخواست کرتا ہوں کہ اگر ان کو حدیث یا قول صحابی یا قول تابعی مل جائے تو ضرور اس کی اطلاع دیں۔

کوشش کی ہے کہ حضرت امام شافعیؒ اور امام مالکؒ اور امام احمدؒ کا مسلک بھی ذکر کر دیا جائے۔ اور ان کی دلیل بھی اسی ترتیب سے، پہلے آیت یا صحاح ستہ کی کتابوں سے حدیث لائی جائے اور وہاں نہ ملے تو قول صحابی یا قول تابعی ذکر کیا جائے۔ تاکہ طلباء ان کے مسلک اور ان کے متدلات سے واقف ہو جائیں۔ وہ بھی ہمارے امام ہیں، بلکہ سر کے تاج ہیں۔ صاحب ہدایہ نے ہر جگہ ان حضرات کا نام بڑے احترام سے لیا ہے اور ان کے دلائل دریا دلی سے پیش کئے ہیں۔ ناچیز نے بھی انہیں کی اتباع کی ہے۔ اور ہر جگہ ان کا مسلک اور ان کے دلائل شرح وبسط سے بیان کئے ہیں۔

## ﴿گذارش﴾

تحقیق مسائل اور ان کے دلائل بحر بیکراں ہے اس کی تہ تک پہنچنا آسان کام نہیں ہے۔ اس لئے اہل علم کی خدمت میں مؤدبانہ اور عاجزانہ گذارش ہے کہ جن مسائل کے دلائل چھوٹ گئے ہیں اگر ان کو دلائل مل جائیں تو ضرور مطلع فرمائیں تاکہ اگلے ایڈیشن میں ان کا اضافہ کر دیا جائے۔ اسی طرح جہاں غلطی اور سہو نظر آئے اس کی نشاندہی کریں، اس کی بھی اصلاح کروں گا اور تہ دل سے شکر گذار ہوں گا۔

## ﴿شکریہ﴾

میں اپنی اہلیہ محترمہ کا تہ دل سے شکر گزار ہوں جنہوں نے ہر قسم کی سہولت پہنچا کر فراغت دی اور اشاعت کتاب کے لئے ہمہ وقت متمنی اور دعا گو رہی اور مزید ھدایہ کی ڈھائی جلدوں کے اختتام کے لئے دعا گو ہے۔ خداوند کریم ان کو دونوں جہانوں میں بہترین بدلہ عطا فرمائے اور جنت الفردوس سے نوازے، عزیز فرزند محمد عمران سلمہ کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں، انہوں نے کمپیوٹر کی خامیوں کو ہمیشہ دور کیا اور شرح لکھنے کی تاخیر سے بچایا۔ جناب حافظ زکی میمنیات صاحب باٹلی اور اس کی اہلیہ محترمہ کا بھی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ایسے موقع پر سیٹنگ کا مرحلہ اپنے سر لیا کہ میں ہر جگہ سے مایوس ہو گیا تھا اور پریشانی کے عالم میں تھا کہ انہوں نے کتاب سیٹنگ کا پورا کام اپنے ذمہ لیا اور اس کو مکمل کر کے چھپنے کے قابل بنایا۔

حضرت مولانا منیر الدین سینپوری صاحب، استاد فقہ دار العلوم، دیوبند، کا بھی شکر گزار ہوں کہ انہوں ھدایہ کی کتابت کا کام انجام دیا

،اور میری زندگی پر پرمغز مقالہ لکھا۔ نیز حضرت مولانا مسلم قاسمی صاحب سیلپوری سلمہ نے کتاب کی چھپائی کے وقت نگرانی کی ہے میں ان کا بھی شکر گزار ہوں۔ خداوند قدوس ان حضرات کو پورا پورا بدلہ عطا فرمائے اور جنت الفردوس سے نوازے۔ حضرت مولانا عبد الرؤف صاحب باٹلی، اور حضرت مولانا مرغوب صاحب صاحب ڈیوز بری صاحب کا بھی شکر گزار ہوں کہ وہ کتاب لکھنے کے دوران گھر پر آتے رہے اور تسلی دیتے رہے اور اہم مشورے سے نوازتے رہے۔ جناب حاجی ایوب داود مانچیسٹر، اور جناب حاجی اسماعیل ٹیمول مانچیسٹر کا بھی شکر گزار ہوں کہ یہ حضرات بھی کتاب لکھنے کے دوران تسلی دیتے رہے، اور کتاب پوری ہونے کے لئے دعائیں کرتے رہے۔

اللہ تعالی اس کتاب کو قبولیت سے نوازے اور ذریعۂ آخرت بنائے۔ اس کے طفیل سے ناچیز کو جنت الفردوس عطا فرمائے اور کمی کوتاہی کو معاف فرمائے۔ آمین یارب العالمین۔

ثمیر الدین قاسمی
سابق استاد حدیث جامیہ اسلامیہ مانچیسٹر
وچیرمین مون ریسرچ سینٹر، یوکے
۱۸/۶/ ۲۰۰۸ء

Samiruddin Qasmi
70 Stamford Street, Oldtrafford,
Manchester ,England, M16 9LL
Tel (0044) 0161 2279577

## ﴿ترتیب احادیث﴾

جس طرح نمبر ڈالا گیا ہے اسی ترتیب سے شرح میں حدیث لانے کی کوشش کی گئی ہے۔

| نمبر شمار | ترتیب | کل آیت یا کل احادیث | سن ولادت مصنف | مقام ولادت مصنف | سن وفات مصنف |
|---|---|---|---|---|---|
| (۱) | پہلے آیت آجائے | ۶۲۳۶ | – | – | – |
| (۲) | پھر بخاری شریف کی حدیث | ۷۵۶۳ | سنہ ۱۹۴ھ | بخارا | سنہ ۲۵۶ھ |
| (۳) | مسلم شریف کی حدیث | ۳۰۳۳ | سنہ ۲۰۴ھ | نیشاپور | سنہ ۲۶۱ھ |
| (۴) | ابوداؤد شریف کی حدیث | ۵۲۷۴ | سنہ ۲۰۲ھ | سجستان | سنہ ۲۷۵ھ |
| (۵) | ترمذی شریف کی حدیث | ۳۹۵۶ | سنہ ۲۲۰ھ | ترمذ | سنہ ۲۷۹ھ |
| (۶) | نسائی شریف کی حدیث | ۵۷۶۱ | سنہ ۲۱۵ھ | نساء | سنہ ۳۰۳ھ |
| (۷) | ابن ماجہ شریف کی حدیث | ۴۳۴۱ | سنہ ۲۰۹ھ | قزوین | سنہ ۲۷۳ھ |

اوپر کی یہ چھ کتابیں صحاح ستہ ہیں۔ اگر ان کتابوں سے احادیث نہ ملے تو پھر

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (۸) | دار قطنی کی حدیث | ۴۷۹۰ | سنہ ۳۰۶ھ | بغداد | سنہ ۳۸۵ھ |
| (۹) | سنن بیہقی کی حدیث | ۲۱۸۱۲ | سنہ ۳۸۴ھ | بیہق | سنہ ۴۵۸ھ |
| (۱۰) | مصنف عبد الرزاق سے اثر | ۲۱۱۹۹ | سنہ ۱۲۶ھ | صنعان | سنہ ۲۱۱ھ |
| (۱۱) | مصنف ابن ابی شیبہ سے اثر | ۳۷۹۳۰ | سنہ ۱۵۹ھ | کوفہ | سنہ ۲۳۵ھ |

حاشیہ : بخارا، نیشاپور، ترمذ، نساء، بیہق یہ چاروں مقامات اس وقت روس میں ازبکستان میں ہیں، ۔ سجستان اور قزوین ایران میں ہیں، کوفہ اور بغداد عراق میں ہیں۔

## کس مقام پر کون سے ائمہ احادیث پیدا ہوئے
## اس کے لئے یہ نقشہ دیکھیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## ﴿مختصر حالات صاحب ھدایہ﴾

از حضرت مولانا مرغوب احمد صاحب لاجپوری دامت برکاتہم

### عرض مرتب

استاذ محترم مولانا ثمیر الدین صاحب مدظلہ کی ''اثمار الہدایہ'' کے لئے صاحب ہدایہ کے حالات کی ترتیب کی سعادت راقم کے حصہ میں آئی تو چند کتابوں کو سامنے رکھ کر قدرے تفصیلی جمع کئے گئے۔ کوشش کی گئی جہاں سے جو حالات مل جائیں اسے شامل کرلیا جائے تاکہ طلبہ اور اساتذہ کو شرح کے ساتھ ایک جگہ ہی سے تفصیلی حالات معلوم ہو جائیں اور دوسری جگہوں پر تلاش کی مشقت برداشت نہ کرنی پڑے۔

اللہ تعالیٰ اس رسالہ کو اپنے فضل وکرم سے قبول فرمائے اور طلبہ واساتذہ کے لئے مفید ثابت ہو، اور مرتب کے لئے ذخیرۂ آخرت بنائے۔

مرغوب احمد لاجپوری۔ ڈیوزبری

۴ر جمادی الاول ۱۴۲۸ھ مطابق ۲۱ مئی ۲۰۰۷ء بروز پیر

نوٹ: مولانا مرغوب احمد کے ستر صفحے کے رسالے سے چھانٹ کر یہ مختصر حالات صاحب ھدایہ پیش خدمت ہے۔

### نام ونسب

صاحب ھدایہ کا نام علی ہے۔ انکی کنیت ابو الحسن ہے۔ انکا لقب برہان الدین ہے۔ انکے والد کا نام ابو بکر ہے۔ حضرت کا شجرہ نسب یہ ہے ابو الحسن علی بن ابی بکر بن عبد الجلیل بن الخلیل بن ابی بکر حبیب۔ انکا شجرہ نسب سیدنا ابو بکر صدیقؓ سے ملتا ہے۔

### پیدائش

صاحب ھدایہ کی پیدائش ۸ر رجب المرجب ۵۱۱ھ میں پیر کے روز عصر کے بعد ہوئی اور ۵۴۴ھ میں آپ زیارت حرمین شریفین سے مشرف ہوئے۔

### مقام پیدائش

عام طور پر یہ بتاتے ہیں کہ آپ مرغینان میں پیدا ہوئے، لیکن بادشاہ بابر نے تزک میں لکھا ہے کہ مرغینان کے تعلقے میں ایک قصبہ تھا جس کا نام رشدتھا اسی گاؤں میں آپ پیدا ہوئے اسلئے آپ کو مرغینانی کے بعد رشدانی لکھتے ہیں۔ مرغینان فرغانہ کے ضلع میں کوئی

بڑا تعلقہ تھا جو ابھی، ازبکستان، روس میں ہے، اور اب یہ گاؤں مشہور نہیں رہا۔ نقشہ میں دریائے جیہون کے پاس فرغانہ موجود ہے اسکو دیکھ لیں۔

## تحصیل علم

صاحب ھدایہ نے اپنے وقت کے بڑے بڑے نامور اساتذہ سے علم حاصل کیا اور فقہ اور حدیث میں تبحر حاصل کی۔ کچھ اساتذہ یہ ہیں جو اپنے زمانہ کے جبال العلم تھے مثلاً مفتی الثقلین نجم الدین ابو حفص عمر بن محمد بن احمد بن اسماعیل بن لقمان النسفی، متوفی ۵۳۷ھ۔ اسی طرح ابو اللیث احمد بن ابی حفص عمر النسفی، متوفی ۵۵۲ھ، جیسے بڑے اساتذہ سے علم حاصل کیا ہے۔

## فضل کمال

صاحب ھدایہ اپنے زمانے میں بہت بڑے عالم تھے، آپ اسی سے اندازہ لگائیں کہ انہوں نے ھدایہ جیسی کتاب تصنیف کی کہ فقہی دنیا میں جسکی نظیر نہیں ملتی، اور حنفیوں کے لئے تو یہ سرمایہ افتخار ہے۔ صاحب جواہر مضیہ نے انکے فضل و کمال کو اس طرح بیان فرمایا ہے۔ **كان اماما، فقيها، حافظا، محدثا، مفسرا، جامعا للعلوم، ضابطا للفنون، متقنا، محققا، نظارا، مدققا، زاهدا، ورعا، بارعا، فاضلا، ماهرا، اصوليا، اديبا، شاعرا، لم ترأ العيون مثله في العلم و الادب**

.

ترجمہ:۔ صاحب ھدایہ امام وقت تھے، فقیہ بے بدل تھے، حافظ دوراں تھے، محدث زماں، مفسر قرآن، علوم کے جامع، بہت سے فنون کو ضبط کرنے والے، علم کے پختہ، محقق وقت، وسیع النظر، باریک بین، عابد و زاہد، پرہیز گار، اپنے ہم نشینوں سے فائق، فاضل الاعیان، فنون کے ماہر، اصولی، بے مثل ادیب، اور بے نظیر شاعر تھے، علم اور ادب میں آپکا ثانی نہیں دیکھا گیا۔

## صاحب ھدایہ کا عالی مقام

## آپکی تصانیف

حضرت نے بہت سی کتابیں لکھی ان میں مشہور یہ ہیں ہدایہ، کفایہ، منتقی، تجنیس، مزید، مناسک حج، نشر المذھب، مختارات النوازل، فرائض عثمانی، مختار الفتاوی۔

## ھدایہ کی زمانہ تالیف

موصوف نے ماہ ذی قعدہ ۵۷۳ھ بروز بدھ ظہر کی نماز کے بعد ہدایہ کی تصنیف شروع کی اور پوری عرق ریزی اور جانکاہی کے ساتھ مسلسل تیرہ سال تک اس طرح مصروف رہے کہ ہمیشہ روزہ رکھتے اور اس کی بھی کوشش کرتے کہ کسی کو روزہ کی اطلاع نہ ہو چنانچہ خادم کھانا رکھ کر چلا جاتا اور آپ کسی طالب علم کو بلا کر کھلا دیتے، خادم واپس آتا اور برتن خالی دیکھ کر خیال کرتا کہ کھانے سے فارغ ہو چکے ہیں۔

## الباقیات الصالحات

صاحب ھدایہ کے تین صاحبزادے تھے، عماد الدین، نظام الدین عمر، ابو الفتح جلال الدین محمد اور تینوں صاحب فضل وکمال اور والد ماجد سے تربیت یافتہ تھے۔

## وفات

۱۴/ذی الحجہ ۵۹۳ھ یا ۵۹۶ھ میں منگل کی رات میں آپ کی وفات ہوئی اور سمرقند میں آپ مدفون ہوئے۔

## ہدایہ میں صاحب ہدایہ کی کچھ عادتیں

۱.....صاحب ہدایہ جب ,,قال رضی اللہ عنہ،، کہتے ہیں تو اس سے خود انکی ذات مراد ہوتی ہے، شیخ محدث دہلویؒ نے یہی فرمایا ہے، لیکن ابو السعودؒ نے فرمایا کہ صاحب ہدایہ جب اپنی ذات مراد لیتے ہیں تو ,,قال العبد الضعیف عفی عنہ،، کہتے ہیں، لیکن وفات کے بعد کسی شاگرد نے ,,قال رضی اللہ عنہ،، لکھ دیا، کیونکہ اپنی ذات کے لئے ,,قال رضی اللہ عنہ، کہنا اچھا نہیں ہے۔ بزرگوں کا یہی طریقہ ہے۔

۲.....صاحب ہدایہ کی یہ بھی عادت ہے کہ اقوال نقل کرتے وقت قوی قول پہلے ذکر کرتے ہیں لیکن دلیل نقل کرتے وقت جو مذہب انکے نزدیک مختار ہوتا ہے اس کی دلیل مؤخر بیان کرتے ہیں تا کہ یہ دلیل سابقہ دلیلوں کا جواب بھی ہو جائے۔

۳.....صاحب ہدایہ جب ,,قال مشائخنا،، کہتے ہیں تو بخارا اور سمرقند، اور فرغانہ کے علماء مراد ہوتے ہیں، بخارا، سمرقند، ترمذ، فرغانہ، اور ماوراءالنہر کے علماء اس زمانے میں اپنی حیثیت رکھتے تھے اور فتوی میں انکا ایک مقام تھا، اس لئے صاحب ہدایہ اپنے مشائخ کی رائے کو اہمیت دیتے تھے۔ اب ان شہروں کی حیثیت باقی نہیں رہی، یہ شہر ازبکستان صوبے میں دریائے سیحون اور دریائے جیحون کے درمیان ہیں۔

۴.....صاحب ہدایہ جب ,,دیارنا،، کہتے ہیں تو اس سے انکا شہر مراد ہوتا ہے انکا شہر ماوراءالنہر کے پاس فرغانہ میں تھا۔

۵.....جو آیت پہلے گزر چکی ہے اسکی طرف دوبارہ اشارہ کرنے کے لئے ,,بما تلونا،، کہتے ہیں۔

۶.....جو حدیث پہلے گزر چکی ہے اسکی طرف دوبارہ اشارہ کرنے کے لئے ,,بما روینا،، کہتے ہیں۔

۷.....جو دلیل عقلی پہلے گزر چکی ہے اسکی طرف دوبارہ اشارہ کرنے کے لئے ,,بما ذکرنا،، یا ,,ما بینا،، کہتے ہیں۔

۸.....کبھی ایسا ہوتا ہے کہ آیت، حدیث، اور دلیل عقلی، سبھی کی طرف اشارہ کرنے کے لئے ,,لما بینا،، کہتے ہیں۔

۹.....کبھی دلیل عقلی کو لفظ فقہ سے تعبیر کرتے ہیں مثلا کہتے ہیں ,,الفقہ فیہ کذا،،

۱۰.....جب ایک دلیل عقلی کے بعد دوسری دلیل عقلی لاتے ہیں تو اس دوسری دلیل سے پہلی دلیل کی لم اور علت بیان کرنا مقصود ہوتا ہے۔

۱۱......صاحب ہدایہ جب لفظ ,,الاصل،، ذکر کرتے ہیں تو اس سے مراد امام محمدؒ کی ,,کتاب الاصل،، ہوتی ہے، جسکو مبسوط لامام محمد کہتے ہیں۔

۱۲......صاحب ہدایہ جب لفظ ,,المختصر،، ذکر کرتے ہیں تو اس سے مراد ,,المختصر قدوری،، ہوتی ہے ۔

۱۳......صاحب ہدایہ جب لفظ ,,الکتاب،، ذکر کرتے ہیں تو اس سے مراد امام محمدؒ کی ,جامع صغیر، ہوتی ہے۔

۱۴......صاحب ہدایہ قدوری کے مسائل کو پہلے ذکر کرتے ہیں، بعد میں جامع صغیر کے مسئلے کو لکھتے ہیں، اور کہیں کہیں صراحت کر دیتے ہیں کہ یہ مسئلہ جامع صغیر سے لیا گیا ہے، تاہم عام طور پر یہ صراحت نہیں ہے۔

۱۵......صاحب ہدایہ لفظ ,,قالوا،، استعمال کریں تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس مسئلے میں علماء کا اختلاف ہے، البتہ اکثر مشائخ کا قول یہ ہے۔

۱۶......صاحب ہدایہ اگر ,,ھذا الحدیث محمول علی کذا، فرمائیں تو اس کی مراد یہ ہوتی ہے کہ محدثین نے اس حدیث کو اس معنی پر محمول کیا ہے، اور اگر ,,نحملہ،، فرمائیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ میں اس حدیث کو اس معنی پر محمول کرتا ہوں۔

۱۷......کسی کا مذہب بیان کرنا ہو تو فرماتے ہیں ,,عند فلان کذا،، اور ان کا وہ مذہب نہ ہو، صرف ان سے روایت ہو تو اس کو بیان کرنے کے لئے فرماتے ہیں ,,عن فلان کذا،،

۱۸......صاحب ہدایہ نحویوں کے بعض اقوال کی اتباع کرتے ہوئے ,,اما،، کے جواب میں ,,فا،، ذکر نہیں کرتے ہیں۔

۱۹......ان وصلیہ سے واو ساقط کر دیتے ہیں، حالانکہ ان وصلیہ پر واو داخل ہوتا ہے تاہم اس نسخہ میں ان دونوں عادتوں کی رعایت کم کی گئی ہے

۲۰......صاحب ہدایہ جب کسی مسئلہ کی نظیر ذکر کرتے ہیں پھر اس نظیر اور مسئلہ کی طرف اشارہ کرنا ہوتا ہے تو نظیر کی طرف اشارہ کرنے کے لئے اسم اشارہ بعید ,,ذالک،، استعمال کرتے ہیں، اور مسئلہ کی طرف اشارہ کرنے کے لئے اسم اشارہ قریب ,,ھذا،، استعمال کرتے ہیں۔

۲۱......صاحب ہدایہ جب کسی سوال مقدر کا جواب دیتے ہیں تو سوال کی تصریح نہیں کرتے، یوں نہیں کہتے ,,فان قیل کذا، صرف جواب ذکر کرتے ہیں ایسے موقع پر سوال کو نکالنا پڑتا ہے، صرف تین مقام پر سوال ذکر فرمایا ہے۔ دو سوال ,,کتاب ادب القاضی، اور ایک کتاب الغصب،، میں ذکر کیا ہے۔

مرغوب احمد لاجپوری

ڈیوزبری، انگلینڈ

۴؍جمادی الاول ۱۴۲۸ھ مطابق ۲۱؍مئی ۲۰۰۷ء بروز پیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ﴿علم فقہ﴾

## فقہ کے لغوی معنی

فقہ کے لغوی معنی کسی چیز کوکھولنا اور واضح کرنا،فقیہ اس عالم کو کہتے ہیں جو احکام شرعیہ کو واضح کرے اور ان کی حقائق کا سراغ لگائے اور مغلق اور پیچیدہ مسائل کو واضح کرے۔

### اصطلاحی معنی

اہل شرع کی اصطلاح میں فقہ کی مشہور تعریف یہ ہے 'ھو العلم بالاحکام الشرعیة الفرعیة من ادلتھا التفصیلیة'

ترجمہ :-فقہ احکام شرعیہ فرعیہ کے اس علم کو کہتے ہیں جو احکام کے ادلہ مفصلہ سے حاصل ہو۔

### ہر ایک جزو کی تشریح

الاحکام الشرعیۃ الفرعیۃ : احکام دو قسم کے ہوتے ہیں۔ایک اصلی اور ایک فرعی۔

احکام اصلی : احکام اعتقادی کو اصلی احکام کہتے ہیں۔جیسے خداوند قدوس کی وحدانیت،رسالت،رسول کا آنا،آخرت کا علم،یہ سب احکام اعتقادیہ ہیں اور اصلی احکام کہلاتے ہیں۔علم فقہ اس سے تعارض نہیں کرتا کیونکہ وہ احکام فرعیہ بیان کرتا ہے۔

احکام فرعیہ : وہ احکام جن کا تعلق عمل سے ہوتا ہو،جیسے نماز،روزہ،حج اور خرید وفروخت وغیرہ کے احکام۔علم فقہ میں یہی احکام بیان کئے جاتے ہیں۔

ادلتھا التفصیلیۃ : اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ احکام کے تفصیلی دلائل بھی معلوم ہوں۔مثلا کہیں کہ حج فرض ہے تو آیت بھی معلوم ہو کہ اس کی دلیل،واتموا الحج والعمرة لله (آیت ۱۹۶،سورۃ البقرۃ ۲) موجود ہے۔یا مسئلہ بیان کریں کہ نماز اور زکوۃ فرض ہیں تو یہ دلیل بھی معلوم ہو کہ آیت اقیموا الصلوة وآتوا الزكوة واركعوا مع الراكعين (آیت ۴۳،سورۃ البقرۃ ۲) اس کی دلیل ہے۔حاصل یہ ہے کہ انسانوں کے اعمال کے ہر ہر جزئیہ پر حلت،حرمت،کراہت اور وجوب وغیرہ کا حکم لگانا اور ان میں سے ہر ایک کی دلیل بیان کرنا علم فقہ ہے۔

### علم فقہ کا موضوع

مکلّف آدمی کا فعل اور عمل جس سے یہ بحث کی جائے کہ یہ فرض ہے (۲) یا واجب ہے (۳) یا سنت مؤکدہ ہے (۴) یا سنت غیر مؤکدہ ہے (۵) یا نفل ہے (۶) یا مستحب ہے (۷) یا حرام ہے (۸) یا مکروہ تحریمی ہے (۹) یا مکروہ تنزیہی ہے (۱۰) یا مباح ہے۔

مکلّف آدمی کے اعمال کے بارے میں اوپر کی بحثیں کرنا اور حکم لگانا علم فقہ کا موضوع ہے۔

مکلّف کی قید اس لئے لگائی کہ نابالغ بچہ اور مجنون کے اعمال پر شریعت نہ حکم لگاتی ہے اور نہ اس سے بحث کی جاتی ہے۔صرف مکلّف کے اعمال سے بحث کرتی ہے۔

## غرض وغایت

سعادت دارین کی ظفریابی ہے کہ فقیہ دنیا میں مخلوق خدا کو فائدہ پہنچا کر مراتب عالیہ حاصل کرتا ہے اور آخرت میں جس کی چاہے گا شفاعت کرے گا اور اپنے پروردگار کے دیدار سے مشرف ہوگا۔

یا علم فقہ سیکھ کر احکام شرعیہ کے موافق عمل کرنے کی قوت اور ملکہ پیدا کرنا اس کی غرض ہے۔

## علم فقہ کی عظمت

اس سے بڑھ کر کیا عظمت ہوگی کہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت بلند الفاظ میں فقیہ کی تعریف کی ہے۔ارشاد ہے۔عن ابن عباس ان رسول الله ﷺ قال من یرد الله به خیرا یفقهه فی الدین '(ترمذی شریف، باب اذا اراد اللہ بعبد خیرا فقھہ فی الدین، ص ۶۰۱، نمبر ۲۶۴۵ر مسند احمد، مسند ابی ہریرۃ، ج ثانی، ص ۴۶۵، نمبر ۱۵۳۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خداوند قدوس جس بندے کے بارے میں خیر کا فیصلہ فرماتے ہیں اس کو فقہ فی الدین کا علم دے دیتے ہیں۔

دوسری حدیث میں ہے 'عن ابن عباس قال قال رسول الله ﷺ فقیه اشد علی الشیطان من الف عابد'(ترمذی شریف، باب ما جاء فی فضل الفقہ علی العبادۃ، ص ۶۰۸، نمبر ۲۶۸۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ فقیہ ہزار عابد پر بھاری ہے۔

اس لئے فقہ سیکھنا اور اس پر عمل کرنا بہت بڑی فضیلت کی چیز ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## حنفیت تینوں اماموں کے مجموعے کا نام ہے

میرے استاذ محترم فرمایا کرتے تھے کہ حنفیت صرف حضرت امام ابوحنیفہؒ کے مسلک کا نام نہیں ہے بلکہ امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کے مسلکوں کے مجموعے کا نام حنفیت ہے۔ اگر ان میں سے کسی ایک کے مسلک پر عمل کرے گا تو وہ حنفیہ کے مسلک پر عمل کرنا ہی سمجھا جائے گا۔ اور اگر امام محمدؒ یا امام ابو یوسفؒ کے مسلک پر فتوی دیا تو وہ حنفیت کے مسلک سے خارج نہیں شمار کیا جائے گا، یہی وجہ ہے کہ قدوری اور ہدایہ جیسی حنفیہ کی اہم کتابوں میں ان دونوں اماموں کا مسلک درج ہے۔ اور وقت ضرورت ان کے مطابق فتوی بھی دیا جاتا ہے۔

## حضرت امام ابوحنیفہؒ کا مسلک احتیاط پر ہے

حضرت امام ابوحنیفہؒ بہت متقی اور پرہیزگار آدمی تھے۔ اس لئے انہوں نے ہمیشہ احتیاط پر فتوی دیا اور وہی مسلک اختیار کیا۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس وقت تک فقہ مدون نہیں ہوا تھا۔ حضرت امام ابوحنیفہؒ پہلے امام ہیں جنہوں نے فقہ اور اصول فقہ مدون کیا۔ اس لئے اگر احتیاط کے علاوہ کا پہلو اختیار کرتے تو ہر آدمی کی انگلی اٹھتی۔ اس لئے حضرت نے احتیاطی مسلک اختیار کیا۔ چاہے اس کے لئے فتوی تابعی ہی کیوں نہ ہو۔ لیکن انہیں کے شاگرد رشید امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ نے حدیث کی روشنی میں کہیں کہیں دوسرا مسلک اختیار کیا۔ اور کھلے دل کے ساتھ مسلک مع دلائل درج کیا۔ اب ناظرین کو اختیار ہے کہ امام اعظم کا مسلک اختیار کرے یا ان کے شاگرد رشید کا مسلک اختیار کرے۔ دونوں صورتوں میں فضیلت امام اعظم کو ہی جاتی ہے۔

آخری صدی میں مسلک امام اعظم کو اجاگر کرنے اور اس کی اشاعت کرنے کا سہرا دیوبندی مکتب فکر کے سر پر رہا۔ انہوں نے بھی احتیاطی پہلو اختیار کیا اور عموما امام اعظم کی طرح احتیاط پر ہی فتوی دیا۔ اس لئے بعض ناظرین کو اشکال پیدا ہوا اور کہنے لگے کہ حنفیوں کا مسلک احادیث سے مختلف ہے۔ لیکن شاید غور نہیں فرمایا کہ جن مسائل میں ان کو احادیث نہیں مل رہی ہیں وہیں حنفیوں کے دو اہم ستونوں کا مسلک امام اعظم سے مختلف ہے۔ اور ان کے اختیار کردہ مسلک کے لئے سو فیصد احادیث صحیحہ موجود ہیں۔ یہ اور بات ہے کہ ایسے موقع پر صاحبین کا مسلک حضرت امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کے موافق ہو جاتا ہے۔

زیر نظر کتاب 'اثمار الھدایۃ' میں جا بجا دیکھیں گے کہ جہاں جہاں صاحبین نے امام اعظم سے اختلاف کیا ہے وہاں امام اعظم کے پاس قول صحابی یا فتوی تابعی ہے اور صاحبین کے پاس احادیث ہیں۔ لیکن امام اعظم کا مسلک احتیاط پر ہے۔

(۱) میرا ناقص خیال ہے کہ اشکال کرنے والوں نے صرف امام اعظم کے مسلک پر غور کیا اور بعض جگہ احادیث نہ پانے کی وجہ سے پورے حنفیت پر اشکال کو مضبوط کر لیا۔ انہوں نے ان کے شاگرد رشید امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ کے اختلاف کو اور ان کے مضبوط

احادیث کی طرف توجہ نہیں دی۔ اوراس کا خیال نہیں کیا کہ وہ بھی تو حنفیت ہی کے دو اہم ستون ہیں۔ اور تمام مسائل کی اشاعت انہیں کے نوک قلم کی مرہون منت ہے۔

(۲) انہوں نے اس کا بھی خیال نہیں کیا کہ امام اعظم کا مسلک احتیاط پر مبنی ہے۔ اور یہ پہلے مدون فقہ ہیں جس کی وجہ سے ان کو احتیاطی پہلو اختیار کرنا پڑا۔

(۳) یہ گمان صحیح نہیں ہے کہ حنفیوں کا مسلک دلیل عقلی پر ہے۔ یہ تو بعد کے علماء نے حکمت بیان کرنے کے لئے دلیل عقلی، پیش کی ہے۔ ورنہ پوری قدوری اور ھدایہ کو ناچیز نے چھانا ہر ہر مسئلہ یا آیت یا حدیث یا قول صحابی یا قول تابعی سے مستنبط ہے۔ یا ان چاروں میں سے کسی ایک سے اصول متعین کیا اور اصول سے مسئلے کا استخراج کیا ہے۔ صرف دلیل عقلی پر مسئلے کا مدار نہیں ہے۔ اور جہاں جہاں صرف دلیل عقلی بیان کی ہے وہاں ناچیز نے اصول لکھ دیا ہے۔ اور اصول احادیث سے مستنبط ہیں اس لئے گویا کہ وہ مسئلے بھی احادیث ہی سے مستنبط ہوئے۔

صرف کتاب الایمان اور کتاب القضاء میں کچھ مسئلوں کا مدار اس زمانے کے محاورات پر ہے۔ اس لئے وہاں محاورات کے تحت مسئلہ لکھ دیا گیا ہے۔ ان مسئلوں میں حدیث اور قرآن نہیں ہے۔ ظاہر ہے کہ ان مسئلوں کا مدار ہے ہی محاورات پر۔ اس لئے ان مسئلوں کے لئے احادیث یا آیات کہاں سے ملیں گے؟

حنفیوں بلکہ تمام ہی ائمہ کرام کے مسالک (۱) قرآن (۲) حدیث (۳) قول صحابی (۴) فتوی تابعی (۵) اجماع (۶) اور قیاس سے مستنبط ہیں۔ اس لئے ائمہ کرام پر انگلی اٹھانا صحیح نہیں ہے۔

احقر العباد : ثمیر الدین قاسمی غفرلہ

۱۳/۱۰/۲۰۰۸ء

## ائمہ کرام ایک نظر میں

| اسمائے گرامی | جائے ولادت | سن ولادت | جائے وفات | سن وفات | شیوخ | تلامذہ | تالیفات | خدمات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| امام ابو حنیفہؒ نعمان بن ثابت | کوفہ | سنہ ۸۰ ھ | بغداد | سنہ ۱۵۰ ھ | ابراہیم نخعیؒ حماد بن سلیمان | امام ابو یوسفؒ امام محمدؒ ابن مبارکؒ | - | تدوین فقہ تدوین اصول فقہ |
| امام مالکؒ مالک بن انس | حمیری مدینہ | سنہ ۹۵ ھ | مدینہ | سنہ ۱۷۹ ھ | نوسو زائد شیوخ تھے، نافع | ابن مبارکؒ قطانؒ | موطا امام مالکؒ | بانی مذہب امام مالک |
| امام شافعیؒ محمد بن ادریس شافعی | غزہ گاؤں عسقلان | سنہ ۱۵۰ ھ | مصر | سنہ ۲۰۴ ھ | امام مالکؒ امام محمدؒ سفیان بن عیینہؒ | احمد بن حنبلؒ علی بن مدینی اسحاق بن راہویہ | موسوعۃ امام شافعی کتاب الام | بانی مذہب شافعی |
| امام احمدؒ احمد بن محمد بن حنبل | مروزی بغداد | سنہ ۱۶۴ھ | بغداد | سنہ ۲۴۱ھ | امام ابو یوسفؒ امام شافعیؒ یحیی بن قطان | بخاری، مسلم، ابو داؤد، عبد اللہ بن احمد | مسند امام احمد ۲۷۱۰۰ احادیث | رد خلق قرآن بانی مذہب حنبلی |
| امام ابو یوسفؒ یعقوب بن ابراہیم | کوفہ | سنہ ۱۱۳ھ | بغداد | سنہ ۱۸۲ ھ | امام ابو حنیفہؒ | احمد بن حنبلؒ امام محمدؒ یحیی بن معینؒ | کتاب الآثار کتاب الخراج | فقہ کی ترتیب دی |
| امام محمدؒ محمد بن حسن | الشیبان کوفہ | سنہ ۱۳۲ھ | ری | سنہ ۱۸۹ھ | امام ابو حنیفہؒ امام ابو یوسفؒ سفیان ثوریؒ | امام شافعیؒ ابو حفصؒ یحیی بن معینؒ | موطا امام محمد، جامع صغیر، جامع کبیر | حنفی کی اکثر کتابیں انہوں نے لکھی |

﴿ھدایہ پر ایک نظر﴾

ھدایہ کی شرح لکھتے وقت یہ اندازہ ہوا کہ صاحب ھدایہ نے اصل متن قدوری کو بنایا ہے اور زیادہ تر اسی کے مسئلے کو لیکر اس کی تشریح کی ہے، باب کے درمیان میں کہیں کہیں جامع صغیر سے بھی لیکر متن بنایا ہے، اور کہیں کہیں کتاب الاصل امام محمدؒ جسکو مبسوط کہتے ہیں اس سے بھی عبارت لی ہے اور اس کو متن بنا کر تشریح کی ہے، تو گویا کہ ھدایہ کا متن ان تین کتابوں کا مجموعہ ہے۔

﴿صاحب ھدایہ کی احادیث﴾

صاحب ھدایہ جو احادیث لائے ہیں وہ عموما روایت بالمعنی ہیں، کتاب کو سامنے رکھ کر نہیں لکھی ہے، اس لئے وہ پوری حدیث نہیں لکھتے، بلکہ حدیث کا صرف وہ ٹکڑا لکھتے ہیں جس سے انکو استدلال کرنا ہوتا ہے، اس لئے یہ چند اشکالات پیش آتے ہیں۔ الحمد للہ میں نے ہر جگہ اصلی حدیث نقل کردی ہے، اور جہاں دو حدیثوں کا مجموعہ تھا وہاں دونوں حدیثوں کو مع حوالہ نقل کر دیا ہے، اب تک صرف چار حدیثوں کا حاولہ نہیں ملا، لیکن اس کے بدلے میں دوسری حدیثیں نقل کردی جس سے مسئلہ مؤید ہو جائے۔

[۱] کبھی کبھی وہ ٹکڑا دو حدیثوں میں ملتا ہے، لوگ ان پر اعتراض کرتے ہیں کہ یہ جملہ کسی حدیث میں نہیں ہے یا یہ حدیث ہی نہیں ہے، لیکن یہ نہیں دیکھتے کہ یہ جملہ دو حدیثوں میں پھیلا ہوا ہے، ناچیز نے ایسی جگہوں پر دونوں حدیثیں نقل کردی ہیں اور نشان دہی کر دی ہے کہ یہ جملے ان دو حدیثوں میں ہیں۔

[۲] کبھی ایسا بھی ہوا ہے کہ حدیث سے پہلے قولہ علیہ السلام تحریر فرمایا، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ حدیث کا ٹکڑا ہے، اور حدیث کی کتابوں میں نہ ملنے سے یہ کہہ دیا کہ یہ حدیث، غریب جدا، ہے یعنی یہ حدیث ہے ہی نہیں، صاحب نصب الرایۃ [ زیلعیؒ ]، اور صاحب درایہ فی تخریج احادیث الھدایہؒ، نے اس طرح زیادہ کیا ہے، اس سے کچھ حضرات کا تأثر ہو جاتا ہے کہ صاحب ھدایہ موضوع حدیث نقل کرتے ہیں، لیکن جب تحقیق کی تو پتہ چلا کہ یہ قول صحابی، یا قول تابعی ہے اور مصنف ابن ابی شیبۃ، یا مصنف عبد الرزاق میں ہے، اس لئے میں نے پورے حوالے کے ساتھ ایسے اثر کو بیان کر دیا ہے، اور یہ بھی عرض کر دیا ہے کہ یہ حدیث تو نہیں ہے لیکن قول صحابی، یا قول تابعی ضرور ہے، جسکو حدیث مرسل کہہ سکتے ہیں البتہ بالکل بے بنیاد نہیں ہے۔

[۳] کبھی ایسا بھی ہوا ہے کہ صاحب ھدایہ نے ایسا لفظ لکھا جو حدیث میں نہیں ہے، لیکن اس کا ہم معنی لفظ موجود ہے جس سے مسئلے پر استدلال کیا جا سکتا ہے، اس وقت بھی لوگوں کو اشکال ہوتا ہے کہ یہ حدیث نہیں ہے، لیکن میں نے ہم معنی لفظ والی حدیث کو نقل کر دیا ہے تاکہ معلوم ہو جائے کہ صاحب ھدایہ نے اس کے قریب قریب لفظ کو استعمال کیا ہے اور بالکل بے بنیاد نہیں ہے

[۴] ایسا بھی ہوا کہ مثلا حدیث یا قول حضرت عبد اللہ بن عمر کا ہے اور صاحب ھدایہ نے عبد اللہ ابن عباس کا نام ذکر کر دیا، جس کی وجہ سے بعض حضرات نے لکھ دیا کہ یہ حدیث نہیں ہے، لیکن تلاش کرنے کے بعد پتہ چلا کہ یہ قول دوسرے صحابی کا ہے، اس لئے ایسے اثار بھی بے بنیاد نہیں ہیں۔

[۵] اثمار الھدایہ میں کتاب الحج پوری ہو رہی ہے اور بالالتزام صاحب ھدایہ کی حدیث کی تخریج جاری ہے، اس کے باوجود صرف چار یا پانچ حدیث یا قول صحابی کا حوالہ مجھے نہیں مل سکا باقی سب کا مل گیا ہے، میں نے وہاں لکھ دیا ہے کہ یہ حدیث مجھے نہیں ملی، کسی صاحب کو مل جائے تو براہ کرم اطلاع کریں، لیکن یہ بھی ذکر کر دیا ہے کہ اس مسئلے کا مدار صاحب ھدایہ کے ذکر کی ہوئی حدیث پر نہیں ہے، بلکہ اس مسئلے کے لئے الگ سے تین تین احادیث صحاح ستہ سے نقل کر دی گئی ہیں تا کہ یقین ہو جائے کہ اس مسئلے کے لئے مضبوط احادیث موجود ہیں۔

## ﴿صاحب ھدایہ کی مجبوری﴾

صاحب ھدایہ نے جو حدیث پیش کی ہے ان میں کا بہت سا حصہ سنن بیہقی، مصنف ابن ابی شیبۃ، مصنف عبد الرزاق، اور طبرانی کبیر میں ملتا ہے، اور یہ کتابیں بارہ بارہ جلدوں میں ہیں، طبرانی چوبیس جلدوں میں ہے، ان میں سے کوئی کتاب اردن میں تھی، کوئی مصر کے کتب خانہ میں، کوئی سعودی عرب میں اور کوئی عراق میں، اور وہ بھی ہاتھ سے لکھی ہوئی تھی جسکو پڑھنا ایک مستقل کام تھا، اس وقت پریس کا سلسلہ نہیں تھا لوگ ہاتھ سے لکھ کر اپنے پاس رکھتے تھے اس لئے اتنی موٹی کتاب کو ہاتھ سے لکھنا آسان نہیں تھا اس لئے سب کتابیں ایک مصنف کے پاس جمع ہونا آسان نہیں تھا اس لئے ان سے حدیث تلاش کرنا مشکل کام تھا اس لئے صاحب ھدایہ کے لئے یہ مشکل رہی کہ وہ حوالے کے ساتھ حدیث نہیں پیش کر سکے، جسکی وجہ سے بعد کے لوگوں نے انکی اس عظیم کتاب پر اعتراض کیا۔ لیکن اس زمانے میں کمپیوٹر کا سلسلہ ہے بیروت سے تمام کتابیں چھپ کر سامنے آچکی ہیں، ہر حدیث پر نمبر لگا ہوا ہے، آپ کمپیوٹر پر صرف نمبر لکھئے اور حدیث سامنے آجاتی ہے، یا حدیث کا پہلا جملہ لکھئے اور حدیث سامنے آجاتی ہے اس لئے اس دور میں حدیث تلاش کرنا بہت آسان ہو گیا ہے، اس لئے بہت آسانی سے ہر مسئلے کے ساتھ حدیث سیٹ کی جا سکتی ہے۔ اور اسی سہولت کی وجہ سے ناچیز اس قابل ہوا کہ ہر مسئلے کے ساتھ حدیث مع حوالہ کے سیٹ کر سکا، اور صاحب ھدایہ پر دیرینہ اعتراض کو دفع کر سکا، فللـــــــہ الحمد،

نوٹ:۔ صاحب ھدایہ نے مسئلے کے لئے جو حدیث پیش کی ہے، چاہے قوی ہو یا ضعیف، قول صحابی، یا قول تابعی، مسئلے کا مدار اس پر نہیں ہے، مسئلے تو پہلے سے لکھے ہوئے ہیں اور انکو احادیث سے استنباط کیا ہے، صرف ضرورت یہ تھی کہ اصلی حدیث کو مسئلے کے تحت جمع کر دی جائے، تا کہ ناظرین کو پتہ چل جائے کہ اس مسئلے کے لئے یہ احادیث ہیں۔ الحمد للہ ناچیز نے کمپیوٹر کی مدد سے تمام مسئلوں کے تحت تین تین احادیث ذکر کر دیا ہے اور انکا حوالہ بھی لکھ دیا ہے تا کہ کسی کو شبہ نہ رہے کہ حنفی مسئلوں کے لئے احادیث نہیں ہیں، البتہ جہاں پوری تلاش کے بعد بھی حدیث نہیں ملی وہاں بیاض چھوڑ دیا ہے اور اہل کرم سے درخواست کی ہے کہ اگر انکو یہ احادیث مل جائیں تو اس کتاب میں شامل کرنے کی زحمت کریں، اللہ تعالی اجر عظیم سے نوازے۔ آمین یا رب العالمین۔

احقر ثمیر الدین قاسمی غفرلہ ۶ جون ۲۰۰۸ء

بسم الله الرحمن الرحیم

نحمده و نصلی علی رسوله الکریم : اما بعد!

**ترجمه**: لے شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بہت مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔

**وجہ تقدیم**: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم: سب سے پہلے لکھنے کی پانچ وجوہ ہیں۔

(۱) حضور علیہ کو سب سے پہلے وحی آئی تو اس میں اللہ کے نام سے پڑھنے کے لئے کہا گیا۔ آیت یہ ہے۔ اقرء باسم ربک الذی خلق، آیت نمبر ۱، سورۃ العلق ۹۶

(۲) حضرت سلیمان علیہ السلام نے بلقیسؓ کو خط لکھا تو بسم اللہ سے شروع کیا۔ آیت یہ ہے انه من سلیمان و انه بسم الله الرحمن الرحیم۔ آیت نمبر ۳۰ سورۃ النمل ۲۷۔

(۳) قرآن کریم بسم اللہ سے شروع ہے۔ بلکہ ہر سورۃ بسم اللہ سے شروع ہے۔

(۴) حضور کے تمام خطوط اور تمام خطبات بسم اللہ سے شروع ہیں۔

(۵) اس حدیث کے اشارے سے بھی استدلال کر سکتے ہیں کیونکہ اس حدیث میں ذکر کا لفظ ہے اور بسم اللہ بھی ذکر ہے۔ حدیث یہ ہے۔ عن ابی هریره ، قال: قال رسول الله علیہ : کل امر ذی بال لا یبدأ بذکر الله اقطع۔ (دار قطنی، کتاب الصلوۃ، جلد اول، ص ۲۳۵، نمبر ۸۷۳) اس ذکر سے مراد بسم اللہ لے سکتے ہیں۔

**لغت**: بسم اللہ: میں، ب، حرف جار ہے۔ جسکے بہت سے معانی ہیں۔ یہاں اسکا معنی الصاق کا ہے۔ یعنی کسی فعل کے ساتھ چپکانا ۔ یا اسکا معنی استعانت ہے یعنی اللہ کے نام کی مدد سے شروع کرتا ہوں۔ ب، حرف جر ہے اسلئے اس کے متعلق کے لئے کوئی فعل محذوف ماننا ہوگا تا کہ حرف جر اسکا متعلق ہو جائے۔ بہتر ہے کہ، ابتدأ محذوف مانیں تا کہ مطلب یہ ہو کہ میں اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔ ب متعلق ہو گیا اور اسم تو اللہ کے تابع ہے تو گویا کہ لفظ، اللہ، ہی سب سے مقدم ہو گیا۔ اور اقرأ باسم ربک، میں یہی حکم دیا گیا تھا کہ اللہ کے نام سے پڑھو تو گویا کہ اللہ کا نام ہی سب سے مقدم ہو گیا۔

الله : اللہ کے ننانوے نام صفاتی ہیں۔ اور لفظ اللہ ذاتی نام ہے۔ اللہ۔ الالہ سے مشتق ہے۔ الہ کا معنی ہے معبود اور الف لام لگا دینے سے ترجمہ ہو گیا خاص معبود، یعنی اللہ۔ دوسرے معبود تو ہیں ہی نہیں لیکن مشرک لوگوں نے اپنے اعتقاد میں بہت سے معبود بنا رکھے ہیں اسلئے اس سے جدا کر کے خاص معبود اللہ کا نام ہوا۔

الرحمن : فعلان کے وزن پر ہے۔ رحمت سے مشتق ہے۔ رحمت کا معنی ہے رقت قلب۔ اللہ میں رقت قلب محال ہے کیونکہ وہ ذات قلب اور دل سے پاک ہے۔ اسلئے اللہ کی طرف رحمت کی نسبت ہو تو اسکا معانی ہے، فضل و کرم کرنا، احسان کرنا۔ رحمٰن مبالغہ

۲ الحمدلله الذی اعلیٰ معالم العلم و اعلامه، و اظهر شعائر الشرع، و احکامه

کا صیغہ ہے۔اسکا ترجمہ ہے وہ ذات جس کی رحمت ہر چیز کو گھیری ہوئی ہے۔انتہائی مہربان۔الرحیم: فعیل کے وزن پر ہے۔یہ لفظ بھی رحمت سے مشتق ہے اور مبالغہ کا صیغہ ہے۔البتہ اس میں رحمٰن کے مقابلہ میں کم مبالغہ ہے۔کیوں کہ رحمٰن میں حروف زیادہ ہیں۔اس میں پانچ حروف ہیں اور رحیم میں چار حروف ہیں۔اس لئے رحمٰن میں مبالغہ زیادہ ہوا۔شاید اسی لئے اللہ نے اسکو پہلے لایا۔حضور علیہ السلام کی دعا میں آیا ہے ،یا رحمن الدنیا و رحیم الآخرۃ ۔جس سے معلوم ہوا کہ دنیا والوں پر اللہ کی مہربانی زیادہ ہے بنسبت آخرت والوں کے۔کیونکہ دنیا میں مومن اور کافر دونوں پر مہربانی ہو رہی ہے اور آخرت میں صرف مومن پر مہربانی ہوگی۔

نکتہ:۔شاید رحمٰن کو مقدم کرنے کی وجہ یہ ہو کہ اس کا تعلق دنیا والوں کے ساتھ ہے اور دنیا مقدم ہے اس لئے رحمٰن کو مقدم کیا۔یا سجع کے لئے رحمٰن کو مقدم کیا۔

**ترجمہ**: ۲ تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے علم کے نشانات اور جھنڈوں کو بلند کیا۔اور شریعت کے شعائر اور احکام کو ظاہر کیا۔

**تشریح**: مصنفؒ اللہ کی تعریف کرنا چاہتے ہیں۔لیکن تعریف میں ایسا جملہ لا رہے ہیں جس سے علم فقہ کی اہمیت ،اصول فقہ کی اہمیت اور اسکی تعریف بھی ہو جائے۔اور ساتھ ہی اللہ کی تعریف بھی ہو جائے۔ خطبہ میں ایسا جملہ لانا جس سے کتاب کے مضمون کی طرف اشارہ ہو اسکو براعت استہلال کہتے ہیں۔چنانچہ فرماتے ہیں کہ تمام تعریفیں اللہ کی ہیں جس نے علم کے نشانات کو بلند کیا اور علم کے جھنڈون کو بلند کیا اور شریعت کے شعائر اور اسکے احکام کو واضح کیا۔

**وجہ**: حمد مقدم کرنے کی وجہ؛(۱) قرآن کریم میں الحمد بالکل شروع میں ہے۔....(۲) حدیث میں ہے عن ابی ھریرۃؓ قال : قال رسول اللہ ﷺ کل کلام لا یبدأ فیه بحمد الله فھو اجذم (ابوداود شریف، باب الھدی فی الکلام، ج ۲، ص ۷۳۱، نمبر ۴۸۴۰ رابن ماجہ شریف، باب خطبۃ النکاح، ص ۲۷۲، نمبر ۱۸۹۴)اس حدیث میں ہے کہ جو کلام حمد کے ذریعہ سے شروع نہ کرے وہ ناقص ہے اسلئے مصنفؒ نے اپنی کتاب کو حمد سے شروع کی۔

**لغت**: الحمد: مصدر (س) تعریف کرنا اور اصطلاحی تعریف: ممدوح کی اختیاری خوبیوں کو زبان سے بیان کرنے کو حمد کہتے ہیں۔چاہے نعمت کے مقابلے پر ہو یا نعمت کے مقابلے پر نہ ہو۔اللہ کی جانب سے ہر وقت نعمت کی بارش ہوتی رہتی ہے اسلئے ہم جو بھی حمد کریں گے وہ نعمت کے مقابلہ پر ہی ہوگی۔

ال:۔الحمد میں الف لام استغراق کے لئے ہے۔استغراق کا معنی گھیرنا یہاں اسکا مطلب یہ ہے کہ تمام تعریفیں جو دنیا اور آخرت میں ہو سکتی ہوں وہ سب اللہ کے لئے ہیں۔جمہور کی یہی رائے ہے۔(۲) اور اگر الف لام جنس کا لیا جائے تو جنس کا مطلب ہوگا کہ حمد کا ہر ہر فرد اور اسکی حقیقت اللہ کے لئے ہیں۔کبھی الف لام عہد اور متعین چیز کی طرف اشارہ کرنے کے لئے ہوتا ہے۔اس وقت اسکا

۳ و بعث رسلا و انبياء صلوات الله عليهم اجمعين الى سبيل الحق هادين

---

مطلب یہ ہوگا وہ متعین تعریفیں جو قرآن اور حدیث میں ہیں وہ اللہ کے لئے ہیں۔

معالم: معلم کی جمع ہے۔علم سے مشتق ہے اور اسم ظرف ہے۔علم کی جگہ یا علامت کی جگہ۔ یہاں معالم سے مراد شریعت کے اصول ہیں، یعنی قرآن کریم، سنت، اجماع، اور قیاس۔ یعنی اللہ نے اصول شریعت کو بلند کیا اس طرح کہ ہمکو اسکی اتباع کا حکم فرمایا۔

اعلام : علم کی جمع ہے۔ اسکا ترجمہ ہے پہاڑ، یا علامت، یا جھنڈا۔ پہاڑ سے مراد علماء ہونگے۔ علامت سے مراد شریعت کی دلیل ہوگی۔ اور جھنڈا سے مراد ذات علم ہوگی۔ اکثر حضرات نے اعلام سے علماء مراد لئے ہیں۔ یعنی علماء کو اللہ نے بلند فرمایا۔

شعائر :شعیرۃ کی جمع ہے۔ جیسے صحائف :صحیفۃ کی جمع ہے۔ وہ چیز جو اللہ کی عبادت پر علامت ہو سکے۔ اور بعض حضرات نے فرمایا وہ عبادتیں مراد ہیں جو شہرت کے طور پر ادا کی جائیں۔ جیسے اذان، جمعہ، عید کی نماز، قربانی۔ یعنی وہ عبادات جن سے ظاہر ہوتا ہو کہ انکے کرنے والے مسلمان ہیں۔ ایسی عبادتوں کو شعائر کہتے ہیں۔ مصنفؒ فرماتے ہیں کہ ایسی عبادتوں کو اللہ نے ظاہر فرمایا۔ اسلئے میں اسکی حمد کرتا ہوں۔

**احکام** : حکم کی جمع ہے۔ کسی چیز پر جو اثر مرتب ہوتا ہے اسکو حکم کہتے ہیں۔ اللہ کے جو احکام بندوں کے ساتھ متعلق ہیں یہاں وہ مراد ہیں۔ جیسے کسی چیز کا جائز ہونا، کسی معاملے کا فاسد ہونا، کسی چیز کا حلال ہونا۔ یا کسی چیز کا حرام ہونا۔

مصنفؒ نے خطبہ میں، احکام، کا لفظ لا کر اشارہ کیا کہ یہ کتاب احکام کے بارے میں ہے۔ خطبہ میں ایسا لفظ لائے جو کتاب کے مضمون کی طرف اشارہ کرے اسکو، براعت استہلال، کہتے ہیں مصنف نے یہاں براعت استہلال استعمال کیا ہے۔

**ترجمہ**: ۳ اور جس نے انبیاء اور رسولوں کو راہ حق کی طرف ھدایت کرنے والا بنا کر مبعوث فرمایا۔

**تشریح** :اللہ کا جو حق راستہ ہو اسکی طرف ھدایت کرنے والا بنا کر انبیاء اور رسولوں کو بھیجا اس خدا کی میں حمد کرتا ہوں۔ اور ان تمام پر صلوۃ وسلام ہو۔

**لغت** : رسول: جس نبی پر نئی شریعت آئی ہو اور کتاب آئی ہو اسکو رسول کہتے ہیں۔ اور جس پر نئی شریعت نہیں آئی ہو اسکو نبی کہتے ہیں۔ اسلئے رسول نبی سے افضل ہوتے ہیں اس لئے مصنف نے لفظ رسول کو پہلے لایا۔

صلوات :یہ صلوۃ کی جمع ہے۔ اسکا معنی ہے دعا۔ لیکن اگر اسکی نسبت اللہ کی طرف ہو تو اسکا معنی ہے رحمت کرنا۔ اور فرشتے کی طرف نسبت ہو تو اسکا معنی ہے استغفار کرنا۔ اور انسان کی طرف نسبت ہو تو اسکا معنی ہے دعا کرنا۔ یہاں صلوۃ کی نسبت اللہ کی طرف ہے اسلئے اسکا معنی ہوگا اللہ کی رحمت ہو تمام رسولوں اور انبیاء پر۔

ھادین :ھدایت سے مشتق ہے اور اسم فاعل ہے۔ ھدایت دینے والا، راستہ دکھلانے والا۔

؂و اخلفهم علماء الى سنن سنهم داعين ؃ يسلكون فيما لم يؤثر عنهم مسلك الاجتهاد مسترشدين منه في ذالک. وهوولي الارشاد

**ترجمہ**: ؂ اور علماء کو انکا خلیفہ بنایا جو انکی عادتوں کے طریقوں کی دعوت دیتے ہیں۔

**تشریح**: انبیاء علیہم السلام کی جو سنتیں ہیں اور جو انکی عادتیں ہیں علماء انکے طریقوں اور راستوں کی دعوت دیتے ہیں۔ اللہ نے ایسے علماء کو انبیاء کا خلیفہ بنایا۔ اصل عبارت اس طرح بنے گی: واخلفهم علماء الذين يدعون الى سنن سنهم۔ اور ایسے علماء کو نبیوں کا خلیفہ بنایا جو انکے طریقوں کی
دعوت دیتے ہیں۔۔۔۔علماء انبیاء کے خلیفہ ہیں اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن كثير بن قيس قال : كنت جالسا مع ابى الدرداء في مسجد دمشق۔۔۔قال : انى سمعت رسول الله ﷺ يقول ۔۔۔۔و ان العلماء ورثة الانبياء ، و ان الانبياء لم يورثو ا دينارا و لا درهما ، ورثو ا العلم ، فمن اخذ ه اخذ بحظ و افر ۔ (ابو داود شریف، باب فی فضل العلم، ص ۵۲۳، نمبر ۳۶۴۱)

**نوٹ**: صاحب ھدایہ یہاں سے مشکل الفاظ میں کتاب تصنیف کرنے کی وجہ بیان فرما رہے ہیں۔

**لغت**: اخلف: خليفة سے مشتق ہے۔ یہاں باب افعال سے ہے۔ خلیفہ بنانا۔ سنن: سنة کی جمع ہے۔ اسکے کئی معانی ہیں (۱) راستہ

(زمانے کے ائمہ نے بڑے بڑے اور چھوٹے چھوٹے مسئلوں کا استنباط فرمایا۔)

**ترجمہ**: ؃ اور جو باتیں انبیاء سے منقول نہیں ہیں ان میں اجتہاد کا راستہ اختیار کرتے ہیں۔ اس بارے میں اللہ سے رشد و ھدایت طلب کرتے ہیں۔ اللہ ہی ارشاد کے مالک ہیں۔

**تشریح**: اللہ نے علماء کو انبیاء کا خلیفہ بنایا لیکن اسکا طریقہ کار یہ ہے کہ جن باتوں، یا جن سنتوں کے بارے میں انبیاء سے کوئی بات منقول نہیں ہے ان میں اجتہاد کا راستہ اختیار کرتے ہیں۔ اور اجتہاد کے لئے اللہ سے رشد ھدایت مانگتے ہیں اور انبیاء کی منقول سنتوں سے استنباط کرتے ہیں۔ کیوں کہ اللہ ہی رہنمائی فرمانے والے ہیں۔

وجہ۔ اجتہاد جائز ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن عمرو بن العاص انه سمع رسول الله ﷺ يقول : اذا حكم الحاكم فاجتهد ثم اصاب فله اجر ان ، و اذا حكم فاجتهد ثم اخطأفله اجر ۔ (بخاری شریف، باب اجر الحاکم اذا اجتہد فاصاب او اخطأ، ص ۱۲۶۴، نمبر ۷۳۵۲ رمسلم شریف، باب اجر الحاکم اذا اجتہد، فاصاب او اخطأ ص ۷۶، نمبر ۱۷۱۶/۴۴۸۷)

اس حدیث میں ہے کہ اجتہاد کرے گا تو اجر ملے گا۔

۷ وخص اوائل المستنبطين بالتوفيق حتىٰ وضعوا مسائل من كل جلی، و دقيق ۷ غیر ان الحوادث متعاقبة الوقوع،والنوازل يضيق عنهانطاق الموضوع.۸ واقتناص الشوارد بالاقتباس من الموارد

**لغت** : سلک: چلنا۔اسی سے اسم ظرف ہے مسلک :چلنے کا راستہ،مذہب۔مسلک الاجتہاد: اجتہاد کا راستہ۔یوثر: اثر سے مشتق ہے منقول ہونا۔لم یوثر : جومنقول نہ ہو۔اجتہاد: جہد سے مشتق ہے۔کوشش کرنا۔اجتہاد کا مطلب ہے جس مسئلے کے بارے میں انبیاء سے کوئی حکم منقول نہ ہوتو ان جیسے دیگر سنتوں کو سامنے رکھ کر اس سے اس مسئلے کو استنباط کرنے کو اجتہاد کہتے ہیں۔مسترشد: رشد سے مشتق ہے۔رہنمائی طلب کرنا۔ولی الارشاد: رہنمائی کا ولی،رہنمائی کا مالک۔

**ترجمہ**: ۷ شروع کے استنباط کرنے والوں کو اللہ نے خاص توفیق دی کہ انہوں نے ہر بڑے چھوٹے مسئلوں کو وضع کیا۔

**تشریح** :۔مصنف یہاں سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ پہلی صدی کے اماموں نے بہت سے مسائل کا استنباط کیا ہے لیکن بعد میں نئے نئے مسائل پیدا ہورہے ہیں انکا شمار ناممکن ہے اسلئے اسکے لئے اصول کا متعین کرنا ضروری ہے اور اسکے لئے کتاب لکھنا ضروری ہے۔

**لغت** : اوائل : اول کی جمع ہے یہاں مراد ہے شروع کے لوگ۔ائمہ کی وہ جماعت جنہوں نے مسائل مستنبط کئے .مستنبطین : نبط سے مشتق ہے باب ستفعال سے اسم فاعل کا صیغہ ہے۔کنوئیں سے پانی نکالنے والے،مسئلے کے استنباط کرنے والے۔

وضعوا مسائل : مسئلوں کو بنایا،مسئلوں کو رکھا۔جلی :جلی کا ترجمہ ہے،واضح ،بڑے بڑے مسئلے .دقیق:باریک اور جزئیاتی مسئلے۔یعنی اس زمانے کے ائمہ نے بڑے بڑے اور چھوٹے چھوٹے مسئلوں کا استنباط فرمایا۔

**ترجمہ**: ۷ علاوہ یہ کہ پیش آمدہ واقعات پیدر پے واقع ہورہے ہیں۔اور پیش آمدہ مسائل کو ایک موضوع کی ڈوری میں باندھنا مشکل ہے۔

**تشریح** : مصنف پر اشکال ہوا کہ ائمہ نے بڑے چھوٹے مسئلے وضع کردئے تو آپ کیوں کتاب لکھ رہے ہیں؟ اسکا جواب دے رہے ہیں کہ نئے نئے مسئلے پیدا ہورہے ہیں اسلئے انکو پرانے مسئلوں تک محدود رکھنا مشکل ہے اسلئے کتاب لکھ کر نئے مسئلوں کا راستہ ہموار کررہا ہوں۔

**لغت** :. حوادث : حادثة کی جمع ہے نئے پیدا ہونے والے مسائل۔متعاقبة : عقب سے مشتق ہے یکے بعد دیگرے آنے والے مسائل۔نوازل : نازلة کی جمع ہے اترنے والی چیز۔یہاں مراد ہے نئے آنے والے مسائل۔نطاق: کمر بند۔نطاق الموضوع :موضوع کی ڈوری۔یہاں مراد ہے کہ چند موضوعات کی ڈوری میں آنے والے تمام مسائل کو باندھنا مشکل تھا۔

**ترجمہ**:(۸)وحشی جانورں کی طرح نامانوس مسائل کو اقتباس کرکے گھاٹیوں سے شکار کرنا مشکل کام ہے۔

**۹ والاعتبار بالامثال من صنعة الرجال ۱۰ وبالوقوف على الماخذ يعض عليها بالنواجذ ۱۱ وقد جرى علىّ الموعد في مبدأ بداية المبتدى ان اشرحها، بتوفيق الله تعالى، شرحا ارسمها بكفاية المنتهى**

**تشریح**: نامانوس مسائل کو قیاس کر کے استنباط کرنا، وحشی جانوروں کو گھاٹیوں سے شکار کرنے کی طرح مشکل ہے۔ یہاں نامانوس مسائل کو وحشی جانور سے تشبیہ دی ہے اور اسکو استنباط کرنے کو گھاٹیوں سے شکار کرنے سے تشبیہ دی ہے۔

**لغت**: اقتناص: قنص سے مشتق ہے شکار کرنا۔ شوارد: شاردۃ کی جمع ہے، وحشی جانور۔ یہاں مراد ہے نامانوس مسائل۔ اقتباس: قبس سے مشتق ہے آگ کا شعلہ لینا۔ باب افتعال میں جانے کے بعد اسکا ترجمہ ہے علم سے استفادہ کرنا، کسی اصول پر قیاس کرنا ،اوراس سے نئے مسائل کا استنباط کرنا۔ موارد: ورد سے اسم ظرف ہے آنے کی جگہ، پانی پینے کا گھاٹ۔ یہاں مراد ہے مسائل کے اصول۔

**ترجمہ**: ۹ اور مثالوں سے اسکا اعتبار کرنا بڑے بڑے مردوں کا کام ہے۔

**تشریح**: نیا مسئلہ سامنے آیا ہو اسکو پچھلے مسئلے کے مثل پر قیاس کر کے حکم نافذ کرنا بڑے بڑے مردوں یعنی بڑے بڑے ائمہ کرام کا کام ہے۔ یہ کام اتنا آسان نہیں ہے۔

**لغت**: اعتبار: عبرۃ سے مشتق ہے۔ قیاس کرنا، اور اعتبار کرنا۔ امثال: مثل کی جمع ہے۔ مثالیں۔ صنعۃ: کاریگری، کام۔ رجال: یہاں مراد ہے بڑے قسم کے آدمی۔

**ترجمہ**: ۱۰ اور دانتوں سے پکڑے جانے والے ماخذ پر واقفیت حاصل کرنا مردوں کا کام ہے۔

**تشریح**: شریعت کے ایسے اصول اور ایسے ماخذ جو اتنے مشکل ہوں جیسے دانتوں سے پکڑنے کے بعد قابو میں رہتے ہوں ان اصولوں پر قابو پانا بڑے بڑے مردوں کا کام ہے۔ عام آدمی کا کام نہیں۔

**لغت**: ماخذ: اخذ سے مشتق ہے پکڑنے کی چیز۔ یہاں شریعت کے اصول مراد ہے۔ یعض: دانت سے کاٹنا۔ نواجذ: ناجذ کی جمع ہے، داڑھ کا دانت۔ عض بالنواجذ: داڑھ کے دانتوں سے پکڑنا۔ یہ محاورہ ہے۔ کسی چیز کو سختی سے پکڑنا ہو تو اس کو دانت سے پکڑتے ہیں اسی طرح کسی مشکل کام کو کرنے کو دانت سے پکڑنا کہا ہے۔ ..... یہاں ان عبارتوں کا مطلب یہ ہے کہ ایسے مشکل اصولوں پر واقفیت حاصل کرنا بڑے بڑے ائمہ کا کام ہے اسلئے عام لوگوں کے لئے مجھے اچھی کتاب لکھنی پڑی۔

**ترجمہ**: ۱۱ کتاب، بدایۃ المبتدی، کے شروع میں وعدہ کیا گیا تھا کہ میں اللہ کی توفیق سے اسکی شرح کرونگا جسکا نام، کفایۃ المنتھی، رکھونگا۔ چنانچہ میں نے اسکو شروع کر دیا۔ اور وعدے میں کچھ گنجائش تو ہوتی ہی ہے۔ پھر جب اس سے فارغ ہونے کے قریب ہوا تو مجھے پتہ چلا کہ اس شرح میں کچھ طوالت ہوگئی ہے۔ اور مجھے کھٹکا لگا کہ لمبی شرح کی وجہ سے کتاب (بدایۃ المبتدی) ہی نہ چھوڑ دیں۔ پھر دوسری شرح لکھنے کی طرف توجہ کی جسکا نام، ھدایہ، ہے۔

**فشرعته فيه، و الوعد يسّوغ بعض المساغ، و حين اكاد اتكأ اتكاء الفراغ تبينت فيه نبذاً من الاطناب، و خشيت ان يهجر لاجله الكتاب فصرفت عنان العناية الى شرح آخر موسوم، بالهداية. ۱۲ اجمع فيه بتوفيق الله تعالى بين عيون الرواية، ومتون الدراية تاركا للزوائد في كل باب معرضاً عن هذا النوع من الاسهاب مع ما انه يشتمل على اصول ينسحب عليها فصول**

---

**تشریح** : مصنف ھدایہ نے فقہ میں متن کی کتاب لکھی جس میں اہمیت کے ساتھ قدوری کے مسئلے کولیا اور جہاں مسئلے نہ مل سکے وہاں امام محمد کی کتاب جامع صغیر سے مسئلے لئے اور دونوں کوملا کر کتاب بدایۃ المبتدی تصنیف کی۔ اسکے دیباچہ میں وعدہ کیا کہ میں اسکی شرح بھی لکھونگا۔ چنانچہ اسی 80 جلدوں میں اسکی شرح لکھی اور اسکا نام، كفاية المنتهى، رکھا۔ شرح سے فراغت کے قریب پہنچے تو محسوس ہوا کہ کتاب اتنی لمبی ہوگئی ہے کہ اسکو کوئی نہیں پڑھے گا۔ اور کہیں ایسا نہ ہو کہ لوگ اصل کتاب، بدایۃ المبتدی، ہی کو نہ چھوڑ دیں اسلئے بدایۃ المبتدی کی دوسری شرح مختصر لکھی جسکا نام، ھدایہ، رکھا جو آپکے ہاتھ میں ہے۔ اوپر کی عبارت میں یہی بات کہہ رہے ہیں۔

**لغت** :. الموعد :وعد سے مشتق ہے۔ مبدأ :شروع میں۔ ارسم : رسم سے مشتق ہے، لکھنا۔ یہاں ترجمہ ہے میں اسکا نام رکھونگا۔ فشرعت فيه :اسکا ترجمہ ہے، میں نے كفاية المنتهى ،کولکھنا شروع کردیا۔ یسوغ :باب تفعیل سے، جائز ہونا۔ اسی سے ہے مساغ :گنجائش۔ عبارت کا مطلب ہے کہ وعدہ میں تاخیر کرنے کی گنجائش ہوتی ہے۔ اور دوسرا مطلب یہ ہے کہ وعدہ کر لینے کے بعد اس کام کو کرنا جائز ہوجاتا ہے۔ اس لئے وعدے کے مطابق میں نے اسکی شرح لکھنا شروع کردی۔ الوعد يسوغ بعض المساغ . جملہ معترضہ ہے اکاد :قریب تھا۔ اتكأ : وكأ سے مشتق ہے، تکیہ لگانا۔ اور اتكأ عنه کا ترجمہ ہے اس سے تکیہ اٹھا لینا۔ اكاد اتكأ عنه اتكأ الفراغ : کا مطلب ہے کہ میں اس شرح سے فارغ ہونے کے قریب تھا۔ تبینت :بین سے مشتق ہے۔ میرے سامنے واضح ہوگیا۔ نبذا :اسکا ترجمہ ہے تھوڑا سا۔ اطناب :کسی نکتے کی وجہ سے بات لمبی ہوجائے اسکو اطناب کہتے ہیں۔ خشيت : خشى سے مشتق ہے۔ مجھے ڈر ہوا۔ يهجر : هجر سے مشتق ہے چھوڑ دینا۔ الکتاب :سے مراد بدایۃ المبتدی، ہے. عنان :لگام کی رسی۔ عنان العنایۃ کا ترجمہ ہے توجہ کی رسی۔ یعنی میں نے اسکی طرف توجہ کی۔ موسوم : سمي :سے مشتق ہے، جسکا نام ھدایہ رکھا گیا ہے۔

**ترجمہ** : ۱۲ اللہ کی توفیق سے میں اس میں عمدہ روایت اور مضبوط دلائل عقلیہ جمع کر رہا ہوں۔ اس کے ہر باب میں زوائد چھوڑنے کا ارادہ ہے اور اس قسم کی طول بیانی سے اعراض کرنے کی نیت ہے۔ تاہم ایسے اصول پر شامل ہوگی جن پر فروع متفرع ہونگے۔

۱۳ واسأل الله تعالى ان يوفقني لاتمامها،ويختم لي بالسعادة بعداختتامها ۱۴ حتى ان من سمت همته الى مزيدالوقوف يرغب في الاطول والاكبرومن اعجله الوقت عنه يقتصرعلى الاصغروالاقصر.وللناس فيمايعشقون مذاهب.والفن خير كله. ۱۵ ثم سألني بعض اخواني ان املي عليهم المجموع الثاني، فافتتحته مستعينا بالله تعالى في تحرير ما اقاوله متضرعا

**تشریح** : فرماتے ہیں کہ یہ کتاب اتنی لمبی نہیں کرونگا تاہم اس میں احادیث اورقرآن کے مضبوط دلائل ہونگے ،اوردلیل عقلی بھی ہوگی،اورایسے اصول ہونگے جن پر بہت سے جزئیاتی مسائل متفرع ہوسکیں گے۔البتہ لمبی باتیں اورزائد باتیں نہیں ہونگی۔

**لغت** :. عیون : عین کی جمع ہے۔آنکھ،یہاں عمدہ اورمضبوط روایت مراد ہے۔الروایۃ :روایت سے مرادحدیث اورقرآن ہیں۔متون :متن کی مع ہے، پیٹھ، یہاں ،مضبوط،مراد ہے ۔الدرایۃ : دری،یدری سے مشتق ہے۔جاننا۔یہاں مراد ہے عقلی دلائل .متون الدرایۃ کاترجمہ ہے مضبوط عقلی دلائل.معرضا : اعراض کرتے ہوئے۔اسھاب : سھب سے مشتق ہے۔لمبی گفتگو،لمبی بات۔ینسحب:سحب سے مشتق ہے . گھسیٹھنا،متفرع کرنا۔یعنی ان اصولوں پرجزئیات متفرع ہوسکتے ہوں۔فصول:فصل کی جمع ہے۔یہ باب سے چھوٹا ہوتا ہےاوراس میں ایک قسم کے مضامین ہوتے ہیں۔

**ترجمہ**: ۱۳ اللہ تعالیٰ سے اسکو پوراکرنے کی توفیق مانگتا ہوں۔اوراسکے ختم ہونے کے بعدمیرا بھی خاتمہ بالخیر ہو۔

**لغت** :.السعادۃ :نیک بختی۔یہاں مراد ہے کہ خاتمہ بالخیر ہو۔

**ترجمہ**: ۱۴ یہاں تک کہ جسکی ہمت زیادہ واقفیت کی طرف بلند ہوانکولمبی اوربڑی شرح کی طرف رغبت کرنی چاہئے ۔اورجنکو وقت کی تنگی ہووہ چھوٹے اورمختصرکی طرف توجہ دیں۔اورلوگوں کی پسند مختلف ہیں۔اوردونوں فن ہی خیر ہیں۔

**تشریح** :جنکو گہری واقفیت کی ہمت ہووہ میری لمبی شرح، کفایۃ المنتھی دیکھیں۔اورجنکے پاس وقت کم ہووہ میری مختصرشرح ،ھدایہ،دیکھیں۔دونوں طریقے ہی خیر کی چیز ہیں البتہ ہرایک کی پسند الگ الگ ہیں۔جنکو جوشرح پسند ہواسکودیکھ لیں۔

**لغت** :..سمت : سمو سے مشتق ہے ۔بلند ہونا۔اعجلہ الوقت :جسکووقت جلدی کرے۔یعنی جسکے پاس وقت کم ہو .یقتصر : قصر سے مشتق ہے۔اکتفاء کرے۔وللناس فیما یعشقون مذاھب :لوگ جن چیزوں سے عشق رکھتے ہیں انکے مختلف مذھب ہیں۔یہ شعرکاایک ٹکڑا ہے جسکا مطلب یہ ہے کہ ہرایک کی پسند الگ الگ ہے۔

**ترجمہ**: ۱۵ پھرکیا تھامیرے بعض دوست بھی مجھسے مجموع ثانی یعنی ھدایہ لکھوانیکی درخواست کرنے لگے۔پس انکی درخواست کے مطابق اللہ کی مدد سے اسکالکھناشروع کرر ہاہوں۔

**تشریح** : جب میں نے ھدایہ لکھنے کاارادہ کیاتو میرے کچھ دوست بھی اسکولکھوانے کی درخواست کرنے لگے ۔چنانچہ اللہ کی

**اليـه في التيسير ما احاوله. ۱۶ انـه الـميسّـر لكل عسير، و هو على ما يشاء قدير، و بالاجابة جدير، و حسبنا الله، و نعم الوكيل.**

---

مدد سے انکے کہنے کے مطابق لکھنا شروع کردیا ہوں۔

**لغت**: املی : املاء سے مشتق ہے۔لکھوانا۔افتتح : فتح سے مشتق ہے۔کھولنا،شروع کرنا۔اقاول:قول سے مشتق ہے۔جو کچھ ان لوگوں نے کہا۔یا جو کچھ ان لوگوں نے فرمائش کی۔

**ترجمہ** : ۱۶ جسکا میں ارادہ کرر ہاہوں اسکی آسانی کے لئے اللہ سے عاجزی کے ساتھ درخواست کرتے ہوئے۔وہ ہر مشکل کو آسان کرنے والا ہے۔اور وہ جو چاہتا ہے اس پر قدرت رکھتا ہے۔اور درخواستوں کی قبولیت اسکی شایان شان ہے۔ہمکو اللہ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔

**تشریح** :مصنف یہاں سے اپنی کتاب کی قبولیت کے لئے اللہ سے عاجزانہ درخواست کرر ہے ہیں۔کیونکہ وہ ہر مشکل کو آسان کرنے والا ہے۔اور دعا کو قبول کرنا اسکی شایان شان ہے۔فرماتے ہیں اللہ ہمیں کافی ہے اور بہترین کارساز ہے۔

**لغت** :. متضرعا : تضرع سے مشتق ہے عاجزانہ درخواست کرنا۔احاول:حول سے مشتق ہے۔ارادہ کرنا۔میسّر: یسر کا اسم فاعل ہے۔آسان کرنے والا ۔عسیر:مشکل کام۔اجابۃ:قبول کرنا۔جدیر : جدر سے مشتق ہے۔لائق ہونا۔حسب:کافی ہونا۔نعم:بہترین۔الوکیل:کارساز۔

## ﴿کتاب الطہارات﴾

## ﴿کتاب الطہارات﴾

**ضروری نوٹ** : الطہارات: طہارۃ کی جمع ہے۔اور کتاب الطہاتات مرکب اضافی ناقص ہے۔اس لئے اس سے پہلے مبتدایا اس کے آخر میں خبر محذوف ماننی پڑے گی۔مثلاھذا کتاب الطہارۃ، یا کتاب الطہارۃ ھذا، یا کتاب الطہارۃ کو اقرء کا مفعول مانیں اور یوں عبارت رکھیں اقرءُ کتابَ الطہارۃ۔

طہارۃ کا ثبوت : آیت میں طہارت کا ثبوت ہے۔یا ایہا الذین آمنوا اذا قمتم الی الصلوۃ فاغسلوا وجوھکم وایدیکم الی المرافق وامسحوا برء وسکم وارجلکم الی الکعبین، وان کنتم جنبا فاطھروا ۔آیت ۶،سورۃ المائدۃ ۵۔حدیث میں ہے الطھور شطر الایمان ،یہ بھی ہے مفتاح الصلوۃ الطھور ۔(ترمذی، باب ماجاء مفتاح الصلوۃ الطھور ص ۶ نمبر ۳)

طہارۃ کو مقدم کرنے کی۔

**وجوہ:** (۱) عبادات میں سب سے زیادہ اہم نماز ہے۔ایمان کے بعد سب سے زیادہ اہمیت نماز کو دی گئی ہے۔ارشاد ربانی ہے الذین یؤمنون بالغیب ویقیمون الصلوۃ (آیت ۳، سورۃ البقرۃ ۲) حدیث میں ہے الصلوۃ عماد الدین من اقامھا فقد اقام الدین. اسی لئے تمام مصنفین نے ابواب نماز کو مقدم کیا ہے۔اور نماز کی شرط طہارت ہے،بغیر طہارت کے نماز ادا نہیں ہوگی اس لئے کتاب الطہارۃ کو مقدم کیا۔(۲) حج عمر میں ایک مرتبہ فرض ہے۔زکوۃ سال میں ایک مرتبہ فرض ہے۔روزہ سال میں ایک ماہ فرض ہے۔لیکن نماز دن میں پانچ مرتبہ فرض ہے۔اس لئے اس کی ضرورت بار بار پڑتی ہے۔اور نماز کے لئے طہارت کی ضرورت پڑے گی تو طہارت کی ضرورت بھی دن میں پانچ بار پڑی۔اس لئے کثرت ضرورت کی بنا پر بھی طہارت کو پہلے ذکر کیا۔

**لغوی تحقیق** کتاب فِعال کے وزن پر مفعول کے معنی میں ہیں۔جیسے لباس ملبوس کے معنی میں ہوتا ہے۔اسی طرح کتاب بھی مکتوب کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔اس کا معنی ہے لکھے ہوئے اوراق کا مجموعہ۔کتب کا معنی ہیں لکھنا۔کتاب میں بہت سے مسائل لکھے ہوئے ہوتے ہیں اس لئے اس کو کتاب کہتے ہیں۔

**نوٹ**: فقہ کی کتابوں میں تین الفاظ ذکر کرتے ہیں۔(۱) کتاب (۲) باب (۳) فصل۔کتاب میں مختلف انواع اور اقسام کے مسائل مذکور ہوتے ہیں اور اس میں بعض مرتبہ کئی ابواب بھی شامل ہوتے ہیں۔گویا کہ وہ عام لفظ ہے۔باب میں ایک قسم کے مسائل ذکر کرتے ہیں۔اور فصل میں ایک نوع کے مسائل ذکر کرتے ہیں۔

طہارات: طہارۃ، کی جمع ہے۔اور طہر اسکا مصدر ہے اس کا معنی ہے طہارۃ اور پاکیزگی،اس کا الٹا ہے دنس۔شریعت میں

(۱) قال الله تعالىٰ : يأيها الذين امنوا اذا قمتم الى الصلوة فاغسلوا وجوهكم و ايديكم الى المرافق وأمسحوا برؤسكم وأرجلكم الى الكعبين. ﴾ آیت ٦،سورۃ مائدۃ ٥

مخصوص اعضاء کے دھونے کو طہارت کہتے ہیں۔اس کا الٹا ہے حدث۔بعض علماء فرماتے ہیں کہ رفع حدث یا ازالۂ نجس کا نام طہارت ہے۔

**نوٹ**: پاک کرنے کو طَهارۃ بفتح ط، پاک کرنے کے بعد جو پانی باقی رہ جائے اس کو طُهارۃ ط کے ضمہ کے ساتھ۔اور پاک کرنے کا جو آلہ ہوتا ہے جیسے پانی اور مٹی اس کو طِهارۃ ط کے کسرہ کے ساتھ بولتے ہیں۔پاک پانی نہ ہو تو مٹی پاک کرنے لئے چند شرائط کے ساتھ پانی کے قائم مقام ہوتی ہے۔

**نوٹ**: اقسام طہارت : (۱) اعتقادات کی طہارت جیسے اللہ رسول اور قیامت کے ساتھ وہ اعتقاد رکھنا جو قرآن اور حدیث کے مطابق ہو (۲) مال کی طہارۃ جیسے مال کی زکوۃ دینا (۳) بدن کی طہارۃ جیسے وضو کرنا، غسل کرنا۔کپڑے کی طھارۃ جیسے کپڑے کو پاک کرنا۔چونکہ بہت سے طہارتوں کو بیان کرنا ہے اسلئے مصنفؒ نے طہارات جمع کا صیغہ لایا۔

**ترجمہ** : (۱) اللہ تعالی کا ارشاد ہے۔اے ایمان والو جب تم نماز کے لئے کھڑے ہو تو اپنے منہ دھولو اور ہاتھ کو کہنیوں سمیت اور اپنے سر پر مسح کرلو۔اور اپنے پاؤں کو ٹخنوں سمیت دھولو

**وجہ**: آیت کو شروع میں لکھنے کی وجہ یہ ہیں (الف) برکت لئے (ب) وضوء میں کتنے اعضاء دھوئے جائیں گے اس کا تذکرہ ہے۔تو گویا کہ آیت اعضاء وضوء دھونے کی دلیل ہوگئی۔آیت میں تین اعضاء دھونے اور ایک عضو کے مسح کرنے کا ذکر ہے (۱) چہرہ دھویا جائیگا (۲) دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت دھوئے جائیں گے (۳) پاؤں ٹخنوں سمیت دھوئے جائیں گے اور سر پر مسح کیا جائے گا۔ ہر ایک عضو کی مقدار اور ان کی دلیلیں آگے آئیں گی۔یہ حدیث اعضائے وضو کیلئے جامع ہے۔ان حمران مولی عثمان اخبره انه رأى عثمان بن عفان دعا باناء ،فافرغ على كفيه ثلاث مرار فغسلهما ،ثم ادخل يمينه فى الاناء فمضمض و استنثر ثم غسل وجهه ثلاثا و يديه الى المرفقين ثلاث مرار ،ثم مسح برأسه ،ثم غسل رجليه ثلاث مرار الى الكعبين ،ثم قال : قال رسول الله ﷺ : من توضأ نحو وضوئى هذا ثم صلى ركعتين لايحدث فيهما نفسه غفر له ما تقدم من ذنبه ۔ (بخاری شریف، باب الوضوء ثلاثا ثلاثا، ص۳۲ نمبر ۱۵۹ را بوداود شریف، باب صفۃ وضوء النبی ﷺ، ص ۲۶ نمبر ۱۰۸) اس حدیث میں ہے کہ تین مرتبہ چہرہ دھویا ، پھر تین مرتبہ کہنیوں سمیت ہاتھ دھویا، پھر ایک مرتبہ سر کا مسح کیا، پھر دونوں پاؤں کو ٹخنوں سمیت دھویا۔اور فرمایا کہ یہ حضور ﷺ کا وضوء ہے۔

**لغت**: اذا قمتم الى الصلوة جب تم نماز کے لئے کھڑے ہو تو اعضاء دھوو۔نماز میں کھڑے ہونے کے وقت وضوء نہیں

کرتے بلکہ اس سے کچھ پہلے وضوء کرتے ہیں۔اس لئے آیت سے پہلے ایک قید بڑھانی ہوگی یعنی اذا اردتم القیام الی الصلوۃ۔تم نماز میں کھڑے ہونے کا ارادہ کرو تو وضوء کرلو۔دوسری بات یہ ہے کہ اگر نماز پڑھتے وقت پہلے سے وضوء ہو تو وضوء کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔اس لئے ایک قید اور بھی بڑھانا ہوگی اذا قمتم الی الصلوۃ و انتم محدثون یعنی تم نماز کے لئے کھڑے ہو اس حال میں کہ تم محدث ہو تو وضوء کرلو اور محدث نہ ہو تو وضوء کرنے کی ضرورت نہیں۔البتہ طہارت کے باوجود وضوء کرنا مستحب ہے۔

فاغسلوا : غَسل غ کے فتحہ کے ساتھ کسی چیز پر پانی بہا کر میل کچیل دور کرنا، کسی چیز کو دھونا اور غُسل غ کے ضمہ کے ساتھ اسم ہے غسل سے۔ اسی کو مصنفؒ نے الغسل ھو الاسالۃ: کہا کہ پانی بہانے کا نام دھونا ہے۔اور ہاتھ پر پانی لگا ہوا ہو اس سے عضو کو پونچھ لے تو اسکو مسح کرنا کہتے ہیں۔جسکو مصنف نے المسح ھو الاصابۃ، کہا ہے۔

وجوہ : وجہ کی جمع ہے، چہرہ۔سر کے بال اگنے کی جگہ سے لیکر تھوڑی کے نیچے تک اور چوڑائی میں دونوں کانوں کے نرم حصہ تک کو چہرہ کہتے ہیں۔

**وجہ** : مواجہت سے مشتق ہے۔اور آدمی کسی کے سامنے آئے تو چہرے کا اتنا حصہ آنکھوں کے سامنے آتا ہے اس لئے اتنے حصے کو وجہ کہتے ہیں۔مرافق : مرفق کی جمع ہے، کہنی۔امسحوا : مسح سے مشتق ہے پونچھنا۔بھیگے ہوئے ہاتھ کو کسی عضو پر پھیرنا۔وارجلکم : رجل کی جمع ہے۔ارجلکم پر فتحہ ہوگا اور عطف وجوھکم پر ہوگا۔اور مطلب یہ ہوگا کہ چہرے کو دھوؤ اور پاؤں کو بھی دھوؤ۔حضرت نافع، ابن عامر، کسائی، یعقوب اور امام حفص کی قرأت میں یہی ہے۔اور قرآن کریم کے عام نسخوں میں لام پر فتحہ والی قرأت ہے۔جمہور کا مسلک بھی یہی ہے کہ پاؤں کو ٹخنوں سمیت دھونا ضروری ہے ورنہ وضوء نہیں ہوگا۔ان کے دلائل یہ ہیں (۱) قرآن نے وارجلکم الی الکعبین کہا ہے۔اگر مسح کرنا فرض ہوتا تو الی الکعبین کہنے کی ضرورت نہیں تھی کہ ٹخنوں تک کرو۔بلکہ رءوسکم کی طرح مطلق بیان کرتے۔کعبین کی قید لگانا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ٹخنوں تک دھونا فرض ہے (۲) حضرت ابی وقاصؓ سے روایت ہے کہ انی سمعت رسول اللہ ﷺ انہ یقول ویل للاعقاب من النار (الف) (مسلم شریف، باب وجوب غسل الرجلین بکمالھا ص ۱۲۴ نمبر ۲۴۰ اور بخاری شریف، باب غسل الاعقاب ص ۲۸ نمبر ۱۶۵) ایڑی پانی سے تر نہ ہو تو اس کو آگ چھوئے گی۔تو اگر پاؤں پر مسح کریں تو ایڑی پر پانی نہیں آئے گا جس کی وجہ سے وہ جہنم کی آگ کے قابل ہوگی۔اس لئے پاؤں پر مسح کرنا کافی نہیں ہوگا۔(۳) خود حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے وضوء فرمایا اور پاؤں کو دھویا۔قال اتانا علی وقد صلی ثم غسل رجلہ الیمنی ثلاثا و رجلہ الیسری ثلاثا۔(ابو داؤد، باب صفۃ وضوء النبی ص ۱۵ نمبر ۱۱۱/۱۱۴)

ارجلکم : کی دوسری قرأت لام کے کسرہ کے ساتھ ہے۔یہ قرأت مشہور نہیں ہے۔اس صورت میں ارجلکم کا عطف برءوسکم پر ہوگا۔اور مطلب یہ ہوگا کہ پاؤں پر بھی سر کی طرح مسح کرو۔امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ ارجلکم کا عطف برءوسکم پر کر کے یہ مطلب لیا

(۲) ففرض الطهارة :غسل الاعضاء الثلاثة،و مسح الرأس .بهذاالنص ﴾ لـ و الغسل: هو الاسالة، والمسح :هو الاصابة.

جائے کہ پاؤں پر بھی مسح کروتو یہ اس وقت ہوگا جب کہ پاؤں میں موزہ ہوتو پاؤں پر مسح کرو۔اوراس قرأت سے موزہ پر مسح کرنے کا ثبوت ہوگا یا صرف جوار اور قریب ہونے کی وجہ سے جر پڑھا جائے گا۔حکم کے اعتبار سے دھونا ہی ہے۔

رافضیوں کا مذہب ہے کہ وہ پاؤں پر مسح کرنا کافی سمجھتے ہیں اور میں نے دیکھا کہ وہ اس پر شدت سے عمل کرتے ہیں کہ وضوء سے پہلے پاؤں دھوتے ہیں اور وضوء کرتے وقت صرف مسح کرتے ہیں۔ان کا استدلال یہی ہے کہ ارجلکم جر کے ساتھ اس کا عطف رءوسکم پر ہے اور سر کے مسح کی طرح پاؤں پر مسح کرنا کافی ہے۔لیکن ان کا جواب وہی ہے جو اوپر گزر چکا ہے۔اور معلوم نہیں کہ حضرت علیؓ کی حدیث کو وہ کیوں نہیں مانتے ہیں۔

**کعبین** : کعب کا تثنیہ ہے۔ابھری ہوئی ہڈی یعنی ٹخنہ۔پاؤں میں دو جگہ ابھری ہوئی ہڈی ہے۔ایک قدم کے اوپر ہے جو صرف ایک ہی ہے۔اور دوسری جوڑ کے پاس ہے جو ہر پاؤں میں دو دو ہیں۔یہاں یہی مراد ہے۔کیوں کہ کعبین تثنیہ کا صیغہ استعمال کیا ہے جس کا مطلب ہے کہ ہر پاؤں میں دو دو ابھری ہوئی ہڈیاں ہوں۔

**ترجمہ**:(۲) پس طہارت وضوء کے فرض تین اعضاء کو دھونا ہے اور سر کا مسح کرنا ہے۔

**وجہ**: آیت میں گزر چکی ہے کہ تین اعضاء کو دھونا ہے اور سر پر مسح کرنا ہے۔اور بہت سی احادیث سے بھی ثابت ہے کہ ان تین اعضاء کو دھونا ہے اور سر پر مسح کرنا فرض ہے۔(۲) یہ حدیث گزر چکی ہے ان حمران مولی عثمان اخبره انه رأی عثمان بن عفان دعا بأناء فافرغ علی کفیه ثلاث مرار فغسلهما ،ثم ادخل یمینه فی الاناء فمضمض و استنثر ثم غسل وجهه ثلاثا ویدیه الی المرفقین ثلاث مرار ،ثم مسح برأسه ،ثم غسل رجلیه ثلاث مرار الی الکعبین ،ثم قال : قال رسول الله ﷺ : من توضأ نحو وضوئی هذا ثم صلی رکعتین لا یحدث فیهما نفسه غفر له ما تقدم من ذنبه ۔(بخاری شریف ،باب الوضوء ثلاثا ثلاثا ،ص ۳۲ نمبر ۱۵۹ ابوداود شریف، باب صفة وضوء النبی ﷺ ص ۲۶ نمبر ۱۰۸) اس حدیث میں تینوں اعضاء کے دھونے کا ذکر ہے اور سر پر بھی مسح کرنے کا ذکر ہے۔

**ترجمہ**: لـ غسل: دھونا پانی بہانے کو کہتے ہیں۔اور مسح: پونچھ دینے کو کہتے ہیں۔

**تشریح** : عضو پر اس طرح پانی بہائے کہ وہ ٹپکنے لگے اور پانی کے قطرات گرنے لگیں اسکو دھونا اور غسل کرنا کہتے ہیں۔اور اگر ہاتھ میں تھوڑا سا پانی ہو اس سے عضو کو پونچھ دیا اور پانی کا کوئی قطرہ بہہ کر نیچے نہیں گرا تو اسکو مسح کرنا کہتے ہیں۔

**لغت** : اسالة : سال ،یسیل سے مشتق ہے پانی کا بہنا۔اصابة : صاب ،یصیب سے مشتق ہے لگنا، پانی کا پہنچنا۔

٢ وحد الوجه من قصاص الشعر الى اسفل الذقن، و الى شحمتى الاذنين، لان المواجهة تقع بهذه الجملة، و هومشتق منها. (٣) و المرفقان، و الكعبان يدخلان فى الغسل عندنا، خلافا لزفرؒ ﴾

**ترجمه** : ٢ اور چہرے کی حد بال کے اگنے کی جگہ سے ٹھوڑی کے نیچے تک، اور دونوں کانوں کی دونوں لو تک، اسلئے کہ مواجہت (آمنے سامنے ہونا) اس مجموعہ سے واقع ہوتی ہے، اور لفظ وجہ، اسی مواجہت سے مشتق ہے۔

**تشریح** : چہرہ کہاں سے کہاں تک کو کہتے ہیں جسکو دھونا فرض ہے اسکی حد بتا رہے ہیں۔ سر کا بال جہاں سے اگنا بند ہوتا ہے وہاں سے لیکر ٹھوڑی کے نیچے تک، یہ لمبائی ہوئی اور ایک کان کی لو سے لیکر دوسرے کان کی لو تک۔ یہ چوڑائی ہوئی۔ اس درمیان کی پوری جگہ کو دھونا فرض ہے۔

**وجه** : (۱) کیونکہ آیت میں وجہ ہے جو مواجہت سے مشتق ہے، یعنی آمنے سامنے ہونا اور آمنے سامنے ہوتے وقت بال اگنے کی جگہ سے لیکر ٹھوڑی کے نیچے تک۔ اور ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک سامنے آتا ہے۔ اسلئے آیت کی وجہ سے اتنی جگہ تک دھونا فرض ہے۔ (۲) اتنی جگہ کی فرضیت کے لئے اس حدیث کے اشارے سے بھی استدلال کر سکتے ہیں. عن ابن عباسؓ : انه توضأ فغسل وجهه ،اخذ غرفة من ماءٍ فمضمض بها و استنشق ، ثم اخذ غرفة من ماءٍ فجعل بها هكذا اضافها الى يده الاخرىٰ ،فغسل بها وجهه ۔ (بخاری شریف، باب غسل الوجہ بالیدین من غرفۃ واحدۃ، ص ۳۰ نمبر ۱۴۰) اس حدیث میں ہے کہ دونوں ہاتھوں سے چہرہ دھویا جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اوپر کی پوری جگہ کو دھویا ہو۔

**لغت** : قُصاص :قص سے مشتق ہے۔ سر پر جہاں سے بال اگنا ختم ہوتا ہے پیشانی کی اس جگہ کو قصاص کہتے ہیں. الذقن : ٹھوڑی. شحمة : چربی۔ شحمۃ الاذن: کان کی لو۔

**ترجمه** :(۳) دونوں کہنیاں اور دونوں ٹخنے دھونا فرض میں شامل ہیں ہمارے تینوں علماء کے نزدیک برخلاف امام زفرؒ کے (ان کے نزدیک کہنیاں اور ٹخنے دھونے میں داخل نہیں ہے)

**تشریح** :۔ ہاتھ دھوتے وقت کہنیاں بھی ساتھ ہی دھونی ہوگی، اور پاؤں دھوتے وقت دونوں ٹخنے بھی ساتھ دھونے ہونگے۔ یہ چاروں عضو دھونے میں شامل ہیں۔ البتہ امام زفرؒ کے نزدیک یہ اعضاء دھونے میں شامل نہیں، وہاں کے قریب قریب تک دھولے تو کافی ہے۔

**وجه** :ائمہ ثلاثہ امام ابو حنیفہؒ، امام ابو یوسف اور امام محمد کے دلائل یہ ہیں (۱) عن نعيم بن عبد الله المجمر قال رأيت ابا هريرة يتوضأ فغسل وجهه فأسبغ الوضوء ثم غسل يده اليمنى حتى اشرع فى العضد ثم يده اليسرى حتى اشرع فى العضد ثم مسح برأسه ثم غسل رجله اليمنى حتى اشرع فى الساق ثم غسل رجله اليسرى حتى

لے و ھو یقول ان الغایة لا تدخل تحت المغیا، کاللیل فی باب الصوم.

---

اشرع فی الساق ثم قال ھکذا رأیت رسول اللہ ﷺ یتوضأ وقال قال رسول اللہ ﷺ انتم الغر المحجلون یوم القیامة من اسباغ الوضوء ممن استطاع منکم فلیطل غرته وتحجیله (الف)(مسلم شریف، باب استحباب اطالة الغرة والتحجیل فی الوضوء، ص ۱۲۶، نمبر ۲۴۶) اس حدیث میں حضرت ابو ہریرہؓ نے بازو اور پنڈلی کو وضوء میں دھویا ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ آیت میں مرافق اور کعبین دھونے میں داخل ہیں۔ یہ حدیث آیت کی تفسیر ہے...(۲) عن جابر بن عبد اللہ قال کان رسول اللہ ﷺ اذا توضأ ادار الماء علی مرفقیه (دار قطنی، باب وضوء رسول اللہؐ، ج اول ص ۸۶، نمبر ۲۶۸ر سنن للبیہقی، باب ادخال المرفقین فی الوضوء، ج اول، ص ۹۳، نمبر ۲۵۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کہنیاں دھونے میں داخل ہیں ....(۳) اثر میں اسکی مکمل صراحت ہے کہ کہنیاں اور ٹخنے دھونے میں داخل ہیں۔ اثر یہ ہے۔ قلت لعطاء: . فاغسلوا وجوھکم وایدیکم الی المرافق . فیما یغسل ؟قال : نعم ، لا شک فی ذالک ۔(مصنف عبد الرزاق، جلد اول، باب غسل الذراعین، ص ۵ نمبر ۱) اس اثر میں ہے کہ بلاشبہ مرفقین دھونے میں داخل ہیں ۔(۴) انگلی سے لیکر مونڈھے تک کو ہاتھ کہتے ہیں اس لئے اگر کہنیوں کی قید نہ لگاتے تو مونڈھے تک دھونا فرض ہوتا اس لئے کہنیوں تک دھونے کے لئے کہا تو کہنیوں سے آگے ساقط ہو گیا۔ اور قاعدہ یہ ہے کہ جو عضو آگے کو ساقط کرنے کے لئے آئے وہ اس حکم میں داخل ہوتا ہے۔ اس لئے کہنی دھونے کے حکم میں داخل رہے گی۔ اس طرح رجل (پاؤں) ران تک کو کہتے ہیں۔ ٹخنہ تک کی قید لگا کر ٹخنہ سے اوپر کو ساقط کیا۔ لیکن خود ٹخنہ دھونے کے حکم میں داخل رہے گا۔

**اصول:** جنس ایک ہو تو غایت مغیا میں داخل ہوتا ہے ۔۲۔ جنس دو ہوں تو غایت مغیاء میں داخل نہیں ہوتا۔ جیسے روزے میں رات داخل نہیں۔

**ترجمہ:** لے امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ غایت مغیاء میں داخل نہیں ہوتی، جیسے روزے کے باب میں رات داخل نہیں ہوتی۔

**تشریح:** امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ کہنیاں اور ٹخنے دھونے میں داخل نہیں ہیں۔ یعنی اگر کہنیوں اور ٹخنوں تک دھویا اور خود کہنیوں اور ٹخنوں کو نہیں دھویا تو وضوء ہو جائیگا۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ ثم اتموا الصیام الی اللیل ، آیت ۱۸۷ سورة البقرة ۲: روزے کو رات تک پورا کرو لیکن خود رات روزے میں داخل نہیں ہے۔ اسی طرح الی المرافق اور الی الکعبین میں۔ الی کے مابعد مرافق اور کعبین دھونے میں داخل نہیں ہونگے۔

**لغت:** غایة: جہاں تک کرنے کے لئے کہا اسکی انتہاء کو غایت کہتے ہیں، جیسے روزہ رات تک رکھنے کے لئے کہا تو رات غایت ہوئی، اور اس سے پہلے جو دن ہے اسکو مغیا، کہتے ہیں۔ انگلی سے لیکر کہنی تک مغیا ہوگا اور خود مرفق (کہنی) غایت ہے۔ اسی طرح

۲ و لنا: ان هذه الغاية لاسقاط ماورائها، اذ لولاها لأستوعبت الوظيفة الكل،و في باب الصوم لمد الحكم اليها، اذ الا سم يطلق على الامساک ساعة. ۳ و الكعب هو العظم الناتي، هو الصحيح، و منه الكاعب.

---

پاؤں کی انگلی سے لیکر کعب (ٹخنے) تک مغیا ہے اور خود ٹخنہ غایت ہے۔ اب مسئلے کا حاصل یہ ہوگا کہ کہنی اور ٹخنہ جو غایت ہیں وہ دھونے میں داخل نہیں ہیں۔

(**نوٹ**) حضرت امام زفرؒ نے دلیل عقلی پیش کی ہے تاہم تلاش کے باوجود اسکے لئے مجھے کوئی حدیث یا اثر نہیں ملا، واللہ اعلم۔

**ترجمہ**: ۲ ہمارا جواب یہ ہے کہ یہ غایت مابعد کو ساقط کرنے کے لئے ہے اسلئے کہ یہ اسقاط نہ ہوتا تو دھونا کل ہاتھ اور پاؤں کو گھیر لیتا۔ اور روزے کے باب میں حکم کو رات تک کھینچنے کے لئے ہے اسلئے کہ روزے کا نام ایک گھنٹہ رکنے پر بھی بولا جاتا ہے۔

**تشریح**: یہاں سے امام زفرؒ کی دلیل کا جواب ہے۔ فرماتے ہیں کہ انگلی سے لیکر مونڈھے تک کو ہاتھ کہتے ہیں۔ اسلئے اگر آیت میں الی المرافق کی قید نہ ہوتی تو انگلی سے مونڈھے تک دھونا پڑتا۔ اسلئے الی المرافق کہہ کر کہنی سے اوپر کا حصہ دھونے سے ساقط کر دیا ، البتہ خود کہنی دھونے میں شامل رہے گی۔ (اسکو غایت اسقاط، کہتے ہیں) اور روزے کا حال یہ ہے کہ ایک گھنٹے کے روزے کو بھی روزہ کہتے ہیں اسلئے اگر الی اللیل نہ کہتے تو دن بھر کا روزہ نہ ہوتا۔ صبح ہی روزہ ختم ہو جاتا۔ اسلئے الی اللیل کہا تو روزے کو صبح سے لیکر شام تک کھینچ دیا۔ اور شام ہوتے ہی روزہ ختم ہوگیا۔ رات روزے میں داخل ہی نہیں ہے۔ اسلئے یہاں الی اللیل روزے کو رات تک کھینچنے کے لئے ہے۔ اسلئے الی کے مابعد جو اللیل ہے وہ روزے میں داخل نہیں ہوگا۔ (اسکو غایت اثبات کہتے ہیں)

**لغت**: ماوراء: جو اسکے بعد ہو جیسے کہنی سے لیکر مونڈھے تک کی جگہ۔ استوعب: وعب سے مشتق ہے۔ سب کو گھیر لے ۔الوظیفة: روزانہ کا مقرر کام۔ یہاں مراد ہے وضو میں دھونا۔ الاسم: نام۔ یہاں مراد ہے روزہ۔ جو ایک گھنٹے پر بھی بولا جاتا ہے ۔امساک: رکنا۔ ساعة: ایک گھنٹہ، ایک گھڑی۔

**ترجمہ**: ۳ اور کعب: پیر میں ابھری ہوئی ہڈی کو کہتے ہیں۔ یہی صحیح ہے۔ اور اسی لفظ سے کاعب: (ابھری ہوئی پستان والی) آتا ہے۔

**تشریح**: کعب کا ترجمہ ہے ابھرا ہوا ہونا، یا پستان کا ابھرنا۔ آیت میں کعبین کا مطلب ہوگا ہر پیر میں دو ابھری ہوئی ہڈیاں جو ایڑی سے اوپر ہوتی ہیں۔ جسکو ٹخنہ، کہتے ہیں یہی صحیح ہے۔ اسی سے آتا ہے کاعب: ابھری ہوئی پستان والی عورت ۔ امام محمدؒ سے ایک روایت منقول ہے کہ پاؤں کے پنجے پر جو ایک ہڈی ابھری ہوئی ہے وہ کعب سے مراد ہے۔ لیکن یہ صحیح نہیں ہے کیونکہ وہ ہڈی ایک ہی ہے اور آیت میں کعبین تثنیہ کا صیغہ ہے جسکا مطلب یہ ہے کہ ہر پاؤں میں دو ابھری ہوئی ہڈیاں ہونی چاہئے۔ اسلئے وہ مراد نہیں

(۴) قال [القدوری]و المفروض فی مسح الرأس مقدار الناصية :و هو ربع الرأس، لماروی المغيرة بن شعبةؓ ان النبی ﷺ اتی سباطة قوم فبال، و توضأ، و مسح علی ناصيته، و خفيه. ﴿۱﴾ و الكتاب مجمل فالتحق بيانا به

ہوسکتی۔

**لغت** :. کعوبا :پستان کاابھرنا. ناتی :ابھراہوا ۔

**ترجمہ** :(۴)اورفرض سر کےمسح میں پیشانی کی مقدار ہےاور وہ چوتھائی سر ہے۔کیونکہ مغیرہ بن شعبہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ قوم کے کوڑے پرتشریف لائے اور پیشاب کیااور وضوءفرمایااور پیشانی پرمسح فرمایااوردونوں موزوں پرمسح فرمایا۔

**ترجمہ** :۱ آیت میں سر پرمسح کرنے کاذکر ہےلیکن یہ تفصیل مذکورنہیں ہے کہ سر کے کتنے حصے پرمسح کرنا فرض ہے۔چوتھائی سر ،یاپوراسر،یاسر کا کچھ حصہ؟تو متن میں فرمایا کہ حدیث سے کم سے کم مقدار کا جو پتہ چلتا ہےوہ پیشانی کی مقدار ہے جوسر کی چوتھائی حصے کے قریب قریب ہے۔

**وجہ** : مغیرہ بن شعبہؓ کی حدیث متن میں مذکور ہےجسکی عبارت مسلم شریف میں یہ ہے عن عروة بن المغيرة بن شعبة ،عن ابيه قال : تخلف رسول الله ﷺ و تخلفت معه،فلما قضی حاجته .....ومسح بناصيته ،و علی العمامة ،و علی خفيه ، (مسلم شریف،باب المسح علی الناصیۃ،والعمامۃ ،ص۱۳۴نمبر۶۳۳/۲۷۴ ،ابوداودشریف باب المسح علی الخفین ،ص۲۲ نمبر۱۵۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پیشانی کے قریب جو بال ہے آپؐ نے اس پرمسح فرمایااوروہ چوتھائی سر کی مقدار ہے اسلئے چوتھائی سر پرمسح کرنا فرض ہوگا۔...(۲) اس کی تفسیر دوسری حدیث میں ہے کہ آپؐ نے سر کے اگلے حصے پرمسح فرمایا جو چوتھائی سر ہوتا ہے۔حدیث یہ ہےعن ابن المغيرة عن ابيه : ان نبی الله ﷺ مسح علی الخفين ،و مقدم رأسه ، و علی عمامته. (مسلم شریف،باب المسح علی الناصیۃ والعمامۃ ص۱۳۴نمبر۶۳۴/۲۷۴ /ابوداؤدشریف،باب المسح علی العمامۃ ،ص۲۲،نمبر ۱۴۷)جب سر کےصرف اگلے حصے پرمسح کیاتو پتہ یہ چلا کہ پورے سر کا مسح کرنا فرض نہیں ہے، بلکہ مستحب ہے۔کیونکہ پورے سر کا مسح فرض ہوتا توصرف پیشانی کی مقداریا اگلے حصے پرمسح کرنا کافی نہیں ہوتا۔اس لئے حنفیہ کے نزدیک چوتھائی سراور پیشانی کی مقدار پر مسح کرنا فرض ہے۔اور پورے سر پرمسح کرنا سنت ہے۔

(۲) آیت میں سر کا مسح کرنا فرض ہےلیکن کتنی مقدار فرض ہے آیت سے اس کا پتہ نہیں چلتا ہے۔آیت اس بارے میں مجمل ہے۔اب حدیث نے اس کی تفسیر کی ہے کہ کم سے کم مقدار پیشانی کے برابر ہے۔اس سے کم مقدار کا کسی حدیث سے پتہ نہیں چلتا ہے۔اس لئے کم سے کم یہ مقدار فرض ہوگی (۳) سترعورت چوتھائی کھل جائے تو نماز ٹوٹ جائے گی۔حج کے موقع پر احرام کی حالت

۲وهو حجة على الشافعیؒ فی التقدیر بثلث شعرات. ۳ و علی مالکؒ فی اشتراط الاستیعاب.

میں چوتھائی سر منڈوادے تو دم لازم ہوتا ہے۔جس طرح پورے سر منڈوانے سے دم لازم ہوتا ہے۔تو ان مقامات پر چوتھائی کل کے قائم مقام ہے اسی طرح سر کے مسح میں بھی چوتھائی پورے سر کے قائم مقام ہوگا(۴) قاعدہ یہ ہے کہ ب حرف جر آلہ پر داخل ہو تو اس کا بعض مراد ہوگا اور محل کا کل، اور محل پر داخل ہو تو محل کا بعض مراد ہوگا۔ یہاں ب سر محل پر داخل ہے اس لئے سر کا بعض حصہ مراد ہوگا کہ بعض سر کا مسح کرنا کافی ہوگا۔کتاب یعنی آیت مجمل ہے اور حدیث اسکا بیان ۔اسلئے حدیث کی بناء پر چوتھائی سر سے کم پر مسح جائز نہیں ہونا چاہئے۔

**ترجمہ**: ۲ اور یہ حدیث امام شافعیؒ پر حجت ہے تین بالوں کے متعین کرنے میں۔

**تشریح** : امام شافعیؒ کے نزدیک چند بال پر مسح کرنے سے فرض کی ادائیگی ہو جائے گی۔ امام شافعیؒ کی ''کتاب الام'' میں عبارت اس طرح ہے:قال الشافعیؒ اذا مسح الرجل بأی رأسه شاء ان کان لا شعر علیها ،و بأی شعر رأسه شاء باصبع واحدة ،او بعض اصبع ،(کتاب الام، باب مسح الرأس، ج اول ص ۱۱۱ نمبر ۳۹۰) کہ کوئی بال بھی چھو لے تو مسح ہو جائے گا۔

**وجہ** :وہ فرماتے ہیں کہ ''مسلم شریف'' کی حدیث تھی کہ پیشانی کے بال پر اور عمامے پر مسح فرمایا تو ظاہر ہے کہ کچھ بال ہی تھے جن پر مسح فرمایا چوتھائی سر تو نہیں ہو سکتا ہے اسلئے سر کے کچھ حصے پر مسح کر لینے سے فرض کی ادائیگی ہو جائے گی اور پورے سر پر مسح کرنا سنت ہوگا۔حدیث کی عبارت یہ تھی و مسح بناصیته و علی العمامة .(مسلم نمبر ۶۳۳ رابوداود نمبر ۱۵۰) ہمارے جواب کا حاصل یہ ہے کہ پیشانی پر مسح اور سر کے اگلے حصے پر مسح والی دونوں حدیثوں کو ملانے سے یہی اندازہ ہوتا ہے کہ ایک دو بال کو مسح نہیں کہا جائے گا بلکہ مسح یعنی پونچھنے کا مطلب یہی ہوگا کہ سر کا کچھ اہم حصہ ہونا چاہئے جو چوتھائی کے قریب ہے۔

**ترجمہ**: ۳ اور امام مالکؒ پر حجت ہے پورے سر کو گھیرنے کی شرط لگانے میں۔

**تشریح**: امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ پورے سر کا مسح کرنا فرض ہے۔وہ ان احادیث سے استدلال کرتے ہیں جن میں پورے سر پر مسح کرنا ثابت ہے۔وہ یہ ہیں۔عن عبد اللہ بن زیدؓ...ثم مسح رأسه بیدیه فاقبل بهما و ادبر بدأ بمقدم رأسه حتی ذهب بهما الی قفاه ثم ردهما الی المکان الذی بدأ منه ۔ (بخاری شریف، باب مسح الرأس کله، ص ۳۱ نمبر ۱۸۵ رابوداود شریف، باب صفة وضوء النبی ﷺ، ص ۱۶ نمبر ۱۱۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پورے سر پر مسح کرنا ضروری ہے تب ہی تو آپؐ نے پورے سر پر مسح فرمایا۔

ہم اس کا جواب دیتے ہیں کہ یہ احادیث سنیت پر محمول ہیں۔اور ہم بھی ایک مرتبہ پورے سر پر مسح کرنا سنت قرار دیتے ہیں۔اگر

۴ وفی بعض الروایات قدره بعض اصحابنا بثلث اصابع الید لانها اکثر ما هو الاصل فی آلة المسح

---

پورے سر پر مسح کرنا فرض ہوتا تو آپ صرف پیشانی کی مقدار پر کبھی اکتفاء نہ کرتے۔صرف پیشانی کی مقدار پر اکتفاء کرنا دلیل ہے کہ اتنے ہی سے فرض کی ادائیگی ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ۴ اور بعض روایت میں ہے کہ ہمارے بعض اصحاب نے ہاتھ کے تین انگلی کی مقدار اسکی تعین کی ،اسلئے کہ مسح کے آلے میں وہ اصل ہے اور تین انگلیوں کا اکثر ہے۔

**تشریح**:۔ ہمارے بعض اصحاب نے فرمایا کہ ہاتھ کی تین انگلیوں سے مسح کر لیا تو مسح ہو جائے گا۔اسکی وجہ یہ ہے کہ ہاتھ مسح کرنے کا آلہ ہے، جس سے مسح کرتے ہیں۔اور ہاتھ میں پانچ انگلیاں ہیں ،اور تین انگلیاں ان میں سے اکثر ہیں اسلئے تین انگلیوں سے مسح کر لیا تو اکثر آلے سے مسح کر لیا ،تو للا کثر حکم الکل کے تحت گویا کہ کل ہاتھ سے مسح کر لیا اسلئے اس سے مسح کافی ہو جائے گا ۔(۲) تین انگلیوں سے مسح کرنے میں پیشانی کی مقدار مسح ہو جائے گا اسلئے فرض کی ادائیگی ہو جائے گی اسلئے کافی ہوگا۔

**لغت**: الناصیة : پیشانی یہاں پیشانی کی مقدار مراد ہے کیوں کہ صرف پیشانی پر مسح کرنے سے کسی کے یہاں مسح ادا نہیں ہوگا۔کیونکہ آیت میں سر پر مسح کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔مغیرہ بن شعبہ مشہور صحابی ہیں غزوہ خندق کے سال اسلام لائے ہیں اور ۵۰ھ یا ۵۱ھ میں وفات پائی ہے۔ان سے ایک سو چھتیس 136 حدیثیں مروی ہیں۔ سباطة : کوڑا، کچرا پھینکنے کی جگہ. بال : پیشاب کیا۔ التقدیر: قدر سے مشتق ہے اندازہ کرنا۔الاستیعاب: گھیرنا۔آلۃ المسح :مسح کرنے کا آلہ،اس سے مراد ہاتھ ہے۔

﴿سنن الطهارة﴾

(۵)قال:(القدوری) وسنن الطهارة (٦) غسل اليدين قبل ادخالهما الاناء اذااستيقظ المتوضی من نومه﴾

لقوله عليه السلام: اذا استيقظ احدكم من منامه فلايغمسن يده فی الاناء حتی يغسلها ثلاثا فانه لايدری اين باتت يده،

﴿سنن الطهارة﴾

**ترجمه**:(۵) سنن الطهارة : طہارت کی سنتیں۔طریقہ یاراستہ کوسنت کہتے ہیں۔شریعت میں جس کام پرعبادت کے طور پرحضورﷺ نے ہمیشگی کی ہواور کبھی کبھی چھوڑا ہواس کوسنت کہتے ہیں۔اگر عبادت کے طور پر نہیں بلکہ عادت کے طور پر کسی کام پر آپ نے ہمیشگی کی ہوتو وہ کام مستحب ہوگا۔جیسے دائیں جانب سے کسی اچھے کام کوشروع کرنا مستحب ہے۔

**ترجمه**:(٦)وضوء کی سنتیں:دونوں ہاتھوں کوتین مرتبہ دھونا ان دونوں کو برتن میں داخل کرنے سے پہلے جبکہ وضو کرنے والا نیند سے بیدار ہوا ہو۔

**تشریح**: کوئی آدمی نیند سے بیدار ہوا ہواور وضو یا غسل کرنا چاہتا ہوتو پانی کے برتن میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے ہاتھ کوتین مرتبہ دھو لینا چاہئے، یہ سنت ہے۔کیونکہ ہوسکتا ہے کہ نیند کی حالت میں اس کا ہاتھ نجاست کی جگہ پر گیا ہواور ہاتھ پر ناپاکی موجود ہواور وضو کرنے والے کواسکا پتہ نہ ہو۔اب اس ہاتھ کو پانی میں ڈالے گاتو پانی ناپاک ہوجائے گا۔اس لئے برتن میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے ہاتھ کوتین مرتبہ دھو لے۔اگر ہاتھ پر ناپاکی ہونے کاظن غالب ہوتو دھونا ضروری ہے۔اور صرف شک ہوتو دھونا سنت ہے۔

**ترجمه**: لے آپ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی نیند سے بیدار ہوتو وہ اپنے ہاتھ کو برتن میں نہ ڈالے جب تک کہ اسکوتین مرتبہ نہ دھوڈالے اسلئے کہ اسکومعلوم نہیں ہے کہ ہاتھ کہاں کہاں گیا ہے۔

**وجه**: اس کے سنت ہونے کی دلیل اوپر کی حدیث ہے جسکی عبارت اس طرح ہے۔عن ابی هريرة رضی الله عنه ان النبی ﷺ قال اذا استيقظ احدكم من نومه فلا يغمس يده فی الاناء حتی يغسلها ثلاثا فانه لايدری اين باتت يده (الف)(مسلم شریف،باب کراہیۃ غمس المتوضی وغیرہ یدہ المشکوک فی نجاستہا فی الاناء قبل غسلہا ثلاثا ص ۱۳۶ نمبر ۶۴۳/۲۷۸۔ترمذی شریف،باب ماجاء اذا استیقظ احدکم من منامہ فلا یغمسن یدہ فی الاناء حتی تغسلھا ثلاثا ص ۱۳ نمبر ۲۴) پانی دست یاب نہ ہونے کی وجہ سے اہل عرب پیشاب اور پیخانہ صاف کرنے کیلئے ڈھیلا استعمال کرتے تھے اسلئے اگر نیند میں پسینہ والا ہاتھ وہاں چلا جائے تو ہاتھ کے ناپاک ہونے کا خطرہ ہے اسلئے فرمایا کہ نیند سے بیدار ہونے کے بعد وضوء سے پہلے ہاتھ ضرور دھولیا کرے۔مصنف نے نیند سے بیدار ہونے کے بعد ہاتھ دھونا سنت لکھا ہے۔علماء نے لکھا ہے کہ نیند سے بیدار نہ ہوتب بھی وضو کرنے

۲ ولان اليد آلة التطهير فسن البداية بتنظيفها ۳ هذا الغسل الى الرسغ لوقوع الكفاية به في التنظيف. (۷) قال (القدوری) و تسمية الله تعالى في ابتداء الوضوء﴾ ١ لقوله عليه السلام: لاوضوء لمن لم يسم، ۲ والمراد به نفي الفضيلة،

---

والے کے لئے ہاتھ دھونا سنت ہے۔

**ترجمہ**: ۲ اور اسلئے بھی کہ ہاتھ پاک کرنے کا آلہ ہے اسلئے اسکو ہی پہلے صاف کرنا سنت ہوگی۔

**تشریح**: ہاتھ سے پانی لیکر دوسرے عضو کو دھوتے ہیں اسلئے پہلے ہاتھ ہی کو پاک کرنا چاہئے ورنہ تو ناپاک ہاتھ پانی کو ناپاک کردے گا تو دوسرے اعضاء پر وہ پانی کیسے ڈالیں گے اسلئے پہلے ہاتھ کو پاک کرنا سنت ہے۔ یہ صاحب ھدایہ دلیل عقلی پیش کر رہے ہیں۔

**ترجمہ**: ۳ اور یہ دھونا پہنچے تک ہے کیونکہ اتنا ہی پاک کرنے کے لئے کافی ہے۔

**تشریح**: حدیث میں ہاتھ کا لفظ ہے جس سے شبہ ہوتا ہے کہ شروع میں پورا ہاتھ دھونا ضروری ہوا اسلئے مصنف نے شبہ دور کیا کہ یہاں ہاتھ سے پورا ہاتھ مراد نہیں ہے بلکہ گٹے تک ہی ضروری ہے کیونکہ برتن میں ہاتھ ڈال کر پانی نکالنا ہو تو گٹے تک ہی ہاتھ پانی میں جاتا ہے اسلئے گٹے تک ہی دھونا ضروری ہے۔

**لغت**: الاناء : برتن، استیقظ : بیدار ہوا، نوم : نیند۔ یغمس : برتن میں ہاتھ ڈالنا۔ باتت: رات گزارنا، یہاں مراد ہے سوئے ہوئے میں ہاتھ کا نجاست کی جگہ پر چلا جانا۔ البدایۃ: شروع کرنا۔ تنظیف : نظف سے مشتق ہے پاک صاف کرنا .الرسغ :ہاتھ کا گٹا۔ ہاتھ کا پہنچا۔

**ترجمہ**:(۷)[دوسری سنت] وضوء کے شروع میں بسم اللہ پڑھنا۔

**ترجمہ** :١ متن کی حدیث میں ہے کہ جس نے بسم اللہ نہیں پڑھی اس کا وضوء ہی نہیں ہے۔ اسکی اصل عبارت اسطرح ہے۔ ابی سفیان بن حویطب عن جدتة عن ابیها قال سمعت رسول الله ﷺ يقول لا وضوء لمن لم يذكر اسم الله عليه (ترمذی شریف، باب فی التسمیۃ عند الوضوء ص ۱۴ نمبر ۲۵ رابو داؤد شریف، باب فی التسمیۃ علی الوضوء، ص ۱۵، نمبر ۱۰۱) حدیث میں یہ ذکر ہے کہ بغیر بسم اللہ کے وضوء ہی نہیں ہوگا۔ لیکن اس سے مراد ہے کہ وضوء تو ہو جائے گا لیکن ثواب نہیں ملے گا۔

**ترجمہ**: ۲ اس سے مراد فضیلت کی نفی ہے

**تشریح**: حدیث کی تاکید سے معلوم ہوتا ہے کہ بغیر بسم اللہ کے وضوء ہوگا ہی نہیں۔ لیکن مصنف اسکی تاویل کرتے ہیں کہ وضوء تو ہو جائے گا لیکن فضیلت نہیں ملے گی۔ جسکو حدیث میں فرمایا کہ گویا کہ اسکا وضوء ہی نہیں ہوا۔ جس طرح دوسری حدیث میں ہے لا

۳؎ والاصح انها مستحبة، وان سماها في الكتاب سنة، ۴؎ ويسمى قبل الاستنجاء، وبعده، هو الصحيح

---

صلوة لجار المسجد الا في المسجد : کہ مسجد کے پڑوسی کی نماز مسجد کے بغیر ہوتی ہی نہیں۔حالانکہ سب ائمہ فرماتے ہیں کہ نماز ہو جاتی ہے البتہ پوری فضیلت والی نہیں ہوتی ،اسی طرح یہاں بھی بغیر بسم اللہ کے وضوء فضیلت والا نہیں ہوگا۔

**وجه** : اثر میں ہے کہ بغیر بسم اللہ کے وضوء کر لیا تو وضوء ہو جائے گا البتہ ثواب نہیں ملے گا۔اثر یہ ہے عن الحسن قال : یسمی اذا توضأ ،فان لم یفعل اجزأه ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ،ج اول ، باب فی التسمیۃ فی الوضوء،ص۱۲نمبر۱۸)اس اثر سے معلوم ہوا کہ بغیر بسم اللہ کے وضوء ہو جائے گا۔

**ترجمه**: ۳؎ صاحب ہدایہ فرماتے ہیں۔اصح یہ ہے کہ بسم اللہ پڑھنا مستحب ہے اگر چہ قدوریؒ نے اسکو سنت فرمایا ہے۔

**تشریح**: صاحب قدوری نے اوپر کی حدیث۔لا وضوء لمن لم یذکر اسم الله علیه۔کی وجہ سے بسم اللہ پڑھنا سنت فرمایا۔لیکن صاحب ھدایہ دوسری حدیث کی بناء پر مستحب فرماتے ہیں۔حدیث یہ ہے۔عن ابی هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : من توضأوذکر اسم الله یطهر جسده کله ،و من توضأ ولم یذکر اسم الله لم یطهر الا موضع الوضوء۔(دار قطنی ج اول ، باب التسمیۃ علی الوضوء،ص۶۷نمبر۲۲۹رسنن بیہقی ج اول ، باب التسمیۃ علی الوضوء،ص۷۴نمبر۲۰۰ر،مصنف ابن ابی شیبۃ ،ج اول نمبر۱۷)اس حدیث میں ہے کہ بسم اللہ پڑھے گا تو پورا جسم پاک ہو جائیگا اور بسم اللہ نہیں پڑھے گا تو صرف اعضاء وضوء پاک ہونگے پورا جسم پاک نہیں ہوگا اس سے اشارہ ملتا ہے کہ بسم اللہ پڑھنا مستحب ہے۔

**فائده**: اسحاق بن راھویہ فرماتے ہیں کہ جان کر بسم اللہ چھوڑ دے تو وضو لوٹائے گا اور بھول کر یا حدیث کی تاویل کرتے ہوئے بسم اللہ چھوڑ دے تو وضو ہو جائیگا ان کی دلیل اوپر والی حدیث ہے۔جس میں ہے کہ بغیر بسم اللہ کے وضوء ہوگا ہی نہیں۔

**ترجمه**: ۴؎ بسم اللہ استنجاء سے پہلے بھی پڑھ سکتا ہے اور بعد میں بھی پڑھ سکتا ہے۔یہی صحیح ہے۔

**تشریح**:وضوء سے پہلے پیشاب اور پاخانہ کی صفائی کے لئے استنجاء کرتے ہیں۔اسکے بعد وضوء کرتے ہیں۔حدیث کے انداز سے معلوم ہوتا ہے کہ ٹھیک وضوء سے پہلے بسم اللہ پڑھے۔لیکن مصنف فرماتے ہیں کہ استنجاء سے پہلے بھی پڑھ لیگا تب بھی کافی ہو جائے گا ،اور ثواب مل جائے گا۔یہی صحیح ہے۔اسکی وجہ یہ ہے کہ استنجاء کرنا بھی وضو ہی کے لئے ہی ہے اس لئے استنجاء سے پہلے بسم اللہ پڑھے گا تب بھی کافی ہو جائے گا۔

**لغت** : تسمیۃ :سمی کا مصدر ہے،بسم اللہ پڑھنا۔الاستنجاء:نجا،نجو،نجاۃ سے باب استفعال کا مصدر ہے پاخانہ پیشاب کرنے کے بعد دھونا یا ڈھیلے سے پوچھنا۔

(۸) و السواک ﴾ ۱ لانه السلام كان يواظب عليه ۲ وعند فقده يعالج بالاصبع، لانه عليه السلام فعل كذالک (۹) والمضمضة، والاستنشاق ﴾ ۱ لان النبی عليه السلام فعلهما علی المواظبة.

---

**ترجمه**: (۸) [تیسری سنت] مسواک کرنا ہے۔

**ترجمه**: ۱ اسلئے کہ حضور ﷺ ہمیشہ مسواک کیا کرتے تھے۔ متن کا اشارہ ان احادیث کی طرف ہے۔

**وجه**: (۱) حدیث میں ہے عن ابی هريرة رضی الله عنه عن النبی ﷺ قال لولا ان اشق علی المؤمنين و فی حديث زهير علی امتی لامرتهم بالسواک عند كل صلوة (مسلم شریف، باب السواک ص ۱۲۸ نمبر ۲۵۲ / ۵۸۹ / ترمذی شریف، باب ماجاء فی السواک ص ۱۲ نمبر ۲۲ / بخاری شریف، باب السواک ص ۳۸ نمبر ۲۴۴) اس حدیث سے اگر چہ یہ ثابت ہوتا ہے کہ نماز کے وقت مسواک سنت ہے۔ لیکن یہاں ایک عبارت محذوف ہوگی عند وضوء كل صلوة یعنی ہر نماز کے وضو کے وقت مسواک کرنا سنت ہے۔

(۲) عن ابی هرير ة رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ لولا ان اشق علی امتی لامرتهم بالسواک مع كل وضوء (سنن للبیہقی، باب الدلیل علی ان السواک سنۃ لیس بواجب، جلد اول ص ۵۷، نمبر ۱۴۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسواک وضو کے وقت سنت ہے (۳) مسواک کا مقصد منہ کی گندگی صاف کرنا ہے اس لئے وہ وضو کے زیادہ مناسب ہے۔

**فائده**: امام شافعیؒ کے نزدیک مسواک سنت نماز ہے۔ ان کی دلیل اوپر کی حدیث عند کل صلوۃ ہے (موسوعۃ امام شافعی باب السواک ص ۱۰۲ نمبر ۳۶۵ ج اول)

**ترجمه**: ۲ اور مسواک نہ ہوتے وقت انگلی سے رگڑے۔ اسلئے کہ حضور ﷺ نے ایسا کیا ہے۔

**وجه**: حدث میں ہے کہ مسواک نہ ہوتے وقت انگلی کافی ہے۔ حدیث یہ ہے عن انس، عن النبی ﷺ قال: تجزی من السواک الاصابع۔ (سنن للبیہقی باب الاستیاک بالاصابع، ج اول، ص ۶۶ نمبر ۱۷۶)

**لغت**: يواظب: مواظبت سے مشتق ہے: کسی کام کو ہمیشہ کرنا۔ فقد: گم ہونا، نہ پانا۔ يعالج: باب مفاعلت سے، علاج کرنا، کوئی کام کرنا۔

**ترجمه**: (۹) [چوتھی سنت] کلی کرنا [پانچویں سنت] ناک میں پانی ڈالنا۔

**ترجمه**: ۱ اسلئے کہ حضور ﷺ نے ہمیشہ ایسا کیا ہے۔ اور کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے کی کیفیت یہ ہے کہ تین مرتبہ کلی کرے اور ہر مرتبہ نیا پانی لے۔ پھر ایسے ہی تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالے۔ اسلئے کہ حضور ﷺ کے وضوء سے یہی منقول ہے۔

۲ و كيفيتهما ان يمضمض ثلاثايأخذلكل مرة ماء جديدا، ثم يستنشق كذالک. هو المحكى من

**تشریح** : کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا سنت ہیں۔ اور اسکی صورت یہ ہے کہ پہلے تین مرتبہ پانی لے اور اس سے کلی کرے اور ہر مرتبہ نیا پانی لے۔ پھر تین مرتبہ پانی لے اور اس سے ناک میں پانی ڈالے۔ کلی اور ناک کے لئے ایک ہی چلو نہ لے۔ دلیل کے لئے یہ احادیث ہیں جنکا اشارہ متن میں کیا۔

**وجه**: (۱) حدیث میں ہے رأيت عثمان بن عفان سئل عن الوضوء فدعا بماء فاتى بميضأة فاصغاها على يده اليمنى ثم ادخلها فى الماء فتمضمض ثلثا و استنثر ثلثا (ابوداؤد شریف، باب صفة وضوء النبی ﷺ ص ۱۶ نمبر ۱۰۸/ ۱۱۲/ مسلم شریف باب صفة الوضوء وکمالہ۔ ص ۱۲۳ نمبر ۲۲۶/ ۵۳۸) اس باب کی یہ تیسری حدیث ہے۔ اس باب میں تین مرتبہ کلی الگ پانی سے کی ہے۔ اور تین مرتبہ ناک میں پانی الگ پانی لیکر ڈالا ہے۔ اس لئے حنفیہ کے نزدیک تین مرتبہ پانی لیکر کلی کرنا سنت ہے۔ (۲) عن طلحة عن ابيه عن جده قال دخلت يعنى على النبى ﷺ وهو يتوضأ و الماء يسيل من وجهه ولحيته وعلى صدره فرأيته يفصل بين المضمضة و الاستنشاق (ابوداؤد شریف، باب فی الفرق بین المضمضة والاستنشاق ص ۲۰ نمبر ۱۳۹) ابوداؤدؒ نے باضابطہ باب باندھا ہے کہ کلی اور ناک میں پانی ڈالنا آپؐ نے الگ الگ فرمایا ہے۔

**فائدہ**: امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ ایک چلو پانی لے اور اس کے آدھے سے کلی کرے اور آدھے کو ناک میں ڈالے پھر دوسری مرتبہ چلو میں پانی لے اور آدھے سے کلی کرے اور آدھے کو ناک میں ڈالے، پھر تیسری مرتبہ چلو میں پانی لے اور آدھے سے کلی کرے اور آدھے کو ناک میں ڈالے۔ اس طرح تین ہی چلو سے دونوں کام کرے۔ کتاب الام میں ہے و احب الى ان يبدأ المتوضى بعد غسل يديه ان يتمضمض ،و يستنشق ثلاثا : يأخذ بكفه غرفة لفيه ،و انفه۔ (موسوعة الامام الشافعی، باب المضمضة والاستنشاق، ج اول، ص ۱۰۵ نمبر ۳۷۹)

**وجه**: ان کا استدلال ان احادیث سے ہے جس میں۔ فمضمض واستنشق من كف واحد ففعل ذلک ثلاثا ہے۔ حدیث یہ ہے عن عبد الله بن زيد ابن عاصم الانصارى .و كانت له صحبة . قال : قيل له توضأ لنا وضوء رسول الله ﷺ.....ثم ادخل يده فاستخرجها ،فمضمض و استنشق من كف واحدة (مسلم شریف، باب آخر فی صفة الوضوء ص ۱۲۳ نمبر ۲۳۵/ ۵۵۵/ بخاری شریف، باب من مضمض واستنشق من غرفة واحدة، ص ۳۱، نمبر ۱۹۱/ ص ۲۶ نمبر ۱۴۰/ ترمذی شریف، باب المضمضة والاستنشاق من کف واحد، ص ۱۴، نمبر ۲۸) اس حدیث میں ایک ہی چلو سے کلی اور ناک میں پانی ڈالنے کا ذکر ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ حدیث اوپر کی بھی ہے۔ اور الگ الگ پانی ڈالنے میں زیادہ نظافت ہے۔

**ترجمه** : ۲ اور کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے کی کیفیت یہ ہے کہ تین مرتبہ کلی کرے اور ہر مرتبہ نیا پانی لے، پھر ناک میں بھی ایسے ہی تین مرتبہ پانی ڈالے، یہی حضور ﷺ سے منقول ہے۔ اسکی حدیث اوپر گزر چکی ہے۔

وضوئه ﷺ (۱۰) و مسح الاذنين ﴾ ۱؎ وهو سنه بماء الرأس .خلافا للشافعیؒ لقوله عليه السلام: الاذنان من الرأس ۲؎ و المراد بيان الحكم دون الخلقة.

**لغت**: المضمضة : مضمضہ کرنا،کلی کرنا. الاستنشاق : باب استفعال سے ناک میں پانی چڑھانا،دوسرالفظ آتا ہے استنثر : ناک سے پانی جھاڑنا ۔

**فائدہ** : امام مالکؒ کے نزدیک یہ دونوں وضومیں بھی فرض ہیں۔

**ترجمہ**:(۱۰)[چھٹی سنت ]دونوں کانوں کا مسح کرنا ہے۔

**ترجمہ** : ۱؎ وہ سر کے پانی سے سنت ہے۔برخلاف امام شافعیؒ کے۔کیونکہ حضور ﷺ نے فرمایا الاذنان من الرأس۔یعنی کان سر کا حصہ ہے۔

**تشریح** : سر کے مسح کے علاوہ دونوں کانوں کا مسح بھی سنت ہے۔لیکن سر کے مسح کے بعد جو بچا ہوا پانی ہے اسی سے کان کا مسح کرے الگ سے پانی لینے کی ضرورت نہیں ہے۔

**وجہ**: حدیث میں اسکی تصریح ہے کہ سر کے پانی ہی سے آپ نے کان کا مسح فرمایا۔حدیث یہ ہے ۔عن ابن عباس:ان النبی ﷺ مسح برأسه واذنيه ظاهرهما و باطنهما (ترمذی شریف،باب مسح الاذنین ظاہرہما وباطنہما ص۱۶ نمبر ۳۶/ابوداؤد، باب صفۃ وضوء النبی ﷺ ص ۱۶ نمبر ۱۲۱)(۲)عن ابی امامة قال : توضأ النبی ﷺ فغسل وجهه ثلاثا و يديه ثلاثا ، و مسح برأسه ،و قال : الاذنان من الرأس . (ترمذی،باب ماجاء ان الاذنین من الرأس۔ص۱۶،نمبر ۳۷ )اس حدیث سے ثابت ہوا کہ کان کے اوپر اور نیچے کے حصہ کا سر کے ساتھ مسح کرنا سنت ہے۔

**ترجمہ** : ۲؎ اور مراد حکم کا بیان کرنا ہے نہ کہ تخلیق کا۔اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ۔حدیث میں الاذنان من الرأس:کان سر میں سے ہے،فرمایا تو اس سے کان کا حکم بیان کرنا مقصود ہے کہ کان کو سر کے ساتھ مسح کیا جائے گا۔اس حدیث سے کان کی خلقت بیان کرنا مقصود نہیں ہے کہ کان سر کے ساتھ پیدا ہوا ہے۔کیونکہ آپؐ حکم بیان کرنے کے لئے دنیا میں تشریف لائے تھے،خلقت بیان کرنے کے لئے نہیں۔

**فائدہ** : (خلافا للشافعی )امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ کان کے لئے الگ پانی لینا مسنون ہے۔امام شافعی کی دلیل یہ حدیث ہے سمع عبد الله بن زيد يذكر انه راى رسول الله ﷺ يتوضأ فاخذ لاذنيه ماء خلاف الماء الذی اخذ لرأسه (سنن للبیہقی ،باب مسح الاذنین بماء جدید ج اول ص ۱۰۷،نمبر ۳۰۸ )اس حدیث میں ہے کہ کان کے لئے الگ پانی لیا۔

امام شعبیؒ فرماتے ہیں کہ کان کا اگلا حصہ چہرے کے ساتھ دھویا جائے گا اور پچھلا حصہ کا سر کے ساتھ مسح کیا جائیگا۔انکا قول یہ

(۱۱) قال (القدوری) و تخلیل اللحیة ﴾ ۱؎ لان النبی علیه السلام امره جبرئیل علیه السلام بذالک ۲؎ و قیل هو سنة عند ابی یوسف. ۳؎ جائز عند ابی حنیفة، و محمدؒ ۴؎ لان السنة اکمال الفرض فی محله و الداخل لیس بمحل الفرض

---

ہے۔عن الشعبی قال : ما اقبل من الاذنین فمن الوجه ،و ما ادبر فمن الرأس ۔(مصنف ابن ابی شیبة ۱۴ باب من قال:الاذنان من الراٴس، ج اول ص ۲۴ نمبر ۱۶۵)۔

**ترجمہ**: (۱۱)[ساتویں سنت] ڈاڑھی کا خلال کرنا ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ حضور ﷺ کو حضرت جبرئیل نے اسکا حکم دیا تھا۔(یعنی اللہ نے حکم دیا تھا)

**تشریح**: ڈاڑھی کا خلال کرنا سنت ہے اللہ نے حضورؐ کو اسکا حکم دیا تھا جیسا کہ نیچے والی حدیث میں اسکا ذکر ہے۔

**وجہ**: حدیث میں ہے عن عثمان بن عفانؓ ان النبی ﷺ کان یخلل لحیته (ترمذی شریف، باب تخلیل اللحیة ص ۱۴ نمبر ۳۱)عن انس بن مالکؓ ان رسول اللہ ﷺ کان اذا توضأ اخذ کفا من ماء فادخله تحت حنکه خلل به لحیته وقال هکذا امرنی ربی (ب)(ابوداؤد، باب تخلیل اللحیة ص ۲۱ نمبر ۱۴۵) اس حدیث میں ہے کہ اللہ نے ڈاڑھی میں خلال کرنے کا حکم دیا۔(۲)دوسری حدیث میں تصریح ہے کہ حضرت جبرئیل نے خلال کا حکم دیا۔عن انس ان النبی ﷺ قال : اتانی جبریل فقال : اذ اتوضأت فخلل لحیتک ۔(مصنف ابن ابی شیبة ،باب فی تخلیل اللحیة فی الوضوء، ج اول، ص ۲۰ نمبر ۱۱۴)اسی حدیث سے صاحب ھدایہ نے استدلال کیا ہے کہ حضرت جبریلؑ نے آپکو خلال کا حکم دیا تھا۔

**ترجمہ**: ۲؎ بعض لوگوں نے کہا کہ خلال امام ابو یوسفؒ کے نزدیک سنت ہے۔اسکی وجہ یہ ہے کہ اوپر کی حدیث میں خلال کی تاکید آئی ہے اسلئے وہ سنت ہوگا۔

**ترجمہ**: ۳؎ امام ابو حنیفہ اور امام محمد کے نزدیک خلال کرنا جائز ہے۔یعنی سنت کی طرح تاکید نہیں ہے۔

**وجہ**: اثر میں ہے کہ وہ خلال کرنا سنت نہیں سمجھتے تھے۔عن ابن سیرین قال رأیت یغسل لحیته فقلت له : من السنة غسل اللحیة فقال : لا ۔(مصنف ابن ابی شیبة ،۱۱ فی غسل اللحیة فی الوضوء، ج اول، ص ۲۲ نمبر ۱۲۸)اس اثر میں ہے کہ خلال کرنا سنت نہیں ہے۔جو جائز ہونے کی دلیل ہے۔

**ترجمہ**: ۴؎ اسلئے کہ سنت فرض کو پورا کرنے کے لئے ہے فرض کی جگہ میں اور ڈاڑھی کا اندرونی حصہ فرض کی جگہ نہیں ہے۔

**تشریح**: ڈاڑھی کا خلال صرف جائز ہے سنت نہیں ،اسکے لئے دلیل عقلی پیش کرر ہے ہیں۔۔قاعدہ یہ ہے کہ جس جگہ کو دھونا فرض ہے اس جگہ فرض کی تکمیل کے لئے سنت ہوتی ہے۔اور گھنی ڈاڑھی کے اندرونی حصہ کی طرف پانی پہونچانا فرض نہیں ہے اسلئے اسکی

(۱۲) و تخلیل الاصابع ﴾ ۱؎ لقوله علیه السلام: خللوا اصابعکم کی لا تخللها نار جهنم ۲؎ ولانه اکمال الفرض فی محله. (۱۳) و تکرار الغسل الی الثلث ﴾

---

تکمیل کی بھی ضرورت نہیں ہے اسلئے وہاں خلال کرنا سنت بھی نہیں ہوگا۔البتہ حدیث کی بناء پر صرف جائز ہوگا۔ اصل وجہ وہی ہے کہ جائز ہونے کے لئے اثر ہے۔

**نوٹ**: ہلکی ڈاڑھی ہوتو پانی کھال تک پہنچانا ضروری ہے۔اور گھنی ڈاڑھی ہوتو ڈاڑھی کے اوپر دھولے اورڈاڑھی کے اندر خلال کرنا اس وقت سنت ہے۔

**وجہ**: اس اثر سے استدلال کیا جاسکتا ہے۔عن عبدالرحمٰن بن ابی لیلی قال:ان استطعت ان تبلغ بالماء اصول اللحیۃ فافعل۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۱فی غسل اللحیۃ فی الوضوء، ج اول ص ۲۲ نمبر ۱۲۷)اس اثر میں ہے کہ ڈاڑھی ہلکی ہواور بال کی جڑ تک پانی پہونچاسکتے ہوتو وہاں تک پانی پہونچاو۔

**ترجمہ**:(۱۲) [آٹھویں سنت] انگلیوں کا خلال کرنا ہے۔

**وجہ**: (۱)صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔عن ابن عباس ؓ ان رسول الله ﷺ قال اذا توضأت فخلل اصابع یدیک و رجلیک (ترمذی شریف، باب تخلیل الاصابع ص ۱۶ نمبر ۳۹ رنسائی شریف، باب الامر بتخلیل الاصابع ،ص ۱۶ نمبر ۱۱۴)(۲)انگلی کے خلال کرنے میں حکمت یہ ہے کہ پانی ہر جگہ پہنچ جائے ۔کیونکہ اعضاء وضو میں ایک بال کے برابر بھی خشک رہ جائے تو وضو نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: ۱؎ آپ ﷺ کے قول کی وجہ سے۔کہ اپنی انگلیوں کا خلال کرو تاکہ جہنم کی آگ اسکے بیچ میں نہ جائے۔یہ عبارت حضرت حذیفہؓ،حضرت عبداللہؓ اور حضرت ابو بکرؓ کا اثر ہے جو ممکن ہے کہ حضور سے سنے ہوں اسلئے صاحب ھدایہ نے لقولہ السلام کہہ دیا۔اثر یہ ہے۔ان ابا بکر الصدیق ؓ قال: لتخللن اصابعکم بالماء او لیخللنها الله بالنار ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ،۸فی تخلیل الاصابع فی الوضوء، ج اول ص ۲۰ نمبر ۹۶ ر۸۷)اس اثر میں ہے کہ انگلیوں کا خلال نہیں کروگے تو اللہ آگ اسکے درمیان ڈالیں گے۔اصل تو اوپر والی حدیث ترمذی ونسائی ہے جسکی بناء پر انگلیوں کا خلال سنت ہے۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور اسلئے کہ یہ خلال فرض کو پورا کرنے کے لئے فرض کی جگہ میں ۔اسلئے یہ سنت ہوگا۔

**تشریح**: اوپر قاعدہ گزر چکا ہے کہ جہاں دھونا فرض ہے اسکی تکمیل کے لئے خلال کرنا سنت ہے۔یہاں انگلیوں کا دھونا فرض ہے اسلئے اسکی تکمیل کے لئے خلال سنت ہوگی۔اسی کو مصنف نے کہا کہ فرض کا اکمال اسکے محل میں ہے۔

**ترجمہ**: (۱۳) [نویں سنت] تین مرتبہ دھونے کا تکرار کرنا ہے۔

لے لان النبی علیہ السلام توضأ مرة مرة وقال هٰذا وضوء لا یقبل الله تعالی الصلوٰة الا به، و توضأ مرتین مرتین و قال هٰذا وضوء من یضاعف الله له الاجر مرتین، توضأ ثلاثا ثلاثا و قال هٰذا وضوئی و وضوء الانبیاء من قبلی ۲ فمن زاد علی هٰذا او نقص فقد تعدی و ظلم، و الوعید لعدم رؤیته سنة.

---

**تشریح** : تمام اعضاء مغسولہ کو تین تین مرتبہ دھونا بھی سنت ہے۔اور ایک ایک مرتبہ دھونا فرض ہے۔

**وجه** : (۱) تین مرتبہ دھونے سے یقین ہو جائے گا کہ کوئی جگہ بال برابر بھی خشک نہیں رہ گئی۔(۲) حدیث میں ہے رأی عثمان بن عفانؓ دعا باناء فافرغ علی کفیه ثلث مرار فغسلهما ثم ادخل یمینه فی الاناء فمضمض واستنثر ثم غسل وجهه ثلاثا ویدیه الی المرفقین ثلث مرار، ثم مسح برأسه، ثم غسل رجلیه ثلث مرار الی الکعبین ثم قال قال رسول الله ﷺ من توضأ نحو وضوئی هٰذا ثم صلی رکعتین لا یحدّث فیهما نفسه غفر له ما تقدم من ذنبه۔(بخاری شریف، باب الوضوء ثلاثا ثلاثا ص ۲۷ نمبر ۱۵۹ /ابو داؤد شریف، باب الوضوء ثلاثا ثلاثا ص ۲۰ نمبر ۱۳۵) اس حدیث میں ہے کہ اعضاء تین تین مرتبہ دھویا، جس سے معلوم ہوا کہ تین تین مرتبہ دھونا سنت ہے۔

**ترجمه** : لے اسلئے کہ حضور ﷺ نے ایک ایک مرتبہ وضوء کیا اور فرمایا یہ کم سے کم درجے کا وضوء ہے اسکے بغیر اللہ تعالی نماز قبول نہیں کرتے۔اور دو دو مرتبہ وضوء کیا اور فرمایا یہ ایسا وضوء ہے کہ اللہ دوگنا اسکو اجر دیتے ہیں اور تین تین مرتبہ وضوء کیا اور فرمایا یہ میرا وضوء ہے اور مجھ سے پہلے انبیاء کرام کا وضوء ہے۔صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔عن ابی بن کعب : ان رسول الله ﷺ دعا بماءٍ فتوضأ مرة مرة ،فقال : هٰذا وظیفة الوضوء .او قال : وضوء من لم یتوضأه لم یقبل الله له صلاة .ثم توضأ مرتین مرتین ثم قال : هٰذاوضوء من توضأ ہ اعطاه الله کفلین من الاجر ،ثم توضأ ثلاثا ثلاثا ،فقال : هٰذا وضوئی و وضوء المرسلین من قبلی .(ابن ماجۃ ،باب ماجاء فی الوضوء مرۃ ومرتین وثلاثا ،ص ۶۱ نمبر ۴۲۰ / دار قطنی ،باب وضوء رسول اللہ ﷺ ،ج اول ص ۸۲ نمبر ۲۵۴)۔

**ترجمه** : ۲ جس نے اس سے زیادہ کیا یا کم کیا تو تعدی کیا اور ظلم کیا۔اور وعید اس وقت ہے جب تین کو سنت نہ سمجھے۔یہ عبارت دوسری حدیث کا ٹکڑا ہے۔کہ جس نے تین مرتبہ سے کم وضوء کیا اس نے زیادتی کی اور ظلم کیا، کیونکہ سنت کے خلاف کیا۔اور جس نے تین مرتبہ سے زیادہ دھویا یہ سمجھتے ہوئے کہ تین مرتبہ سنت نہیں ہے بلکہ اس سے زیادہ مرتبہ سنت ہے،تو یہ بھی زیادتی اور ظلم ہے، کیونکہ سنت تو تین مرتبہ ہی ہے۔البتہ بھول میں کم بیش کر دیا، یا اطمینان قلب کے لئے کم بیش کر دیا تو ظلم اور زیادتی نہیں ہے۔حدیث یہ ہے۔عن عمرو بن شعیب ،عن ابیه،عن جده قال:ان رجلا اتی النبی ﷺ فقال : یا رسول الله

## ﴿مستحبات الوضوء﴾

(۱۴) قال (القدوری) و یستحب للمتوضی ان ینوی الطهارۃ ﴿

!کیف الطھور ؟ .....ثم غسل رجلیہ ثلاثا ثلاثا ،ثم قال : ھکذا الوضوء ،فمن زاد علی ھذا او نقص فقد أساء و ظلم ،او ظلم و أساء . (ابوداودشریف، باب الوضوء ثلاثا ثلاثا،ص ۲۰،نمبر ۱۳۵) اس حدیث میں صاحب ھدایہ کا جملہ ہے۔

**لغت** :یضاعف: ضعف سے مشتق ہے۔ دوگنا کرنا۔تعدی:حد سے گزرنا،زیادتی کرنا۔والوعید لعدم رؤیتہ سنۃ: ظلم کی وعید اس وقت ہے جب تین مرتبہ دھونے کو سنت نہ سمجھے۔

## ﴿ مستحبات وضو کا بیان ﴾

**ضروری نوٹ** : مستحب اس کو کہتے ہیں کہ کرنے پر ثواب دیا جائے اور نہ کرنے پر کوئی عتاب نہ ہو۔ ماتنؒ نے نیت کرنا، پورے سر کا مسح کرنا، ترتیب سے وضوء کرنا اور پے در پے وضو کرنا مستحب لکھا ہے۔ حالانکہ دوسری کتابوں میں ان کو سنت کہا ہے (کما فی الھدایہ) اور احادیث سے بھی پتہ چلتا ہے کہ یہ چار باتیں سنت ہیں۔ متقدمین کے یہاں سنت کو بھی مستحب کہہ دیا کرتے تھے اس اعتبار سے ماتنؒ نے ان چاروں کو مستحب کہا ہے۔ البتہ دائیں جانب سے شروع کرنا اور گردن کا مسح کرنا مستحب ہے۔

**ترجمہ**:(۱۴)وضو کرنے والے کے لئے سنت ہے کہ پاکی کی نیت کرے۔

**وجہ** : سنت ہونے کی وجہ یہ حدیث ہے۔ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ علی المنبر یقول سمعت رسول اللہ ﷺ یقول انما الاعمال بالنیات و انما لکل امرء ما نوی (ب)(بخاری شریف،باب کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ ﷺ ص ۲ نمبر ۱) اعمال کے ثواب کا دارومدار یا اعمال کے صحیح ہونے کا دارومدار نیت پر ہے۔ بغیر نیت کے وضو کا ثواب نہیں ہوگا۔ اس لئے وضو میں وضو کی نیت کرنا سنت ہے۔ وضو میں نیت کرنا فرض اس لئے نہیں ہے کہ پانی کو خود بخود پاک کرنے والا قرار دیا ہے چاہے نیت کرے یا نہ کرے۔

دلیل (۱) آیت ہے انزلنا من السماء ماء طھورا ( آیت ۴۸ سورۃ الفرقان ۲۵ )(۲) حدیث میں ہے قال رسول اللہ

لے فالنية فی الوضوء سنة عندنا، ٢ و عند الشافعیؒ فرض، لانه عبادة فلا تصح بدون النية کالتیمم
٣ ولنا انه لایقع قربة الا بالنیة و لکنه یقع مفتاحا للصلوٰة لوقوعه طهارة باستعمال المطهر

---

علیہ السلام هو الطهور ماء ه و الحل میتته (ج) (ترمذی شریف، باب ماجاء فی ماء البحر انہ طہور ص۲۱ نمبر ۶۹) جب پانی بغیر نیت کی قید کے خود بخود پاک کرنے والا ہے تو نیت کرنا ضروری نہیں رہا۔ البتہ حدیث بالا کی وجہ سے سنت رہے گا (۳) حضرت عمرؓ نے قرآن کریم چھونے کے لئے کفر کی حالت میں وضو کیا ہے۔ اور کفر کی حالت میں نیت کا اعتبار نہیں اس سے معلوم ہوا کہ ان کا وضو کرنا بغیر نیت کے درست رہا۔ معلوم ہوا کہ وضو کے لئے نیت کی شرط نہیں ہے۔ لمبی حدیث کا ٹکڑا یہ ہے۔ عن انس بن مالک قال : خرج عمر متقلدا السیف فقیل له ..... فقالت له اخته : انک رجس، و لا یمسه الا المطهرون، فقم فاغتسل او توضأ، فقام عمر فتوضأ، ثم اخذ الکتاب فقرأ طه ۔ (دار قطنی باب فی نہی المحدث عن مس القرآن، ج اول، ص ۱۲۹ نمبر ۴۴۵ رسنن للبیہقی، باب نہی المحدث عن مس المصحف، ج اول، ص ۱۴۲ نمبر ۴۱۳) اس حدیث میں کفر کی حالت میں وضوء کیا اور کفر کی حالت کی نیت کا اعتبار نہیں جس سے معلوم ہوا کہ وضوء کے لئے نیت فرض نہیں ہے، سنت ہے

**نوٹ**: نماز، روزہ، زکوۃ اور حج وغیرہ عبادت مقصودہ میں اصل مقصد ثواب ہے اس لئے بغیر نیت کے یہ عبادات ادا نہ ہوں گی۔ وہاں نیت کرنا فرض ہے۔

**ترجمہ**: لے پس نیت وضوء میں ہمارے نزدیک سنت ہے۔ اسکی تفصیل گزر چکی۔

**ترجمہ**: ٢ اور امام شافعیؒ کے نزدیک نیت فرض ہے اسلئے کہ وہ عبادت ہے اسلئے بغیر نیت کے صحیح نہیں ہوگی، جیسے تیمم بغیر نیت کے صحیح نہیں ہوتی۔

**تشریح**: امام شافعیؒ کے نزدیک وضوء میں نیت فرض ہے۔ موسوعۃ امام شافعی میں ہے. و لا یجزئ الوضوء الا بنية، و یکفیه من النية فیه ان یتوضأ ینوی طهارة من حدث ۔ (موسوعۃ للامام الشافعی، باب النیۃ فی الوضوء، ج اول، ص ۱۰۰ نمبر ۳۵۵) کہ بغیر نیت کے وضوء کافی نہیں ہے۔

**وجہ** : (۱) اسکی ایک دلیل تو یہ دی کہ وضوء عبادت ہے اور قاعدہ یہ ہے کہ عبادت بغیر نیت کے ادا نہیں ہوتی، اسلئے وضوء بھی بغیر نیت کے درست نہیں ہوگا۔ (۲) دوسری دلیل دی کہ تیمم طہارت ہے پھر بھی بغیر نیت کے صحیح نہیں ہوتا، تو وضوء بھی بغیر نیت کے درست نہیں ہوگا۔ (۳) تیسری دلیل یہ ہے کہ حدیث انما الاعمال بالنیات ۔ (بخاری نمبر ۱) میں فرمایا کہ عمل کا مدار نیت پر ہے اور وضوء بھی بہت بڑا عمل ہے، اسلئے اس میں بھی نیت فرض ہونی چاہئے۔

**ترجمہ** : ٣ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ وضوء میں قربت یعنی ثواب نہیں ملے گا مگر نیت کرنے سے لیکن نماز کے لئے جائز ہو

۴ بخلاف التيمم لان التراب غير مطهر الا فى حال ارادة الصلوٰة ۵ او هو ينبىء عن القصد.
(۱۵) و يستوعب رأسه بالمسح﴾ ا وهو السنة

جائے گا،اسلئے کہ مطھر یعنی پانی کے استعمال کرنے سے طھارت واقع ہوگئی۔

**تشریح** : ہم بھی یہی کہتے ہیں کہ وضوء میں جب تک نیت نہیں کرے گا تو ثواب نہیں ملے گا البتہ چونکہ پانی استعمال کیا ہے جسکو آیت میں پاک کرنے والی چیز کہا ہے اسلئے اس سے پاکی حاصل ہو جائے گی اور نماز شروع کرنے کے لئے کافی ہو جائے گی۔اسی کو مصنف نے کہا ہے لکنه يقع مفتاحا للصلوة ۔الخ۔

**ترجمه**: ۴ بخلاف تیمّم کے کیونکہ مٹی پاک کرنے والی نہیں ہے مگر نماز کی نیت کرنے کی حالت میں۔

**تشریح**: امام شافعیؒ نے استدلال فرمایا تھا کہ تیمّم میں نیت کی ضرورت ہے اسلئے وضوء میں بھی نیت کی ضرورت ہونی چاہئے۔ یہاں سے اسکا جواب دے رہے ہیں۔کہ تیمّم میں مٹی استعمال ہوتی ہے جو عام حالات میں پاک کرنے والی نہیں ہے بلکہ میلا کرنے والی ہے، ہاں نماز کا ارادہ کرے اور تیمّم کرنے کی نیت کرے تب ہی وہ پاک کرے گی اسلئے وہاں نیت کرنا ضروری ہے۔اسکے بر خلاف پانی خود پاک کرنے والا ہے۔جیسا کہ آیت میں گزرا اسلئے یہاں نیت کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

**ترجمه** : ۵ یا اسلئے کہ تیمّم کا ترجمہ ہی ہے ارادہ کرنا۔اسلئے تیمّم میں نیت کرنا ضروری ہوگی۔اور پانی کا ترجمہ ارادہ کرنا نہیں ہے اسلئے یہاں نیت کی ضرورت نہیں پڑیگی۔

**لغت** :النیۃ : دل سے ارادہ کرنے کا نام نیت ہے اور زبان سے بول لے تو بہتر ہے۔تیمّم :ام سے مشتق ہے،ارادہ کرنا۔مطھر : پاک کرنے والی چیز، یہاں پانی مراد ہے۔ینبئ :نبأ سے مشتق ہے خبر دیتا ہے۔

**ترجمه**:(۱۵) پورے سر کا مسح کرنا۔

**ترجمه**: ا وہ سنت ہے۔

**وجه**: (۱) حدیث میں ہے عن عبد الله بن زيد عن وضوء النبى ﷺ...ثم ادخل يده فى الاناء فمسح برأسه فاقبل يده وادبر بها، ثم ادخل يده فغسل رجليه .حدثنا موسىٰ قال : حدثنا وهيب قال : مسح رأسه مرة (بخاری شریف، باب مسح الرأس مرۃ ص۳۲ نمبر ۱۹۲ رمسلم شریف، باب آخر فی صفۃ الوضوء،ص۱۲۳ نمبر ۲۳۵ ر۵۵۵)(۲) ابو داؤد، باب صفت وضوء النبی ﷺ ص ۱۶ نمبر ۱۱۵) فیہ تصریح۔ومسح برأسه واحدة) حدیث سے معلوم ہوا کہ آپؐ نے ایک مرتبہ سر پر مسح فرمایا (۳) اگر نئے نئے پانی سے تین مرتبہ مسح کریں تو وہ دھونا ہو جائے گا مسح باقی نہیں رہے گا۔دھونے کے اعضاء میں تین مرتبہ دھوئیں تو کوئی حرج کی بات نہیں ہے۔لیکن مسح تین مرتبہ نئے نئے پانی سے کریں تو موضوع ہی بدل جائے گا۔اس لئے ایک ہی

**۲ وقال الشافعیؒ السنة هو التثلیث بمیاه مختلفة اعتباراً بالمغسول، ۳ ولنا ان انسا توضأ ثلاثا ثلاثا و مسح برأسه مرة واحدة وقال هذا وضوء رسول اللہ ﷺ ۴ والذی یروی من التثلیث محمول علیه بماء واحد و هو مشروع علی ماروی عن ابی حنیفةؒ**

---

مرتبہ مسح کرنا سنت ہے۔

**نوٹ** : جن احادیث میں تین مرتبہ مسح کرنے کا تذکرہ ہے وہ ایک ہی پانی سے پورے سر کو گھیرنے کے لئے تین مرتبہ کیا گیا ہے۔ اور یہ تو ہم بھی کہتے ہیں کہ ایک پانی سے ہاتھ کو تین مرتبہ سر پر پھیرا جائے تا کہ اچھی طرح پورے سر پر مسح ہو جائے۔

**ترجمہ**: ۲ امام شافعیؒ نے فرمایا سر کے مسح میں سنت تین مرتبہ ہے مختلف پانی سے۔ اعضائے مغسولہ پر قیاس کرتے ہوئے۔

**تشریح**: امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ تین مرتبہ مسح کرے اور تینوں مرتبہ نیا پانی لینا سنت ہے۔ موسوعة میں عبارت یہ ہے۔ قال الشافعی: واحب لو مسح رأسه ثلاثا۔ (موسوعة، باب مسح الرأس، ص ۱۱۵ نمبر ۳۹۷) انکا استدلال اس حدیث سے ہے قال: رأیت عثمان بن عفان غسل ذراعیه ثلاثا ثلاثا و مسح رأسه ثلاثا ثم قال : رأیت رسول اللہ ﷺ فعل هذا (ابو داؤد، باب صفة وضوء النبی ﷺ ص ۱۶ نمبر ۱۱۰) (۲) فمسح برأسه فاقبل بهما و ادبر بدء بمقدم رأسه ثم ذهب بهما الی قفاة ثم ردهما حتی رجع الی المکان الذی بدء منه و غسل رجلیه (مسلم شریف، باب آخر فی صفة الوضوء ص ۱۲۳ نمبر ۲۳۵ / ۵۵۷ بخاری شریف، باب مسح الرأس کله، ص ۳۱ نمبر ۱۸۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تین مرتبہ مسح کرے۔ (۳) جس طرح اعضاء مغسولہ کو تین مرتبہ دھونا سنت ہے اسی طرح مسح بھی تین مرتبہ کرنا چاہئے۔

**ترجمہ** : ۳ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ حضرت انسؓ نے تین تین مرتبہ وضوء فرمایا اور ایک مرتبہ سر کا مسح فرمایا، اور فرمایا کہ یہ حضور کا وضوء ہے۔ یہ حدیث حضرت علیؓ کی اس طرح ہے۔ قال رأیت علیا توضأ فغسل وجهه ثلاثا و غسل ذراعیه ثلاثا و مسح برأسه واحدة، ثم قال : هکذا توضأ رسول اللہ ﷺ۔ (ابو داود شریف، باب صفة وضوء النبی ﷺ، ص ۱۷، نمبر ۱۱۵ / عن ابن عباسؓ نمبر ۱۳۳) صاحب نصب الرایة نے فرمایا کہ صاحب ھدایة نے حدیث کی نسبت حضرت انسؓ کی طرف کی، شاید یہ انکا تسامح ہے۔ حضرت علیؓ کہتے تو زیادہ بہتر تھا، ممکن ہے کہ کسی کتاب میں حضرت انسؓ سے روایت ہو۔ تاہم سر پر ایک مرتبہ مسح کرنے کے لئے کئی حدیثیں اوپر گزر گئی۔

**ترجمہ** : ۴ اور حدیث میں جو تین مرتبہ کی روایت ہے وہ ایک ہی پانی سے تین مرتبہ مسح کرنے پر محمول ہے۔ اور یہ مشروع ہے جیسا کہ امام ابو حنیفہؒ سے منقول ہے۔

**تشریح**: یہ امام شافعیؒ کا جواب ہے۔ کہ جن احادیث میں تین مرتبہ کا تذکرہ ہے اسکا مطلب یہ ہے کہ ایک ہی پانی سے تین مرتبہ

۵ ولان المفروض هو المسح، و بالتكرار يصير غسلا فلايكون مسنونا ٦ فصار كمسح الخف ۷ بخلاف الغسل لانه لا يضره التكرار (۱۶) و يرتب الوضوء فيبدأ بما بدأ الله تعالى بذكره ۱ و الترتيب في الوضوء سنة عندنا

سر پر مسح کیا۔ اور ایسا کرنا امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک بھی جائز ہے۔ البتہ تین مرتبہ الگ الگ پانی لیکر مسح کرنا ہمارے یہاں مستحب نہیں کیونکہ یہ غسل ہو جائے گا۔

**ترجمہ**: ۵ اور اسلئے کہ مسح فرض ہے اور تین مرتبہ نیا پانی لیکر تکرار سے غسل ہو جائے گا اسلئے مسنون نہیں ہونا چاہئے۔

**ترجمہ**: ٦ اسلئے موزے کے مسح کی طرح ہو گیا۔

**تشریح**: موزے پر مسح ایک مرتبہ کرتے ہیں تین مرتبہ نہیں کرتے۔ اور سر پر مسح بھی مسح ہے اسلئے اسکو بھی ایک ہی مرتبہ کرنا چاہئے۔

**ترجمہ**: ۷ بخلاف دھونے کے کہ اسکو کئی بار کرنا نقصان نہیں کرتا۔

**تشریح**: جن اعضاء کو دھونا ہے اسکو تین مرتبہ بھی دھوئیں تو دھونا ہی رہے گا۔ اسلئے اسکو تین مرتبہ دھونے میں کوئی حرج نہیں۔ لیکن نئے پانی سے تین مرتبہ مسح کریں تو وہ مسح باقی نہیں رہے گا بلکہ وہ غسل ہو جائے گا، اسلئے نئے پانی سے تین مرتبہ مسح کرنا مسنون نہیں ہونا چاہئے۔

**لغت**: یستوعب : گھیرے، احاطہ کرے

**نوٹ**: مسح کے لئے ایک مرتبہ نیا پانی لینا سنت ہے۔

**وجہ**: ومسح برأسه بماء غير فضل يده (مسلم شریف، باب آخر فی صفۃ الوضوء ص ۱۲۳ نمبر ۵۵۹/۲۳۶) کہ آپؐ نے ہاتھ کے پانی کے علاوہ سے سر کا مسح فرمایا، یعنی الگ سے پانی لیا۔

**ترجمہ**: (۱۶) ترتیب سے وضو کرے، پس وہاں سے شروع کرے جس کو اللہ نے پہلے ذکر کیا ہے۔

**ترجمہ**: ۱ اور ترتیب وضوء میں ہمارے نزدیک سنت ہے

**تشریح**: اللہ نے قرآن کریم میں پہلے چہرے کو پھر ہاتھ کو پھر سر پر مسح کرنا پھر پاؤں کو دھونا ذکر کیا ہے تو اسی ترتیب سے وضو کرنا سنت ہے۔ اس کے خلاف کریگا تو وضو ہو جائیگا لیکن سنت کی ادائیگی نہیں ہوگی۔

**وجہ**: (۱) قرآن نے جس ترتیب سے اعضاء وضوء کو ذکر کیا ہے اس کی کوئی نہ کوئی حکمت ہوگی اس لئے اس ترتیب سے وضو کرنا سنت ہے (۲) تقریبا تمام احادیث میں اسی ترتیب سے اعضاء دھونا مذکور ہے جس ترتیب سے قرآن میں ذکر ہے۔ اس لئے حضور کی

۲ وعند الشافعي فرض، لقوله تعالى، فاغسلوا وجوهكم،الآية، والفاء للتعقيب ۳ ولنا ان المذكور فيها حرف الواووهي لمطلق الجمع باجماع اهل اللغه فتقتضي اعقاب غسل جملة الاعضاء

---

مواظبت کرنے سے ترتیب سنت ہے (۳) اذا قمتم الی الصلوۃ فاغسلوا وجوھکم الآیۃ میں فاغسلوا کی ف تعقیب کے لئے ہے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر نماز کے لئے کھڑے ہوتو پہلے چہرہ دھوؤ جب کھڑے ہونے اور چہرہ دھونے میں ترتیب ہوئی تو باقی اعضا میں بھی ترتیب ہونی چاہئے اس لئے وضو میں ترتیب سنت ہے۔لیکن یہ ترتیب واجب نہیں ہے جیسا کہ امام شافعیؒ نے فرمایا کیونکہ (۱) اوپر کے دلائل سنت پر دلالت کرتے ہیں وجوب پر نہیں (۲) حضرت علیؓ نے فرمایا تھا ما ابالی اذا اتممت وضوئی بای اعضائی بدأت (دار قطنی، باب ماروی فی جواز تقدیم غسل الید الیسری علی الیمنی ج اول ص ۹۲ حدیث نمبر ۲۸۹ سنن للبیھقی ،باب الرخصۃ فی البدائۃ بالیسار ج اول ص ۱۴۰، نمبر ۴۰۶) (۳) تیمّم میں چہرے پر پہلے مسح کیا جاتا ہے پھر ہاتھ پر لیکن اسکے خلاف کرنا بھی ثابت ہے، جس سے معلوم ہوا کہ ترتیب واجب نہیں۔حدیث کا ٹکڑا یہ ہے۔کنت جالسا بین عبد الله و ابی موسی ....ثم اتیت النبی ﷺ فذکرت ذالک له ....ثم ضرب بشماله علی یمینه ،و بیمینه علی شماله علی الکفین ،ثم مسح وجهه (ابوداود شریف، باب التیمم ،ص ۵۰ نمبر ۳۲۱) اس حدیث میں تیمّم میں چہرے کا مسح بعد میں فرمایا جس سے معلوم ہوا کہ وضوء میں ترتیب واجب نہیں ہے۔

**ترجمہ** : ۲ اور امام شافعیؒ کے نزدیک ترتیب فرض ہے، فاغسلو اوجوھکم، آیت کیوجہ سے کیونکہ اس آیت میں ف تعقیب کے لئے ہے۔

**تشریح**: امام شافعیؒ کے نزدیک وضوء میں ترتیب ضروری ہے۔

**وجہ** : (۱) آیت میں ہے کہ نماز کا ارادہ کروتو چہرے کو دھوو، یہاں ،ف، ترتیب کے لئے ہے اسلئے باقی اعضاء کے دھونے میں بھی ترتیب ہونی چاہئے ۔(۲) صفا اور مروہ کی سعی میں آپؐ نے ترتیب کا حکم فرمایا اور صفا سے سعی شروع کی اسلئے یہاں بھی ترتیب ضروری ہوگی۔لمبی حدیث کا ٹکڑا یہ ہے۔قال دخلنا علی جابر بن عبد الله ...فلما دنا من الصفا قرأ ﴿ان الصفا و المروۃ من شعآئر الله ﴾ آیت ۱۵۸ سورۃ البقرۃ ،ابدأبما بدأ الله به ،فبدأ بالصفا ۔(مسلم باب حجۃ النبی ﷺ، ص ۳۹۴ نمبر ۱۲۱۸ ر ۲۹۵۰) اس حدیث میں آیت کے مطابق ترتیب کا حکم دیا گیا ہے اسلئے وضوء میں بھی ترتیب ضروری ہوگی۔

**ترجمہ** : ۳ ہماری دلیل یہ ہے کہ آیت کے درمیان جوذکر کیا گیا ہے وہ حرف واو ہے، اور تمام اہل لغت کا اجماع ہے کہ واو مطلق جمع کے لئے آتا ہے، جسکا تقاضا یہ ہے کہ نماز کے ارادے کے بعد تمام اعضاء کو دھولے۔

**تشریح**: ہماری دلیل یہ ہے کہ آیت ۔یآیھا الذین آمنوا اذا قمتم الی الصلوۃ فاغسلوا وجوھکم وایدیکم الی

**(۱۷) و بالميامن ﴾ ۱؎ والبداية بالميامن فضيلة، لقوله عليه السلام: ان الله تعالى يحب التيامن فى كل شيء حتى التنعل، و الترجل (۱۸) و التوالى ﴾**

المرافق و امسحوا بروء سكم و ارجلكم الى الكعبين ۔آیت ۶ سورۃ المائدۃ،۵۔کے شروع میں تو ،ف، ہے جوتعقیب اور ترتیب کے لئے ہے لیکن چہرہ، ہاتھ ،سر اور پاؤں کے درمیان ،ف،نہیں ہے بلکہ تین واو ہیں اور وہ جمع کے لئے آتا ہے۔یعنی نماز کے لئے کھڑے ہوتے وقت مجموعی طور پر ان اعضاء کو دھولو، چاہے پہلے دھوو یا بعد میں ۔اسلئے آیت کی وجہ سے اعضاء دھونے کے درمیان ترتیب ثابت نہیں ہوئی ۔ہاں اگر محدث ہو اور نماز کے لئے کھڑے ہورہے ہو تو ترتیب یہ ہے کہ ان اعضاء کو دھولو۔

**ترجمہ**: (۱۷)اور دائیں جانب سے شروع کرنا۔

**ترجمہ** : ۱؎ اور دائیں جانب سے شروع کرنا فضیلت ہے۔کیونکہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالی ہر چیز میں دائیں کو پسند کرتے ہیں، یہاں تک کہ جوتا پہننے میں اور کنگی کرنے میں ۔حدیث یہ ہے **عن عائشة قالت : كان النبى ﷺ يعجبه التيمن فى تنعله ،و ترجله ،و طهوره ،وفى شانه كله** ۔(بخاری شریف، باب التیمن فی الوضوء والغسل ،ص ۲۹ نمبر ۱۶۸ رمسلم شریف، باب التیمن فی الطھور ،ص ۱۳۱،نمبر ۲۶۸ ر ۶۱۷ ) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ ہر اچھی چیز میں دائیں جانب کو پسند فرماتے تھے۔اسلئے یہ مستحب ہے۔

**لغت** : **ميامن : يمين** سے مشتق ہے۔دائیں جانب سے شروع کرنا۔**تنعل : نعل** سے مشتق ہے۔جوتا پہننا۔ترجل: کنگی کرنا۔

**ترجمہ**:(۱۸)التوالی: پے در پے کرنا۔ (نوٹ)التوالی کا لفظ قدوری کے بعض نسخوں میں نہیں ہے۔اور ھدایۃ میں تو ہے ہی نہیں۔لیکن شرح ثمیری کے نمبر کی وجہ سے اسکو دے رہا ہوں۔اس میں اسکو ذکر کیا ہوں۔

**تشریح** : یعنی ایک عضو کو دھونے کے بعد فورا دوسرا عضو دھوئے ایسا نہیں کہ دوسرا عضو دھونے میں بہت دیر کردے یہاں تک کہ پہلا عضو خشک ہوجائے۔

**وجہ** :(۱) تمام احادیث میں ذکر ہے کہ آپؐ پے در پے اعضاء دھوئے ہیں۔ایسا نہیں ہوا کہ ایک عضو دھوکر بہت دیر کے بعد دوسرا عضو دھویا اس لئے پے در پے دھونا بھی مستحب ہے۔(۲) حدیث میں ہے کہ درہم کی مقدار جگہ چھوٹ گئی تو دوبارہ وضوء کرنے کے لئے آپؐ نے حکم دیا۔اگر پیدر پے مستحب نہیں ہوتا تو صرف اس جگہ کو دھونے کے لئے کہہ دیتے ۔حدیث یہ ہے **عن خالد عن بعض اصحاب النبى ﷺ رأى رجلا يصلى و فى ظهر قدمه لمعة قدر الدرهم لم يصبها الماء فامره النبىؐ ان يعيد الوضوء و الصلاة** ۔(ابوداود شریف، باب تفریق الوضوء،ص ۲۶ نمبر ۱۷۵) البتہ عذر کی وجہ سے دیر ہوجائے تو سنت کی

(۱۹) ومسح الرقبة﴾

ادائیگی میں فرق نہیں آئے گا (۲) اثر میں ہے ان عبد الله بن عمر بال بالسوق ثم توضأ وغسل وجهه ومسح برأسه ثم دعی لجنازة لیصلی علیها حین دخل المسجد فمسح علی خفیه ثم صلی علیها (مؤطا امام مالکؒ، باب ما جاء فی المسح علی الخفین ص ۲۴) اس اثر میں مسح علی الخفین بعد میں کیا جس سے معلوم ہوا کہ تمام اعضاء کا پیدر پے دھونا واجب نہیں ہے۔

**ترجمہ**: (۱۹) ومسح الرقبۃ: گردن کا مسح کرنا (مستحب ہے) (نوٹ) ھدایۃ میں مسح الرقبۃ نہیں ہے، قدوری کے نمبر کی وجہ سے اس مسئلے کو لا رہا ہوں۔

**وجہ**: (۱) عن ابن عمر رضی الله عنهما ان النبی ﷺ قال من توضأ ومسح بیدیه علی عنقه وقی الغل یوم القیامة (التلخیص الحبیر، باب سنن الوضوء ج اول ص ۳۴ رشرح احیاء العلوم للعلامۃ الزبیدی ج دوم ص ۳۶۵ رباب کیفیۃ الوضوء ،اعلاء السنن ج اول ص ۱۲۰ (۲) عن لیث عن طلحة بن مصرف عن ابیه عن جده انه رای رسول الله ﷺ یمسح راسه حتی بلغ القذال ومایلیه من مقدم العنق بمرة. قال: القذال: السالفة العنق (مسند احمد، باب حدیث جد طلحۃ الایامی، ج رابع، ص ۵۳۱، نمبر ۱۵۵۲۱) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ گردن کا مسح کرنا مستحب ہے۔

**خلاصہ**: قدوریؒ نے چودہ سنتیں بیان کی ہیں (۱) تین مرتبہ گٹوں تک ہاتھ دھونا (۲) وضو کے شروع میں بسم اللہ پڑھنا (۳) مسواک کرنا (۴) کلی کرنا (۵) ناک میں پانی ڈالنا (۶) دونوں کانوں کا مسح کرنا (۷) ڈاڑھی کا خلال کرنا (۸) انگلیوں کا خلال کرنا (۹) تین تین مرتبہ اعضاء کو دھونا (۱۰) پاکی کی نیت کرنا (۱۱) پورے سر کا مسح کرنا (۱۲) وضو کو ترتیب سے کرنا (۱۳) دائیں جانب سے شروع کرنا (۱۴) پے در پے کرنا۔ اور مستحب ہے گردن کا مسح کرنا۔

**نوٹ**: سنن اور مستحبات اور بھی ہیں۔

## ﴿فصل فی نواقض الوضوء﴾

(۲۰) المعانی الناقضة للوضوء كل ماخرج من السبيلين ﴾ ۱؎ لقوله تعالى او جاء احدمنكم من الغائط، الآية ۲؎ و قيل لرسول اللهﷺ و ماالحدث ؟قال: مايخرج من السبيلين

## ﴿نواقض وضوکا بیان﴾

**ضروری نوٹ**: المعانی الناقضۃ : وضوتوڑنے والی چیزیں، جن نجاستوں کے نکلنے یا داخل ہونے سے وضوٹوٹ جاتا ہے اس کا بیان ہے۔

**ترجمہ**: (۲۰) وضوکوتوڑنے والی ہر وہ چیز ہے جو پیشاب یا پاخانہ کے راستے سے نکلے۔

**تشریح** : پیشاب اور پاخانہ کے راستے سے جو چیزیں نکلتی ہیں اس سے وضوٹوٹ جاتا ہے۔ چاہے وہ عام طور پر نکلنے والی چیز ہو جیسے پیشاب اور پاخانہ، یا عام طور پر نکلنے والی چیز نہیں ہے جیسے کیڑا وغیرہ۔

**ترجمہ**: ۱؎ آیت میں ہے۔ او جاء احد منكم من الغائط او لمستم النساء فلم تجدوا ماء فتيمموا صعيدا طيبا ) ( آیت ٦ سورۃ المائدۃ ۵ ) تم میں سے کوئی پیخانے سے آئے، یا بیوی کو چھوئے یعنی صحبت کرے اور پانی نہ پائے تو پاک مٹی سے تیمم کرے۔

**تشریح** :اس آیت سے معلوم ہوا کہ کوئی پیخانہ سے آئے جسکا مطلب یہ ہے کہ پیخانہ یا پیشاب کے راستے سے کوئی ناپاکی نکلے تو اس سے وضوٹوٹ جائے گا اور وضو یا تیمم کرنا ہوگا، یا بیوی سے صحبت کرے گا تو غسل ٹوٹے گا اور غسل کرنا ہوگا۔

**ترجمہ**: ۲؎ حضور ﷺ سے پوچھا گیا کہ حدث کیا چیز ہے تو آپ نے فرمایا کہ پیشاب اور پیخانہ کے راستے سے جو نکلے وہ حدث ہیں۔ اس عبارت کا مفہوم اس حدیث میں ہے عن صفوان بن عسال قال رسول الله ﷺ :يأمرنا اذا كنا سفرا ان لا ننزع خفافنا ثلاثة ايام ولياليهن الا من جنابة ولكن من غائط و بول ونوم (ترمذی شریف، باب المسح علی الخفین للمسافر والمقیم ص ۲۷ نمبر ۹٦ ؍نسائی شریف، باب التوقیت فی المسح علی الخفین ،ص ۱۷، نمبر ۱۲۷) پاخانہ، پیشاب اور منی پاخانہ اور پیشاب کے راستے سے نکلتے ہیں اس لئے جو چیزیں بھی ان دونوں راستوں سے نکلے وہ ناقض وضو ہیں۔ صاحب ھدایۃ کی عبارت کی تائید اس حدیث سے ہوتی ہے (۲) ایک اثر سے بھی اسکی تائید ہوتی ہے کہ پاخانہ کے راستے سے کیڑا بھی نکلے تو وضوٹوٹ جائے گا۔ اثر یہ ہے قال عطاء : فيمن يخرج من دبره الدودة ،او من ذكره نحو القملة : يعيد الوضوء ۔ (بخاری شریف ،باب من لم یر الوضوء الا من المخرجین من القبل والدبر، ص ۳۰ ،نمبر ۱۷٦) اس اثر سے پتہ چلا کہ ان دونوں راستوں سے جو کچھ بھی نکلے اس سے وضوءٹوٹ جائے گا۔ (۳) یہ دونوں مقام مقام نجاست نہیں ہیں۔ نجاست کہیں اوپر سے کھسک کر آتی ہے۔ اور قاعدہ

**۳؎ و کلمة، ما،عامة فتتناول المعتاد و غیرہ، (۲۱) و الدم و القیح اذا خرجا من البدن فتجاوز ا الی موضع یلحقه حکم التطهیر**

ہےکوئی ناپاکی اپنی جگہ سے کھسک کرجسم کے ظاہری حصے پرآجائےتواس سےوضوٹوٹ جاتا ہے۔

**ترجمہ** : ۳؎ اورکلمہ،ما،عام ہےاسلئے جوان دونوں راستوں سے عادۃ نکلتے ہوں اور جو عادۃ نہیں نکلتے ہوں دونوں کوشامل ہے۔

**تشریح**:حضرت ابراہیم نخعیؒ نے فرمایا کہ پاخانہ کےراستے سےکیڑا نکل جائےتووضوءنہیں ٹوٹے گا۔اثر یہ ہے قال سألت ابراھیم قلت :یخرج من دبری الدودة أتوضأ منه؟ قال: لا ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ۴۵فی انسان یخرج من دبرہ الدود،ص۴۳نمبر۴۷۱) صاحب ھدایۃ اسکا جواب دے رہے ہیں کہ حدیث میں کلمہ،ما،عام ہےاسلئے وہ سب کوشامل ہیں چاہے عادۃ نکلنےوالی چیز ہویاخلاف عادت کوئی چیزنکلتی ہوجیسے کیڑاوغیرہ۔

**نوٹ**: یہ چیزیں پیشاب کےراستے سےنکلتی ہیں(۱) پیشاب(۲) مذی(۳)ودی(۴)منی(۵) حیض(۶) نفاس(۷)استحاضہ اور یہ چیزیں پاخانہ کےراستے سےنکلتی ہیں(۱) پاخانہ(۲) ہوا(۳) پاخانہ کاکیڑا۔ان کےنکلنے سےوضوٹوٹ جائےگا۔

**لغت**: المعانی : سےمرادوضوءتوڑنے والی چیزیں ہیں،جسکووضوتوڑنے والےاسباب کہتے ہیں۔الغائط :نیچی زمین،یہاں مرادہےپاخانہ کرنے کی جگہ،کیونکہ پاخانہ نیچی زمین میں کرتے ہیں۔حدث:ہوانکلنا،حضرت ابوھریرۃؓ کی تفسیر یہی ہےانہ سمع ابو ھریرة یقول قال رسول الله ﷺ :لا تقبل صلاة من احدث حتی یتوضأ ،قال رجل من حضرموت : ما الحدث یا ابا ھریرة ؟ قال فساء او ضراط ۔(بخاری شریف،باب لاتقبل صلاہ بغیرطھور،ص۲۵نمبر۱۳۵)اس حدیث میں حدث کی تفسیر ہےکہ آوازوالی ہوایا آہستہ ہوا.تناول :شامل ہے۔معتاد :جوعادۃ نکلتی ہو۔

**ترجمہ** :(۲۱)خون،پیپ اورکچ لہو جب بدن سے نکلےاورایسی جگہ تک پہنچ جائےجس کوپاکی کاحکم لاحق ہوتا ہے(تو وضوٹوٹ جائےگا)۔

**تشریح**: موضع یلحقه حکم التطهیر : یہ فقہ کاایک محاورہ ہے۔اس کامطلب یہ ہےکہ خون،پیپ وغیرہ جب تک بدن کےاندر ہوں تواس سےوضونہیں ٹوٹتا جب تک کہ بہہ کر بدن سے باہر نہ نکل جائے اورایسی جگہ نہ آجائے جہاں آسانی سے ہاتھ سے دھویا جاسکے۔مثلاکان کے اندر پیپ ہوتووضونہیں ٹوٹیگا۔لیکن اگرکان کے سوراخ میں باہر کی طرف پیپ بہہ کرآجائے جہاں انگلی سےآسانی سے پونچھااوردھویا جاسکتا ہےتواب وضوٹوٹ جائےگا۔ناک،منہ،کان،پیشاب کی جگہ،شرمگاہ اور پاخانہ کےاندرناپاکی ہوتووضونہیں ٹوٹےگالیکن باہر کی طرف آجائے جہاں آسانی کے ساتھ انگلی سے ناپاکی کوپونچھا اوردھویا جاسکتا ہےتواب وضوٹوٹ

(۲۲)و القیء ملء الفم﴾

جائیگا۔ کیونکہ ناپاکی ایسی جگہ نکل کر آ گئی جہاں غسل میں یا وضو میں دھونا فرض ہوتا ہے۔ انہیں مقامات کو 'موضع یلحقه حکم التطهیر' کہتے ہیں۔ اسکی دلیل یہ اثر ہے۔ عن ابن جریج قال: قلت لعطاء: أرأیت ان قلس رجل فبلغ صدره اوحلقه ولم یبلغ الفم؟ قال فلا وضوء علیه۔ (مصنف عبد الرزاق، باب الوضوء من القیء والقلس، ج اول، ص ۱۳۶، نمبر ۵۱۷) اس اثر میں ہے کہ قے جسم سے باہر آئے تب وضو ٹوٹے گا۔

**اصول**: چوٹ لگی اور خون صرف ظاہر ہوا اپنی جگہ سے بہا اور کھسکا نہیں تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔ اس لئے کہ صرف خون کا ظہور ہوا ہے۔ خون ابھی بہا نہیں ہے۔ بہتا ہوا خون ناپاک ہے اور وضو توڑتا ہے۔ قرآن میں ہے و دما مسفوحا او لحم خنزیر فانه رجس (آیت ۱۴۵، سورۃ الانعام ۶) اس لئے اگر زخم پر خون ظاہر ہوا ہو لیکن اپنی جگہ سے کھسکا نہ ہو تو وضو نہیں ٹوٹیگا۔ ہاں اگر خون اتنا بہہ رہا تھا کہ اپنی جگہ سے کھسک سکتا تھا لیکن بار بار پونچھ دیا گیا جس کی وجہ سے خون نہ بہہ سکا تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ کیونکہ بہنے اور کھسکنے کے قابل خون تھا۔

**نوٹ**: اگر مسلسل خون بہہ رہا ہو کہ وضو کر کے نماز پڑھنے کا موقع نہ ملتا ہو اور اس حالت پر ایک دن اور ایک رات گزر گئے ہوں تو اب وہ معذور کے حکم میں ہے۔ اس لئے اب اس کا خون بہنے سے نماز کے وقت میں وضو نہیں ٹوٹے گا۔ کیونکہ وہ معذور ہو گیا۔

**ترجمہ**: (۲۲) اور قے جب کہ منہ بھر کے ہو (تو وضو ٹوٹ جائے گا)۔

**وجہ**: (۱) جو قے منہ بھر کے ہو وہ پیٹ کے نچلے حصے سے آتی ہے جہاں غذا نجاست بن چکی ہوتی ہے۔ اور نجاست کا نکلنا ناقض وضو ہے اس لئے منہ بھر کے قے سے وضو ٹوٹ جائے گا۔ اور جو قے منہ بھر کر نہ ہو وہ پیٹ کے اوپر کے حصے سے آتی ہے جہاں غذا ابھی نجاست نہیں بنی ہوتی ہے اس لئے وہ پاک ہے۔ اس لئے منہ بھر کر قے نہ ہو تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔ (۲) بعض حدیث میں ہے کہ وضو ٹوٹے گا اور بعض حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کو قے ہوئی اور آپؐ نے وضو نہیں فرمایا تو یہ احادیث اسی پر محمول کی جائیں گی کہ جس میں وضو کیا وہ منہ بھر کر قے تھی اور جس میں وضو نہیں کیا وہ منہ بھر کر نہیں تھی (۳) حدیث یہ ہے عن ابی درداء رضی الله عنه ان رسول الله ﷺ قاء فتوضأ فلقیت ثوبان فی مسجد دمشق فذكرت ذالک له فقال صدق انا صببت له وضوءه (ترمذی شریف، باب الوضوء من القیء والرعاف ص ۲۵ نمبر ۸۷) (۴) حدیث میں ہے۔ عن عائشة قالت قال رسول الله ﷺ: من اصابه قیء او رعاف او قلس او مذی فلینصرف، فلیتوضأ، ثم لیبن علی صلاته وهو فی ذالک لا یتکلم۔ (ابن ماجہ شریف، باب ماجاء فی البناء علی الصلاۃ، ص ۱۷۱ نمبر ۱۲۲۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قے سے وضو ٹوٹ جائے گا۔

۱؎ وقال الشافعیؒ: الخارج من غیر السبیلین لاینقض الوضوء، ۲؎ لما روی انه علیه السلام: قاء فلم یتوضأ. ۳؎ و لان غسل غیر موضع الاصابة امر تعبدی فیقتصر علی مورد الشرع، و هو المخرج المعتاد،

---

**ترجمه** : ۱؎ امام شافعیؒ [اورامام مالک رحمۃ اللہ علیہما] نے فرمایا کہ پیشاب اور پاخانہ کے راستے کے علاوہ سے جو نکلے اس سے وضوءنہیں ٹوٹے گا۔ موسوعۃ میں ہے دل ذالک علی ان لا وضوء فی قیء ولا رعاف ،ولا حجامة ،ولا شیء خرج من الجسد ولا أخرج منه غیر الفروج الثلاثة : القبل والدبر و الذکر .ولم یکن علیه وضوء ؛و هکذا اذا خرج من جسده دم او قیح او غیر ذالک من النجس ۔(موسوعۃ امام شافعی، باب الوضوء من الغائط والبول و الریح، ج اول، ص۸۳ نمبر ۲۹۰/۲۹۳)۔

**ترجمه** : ۲؎ اسلئے کہ حضورؐ نے قے کی اور وضوءنہیں فرمایا۔اس مفہوم کا اثر یہ ہے۔عن الحسن قال : لیس فی القلس الوضوء ۔(مصنف عبد الرزاق، باب الوضوء من القیء والقلس ،ج اول، ص ۱۳۸ نمبر ۵۲۳/مصنف ابن ابی شیبۃ ،۴۹ من کان لا یری فی القلس وضوء، ج اول ص ۴۵، نمبر ۴۴۳) اس اثر میں ہے کہ وہ قیء سے وضوء کے قائل نہیں تھے (۲) دوسری دلیل ۔غزوۂ ذات رقاع میں عبادہ بن بشر کو تیر مارا اور وہ نماز پڑھتے رہے اور خون بہتا رہا۔جس سے معلوم ہوا کہ خون بہنے سے وضوءنہیں ٹوٹے گا ورنہ وہ خون نکلتے ہی نماز توڑ دیتے۔لمبی روایت کا ٹکڑا یہ ہے عن جابر قال خرجنا مع رسول الله ﷺ .یعنی فی غزوة ذات الرقاع ..... حتی رماه بثلاثة اسهم ثم رکع وسجد (ابوداؤد شریف، باب الوضوء من الدم ص۲۹ نمبر ۱۹۸) اس کا جواب یہ ہے کہ یہ صحابی کا اپنا فعل ہے حضور کو وضوٹوٹنے کی اطلاع نہیں تھی (۲) امام شافعیؒ کے یہاں خون بدن پر لگنے سے وضوٹوٹ جاتا ہے تو جب بہا ہوگا تو خون بدن پر لگا ہی ہوگا جس سے ان کے یہاں بھی اس فعل سے وضوٹوٹ جائے گا۔ان کا دوسرا استدلال یہ ہے کہ صحابہ کو جہاد میں زخم ہوتا تھا اور وہ نماز پڑھتے رہتے تھے۔جس سے معلوم ہوا کہ خون ناقض نہیں ہے۔پوری تفصیل بخاری باب من لم یر الوضاء الا من المخرجین من القبل والدبر ص ۲۹ نمبر ۱۷۶ تا ۱۸۰ میں دیکھیں۔ہم جواب دیتے ہیں یا تو مسلسل خون بہنے سے وہ معذور کے حکم میں تھے یا خون صرف زخم پر ظاہر ہوتا تھا بہتا نہیں تھا اور خون ظاہر ہونے سے وضو ہمارے یہاں بھی نہیں ٹوٹتا جیسا کہ اوپر گزر گیا۔

**نوٹ**: صاحب الرایہ فرماتے ہیں کہ ، انه علیه السلام قاء فلم یتوضاء والی حدیث نہیں ملتی ۔

**ترجمه** : ۳؎ اور اسلئے کہ نجاست لگنے کی جگہ کے علاوہ کو دھونا امر تعبدی ہے (یعنی اللہ نے حکم دیا تو کر لیا اور حکمت کا پتہ نہیں چلا) اسلئے شریعت کے وارد ہونے کی جگہ پر اکتفاء کیا جائے گا اور وہ وہی جگہیں ہیں جہاں سے عادۃ نجاست نکلتی ہے۔

۴ ولنا قوله علیه السلام: الوضوء من کل دم سائل ۵ و قوله ﷺ: من قاء او رعف فی صلاته فلینصرف ولیتوضأ ولیبن علی صلاته مالم یتکلم،

**تشریح**: صاحب ھدایہ حضرت امام شافعیؒ کی جانب سے دلیل عقلی پیش فرما رہے ہیں۔

**امر تعبدی**: اللہ کسی بات کا حکم دے اسکی علت اور حکمت سمجھ میں نہ آئے صرف اللہ کا حکم سمجھ کر اسکو کرتے رہیں اسکو، امر تعبدی کہتے ہیں۔ جیسے پیشاب پیخانہ نکلتے ہیں کسی اور جگہ سے اور وضوء میں ہاتھ اور پاؤں دھلواتے ہیں حالانکہ ہاتھ اور پاؤں سے نجاست نہیں نکلتی، تو ہاتھ اور پاؤں کو دھونا امر تعبدی ہوا۔ اور امر تعبدی کا قاعدہ یہ ہے کہ احادیث میں جن جن باتوں سے وضوء کرنے کا حکم دیا انہیں باتوں سے وضوء کیا جائے گا باقی سے نہیں۔ اور احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ پیشاب اور پیخانے کی جگہ سے نجاست نکلے تو وضوء کرو۔ اسلئے اسکے علاوہ کی جگہ سے خون نکلے یا قے نکلے تو وضوء نہیں کریں گے۔

**ترجمہ**: ۴ اور ہماری دلیل حضور علیہ السلام کا قول ہے۔ وضوء ہر بہنے والے خون سے ہے۔ صاحب ہدایہ کی حدیث یہ ہے۔ قال تمیم الداری: قال رسول الله ﷺ: الوضوء من کل دم سائل۔ (دار قطنی، باب فی الوضوء من الخارج من البدن ص ۱۶۳ نمبر ۵۷۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خون سبیلین کے علاوہ سے بھی نکلے تو اس سے وضوء لازم ہوگا۔ (۲) اس آیت سے بھی پتہ چلتا ہے کہ بہنے والا خون ناپاک ہے اور ناقض بھی ہے۔ قل لا اجد فی ما اوحی الی محرما علی طاعم یطعمه الا ان یکون میتة او دماً مسفوحاً او لحم خنزیر فانه رجس۔ (آیت ۱۴۵، سورۃ الانعام ۶)

**ترجمہ**: ۵ اور حضورؐ کا قول جس نے قے کی یا نماز میں نکسیر پھوٹی تو واپس لوٹے، اور وضو کرے اور اپنی نماز پر بناء کرے جب تک بات نہ کی ہو۔ حدیث یہ ہے۔ عن عائشة قالت قال رسول الله ﷺ من اصابه قیء او رعاف او قلس او مذی فلینصرف فلیتوضأ ثم لیبین علی صلواته وهو فی ذالک لا یتکلم (ابن ماجہ شریف، باب ماجاء فی البناء علی الصلوۃ ص ۱۷۱، نمبر ۱۲۲۱ دار قطنی، باب فی الوضوء من الخارج من البدن، ج، اول، ص ۱۶۰، نمبر ۵۵۵) رعاف یعنی نکسیر پھوٹنا اور خون کا نکلنا۔ اس سے وضو ٹوٹ جائے گا۔ اس لئے دوبارہ وضو کر کے اس پر نماز کی بنا کرے بشرطیکہ درمیان میں بات نہ کی ہو۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صرف سبیلین سے نکلنے ہی سے وضو نہیں ٹوٹے گا بلکہ قے اور خون سے بھی وضو ٹوٹے گا (۲) حدیث میں ہے کہ خون سے وضو ٹوٹے گا۔ حدیث یہ ہے۔ عن عائشة قالت: جاءت فاطمة ابنة ابی حبیش الی النبی ﷺ فقالت یا رسول الله ﷺ انی امراة استحاض فلا اطهر أفادع الصلوة؟ فقال رسول الله ﷺ لا، انماذلک عرق ولیس بحیض فاذا اقبلت حیضتک فدعی الصلوة واذا ادبرت فاغسلی عنک الدم ثم صلی قال: وقال ابی ثم توضأی لکل صلوة حتی یجیء ذالک الوقت (بخاری شریف، باب غسل الدم ص ۳۶ نمبر ۲۲۸) اس حدیث سے

**۶ و لان خروج النجاسة مؤثر في زوال الطهارة وهذا القدر في الاصل معقول، والاقتصار على الاعضاء الاربعة غير معقول لكنه يتعدى ضرورة تعدى الاول. ۷ غير ان الخروج انما يتحقق بالسيلان الى موضع يلحقه حكم التطهير، و بملء الفم في القيء لان بزوال القشرة تظهر النجاسة في محلها فتكون بادية لا خارجة،**

---

معلوم ہوا کہ خون سے وضوٹوٹے گا۔(نوٹ )عرق کا معنی رگ ہے مطلب یہ ہے کہ اندر شرمگاہ میں کسی رگ کے پھٹنے کی وجہ سے خون نکل رہا ہے حیض کا خون نہیں ہے اور دیگر خون کی طرح اس کا حکم ہے۔حیض کے خون کا حکم نہیں ہے۔

**نوٹ:** پیپ اور کچ لہو بھی خون کی قسمیں ہیں اور خون ہی سے بنتے ہیں۔اس لئے ان کے نکلنے سے بھی وضوٹوٹ جائیگا۔

**ترجمہ** : ۶ اور اسلئے کہ نجاست کا نکلنا طہارت کے زائل ہونے میں موثر ہے اور اتنی بات تو اصل میں سمجھ میں بھی آتی ہے۔البتہ چار اعضاء پر اکتفاء کرنا سمجھ میں نہیں آتا لیکن پہلے کے متعدی ہونے کی وجہ سے یہاں بھی متعدی ہوگا۔

**تشریح:** یہاں سے امام شافعیؒ کے استدلال کا جواب ہے۔انہوں نے فرمایا تھا کہ نجاست نکلے کہیں اور سے اور دھوتے ہیں دوسرے چار عضوں کو اسلئے یہ امر تعبدی ہے۔اور امر تعبدی میں یہ ہوتا ہے کہ شارع نے جن جن چیزوں سے وضوتوڑنے کا حکم دیا ہے اتنے ہی میں وضوٹوٹے گا۔اور خون اور قے سے وضوٹوٹنے کا حکم نہیں دیا اسلئے ان سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔صاحب ھدایۃ کے جواب کا حاصل یہ ہے کہ نجاست نکلنے سے وضوٹوٹ جاتا ہے چاہے کہیں سے نجاست نکلے،اتنی بات تو سمجھ میں آتی ہے۔البتہ دوسرے چار عضوں کے دھونے پر اکتفاء کیا یہ سمجھ میں نہیں آتا۔لیکن کسی بھی نجاست سے وضوٹوٹ گیا تو ان چار عضوں کو دھونا ہی پڑے گا۔اور احادیث سے ثابت کردیا کہ دوسری جگہ سے خون نکلے،یا قے نکلے تو وضوٹوٹ جائے گا۔اسلئے ان چار عضوں کو دھونا پڑے گا۔اسی کو فرمایا،**يتعدى ضرورة تعدى الاول.**

**ترجمہ** : ۷ یہ اور بات ہے کہ نکلنا ایسی جگہ تک بہنے سے متحقق ہوگا جسکو پاکی کا حکم لاحق ہوتا ہو،اور قے میں منہ بھر کے ہو تو خروج متحقق ہوگا۔اسلئے کہ چمڑے کا چھلکا زائل ہونے سے نجاست اپنی جگہ پر ظاہر ہوئی،اس کو خارج نہیں کہیں گے۔

**تشریح** : یہاں سے فرق بیان کررہے ہیں کہ نجاست سبیلین سے ذرا بھی ظاہر ہو تو وضوٹوٹ جاتا ہے چاہے وہ بہے یا نہ بہے ،اور مقدار میں کتنا ہی کم کیوں نہ ہو۔اسکی وجہ یہ ہے کہ سبیلین نجاست کی جگہ نہیں ہیں کیونکہ پیخانہ آنت میں جمع رہتا ہے اور پیشاب مسانے میں جمع رہتا ہے ۔اب سبیلین کے منہ پر یہ نجاست ظاہر ہوئی تو اسکا مطلب یہ ہوا کہ وہ مسانے سے اور آنت سے پھسل کر آئی ہے،اسلئے تھوڑی سی بھی ظاہر ہونے سے خروج یعنی نکلنا اور بہنا ثابت ہوگیا۔کیونکہ وہ اپنے اصل مقام سے پھسل کر آئی ہے۔اور خون کا معاملہ یہ ہے کہ چمڑے کے نیچے ہر وقت رہتا ہے اسلئے ذرا سا ظاہر ہونے سے خروج یعنی نکلنا اور سیلان یعنی بہنا

**۸ بخلاف السبیلین لان ذاک الموضع لیس بموضع (النجاسة) فیستدل بالظهور علی الانتقال، والخروج، ۹ وملء الفم ان یکون بحال لایمکن ضبطہ الابتکلف ۱۰ لانہ یخرج**

---

ثابت نہیں ہوا، ہاں وہ ایک قطرہ ہو اور جسم پر بہہ پڑے تب سیلان اور بہنا کہتے ہیں۔ اور آیت میں، دم مسفوح، اور حدیث میں ہے کہ، دم سائل، یعنی بہتا ہوا خون ناقض وضو ہے۔ اسلئے تھوڑے سے خون کے ظاہر ہونے سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔

قے: ۔ پیٹ میں جو کھانا جمع ہوتا ہے اسکے نیچے کی تہہ پیخانے کے ساتھ مل کر ناپاک ہو جاتی ہے۔ اور اوپر کی تہہ پیخانے کے ساتھ ابھی ملی نہیں ہوتی اسلئے وہ پاک رہتی ہے۔ پس اگر تھوڑی قے آئے تو وہ اوپر سے آئی ہے اسلئے وہ پاک ہے اسلئے اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔ اور اگر منہ بھر کر آئے تو وہ نیچے کی تہہ سے آرہی ہے اسلئے وہ ناپاک ہے اس سے وضو ٹوٹ جائے گا۔ اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ عن حماد فی القلس اذا کان یسیراً فلیس فیہ الوضوء، و اذا کان کثیراً ففیہ الوضوء۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۴۹ من کان لایری فی القلس وضوء، ج اول، ص ۴۵ نمبر ۴۴۲ رمصنف عبد الرزاق، باب الوضوء من القیء والقلس، ج اول، ص ۱۳۸ نمبر ۵۲۴) اس اثر میں ہے کہ منہ بھر کر ہو تو ناقض وضو ہے اور اگر منہ بھر کر نہ ہو تو ناقض وضو نہیں ہے۔ اسلئے سبیلین کی نجاست کی طرح تھوڑی سی قے ہوگی تو ناقض وضو نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: ۸ بخلاف سبیلین یعنی پیشاب اور پیخانے کے راستے کے اسلئے کہ یہ جگہ نجاست کی جگہیں نہیں ہیں، اسلئے ظاہر ہونے ہی سے منتقل ہونے اور نکلنے پر استدلال کیا جائے گا۔

**تشریح**: اوپر گزر گیا کہ پیشاب اور پیخانے کے منہ نجاست کے جمع ہونے کی جگہیں نہیں ہیں، اسلئے اگر وہاں نجاست ظاہر ہوئی تو معلوم ہوا کہ اوپر سے کھسک کر آئی ہے اور اوپر سے کھسک کر آنا اسی کا نام خروج اور سیلان ہے اسلئے تھوڑی سی نجاست بھی وہاں ظاہر ہوگی تو اس سے خروج اور سیلان پر استدلال کیا جائے گا، اور اس سے وضو ٹوٹ جائے گا۔

**ترجمہ**: ۹ اور منہ بھر کر اس حال کو کہتے ہیں کہ اس کو منہ میں ضبط کرنا ناممکن ہو مگر تکلف کے ساتھ۔

**تشریح**: قے اتنی زیادہ ہو کہ اسکو منہ میں رکھنا مشکل ہو رہا ہو، اسکو، منہ بھر قے، کہتے ہیں۔ اس حدث میں اسکی وضاحت ہے، عن ابن جریج عن ابیہ یرفعہ الی النبی ﷺ قال: الوضوء من القیء و ان کان قلسا یغلبہ فلیتوضأ (مصنف عبد الرزاق، باب الوضوء من القیء والقلس، ج اول، ص ۱۳۸ نمبر ۵۲۴) اس اثر میں ہے کہ منہ میں رکھنے میں مشکل ہو تو وضو ٹوٹے گا۔ (۲) ایک اثر اوپر بھی گزر گیا کہ قے زیادہ ہو تو وضو ٹوٹے گا اور کم ہو تو نہیں ٹوٹے گا۔ (ابن شیبۃ نمبر ۴۴۲)

**ترجمہ**: ۱۰ اسلئے کہ لگتا ہے کہ نکل ہی جائے گا۔ اسلئے نکلنے کا ہی اعتبار کرلیا گیا۔

ظاهرا فاعتبر خارجا ۱؎ وقال زفرؒ قلیل القیء وکثیرہ سواء ۲؎ وکذا لا یشترط السیلان اعتبارا بالمخرج المعتاد، ولاطلاق قولہ علیہ السلام: القلس حدث ۳؎ ولنا قولہ علیہ السلام: لیس فی القطرۃ والقطرتین من الدم وضوء الا ان یکون سائلاً ۴؎ وقول علیؓ حین عدالاحداث جملۃ: او دسعۃ

**تشریح**: قے اتنی منہ بھر کر ہے کہ ظاہری طور پر لگتا ہے کہ نکل ہی جائے گی اسلئے اس پر خروج اور سیلان کا حکم لگا دیا گیا، اور اس پر وضوٹوٹنے کا حکم لگا دیا گیا۔ یہ دلیل عقلی ہے۔ ورنہ تو اصل میں حدیث اور اثر ہیں جن سے وضوٹوٹنے کا حکم لگایا گیا ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ مسلک امام زفرؒ۔ امام زفرؒ نے فرمایا کہ قے کم ہو یا زیادہ ہو سبکا حکم برابر ہے۔ یعنی دونوں سے وضوٹوٹ جائے گا۔

**وجہ**: ایک حدیث میں مطلقا ہے کہ قے حدث ہے، اسکی قید نہیں ہے کہ کم ہو تو نہیں ٹوٹے گا، اور زیادہ ہو تو ٹوٹ جائے گا اسلئے کم زیادہ دونوں صورتوں میں وضوٹوٹے گا۔ حدیث یہ ہے، عن زید ابن علی، عن ابیہ عن جدہ قال، قال رسول اللہ ﷺ: القلس حدث (دار قطنی، باب باب الوضوء من الخارج من البدن، ج اول، ۱۶۲، نمبر ۵۶۴) اس حدیث میں مطلقا ہے کہ قے حدث ہے۔

**ترجمہ**: ۲؎ ایسے ہی خون نکلنے میں بہنے کی شرط نہیں لگاتے مخرج معتاد پر قیاس کرتے ہوئے۔ یعنی پیشاب اور پیخانے کے منہ پر بغیر بہے ہوئے تھوڑی سی بھی نجاست آجائے تو وضوٹوٹ جاتا ہے اسی طرح اور جگہوں سے بغیر بہے ہوئے تھوڑی سی بھی نجاست نکل آئے تو وضوٹوٹ جائے گا۔

**ترجمہ**: ۳؎ اور ہماری دلیل حضورؐ کا قول ہے کہ خون کے ایک دو قطرے میں وضو نہیں ہے مگر یہ کہ خون بہنے والا ہو۔ حدیث ہے۔ عن ابی ہریرۃؓ، عن النبی ﷺ قال: لیس فی القطرۃ و القطرتین من الدم وضوء الا ان یکون دماً سائلاً۔ (دار قطنی، باب فی الوضوء من الخارج من البدن، ج اول، ص ۱۶۳ نمبر ۵۷۲)۔ یہ حدیث امام زفر کا جواب ہے کہ وہ خون کے ناقض وضو ہونے میں بہنے کی قید نہیں لگاتے جبکہ اس حدیث میں بہنے کی قید ہے۔

**ترجمہ**: ۴؎ اور قے کے بارے میں حضرت علیؓ کا قول جب انہوں نے تمام حدثوں کو گنایا ہے، او دسعۃ تملأ الفم، قے جو منہ بھر کر ہو۔

**تشریح**: حضرت علیؓ نے وضوتوڑنے والے بہت سے حدثوں کو گنایا ان میں یہ بھی گنایا کہ قے منہ بھر کر ہو تب ناقض وضو ہے ورنہ نہیں۔ صاحب نصب الرایۃ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حضرت ابو ہریرۃؓ سے منقول ہے اور حضرت امام بیہقیؒ نے اپنی کتاب، الخلافیات، میں ذکر فرمایا ہے۔ حدیث یہ ہے، عن ابی ہریرۃؓ قال قال رسول اللہ ﷺ یعاد الوضوء من سبع

تملاء الفم، ۵ؕ۱ و اذا تعارضت الاخبار يحمل ماروا ه الشافعيؒ على القليل، وماروا ه زفرؒ على الكثير، والفرق بين المسلكين ماقدمناه. ۱۶ؕ ولوقاء متفرقاً بحيث لوجمع يملاء الفم، فعند ابی یوسف يعتبر

: من اقطار البول ،و الدم ا لسائل ،و القيء ، و من دسعة تملأ الفم ،و نوم المضطجع ،و قهقهة الرجل في الصلاة ، و خروج الدم ۔ (بیروتی نصب الرایۃ، ج اول ص ۹۰۔ اسی مسئلے کے تحت) (۲) اسکی تائید میں یہ اثر گزر چکا ہے۔ عن حماد في القلس اذا كان يسيرا فليس فيه وضوء ، واذا كان كثيرا ففيه الوضوء ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۴۹ من کان یری فی القلس وضوء، ج اول ص ۴۵ نمبر ۴۹۲) اس اثر سے بھی معلوم ہوا کہ قے منہ بھر کر ہو تب وضو ٹوٹے گا۔

**ترجمہ** : ۱۵ؕ جب احادیث آپس میں متعارض ہو گئیں، تو جو امام شافعیؒ نے روایت کی اسکو تھوڑی قے پر حمل کیا جائے گا۔ اور جسکو امام زفرؒ نے روایت کی اسکو زیادہ قے پر حمل کیا جائے گا۔ اور دونوں مسلکوں کے درمیان فرق ہم نے پہلے بیان کیا۔

**تشریح** : صاحب ھدایہ نے امام شافعیؒ کی جانب سے حدیث پیش کی تھی کہ: حضور نے قے کی اور وضو نہیں کی۔ اس کا مطلب یہ بتاتے ہیں کہ تھوڑی سی قے ہوئی تھی اسلئے وضو نہیں ٹوٹا، اور آپؐ نے وضو نہیں کیا۔ اور یہ ہم بھی کہتے ہیں کہ تھوڑی قے ہو تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔

اور امام زفرؒ کی جانب سے حدیث پیش کی تھی کہ: مطلق قے حدث ہے۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ قے منہ بھر کر ہو تو حدث ہے۔ اور یہی ہم بھی کہتے ہیں کہ قے منہ بھر کر ہو تو وضو ٹوٹے گا۔ ہم دونوں مسلکوں کے درمیان میں ہیں۔ اسی جملہ کی طرف مصنف نے اس جملے سے اشارہ کیا ہے، والفرق بين المسلكين ما قدمناه.

**ترجمہ** : ۱۶ؕ اور اگر متفرق جگہ یا متفرق مرتبہ قے کی اس طرح کہ اگر جمع کی جائے تو منہ بھر دے، تو امام ابو یوسفؒ کے نزدیک اتحاد مجلس کا اعتبار کیا جائے گا، اور امام محمدؒ کے نزدیک اتحاد سبب کا اعتبار کیا جائے گا، اور وہ متلی ہے۔

**تشریح** : متفرق قے کرنے کی دو صورتیں ہیں۔ ایک تو یہ کہ متلی تو ایک ہی ہے لیکن کئی جگہ پر ہٹ ہٹ کر قے کی، اور دوسری شکل یہ ہے کہ آدمی ایک ہی جگہ پر بیٹھا ہوا ہے لیکن الگ الگ متلی آئی اور الگ الگ متلی سے تھوڑی تھوڑی قے کی کہ اگر سب کو جمع کیا جائے تو منہ بھر جائے۔ ایسی صورت میں امام ابو یوسفؒ کی رائے یہ ہے کہ ایک مجلس میں تھوڑی تھوڑی قے کی ہو اور اس سے منہ بھر جاتا ہو تو اس سے وضو ٹوٹ جائے گا چاہے کئی متلی سے قے ہوئی ہو کیونکہ انکے یہاں اتحاد مجلس کا اعتبار ہے۔ جیسے آیت سجدہ میں اتحاد مجلس کا اعتبار ہے کہ کئی مرتبہ آیت سجدہ پڑھی ہو اور مجلس ایک ہو تو ایک ہی سجدہ لازم ہوگا۔ اور امام محمدؒ کے نزدیک یہ ہے کہ سبب یعنی متلی ایک ہو تو تھوڑی تھوڑی قے جمع کی جائے گی چاہے الگ الگ جگہ قے کی ہو، کیونکہ انکے یہاں اتحاد سبب کا اعتبار ہے۔ کیونکہ سبب متحد ہو تو حکم بھی متحد ہوتا ہے۔

اتحاد المجلس، و عندمحمدؒ یعتبر اتحادالسبب،وھوالغثیان ۷؎ ثم مالایکون حدثا لایکون نجساً یروی ذالک عن ابی یوسف،وھوالصحیح لانه لیس بنجس حکماحیث لمینتقض به الطھارة

(۲۳) و ھذااذا قاء مرة، او طعاما، او ما فان قاء بلغما فغیر ناقض عند ابی حنیفة و محمدؒ، وقال ابویوسفؒ ناقض اذا قاء ملء الفم﴾

**ترجمہ**: ۷؎ جو چیز وضوتوڑنے والی نہیں وہ ناپاک بھی نہیں، امام ابو یوسف سے یہی روایت ہے اور یہی صحیح ہے اسلئے کہ وہ حکم کے اعتبار سے ناپاک نہیں ہے کیونکہ اس سے طھارت نہیں ٹوٹتی۔

**تشریح**: امام ابو یوسفؒ کی جانب سے ایک قاعدہ بیان کیا جارہا ہے۔ کہ جو چیز وضو نہیں توڑتی وہ کسی چیز کو ناپاک بھی نہیں کرے گی۔ مثلا کھجلی کا خون جو بہا نہیں اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا لہذا اگر اس خون کو پانی میں ڈال دیا جائے تو اس سے پانی ناپاک نہیں ہو گا۔ کیونکہ جب اس نے وضو نہیں توڑا تو اسکو ناپاک بھی نہیں کہا جائے گا اور اس سے پانی ناپاک بھی نہیں ہوگا کیونکہ حکم کے اعتبار سے یہ ناپاک نہیں ہے۔ اسی کو کہتے ہیں، مالا یکون حدثا لا یکون نجسا، کہ جو چیز وضو توڑنے والی نہیں وہ ناپاک بھی نہیں۔

ھو الصحیح : یہ کہہ کر اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ امام محمدؒ کی رائے یہ ہے کہ وہ خون جو بہا نہیں، یا وہ قے جو منہ بھر نہیں ہوئی وہ اگر چہ وضو نہیں توڑتی لیکن وہ بنفسہ ناپاک ہے اور پانی میں گر جائے تو اسکو ناپاک کردے گی۔ البتہ امت کی سہولت کے لئے مصنف کے نزدیک اس پر فتوی نہیں ہے۔

**لغت** : القیح : پیپ، الصدید: کچ لہو، ایسا پیپ جس میں خون کی آمیزش ہو،تجاوز : بہہ پڑے، کھسک جائے۔ملء الفم : منہ بھر کر ہو۔ سبیلین :دونوں راستے، اس سے مراد پیشاب اور پیخانے کے راستے ہیں۔ موضع الاصابة: ناپاکی لگنے کی جگہ۔ مورد الشرع :شریعت وارد ہونے کی جگہ، یعنی جن جن چیزوں کے لئے شریعت نازل ہوئی ہو۔ رعف: ناک کی نکسیر پھوٹی ہو۔ لیبن : بناء کرے۔ قشرة: چھلکا۔ بادیة: بدو سے مشتق ہے، ظاہر ہونے والی چیز۔ القلس :قے۔ جملة: تمام، یعنی تمام نواقض وضو کو گنایا۔ دسعة : قے۔ الاخبار :اس سے مراد احادیث ہیں۔ الغثیان :متلی آنا۔ یا متلی کا ایک جھونکا۔ حدثاً: اس سے مراد ہے وضو توڑنے والی چیز۔

**ترجمہ** :(۲۳) اور یہ حکم اس وقت ہے جبکہ پت، یا کھانا، یا پانی قے کی ہو۔ پس اگر بلغم قے کی تو امام ابوحنیفہ اور امام محمدؒ کے نزدیک ناقض وضو نہیں ہے۔ اور امام ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ وضو ٹوٹ جائے گا اگر منہ بھر کر قے کی۔ (یہ جزئیہ جامع صغیر سے لیا گیا ہے۔ جامع صغیر باب ماینقض الوضوء و مالا ینقضہ، ص ۲۷)۔

**تشریح** : اوپر کے مسئلے میں تھا کہ منہ بھر قے ہو تو ناقض ہے اور منہ بھر کر نہ ہو تو ناقض نہیں ہے۔ یہ حکم اس صورت میں ہے کہ قے

ل و الخلاف فی المرتقی من الجوف، اما النازل من الرأس فغیر ناقض بالاتفاق لان الرأس لیس بموضع النجاسة، ۲ لابی یوسفؒ انه نجس بالمجاورة،

پتے کی ہو یا کھانے کی ہو یا پانی کی ہو۔لیکن اگر پیٹ سے بلغم کی قے منہ بھر کر ہو تو امام ابو حنیفہ اور امام محمدؒ کے نزدیک وضو نہیں ٹوٹے گا اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک ٹوٹ جائے گا۔

**وجہ** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ بلغم یا ناک کی رینٹ ناپاک نہیں ہیں۔اور چکنا ہونے کی وجہ سے اس پر نجاست چپکتی بھی نہیں ہے اسلئے اگر وہ آنت کے نچلے تہ سے بھی آئے تو اس پر بہت معمولی سی ناپاکی لگی ہوگی، اور پہلے گزر چکا ہے کہ تھوڑی سی قے ہو تو ناقض وضو نہیں ہے وہ معاف ہے اسلئے بلغم کی قے منہ بھر کر بھی ہو تو اس پر معمولی سی ناپاکی ہوگی اسلئے اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔(۲) حدیث میں اسکا اشارہ ہے۔ عن عمار بن یاسر قال اتی علی رسول اللہ ﷺ و انا علی بئر ادلو ماء فی رکوة لی ،فقال :یاعمار ما تصنع ؟ قلت یا رسول اللہ بابی و امی اغسل ثوبی من نخامة اصابته ،فقال یا عمار انما یغسل الثوب من خمس من الغائط ،والبول ،والقیء ، و الدم ، و المنی ، یا عمار ما نخامتک و دموع عینیک و الماء الذی فی رکوتک الا سواء. (دار قطنی ، باب نجاسة البول والامر بالتنزہ منہ الخ ، ج اول ،ص ۱۳۴ ،نمبر ۴۵۲) اس حدیث میں ہے کہ بلغم مٹکے کے پانی کی طرح پاک ہے۔اسلئے بلغم کی قے منہ بھر کر ہو تو رینٹ پر قیاس کرتے ہوئے پاک ہوگا اور وضو نہیں توڑے گی۔

**ترجمہ** : ل اختلاف اس بلغم میں ہے جو پیٹ سے اوپر چڑھا ہو بہر حال جو سر سے نیچے اترا ہو وہ بالاتفاق ناقض وضو نہیں ہے اسلئے کہ سر نجاست کی جگہ نہیں ہے۔

**تشریح**: جو بلغم پیٹ سے منہ کے اندر آیا ہو یا منہ بھر قے ہوئی ہو اس بلغم کے بارے میں اختلاف ہے کہ ناقض وضو ہے یا نہیں۔لیکن جو بلغم سر اور ناک سے اتر کر آیا ہو وہ منہ بھر کر بھی ہو تو کسی کے یہاں ناقض وضو نہیں ہے۔اسلئے کہ اوپر کی حدیث سے پتہ چلا کہ بلغم بنفسہ پاک ہے اور سر اور ناک ناپاکی کی جگہ نہیں ہیں کہ وہ بلغم کو ناپاک کر دے اسلئے سر اور ناک سے جو بلغم آئے گا چاہے وہ منہ بھر کر ہو پھر بھی کسی کے یہاں وضو نہیں ٹوٹے گا۔(۲) اس اثر میں بھی اسکا ثبوت ہے۔قلت لعطاء.....قال لعمری انی لاتنخم شیئاً کثیراً ثم یأتی الشیء من حلقی و من الرأس فلیس فی ذالک وضوء الا ماخرج من جوفک من معدتک ۔(مصنف عبد الرزاق ، باب الوضوء من القیء والقلس ، ج اول ، ص ۱۳۶ نمبر ۵۱۸) اس اثر سے معلوم ہوا کہ معدے سے اوپر آئے تو وضو ٹوٹے گا اور سر سے اترے تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔

**ترجمہ** : ۲ امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ بلغم ناپاک ہے ناپاکی کے ساتھ ملنے کی وجہ سے۔یعنی یہ بلغم اگرچہ پاک ہے لیکن ناپاک

۳؎ ولهما انه لزج لا تتخلله النجاسة و ما يتصل به قليل و القليل فی القیء غير ناقض ۴؎ ولوقاء دما وهوعلق يعتبر فيه ملء الفم لانه سوداء محترقة، ۵؎ وان كان مائعافكذالک عندمحمد اعتباراًبسائر انواعه، ۶؎ وعندهما ان سال بقوة نفسه ينقض الوضوء و ان كان قليلا لان المعدة ليست بمحل الدم فيكون من قرحة فی الجوف

---

کھانے کے ساتھ ملنے کی وجہ سے وہ ناپاک ہوگیا اسلئے جس طرح کھانے کی قے منہ بھر کر ہوتو وضوٹوٹ جاتا ہے،اس بلغم کی قے منہ بھر کر ہوتو وضوٹوٹ جائے گا۔

**وجه** : اوپر کی حدیث میں مطلقاًتھا کہ قے سے وضوٹوٹے گا اسلئے بلغم کی بھی قے ہوتو وضوٹوٹ جائے گا۔

**ترجمه** : ۳؎ امام ابوحنیفہ اور امام محمدؒ کی دلیل یہ ہے کہ بلغم چکنا ہوتا ہے اسکے اندر نجاست نہیں جاسکتی اور جو بلغم کے اوپر چپکتی ہے وہ تھوڑی ہے اور تھوڑی قے ناقض نہیں ہے۔تشریح گزر چکی ہے کہ بلغم چکنا ہوتا ہے اسلئے اس کے اندر تو نجاست جانہیں سکتی،اور جو تھوڑی بہت نجاست اسکے اوپر لگتی ہے وہ بہت تھوڑی ہے۔اور بلغم کی قے منہ بھر کر بھی ہوتو اس میں نجاست منہ بھر کر نہیں ہوئی اسلئے اس سے وضونہیں ٹوٹے گا۔اصل وجہ وہی حدیث ہے جو اوپر گزری۔

**ترجمه** : ۴؎ اور اگر خون کی قے کی اس حال میں کہ وہ جما ہوا ہے تو اس میں منہ بھرنے کا اعتبار کیا جائے گا اسلئے کہ وہ جلا ہوا سودا ہے۔

**تشریح** : جما ہوا خون کی قے ہوتو اگر کھانے کی قے کی طرح منہ بھر کر ہوتو وضوٹوٹے گا ورنہ نہیں۔کیونکہ یہ بہتا ہوا خون نہیں ہے بلکہ سودا ہے جو جل گیا ہے اور کالا ہوکر خون کی طرح جم گیا ہے ،اسلئے اسکا حکم کھانے کی طرح ہے کہ منہ بھر کر قے ہوتو وضوٹوٹے گا ورنہ نہیں۔(نوٹ) پرانے اطباء کہتے ہیں کہ انسان کا بدن سودا،صفرا،بلغم،اور خون سے بنا ہے۔اور سودا جب جلتا ہے تو خون کی طرح لال ہوکر جم جاتا ہے۔تاہم یہ بہتا ہوا خون نہیں ہے جو ناپاک ہے۔

**ترجمه** : ۵؎ اور اگر بہتا ہوا خون ہوتو منہ بھرنے کا اعتبار کیا جائے گا امام محمدؒ کے نزدیک قے کی باقی قسموں پر قیاس کرتے ہوئے۔

**وجه**:۔چاہے بہتا ہوا خون ہے لیکن وہ قے ہوکر باہر آیا ہے اسلئے اور قے کا حکم ہوگا کہ منہ بھر کر ہوتو وضوٹوٹے گا ورنہ نہیں۔

**ترجمه** : ۶؎ اور امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک یہ ہے کہ اگر خون اپنی قوت سے بہا تو وضوٹوٹ جائے گا اگر چہ تھوڑا ہی کیوں نہ ہو۔اسلئے کہ معدہ خون کی جگہ نہیں ہے اسلئے وہ خون پیٹ میں کسی زخم سے ہے۔

**وجه** : طرفین فرماتے ہیں کہ خون اپنی قوت سے بہہ رہا ہے تو اسکا مطلب یہ ہے کہ پیٹ میں کوئی زخم ہے اس سے خون آکر قے

(۲۴) ولو نزل من الرأس الی مالان من الانف نقض الوضوء بالاتفاق ﴿ لے لوصوله الی موضع یلحقه حکم التطهیر فیتحقق الخروج

ہو رہی ہے۔اسلئے اسکا حکم بہنے والے خون کا حکم ہوگا کہ چاہے منہ بھر کر نہ ہو تھوڑا بھی ہو تو وضو ٹوٹ جائے گا۔کیونکہ دم سائل ناپاک بھی ہے اور ناقض بھی ہے۔

**اصول** :یہ مسائل اس اصول پر ہے کہ تھوڑی نجاست ہو یا دم سائل نہ ہو تو وہ معاف ہے۔اور نجاست زیادہ ہو یا دم سائل ہو تو وہ ناپاک بھی ہے اور ناقض وضو بھی ہے۔اور دلیل، آیت ہے او دما مسفوحا او لحم خنزیر فانه رجس (آیت ۱۴۵ سورة الانعام ۶) (۲) اوپر کی حدیث یہ ہے۔ عن ابی هریرة عن النبی علیہ السلام قال : لیس فی القطرة و القطرتین من الدم وضوء الا ان یکون دما سائلا ۔(دار قطنی، باب فی الوضوء من الخارج من البدن، ج اول، ص ۱۵۸، نمبر ۵۷۲) (۳) اور یہ حدیث بھی ہے .عن ابی هریرة عن النبی علیہ السلام قال : تعاد الصلاة من قدر الدرهم من الدم۔(دار قطنی، باب قدر النجاسة التی تبطل الصلاة، ج اول، ص ۳۸۵ نمبر ۱۴۷۹) اس آیت اور احادیث سے معلوم ہوا کہ تھوڑی نجاست معاف ہے اور زیادہ نجاست ناپاک بھی ہے اور ناقض وضو بھی ہے۔

**لغت** : مرة : پتہ، یہ بھی ایک قسم کا جما ہوا خون ہوتا ہے۔جوف : پیٹ۔مجاورة : جوار سے مشتق ہے، ملنا پڑوس میں ہونا .لزج : چکنا،تخلل : خلل سے مشتق ہے اندر گھسنا، درمیان میں آنا .علق :خون کا لتھڑا. محترقة : حرق سے مشتق ہے جلا ہوا خون. مائعا : بہنے والا .قرحة:زخم۔

**ترجمه**:(۲۴) اور اگر خون اتر آیا سر سے ناک کے نرم حصے تک تو وضو بالاتفاق ٹوٹ جائے گا۔

**وجه** : پہلے اصول گزر چکا ہے کہ خون جب تک جسم کے اندر ہے تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا لیکن بہہ کر جسم کے ایسی جگہ تک باہر آجائے جہاں وضو یا غسل میں آسانی سے انگلی پہنچ سکتی ہو اور انگلی ڈال کر دھویا جا سکتا ہو تو خون وہاں تک آنے سے سب اماموں کے نزدیک وضو ٹوٹ جائے گا۔چونکہ ناک کے نرم حصے تک انگلی پہنچتی ہے اسلئے سر سے خون بہہ کر ناک کے نرم حصے تک آجائے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔

**ترجمه**: لے خون کے ایسی جگہ تک پہنچنے کی وجہ سے جہاں پاک کرنے کا حکم لاحق ہوتا ہے اسلئے خروج متحقق ہو جائے گا۔

**تشریح**: موضع یلحقه حکم التطهیر :اس عبارت کا مطلب اوپر گزر چکا ہے۔کہ خون بہہ کر ایسی جگہ تک پہنچ جائے جہاں بآسانی پاک کرنے کا حکم لاگو ہوتا ہو۔وہاں پہنچنے کی وجہ سے سمجھ لیا جائے گا کہ خون نکل گیا اور بہنے والا ہو گیا۔

**وجه** : اثر میں ثبوت ہے۔قلت لعطاء :أرأیت ان قلس رجل فبلغ صدره او حلقه ولم یبلغ الفم ؟ قال : فلا

(۲۵) والنوم مضطجعاً، اومتکیا، او مستنداً الی شیء لو ازیل لسقط ﴾ ۱؎ لان الاضطجاع سبب لاسترخاء المفاصل فلا یعری عن خروج شیء عادة و الثابت عادة کالمتیقن به،

وضو علیہ ۔(مصنف عبدالرزاق، باب الوضوء من القیء والقلس، ج اول، ص ۱۳۶ نمبر ۵۱۷) اس اثر سے معلوم ہوا کہ سینے کے اندر قے ہو تو وضو نہیں ٹوٹے گا جب تک کہ باہر نہ آجائے۔ لان: نرم ہونا۔

**ترجمہ**:(۲۵) اور سونا کروٹ کے بل یا تکیہ لگا کر یا کسی چیز پر ٹیک لگا کر کہ اگر اس کو ہٹا دیا جائے تو آدمی گر جائے اس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

**وجہ**: (۱) اصل یہ ہے کہ گہری نیند سے عقل چھپ جاتی ہے اور یہ پتہ نہیں چلتا ہے کہ اس حالت میں ہوا نکلی یا نہیں نکلی۔ اس لئے عقل زائل ہوتے ہی ہوا نکلنے اور وضو ٹوٹنے کا حکم لگا دیا جاتا ہے۔ اسی کو استرخاء مفاصل کہتے ہیں کہ تمام رگیں ڈھیلی ہو گئیں۔ لیکن اگر نیند گہری نہ ہو ابھی کچھ ہوش باقی ہو جیسے سجدے کی حالت میں، قیام کی حالت میں یا بیٹھے بیٹھے سو گیا تو چونکہ ابھی کچھ عقل و شعور باقی ہے اس لئے ہوا نکلنے اور وضو ٹوٹنے کا حکم نہیں لگائیں گے۔ کروٹ کے بل یا تکیہ لگا کر یا ٹیک لگا کر سونے سے عقل چھپ جاتی ہے اور نیند گہری ہوتی ہے۔ البتہ گرتا اس لئے نہیں ہے کہ تکیہ اور سہارا اس کو گرنے سے روکے ہوئے ہیں۔ اس لئے وضو ٹوٹ جائے گا (۲) حدیث میں دونوں قسم کا ثبوت ہے عن ابن عباس ان رسول الله ﷺ کان یسجد و ینام و ینفخ ثم یقوم فیصلی ولا یتوضأ، فقلت له صلیت و لم تتوضأ وقد نمت؟ فقال: انما الوضوء علی من نام مضطجعاً. زاد عثمان و هناد. فانه اذا اضطجع استرخت مفاصله. (ابو داود نمبر ۲۰۲) و عن علی ابن طالب رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ وکاء السه العینان فمن نام فلیتوضا. (ابوداؤد، باب فی الوضوء من النوم ص ۳۰ نمبر ۲۰۳ (۳) قال رسول الله ﷺ ان الوضوء لا یجب الا علی من نام مضطجعا فانه اذا اضطجع استرخت مفاصله. (ترمذی شریف، باب الوضوء من النوم ص ۲۴ نمبر ۷۷) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ گہری نیند سونے سے وضو ٹوٹے گا۔ ہلکی نیند ہو تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔ اس کی دلیل یہ حدیث ہے عن انس قال کان اصحاب رسول الله ﷺ ینتظرون العشاء الآخرة حتی تخفق روء سهم ثم یصلون ولا یتوضأون۔ (ابوداؤد شریف، باب فی الوضوء من النوم ص ۳۰ نمبر ۲۰۰ رترمذی شریف، باب الوضوء من النوم، نمبر ۷۸) اس سے معلوم ہوا کہ بیٹھے بیٹھے یا رکوع یا سجدے میں سو جائے جس میں گہری نیند نہیں ہوتی تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ پہلو کے بل سونا سبب ہے جوڑ کے ڈھیلے ہونے کا اسلئے عادۃ کچھ نہ کچھ نکلنے سے خالی نہ ہوگا۔ اور جو عادۃ ثابت ہو وہ یقین کی طرح ہے۔

۲و الا تکاء یزیل مُسکۃ الیقظۃلزوال المقعد عن الارض و یبلغ الاسترخاء فی النوم غایتہ بھذا النوع من الاستناد، غیر ان السند یمنعہ من السقوط ۳بخلاف حالۃ القیام، و القعود، والرکوع، والسجود فی الصلوٰۃ وغیرھاھوالصحیح لان بعض الاستمساک باقٍ اذلو زال لسقط فلم یتم الاسترخاء

---

**تشریح** :آدمی کروٹ کے بل سوئے گا، یا ٹیک لگا کر سوئے گا تو استرخاء مفاصل ہوگا، یعنی تمام جوڑ ڈھیلے ہو جائیں گے اور اس طرح سونے سے عقل بھی مکمل طور پر سو جاتی ہے، اور عقل چھپ جاتی ہے اسلئے کچھ نہیں پتا چلتا ہے کہ ہوا نکلی یا نہیں نکلی۔ البتہ اسطرح سونے میں عموما ہوا نکل ہی جاتی ہے اسلئے ایسا یقین کر لیا گیا کہ ہوا نکل ہی گئی اور وضو ٹوٹ گیا۔ وضو ٹوٹنے کی یہ دلیل عقلی پیش کی ہے ورنہ اصل وجہ تو اوپر کی حدیث ہے۔ کہ رکوع، سجدے میں سونے سے وضو نہیں ٹوٹیگا اور پہلو کے بل سونے سے وضو ٹوٹے گا۔

**ترجمہ** : ۲ اور ٹیک لگانا بیداری کے کنٹرول کو زائل کرتا ہے زمین سے سرین کے اونچے ہونے کی وجہ سے اور اس قسم کے ٹیک سے نیند میں جوڑ کا ڈھیلا ہونا اپنی انتہاء کو پہنچ جاتا ہے۔ یہ اور بات ہے کہ ٹیک اسکو گرنے سے روکتا ہے۔ اسلئے گرتا نہیں ہے۔ اسلئے وضو ٹوٹ جائے گا۔

**تشریح** :ٹیک لگا کر سوئے گا تب بھی وضو ٹوٹ جائے گا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ کسی چیز پر ٹیک لگا کر سونے سے عقل مکمل طور پر سو جاتی ہے، اور عقل چھپ جاتی ہے، اور تمام جوڑ ڈھیلے ہو جاتے ہیں اور کچھ پتا نہیں چلتا کہ ہوا نکلی یا نہیں نکلی لیکن ایسی حالت میں عموما ہوا نکل ہی جاتی ہے۔ کیونکہ ٹیک لگانے کی حالت میں مقعد یعنی سرین بھی زمین سے اتنی چپکی ہوئی نہیں رہتی کہ ہوا نکلنے کو روک سکے اسلئے یہی سمجھا جائے گا ہوا نکل گئی اور وضو ٹوٹ گیا۔ البتہ عقل کے چھپ جانے کے باوجود وہ گرتا اسلئے نہیں ہے کہ ٹیک اسکو گرنے سے روکے ہوا ہے۔

**ترجمہ** : ۳ بخلاف قیام، قعود، رکوع اور سجدے کی حالت کے نماز میں ہو یا غیر نماز میں ہو صحیح یہی ہے کہ ایسے سونے سے وضو نہیں ٹوٹے گا اسلئے کہ کچھ کنٹرول ابھی باقی ہے اسلئے کہ عقل مکمل زائل ہو جاتی تو آدمی گر پڑتا اسلئے معلوم ہوا کہ مکمل استرخاء نہیں ہوا۔

**تشریح** : اگر کھڑے کھڑے سو گیا، یا بیٹھنے کی حالت میں سو گیا، یا رکوع کی حالت، یا سجدے کی حالت میں سو گیا تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔ صحیح یہی ہے کہ اگر ان حالتوں میں سویا تو یہ حالتیں چاہے نماز میں ہوں چاہے نماز کے علاوہ میں ہوں وضو نہیں ٹوٹے گا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ سونے سے اگر مکمل عقل چھپ چکی ہوتی اور جوڑ پورے طور پر ڈھیلے ہو چکے ہوتے تو یہ آدمی گر چکا ہوتا کیونکہ مکمل سونے سے آدمی رکوع سجدے کی حالت میں برقرار نہیں رہ سکتا، لیکن یہ رکوع سجدے اور قیام وقعود کی حالت میں ابھی برقرار ہے تو اسکا مطلب یہ ہے کہ ابھی نیند گہری نہیں ہے اور عقل مکمل طور پر چھپی نہیں ہے اور نہ مکمل طور پر جوڑ ڈھیلے ہوئے ہیں اسلئے اس طرح سونے سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔

۴؎ و الاصل فیه قوله علیه السلام: لا وضوء علی من نام قائماً، او قاعداً، او راکعاً، او ساجداً، انما الوضوء علی من نام مضطجعاً فانه اذا نام مضطجعاً استرخت مفاصله. (۲۶) والغلبة علی العقل بالاغماء، والجنون﴾

ھو الصحیح : سے یہ اشارہ کرنا چاہتے ہیں کہ دوسری ظاہری روایت یہ ہے کہ نماز کے اندر رکوع سجدے کی حالت میں سوئے تو وضو نہیں ٹوٹے گا اور اگر نماز سے باہر ہو کر رکوع، سجدے، قیام اور قعود کی حالت میں سوئے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ حدیث میں ہے کہ آپ نماز کی حالت میں سوئے تھے تو فرمایا کہ وضو نہیں ٹوٹے گا۔

اصول: عقل زائل ہو جائے، اور مکمل طور پر جوڑ ڈھیلے ہونے سے وضو ٹوٹے گا

**ترجمہ** : ۴؎ وضو ٹوٹنے میں اصل تو حضور ﷺ کا قول ہے کہ اس پر وضو نہیں ہے جو کھڑے ہونے، یا بیٹھنے، یا رکوع، یا سجدے کی حالت میں سویا، وضو تو صرف اس پر ہے جو کروٹ کے بل سویا، اسلئے کہ جب کروٹ کے بل سوتا ہے تو اسکے جوڑ ڈھیلے ہو جاتے ہیں۔ اس حدیث کا کچھ مفہوم اوپر کی حدیث میں گزر گیا۔ اور اسکے قریب سنن بیہقی میں یہ حدیث ہے۔ عن ابن عباس قال : قال رسول الله ﷺ لا یجب الوضوء علی من نام جالساً او قائماً او ساجداً حتی یضع جنبه فانه اذا وضع جنبه استرخت مفاصله ، (سنن بیہقی، باب ماورد فی نوم الساجد، ج اول، ص ۱۹۴ نمبر ۵۹۸)

**لغت**: اضطجع : پہلو کے بل سونا، کروٹ کے بل سونا۔ متکأ : وکأ سے مشتق ہے تکیہ لگانا۔ مستنداً : سند سے مشتق ہے کسی چیز پر ٹیک لگانا۔ استرخاء : رخاء سے مشتق ہے، جوڑ کا ڈھیلا ہونا۔ مفاصل : مفصل کی جمع ہے، اعضاء کے جوڑ۔ یعری : خالی ہونا۔ مسکة: مسک سے مشتق ہے روکنا، کنٹرول کرنا۔ یقظة : بیداری۔ مقعد : قعد سے مشتق ہے بیٹھنا یہاں سرین مراد ہے جس پر آدمی بیٹھتا ہے۔ استمساک: یہ بھی مسک سے مشتق ہے، کنٹرول کرنا، گرنے سے روکنے کی عقل۔

**ترجمہ**:(۲۶) اور بیہوشی کی وجہ سے عقل پر غلبہ ہونا، اور جنون۔ یعنی اس سے بھی وضو ٹوٹ جائے گا۔

**وجہ** : (۱) نیند میں جتنا جوڑ ڈھیلا ہوتا ہے اور عقل زائل ہوتی ہے بیہوشی میں اور جنون میں اس سے زیادہ عقل زائل ہوتی ہے اور جوڑ ڈھیلا ہوتا ہے اسلئے ان سے بھی وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۲) حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔ آپؐ مرض الموت میں بیہوش ہوئے تو ہوش میں آنے کے بعد عشاء کی نماز پڑھانے کے لئے غسل فرمایا جس سے معلوم ہوا کہ بیہوشی کی وجہ سے وضو ٹوٹ گیا اسلئے ہوش میں آنے کے بعد پانی مانگا۔ لمبی حدیث کا ٹکڑا یہ ہے۔ قال دخلت علی عائشة فقلت : الا تحدثینی عن مرض رسول الله ﷺ ..... قالت ففعلنا ، فاغتسل فذهب لینوء فأغمی علیه ثم افاق فقال ﷺ :أصلی الناس ؟ قلنا : لا هم ینتظرونک یا رسول الله قال ضعوا لی ماءً فی المخضب قالت فقعد فاغتسل . (بخاری شریف، باب انما جعل لا

ل لانہ فوق النوم مضطجعاً فی الاسترخاء ۲ والاغماء حدث فی الاحوال کلھا وھو القیاس فی النوم الاانا عرفناہ بالاثر والاغماء فوقہ فلا یقاس علیہ (۲۷) والقھقھۃ فی صلوٰۃ ذات رکوع وسجود﴾

مام لیؤتم بہ،ص ۹۵ نمبر ۶۸۷/ مسلم شریف، باب استخلاف الامام اذا عرض لہ عذر، ص ۱۷۷ نمبر ۴۱۸/۹۳۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بیہوشی سے وضوٹوٹ جاتا ہے تب ہی تو بیہوشی کے بعد آپؐ نے پانی منگوایا۔ (۳) ایک اثر میں بھی اسکا ثبوت ہے. عن حماد قال :- اذا افاق المجنون توضأ وضوء ہ للصلاۃ ۔(مصنف عبد الرزاق باب النوم فی الصلاۃ والمجنون اذا اعقل، ج اول، ص ۱۳۲ نمبر ۴۹۳) اس اثر سے بھی معلوم ہوا کہ جنونیت اور بیہوشی میں وضوٹوٹ جائے گا۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ بیہوشی کروٹ کے بل سونے سے زیادہ ہے جوڑ بند ڈھیلے ہونے میں۔

**تشریح**: کروٹ کے بل آدمی سوئے اس میں جتنا جوڑ ڈھیلا ہوتا ہے بیہوشی اور جنون میں اس سے کہیں زیادہ ڈھیلا ہوتا ہے ۔ کیونکہ بیہوشی اور جنون میں عقل نیند سے بھی زیادہ زائل ہوتی ہے۔ اسلئے اس میں بدرجہ اولی وضوٹوٹے گا۔

**ترجمہ**: ۲ اور بیہوش ہونا تمام حالتوں میں ناقض وضو ہے اور نیند میں بھی قیاس کا تقاضہ یہی ہے کہ تمام حالتوں میں وضوٹوٹے لیکن حدیث کی وجہ سے ہمنے اس بات کو پہچانا کہ رکوع سجدے کی حالت میں سونے سے وضونہیں ٹوٹے گا، اور بیہوشی نیند سے بھی اونچی ہے اسلئے بیہوشی کو نیند پر قیاس نہیں کیا جائے گا۔

**تشریح**: چاہے رکوع، سجدے، قیام، اور قعود کی حالت میں بیہوشی ہوئی ہو یا کروٹ کے بل سوکر بیہوشی ہوئی ہو، چاہے نماز میں ہوئی ہو چاہے غیر نماز میں ہوئی ہو ہر حال میں بیہوشی ناقض وضو ہے کیونکہ عقل مکمل طور پر چھپ جاتی ہے اس پر قیاس کرتے ہوئے نیند کا بھی یہی حکم ہونا چاہئے کہ ہر حال میں ناقض وضو ہو لیکن حدیث میں ہے کہ رکوع، سجدے کی حالت میں نیند ناقض نہیں ہے اس سے وضونہیں ٹوٹے گا اسلئے نیند کا حکم وہی رہے گا۔ اور بیہوشی میں عقل کا زوال نیند سے بہت زیادہ ہے اسلئے بیہوشی کو نیند پر قیاس نہیں کر سکتے اور یہ نہیں کہہ سکتے کہ بیہوشی رکوع، سجدے کی حالت میں ناقض وضونہیں ہے۔

**لغت**: الاغماء: بیہوشی۔ حدث : حدث ہونا، یہاں مراد ہے وضو کو توڑنا۔

**ترجمہ**: (۲۷) قہقہہ مار کر ہنسنا رکوع سجدے والی نماز میں (تو اس سے بھی وضوٹوٹ جائے گا)۔

**تشریح**: رکوع سجدے والی نماز کی قید اس لئے لگائی کہ اگر نماز جنازہ میں قہقہہ مار کر ہنسا تو وضونہیں ٹوٹے گا۔ صرف نماز ٹوٹے گی۔

**نوٹ**: قہقہہ مار کر ہنسنے سے بدن سے کوئی نجاست نہیں نکلتی ہے اس لئے قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ وضو نہ ٹوٹے۔ چنانچہ اکثر ائمہ کے نزدیک قہقہہ سے وضونہیں ٹوٹتا ہے۔ لیکن چونکہ ضعیف حدیث سے وضوٹوٹنا ثابت ہے اس لئے امام ابوحنیفہ ضعیف حدیث پر بھی عمل کر

**۱** والقیاس انھا لاتنقض وھوقول الشافعیؒ لانہ لیس بخارج نجس ولھذالم یکن حدثاًفی صلوٰۃ الجنازۃ، و سجدۃ التلاوۃ، و خارج الصلوٰۃ **۲** ولناقولہ علیہ السلام:الامن ضحک منکم قھقھۃ فلیعدالوضوء، والصلوٰۃجمیعاًوبمثلہ یترک القیاس **۳** والاثرورد فی صلوٰۃمطلقۃفیقتصر علیھا

---

کے وضوٹوٹنے کے قائل ہیں۔

**وجہ:** (۱)حدیث میں ہے۔عن ابی العالیۃ ،و انس بن مالک : ان اعمی تردی فی بئر فضحک ناس خلف رسول اللہ ﷺ فأمر رسول اللہ من ضحک أن یعید الوضوء ،و الصلاۃ ۔(دار قطنی ،باب احادیث القھقھۃ فی الصلاۃ وعللھا ،ج اول ،ص ۱۷۰،نمبر ۵۹۳ ر سنن بیہقی ،،باب ترک الوضوء من القھقھۃ فی الصلوۃ ،ج اول ،ص ۲۲۶،نمبر ۶۷۹)اس حدیث سے ثابت ہوا کہ زور سے ہنسنے سے نماز تو ٹوٹے گی ہی لیکن وضو بھی ٹوٹ جائے گا۔

**ترجمہ** : **۱** اور قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ وضو نہ ٹوٹے یہی قول امام شافعیؒ کا ہے اسلئے کہ اس میں ناپاکی نہیں نکلتی اسی لئے نماز جنازہ ،سجدہ تلاوت اور نماز سے باہر میں ناقض وضو نہیں ہے۔

**تشریح** : امام شافعیؒ کے نزدیک نماز میں زور سے ہنسنے سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔اسکی وجہ یہ ہے کہ زور سے ہنسنے سے جسم سے کوئی ناپاکی نہیں نکلتی جبکہ وضو ناپاکی نکلنے سے ٹوٹتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ نماز جنازہ ،یا سجدہ تلاوت میں زور سے ہنسے تو وضو نہیں ٹوٹے گا ،یا نماز سے باہر زور سے ہنسے تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔(۲) اثر میں ہے کہ نماز ٹوٹ جائے گی لیکن وضو نہیں ٹوٹے گا ۔ عن جابر قال یعید الصلوۃ ولا یعید الوضوء (سنن للبیہقی ،باب ترک الوضوء من القھقھۃ فی الصلوۃ ،ج اول ،ص ۲۲۵،نمبر ۶۷۴ ر دار قطنی ،باب احادیث القھقھۃ فی الصلاۃ وعللھا ،ج اول ،ص ۱۸۰،نمبر ۶۴۰ ) صحاح ستہ میں قہقہہ والی حدیث نہیں ہے۔اس اثر سے معلوم ہوا کہ زور سے ہنسنے سے نماز تو ٹوٹے گی لیکن وضو نہیں ٹوٹے گا۔

**ترجمہ** : **۲** اور ہماری دلیل حضور علیہ السلام کا قول ہے سنو جو تم میں سے زور سے ہنسے تو وہ وضو اور نماز دونوں لوٹائے۔اور اس قسم کی احادیث سے قیاس چھوڑ دیا جائے گا۔اس طرح کے مفہوم کی حدیث اوپر گزر گئی۔بیہقی نمبر ۶۸۰ ر دار قطنی نمبر ۶۰۴ )

**ترجمہ**: **۳** اور حدیث مطلق نماز کے بارے میں وارد ہوئی ہے اسلئے اسی پر اکتفاء کیا جائے گا۔

**تشریح** : نماز میں زور سے ہنسنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یہ حدیث مطلق نماز کے بارے میں وارد ہوئی ہے جس سے مراد ہے کہ کامل نماز ہو۔یعنی رکوع سجدے والی نماز ہو۔اور نماز جنازہ کامل نہیں ہے اور نہ اس میں رکوع ہے اور نہ سجدہ ہے اسلئے کوئی اس میں ہنسے گا تو اسکا وضو نہیں ٹوٹے گا (۲) دوسری وجہ یہ ہے کہ زور سے ہنسنے سے ٹوٹنا خلاف قیاس ہے۔اور حدیث میں دونوں کا حکم ہے کہ ٹوٹے گا بھی اور نہیں بھی ٹوٹے گا اسلئے ٹوٹنے کو اس پر محمول کیا جائے کہ کامل نماز میں ہنسے تو ٹوٹے گا ورنہ نہیں۔

﴿ والقهقهة مایکون مسموعاًله ولجیرانه والضحک مایکون مسموعاًله دون جیرانه،هوعلی ماقیل یفسد الصلوٰة دون الوضوء (۲۸) والدابة تخرج من الدبر ناقضة فان خرجت من رأس الجرح، او سقط اللحم منه لا ینقض ﴾

**ترجمه**: ﴿ قهقهه :وہ ہے کہ خود بھی سنے اوراسکا پڑوس والابھی سنے۔اور ضحک :وہ ہے کہ خود سنے اوراسکا پڑوس والا نہ سنے۔چنانچہ اسکے بارے میں کہا گیا ہے کہ نماز ٹوٹے گی لیکن وضونہیں ٹوٹے گا۔

**تشریح**: اوپر والی عبارت میں قہقہہ اور ضحک کی تفسیر بیان کی ہے،اور یہ فرمایا کہ ضحک یعنی آہستہ ہنسنے سے وضوتو نہیں ٹوٹے گا البتہ نماز ٹوٹ جائے گی۔یہی بعض ائمہ نے فرمایا ہے۔

**وجه**: ثبوت اس حدیث میں ہے عن جابر ،عن النبی ﷺ قال : الضحک ینقض الصلاة ،و لا ینقض الوضوء ۔(دار قطنی ،باب احادیث القهقهة فی الصلاة وعللها،ص۱۸۲نمبر ۶۴۸)اس حدیث میں ہے کہ آہستہ ہنسنے سے نماز ٹوٹے گی البتہ وضونہیں ٹوٹے گا۔اور تبسم :یہ ہے کہ اسکی آواز نہ خود سنے اور نہ اسکا پڑوس سنے۔اوراس سے نہ نماز ٹوٹے گی اور نہ وضوٹوٹے گا۔البتہ نماز میں ایسا کرنا خلاف ادب ہے۔اس سے خشوع خضوع ختم ہوجاتا ہے جونماز میں بہت مطلوب ہے۔وجہ:۔اسکے لئے حدیث یہ ہےعن جابر ان رسول الله ﷺ کان یصلی باصحابه صلاة العصر ،فتبسم فی الصلاة ،فلما انصرف قیل له یا رسول الله تبسمت و انت تصلی ، الخ۔(دار قطنی ،باب احادیث القهقهة فی الصلاة وعللها ،ج اول ص۱۸۳نمبر ۶۵۶) اس حدیث میں ہے کہ آپ مسکرائے لیکن اس سے نماز نہیں توڑی۔

**ترجمه**: (۲۸)اور کیڑا پیخانہ کے راستے سے نکلے تو وہ وضوتوڑنے والا ہے۔پس اگر زخم کے سر سے نکلے،یا گوشت کٹ کر گر پڑے تو وضو نہیں توڑے گا۔

**وجه**: (۱) پیچھے گزر چکا ہے کہ پیخانہ کے راستے سے کوئی بھی چیز نکلے تو اس سے وضوٹوٹ جائے گا،یہاں تک کہ وہاں سے ہوا نکلے تب بھی وضوٹوٹے گا حالانکہ ہوا میں اتنی کم نجاست ہوتی ہے کہ نظر بھی نہیں آتی ،پھر بھی حدیث کی وجہ سے وضوٹوٹے گا اسلئے وہاں سے اگر کیڑا نکل آیا تو بدرجہ اولی وضوٹوٹے گا۔(۲) اثر میں ہے۔عن عطاء قال : یتوضأ اذا خرج من دبره الدودة ۔(مصنف ابن ابی شیبة ،۴۵ فی انسان یخرج من دبره الدودة ،ج اول ،ص ۴۳ ،نمبر ۴۱۲ رمصنف عبد الرزاق ،باب الدودة یخرج من الانسان ،ج اول ص۱۶۳نمبر ۶۳۱ ) اس اثر سے معلوم ہوا کہ پیخانے کے راستے سے کیڑا نکلے تو وضوٹوٹ جائے گا۔لیکن اگر دوسری جگہ زخم ہے وہاں سے کیڑا نکلا،یا گوشت کٹ کر گر پڑا تو وضونہیں ٹوٹے گا۔اسکی وجہ یہ ہے کہ اس کیڑے پر اتنا خون ہو کہ بہہ پڑے تب وضوٹوٹے گا۔اور زخم کے کیڑے پر اتنا خون نہیں ہوتا کہ وہ بہہ پڑے اسلئے وہاں کیڑے کے نکلنے سے وضونہیں ٹوٹے

۱؎ والمراد بالدابة الدودة ۲؎ و هذا لان النجس ماعليها و ذالک قليل و هو حدث فی السبلين دون غيرهما فاشبه الجشاء، والفساء ۳؎ بخلاف الريح الخارجة من القبل، والذکر لانها لا تنبعث عن محل النجاسة

گا۔اوپر حدیث گزر چکی ہے کہ دم مسفوح اور دم سائل سے وضوٹوٹے گا۔ عن ابی هريرة عن النبی ﷺ قال : ليس فی القطرة و القطرتين من الدم وضوء الا ان يكون دماً سائلاً ۔ (دار قطنی، باب فی الوضوء من الخارج من البدن، ج اول ،ص ۱۶۳ نمبر ۵۷۲) اس حدیث میں ہے کہ دم سائل سے وضوٹوٹے گا، اور زخم کے کیڑے پر دم سائل نہیں ہوتا اسلئے اسکے نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔ اسی طرح گوشت خود تو پاک ہے اور اس پر جو نجاست ہے وہ بہت کم جو ایک درھم کی مقدار نہیں اور نہ وہ دم سائل کی حد تک ہے اسلئے اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔

**ترجمہ**: ۱؎ اور مراد دابۃ سے کیڑا ہے۔ دابہ کا ترجمہ آتا ہے بہت بڑا جانور، اسلئے اسکی تشریح کی کہ یہاں اس سے کیڑا مراد ہے۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور یہ اسلئے کہ جو نجاست کیڑے پر ہے وہ کم ہے۔ اور یہ کم نجاست سبیلین میں تو حدث ہے ان دونوں کے علاوہ میں حدث نہیں ہے۔ پس کیڑے کا نکلنا ڈکار اور پھسکی کے مشابہ ہو گیا۔

**تشریح**: کیڑے پر جو نجاست ہے وہ بہت کم ہے البتہ کم نجاست بھی سبیلین سے نکلے تو وہ ناقض وضو ہے۔ اور سبیلین کے علاوہ سے نکلے تو بہنے والا ہو تو وہ ناقض وضو ہے ورنہ نہیں۔ تو یہ ایسا ہو گیا جیسے ڈکار کہ وہ منہ سے نکلتا ہے تو ناقض وضو نہیں ہے۔ اور وہی ہوا پیخانے کے راستے سے نکلے تو کتنا ہی کم کیوں نہ ہو ناقض وضو ہے۔ کیوں کہ یہ ہوا نجس پیخانے سے گزر کر آرہی ہے۔

**ترجمہ**: ۳؎ بخلاف وہ ہوا جو عورت کے پیشاب گاہ، اور مرد کے پیشاب گاہ سے نکلے (وہ وضو نہیں توڑے گا) اسلئے کہ وہ محل نجاست سے گزر کر نہیں آتا۔

**تشریح**: پیشاب گاہ کا وہ حصہ جہاں نجاست جمع رہتی ہے وہ حصہ نجاست کی وجہ سے ناپاک شمار کیا جائے گا لیکن جس حصے میں نجاست نہیں ہے وہ حصہ پاک ہے اسلئے اگر وہاں سے گزر کر کوئی ہوا آئے تو وہ ہوا ناقض وضو نہیں ہے کیونکہ وہ ناپاکی کی جگہ سے نہیں آرہی ہے۔ جیسے ڈکار ناپاکی کی جگہ سے گزر کر نہیں آتی اسلئے وہ ناقض وضو نہیں ہے۔ حدث سے وضوٹوٹ جائے گا اسکی دلیل یہ حدیث ہے سمع ابوهريرة يقول : قال رسول الله ﷺ لا تقبل صلاة من احدث حتى يتوضأ .قال رجل من حضرموت ما الحدث يا ابا هريرة ؟ قال :فساء أو ضراط ۔ (بخاری شریف، باب لا تقبل صلاۃ بغیر طھور، ص ۲۵ نمبر ۱۳۵) اس حدیث میں ہے کہ ایسی ہوا جو آواز کے ساتھ نکلے، یا ایسی ہوا جو بغیر آواز کے نکلے دونوں سے وضوٹوٹ جائے گا۔

۲ حتی لو کانت المرأۃ مفضاۃ یستحب لها الوضوء لاحتمال خروجها من الدبر (۲۹) فان قشرت نفطۃ فسال منها ماء، او صدید، او غیرہ ان سال عن رأس الجرح نقض و ان لم یسل لا ینقض ۱ وقال زفرؒ ینقض فی الوجهین،

**ترجمہ** : ۲ یہاں تک کہ کوئی عورت مفضات ہو تو اسکے لئے وضو کرنا مستحب ہے کیونکہ احتمال ہے کہ ہوا پیخانے کے راستے سے نکل کر آئی ہو۔

**تشریح** : مفضات اس عورت کو کہتے ہیں جسکے شرمگاہ میں ایسا سوراخ ہو جو پیخانے کی نالی میں جاتا ہو، تو چونکہ سوراخ کی وجہ سے پیخانے کی ہوا شرمگاہ کے راستے سے نکلنے کا امکان ہے اسلئے اس عورت کے لئے مستحب ہے کہ وضو کر لے۔ اگر یہ یقین ہو کہ یہ ہوا پیخانے سے گزر کر آئی ہے اور شرمگاہ کے راستے سے باہر نکلی ہے تب تو یقیناً وضو ٹوٹے گا اور وضو کرنا واجب ہوگا۔ اور اگر شبہ ہو کہ شاید پیخانے سے گزر کر یہ ہوا شرمگاہ سے باہر نکلی ہے تو صرف شبہ کی بناء پر وضو نہیں ٹوٹے گا۔ البتہ چونکہ عورت مفضات ہے اور پیخانے کی ہوا آنے کا امکان ہے اسلئے مستحب یہ ہے کہ وضو کر لے۔ کیونکہ یقین کے بغیر طہارت کاملہ نہیں ٹوٹے گی۔

**لغت** : الدابۃ : جانور، یہاں مراد ہے کیڑا۔ جرح : زخم۔ دودۃ : کیڑا۔ الجشاء : ڈکار۔ الفساء : پیخانے کے راستے کی ایسی ہوا کہ آواز نہ آئے، اسکو پھسکی کہتے ہیں۔ القبل : سامنے کا حصہ، عورت کی شرمگاہ۔ تنبعث : بعث سے مشتق ہے، اٹھنا، یہاں مراد ہے گزر کر آنا۔ مفضاۃ : افضاء سے مشتق ہے، کشادہ ہونا، یہاں مراد ہے ایسی عورت جسکے پیخانے کی نالی سے شرمگاہ کے اندر سوراخ جاتا ہو۔ الدبر : پیخانے کا راستہ۔

**ترجمہ** : (۲۹) پس اگر چھالے کا چھلکا الگ ہوا اور اس سے پانی، یا پیپ، یا اسکے علاوہ کچھ نکلا اگر وہ زخم کے سر سے بہہ پڑا تو وضو ٹوٹ جائے گا اور اگر نہیں بہا تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔

**وجہ** : (۱) زخم پر چھلکا پڑا ہوا تھا چھلکا ہٹنے کے بعد اندر سے خون، یا پانی، یا کچا لہو، پیپ نکلا لیکن زخم کے سر سے بہا نہیں تو وضو نہیں ٹوٹے گا اور اگر بہہ پڑا تو اب وضو ٹوٹے جائیگا اسکی وجہ پہلے حدیث گزر چکی ہے کہ دم سائل ہو تو وضو ٹوٹے گا ورنہ نہیں۔ حدیث یہ ہے، لیس فی القطرۃ و القطرتین من الدم وضوء الا ان یکون دماً سائلاً۔ (دار قطنی، باب فی الوضوء من الخارج من البدن، ج اول، ص ۱۶۳ نمبر ۵۷۲) (۲) اثر میں ہے عن عطاء الشجۃ یکون بالرجل قال : ان سال الدم فلیوضأ، و ان ظهر و لم یسل فلا وضوء علیہ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب الوضوء من الدم، ج اول ص ۱۴۳ نمبر ۵۴۵) اس اثر سے معلوم ہوا کہ بہے گا تو وضو ٹوٹے گا ورنہ نہیں۔

**ترجمہ** : ۱ امام زفرؒ نے فرمایا کہ دونوں صورتوں میں وضو ٹوٹ جائے گا۔ یعنی خون اور پیپ زخم سے بہے تب بھی وضو ٹوٹے گا

۲ و قال الشافعیؒ لا ینقض فی الوجهین ۳ و هی مسألة الخارج من غیر السبیلین ۴ وهذه الجملة نجسة لان الدم ینضج فیصیر قیحاً ثم یزدادنضجاً فیصیر صدیداًثم یصیرماء ۵ هذا اذا قشرهافخرج بنفسه،واما اذاعصرها فخرج بعصره فلا ینقض لانه مخرج و لیس بخارج، و اللہ اعلم

---

اور نہ بہے تب بھی وضوٹوٹے گا۔اسکی وجہ یہ ہے کہ انکے یہاں بہے یا نہ بہے دونوں صورتوں میں وضوٹوٹے گا۔دلیل یہ اثر ہے۔عن ابن ابی نجیح قال : سألت عطاء ومجاهدا عن الجرح یکون فی ید الانسان فیکون فیه دم یظهر و لا یسیل ؟ قال مجاهد یتوضأ ۔(مصنف عبدالرزاق ،باب الوضوء من الدم، ج اول ،ص ۱۴۴،نمبر ۵۴۸) اس اثر میں ہے کہ خون نہ بہے تب بھی وضوٹوٹے گا۔

**ترجمه** : ۲ اورامام شافعیؒ نے فرمایا کہ دونوں صورتوں میں نہیں ٹوٹے گا،اسکی وجہ پہلے گزرچکی ہے کہ سبیلین کے علاوہ سے خون نکلے تو چاہے بہے یا نہ بہے کسی حال میں ناقض وضونہیں ہے۔انکی دلیل پہلے گزرچکی ہے۔

**ترجمه** : ۳ یہ مسئلہ سبیلین کے علاوہ سے خون نکلے اسکا ہے۔پیشاب اور پیخانے کے راستے سے نجاست نکلے تو امام شافعیؒ کے نزدیک بھی وضوٹوٹے گا۔لیکن یہاں بات یہ ہے کہ سبیلین کے علاوہ سے خون پیپ نکلے تو وضوٹوٹے گا یانہیں اسکا حکم بیان کیا جارہا ہے۔

**ترجمه** : ۴ یہ تمام ناپاک ہیں،اسلئے کہ خون پکتا ہے تو کچا خون ہوتا ہے،پھر زیادہ پکتا ہے تو پیپ ہوتا ہے،پھر بعد میں پانی ہوجاتا ہے۔وجہ:چونکہ یہ تمام خون سے ہی بنتے ہیں اسلئے خون کی طرح یہ تمام ناپاک ہیں۔

**ترجمه** : ۵ یہ تمام تفصیل اس وقت ہے جبکہ اسکا چھلکا ہٹایا تو خون خودبخود نکل گیا،اور اگر اسکو نچوڑا پھر نچوڑنے سے خون نکلا تو وضونہیں ٹوٹے گا،اسلئے کہ یہ نکالا گیا ہے خودنہیں نکلا ہے ۔

**تشریح** : زخم کا چھلکا ہٹایا اور خون نکل کر بہہ پڑا تو وضوٹوٹے گا،کیونکہ یہ خون عموما زیادہ ہوتا ہے اور دم سائل کی حدتک پہونچا ہوا ہوتا ہے،لیکن اگر نچوڑکر نکالا تو عموما خون تھوڑا ہوتا ہے اور دم سائل کی حدتک پہنچا ہوانہیں ہوتا اسلئے وہ ناقض وضونہیں ہے۔تاہم اگر دم سائل کی حدتک پہنچ جائے تو وضوٹوٹ جائے گا۔پچھلے دلائل کی روشنی میں یہی معلوم ہوتا ہے۔

**اصول**: یہ مسائل اس اصول پر ہیں کہ نجاست زیادہ ہوتو وضوٹوٹے گا ورنہ نہیں۔

**لغت** : قشرت : کھال چھلنا۔نفطة: پھوڑا پھنسی ۔صدیدا : پیپ۔ینضج : پکتا ہے،پھل یا گوشت کا پکنا۔قیحاً : پیپ،وہ خون جو پیپ مائل ہو۔عصر : نچوڑا۔خارج: خودبخود نکلنے والا۔ مخرج :جسکو نکالا گیا ہو۔

خلاصہ وضوتوڑنے والی چیزیں پانچ طرح کی ہیں (۱) سبیلین سے کچھ نکلے (۲) بدن کے کسی بھی حصے سے نجاست نکلے (۳) منہ سے قے نکلے (۴) عقل زائل ہوجائے (۵) قہقہہ مار کر ہنسے۔

## ﴿فصل فی الغسل﴾

(۳۰)و فرض الغسل، المضمضة، والاستنشاق، وغسل سائر البدن ﴾ ل و عندالشافعیؒ هماسنتان فيه،لقوله عليه السلام:عشرمن الفطرة،ای من السنةوذکرمنها المضمضة، و الاستنشاق، و لهذا کانا سنتين في الوضوء.

## ﴿غسل کے فرائض کا بیان﴾

**ترجمہ**: (۳۰)غسل کے فرائض(۱) کلی کرنا(۲) ناک میں پانی ڈالنا(۳) اور پورے بدن کو دھونا ہے۔

**تشریح**: اصل میں پورے بدن پر پانی پہنچانا ہے کہ ایک بال برابر بھی خشک نہ رہ جائے۔اور منہ اور ناک کے حصے بھی بدن کے باہر کے حصے شمار کئے جاتے ہیں۔اس لئے کلی کر کے اور ناک میں پانی ڈال کر وہاں تک پانی پہنچانا ضروری ہے۔

**وجہ**: (۱) آیت میں ہے وان کنتم جنبا فاطھروا( آیت ۶،سورۃ المائدۃ ۵) آیت میں ہے کہ جنابت کی حالت میں خوب خوب پاکی حاصل کرواور یہ اس وقت ہوسکتا ہے کہ کلی کرکے اور ناک میں پانی ڈال کر ہر جگہ پانی پہنچایا جائے۔اس لئے کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا غسل میں فرض ہیں(۲) حدیث میں ہے عن علی قال ان رسول الله ﷺ قال من ترک موضع شعرہ من جنابة لم يغسلهافعل بها کذا کذا من النار (ابوداؤد شریف، باب فی الغسل من الجنابۃ ص۳۸ نمبر ۲۴۹) معلوم ہوا کہ ایک بال برابر بھی غسل میں خشک رہ جائے تو غسل نہیں ہوگا اس لئے کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا ضروری ہے۔(۳)عن ابی هريرة ان النبی ﷺ جعل المضمضة والاستنشاق للجنب ثلاثا فريضة (سنن دار قطنی ،باب ماروی فی مضمضۃ والاستنشاق فی غسل الجنابۃ ج اول ص۱۲۱ نمبر ۴۰۳) اس حدیث میں ہے کہ جنبی پر کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا فرض ہے۔

**ترجمہ**: ل اور امام شافعیؒ کے نزدیک کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا سنت ہیں حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ دس باتیں فطرت میں سے ہیں ،یعنی سنت ہیں اور ان باتوں میں کلی اور ناک میں پانی ڈالنے کا بھی ذکر ہے(۲) اور اسی لئے یہ دونوں وضو میں سنت ہیں۔(موسوعۃ نمبر ۵۳۵)۔

**وجہ**: (۱) امام شافعیؒ کی پیش کردہ حدیث یہ ہے۔عن عائشة قالت : قال رسول الله ﷺ : عشر من الفطرة قص الشارب ،و اعفاء اللحية ،و السوک ،و استنشاق الماء ،وقص الاظفار ،و غسل البراجم ،و نتف الابط ،و حلق العانة ،و انتقاص الماء ،قال زکريا قال مصعب : و نسيت العاشرةالا ان تکون المضمضة . (مسلم شریف، باب خصال الفطرۃ ص۱۳۰ نمبر ۲۶۱ / ۶۰۴ ،ابوداؤد شریف، باب السواک من الفطرۃ ص ۹ نمبر ۵۳) اس حدیث سے امام شافعیؒ غسل میں بھی کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا سنت قرار دیتے ہیں (۲)۔دار قطنی میں دوسری حدیث ہے۔ سن رسول الله

۲ ولنا قوله تعالیٰ و ان کنتم جنباً فاطهروا امر بالاطهار وهو تطهیر جمیع البدن الا ان ما تعذر ایصال الماء الیه خارج ۳ بخلاف الوضوء لان الواجب فیه غسل الوجه، و المواجهة فیهما منعدمة ۴ والمراد بما روی حالة الحدث بدلیل قوله علیه السلام انهما فرضان فی الجنابة سنتان فی الوضوء.

---

ﷺ الاستنشاق فی الجنابة ثلاثا (کتاب الصلوۃ، ج اول، ص ۱۲۱، نمبر ۴۰۱) اس سے وہ سنت ثابت کرتے ہیں۔ امام مالکؒ کے نزدیک کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا غسل میں بھی فرض ہے۔

**ترجمه** : ۲ اور ہماری دلیل اللہ تعالی کا قول ہے۔ وان کنتم جنباً فاطّہروا۔ (آیت ۶ سورۃ المائدۃ ۵) میں خوب خوب پاک کرنے کا حکم دیا ہے اور وہ اسی صورت میں ہوسکتا ہے کہ تمام بدن کو پاک کرے مگر جہاں پانی پہنچانا مشکل ہو وہ جگہ اس سے خارج ہے۔

**تشریح**: آیت میں، فاطّہروا، تشدید کا صیغہ ہے جسکا مطلب ہے کہ خوب خوب پاک کرو یعنی جہاں جہاں انگلی پہنچ سکتی ہو وہاں تک دھوؤ اور ناک اور منہ میں آسانی سے پانی جا سکتا ہے اسلئے ان دونوں کو بھی آیت کی بناء پر دھونا فرض ہوگا۔ البتہ جہاں پانی پہنچانا مشکل ہے جیسے ناک کے نرمے سے بھی اوپر، یا کان کے سوراخ کے اندرونی حصے میں تو وہاں پانی پہنچانا ضروری نہیں ہے کیونکہ یہ تکلیف مالایطاق ہے۔ اور آیت میں ہے۔ لا یکلف اللہ نفساً الا وسعھا۔ (آیت ۲۸۶ سورۃ البقرۃ ۲) کہ وسعت سے زیادہ اللہ تکلیف نہیں دیتے۔

**ترجمه** : ۳ بخلاف وضو کے اسلئے کہ اس میں واجب چہرے کا دھونا ہے اور ناک کے اندر اور منہ کے اندر مواجہت نہیں ہے۔ اسلئے ان دونوں کے اندر دھونا واجب نہیں ہوگا۔

**تشریح** : یہ امام شافعیؒ کو جواب دے رہے ہیں کہ وضو کی آیت میں وجو حکم، یعنی چہرے کو دھونا واجب ہے اور وجہ کا ترجمہ ہے جو سامنے نظر آئے اور منہ کے اندر اور ناک کے اندر سامنے نظر نہیں آتا اسلئے آیت کی بنیاد پر وضو کے اندر اسکا دھونا واجب نہیں ہوگا۔

**ترجمه** : ۴ اور امام شافعیؒ نے جو روایت کی اس حدیث کا مطلب یہ کہ وہ حدث کی حالت کے بارے میں ہے۔ حضور کی حدیث کی دلیل کی وجہ سے: کہ یہ دونوں یعنی کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا جنابت میں فرض ہیں اور وضو میں سنت ہیں۔

**تشریح** : امام شافعیؒ نے حدیث پیش کی تھی کہ دس باتیں فطرت میں سے ہیں یعنی سنت ہیں تو اسکا مطلب یہ ہے کہ وضو میں یہ دونوں سنت ہیں اور یہ تو ہم بھی کہتے ہیں کہ وضو میں مضمضہ اور استنشاق سنت ہیں۔ جیسا کہ امام شافعی والی حدیث میں گزری۔ البتہ جنابت میں یہ دونوں فرض ہیں اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابی ھریرۃ: ان النبی ﷺ جعل المضمضة و الاستنشاق

**(۳۱) سنـنـه ان يبدأ المغتسل فيغسل يديه، و فرجه، و يزيل النجاسة ان كانت على بدنه ثم يتوضأ و ضوئه للصلوٰة الا رجليه ثم يفيض الماء على رأسه، و سائر جسده ثلاثا، ثم يتنحى عن ذالك المكان، فيغسل رجليه ﴿ ا ﴾ هكذا حكت ميمونةؓ اغتسال رسول اللهﷺ**

للجنب ثلاثا فريضة ۔(دارقطنی باب ماروی فی المضمضة والاستنشاق فی غسل الجنابة ،ج اول،ص ۱۲۱نمبر ۴۰۳) اس حدیث میں ہے کہ مضمضة اورستنشاق جنابت میں فرض ہیں۔

**(نــــوٹ)** صاحب ھدایہ کی پیش کردہ حدیث کہ یہ دونوں جنابت میں فرض ہیں اوروضو میں سنت ہیں۔دوحدیثوں کا مجموعہ ہے۔جنابت میں مضمضة اور استنشاق فرض ہیں اسکی دلیل اوپر والی دارقطنی ،نمبر ۴۰۳،کی حدیث ہے، اور یہ دونوں وضو میں سنت ہیں اسکے لئے مسلم شریف کی فطرت والی حدیث ہے۔

**لغت** : مضمضة :کلی کرنے کومضمضة کہتے ہیں۔ استنشاق : نشق سے مشتق ہے، ناک میں پانی ڈالنا. اطّھر :باب افّعّل سے ہے خوب خوب پاک کرنا۔ مواجھة:وجہ سے مشتق ہے آمنے سامنے ہونا. منعدمة:عدم سے مشتق ہے معدوم ہونا، کچھ نہ ہونا۔

**ترجمہ** : (۳۱) غسل کی سنتیں یہ ہیں (۱) غسل کرنے والا پہلے اپنے دونوں ہاتھوں کودھوئے (۲) اوراپنی شرم گاہ کودھوئے (۳) اورنجاست کوزائل کرے اگراس کے بدن پر ہو(۴) پھرنماز کے وضوکی طرح وضوکرے مگر پاؤں ابھی نہ دھوئے (۵) پھر اپنے سر پر پانی بہائے (۶) اور پورے بدن پرتین مرتبہ پانی بہائے (۷) پھراس جگہ سے الگ ہوجائے (۸) پھر دونوں پاؤں کودھوئے۔

**وجہ** : یہ آٹھ کام اسی ترتیب سے سنت ہیں۔پاؤں پہلے اس لئے نہ دھوئے کہ غسل کاپانی پاؤں کے پاس جمع ہوگا اور پاؤں کو ناپاک کردے گا۔اس لئے اس کواخیر میں دھوئے۔البتہ پانی پاؤں کے پاس جمع نہ ہوتا ہوتو پہلے بھی پاؤں دھوسکتا ہے۔حدیث میں اسی ترتیب سےان سنتوں کاذکر ہے۔ حدثتنی خالتی میمونة قالت : ادنيت لرسول الله ﷺ غسله من الجنابة،فغسل كفيه مرتين او ثلاثاً ،ثم ادخل يده فى الاناء ،ثم افرغ به على فرجه ،و غسله بشماله ،ثم ضرب بشماله الارض ،فدلكها دلكاً شديدا، ثم توضأ وضوئه للصلاة ثم افرغ على رأسه ثلاث حفنات ملء كفه،ثم غسل سائر جسده ،ثم تنحى عن مقامه ذالك فغسل رجليه ،ثم اتيته بالمنديل فرده (مسلم شریف، باب صفة غسل الجنابة ص ۱۴۷نمبر ۳۱۷/۲۲۷ربخاری شریف، باب الغسل مرة واحدة ،ص ۳۹،نمبر ۲۵۷) اس حدیث سے ترتیب کے ساتھ سنتیں ثابت ہوئی ہیں۔

**ترجمہ** : ا اسی ترتیب سے حضرت میمونہؓ نے رسول اللہﷺ کے غسل کو بیان فرمایا۔اس مضمون کے لئے مسلم شریف کی

**۲؎ و انما يؤخر غسل رجليه لانهما فی مستنقع الماء المستعمل فلا يفيد الغسل حتی لو كان علی لوح لايؤخر ۳؎ وانما يبدأ بازالة النجاسة الحقيقية كيلا تزداد باصالة الماء (۳۲)وليس علی المرأة ان تنقض ضفائرهافی الغسل اذا بلغ الماء اصول الشعر﴾**

حدیث اوپر گزر گئی۔

**ترجمه** : ۲؎ پاؤں دھونے کوموخر اسلئے کرے کہ دونوں پاؤں مستعمل پانی کے جمع ہونے کی جگہ میں ہیں اسلئے پاؤں دھونے سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا ہاں اگر کسی تختے پر ہوتو دھونا موخر نہ کرے۔

**وجه** : (۱) غسل کا مستعمل پانی پاؤں کے پاس جمع ہے اسلئے اگر پاؤں دھوئے گا تو مستعمل پانی پھر پاؤں میں لگ جائے گا اور پاؤں دوبارہ ناپاک ہوجائے گا اسلئے وہاں سے ہٹنے سے پہلے پاؤں دھونے سے کوئی فائدہ نہیں ہے اسلئے وہاں سے ہٹنے کے بعد پاؤں دھوئے۔(۲) مسلم شریف کی حدیث میں بھی تھا کہ حضورؐ غسل کی جگہ سے ہٹے پھر پاؤں دھویا حدیث یہ ہے حدثتنی خالتی میمونة .....ثم تنحیٰ عن مقامه ذالک فغسل رجليه۔(مسلم نمبر۷۲۲) کہ اپنی جگہ سے ہٹے پھر پاؤں دھویا۔

**ترجمه**:۳؎ اور نجاست حقیقیہ کو پہلے زائل کرے تاکہ پانی کے لگنے سے ناپاکی زیادہ نہ ہوجائے

**وجه** : (۱) اگر جسم پر نجاست حقیقی ہوتو سب سے پہلے اسکو دھوئے تاکہ پانی لگنے کی وجہ سے مزید پھیلے نہیں اور جسم کے دوسرے حصے کو ناپاک نہ کرے۔(۲) مسلم شریف کی حدیث میں تھا کہ آپؐ نے پہلے اپنے فرج کی نجاست کو دھویا۔عبارت یہ تھی۔ثم افرغ به علیٰ فرجه ،و غسله بشماله۔(مسلم نمبر۷۲۲)

**لغت** : فرج : شرمگاہ، یفیض : بدن پر پانی بہائے یتنحی : نحی سے مشتق ہے،ایک کنارے ہوجائے،ہٹ جائے.مستنقع : نقع سے مشتق ہے،پانی جمع ہونے کی جگہ.یبدأ : بدأ سے مشتق ہے،شروع کرنا۔اصابة: پہنچنا، پانی کا لگنا۔

**ترجمه**: (۳۲)عورت پر نہیں ہے کہ غسل میں اپنے جوڑے کو کھولے اگر پانی بال کی جڑ میں پہنچ جائے۔

**وجه**: (۱) قاعدے کے اعتبار سے جنابت ،حیض اور نفاس کے غسل میں بالوں کی جڑ تک پانی پہنچنا ضروری ہونا چاہئے۔یہی وجہ ہے کہ مرد کو جوڑا ہوتو اس کو کھولنا اور بالوں پانی میں پہنچانا ضروری ہے۔لیکن عورت کو حضورؐ نے بار بار کی پریشانی کی وجہ سے خصوصی رعایت دی ہے کہ اگر سر کے تمام بالوں کی جڑ تک پانی پہنچ جائے تو جوڑے کو کھولنا ضروری نہیں (۲) حدیث میں ہے عورتوں کو جوڑا کھولنا ضروری نہیں ہے اگر بالوں کی جڑ تک پانی پہنچ جاتا ہو۔عن ام سلمة قالت قلت یا رسول الله ﷺ انی امرأة اشد ضَفر رأسي افأنقضه لغسل الجنابة ؟قال لا ، انما یکفیک ان تحثی علی رأسک ثلاث حثیات ثم تفیضین علیک الماء فتطهرین (مسلم شریف، باب حکم ضفائر المغتسلة ص۱۴۹ نمبر۷۴۴/۳۳۰/ابوداؤد شریف، باب المرأة هل تنقض

۱ لقوله علیه السلام لام سلمةؓ یکفیک اذا بلغ الماء اصول شعرک، و لیس علیها بل ذوائبها هو الصحیح لما فیه من الحرج ۲ بخلاف اللحیة لانه لا حرج فی ایصال الماء الی اثنائها.

شعرھاعندالغسل نمبر۷۵۱)اس حدیث کے چار حدیثوں کے بعد عائشہؓ کی حدیث ہے جس میں یہ لفظ ہے ثم تصب علی رأسها فتدلکه دلکا شدیدا حتی تبلغ شؤن رأسها (مسلم شریف، باب استعمال المغتسلۃ من الحیض فرصۃ من مسک فی موضع الدم ص۱۵۰ نمبر۷۵۰/۳۳۲)اس حدیث سے ثابت ہوا کہ پانی بالوں کی جڑوں کے اندر پہنچانا ضروری ہے تب غسل ہوگا۔ اگر جوڑا نہیں کھولا اور پانی جڑ تک نہیں پہنچا تو عورتوں کا غسل نہیں ہوگا۔

**ترجمہ** : ۱ حضورؐ نے ام سلمہؓ سے کہا تمکو غسل کرنا کافی ہے جبکہ پانی تمہارے بالوں کی جڑ تک پہنچ جائے، اور عورت پر اسکے گیسو کوتر کرنا ضروری نہیں ہے یہی صحیح ہے اسلئے کہ اس میں حرج ہے۔

**تشریح** : اوپر کی حدیث دو حدیثوں کا مجموعہ ہے اور دونوں حدیثیں اوپر گزر گئی۔ اور گیسوتر کرنے میں حرج ہے اسلئے عورت پر غسل جنابت میں بھی گیسو کوتر کرنا واجب نہیں ہے۔ اسکے لئے حدیث اوپر گزر گئی۔

**ترجمہ**: ۲ بخلاف داڑھی کے اسلئے کہ پانی اسکے بیچ میں پہنچانے میں حرج نہیں ہے۔ غسل میں داڑھی کے اندر پانی پہنچانا ضروری ہے کیونکہ اسکے اندر پانی پہنچانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اور حدیث کے اعتبار سے بھی پانی پہنچانا ضروری ہے۔

**فائدہ**: بعض ائمہ کے نزدیک بال کی جڑ تک پانی پہنچانا ضروری نہیں ہے۔ ان کا استدلال حدیث انما تحثی علی رأسک ثلاث حثیات ،ثم تفیضین علیک الماء فتطهرین ۔(مسلم،۴۴۷/۳۳۰) سے ہے کیونکہ اس حدیث میں بال کی جڑ میں پانی پہنچانے کی شرط نہیں ہے صرف سر پر پانی ڈالنے کا حکم ہے۔

**لغت**:تنقض : نقض سے کھولنا، ضفائر : ضفیرة کی جمع جوڑا۔ بل:تر کرنا۔ ذوائبها:ذوابۃ کی جمع ہے، چوٹی، گیسو۔ اثنا: درمیان میں۔

(۳۳) و قال (القدوری) المعانی الموجبة للغسل: انزال المنی علی وجه الدفق و الشهوة من الرجل و المرأة ﴿ ۱؎ حالة النوم، والیقظة، ۲؎ وعند الشافعیؒ خروج المنی کیف ما کان یوجب الغسل لقوله علیه السلام: الماء من الماء، ای الغسل من المنی

﴿ غسل واجب ہونے کے اسباب ﴾

**ترجمہ**: (۳۳) غسل واجب کرنے والے امور (۱) منی نکلنا کود کر شہوت کے ساتھ مرد سے اور عورت سے۔

**ترجمہ**: ۱؎ نیند کی حالت میں اور بیداری کی حالت میں۔

**تشریح**: جن اسباب کے ہونے سے غسل فرض ہوجاتا ہے یہاں ان امور کا تذکرہ ہے۔ ان میں سے یہ ہے کہ مرد یا عورت سے شہوت کے ساتھ کود کر منی نکلے تو غسل فرض ہوجائے گا۔

**وجہ**: (۱) منی نکلنے سے غسل فرض ہوگا اسکی دلیل یہ آیت ہے و ان کنتم جنبا فاطهروا۔ (آیت ۶ سورۃ المائدۃ ۵) اس آیت میں ہے کہ جنابت ہو یعنی منی نکلے تو غسل فرض ہے۔ (۲) منی کود کر اور شہوت سے نکلے تو غسل واجب ہوگا۔ لیکن بغیر شہوت کے نکلے جیسے جریان کے مرض میں ہوتا ہے تو غسل واجب نہیں ہوگا صرف وضو ٹوٹے گا۔ حدیث میں اس کا اشارہ ملتا ہے۔ عن علی رضی الله عنه قال له رسول الله ﷺ لا تفعل اذا رأیت المذی فاغسل ذکرک و توضأ وضوئک للصلوة فاذا فضخت الماء فاغتسل (ابوداؤد شریف، باب فی المذی ص ۳۱ نمبر ۲۰۶) مسند احمد میں یوں عبارت ہے اذا حذفت فاغتسل من الجنابة و اذا لم تکن حاذفا فلا تغتسل (مسند احمد، علی بن ابی طالب، ج اول، ص ۱۷۳، نمبر ۸۴۹) حذفت اور فضخت کا ترجمہ ہے کہ منی کود کر نکلے تو غسل کرو۔ اور یہ شہوت کے ساتھ نکلنے میں ہوتا ہے (۳) مذی اور ودی بھی منی کا ایک حصہ ہے لیکن کود کر نہیں نکلتی اس لئے ان میں غسل لازم نہیں ہے۔ اسی طرح منی بیماری کی وجہ سے پانی کی طرح پتلی ہوجائے اور نکلتے وقت نہ لذت ہو اور نہ کودنا ہو اور ودی کی طرح نکلے تو ظاہر ہے کہ اس میں منی کی خصوصیت نہ رہی اس لئے اس سے غسل واجب نہ ہوگا۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور امام شافعیؒ کے نزدیک منی کیسے بھی نکلے غسل واجب ہوجاتا ہے حضور کی حدیث کی وجہ سے۔ الماء من الماء، یعنی غسل منی نکلنے کی وجہ سے واجب ہوتا ہے۔

**تشریح**: امام شافعیؒ کی رائے یہ ہے کہ منی شہوت کے ساتھ نکلے یا بغیر شہوت کے غسل واجب ہوجاتا ہے کیونکہ حدیث میں مطلق ہے کہ منی نکلے تو غسل کرو اسلئے بغیر شہوت کے نکلے تب بھی غسل واجب ہوگا۔ حدیث یہ ہے عن ابی سعید الخدری ..... قال رسول الله ﷺ انما الماء من الماء۔ (مسلم شریف، باب بیان ان الجماع کان فی اول الاسلام یوجب الغسل ص ۱۵۵ نمبر

**۳ ولنا ان الامر بالتطهير يتناول الجنب، و الجنابة في اللغة خروج المني على وجه الشهوة يقال اجنب الرجل اذا قضى شهوته من المرأة، ۴ والحديث محمول على الخروج عن شهوة ۵ ثم المعتبر عند ابی حنيفةؒ و محمد انفصاله عن مكانه على وجه الشهوة ۶ و عندابی یوسفؒ ظهوره ايضاً اعتباراً للخروج بالمزايلة اذا الغسل يتعلق بهما**

۳۴۳/۵۷۷/ابوداود شریف، باب فی الاکسال ص۳۲ نمبر ۲۱۷) اس لئے شہوت کے بغیر بھی منی نکل جائے تو غسل واجب ہوگا۔

**نوٹ**: عورت کی منی نکل جائے تو اس پر بھی غسل لازم ہوگا۔ دلیل حدیث میں ہے عن ام سلمة ... فهل على المرأة من غسل اذا احتلمت؟ فقال رسول الله ﷺ نعم اذا رات الماء (يعنی المنی) (د)(مسلم شریف، باب وجوب الغسل علی المرأۃ بخروج المنی منہا ص۱۴۵ نمبر ۳۱۳/۷۱۲)۔

**ترجمہ**: ۳ ہماری دلیل یہ ہے کہ آیت میں پاک کرنے کا حکم جنبی کو شامل ہے۔اور لغت میں جنبی کہتے ہیں شہوت کے ساتھ منی نکلنے کو۔چنانچہ عرب میں کہتے ہیں اجنب الرجل :جب عورت سے شہوت پوری کرے۔

**تشریح**: آیت میں حکم ہے کہ جنبی غسل کرے اور عرب جنبی اسکو کہتے ہیں جو اپنی بیوی سے شہوت پوری کرے،جس سے معلوم ہوا کہ شہوت کے ساتھ منی نکلے تب ہی غسل واجب ہوگا۔اگر جریان کی وجہ سے بغیر شہوت کے منی نکل گئی تو غسل واجب نہیں ہوگا۔اصل وجہ تو اوپر کی ابوداؤد،اور مسند احمد کی حدیث ہے،جس میں ہے کہ منی کود کر نکلے یعنی شہوت کے ساتھ نکلے تو غسل واجب ہوگا۔

**ترجمہ**: ۴ اور شافعیؒ کی پیش کردہ حدیث شہوت کے ساتھ نکلنے پر محمول ہے۔یعنی امام شافعیؒ نے جو حدیث پیش کی ہے انما الماء من الماء ۔تو اسکا مطلب یہ ہے کہ شہوت کے ساتھ منی نکلے تو غسل واجب ہے۔اسی معنی پر حدیث محمول ہے۔

**ترجمہ**: ۵ پھر امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک اپنی جگہ سے شہوت کے ساتھ جدا ہونے کا اعتبار ہے۔یعنی جس وقت منی کی تھیلی سے منی جدا ہو رہی ہو اس وقت شہوت ہو چاہے باہر نکلتے وقت شہوت نہ ہو پھر بھی غسل واجب ہے۔

**ترجمہ**: ۶ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک باہر نکلتے وقت بھی شہوت ہو قیاس کرتے ہوئے خروج کو جدا ہونے پر اسلئے کہ غسل دونوں کے ساتھ متعلق ہے۔

**تشریح**: امام ابو یوسفؒ کی رائے ہے کہ منی کی تھیلی سے جدا ہونے کے وقت بھی شہوت ہو اور عضو تناسل سے جب باہر ہو رہی ہو تب بھی شہوت ہو تب غسل واجب ہوگا۔وہ فرماتے ہیں کہ منی کی تھیلی سے کھسکتے وقت جس طرح شہوت ضروری ہے اسی پر قیاس کرتے ہوئے عضو تناسل سے باہر نکلتے وقت بھی شہوت ضروری ہونی چاہئے ۔کیونکہ غسل کا تعلق تھیلی سے کھسکنے سے بھی ہے اور عضو تناسل سے باہر نکلنے سے بھی ہے۔چنانچہ اگر کسی کی منی اسکی تھیلی سے شہوت کے ساتھ کھسکی اور اس نے عضو تناسل کو پکڑ لیا پھر شہوت ختم ہونے

ے ولھما انہ متی وجب من وجہ فالاحتیاط فی الایجاب (۳۴) و التقاء الختانین من غیر انزال ﴾
لے لقولہ علیہ السلام اذا التقی الختانان و غابت الحشفۃ وجب الغسل انزل او لم ینزل،

کے بعد منی کو باہر نکلنے دیا تو چونکہ باہر نکلتے وقت شہوت نہیں ہے اسلئے غسل واجب نہیں ہوگا۔لیکن تھیلی سے کھسکتے وقت شہوت ہے اسلئے طرفین کے نزدیک غسل واجب ہوگا۔

**ترجمہ** : ے طرفین کی دلیل یہ ہے کہ جب کسی ایک وجہ سے واجب ہوا تو واجب کرنے میں ہی احتیاط ہے۔یعنی غسل کا وجوب کھسکنے پر بھی ہے اور باہر نکلنے پر بھی ہے تو ایک وجہ سے بھی واجب ہو جائے تو غسل واجب کر دینا چاہئے احتیاط کا تقاضا یہی ہے۔

**لغت** : الدفق: کود کر نکلنا۔یقظۃ : بیداری میں۔انفصال : جدا ہونا۔مزایلۃ : زائل ہونا، کھسکنا۔

**ترجمہ**: (۳۴) مرد اور عورت کی شرمگاہوں کے ملنے سے منی کے انزال کے بغیر۔

**تشریح**: عورت کے فرج داخل میں ایک پردہ ہوتا ہے جس کو اہل عرب ختنہ کرتے تھے یہ عورت کے ختنہ کی جگہ ہے۔اس مقام تک مرد کے ختنہ کی جگہ یعنی حشفہ داخل ہو جائے تو غسل واجب ہو جائے گا۔چاہے منی کا انزال نہ ہو تب بھی۔

**وجہ**: (۱) جگہ کے پوشیدہ ہونے کی وجہ سے پتہ نہیں چلے گا کہ منی نکلی یا نہیں نکلی۔اس لئے سبب انزال کو انزال کی جگہ پر رکھ کر غسل واجب ہو جائے گا (۲) حدیث میں ہے کہ شروع اسلام میں یہ تھا کہ جب تک منی نہ نکلے تب تک غسل واجب نہیں ہوتا تھا۔اور یہ حدیث مشہور تھی انما الماء من الماء (مسلم شریف، باب بیان ان الجماع کان فی اول الاسلام لایوجب الغسل الا ان ینزل المنی وبیان نسخہ وان الغسل یجب بالجماع ص ۱۵۵ نمبر ۳۴۳/۷۷۵) لیکن بعد میں یہ حکم منسوخ ہو گیا۔اور اس بات پر اجماع ہو گیا کہ صرف جماع کرنے سے غسل واجب ہو جائے گا۔چاہے منی کا خروج نہ ہوا ہو۔اوپر ہی کے باب میں یہ حدیث ہے عن عائشۃؓ قال رسول اللہ ﷺ اذا جلس بین شعبھا الاربع ومس الختان الختان فقد وجب الغسل . (مسلم شریف باب بیان ان الجماع الخ ص ۱۵۶ نمبر ۳۴۹/۷۸۵/ ابو داؤد، باب فی الاکسال ص ۳۲ نمبر ۲۱۶) میں منسوخ کے مسئلے کو بڑی تفصیل سے ذکر کیا ہے۔تفصیل اس طرح ہے ان ابی بن کعب اخبرہ ان رسول اللہ ﷺ انما جعل ذلک رخصۃ فی اول الاسلام لقلۃ الثیاب ثم امر بالغسل ونھی عن ذلک (ابو داؤد، باب فی الاکسال نمبر ۲۱۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صرف حشفہ غائب ہونے سے غسل واجب ہوگا چاہے انزال نہ ہوا ہو۔

**ترجمہ** : لے حضور ﷺ کے قول کی وجہ سے کہ جب ختنے کا مقام ختنے کے مقام سے مل جائے اور حشفہ غائب ہو جائے تو غسل واجب ہو جائے گا انزال ہوا ہو یا نہ ہوا ہو۔یہ حدیث دو حدیثوں کا مجموعہ ہے جسکا ایک ٹکڑا تو اوپر حضرت عائشہ کی حدیث گزری اور دوسرا ٹکڑا یہ ہے عن ابی ھریرۃ ان النبی ﷺ قال : اذا جلس بین شعبھا الاربع ثم جھدھا فقد وجب علیہ

**۲** ولانہ سبب للانزال و نفسہ یتغیب عن بصرہ وقد یخفی علیہ لقلتہ فیقام مقامہ، **۳** و کذا الایلاج فی الدبر لکمال السببیۃ، **۴** ویجب علی المفعول بہ احتیاطا.

---

الغسل. وفی حدیث مطر : و ان لم ینزل ۔ (مسلم شریف، باب نسخ الماء من الماء و وجوب الغسل بالتقاء الختانین، ص ۱۵۶ نمبر ۳۴۸/۷۸۳) اس حدیث میں وان لم ینزل کا لفظ موجود ہے۔

**ترجمہ**: ۲ اور اسلئے بھی کہ فرج میں داخل ہونا انزال کا سبب ہے۔ اور خود عضو تناسل نگاہ سے غائب ہوتا ہے اور منی کم ہونے کی وجہ سے بعض مرتبہ پتہ بھی نہیں چلتا ہے اسلئے حشفہ کے داخل ہونے کو انزال کے قائم مقام قرار دے دیا (اور غسل واجب کر دیا)

**تشریح**: حشفہ غائب ہونے سے غسل واجب ہونے کی یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ جب حشفہ غائب ہو گیا تو منی نکلی یا نہیں نکلی بعض مرتبہ اسکا پتہ نہیں چلتا ہے کیونکہ منی کم ہوتی ہے اسلئے حشفہ غائب ہونے کو ہی منی نکلنے کے قائم مقام قرار دے کر غسل واجب کر دیا گیا۔

**ترجمہ**: ۳ ایسے ہی غسل واجب ہوگا دبر میں داخل کرنے سے سبب کے مکمل ہونے کی وجہ سے۔ یعنی عضو تناسل دبر میں اتنا داخل کر دیا کہ حشفہ غائب ہو گیا تو چاہے منی کا خروج نہ ہوا ہو پھر بھی غسل واجب ہو جائے گا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ جتنی لذت عورت کی شرمگاہ میں ہوتی ہے تقریبا اتنی ہی لذت دبر میں بھی ہوتی ہے۔ اور یہاں بھی حشفہ غائب ہونے کے بعد بعض مرتبہ پتہ نہیں چلتا ہے کہ منی نکلی یا نہیں نکلی اسلئے حشفہ کے غائب ہونے کو منی نکلنے کے درجے میں رکھ کر غسل واجب کر دیا جائے گا۔ کیونکہ حشفہ کا غائب ہونا اور لذت کا مکمل ہونا دونوں سبب پورے ہیں اسلئے التقاء ختانین والی حدیث پر قیاس کرتے ہوئے اس پر غسل واجب کیا جائے گا۔

**ترجمہ**: ۴ اور مفعول پر بھی غسل احتیاطا واجب کیا جائے گا۔

**تشریح**: جسکے دبر میں حشفہ غائب کر دیا اسکی منی نہیں نکلی اور نہ دبر سے منی نکلنے کا سوال ہے اسلئے اس پر غسل واجب نہیں ہونا چاہئے ۔ چنانچہ اثر میں اسکا ثبوت ہے ۔ عن الحسن فی الرجل یصیب من المرأۃ فی غیر فرجھا قال : ان ھی انزلت اغتسلت و ان ھی لم تنزل توضأت و غسلت ما اصاب من جسدھا من ماء الرجل ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۰۹ فی الرجل یجامع امرأتہ دون الفرج، ج اول، ص ۸۹، نمبر ۹۹۲ رمصنف عبد الرزاق، باب الرجل یصیب امرأتہ فی غیر الفرج، ج اول، ص ۲۵۳، نمبر ۹۷۱) اس اثر سے معلوم ہوا کہ یا عورت کے فرج میں داخل کرے، یا منی نکلے تب ہی غسل واجب ہو گا۔ اور یہاں منی نہیں نکلی ہے اسلئے غسل واجب نہیں ہوگا۔ لیکن جسم کے اندر حشفہ داخل ہو چکا ہے اسلئے احتیاط کا تقاضا ہے کہ غسل کر لے۔ اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ عن ابن عباسؓ قال یغتسل ۔ (مصنف عبد الرزاق، نمبر ۹۷۴) (۲) یوں بھی عورت کی شرمگاہ کی طرح اسکے دبر کے اندر داخل ہو چکا ہے تو جس طرح عورت سے منی نکلے یا نہ نکلے غسل واجب ہوتا ہے یہاں بھی منی نہ نکلے پھر بھی احتیاطا غسل واجب ہونا چاہئے۔ البتہ دبر کے باہر رہے تو غسل واجب نہیں ہوگا۔

۵ بخلاف البهيمة ومادون الفرج لا السببية ناقصته (۳۵) و الحيض ﴾ ۱ لقوله تعالى حتى يطّهرن بالتشديد.

---

**ترجمہ**: ۵ بخلاف جانور اور فرج کے علاوہ میں حشفہ غائب ہوجائے تو غسل واجب نہیں ہوگا سبب کے ناقص ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح**: چوپائے کی شرمگاہ میں حشفہ غائب کر دیا اور منی نہیں نکلی تو غسل واجب نہیں ہوگا، اسی طرح شرمگاہ اور دبر کے علاوہ میں حشفہ غائب کیا اور منی نہیں نکلی تو غسل واجب نہیں ہوگا۔

**وجه**: (۱) اسکی ایک وجہ تو مصنف نے بیان کی ہے کہ وہاں لذت کاملہ نہیں ہے کیونکہ چوپائے سے جماع کرنے میں نفرت ہوتی ہے اور شرمگاہ اور دبر کے علاوہ میں اتنی لذت نہیں ہوتی اسلئے انزال ہوئے بغیر غسل واجب نہیں ہوگا۔ (۲) حدیث میں ہے کہ دوسرے مقامات پر جب تک انزال نہ ہو غسل واجب نہیں. عن عائشة قالت سئل النبی ﷺ عن الرجل يجد البلل و لا يذكر احتلاما ؟ قال :يغتسل ،و عن الرجل يرى انه قد احتلم و لم يجد بللاً ؟ قال لا غسل عليه ۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء فیمن یستیقظ ویری بللاً ولا یذکر احتلاما، ص ۳۱ نمبر ۱۱۳) اس حدیث میں ہے کہ منی نکلنے کا شک ہو لیکن نکلی نہ ہو تو غسل واجب نہیں۔

**لغت**: التقاء : لقی سے مشتق ہے۔ ملنا، مس کرنا۔ ختانین: ختنہ کا تثنیہ ہے۔ ختنہ کرنے کی جگہ، یہاں مراد ہے عضو تناسل کا وہ حصہ جہاں ختنہ کیا جاتا ہے۔ جسکو عربی میں حشفہ کہتے ہیں۔ اور عورت کی شرمگاہ میں وہ جگہ جہاں اهل عرب ختنہ کرتے تھے، جسکو عربی میں فرج داخل کہتے ہیں۔ حشفه :عضو تناسل کا وہ حصہ جس پر ختنہ کرتے ہیں۔ انزل : نزل سے مشتق ہے، اترنا، یہاں مراد ہے منی کا نکلنا۔ ایلاج :داخل کرنا۔ الدبر: پیخانہ کرنے کے راستے کو دبر کہتے ہیں۔ مفعول به :جسکے ساتھ لواطت کی اسکو مفعول بہ کہتے ہیں۔ بهیمة: چوپایہ، جانور۔ فرج :عورت کی شرمگاہ کو فرج کہتے ہیں اور بعض مرتبہ مرد کے عضو تناسل کو بھی فرج کہہ دیتے ہیں۔ یہاں عورت کی شرمگاہ مراد ہے۔ اور دبر بھی مراد ہو سکتا ہے۔

**ترجمہ**: (۳۵) حیض :سے غسل واجب ہوگا ۱ اللہ تعالی کا قول حتی یطّھرن، تشدید کے ساتھ پڑھیں۔

**ترجمہ**: ۱ آیت میں ہے کہ حائضہ خوب پاک ہوجائے تب اس سے وطی کرو اور خوب پاک غسل سے ہوگی۔ يسئلونک عن المحيض قل هو اذى فاعتزلوا النساء في المحيض ولا تقربوهن حتى يطهرن فاذا تطهرن فاتوهن من حيث امركم الله (آیت ۲۲۲، سورۃ البقرۃ ۲) آیت میں اشارہ ہے کہ حائضہ غسل کرے تب جماع کرو۔ (۲) حدیث میں ہے۔ عن عائشةؓ ان امرأة سألت النبی ﷺ عن غسلها من المحيض؟ فامرها كيف تغتسل قال خذى فرصة من مسک فتطهری بها الخ (بخاری شریف، باب دلک المرأۃ نفسها اذا تطهرت من المحیض ص ۴۵ نمبر ۳۱۴ مسلم شریف، باب

(۳۶) وكذا النفاس بالاجماع ﴾

(۳۷) و سن رسول الله الغسل للجمعة، و العيدين، و عرفة، والاحرام ﴾ لے صاحب الكتاب نص على السنية و قيل هذه الاربعة مستحبة، وسمى محمدؒ الغسل في يوم الجمعة حسناً في الاصل

استحباب استعمال المغتسلة من الحيض فرصة من مسک نمبر ۳۳۲/۷۴۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حائضہ پر غسل فرض ہے۔

**ترجمہ**: (۳۶) نفاس: میں بھی غسل واجب ہے تمام ائمہ کے نزدیک۔

**وجہ**: کیونکہ نفاس بھی حیض کے درجے میں ہے اس لئے حیض ہی کے تمام دلائل سے نفاس میں بھی غسل کرنا لازم ہوگا (۱) اور ایک حدیث مستدرک حاکم نے ذکر کی ہے جو کنز العمال میں ہے عن معاذؓ عن النبی قال اذا مضى للنفساء سبع ثم رأت الطهر فلتغتسل ولتصل (مستدرک للحاکم، کتاب الطہارۃ، ج اول، ص ۲۸۴، نمبر ۶۲۶/سنن للبیہقی، باب النفاس ص ۵۰۵، نمبر ۱۶۱۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نفساء بھی خون ختم ہونے کے بعد غسل کرے گی۔

﴿سنت غسل کا بیان﴾

**ترجمہ**: (۳۷) سنت قرار دیا حضورؐ نے غسل کو (۱) جمعہ کے لئے (۲) عیدین کے لئے (۳) احرام کے لئے (۴) عرفہ کے لئے۔ ان دنوں میں غسل کرنا سنت ہے۔

**وجہ**: (۱) حدیث میں ہے عن ابی سعید الخدریؓ ان رسول الله ﷺ قال غسل يوم الجمعة واجب على كل محتلم (ابوداؤد شریف، باب فی الغسل یوم الجمعۃ ص ۵۵ نمبر ۳۴۱/مسلم شریف باب وجوب غسل الجمعۃ، ص ۲۷۹ نمبر ۸۴۶/۱۹۵۷) (۲) عن سمرة قال قال رسول الله ﷺ من توضأ فبها ونعمت ومن اغتسل فهو افضل (ابوداؤد شریف، باب فی الرخصۃ فی ترک الغسل یوم الجمعۃ ص ۵۷ نمبر ۳۵۴/مسلم شریف، کتاب الجمعۃ، باب وجوب غسل الجمعۃ ص ۲۷۹ نمبر ۸۴۶/۱۹۵۹، مسلم شریف، باب فصل من استمع وانصت فی الخطبۃ، ص ۲۸۳، نمبر ۸۵۷/۱۹۸۸) ان دونوں قسم کی احادیث سے معلوم ہوا کہ جمعہ کے دن پہلے غسل واجب تھا اب منسوخ ہو کر سنت باقی رہا۔

**ترجمہ**: لے صاحب کتاب، قدوری نے غسل سنت بتایا، لیکن کہا گیا ہے کہ یہ چاروں مستحب ہیں۔ اور امام محمدؒ نے جمعہ کے دن غسل کو اصل یعنی مبسوط میں حسن کہا ہے۔

**وجہ**: ان چاروں مقامات پر غسل سنت ہے جمعہ کی دلیل اوپر گزری اور باقی کی دلیل آگے آرہی ہے۔ اور جو حضرات اسکو مستحب کہتے ہیں انکی دلیل یہ حدیث ہے عن سمرة قال قال رسول الله ﷺ: من توضأ فبها و نعمت ، و من اغتسل فهو افضل۔ (ابوداود شریف، باب الرخصۃ فی ترک الغسل یوم الجمعۃ، ص ۵۷ نمبر ۳۵۴/ترمذی شریف، باب ما جاء فی الوضوء یوم

۲ و قال مالک واجب لقوله علیه السلام: من اتی الجمعة فلیغتسل، ۳ ولنا قوله ﷺ: من توضأ یوم الجمعة فبها ونعمت ومن اغتسل فهو افضل، وبهذا یحمل ماروا ه علی الاستحباب، اوعلی النسخ ۴ ثم هذا الغسل للصلوة عند ابی یوسفؒ و هو الصحیح لزیادة فضیلتها علی الوقت و اختصاص الطهارة بها، و فیه خلاف الحسن

---

الجمعۃ ،ص۱۱۰نمبر ۴۹۷ ) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جمعہ کے دن غسل مستحب ہے۔اور جب جمعہ میں مستحب ہے تو عیدین وغیرہ میں بھی مستحب ہوگا۔

**ترجمہ** : ۲ اور امام مالکؒ نے فرمایا کہ غسل واجب ہے۔حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ جو جمعہ میں آئے اسکو غسل کرنا چاہئے۔

حدیث یہ ہے عن عبد اللہ قال سمعت رسول اللہ ﷺ یقول : اذا اراد احدکم أن یأتی الجمعة فلیغتسل۔( مسلم شریف، باب کتاب الجمعۃ ،ص ۲۷۹ نمبر ۸۴۴/۱۹۵۱/ابوداود شریف، باب فی الغسل للجمعۃ ،ص ۵۵ نمبر ۳۴۰ ) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جمعہ کے لئے غسل واجب ہے

**ترجمہ** : ۳ اور ہماری دلیل حضور علیہ السلام کا قول جس نے جمعہ کے دن وضو کی تو ٹھیک ہے اور بہتر ہے اور جس نے غسل کیا تو افضل ہے اور اس حدیث کی بناء پر اس حدجسکو دوسرے حضرات نے روایت کی اسکو استحباب پر محمول کیا جائے گا، یا منسوخ ہونے پر ۔ابوداود کی یہ حدیث اوپر گزر گئی۔اور یہ بھی گزر گیا کہ اس حدیث کی بناء پر یہ کہا جائے گا کہ دوسرے حضرات نے وجوب کی جو حدیث پیش کی ہے اسکو استحباب پر محمول کیا جائے گا اور دونوں حدیثوں کے درمیان توافق پیدا کرنے کے لئے یہی کہا جائے گا کہ جمعہ کے دن غسل مستحب ہے۔

یا یوں کہا جائے گا کہ شروع اسلام میں لوگ صفائی کا احتیاط نہیں کرتے تھے اسلئے غسل واجب تھا بعد میں منسوخ ہوکر مستحب رہ گیا، یا سنت رہ گیا منسوخ ہونے کی دلیل یہ لمبی حدیث ہے یا ابن عباس !أتری الغسل یوم الجمعة واجباً ؟ قال : لا ،ولکنه اطهر و خیر لمن اغتسل .....قال ابن عباس : ثم جاء الله تعالی ذکره بالخیر و لبسوا غیر الصوف و کفوا العمل و وسع مسجدهم و ذهب بعض الذی کان یوذی بعضهم بعضاً من العرق ،(ابوداود شریف،باب الرخصۃ فی ترک الغسل یوم الجمعۃ ،ص ۵۷ نمبر ۳۵۳ ) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پہلے غسل واجب تھا بعد میں منسوخ ہوکر مستحب ہوگیا۔

**ترجمہ**: ۴ پھر یہ غسل امام ابویث کو یوسفؒ کے نزدیک نماز کے لئے ہے اور صحیح یہی ہے کیونکہ نماز کی فضیلت وقت پر زیادہ ہے ،اور طھارت بھی نماز کے ساتھ خاص ہے اور اس میں حضرت حسن بن زیادؒ کا اختلاف ہے۔

**تشریح** : امام ابو یوسفؒ کے نزدیک غسل جمعہ کی نماز کے لئے ہے۔انکی دلیل یہ حدیث ہے عن سالم عن ابیه انه سمع

**۵ والعیدان بمنزلۃ الجمعۃ لان فیھما الاجتما فیستحب الاغتسال دفعاً للتأذی بالرائحۃ، ۶ و اما فی عرفۃ والاحرام فسنبینہ فی المناسک ان شاء اللہ تعالی**

---

النبی ﷺ یقول : من اتی الجمعۃ فلیغتسل ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی الاغتسال یوم الجمعۃ، ص۱۱۲نمبر۴۹۲)اس حدیث میں ہے کہ جو جمعہ کے لئے آئے وہ غسل کرے جس سے معلوم ہوا کہ جمعہ کی نماز کے لئے غسل ہے۔(۲) مصنفؒ نے دوسری وجہ یہ بتائی کہ غسل یہ پاکی ہے اور پاکی نماز کے لئے ہوتی ہے، دن کے لئے نہیں ہوتی اسلئے غسل جمعہ کی نماز کے لئے ہو گی۔اور صحیح بھی یہی معلوم ہوتا ہے۔

البتہ حسن بن زیاد فرماتے ہیں کہ غسل جمعہ کے دن کے لئے ہے ۔انکی دلیل وہ حدیث ہے جس میں ہے کہ جمعہ کے دن غسل کرے۔حدثنی أوس بن أوس الثقفی قال سمعت رسول اللہ ﷺ یقول من غسل یوم الجمعۃ و اغتسل ۔(ابوداود نمبر ۳۴۵) اس حدیث میں یوم الجمعۃ، ہے جس سے استدلال کرتے ہیں کہ جمعہ کے دن کے لئے غسل ہے۔ساتھ ہی وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ جمعہ میں جانے والے جمعہ سے پہلے غسل کرے۔

**ترجمہ** : ۵ اورعیدین جمعہ کے درجے میں ہے اسلئے کہ ان دونوں میں بھی اجتماع ہوتا ہے اسلئے غسل کرنا مستحب ہوگا بد بو سے تکلیف کو دور کرنے کے لئے۔

**وجہ** : جمعہ کی طرح عیدین میں بھی غسل کرنا سنت ہے اسکی ایک وجہ تو یہ ہے کہ عیدین میں بھی اجتماع ہوتا ہے جیسے جمعہ میں اجتماع ہوتا ہے، اسلئے لوگوں کو پسینے کی بد بو سے تکلیف نہ ہو تا کہ یہاں بھی غسل سنت ہے۔(۲) اسکے لئے حدیث یہ ہے۔عن ابن عباس قال : کان رسول اللہ ﷺ یغتسل یوم الفطر و یوم الاضحی ۔(ابن ماجہ، نمبر ۱۳۱۵)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عیدین میں غسل کرنا سنت ہے۔

**ترجمہ** : ۶ بہر حال عرفہ اور احرام میں تو اسکو کتاب الحج میں بیان کرونگا۔ان دونوں دنوں میں بھی غسل کرنا سنت ہے۔اسکے لئے حدیث یہ ہے۔عن جدہ الفاکہ بن سعد ،و کانت لہ صحبۃ ان رسول اللہ ﷺ کان یغتسل یوم الفطر ،و یوم النحر ،و ویوم عرفۃ ،و کان الفاکہ یأمر اھلہ بالغسل فی ھذہ الایام ۔(ابن ماجہ باب، ماجاء فی الاغتسال فی العیدین، ص ۱۸۶ نمبر ۱۳۱۶)اس حدیث میں ہے کہ عرفہ یعنی ذی الحجہ کی نویں تاریخ کو آپ غسل فرماتے تھے۔احرام کے لئے غسل فرماتے تھے اسکی دلیل یہ حدیث ہے عن خارجۃ بن زید بن ثابت عن ابیہ : انہ رأی النبی ﷺ تجرد لاھلالہ و اغتسل ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی الاغتسال عند الاحرام، ص ۱۷۱ نمبر ۸۳۰/ مسلم شریف، باب صحۃ احرام النفساء واستحباب اغتسالھا للاحرام، ص ۳۸۵ نمبر ۱۲۰۹/۲۹۰۸)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ احرام کے لئے غسل کرنا سنت ہے۔

(۳۸) قال (القدوری) ولیس فی المذی، والودی غسل وفیهما الوضوء ﴿۱﴾ لقوله علیه السلام: کل فحل یمذی وفیه الوضوء ﴿۲﴾ والودی الغلیظ من البول یتعقب الرقیق منه خروجا فیکون معتبر ابه

**ترجمہ**: (۳۸) اور مذی اور ودی نکلنے سے غسل نہیں ہے۔ ان میں وضو واجب ہے۔

**وجہ**: (۱) مذی اور ودی منی نہیں ہیں اور نہ وہ کود کر نکلتے ہیں، اور نہ اس کے نکلتے وقت اتنی شہوت ہوتی ہے۔ اس لئے ان دونوں کے نکلنے سے غسل واجب نہیں ہے صرف وضو واجب ہوگا (۲) حدیث میں ہے عن علی ابن طالبؓ ارسلنا المقداد بن الاسود الی رسول اللہ ﷺ فسأله عن المذی یخرج من الانسان کیف یفعل به؟ فقال رسول اللہ ﷺ توضأ وانضح فرجک (مسلم شریف، باب المذی ص ۱۴۳ نمبر ۳۰۳/۶۹۷) (۲) سألت النبی ﷺ عن المذی؟ فقال من المذی الوضوء ومن المنی الغسل (ترمذی شریف، باب ما جاء فی المنی والمذی ص ۳۱ نمبر ۱۱۴/ ابو داؤد شریف، باب فی المذی ص ۳۱ نمبر ۲۰۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مذی نکلے تو وضو واجب ہے غسل نہیں۔

**ترجمہ**: ﴿۱﴾ حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ ہر مرد کو مذی آتی ہے اور اس میں وضو ہے۔ حدیث یہ ہے عن عمه عبد اللہ بن سعد الانصاری قال: سألت رسول اللہ ﷺ عما یوجب الغسل و عن الماء یکون بعد الماء؟ فقال: ذالک المذی، وکل فحل یمذی، فتغسل من ذالک فرجک و أنثییک و توضأ وضوئک للصلاة۔ (ابوداؤد شریف، باب فی المذی، ص ۳۱ نمبر ۲۱۱)

**ترجمہ**: ﴿۲﴾ ودی گاڑھا پیشاب ہے جو پتلے پیشاب کے بعد نکلتا ہے اسلئے پیشاب ہی کا اعتبار کیا جائے گا

**تشریح**: ودی: بھی مذی کی طرح ایک پانی ہے۔ بلکہ مذی میں تو تھوڑی شہوت ہوتی ہے ودی میں شہوت نہیں ہوتی وہ پیشاب کے بعد نکلتی ہے۔ اس لئے ودی میں وضو ہی واجب ہوگا۔ اسکی تفسیر اس اثر میں ہے عن معمر عمن سمع عکرمة قال: هی ثلاثة المذی، والودی، والمنی، فاما المذی: فهو الذی یخرج اذا لاعب الرجل امرأته ففیه غسل الفرج و الوضوء، و اما الودی فهو الذی یکون مع البول و بعده فیه غسل الفرج، والوضوء ایضاً، واما المنی فهو الماء الدافق الذی یکون فیه الشهوة و منه یکون الولد ففیه الغسل۔ (مصنف عبد الرزاق۔ باب المذی، ج اول، ص ۱۵۹، نمبر ۶۱۱) اس اثر میں تینوں کی تفسیر ہے اور حکم بھی (۲) اثر میں ہے۔ سمعت ابن عباس یقول: المنی و الودی و المذی، أما المنی فهو الذی منه الغسل، و أما الودی و المذی فقال اغسل ذکرک أو مذاکیرک و توضأ وضوئک للصلاة (سنن للبیهقی، باب المذی والودی لا یوجبان الغسل، ج اول، ص ۲۶۲، نمبر ۸۰۰/ طحاوی شریف، باب الرجل یخرج من ذکره المذی کیف یغسل ج اول ص ۳۹/) اس اثر میں تینوں کے احکام بیان کئے گئے ہیں۔

۳؎ و المنی خاثر ابیض ینکسر منه الذکر، والمذی رقیق یضرب الی البیاض یخرج منه عندملاعبة الرجل اهله، والتفسیر ماثور عن عائشةؓ

**ترجمہ** : ۳؎ اور منی گاڑھی دانہ دار اور سفید ہوتی ہے اسکے نکلنے سے عضو تناسل سست ہو کر بیٹھ جاتا ہے، اور مذی پتلا پانی ہوتا ہے سفیدی مائل ہوتی ہے مرد اپنی بیوی سے ملاعبت کرتا ہے اس وقت نکلتی ہے حضرت عائشہؓ سے یہی تفسیر منقول ہے۔

**تشریح** : اس عبارت میں منی اور مذی کی تفسیر بیان کی گئی ہے۔ صاحب نصب الرایۃ فرماتے ہیں کہ یہ تفسیر حضرت عکرمہؒ سے منقول ہے جو اوپر مصنف عبد الرزاق، نمبر ۶۱۱) میں بیان کیا گیا۔ حضرت عائشہؓ سے کتابوں میں نہیں ملتا۔

**لغت** :. فحل : مرد۔ غلیظ : گاڑھا۔ یتعقب : بعد میں آتا ہے۔ خاثر : دانہ دار ہوتا ہے۔ ینکسر : ٹوٹ جانا۔ لوز ہو جانا۔ ملاعبت : بیوی کے ساتھ صحبت کی باتیں کرے اسکو ملاعبت کہتے ہیں۔ ایسے وقت میں عضو تناسل سے جو تھوڑا سا پانی نکلتا ہے اسکو مذی کہتے ہیں۔

## ﴿باب الماء الذی یجوز به الوضوء و ما لا یجوز به﴾

(۳۹) الطهارة من الاحداث جائزة بماء السماء، والاودية، و العيون، و الابار، و البحار ﴾ ۱ لقوله تعالی: وانزلنا من السماء ماء طهوراً، ۲ وقوله علیه السلام: الماء طهور لاينجسه شئ الاماغيرلونه، اوطعمه، اوريحه

## ﴿ پانی کے احکام ﴾

**ترجمه**: (۳۹) حدثوں سے پاکی کرنا جائز ہے (۱) آسمان کے پانی سے (۲) وادیوں کے پانی سے (۳) چشموں کے پانی سے (۴) کنوؤں کے پانی سے (۵) اور سمندر کے پانی سے۔

**وجه**: (۱) یہ سب پانی پاک ہیں اس لئے یہ پانی تھوڑی ناپاکی گرنے کی وجہ سے ناپاک نہیں ہوتے ہیں۔ اس لئے ان سے وضو کرنا اور غسل کرنا دونوں جائز ہیں (۲) آیت ہے وانزلنا من السماء ماء طهورا۔ (آیت ۴۸، سورۃ الفرقان ۲۵) (۳) چشمے کے بارے میں آیت ہے الم تر ان الله انزل من السماء ماء فسلكه ينابيع فى الارض ۔ (آیت ۲۱ سورۃ الزمر ۳۹) (۴) کنویں کے بارے میں حدیث ہے عن ابی سعيد الخدریؓ قال قيل يا رسول الله ﷺ انتوضأ من بئر بضاعة... فقال رسول الله ﷺ ان الماء طهور لا ينجسه شیء. (ترمذی شریف، باب ماجاء ان الماء لاینجسہ شیء، ص ۲۱، نمبر ۶۶) سمندر کے پانی کے سلسلے میں حدیث ہے عن ابی هريرة رضى الله عنه يقول سأل رجل رسول الله ﷺ ...افنتوضأ من البحر فقال رسول الله و هو الطهور ماء ه و الحل ميتته. (ترمذی شریف، باب ماجاء فی ماء البحر انه طھور ص ۲۱، نمبر ۶۹ / ابوداود شریف، باب الوضوء بماء البحر، ص ۱۳، نمبر ۸۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سمندر کا پانی پاک ہے اور اسکی مری ہوئی مچھلی بھی حلال ہے۔ اوپر کے تمام پانی پاک ہیں۔

**ترجمه**: ۱ اللہ تعالی کا قول۔ میں نے آسمان سے پاک کرنے والا پانی اتارا۔ یہ آیت اوپر گزر گئی۔ اس سے معلوم ہوا کہ آسمان کا پانی پاک ہے۔

**ترجمه**: ۲ حضورؐ کا قول کہ حوض کا پانی پاک ہے، ہاں اسکا رنگ، یا اسکا مزہ، یا اسکی بو بدل جائے تو ناپاک ہوگا۔

**تشریح**: یعنی بہتے پانی میں یا ماء کثیر میں اتنی زیادہ ناپاکی گر گئی کہ اسکی وجہ سے پانی کا رنگ بدل گیا، یا اسکا مزہ بدل گیا، یا اسکی بو بدل گئی تو اب یہ پانی ناپاک ہو جائے گا اور اس سے وضو یا غسل کرنا جائز نہیں ہوگا۔ حدیث یہ ہے۔ عن ابی امامة الباهلی قال: قال رسول الله ﷺ: ان الماء لا ينجسه شیء الا ما غلب على ريحه وطعمه و لونه ۔ (ابن ماجہ شریف، باب الحیاض، ص ۷۴، نمبر ۵۲۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ماء کثیر میں ناپاکی گیرے تو جب تک تینوں وصفوں میں سے ایک نہ بدل

۳؎ و قوله ﷺ: في البحر هو الطهور مائه والحل ميتته ۴؎ و مطلق الاسم يطلق على هذه المياه.

(۴۰) ولا يجوز بما اعتصر من الشجر، والثمر ﴿۱﴾ لانه ليس بماء مطلق، و الحكم عند فقده منقول الى التيمم ۲؎ والوظيفة في هذه الاعضاء تعبدية، فلا تتعدى الى غير المنصوص عليه،

---

جائے پانی ناپاک نہیں شمار کیا جائے گا۔

**ترجمہ** : ۳؎ اور سمندر کے بارے میں حضورؐ کا قول کہ اسکا پانی پاک ہے اور اسکا مردہ، یعنی اسکی مری ہوئی مچھلی حلال ہے۔ یہ حدیث اوپر گزر چکی ہے (ترمذی نمبر ۶۹ / ابوداود نمبر ۸۳)۔

**ترجمہ**: ۴؎ اور پانی کا مطلق نام ان سب پانیوں پر بولا جاتا ہے۔

**تشریح** :اوپر سمندر کا پانی، چشمے کا پانی اور حوض کے پانی کے بارے میں آیت اور حدیث پیش کی گئی۔ مطلق پانی بولا جائے تو یہی پانی مراد ہوتے ہیں جو پاک ہیں اور پاک کرنے والے ہیں۔(۲) یوں بھی اوپر کے تمام پانی آسمان ہی سے تعلق رکھتے ہیں اور آسمان کے پانی کے بارے میں اللہ تعالی نے فرمایا کہ اس کو میں نے پاک کرنے والا اتارا ہے اس لئے ان پانیوں سے پاکی حاصل کرنا جائز ہے۔

**لغت**: اودية : جمع ہے وادی کی۔ العيون : عین کی جمع ہے چشمہ۔ الآبار : بئر کی جمع ہے کنواں۔ البحار: جمع ہے بحر کی سمندر. طهور :طھارت سے مشتق ہے اور مبالغہ کا صیغہ ہے خود بھی پاک ہو اور دوسروں کو بھی پاک کرتا ہو۔ ينجسه: اسکو ناپاک کرتا ہو .الحل :حلال ہے۔ ميتة: اس مردہ سے مراد مچھلی ہے۔

**ترجمہ**:(۴۰) طہارت کرنا جائز نہیں ہے ایسے پانی سے جو درخت سے نچوڑا گیا ہو یا پھل سے نچوڑا گیا ہو۔

**وجہ**: (۱) یہ پھل اور درخت کا رس ہے پانی نہیں ہے۔ اور پانی سے پاکی کرنا جائز ہے جیسے پہلے دلائل کے ساتھ ثابت کیا اس لئے رس سے پاکی حاصل کرنا جائز نہیں ہے۔ چاہے وہ پھل کا رس ہو یا درخت کا رس ہو (۲) حدیث سے پتہ نہیں چلتا ہے کہ رس سے وضو کیا گیا ہو۔ اس لئے بھی رس سے وضو جائز نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: ۱؎ یہ رس مطلق پانی نہیں ہے اور مطلق پانی نہ ہوتے وقت تیمّم کا حکم ہے۔

**تشریح**: درخت کا اور پھل کا نچوڑا ہوا پانی مطلق پانی نہیں ہے بلکہ رس ہے اور مطلق پانی نہ ہو تو حکم یہ ہے کہ تیمّم کرو، رس سے وضو یا غسل مت کرو۔ اسکے لئے آیت یہ ہے فلم تجدوا ماء فتيمموا صعيداً طيباً، (آیت ۴۳، سورۃ النساء ۴) اس آیت میں ہے کہ پانی نہ ہو تو تیمّم کرو۔

**ترجمہ**: ۲؎ ان اعضاء کو دھونا تعبدی ہے اسلئے نص میں جو وارد ہوا ہے اس سے متعدی نہیں ہوگا۔

۳ اما الماء الذی یقطرمن الکرم فیجوز التوضی به لانه ماء خرج من غیر علاج، ذکره فی جوامع ابی یوسفؒ، وفی الکتاب اشارة الیه حیث شرط الاعتصار (۴۱) ولایجوز بماء غلب علیه غیره، فاخرجه عن طبع الماء کالاشربة، والخل، و ماء الورد، و ماء الباقلیٰ، و المرق، و ماء الزردج ﴿۱﴾ لانه لا یسمی ماء مطلقا

**تشریح:** تعبدی کا مطلب پہلے گزر چکا ہے کہ صرف اللہ کے حکم کی وجہ سے وضو اور غسل میں ان اعضاء کو دھورہے ہیں ورنہ سمجھ میں بات نہیں آتی ہے کہ پیشاب اور پیخانہ نکلا ہے کہیں اور سے اور دھوتے ہیں ہاتھ اور پاؤں کو۔ اسلئے نص یعنی قرآن اور حدیث میں جن جن پانیوں سے طہارت حاصل کرنے کے لئے کہا ہے انہیں پانیوں سے طہارت حاصل کر سکتے ہیں اور رس سے پاکی حاصل کرنے کا تذکرہ حدیث اور قرآن میں نہیں ہے اسلئے رس سے پاکی حاصل کرنا جائز نہیں ہے۔

**ترجمہ** : ۳ اور وہ پانی جو انگور کی بیل سے ٹپکتا ہے اس سے وضو جائز ہے اسلئے کہ بغیر نچوڑے ہوئے نکل آیا ہے۔ جوامع ابو یوسفؒ میں ایسا ہی ذکر کیا گیا ہے۔ اور کتاب قدوری میں بھی اسی بات کی طرف اشارہ ہے۔ اسلئے کہ اس میں نچوڑنے کی شرط لگائی ہے۔

**تشریح** : اوپر یہ فرمایا کہ رس سے وضو جائز نہیں ہے۔ اب یہ فرمارہے ہیں کہ اگر انگور کی بیل کا رس خود ٹپک ٹپک کر گرا ہو اور پانی کی طرح پتلا ہو تو اس سے وضو کرنا جائز ہے جامع ابو یوسف میں ایسا ہی لکھا ہوا ہے۔ اسکی وجہ یہ فرمارہے ہیں کہ جس رس کو نچوڑا ہو اس سے وضو جائز نہیں اور اس رس کو نچوڑا نہیں ہے بلکہ خود ٹپکا ہے اسلئے اس سے وضو جائز ہے۔ (۲) قدوری کے متن میں بھی اسکا اشارہ ہے۔ اس میں ہے اعتصر من الشجر و الثمر : یعنی درخت اور پھل سے نچوڑا ہو اس سے وضو جائز نہیں، جسکا مطلب یہ نکلا کہ خود ٹپکا ہو تو اس سے وضو جائز ہے۔

**لغت** : اعتصر : نچوڑا گیا ہو، عصر سے مشتق ہے. فقد : گم ہونا، نہ پانا. وظیفة : ترتیب دئے ہوئے کام کو وظیفہ کہتے ہیں۔ تتعدی : متعدی ہونا، ایک حکم سے دوسرے حکم کی طرف جانا۔ یقطر : قطرہ قطرہ ٹپکنا۔ الکرم : انگور کی بیل. علاج: علاج کرنا، یہاں مراد ہے نچوڑنا۔

**ترجمہ** : (۴۱) اور نہیں جائز ہے طہارت ایسے پانی سے جس پر دوسری چیز غالب آگئی ہو اور اس کو پانی کی طبیعت سے نکال دیا ہو جیسے (۱) شربت (۲) سرکہ (۳) گلاب کا پانی (۴) لوبیا کا پانی (۵) شوربا (۶) گاجر کا پانی۔

**ترجمہ**: ۱ اسلئے کہ یہ مطلق پانی نہیں رہے۔

**تشریح** : پانی میں کوئی پاک چیز ڈال کر اتنا پکایا کہ وہ شوربہ سا بن گیا اور گاڑھا ہو گیا، اور اس میں پانی کی طبیعت باقی نہیں رہی تو

۲ والمراد بماء الباقلی ما تغیر بالطبخ، فان تغیر بدون الطبخ یجوز التوضی به،

---

اس سے وضو کرنا جائز نہیں ہے۔ اگر چہ وہ پاک ہے اور اسکا کھانا اور پینا جائز ہے۔

**وجہ:** (۱) یہ سب اب پانی نہیں رہے بلکہ ان کا نام بھی بدل گیا ہے اور اوصاف بھی بدل گئے ہیں۔ مثلا شربت میں دوسری چیز اتنی مل گئی ہے کہ اب اس کا نام بھی شربت ہو گیا۔ اب اس کو کوئی پانی نہیں کہتا۔ سرکہ کا حال بھی یہی ہے لوبیا پکا دیا جائے جس سے پانی کی حقیقت بدل جائے تو وہ شوربا کی طرح ہو جائے گا۔ اور اگر لوبیا کا پانی نچوڑا جائے تو وہ رس ہے اور رس سے وضو کرنا جائز نہیں۔ گلاب کا پانی، گاجر کا پانی یہ سب رس ہیں اس سے وضو کرنا جائز نہیں ہے (۲) حدیث میں اس کا اشارہ ملتا ہے۔ عن ابی امامۃ الباھلی قال قال رسول اللہ ﷺ ان الماء لاینجسہ شی ء الا ماغلب علی ریحہ وطعمہ ولونہ (ابن ماجہ شریف، باب الحیاض ص ۷۴، نمبر ۵۲۱ رطحاوی شریف باب الماء تقع فیہ النجاسۃ ص ۱۵) اس حدیث سے علماء نے استدلال کیا ہے کہ پانی میں پاک چیز مٹی کے علاوہ مل جائے اور بو، مزہ اور رنگ بدل دے اور پانی کی طبیعت بدل جائے تو اس سے وضو اور غسل کرنا جائز نہیں ہوگا۔

**نوٹ** : اگر پانی میں پاک چیز ملی اور اس پر غالب نہیں آئی بلکہ مغلوب رہی تو وضو جائز ہوگا۔ اس حدیث سے اس کا استدلال ہے عن عبداللہ بن مسعودؓ ان رسول اللہ ﷺ قال لہ لیلۃ الجن عندک طھور؟ قال لا الا شی ء من نبیذ فی اداوۃ قال ثمرۃ طیبۃ وماء طھور. فتوضأ (ابن ماجہ، باب الوضوء بالنبیذ ص ۵۷ نمبر ۳۸۴ ردار قطنی، باب الوضوء بالنبیذ ج اول ص ۷۸ نمبر ۲۴۱) نبیذ میں کھجور ڈالا جاتا ہے۔ جس سے معلوم ہوا کہ کوئی پاک چیز پاک پانی میں مل جائے اور طبیعت نہ بدلے تو اس سے وضو جائز ہے۔

**اصول:** پانی کی طبیعت نہ بدلی ہو تو وضو جائز ہوگا۔

**ترجمہ:** ۲ لوبیا کے پانی سے مراد جو پکانے کی وجہ سے بدل گیا ہو، پس اگر بغیر پکائے بدلا ہو تو اس سے وضو جائز ہے۔

**تشریح:** لوبیا ہو یا کوئی اور سبزی ہو یا کوئی چیز ہو اگر اسکو پورا پکا دیا گیا تو اسکا پانی شوربا بن گیا اب اس سے وضو کرنا جائز نہیں ہوگا اسلئے کہ اسکا نام بھی بدل گیا اور طبیعت بھی بدل گئی۔ اور اگر ان چیزوں کو پانی میں ڈالنے کے بعد پکایا نہیں پھر بھی اسکا رنگ یا مزہ تھوڑا بہت بدل گیا تو اس سے وضو جائز ہے اسلئے کہ پانی کی طبیعت ابھی نہیں بدلی ہے۔ اوپر کی حدیث میں تھا کہ پانی میں کھجور ڈالا اور اس میں مٹھاس آ گیا پھر بھی حضورؐ نے اس پانی سے وضو کیا۔ (ابن ماجہ نمبر ۳۸۴)

**لغت** : الخل : سرکہ۔ باقلا : لوبیا (ایک قسم کی سبزی ہوتی ہے) المرق : شوربا۔ ورد : گلاب۔ الزردج : گاجر

**نوٹ** : پانی کی طبیعت کبھی اجزاء کے اعتبار سے بدلتی ہے اور کبھی اوصاف کے اعتبار سے۔

(۴۲) و يجوز الطهارة بماء خالطه شيء طاهر فغيرّ احد اوصافه كماء المد، و الماء الذى اختلط به الزعفران، او الصابون، او الاشنان، ﴾ ل قال (القدوری) اجری فی المختصر ماء الزردج مجری المرق، والمروی عن ابی یوسفؒ انه بمنزلة ماه الزعفران، هو الصحيح، كذااختاره الناطقی، و الامام السرخسی،

**ترجمہ**: (۴۲) اور جائز ہے وضو ایسے پانی سے جس میں پاک چیز مل گئی ہو اور اس کے اوصاف میں سے ایک وصف کو بدل دیا ہو۔ جیسے سیلاب کا پانی اور وہ پانی جس میں اشنان گھاس اور صابون اور زعفران ملائے گئے ہوں۔

**وجه**: (۱) پانی میں مٹی مل جانے کی وجہ سے اگر رقت اور سیلان باقی ہے تو طہارت جائز ہے۔ جیسے سیلاب کے پانی میں کافی مٹی مل جاتی ہے۔ پھر بھی لوگ اس کو پانی کہتے ہیں اس لئے اس سے وضو کرنا جائز ہے (۲) اس پانی سے وضو کرنے میں مجبوری بھی ہے ورنہ دیہاتی لوگ صاف پانی کہاں سے لائیں گے۔

**صابون اور اشنان گھاس کا حکم**: (۱) پانی میں ایسی چیز ملائی جائے جس سے پانی کو مزید ستھرا کرنا مقصود ہو جیسے بیری کی پتی ڈال کر پانی کو مزید ستھرا کرنا مقصود ہوتا ہے یا اشنان گھاس یا صابون یا زعفران ڈال کر پانی کو مزید صاف ستھرا کرنا مقصود ہوتا ہے تو اس کے ڈالنے کے بعد رقت اور سیلان باقی ہو تو طہارت جائز ہوگی۔ کیونکہ پانی کا نام اور پانی کی طبیعت باقی رہتی ہے (۲) حدیث میں ہے کہ بیری کی پتی ڈال کر پانی کو جوش دیا گیا اور مردہ کو نہلایا گیا۔ اگر ان چیزوں کے ڈالنے سے طہارت جائز نہیں ہوتی تو بیری کی پتی ڈال کر جوش دینے کے بعد کیسے نہلاتے اور کیسے طہارت ہوتی؟ حدیث یہ ہے۔ عن ابن عباسؓ عن النبی ﷺ خر رجل من بعيره فوقص فمات فقال اغسلوه بماء وسدر و كفنوه فی ثوبيه۔ (مسلم شریف، باب ما یفعل بالمحرم اذا مات ص ۳۸۴ نمبر ۱۲۰۶/۲۸۹۱ / ابن ماجہ شریف، باب المحرم یموت، ص ۴۴۹، نمبر ۳۰۸۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بیری کی پتی یا کوئی چیز پانی کی صفائی کے لئے ملائی جائے تو اس پانی سے پاکی حاصل کرنا جائز ہے بشرطیکہ رقت اور سیلان ختم نہ ہو گیا ہو۔

اصول:۔ پانی کی مزید صفائی کے لئے کوئی چیز ملائی گئی ہو تو اس پانی سے طہارت جائز ہے۔

**ترجمہ**: ل صاحب ہدایہ فرماتے ہیں کہ المختصر القدوری والے نے گاجر کے پانی کو شوربے کے درجے میں رکھا حالانکہ امام ابو یوسفؒ نے اسکو زعفران کے پانی کے درجے میں رکھا، اور یہی صحیح ہے امام ناطفی اور امام سرخسیؒ نے اسی کو اختیار کیا ہے۔

**تشریح**: مسئلہ نمبر ۴۱ کے متن میں یہ تھا کہ زردج، یعنی گاجر کا پانی شوربے کی طرح ہے یعنی جس طرح شوربہ پاک ہے اسکو کھا پی سکتا ہے لیکن اس سے وضو نہیں کر سکتا اسی طرح گاجر کا پانی پاک ہے اسکو کھا پی سکتا ہے لیکن اس سے وضو نہیں کر سکتا۔ لیکن امام ابو یوسفؒ سے مروی یہ ہے کہ وہ زعفران کے پانی کی طرح پاک ہے اور اس سے وضو بھی کر سکتا ہے۔ اسی کو امام ناطفی اور امام سرخسی

۲ وقال الشافعي:لايجوزالتوضي بماء الزعفران واشباهه ممالیس من جنس الارض لانه ماء مقيد الایری انه يقال: ماء الزعفران، بخلاف اجزاء الارض لان الماء لایخلو عنها عادة ۳ ولنااسم الماء باق على الاطلاق،الایری انه لم يتجدد له اسم علیٰ حدة، واضافته الى الزعفران كاضافته الى البير،والعين

نے پسند فرمایا ہے۔

**وجه** : اختلاف کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ گاجر کا پانی پانی کی طرح پتلا ہے اور رقت اور سیلان باقی ہے تو وہ زعفران ملے ہوئے پانی کی طرح ہے اور اس سے وضو جائز ہے۔اور اگر وہ دودھ کی طرح گاڑھا ہے تو اس میں رقت اور سیلان باقی نہیں رہا اسلئے وہ شوربے کی طرح ہو گیا اس سے وضو کرنا جائز نہیں۔اوپر حدیث میں پتلی نبیذ سے اور بیری کی پتی ملی ہوئی پانی سے وضو کرنا جائز بتایا لیکن دودھ سے وضو جائز نہیں کیونکہ اس میں رقت اور سیلان باقی نہیں رہتا۔اثر یہ ہے۔سأل رجل ابن عباس قال : انا ننتجع الكلأ و لا نجد الماء فنتوضأ باللبن ؟ قال: لا ، عليكم بالتيمم . (مصنف ابن ابی شیبۃ،٦٧،فی الوضوء باللبن،ج اول ص ٦١ نمبر ٦٤٩) اس اثر میں ہے کہ دودھ سے وضو جائز نہیں ہے اسلئے کہ اس میں رقت اور سیلان پانی کی طرح نہیں ہے۔

**ترجمه** : ۲ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ زعفران اور اسکے مثل کے پانی سے وضو جائز نہیں جو زمین کی جنس سے نہ ہو اسلئے کہ وہ مقید پانی ہے،کیا دیکھتے نہیں کہ ماء الزعفران،زعفران کا پانی بولا جاتا ہے برخلاف زمین کی جنس کے کیونکہ پانی اس سے عادۃ خالی نہیں ہوتا۔

**تشریح** : امام شافعیؒ کا اصول یہ کہ کوئی پاک چیز پانی میں اتنی مل جائے کہ پانی کا نام بدل جائے تو اس پانی سے وضو کرنا جائز نہیں ہوگا۔کیونکہ وہ اب مطلق پانی نہیں رہا۔مثلا پانی میں اتنا زعفران ملا دیا گیا کہ اب اسکو ماء زعفران کہنے لگے تو اب اس پانی سے وضو جائز نہیں ہوگا کیونکہ اب یہ مطلق پانی نہ رہا بلکہ یہ دودھ کی طرح ہو گیا۔موسوعۃ للامام الشافعی میں اس طرح ہے:و ان أخذ ماء فشيب به لبن ،أو سويق ،او عسل ،فصار الماء مستهلكا فيه ،لم يتوضأ به ،لان الماء مستهلک فيه ،انما يقال لهذا : ماء سويق ۔(موسوعۃ،باب الماء الراكد،ج اول ص ۲۳ نمبر ۵۸) البتہ اگر زمین کے اجزاء مثلا مٹی،گرد،وغیرہ پانی میں اتنے مل گئے کہ اسکا نام بدل گیا پھر بھی اس سے وضو کرنا جائز ہوگا اسلئے کہ عموما پانی مٹی کے اجزاء سے خالی نہیں ہوتا اسلئے اس میں مجبوری ہے اسلئے اسکے ملنے سے پانی کا نام بھی بدل جائے پھر بھی وضو جائز ہے۔اسی طرح پانی تالاب میں ٹھرے ٹھرے گدلا ہو جائے اور رنگ،بو اور مزہ بدل جائے پھر بھی وضو جائز ہے کیونکہ اس میں مجبوری ہے۔

**ترجمه** : ۳ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ پانی کا نام علی الاطلاق ابھی بھی باقی ہے،کیا آپ نہیں دیکھتے ہیں کہ اسکا کوئی نیا نام ابھی بھی نہیں ہے۔باقی رہا اسکی اضافت زعفران کی طرف تو وہ ایسے ہی ہے جیسے پانی کی اضافت کوئیں اور چشمے کی طرف ہو۔

**﴿ ۴۲ ولان الخلط القليل لايعتبربه لعدم امكان الاحتراز عنه كمافى اجزاءالارض فيعتبر الغالب،والغلبة بالاجزاء لابتغير اللون، هوالصحيح (۴۳) و ان تغير بالطبخ بعد ما خلط به غيره لا يجوز التوضى به ﴾**

**تشــــريــــح** : زعفران یا اشنان گھاس ملنے کے باوجود اسکا نام ابھی تک پانی ہی ہے اسکا کوئی نیا نام نہیں ہوا، اسی لئے تو اسکو ماء زعفران، اور ماء اشنان کہتے ہیں۔ باقی رہا زعفران یا اشنان کی طرف ماء، یعنی پانی کی نسبت تو یہ ایسے ہی ہے جیسے پانی کو چشمے اور کوئیں کی طرف منسوب کرتے ہیں اور کہتے ہیں، ماء البیر ،یا ماء العین ،حالانکہ اس سے پانی کا نام نہیں بدلتا صرف یہ بتلانا مقصود ہوتا ہے کہ پانی کہاں کا ہے اور اس سے وضو جائز ہوتا ہے۔ اسی طرح زعفران کی طرف منسوب ہونے سے پانی کا نام نہیں بدلا اور اس سے وضو جائز ہوگا۔

**ترجمه** : ۴۲ اسلئے کہ تھوڑے سے ملنے کا اعتبار نہیں کیا جائے گا اسلئے کہ اس سے بچنا ممکن ہے، جیسے کہ زمین کے اجزاء سے بچنا ناممکن ہے اسلئے غالب کا اعتبار کیا جائے گا۔ اور غلبہ بھی اجزاء کے اعتبار سے غلبہ ہو، رنگ کے اعتبار سے نہیں۔ اور یہی قول صحیح ہے ۔

**تشــريــح**: پانی میں تھوڑی بہت پاک چیز ملنے پر وضو نا جائز قرار دیں تو مشکل ہو جائے گا کیونکہ تھوڑی بہت چیز تو ملتی ہی ہے اس سے بچنا ناممکن ہے جیسے زمین کے اجزاء سے بچنا ناممکن ہے اسلئے غالب کا اعتبار کیا جائے کہ پاک چیز اتنی مل جائے کہ پانی پر غالب آجائے تو وضو جائز نہ ہو اور اگر پاک چیز مغلوب ہو تو وضو جائز ہو۔ اور غلبہ بھی رنگ، بو، یا مزہ کے اعتبار سے نہ ہو بلکہ اجزاء کے اعتبار سے ہو کہ اجزاء کے اعتبار سے پانی پر غالب آ گیا تو وضو جائز نہیں اور اگر اجزاء کے اعتبار سے مغلوب ہو تو وضو جائز ہو جائے ۔

**وجه**: اسکی وجہ یہ ہے کہ نبیذ پتلی ہو تو اس سے وضو جائز ہے۔ اوپر حدیث گزر چکی، قال : تمرة طيبة و ماء طهور ،فتوضأ به۔ (ابن ماجہ، نمبر ۳۸۴) اور اجزاء کے اعتبار سے گاڑھا ہو تو جائز نہیں، جیسے دودھ سے وضو جائز نہیں ہے۔ اوپر اثر گزر گیا (ابن ابی شیبۃ نمبر ۲۴۹)

**اصول**: اجزاء کے اعتبار سے غالب آ جائے تو اس پانی سے وضو جائز نہیں ۔ اور مغلوب ہو تو وضو جائز ہے۔

(**نـــوٹ** ) یہ حکم پاک چیز کے بارے میں ہے اور ناپاک چیز کے بارے میں یہ ہے کہ اسکے ملنے سے اوصاف ثلاثہ میں سے ایک یعنی رنگ، بو، یا مزہ میں سے ایک بھی بدل جائے تو ماء کثیر یعنی کثیر پانی بھی ناپاک ہو جائے گا۔

**لغت** : المد : سیلاب۔ الاشنان :ایک قسم کی گھاس جس کو پانی میں مزید صفائی کے لئے ڈالتے ہیں۔ اختلط :ملا ہوا۔ خلط ملط کیا۔ زردج :گاجر۔ مرق :شوربا۔ لـم يتـجـدد لـه اسم :اسکا کوئی نیا نام نہیں ہوا۔ بیر: کنواں۔ عین :چشمہ۔ احتراز : بچنا، احتراز کرنا۔

**ترجمه**: (۴۳) اگر پاک چیز کو پانی میں ملانے کے بعد پکا دیا گیا اور پانی بدل گیا ہو تو اس سے وضو جائز نہیں ہے۔

**ا لانه لم يبق في معنى المنزل من السماء۲ الا اذا طبخ فيه ما يقصد به المبالغةفي النظافة كالاشنان و نحوه لان ا لميت يغسل بالماء الذى أغلي بالسدر، بذالک وردت السنة۳ الا ان يغلب ذالک علي الماء فيصير كالسويق المخلوط لزوال اسم الماء عنه.**

**تشریح** :کوئی پاک چیز پانی میں ڈال کر پکانے کا دو مقصد ہوتا ہے۔ایک تو یہ کہ پانی کو مزید صاف ستھرا کرنا ہے جیسے بیری کی پتی کو ڈال کر جوش دیتے ہیں اور مردے کو نہلاتے ہیں۔اگر جوش دینے کے باوجود رقت اور سیلان باقی ہے تو اس سے وضو جائز ہے۔اور گاڑھا ہوگیا ہو تو وضو جائز نہیں۔اور دوسری صورت یہ ہے کہ پکانے سے شوربا بنانا مقصود ہو تو اس سے وضو جائز نہیں ہوگا۔اسکی دلیل کے لئے حدیث اوپر گزر گئی۔

**ترجمه**: ا اسلئے کہ آسمان سے اترنے کے درجہ میں یہ پانی باقی نہیں رہا۔

**تشریح**: پانی پکانے کی وجہ سے ماء مطلق باقی نہیں رہا اور آسمان سے اترے ہوئے پانی کی طرح نہیں رہا۔

**ترجمه** : ۲ لیکن اگر پانی میں اس چیز کے پکانے کا مقصد صفائی میں مبالغہ پیدا کرنا ہو جیسے اشنان گھاس، اور اسکے مانند (دیگر چیزیں پانی میں ڈال کر پکاتے ہیں اور اس سے پانی میں صاف کرنے کی قوت مزید بڑھانا مقصود ہوتا ہے تو اس سے وضو کرنا جائز ہے) اسلئے کہ میت کو اس پانی سے غسل دیا جاتا ہے جو بیری کی پتی سے جوش دیا گیا ہو، اسلئے کہ حدیث اس بارے میں وارد ہوئی ہے۔

**وجه** : پاک چیز کو پکانے کا مقصد مزید صفائی ہو تو اس سے وضو جائز ہے جیسے بیری کی پتی۔اسکے لئے حدیث یہ ہے۔عن ابن عباس عن النبیؐ خر رجل من بعيره فوقص، فمات، فقال : اغسلوه بماء و سدر ، و كفنوه في ثوبيه ۔(مسلم شریف، باب مایفعل بالمحرم اذا مات، ص۳۸۴ نمبر ۱۲۰۶/۲۸۹۱/ابن ماجۃ، باب المحرم یموت، ص۴۴۹ نمبر ۳۰۸۴) اس حدیث میں ہے کہ بیری کی پتی کو جوش دیکر میت کو نہلایا۔اور اس سے صفائی میں مبالغہ مقصود ہے اسکی دلیل یہ اثر ہے قال سمعت ابن مسعود يقول : ايما جنب غسل رأسه بالخطمى فقد أبلغ ۔(مصنف عبد الرزاق، باب الرجل یغسل رأسہ بالسدر، ج اول، ص۲۶۳ نمبر ۱۰۰۷)

**ترجمه** : ۳ مگر یہ کہ پانی پر غالب آجائے تو وہ ملے ہوئے ستو کی طرح ہو جائے گا (اسلئے وضو جائز نہیں ہوگا) پانی کا نام اس سے زائل ہونے کی وجہ سے۔یعنی بیری کی پتی وغیرہ کو اتنا پکایا کہ وہ پانی پر غالب آگئی تو اب اس سے وضو جائز نہیں ہوگا۔(۱) اسلئے کہ وہ گھلے ہوئے ستو کی طرح ہو گیا۔(۲) اور اسلئے بھی کہ اس سے پانی کا نام ختم ہو کر کچھ اور نام ہو گیا۔جب ماء مطلق نہیں رہا تو اس سے وضو کرنا بھی جائز نہیں ہوگا۔

(۴۴) وكل ماء وقعت النجاسة فيه لم يجز الوضوء به قليلاً كانت النجاسة او كثيراً ﴾ ۱؎ و قال مالك يجوز مالم يتغير احد اوصافه، لما روينا،

---

**لغت** : طبخ : پکانا۔النظافة:صفائی ،ستھرائی۔سدر :بیری کی پتی۔سويق :ستو۔ مخلوط :ملی ہوئی۔

**ترجمه** :(۴۴) ہروہ ٹھہراہواپانی (جوبڑے تالاب سے کم ہو) اگراس میں نجاست گر جائے تو اس سے وضو جائز نہیں ہے۔ چاہے نجاست کم ہو یا زیادہ۔

**تشریح**: پانی بڑے تالاب سے کم ہواور ٹھہراہوا ہوتو اس میں تھوڑی سی نجاست بھی گر جائے تو پانی ناپاک ہوجاتا ہے۔ چاہے اس نجاست سے رنگ، بو اور مزا بدلے یا نہ بدلے۔

**وجه** : اس کی وجہ بہت سی احادیث ہیں جو حدیث کی کتابوں میں مذکور ہیں۔ جن میں سے دو حدیثیں مصنفؒ نے بھی ذکر کی ہیں۔ پیشاب نہ کرنے کے بارے میں حدیث یہ ہے سمع ابو هريرة انه سمع رسول الله ﷺ يقول لايبلون احدكم فى الماء الدائم الذى لايجرى ثم يغتسل فيه۔ (بخاری شریف، باب البول فی الماء الدائم ص ۳۷ نمبر ۲۳۹ رمسلم شریف، باب النھی عن البول فی الماء الراکد ص ۱۳۸ نمبر ۲۸۲ / ۶۵۶ ) غسل کے بارے میں یہ حدیث ہے سمع أبا هريرة يقول قال رسول الله ﷺ لا يغتسل احدكم فى الماء الدائم وهو جنب. (مسلم شریف، باب النھی عن الاغتسال فی الماء الراکد ص ۱۳۸ نمبر ۲۸۳ / ۶۵۸ ) نیند سے بیدار ہونے کے بعد تین مرتبہ ہاتھ دھونے کا حکم اس حدیث میں ہے عن ابی هريرة ان النبى ﷺ قال اذا استيقظ احدكم من نومه فلا يغمس يده فى الاناء حتى يغسلها ثلاثا فانه لا يدرى اين باتت يده. (مسلم شریف، باب کراھیۃ غمس المتوضی وغیرہ یدہ المشکوک فی نجاستہا فی الاناء قبل غسلھا ثلاثا ص ۱۳۶ نمبر ۲۷۸ / ۶۴۳ رترمذی شریف، باب ماجاء اذا استیقظ احدکم من منامہ ص ۱۳ نمبر ۲۴ ) یہ احادیث اور اس قسم کی بہت سی احادیث ہیں جن میں پانی میں نجاست ڈالنے سے منع فرمایا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ تھوڑے پانی میں نجاست گرنے سے وہ ناپاک ہوجاتا ہے۔ ورنہ منع کرنے کے کوئی معنی نہیں ہے۔

**ترجمه** : ۱؎ امام مالکؒ نے فرمایا کہ پانی سے وضو کرنا جائز ہے جب تک کہ تین اوصاف میں سے ایک نہ بدل جائے۔ اس حدیث کی بنا پر جو میں نے پہلے روایت کی۔

**تشریح** : پانی تھوڑا ہو تب بھی جب تک نجاست کی وجہ سے رنگ، یا مزہ، یا بو نہ بدل جائے پانی ناپاک شمار نہیں کیا جائے گا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ حدیث میں بیر بضاعۃ کے بارے میں ہے کہ اسکو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی اور بیر بضاعہ دس ہاتھ لمبا اور دس ہاتھ چوڑا نہیں تھا جس سے معلوم ہوا کہ تھوڑے پانی میں نجاست گر جائے تو جب تک اوصاف ثلاثہ میں سے ایک نہ بدل جائے پانی ناپاک

۲ و قال الشافعیؒ : یجوز ان کان الماء قلتین، لقوله ﷺ: اذا بلغ الماء قلتین لایحمل خبثاً، ۳ ولنا حدیث المستیقظ من منامه، ۴ وقوله علیه السلام: لا یبولن احدکم فی الماء الدائم، ۵ ولا یغتسلن فیه من الجنابة، من غیر فصل

---

نہیں ہوگا۔حدیث یہ ہے ۔عن ابی سعید الخدریؓ قال قیل یا رسول اللہ انتوضأ من بئر بضاعه و هی بئر یلقی فیھا الحیض ولحوم الکلاب و النتن؟ فقال رسول اللہ ﷺ ان الماء طھور لاینجسه شیء ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء ان الماء لاینجسہ شیء ص ۲۱ نمبر ۶۶ رابوداؤد شریف، باب ماجاء فی بئر بضاعۃ ص ۱۱ نمبر ۶۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ناپاک چیز گرنے سے جب تک مزا، بو یا رنگ نہ بدل جائے پانی ناپاک نہیں ہوگا۔لمار وینا سے مراد یہی حدیث ہے۔

ہم جواب دیتے ہیں کہ جس کنواں میں حیض اور کتے کا گوشت اور گندگیاں اتنی ڈالی جاتی ہوگی اور پھر بھی رنگ یا بو یا مزا نہ بدلے یہ ناممکن ہے۔اس لئے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کنواں ماء جاری کے حکم میں تھا اور ماء جاری کے بارے میں ہم بھی کہتے ہیں کہ جب تک اوصاف ثلاثہ میں سے ایک نہ بدلے ناپاک نہیں ہوگا۔

**ترجمہ** : ۲ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ وضو کرنا جائز ہے اگر پانی دو مٹکے ہوں۔حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ اگر پانی دو مٹکے ہوں تو ناپاک نہیں ہوتا، حدیث یہ ہے۔ قال رسول اللہ ﷺ اذا کان الماء قلتین لم یحمل الخبث (ترمذی شریف، باب ماجاء ان الماء لاینجسہ شیء ص ۲۱ نمبر ۶۷ رابوداؤد شریف، باب ماینجس الماء، ص ۱۰ نمبر ۶۳) اس حدیث میں ہے کہ دو مٹکا پانی ہو تو نجاست گرنے سے ناپاک نہیں ہوگا۔جب تک کہ اوصاف ثلاثہ نہ بدل جائے۔

**ترجمہ**: ۳ ہماری دلیل نیند سے بیدار ہونے والی حدیث ہے۔یہ حدیث اوپر گزر گئی (مسلم نمبر ۶۴۳ رترمذی نمبر ۲۴) نیند سے بیدار ہونے کے بعد بغیر دھوئے پانی میں ہاتھ ڈالنے سے اسی لئے منع فرمایا کہ اس سے پانی ناپاک ہو جائیگا۔

**ترجمہ**: ۴ اور حضورؐ کا قول کہ تم میں سے کوئی ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب نہ کرے۔یہ حدیث بھی اوپر گزر گئی (بخاری شریف نمبر ۲۳۹ رمسلم شریف، نمبر ۶۵۶) اس حدیث میں ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے سے منع اسی لئے کیا کہ اس سے پانی ناپاک ہو جاتا ہے۔

**ترجمہ**: ۵ اور حضور کا قول کہ کوئی آدمی ٹھہرے ہوئے پانی میں جنابت کا غسل نہ کرے۔اس حدیث میں کم بیش پانی کی تفصیل نہیں ہے۔یہ حدیث بھی اوپر گزر چکی ہے، حدیث یہ ہے سمع اباھریرۃ یقول : قال رسول اللہ ﷺ : لا یغسل أحدکم فی الماء الدائم و هو جنب .فقال :کیف یفعل یا أبا هریرة ؟ قال : یتناوله تناولاً ۔(مسلم شریف، باب النھی عن الاغتسال فی الماء الراکد، ص ۱۳۸ نمبر ۲۸۳ / ۶۵۸) اس حدیث میں بھی ٹھہرے ہوئے تھوڑے پانی میں غسل کرنے سے منع اسی لئے

**۶ والذی رواه مالکؒ ورد فی بیر بضاعة، و ماؤه کان جاریاً فی البساتین، ۷ ومارواه الشافعیؒ ضعفه ابو داودؒ ۸ اوھو یضعف عن احتمال النجاسة (۴۵) والماء الجاری اذا وقعت فیه نجاسة جاز الوضوء به اذا لم یر لھا اثر**

کیا کہ وہ پانی نجاست کی وجہ سے ناپاک ہو جائے گا۔

**ترجمہ** : ۶ اور امام مالکؒ نے جو روایت کی ہے وہ بئر بضاعۃ کے بارے میں وارد ہوئی ہے اور اسکا پانی باغوں میں بہتا تھا۔ اسلئے وہ ماء جاری کے درجے میں ہے۔

**تشریح** : امام مالکؒ نے جو حدیث روایت کی۔ عن ابی سعید الخدری قال قیل :یا رسول الله ،أنتوضأ من بئر بضاعة ،وھی بئر یلقی فیھا الحیض و لحوم الکلاب و النتن ؟ فقال رسول الله ﷺ ان الماء طھور لا ینجسه شیء ۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء ان الماء لا ینجسہ شیء، ص ۲۱ نمبر ۶۶) یہ حدیث بئر بضاعہ کے بارے میں ہے کہ اسکا پانی ناپاک نہیں ہوتا اور وہ اسلئے کہ اسکا پانی باغوں میں بہتا تھا اسلئے وہ ماء جاری کے درجے میں ہے۔ طحاوی شریف میں حضرت واقدی سے اسکی تصریح ہے لان بئر بضاعة قد اختلف فیھاما کانت ،فقال قوم کانت طریقاً للماء الی البساتین ،فکان الماء لا یستقر فیھا فکان حکم مائھا کحکم ماء الانھار ....وقد حکی ھذا القول الذی ذکرنا ہ فی بئر بضاعة عن الواقدی ۔ (طحاوی شریف، باب الماء تقع فیہ النجاسۃ، ج اول، ص ۱۱) اور جاری پانی میں نجاست گرنے سے جب تک اوصاف ثلاثہ نہ بدلے ناپاک نہیں ہوگا۔

**ترجمہ** : ۷ اور امام شافعیؒ نے جو دو مٹکے والی حدیث بیان کی اسکو حضرت امام ابو داودؒ نے ضعیف قرار دیا ہے۔ صاحب نصب الرایۃ فرماتے ہیں کہ ابو داودؒ نے باضابطہ ضعیف قرار نہیں دیا۔ البتہ تیسری روایت میں یہ فرمایا کہ یہ حضرت عاصم پر موقوف ہے۔

**ترجمہ** : ۸ یا حدیث کا ترجمہ یہ ہے کہ پانی نجاست اٹھانے سے کمزور ہے، یعنی وہ ناپاک ہو جاتا ہے

**تشریح** : امام شافعیؒ کی پیش کردہ حدیث میں جملہ تھا۔ اذا کان الماء قلتین لم یحمل الخبث ۔ اسکا ایک ترجمہ یہ بھی ہے کہ دو مٹکے پانی نجاست کو نہیں اٹھا سکتا یعنی وہ ناپاک ہو جاتا ہے۔ یہ امام شافعیؒ کی دلیل کا جواب دیا جا رہا ہے۔

**لغت** : قلتین : مٹکا۔ لایحمل : نہیں اٹھا سکتا ہے ۔خبثا : نجاست ۔ بیر بضاعة: مدینہ میں ایک کنواں تھا جسکا نام بیر بضاعہ تھا جسکا پانی باغ میں بہتا تھا ، ماء دائم : ٹھہرا ہوا پانی (یہاں تھوڑا مراد ہے جو جاری نہ ہو اور بڑا تالاب نہ ہو) یغمسن : ڈالنا۔ باتت : رات گزارنا۔ البساتین : بستان کی جمع ہے، باغ۔

**ترجمہ** :(۴۵) اور جاری پانی جب کہ اس میں نجاست گر جائے پھر بھی اس سے وضو جائز ہے اگر اس میں نجاست کا کوئی اثر نظر نہ

۱؎ لانها لاتستقر مع جريان الماء، ۲؎ و الاثر: هو الطعم، او الرائحة، او اللون، ۳؎ والجاری ما لا يتكرر استعماله ۴؎ وقيل ما يذهب بتبنة (۴۶) والغدير العظيم الذی لايتحرک احد طرفيه بتحريک الطرف

آئے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اس لئے کہ ناپاکی پانی بہنے کی وجہ سے ٹھہرے گی نہیں۔

**تشریح**: نجاست کا اثر نظر نہ آنے کا مطلب یہ ہے کہ نجاست کی وجہ سے پانی کا رنگ یا بو یا مزا میں سے ایک بدل جائے تو جاری پانی ہونے کے باوجود اس سے وضو یا غسل کرنا جائز نہیں ہوگا۔ لیکن اگر ناپاکی گری لیکن پانی کا مزا یا بو یا رنگ ناپاکی گرنے کی وجہ سے نہیں بدلا تو اس پانی سے وضو یا غسل کرنا جائز ہے۔ وہ پانی ابھی تک پاک ہے۔

**وجہ**: (۱) اس لئے کہ جیسے ہی ناپاکی گری تو اس کو جاری پانی بہا کر دوسری جگہ لے گیا وہاں ٹھہرنے نہیں دیا۔ اس لئے اس جگہ کا پانی پاک رہا (۲) حدیث میں ہے کہ ماء کثیر کا جب تک رنگ، بو اور مزا نہ بدلے پاک ہے عن ابی امامه الباهلی قال قال رسول الله ﷺ ان الماء لاينجسه شیء الا ماغلب علی ريحه وطعمه ولونه. (ابن ماجہ شریف، باب الحیاض ص ۷۴، نمبر ۵۲۱ رطحاوی، باب الماء تقع فیہ النجاسۃ ص ۱۵) مسئلہ نمبر ۳۷ پر حدیث قلتین گزری اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ ماء کثیر میں ناپاکی گرنے سے ناپاک نہیں ہوگا جب تک کہ اوصاف ثلاثہ میں سے ایک نہ بدل جائے۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور اثر وہ مزہ، اور بو، اور رنگ ہیں۔ یعنی ناپاکی کی وجہ سے ان میں سے کوئی ایک بدل جائے تو پانی ناپاک شمار کیا جائے گا۔ یہی نجاست کا اثر ہے۔ اوپر کی حدیث میں گزر گیا الا ماغلب علی ريحه وطعمه ولونه. (ابن ماجہ شریف، باب الحیاض، ص ۷۴، نمبر ۵۲۱) اس سے معلوم ہوا کہ پانی کے اوصاف ثلاثہ (رنگ، بو، مزہ) میں سے کسی ایک پر نجاست کا کوئی اثر ظاہر ہو جائے تو پانی ناپاک ہو جائیگا۔

**ترجمہ**: ۳؎ اور جاری پانی اسکو کہتے ہیں کہ اسکا استعمال مکرر نہ ہو۔ پانی ہلکا ہلکا بہہ رہا ہے اس سے ایک چلو پانی لیا اب دوسرا چلو پانی لینے لگا تو وہی پانی دوبارہ ہاتھ میں نہیں آیا بلکہ وہ پانی بہہ کر آگے چلا گیا اور دوسرا پانی ہاتھ میں آیا تو ایک ہی پانی ہاتھ میں مکرر نہیں آیا تو اسکو ماء جاری کہیں گے۔ اور اگر پانی اتنا سست بہہ رہا ہے کہ دوسرے چلو میں بھی پہلے والا ہی پانی آگیا تو یہ ماء جاری نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۴؎ اور بعض لوگوں نے کہا کہ جو پانی تنکا بہا کر لے جائے، وہ ماء جاری ہے۔

**لغت**: الماء الجاری: بہتا پانی، جو پانی تنکہ بہا کر لے جائے، چلو سے پانی لے تو فوراً دوسرا پانی اس جگہ آجائے اس کو ماء جاری کہتے ہیں۔ تستقر: ٹھہرتا ہو، استقر سے مشتق۔ تبنۃ: تنکا، خشک گھاس۔

**ترجمہ**: (۴۶) ایسا بڑا تالاب جو نہیں متحرک ہوتا ہو اس کا ایک کنارہ دوسرے کنارے کے حرکت دینے سے۔ اگر اس کے ایک

الآخر ،اذاوقعت نجاسة فی احدجانبیه جاز الوضوء من الجانب الآخر ﴾ ١ لان الظاهر ان النجاسة لا تصل الیه اذا ثر التحریک فی السرایة فوق اثر النجاسة، ٢ ثم عن ابی حنیفةؒ انه یعتبر التحریک بالاغتسال، وھوقول ابی یوسفؒ ،وعنه بالتحریک بالید، وعن محمدؒ بالتوضی، ووجه الاول ان الحاجة الیه فی الحیاض اشد منها الی التوضی ٣ وبعضھم قدروابالمساحة، عشراً فی عشر بذراع

کنارے میں ناپاکی گر جائے تو دوسری جانب وضو کرنا جائز ہے۔

**ترجمہ**: ١ اس لئے کہ ظاہر یہ ہے کہ ناپاکی وہاں تک نہیں پہنچے گی۔ اسلئے کہ حرکت دینے کا اثر سرایت کرنے میں نجاست کے اثر سے زیادہ ہے۔

**وجہ**: اتنا لمبا چوڑا تالاب ہو کہ ایک جانب اس کے پانی کو حرکت دے تو اس حرکت کا اثر دوسری جانب نہ پہنچے۔ تو جب حرکت کا اثر نہیں پہنچتا ہے تو نجاست کا اثر دوسری جانب کیسے پہنچے گا۔ جبکہ حرکت کا اثر تیز ہوتا ہے اور نجاست کا اثر دھیما ہوتا ہے۔ اس لئے دوسری جانب پاک رہے گا۔ اور دوسری جانب وضو اور غسل کرنا جائز ہوگا۔

**ترجمہ**: ٢ پھر امام ابو حنیفہؒ سے منقول ہے کہ غسل کرنے کے ذریعہ سے حرکت دینے کا اعتبار کیا جائے گا۔ اور یہی قول امام ابو یوسفؒ کا ہے۔ اور انہیں سے ایک روایت یہ ہے کہ ہاتھ سے حرکت دینے کا اعتبار کیا جائے گا۔ اور امام محمدؒ سے منقول ہے کہ وضو کے ذریعہ سے حرکت دینے کا اعتبار کیا جائے گا۔ پہلے کی دلیل یہ ہے کہ حوضوں میں غسل کرنے کی ضرورت زیادہ ہے بنسبت وضو کرنے کے۔

**تشریح**: امام ابو حنیفہؒ کی رائے ہے کہ حوض میں غسل کر کے حرکت دے کر دیکھو کہ اگر اسکی حرکت ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک پہنچ جائے تو وہ چھوٹا تالاب ہے اور غسل کی حرکت دوسرے کنارے تک نہ پہنچے تو وہ بڑا تالاب ہے۔ کیونکہ بڑے تالاب میں غسل ہی کرنے کی ہی زیادہ ضرورت پڑتی ہے اسلئے اسی سے حرکت دینے کا اعتبار ہے۔ اور امام ابو یوسفؒ کی ایک روایت تو یہی ہے، البتہ دوسری روایت یہ ہے کہ ہاتھ سے حرکت دے کر دیکھو۔ اسکی حرکت کا اعتبار ہے۔ اور امام محمدؒ کی رائے یہ ہے کہ وضو کر کے دیکھو کہ اسکی حرکت دوسرے کنارے تک پہنچتی ہے یا نہیں اگر پہنچ جائے تو وہ چھوٹا تالاب ہے اور اگر نہ پہنچے تو وہ بڑا تالاب ہے۔ کیونکہ حوض میں وضو کرنے کی ضرورت زیادہ پڑتی ہے۔ اس بڑے تالاب میں اگر نجاست گر جائے تو جب تک رنگ، یا بو، یا مزہ نہ بدل جائے تو وہ پانی ناپاک نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: ٣ اور بعض ائمہ نے اسکا اندازہ ناپ کر لگایا، دس ہاتھ لمبا اور دس ہاتھ چوڑا کپڑے کے ہاتھ سے۔ لوگوں پر معاملے کو آسان کرنے کے لئے۔ اور اسی پر فتویٰ ہے۔

الکرباس توسعة للامر علی الناس، وعلیه الفتوی

**تشریح** : بعض اماموں نے بڑے تالاب کو حرکت دیکر متعین کرنے کے بجائے ہاتھ سے ناپ کر متعین کیا ہے، تاکہ لوگوں کو ہاتھ سے ناپ کر بڑا تالاب متعین کرنے میں آسانی ہو۔ اور وہ یہ ہے کہ دس ہاتھ لمبا اور دس ہاتھ چوڑا ہو تو اسکو بڑا تالاب کہتے ہیں۔ اور دس کو دس میں ضرب دیں تو سو مربع ہاتھ ہوگیا ہو۔ یعنی سو مربع ہاتھ ہو تو بڑا تالاب شمار کیا جائے گا۔ اس اثر میں اسکا اشارہ ملتا ہے۔ قال ابو داود : و قدرت انا بئر بضاعة بردائی مددته علیها ثم ذرعته فاذا عرضها ستة أذرع ۔ (ابوداود شریف، باب ما جاء فی بئر بضاعۃ، ص ۱۱، نمبر ۶۷) اس اثر میں امام ابوداود نے بئر بضاعۃ کو ناپا تو وہ چھ ہاتھ تھا اور اسکے بارے میں حضور نے فرمایا ہے کہ نجاست گرنے سے ناپاک نہیں ہوتا۔ اس سے استدلال کرتے ہوئے حنفیہ نے مزید احتیاط فرمایا اور دس ہاتھ لمبا اور دس ہاتھ چوڑا کا مسلک اختیار کیا۔

ایک ہاتھ ڈیڑھ فٹ کا ہوتا ہے، یعنی اٹھارہ (18) انچ کا ہوتا ہے، اس اعتبار سے دس ہاتھ لمبا پندرہ فٹ لمبا ہوا اور وہی پندرہ فٹ چوڑا ہوا۔ اور پندرہ کو پندرہ میں ضرب دیں تو دو سو پچیس (225) مربع فٹ بڑا تالاب ہوا۔ نوٹ:۔ لمبائی اور چوڑائی کو ضرب دینے سے مربع نکلتا ہے۔

ایک ہاتھ آدھے گز کا ہوتا ہے۔ اسلئے دس ہاتھ پانچ گز کا ہوا۔ اسلئے پانچ گز لمبا اور پانچ گز چوڑا بڑا تالاب ہوا۔ جسکا مربع (25) گز ہوگا۔

ایک ہاتھ 0.4572 میٹر کا ہوتا ہے اسلئے دس ہاتھ 4.572 میٹر لمبا ہوا۔ اور وہی 4.572 میٹر چوڑا ہوا اور مجموعہ 20.903 مربع میٹر ہوا۔

اور اگر کوئی حوض، یا کنواں گول ہو تو اسکے بیچ کا قطر 6.92 فٹ ہونا چاہئے۔ اور میٹر کے اعتبار سے 5.15 میٹر قطر ہونا چاہئے۔

﴿بڑے تالاب کا حساب ایک نظر میں﴾

| کیا | کتنے کا ہوتا ہے | | | کیا | کتنے کا ہوتا ہے |
|---|---|---|---|---|---|
| ایک انچ | 2.54 سینٹی میٹر کا ہوتا ہے۔ | | | ایک قبضہ | 7.62 سینٹی میٹر کا ہوتا ہے۔ |
| ایک میٹر | 39.37 انچ کا ہوتا ہے۔ | | | ایک قبضہ | 4 انگلیوں کا ہوتا ہے۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک عام ہاتھ | 18 | انچ کا ہوتا ہے۔ | | ایک انگلی | 0.75 | انچ کی مانی گئی ہے |
| ایک عام ہاتھ | 1.50 | ڈیڑھ فٹ کا ہوتا ہے۔ | | ایک عام ہاتھ | 45.72 | سینٹی میٹر کا ہوتا ہے۔ |
| ایک فٹ | 12 | انچ کا ہوتا ہے۔ | | | | |
| ایک گز | 36 | انچ کا ہوتا ہے۔ | | | | |
| ایک قبضہ | 3 | انچ کا ہوتا ہے۔ | | | | |

## ﴿دہ دردہ حوض کتنا بڑا ہوتا ہے﴾

| بڑا حوض | لمبائی | ضرب | چوڑائی | برابر | مربع | فٹ یا گز |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بڑا حوض | 10 ہاتھ | × | 10 ہاتھ | = | 100 | مربع ہاتھ |
| بڑا حوض | 15 فٹ | × | 15 فٹ | = | 225 | مربع فٹ |
| بڑا حوض | 5 گز | × | 5 گز | = | 25 | مربع گز |
| بڑا حوض | 4.572 میٹر | × | 4.572 میٹر | = | 20.903 | مربع میٹر |
| | حوض کا قطر کتنا ہوگا | | | | | |
| گول حوض کا قطر | 16.92 فٹ | | | | | |
| گول حوض کا قطر | 5.15 میٹر | | | | | |

﴿گول چیز ناپنے کا فارمولہ﴾

گول چیز ناپنے کے لئے چار الفاظ کی تشریح یاد رکھنا ضروری ہے۔(۱)قطر (۲)پائی (۳) گول کروی کا رقبہ(۴) گول درھمی کا رقبہ۔

(۱)قطر:۔گول چیز کے درمیان کی لمبائی کو قطر کہتے ہیں  اس گول کے بیچ میں جو لکیر ہے یہ قطر ہے

**(۲) پائی کسی گول چیز کو ناپنے کے لئے پائی کی عدد کو ضرور استعمال کیا جاتا ھے ۔22بٹے7 کو** پائی کہتے ہیں کلکیولیٹر سے اسکا حساب 3.14285 ہوتا ہے، لیکن انگریزی کتاب میں اسکا حساب 3.1416 دیا ہوا ہے اسلئے کلکیولیٹر سے پائی کا حساب اسی سے ہوگا۔

**(۳) گول کروی کا رقبہ:۔** گیند جیسی چیز جو بالکل گول مول ہو اسکو گول کروی، کہتے ہیں، جو کرۃ سے مشتق ہے۔گول کروی میں دو قطر ہوتے ہیں، ایک دائیں سے بائیں کی جانب، اور دوسرا اوپر سے نیچے کی جانب، اسلئے گول کروی کے اوپر کا پورا رقبہ نکالنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک قطر کو دوسرے قطر سے ضرب دیں، جو حاصل ضرب ہوگا اسکو پائی سے ضرب دیں تو گول کروی کے اوپر کا پورا رقبہ نکل جائے گا۔مثلا ایک گیند کا قطر 7انچ ہے، اور گول مکمل گول ہے اسلئے دونوں قطر سات سات انچ کے ہونگے ،اسلئے ایک قطر 7 کو 7میں ضرب دیں حاصل ضرب 49 مربع انچ ہوئے ، اسکو پائی 3.1416 سے ضرب دیں تو حاصل ضرب 153.938 مربع انچ پورے گیند کا رقبہ ہوا۔

اور اگر گیند کو کاٹ کر اسکی کٹی ہوئی جانب کے رقبے کو معلوم کرنا ہو تو گیند کے پورے رقبے کو 4 سے تقسیم دے دیں تو گیند کی ایک جانب کا رقبہ معلوم ہو جائے گا۔ مثال مذکور میں پورے گیند کا رقبہ 153.938 مربع انچ تھا اسکو 4 سے تقسیم کیا تو حاصل تقسیم 38.4845 مربع انچ ہوا یہ گیند کی ایک جانب کا رقبہ ہے

اور گیند کی گولائی ناپنا ہو تو گیند کے قطر کو پائی سے ضرب دے دیں، حاصل ضرب گیند کی گولائی ہوگی۔مثال مذکور میں گیند کا قطر 7انچ تھا تو 7 کو پائی 3.1416 سے ضرب دیں تو حاصل ضرب 21.9912 مربع انچ ہوگا، یہ گیند کی گولائی ہوئی۔نوٹ: یہ حساب سمت قبلہ ناپنے میں کام آئے گا۔

**(٤) گول درھمی کا رقبہ :۔** یہ درہم سے مشتق ہے اسلئے سکو گول درھمی کہتے ہیں۔درہم چاروں طرف سے گول نہیں ہوتا صرف اوپر سے گول ہوتا ہے۔اسکی گولائی کو ناپنے کے لئے بھی اوپر کا ہی فارمولہ استعمال کرنا پڑتا ہے۔یعنی اگر اسکی گولائی ناپنا ہو تو اسکے قطر کو پائی سے ضرب دے دیں تو اوپر کی گولائی نکل آئے گی۔مثلا درہم کا قطر 2.75 سینٹی میٹر ہوتا ہے اسلئے اسکو پائی 3.1416 سے ضرب دے دیں حاصل ضرب 8.6394 مربع سینٹی میٹر ہوگا، یہ درہم کی اوپر کی گولائی ہوگی۔

اور اگر درہم کی پیٹھ، یا پیٹ کا رقبہ ناپنا ہو تو درہم کے قطر کو قطر سے ضرب دیں، جو حاصل ضرب ہوا اسکو پائی سے ضرب دیں اور اس

۴ و المعتبر في العمق ان يكون بحال لا ينحسر بالاغتراف، هو الصحيح،

حاصل ضرب کو چار سے تقسیم کردیں تو جو حاصل تقسیم ہوگا وہ درھم کی پیٹھ، یا پیٹ کا رقبہ ہوگا۔ مثال مذکور میں درھم کا قطر 2,75 سینٹی میٹر ہے اسلئے 2.75 کو 2.75 سے ضرب دیں حاصل ضرب 7.5625 مربع سینٹی میٹر ہوگا، پھر اسکو پائی 3.1416 سے ضرب دیں، حاصل ضرب 23.7583 مربع سینٹی میٹر ہوگا، پھر اسکو 4 سے تقسیم دے دیں حاصل تقسیم 5.93958 مربع سینٹی میٹر ہوگا، یہ درھم کی پیٹھ، یا پیٹ کا رقبہ ہے نوٹ:۔ یہ حساب آپکو نجاست غلیظہ کی پیمائش میں کام آئے گا۔

**دہ در دہ حوض کو گول حوض میں تبدیل کرنے کا حساب** :۔ اوپر دہ در دہ یعنی دس ہاتھ ہاتھ لمبا اور دس ہاتھ چوڑا حوض کے بارے میں بتایا کہ اس میں وضو جائز ہے لیکن اگر بڑا کنواں ہو یا گول حوض ہو تو اسکا حساب اس طرح ہوگا۔ کہ حوض کی لمبائی اور چوڑائی کو ضرب دیں حاصل ضرب کو پھر 4 سے ضرب دیں پھر اس حاصل ضرب کو پائی 3.1416 سے تقسیم کریں پھر حاصل تقسیم کو برابر برابر میں تقسیم کردیں تو گول کنویں کا قطر نکل جائے گا اور گول کنویں، یا گول حوض کے قطر کو ناپ نے سے مسئلہ حل ہو جائے گا۔ مثلا دس ہاتھ لمبا اور دس ہاتھ چوڑا حوض پندرہ فٹ لمبا اور پندرہ فٹ چوڑا ہوگا اسلئے کہ ایک ہاتھ ڈیڑ فٹ کا ہوتا ہے۔ اور 15 کو 15 سے ضرب دیں تو 225 مربع فٹ دہ در دہ حوض ہوا، پھر اسکو 4 سے ضرب دیں تو 900 مربع فٹ ہوا اسکو اب پائی 3.1416 سے تقسیم دیں 286.478 مربع فٹ ہوا، اس حاصل تقسیم کو برابر برابر میں تقسیم کریں تو 16.9256 فٹ گول حوض کا قطر ہو جائے گا یعنی اگر کسی کنویں کا قطر 16.9256 فٹ ہو تو وہ دہ در دہ حوض کے مطابق ہے اور اس سے وضو کرنا جائز ہے۔

میٹر کے حساب سے گول حوض کا حساب اس طرح ہوگا:۔ ایک ہاتھ 45.72 سینٹی میٹر کا ہوتا ہے اسلئے دس ہاتھ لمبا 4.572 میٹر ہوگا اور وہی 572 .4 میٹر چوڑا ہوگا ان دونوں کو ضرب کریں تو 9031 .20 مربع میٹر دہ در دہ حوض ہوگا۔ اب اسکو 4 سے ضرب دیجئے تو حاصل ضرب 83.6127 مربع میٹر ہو جائے گا، اسکو پائی 416 .3 سے تقسیم کریں تو حاصل تقسیم 26.6146 ہوگا، پھر اسکو برابر برابر میں تقسیم کریں تو 5.1589 میٹر ہوگا جو گول کنویں کا قطر ہوگا یہ کنواں دہ در دہ کے برابر ہے اس سے وضو کرنا جائز ہے۔

**ترجمہ**: ۴ اور گہرائی میں اعتبار اس بات کا ہے کہ گہرا اتنا ہو کہ چلو بھرنے سے زمین نہ کھلے۔ اور یہی صحیح ہے۔

**تشریح** : کچھ حضرات نے فرمایا کہ دس ہاتھ لمبا اور دس ہاتھ چوڑا کے ساتھ تالاب پانچ انگلی۔ یعنی 3.75 انچ گہرا بھی ہو۔ در مختار میں ہے۔ حاصله أنه اذا كان غدير عشر في عشر عمقه خمس أصابع تقريبا ۔ (رد المختار، باب المیاہ، مطلب فی مقدار الذرع وتعیینہ، ج اول، ص ۳۸۴) اس عبارت میں ہے کہ حوض پانچ انگلی گہرا ہو لیکن صحیح بات یہ ہے کہ پانی اتنا گہرا ہو کہ وہاں سے چلو میں پانی اٹھاتے وقت زمین نظر نہ آئے، اتنا ہی گہرا کافی ہے۔ صحیح یہی ہے، اس میں امت کو سہولت ہے۔

**فائدہ** امام شافعیؒ کے نزدیک دو مٹکے پانی ہو تو وہ ماء کثیر ہے۔ اس میں نجاست گر جائے تو جب تک رنگ، بو یا مزا نہ بدل جائے تو

۵ وقوله فی الکتاب جاز الوضوء من الجانب الآخر اشارة الی انه ينجس موضع الوقوع، و عن ابی يوسف انه لا ينجس الا بظهور النجاسة فيه کالماء الجاری

---

پانی پاک رہے گا۔ان کی دلیل حدیث قلتین ہے جو مسئلہ نمبر ۴۴ میں گزر گئی۔

**ترجمه** : ۵ کتاب قدوری کا یہ جملہ کہ دوسری جانب سے وضو جائز ہے۔اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ نجاست گرنے کی جگہ ناپاک ہوگئی۔لیکن امام ابو یوسفؒ سے روایت ہے کہ نجاست گرنے کی جگہ ناپاک نہیں ہوگی مگر اس میں ناپاکی کے ظاہر ہونے سے جیسا کہ بہتے پانی میں ناپاکی ظاہر ہو تو ناپاک ہوتا ہے۔

**تشریح** : قدوری کے متن میں یہ کہا کہ جس کنارے میں ناپاکی گری ہے اسکی دوسری جانب وضو کرنا جائز ہے۔اسکا مطلب یہ ہوا کہ جس کنارے پر ناپاکی گری ہے وہ کنارہ ناپاک ہو چکا ہے، چاہے اس کنارے پر ناپاکی کا رنگ ظاہر نہ ہوا ہو ۔اسکی وجہ یہ ہے کہ ناپاکی وہاں گری ہے اسلئے وہ کنارہ ناپاک ہوگا چاہے ناپاکی کا رنگ نظر نہ آتا ہو۔

اور امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ نجاست والا کنارہ اس وقت تک ناپاک شمار نہیں کیا جائے گا جب تک کہ اسکا اثر ظاہر نہ ہو جائے۔انکی دلیل یہ کہ حدیث میں ہے کہ ماء کثیر میں جب تک اوصاف ثلاثہ میں سے ایک نہ ظاہر ہو جائے پانی ناپاک نہیں ہوگا۔یہ حدیث گزر چکی ہے عن ابی امامه الباهلی قال قال رسول الله ﷺ ان الماء لاينجسه شیء الا ماغلب علی ريحه و طعمه ولونه. (ابن ماجہ شریف، باب الحیاض، ص ۷۴، نمبر ۵۲۱) اس حدیث میں ہے کہ جب تک نجاست کی وجہ سے رنگ ،یا بو، یا مزہ نہ بدل جائے وہ جگہ ناپاک نہیں ہوگی۔اسلئے نجاست گرا ہوا کنارہ بھی ناپاک نہیں ہوگا۔جیسے جاری پانی میں اوصاف ثلاثہ میں سے کوئی ایک وصف نہ بدلے تو پانی ناپاک نہیں ہوگا۔

**حاصل** : امام مالکؒ: کے نزدیک تھوڑا پانی اور زیادہ پانی ایک ہی طرح ہیں، یعنی دونوں کے اوصاف ثلاثہ میں سے ایک بدلے تب ناپاک ہوگا ورنہ نہیں۔

امام شافعیؒ: کے نزدیک دو مٹکے پانی ہو تو وہ کثیر ہے اور اس سے کم ہو تو وہ قلیل ہے۔یعنی ایک قطرہ بھی ناپاکی گرنے سے ناپاک ہو جائے گا۔

امام ابو حنیفہ: کے نزدیک بڑا تالاب ہو تو کثیر ہے اور اس سے کم ہو تو قلیل ہے۔پھر بڑے تالاب کے متعین کرنے میں اختلاف ہے۔(۱) کسی نے غسل کی حرکت نہ پہنچنے کو بڑا تالاب کہا۔(۲) کسی نے وضو کی حرکت نہ پہنچنے کو۔(۳) اور کسی نے ہاتھ کی حرکت پہنچنے کو چھوٹا تالاب کہا۔(۴) اور کسی نے دس ہاتھ لمبے اور دس ہاتھ چوڑے کو بڑا تالاب کہا۔

**لغت** : الغدير : تالاب۔السراية: سرایت کرنا۔المساحة : پیمائش، مسح سے مشتق ہے پونچھنا۔ذراع الکرباس : پچھلے

(۴۷) قال (القدوری) و موت مالیس له نفس سائلة فی الماء لا ینجسه کالبق، و الذباب، والزنابیر، والعقرب، و نحوها﴾

زمانے میں ناپنے کے لئے دو قسم ہاتھ استعمال ہوتے تھے، ایک قسم کے ہاتھ سے کپڑا ناپتے تھے، جسکو ذراع الکرباس کہتے تھے یہ چھ قبضے کا ہوتا تھا، اور ایک قبضہ چار انگلیوں کا ہوتا ہے اس اعتبار سے چھ قبضے چوبیس (24) انگلیوں کے ہوئے، گویا کہ ہاتھ دو بالشت کا ہوا جو اٹھارہ (18) انچ کا ہوتا ہے یا 45.72 سینٹی میٹر کا ہوتا ہے۔ ردالمحتار میں اسکی تصریح اس طرح ہے وفی البحر۔ أن فی کثیر من الکتب أنه ست قبضات لیس فوق کل قبضة أصبع قائمة فهو أربع و عشرون أصبعا ..... و هو قریب من ذراع الید، لانه ست قبضات و شیء، و ذالک شبران۔ (ردالمحتار، باب المیاہ، مطلب فی مقدار الذراع وتعیینه، ج اول، ص ۳۸۳) اس عبارت میں ہے کہ چوبیس انگلیوں کا ہاتھ ہوگا، جو دو بالشت ہوگا، اور آج کل کے زمانے کے اعتبار سے وہ اٹھارہ انچ کا ہوتا ہے۔ اور دوسرا ہاتھ تھا زمین ناپنے کے لئے، یہ سات قبضے کا ہوتا تھا، اسکو کسری کا ہاتھ بھی کہتے ہیں یہ اٹھائیس انگلیوں کا ہوگا اور اس زمانے کے اعتبار سے اکیس (21) انچ کا ہوگا، یا (53.34) سینٹی میٹر کا ہوگا۔ ردالمحتار میں اسکے لئے یہ عبارت ہے۔ و فی الخانیة و غیرها : ذراع المساحة و هو سبع قبضات فوق کل قبضة أصبع قائمة ۔ (ردالمحتار، باب المیاہ، مطلب فی مقدار الذراع وتعیینه، ج اول، ص ۳۸۳) اس عبارت میں ہے کہ ذراع المساحۃ، یعنی زمین ناپنے کا ہاتھ سات قبضے کا ہوتا ہے۔ العمق : گہرائی۔ ینحسر : زمین کا کھلنا۔ اغتراف : چلو بھرنا، چلو سے پانی اٹھانا۔

**ترجمہ** : (۴۷) اور پانی میں ایسا جانور کا مرنا جس میں بہتا ہوا خون نہ ہو پانی کو ناپاک نہیں کرتا جیسے (۱) مچھر، (۲) مکھی (۳) بھڑ (۴) بچھو، وغیرہ۔

**تشریح** : جس جانور میں بہتا ہوا خون نہیں ہے وہ پانی میں مرجائے تو پانی ناپاک نہیں ہوگا۔ جیسے مچھر وغیرہ

**وجہ** : (۱) اصل میں بہتا ہوا خون ناپاک ہے اور ان جانوروں میں بہتا ہوا خون نہیں ہے۔ اس لئے ان کے مرنے سے پانی ناپاک نہیں ہوگا (۲) آیت میں ہے الا ان یکون میتة او دما مسفوحا (آیت ۱۴۵ سورۃ الانعام ۶) اس آیت سے معلوم ہوا کہ بہتا ہوا خون ناپاک ہے اس لئے جس میں بہتا ہوا خون نہ ہو وہ ناپاک نہیں کرے گا (۳) حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ کھانے میں مکھی گر جائے تو کھانا ناپاک نہیں ہوتا۔ کیونکہ اس میں بہتا ہوا خون نہیں ہے عن ابی هریرة ان رسول الله ﷺ قال اذا وقع الذباب فی اناء احدکم فلیغمسه کله ثم لیطرحه فان فی احدی جناحیه شفاء وفی الآخر دواء ۔ (بخاری شریف، کتاب الطب، باب اذا وقع الذباب فی الاناء ص ۸۶۰ جلد ثانی نمبر ۵۷۸۲) حدیث میں پوری مکھی کو برتن میں ڈالنے کے لئے کہا۔ اگر مکھی سے کھانا یا پانی ناپاک ہوتا تو پوری مکھی کو کیسے ڈالنے کے لئے فرماتے (۴) دار قطنی میں ہے کہ جس جانور میں بہتا ہوا

۱ وقال الشافعیؒ يفسده لان التحريم لابطريق الكرامة آية للنجاسة،بخلاف دود النحل، وسوس الثمار لان فيه ضرورة ۲ ولنا قوله عليه السلام فيه: هذا هو الحلال اكله، و شربه، و الوضوء منه

---

خون نہیں ہے وہ کھانے یا پانی میں گر جائے تو اس کھانے کو کھاؤ۔اور اس پانی سے وضو کرو قال رسول الله ﷺ يا سلمان كل طعام و شراب وقعت فيه دابة ليس لها دم فماتت فيه فهو حلال اكله و شربه و وضوء ه۔(دار قطنی ،باب كل طعام وقعت فيه دابة ليس لها دم ،ج اول ص ۴۳ نمبر ۸۱/سنن للبیھقی ،باب مالانفس له سائلة اذ امات فی الماء القليل ،ج اول ص ۳۸۳ ،نمبر ۱۱۹۳)دار قطنی کی حدیث اگر چہ کمزور ہے لیکن بخاری کی حدیث سے اس کی تائید ہو جاتی ہے۔اس لئے اس سے استدلال کرنا جائز ہے۔

**ترجمہ** : ۱ امام شافعیؒ نے فرمایا کہ پانی کو ناپاک کر دے گا،اسلئے کہ حرمت کرامت کی وجہ سے نہیں ہے تو یہ نجاست کی علامت ہے۔بخلاف شہد کی مکھیوں کے اور پھلوں کے کیڑوں کے،اسلئے کہ اس میں ضرورت ہے۔

**تشریح** : امام شافعیؒ کی ایک روایت ہمارے مطابق ہے اور ایک روایت یہ ہے کہ ان جانوروں کے مرنے سے پانی ناپاک ہو جائے گا۔اس لئے کہ یہ جانور میتہ ہے اور ان کا کھانا حرام ہے۔اور میتہ ناپاک ہوتا ہے اس لئے ان کے مرنے سے پانی ناپاک ہو جائے گا۔کیونکہ کوئی چیز کرامت کے طور پر حرام نہیں ہے تو اسکا مطلب یہ ہے کہ وہ ناپاک ہے،اسلئے تھوڑے پانی میں اسکے گرنے سے پانی ناپاک ہو جائے گا۔موسوعۃ میں ہے۔فأما ما كان مما لا نفس له سائلة ،مثل الذباب ،و الخنافس ،وما اشبههما ،ففيه قولان : احدهما ،ان ما مات من هذا في ماء قليل أو كثير لم ينجس .....و القول الثاني .....و ان مات فيه نجس و ذالک مثل الخنفساء ۔(موسوعۃ ،باب الماء الراکد،ج اول ،ص ۱۴،نمبر ۳۳)اس میں دوسرا قول ہے کہ ناپاک ہو جائے گا۔

البتہ شہد کی مکھی کے بچے شہد میں مر جاتے ہیں،اسی طرح پھل کے کیڑے پھل میں مر جاتے ہیں حالانکہ مکھی کے بچوں اور کیڑوں کو کھانا حرام ہے پھر بھی شہد کھاتے ہیں اور پھل کھاتے ہیں وہ ناپاک نہیں شمار کئے جاتے۔فرماتے ہیں وہاں مجبوری ہے اسلئے ضرورت کی بناء پر اسکو حلال قرار دیا ہے ۔

**ترجمہ** : ۲ اور ہماری دلیل اس بارے میں حضورؐ کا قول ہے۔کہ اسکا کھانا حلال ہے اور اسکا پینا حلال ہے اور اس سے وضو کرنا حلال ہے۔یہ دار قطنی کی حدیث اوپر گزر گئی۔فهو حلال اكله و شربه و وضوء ه۔(دار قطنی ،نمبر ۸۱/بیہقی ،نمبر ۱۱۹۳) کہ جس کھانے یا پانی میں ایسا جانور گر گیا جس میں خون نہیں ہے تو وہ کھانا یا پانی پاک ہے۔

۳ و لان المنجس اختلاط الدم المسفوح باجزائه عند الموت، حتى حل المذكى لانعدام الدم فيه، ولا دم فيها، ۴ والحرمة ليست من ضرورتها النجاسة كالطين (۴۸) و موت ما يعيش في الماء فيه

**ترجمه** : ۳ اور اسلئے کہ ناپاک کرنے والی چیز بہنے والے خون کا پانی کے اجزاء کے ساتھ ملنا ہے موت کے وقت ۔اسی وجہ سے ذبح کیا ہوا حلال ہو جاتا ہے اس میں خون نہ ہونے کی وجہ سے، اور ان جانوروں میں خون ہی نہیں ہے (اسلئے پانی میں اسکے مرنے سے پانی ناپاک نہیں ہوگا)۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ پانی کو ناپاک کرنے والی چیز بہتا ہوا خون ہے کہ جب وہ مرتا ہے تو بہتا ہوا خون پانی کے اجزاء میں مل کر اسکو ناپاک کر دیتا ہے، اور ان کیڑے مکوڑوں میں خون ہی نہیں ہوتا اسلئے اسکے مرنے سے پانی ناپاک نہیں ہوگا۔ جیسے بڑے جانوروں میں خون ہوتا ہے لیکن ذبح کر کے خون نکال دیا جائے تو خون نہ ہونے کی وجہ سے جانور کا گوشت پاک ہو جاتا ہے ۔

**ترجمه**: ۴ اور کھانا حرام ہونے کے لئے ضروری نہیں ہے کہ وہ ناپاک ہو، جیسے مٹی۔

**تشریح**: یہ امام شافعیؒ کو جواب ہے۔ انکی دلیل تھی کہ کرامت کی وجہ سے حرام نہ ہو تو یہ نجاست کی دلیل ہے۔ اسکا جوب یہ ہے کہ مٹی کا کھانا حرام ہے حالانکہ وہ ناپاک نہیں، اس سے معلوم ہوا کہ کیڑوں کا کھانا حرام ہے لیکن وہ مٹی کیطرح ناپاک نہیں ہیں۔

**لغت**: نفس سائلة : بہتا ہوا خون۔ البق : مچھر۔ الذباب : مکھی۔ الزنابير : بھڑ۔ العقارب : بچھو، عقرب کی جمع ہے۔ دود : کیڑا۔ دود النحل : شہد کی مکھیاں ۔ سوس : کیڑا۔ منجس : ناپاک کرنے والی چیز ۔ مسفوح : بہنے والا خون۔ المذكى : ذكى سے مشتق ہے ذبح کیا ہوا۔ الطين : مٹی۔

**ترجمه** : (۴۸) مرنا ایسے جانور کا جو پانی میں زندگی گزارتا ہو پانی کو ناپاک نہیں کرتی ہے جیسے (۱) مچھلی (۲) مینڈک (۳) کیکڑا۔

**تشریح**: جو جانور پانی ہی میں رہتا ہو وہ تھوڑے پانی میں مرجائے تو اس سے پانی ناپاک نہیں ہوگا، چاہے وہ جانور کھایا جاتا ہو یا نہ کھایا جاتا ہو۔

**وجه**: (۱) جو جانور پانی میں پیدا ہوتا ہے اور اسی میں زندگی گزارتا ہے اس میں بہتا ہوا خون نہیں ہوتا۔ کیونکہ بہتا ہوا خون رہے گا تو پانی کے اندر ہی نہیں رہ سکے گا۔ اور وہ جو تھوڑا بہت خون نظر آتا ہے وہ مکمل خون نہیں ہے۔ خون کی خاصیت یہ ہے کہ اس کو دھوپ میں رکھو تو وہ کالا سا ہو جائے گا۔ اور دریائی جانور کے خون کو دھوپ میں رکھو تو وہ سفید ہو جاتا ہے۔ اس لئے وہ مکمل خون ہی نہیں ہے۔ اور مسئلہ نمبر ۴۷ میں تفصیل سے گزر چکا ہے کہ جس جانور میں بہتا ہوا خون نہیں ہے اس کے مرنے سے پانی ناپاک نہیں ہوتا ہے۔ (۲) عن ابی ھریرۃ قال رسول اللہ ﷺ ھو الطھور ماءہ و الحل میتته ۔ (ترمذی شریف، باب ما جاء فی ماء البحر

لا یفسد کالسمک، و الضفدع، و السرطان﴾ ۱؎ وقال الشافعیؒ یفسده الا السمک لمامر ۲؎ ولنا انه مات فی معدنه فلا یعطی له حکم النجاسة کبیضة حال محها دماً ۳؎ و لانه لادم فیها اذالدموی لایسکن فی الماء، والدم هو النجس ۴؎ وفی غیر الماء قیل غیر السمک یفسده لانعدام المعدن، وقیل

---

انہ طھور ص ۲۱ نمبر ۶۹ / ابوداود، باب الوضوء بماء البحر، ص ۱۳ انمبر ۸۳) سمندر کا میتہ حلال ہے سے استدلال کیا جا سکتا ہے کہ کھانا تو حلال نہیں ہے لیکن اس کے مردے میں خون نہیں ہوتا اس لئے اس کے مرنے سے پانی ناپاک نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: ۱؎ امام شافعیؒ نے فرمایا کہ پانی کو ناپاک کر دے گا سوائے مچھلی کے اس دلیل کی وجہ سے جو اوپر گزر چکی۔

**تشریح**: امام شافعیؒ کی اصل روایت تو یہی ہے کہ سمندر میں رہنے والے جانور کے مرنے سے پانی ناپاک نہیں ہوگا۔ موسوعۃ میں عبارت یہ ہے۔ و لو وقع حوت میت فی ماء قلیل او جرادة میتة لم ینجس لانهما حلال میتین ، و کذالک کل ما کان من ذوات الارواح مما یعیش فی الماء ۔ (موسوعۃ، باب الماء الراکد، ج اول، ص ۱۴ نمبر ۳۳) اس عبارت میں ہے کہ سمندر میں رہنے والے جانور کے مرنے سے پانی ناپاک نہیں ہوگا۔ دوسری روایت ہے کہ مچھلی کے علاوہ دوسرے جانور کے مرنے سے پانی ناپاک ہو جائے گا۔ انکی اوپر والی دلیل عقلی ہے کہ اسکا کھانا حرام ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ ناپاک ہے اور وہ پانی کو بھی ناپاک کر دیگا۔ اور مچھلی کے مرنے سے اسلئے ناپاک نہیں ہوگا کہ مچھلی حلال ہے، اور پانی کی حلال چیز کے مرنے سے پانی ناپاک نہیں ہوتا۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور ہماری دلیل یہ کہ سمندر کا جانور اپنے رہنے کی جگہ میں مرا ہے اسلئے اسکو ناپاکی کا حکم نہیں دیا جائے گا، جیسے انڈے کی زردی خون میں بدل جائے، (تو وہ ناپاک نہیں ہوتی)

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے کہ دریائی جانور اپنے رہنے کی جگہ میں مرا ہے اسلئے اسکو ناپاک قرار نہ دیا جائے جیسے انڈے کی زردی بدل کر خون بن جائے تو وہ ناپاک نہیں ہے کیوں کہ وہ اپنے رہنے کی جگہ میں خون بنی ہے اسی طرح دریائی جانور اپنے معدن اور مسکن یعنی پانی میں مر جائے تو اس سے پانی ناپاک نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: ۳؎ اور اسلئے بھی کہ اس میں خون نہیں ہے، اسلئے کہ خون والا جانور پانی میں نہیں رہ سکتا، اور خون ہی ناپاک ہے۔

**تشریح**: پہلے گزر چکا ہے کہ خون والا جانور پانی میں نہیں رہ سکتا۔ اور جب خون نہیں ہے تو اسکے مرنے سے پانی ناپاک نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: ۴؎ اور پانی کے علاوہ میں بعض نے کہا کہ مچھلی کے علاوہ ناپاک کر دے گا اسلئے کہ مسکن نہیں ہے۔ اور بعض نے فرمایا کہ ناپاک نہیں کرے گا اسلئے کہ خون نہیں ہے اور یہی صحیح ہے۔

**لايفسده لعدم الدم، وهو الاصح ۵؎ والضفدع البحرى،والبرى سواء وقيل البرى يفسدلوجودالدم، وعدم المعدن ۶؎ ومايعيش فى الماء مايكون تولده، ومثواه فى الماء ۷؎ ومائى المعاش دون مائى المولد مفسد.**

---

**تشریح:** دریائی جانور پانی کے علاوہ کسی اور چیز میں، مثلا کھانے میں گرکر مرگیا تو اسکو ناپاک کرے گا یانہیں۔اس بارے میں بعض نے فرمایا کہ مچھلی تو اور چیز کو بھی ناپاک نہیں کرے گی اسلئے کہ وہ حلال ہے۔البتہ مچھلی کے علاوہ جتنے جانور ہیں وہ ناپاک کردیں گے کیونکہ وہ حلال نہیں اور اور یہ اسکے رہنے کی جگہ بھی نہیں ہے اسکے رہنے کی جگہ تو پانی ہے۔اور بعض حضرات نے فرمایا کہ ناپاک نہیں کرے گا اسلئے کہ ان میں خون نہیں ہے، جو ناپاکی کی جڑ ہے۔اور صحیح بات یہی ہے۔

**ترجمہ:** ۵؎ سمندری مینڈک اور خشکی کا مینڈک حکم میں برابر ہیں، اور بعض حضرات نے فرمایا کہ خشکی کا مینڈک پانی کو ناپاک کر دے گا خون کے پائے جانے کی وجہ سے اور اسکے رہنے کی جگہ بھی نہیں ہے۔

**تشریح:** جو مینڈک پانی ہی میں رہتا ہے اس کا مسکن بھی پانی ہوا اور اس میں خون بھی نہیں ہے اسلئے اسکے پانی میں مرنے کی وجہ سے پانی ناپاک نہیں ہوگا۔لیکن جو مینڈک صرف خشکی میں رہتا ہے پانی میں وہ مرجائے تو پانی ناپاک ہوجائے گا۔کیونکہ اس میں خون ہے اسی لئے تو وہ پانی میں نہیں رہ سکتا۔اور پانی اسکا مسکن بھی نہیں ہے کیونکہ اسکے رہنے کی جگہ تو خشکی ہے۔اسلئے اس سے پانی ناپاک ہوجائے گا۔

**ترجمہ:** ۶؎ اور پانی میں رہنے والے جانور وہ ہیں جنکے انڈے اور بچے بھی پانی میں ہوتے ہوں اور رہنے کا مکان بھی پانی میں ہو۔

**تشریح:** دریائی جانور کون ہے اسکی تعریف کرتے ہیں۔کہ جنکا انڈا اور بچہ پانی میں ہوتا ہو اور زندگی بھی پانی میں گزارتا ہو اسکو دریائی جانور کہتے ہیں اور اس کے مرنے سے پانی ناپاک نہیں ہوتا۔

**ترجمہ:** ۷؎ اور پانی میں زندگی گزارنے والا نہ کہ اس میں انڈا اور بچہ دینے والا جانور پانی کو ناپاک کرنے والا ہے۔

**تشریح:** اور جو جانور پانی میں زندگی گزارتا ہو، اسی سے کھانا کھاتا ہو، لیکن انڈا اور بچہ خشکی میں دیتا ہو جیسے بطخ، تو وہ خشکی کا جانور ہے اس میں بہتا ہوا خون ہوتا ہے اور اسکا مسکن بھی پانی نہیں ہے اسلئے یہ پانی میں مرجائے تو اس سے پانی ناپاک ہوجائے گا۔

**لغت:** الضفدع: مینڈک۔ السرطان: کیکڑا۔ معدن: عدن سے مشتق ہے، اقامت کرنا، وہاں رہنا، مسکن۔ مح: انڈے کی زردی۔ یعیش: زندگی گزارتا ہے، اسی سے ہے معاش، زندگی گزارنے کی چیز۔ توالد: ولادة سے مشتق ہے بچہ دینا، نسل بڑھانا۔ مثواہ: ٹھہرنے کی جگہ۔

(۴۹) قال (القدوری) الماء المستعمل لا یطهر الا حداث

**ترجمہ**: (۴۹)اور ماء مستعمل نہیں جائز ہے اس کا استعمال کرنا حدث کے پاک کرنے میں۔

**تشریح**: جس پانی کو حدث غسل یا حدث وضو کو زائل کرنے کے لئے استعمال کیا ہو یا قربت حاصل کرنے کے لئے استعمال کیا ہو ایسے پانی کو دوبارہ حدث غسل یا حدث وضو کو پاک کرنے کے لئے استعمال کرنا جائز نہیں ہے۔ کیونکہ یہ پانی مستعمل ہو چکا ہے۔ اور ماء مستعمل خود پاک تو ہے لیکن حدث کو پاک کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔

**وجہ**: (۱) پاک ہونے کی دلیل یہ ہے کہ ماء مستعمل صحابہ کے کپڑوں میں وضو اور غسل کے بعد لگتا رہا لیکن آج تک کسی نے ماء مستعمل کی وجہ سے کپڑا نہیں دھویا۔ اور پاک کرنے کی صلاحیت نہیں ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ اہل عرب کو پانی کی سخت ضرورت ہونے کے باوجود کسی نے ماء مستعمل استعمال کر کے وضو یا غسل نہیں کیا۔ اور نہ اس کو دوسرے برتن میں وضو یا غسل کے لئے رکھا ہو (۲) پاک ہونے کی دلیل وہ احادیث ہیں جن میں حضورؐ نے وضو کے لئے استعمال کیا ہوا پانی مریضوں کو پلایا ہے۔ اگر ماء مستعمل پاک نہ ہوتا تو آپؐ اس کو بیماروں کو کیسے پلاتے؟ حدیث میں ہے عن جابر یقول جاء رسول اللہ ﷺ یعودنی وانا مریض لا اعقل فتوضأ وصب علی من وضوئه فعقلت۔ (بخاری شریف، باب صب النبی ﷺ وضوءہ علی المغمی علیہ ص ۳۲ نمبر ۱۹۴) (۳) سمعت السائب بن یزید یقول ذهبت بی خالتی الی النبیؐ فقالت یا رسول اللہ ان ابن اختی وقع فمسح رأسی و دعا لی بالبرکة ثم توضأ فشربت من وضوءه. (بخاری شریف، باب استعمال فضل وضوء الناس ص ۳۱ نمبر ۱۹۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ماء مستعمل پاک ہے تب ہی تو وضو کا پانی پلایا۔ اور (السنن الکبری للبیہقی، باب طهارة الماء المستعمل ج اول ص ۳۵۹، نمبر ۱۱۱۷) میں اس سلسلے کی بہت سی احادیث ذکر کی ہیں۔ اور ماء مستعمل کے پاک نہ کرنے کے سلسلے میں ان احادیث سے استدلال کیا جاتا ہے جن میں آپؐ نے ہر عضو کے لئے نیا پانی لیا ہے۔ اگر ماء مستعمل طہور ہوتا تو ماء مستعمل ہی کو دوبارہ استعمال کر لیتے اور ہر عضو کے لئے نیا پانی نہ لیتے۔ حدیث میں ہے عن ابن عباس اتحبون ان اریکم کیف کان رسول اللہ ﷺ یتوضأ فدعا باناء فیه ماء فاغترف غرفة بیده الیمنی فتمضمض واستنشق ثم اخذ اخری فجمع بها یدیه ثم غسل وجهه الخ. (ابو داؤد، باب فی الوضوء مرتین ص ۲۰ نمبر ۱۳۷) اس حدیث میں ہر عضو کے لئے الگ الگ پانی لیا گیا ہے۔ یہ اسی لئے کیا ہوگا کہ پہلا پانی مستعمل ہو گیا اب اس سے دوسرے عضو کو نہیں دھو سکتے اسلئے دوسرے عضو کے لئے دوسرا پانی لیا۔ ایک اور حدیث میں تھوڑے پانی میں جنابت کے غسل کرنے سے منع فرمایا۔ اگر اس کے جسم پر نجاست نہ ہو تو منع کرنے کی یہی وجہ ہو سکتی ہے کہ ماء مستعمل ہونے کے بعد وہ پانی دوسروں کے کام نہیں آسکتا۔ اس لئے اس میں گھس کر پانی کو مستعمل کرنے سے منع فرمایا۔ حدیث میں ہے ابو هریرة یقول قال رسول اللہ ﷺ لا یغتسل احدکم فی الماء الدائم وهو

۱ خلافالمالک، والشافعیؒ هما یقولان ان الطهور ما یطهر غیره مرة بعد اخری کالقطوع، ۲ وقال زفر و هو احد قولی الشافعی ان کان المستعمل متوضیاًفهو طهور و ان کان محدثا فهو طاهر غیر طهور لان العضو طاهر حقیقة وباعتباره یکون الماء طاهرا لکنه نجس حکما و باعتباره یکون الماء نجسا فقلنا بانتفاء الطهوریة و بقاء الطهارة عملا بالشبهین

جنب ۔(مسلم شریف، باب النھی عن الاغتسال فی الماء الراکد ص ۱۳۸ نمبر ۲۸۳) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ ماء مستعمل پاک تو ہے لیکن پاک کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔

**ترجمہ** : ۱ برخلاف امام مالکؒ اور امام شافعیؒ کے، وہ دونوں فرماتے ہیں کہ طھور اسکو کہتے ہیں جو دوسروں کو بار بار پاک کرے ، جیسے قطوع: کا ترجمہ ہے جو بار بار لکڑی کو کاٹے۔

**تشریح** : امام مالک، اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ ماء مستعمل پاک بھی ہے اور دوسرے کو پاک کرنے والا بھی ہے، یعنی اس پانی سے دوبارہ وضو کیا جا سکتا ہے۔ اسکی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ آیت میں پانی کو طھور کہا گیا ہے اور طھور مبالغہ کا صیغہ ہے جسکا معنی ہے بار بار پاک کرنا اور یہ اسی صورت میں ہو سکتا ہے جبکہ ایک مرتبہ استعمال کرنے کے بعد وضو کرنے کے قابل ہو، بشرطیکہ ناپاکی میں استعمال نہ ہوا ہو۔ آیت یہ ہے۔ و انزلنا من السماء ماء طهوراً ۔ ( آیت ۴۸، سورۃ الفرقان ۲۵)۔ جیسے لفظ، قطوع، مبالغے کا صیغہ ہے جسکا معنی ہے بار بار کاٹنا، اسی طرح طھور کا معنی ہونا چاہئے بار بار پاک کرنا۔

**ترجمہ** : ۲ امام زفرؒ نے فرمایا اور امام شافعیؒ کا بھی ایک قول یہی ہے کہ اگر استعمال کرنے والا وضو کیا ہوا ہے تو پانی پاک بھی ہے اور پاک کرنے والا بھی رہے گا، اور اگر استعمال کرنے والا محدث ہے تو پانی پاک رہے گا لیکن پاک کرنے والا نہیں رہے گا۔ اسلئے کہ عضو حقیقت میں پاک ہے اسلئے پانی پاک رہیگا، لیکن عضو حکما نجس ہے اس اعتبار سے پانی ناپاک ہوگا۔ اسلئے ہمنے کہا کہ پاک کرنے والا نہیں ہے اور خود پاک ہے، دونوں مشابہت پر عمل کرتے ہوئے۔

**تشریح** : امام زفرؒ کا مسلک اور امام شافعیؒ کا اصل مسلک یہی ہے کہ استعمال کرنے والا وضو کیا ہوا ہے تو پانی پاک رہے گا۔ اور اگر وہ محدث ہے تو پانی پاک رہے گا البتہ وہ دوسرے کو پاک نہیں کرے گا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ عضو حقیقت میں پاک ہے اس پر ظاہری طور پر کوئی ناپاکی نہیں ہے اس اعتبار سے پانی پاک رہے گا تاکہ اس مشابہت پر عمل ہو جائے۔ لیکن حکمی اعتبار سے عضو ناپاک ہے اسلئے کہ وہ محدث ہے اسکی وجہ سے پانی سے دوسرے کو پاک کرنے کی صلاحیت ختم ہو جائے گی، تاکہ عضو جو حکما ناپاک ہے اسکی مشابہت پر عمل ہو جائے۔ اسلئے پانی طاہر رہیگا لیکن غیر مطہر ہوگا۔

امام شافعیؒ کا اصل مسلک یہی ہے کہ ماء مستعمل پاک ہے لیکن پاک کرنے والا نہیں ہے۔ موسوعۃ میں عبارت یہ ہے۔ قال

۳؎ و قال محمدؒ وهو رواية عن ابی حنيفةؒ هوطاهرغيرطهور لان ملاقاة الطاهر الطاهر لا توجب التنجس الا انه اقيمت به قربة فتغيرت به صفته، كمال الصدقة ۴؎ وقال ابوحنيفة و ابو يوسفؒ هو نجس لقوله عليه السلام: لا يبولن احدكم فی الماء الدائم و لا يغتسلن فيه من الجنابة

---

الشافعیؒ و لو توضأ بماء توضأ به رجل لا نجاسة علی أعضائه لم يجزه ،لانه ماء قد توضیء به ۔(موسوعة ،باب حكم الماء المستعمل ،ج اول ،ص ۵۲،نمبر ۱۹۴)اس سے معلوم ہوا کہ انکے یہاں بھی ماء مستعمل طاہر غیر مطہر ہے۔

**ترجمہ** : ۳؎ اور امام محمدؒ نے فرمایا ،اور یہی ایک روایت امام ابوحنیفہؒ کا ہے کہ پانی پاک ہے البتہ پاک کرنے والا نہیں ہے۔اسلئے کہ پاک پانی پاک عضو کے ساتھ ملنے سے ناپاکی واجب نہیں کرتا ،مگر اس سے قربت حاصل کی ہے اسلئے اسکے پاک کرنے کی صفت بدل جائے گی۔جیسے کہ صدقے کا مال۔

**تشریح** : امام محمد کا مسلک اور یہی ایک روایت امام ابوحنیفہ کی ہے کہ ماء مستعمل پاک ہے پاک کرنے والا نہیں ہے۔اسلئے کہ جسم پاک ہے اس سے جب پاک پانی ملا تو اس سے ناپاک تو نہیں ہو جائے گا۔البتہ وضو کر کے اللہ کی قربت حاصل کی ہے اور حکمی طور پر طھارت حاصل کی ہے اسلئے پانی کی پاک کرنے والی صفت بدل جائے گی ،اور وہ پاک کرنے والا نہیں رہے گا۔جیسے کہ صدقے کا مال ،کہ وہ مال ہی ہے لیکن زکوۃ کی نیت کرنے کے بعد وہ مالداروں کے لئے حلال نہیں رہتا۔اس میں حلت کی صفت کم ہوگئی۔اسی طرح یہاں بھی پاک کرنے کی صفت کم ہو جائے گی۔

**ترجمہ** : ۴؎ امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسفؒ کی رائے یہ ہے کہ ماء مستعمل ناپاک ہے۔حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ: تم میں سے کوئی ٹھرے ہوئے پانی میں پیشاب نہ کرے۔(اور دوسری حدیث ) اور پانی میں جنابت کا غسل نہ کرے۔

**تشریح** : امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کی رائے یہ ہے کہ ماء مستعمل ناپاک ہے۔اسکی وجہ یہ ہے کہ آپؐ نے ٹھرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے سے منع فرمایا ہے ،جسکی وجہ یہ ہے کہ پیشاب کرنے سے پانی ناپاک ہو جاتا ہے۔یا ٹھرے ہوئے پانی میں جنابت کا غسل کرنے سے منع فرمایا ،جسکی وجہ یہ ہے کہ غسل جنابت سے تھوڑا پانی ناپاک ہو جاتا ہے۔جب نجاست حقیقیہ سے پانی ناپاک ہو جاتا ہے تو اس پر قیاس کرتے ہوئے نجاست حکمیہ یعنی وضو سے بھی پانی ناپاک ہو جائے گا۔پیشاب کے بارے میں حدیث یہ ہے ۔ سمع ابو ھريرة انه سمع رسول الله ﷺ يقول لايبولن احدكم فی الماء الدائم الذی لايجری ثم يغتسل فيه ۔(بخاری شریف ،باب البول فی الماء الدائم ص ۳۷ نمبر ۲۳۹ مسلم شریف ،باب النھی عن البول فی الماء الراکد ص ۱۳۸ نمبر ۲۸۲ /۶۵۶ )غسل کے بارے میں یہ حدیث ہے سمع أبا ھريرة يقول قال رسول الله ﷺ لا يغتسل احدكم فی الماء الدائم وهو جنب . (مسلم شریف ،باب النھی عن الاغتسال فی الماء الراکد ص ۱۳۸ نمبر ۲۸۳ /۶۵۸ )۔اس

۵ ولانه ماء ازيلت به النجاسة الحكمية فيعتبر بماء ازيلت به النجاسة الحقيقية، ٦ ثم في رواية الحسن عن ابي حنيفةؒ نجاسة غليظة اعتباراً بالمستعمل في الحقيقية، ۷ وفي رواية ابي يوسفؒ عنه و هو قوله: نجاسة خفيفة لمكان الاختلاف (۵۰) والماء المستعمل: هو ماء ازيل به حدث، او

حدیث میں نجاست حقیقیہ سے پانی ناپاک قرار دیا ہے اسی پر قیاس کرتے ہوئے نجاست حکمیہ سے بھی پانی ناپاک ہوگا۔

**ترجمہ**: ۵ اور اسلئے بھی کہ یہ ایسا پانی ہے کہ اس سے نجاست حکمیہ زائل کی گئی ہے، پس قیاس کیا جائے گا اس پانی پر جس سے نجاست حقیقیہ زائل کی گئی ہو۔

**تشریح**: جس پانی سے نجاست حقیقیہ زائل کی گئی ہو تو وہ ناپاک ہو جاتا ہے۔ٹھیک اسی طرح جس پانی سے نجاست حکمیہ زائل کی گئی ہو تو وہ ناپاک ہو جائے گا۔یہ دلیل عقلی ہے، اور قیاس ہے۔

**ترجمہ**: ٦ امام ابوحنیفہؒ سے حضرت حسنؒ کی روایت میں یہ ہے کہ ماء مستعمل نجاست غلیظہ ہے، وہ قیاس کرتے ہیں نجاست حقیقیہ میں ماء مستعمل پر۔

**تشریح**: امام ابوحنیفہؒ کی روایت حضرت حسنؒ سے یہ ہے کہ ماء مستعمل نجاست غلیظہ ہے، یعنی ایک درہم بھی لگ جائے تو وہ ناپاک ہو جائے گا۔وہ فرماتے ہیں کہ پانی سے نجاست حقیقیہ، مثلا پیشاب اور پیخانہ دھویا جائے تو وہ پانی بالکل ناپاک ہوتا ہے، بلکہ پانی خود نجاست غلیظہ بن جاتا ہے، اسی پر قیاس کرتے ہوئے نجاست حکمیہ زائل کی گئی ہو یعنی وضو کیا گیا ہو تو اس سے پانی ناپاک ہوگا اور نجاست غلیظہ والا ناپاک ہوگا۔گویا کہ انہوں نے نجاست حکمیہ کو نجاست غلیظہ پر قیاس کیا۔تاہم یہ روایت مفتی بہ نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۷ اور امام ابوحنیفہ سے امام ابو یوسفؒ کی روایت یہ ہے کہ ماء مستعمل نجاست خفیفہ ہے، کیونکہ اس میں ائمہ کا اختلاف ہے۔

**تشریح**: امام ابو یوسفؒ نے امام ابوحنیفہؒ سے روایت کی ہے اور یہی قول امام ابوحنیفہ کا ہے کہ ماء مستعمل نجاست خفیفہ ہے۔اسکی دلیل یہ بتلاتے ہیں کہ ماء مستعمل کے پاک ہونے میں اور ناپاک ہونے میں ائمہ کا اختلاف ہے۔اور قاعدہ یہ ہے کہ کسی بات میں ائمہ کا اختلاف ہو جائے تو اس میں تخفیف ہو جاتی ہے اسلئے ماء مستعمل میں تخفیف ہوگی اور وہ نجاست خفیفہ ہو جائے گا۔

**حاصل**: ماء مستعمل کے بارے میں امام ابوحنیفہ کی تین رائیں ہو گئیں (۱) امام محمدؒ سے کہ وہ پاک ہے لیکن پاک کرنے والا نہیں ہے۔اور فتوی اسی پر ہے۔(۲) حضرت حسنؒ سے کہ وہ نجاست غلیظہ ہے۔(۳) امام ابو یوسفؒ سے کہ وہ نجاست خفیفہ ہے۔

**ترجمہ**(۵۰) ماء مستعمل ہر وہ پانی ہے جس سے حدث زائل کیا گیا ہو (۲) یا بدن پر قربت کے طور پر استعمال کیا گیا ہو۔

**تشریح**: (۱) اگر عینی نجاست بدن یا کپڑے پر ہو اس کو پانی سے دور کیا تو وہ پانی ناپاک ہے۔البتہ نجاست عینی نہ ہو صرف حدث

استعمل فی البدن علی وجه القربة﴾ ا قال هذا عند ابی یوسفؒ و قیل هو قول ابی حنیفةؒ ایضاً ۲ و قال محمدؒ لایصیر مستعملا الا باقامة القربة لان الاستعمال بانتقال نجاسة الآثام الیه، وانها تزال بالقربة، ۳ و ابو یوسفؒ یقول اسقاط الفرض مئوثر ایضاً فیثبت الفساد بالامرین،

اکبر جنابت یا حدث اصغر یعنی وضو کرنے کے لئے پانی استعمال کیا تو وہ ماء مستعمل ہوتا ہے(۲) یا پہلے سے وضو موجود ہو لیکن قربت الٰہی حاصل کرنے کے لئے دوبارہ وضو کرے تو یہ بھی ماء مستعمل ہو جاتا ہے۔ جس کا حکم اوپر گذر چکا۔

**ترجمه**: ا مصنف فرماتے ہیں کہ یہ امام ابو یوسف کے نزدیک ہے۔ اور بعض حضرات نے فرمایا کہ یہی امام ابو حنیفہؒ کا بھی قول ہے۔

**تشریح** : اوپر دو صورتوں سے پانی مستعمل ہونے کا تذکرہ تھا۔ ایک تو یہ کہ محدث آدمی وضو کر کے حدث زائل کرنے کا ارادہ کرے تو پانی مستعمل ہوتا ہے، اور دوسری صورت یہ ہے کہ وضو کیا ہوا آدمی ثواب کے لئے اور قربت حاصل کرنے کے لئے دوبارہ وضو کرے تو اس سے بھی پانی مستعمل ہو جاتا ہے۔ یہ مسلک امام ابو یوسفؒ کا ہے اور یہی مسلک امام ابو حنیفہؒ کا ہے۔

**وجه**: حدیث میں وضو کرنے کا تذکرہ گزرا جس سے پانی مستعمل ہونے پر استدلال کیا، اس وضو کا دونوں مطلب ہو سکتا ہے، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپؐ نے حدث زائل کرنے کے لئے وضو کیا تھا جس سے پانی مستعمل ہوا، اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ثواب کے لئے وضو پر وضو کیا تھا جس سے پانی مستعمل ہوا۔ (۲) حدث زائل کیا تو نجاست حکمیہ زائل ہوئی اسلئے اس سے پانی مستعمل ہونا چاہئے۔ اور ثواب کی نیت کی تو اس سے بھی ایک گونہ گناہ جھڑتا ہے اسلئے اس سے بھی پانی مستعمل ہونا چاہئے۔

**ترجمه**: ۲ امام محمدؒ نے فرمایا کہ پانی مستعمل نہیں ہوگا مگر قربت کے قائم کرنے سے، اسلئے کہ پانی مستعمل ہوتا ہے گناہوں کی نجاست اسکی طرف منتقل ہونے سے، اور گناہوں کی نجاست زائل ہوتی ہے قربت کی نیت کرنے سے۔

**تشریح** : امام محمدؒ کی دلیل یہ ہے کہ گناہوں کی نجاست پانی کی طرف منتقل ہو تب وہ مستعمل ہوگا اور گناہ زائل ہوتا ہے اور پانی کی طرف منتقل ہوتا ہے قربت کی نیت کرنے سے، اسلئے وضو کرتے وقت قربت کی نیت اور ثواب کی نیت کرے گا تب پانی مستعمل ہو گا، اور اگر ثواب کی نیت نہیں کی صرف حدث زائل کرنے کی نیت کی تو پانی مستعمل نہیں ہوگا۔

**ترجمه**: ۳ امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ فرض ساقط کرنا بھی پانی کو مستعمل بنانے میں موثر ہے اسلئے فساد یعنی مستعمل بنانا دونوں باتوں سے ثابت ہوگا۔

**تشریح** : امام ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ بغیر ثواب کی نیت کے وضو کر لیا تو وضو ہو گیا اور وضو کرنا جو فرض تھا وہ ساقط ہو گیا اور حدث زائل ہو گیا تو حدث کا زائل ہونا بھی پانی مستعمل ہونے میں موثر ہے اسلئے اس سے بھی پانی مستعمل ہو جائے گا۔ جس طرح

**۴ و متى يصير الماء مستعملا، الصحيح انه كما زال عن العضو صار مستعملا لان سقوط حكم الاستعمال قبل الانفصال للضرورة و لا ضرورة بعده ۵ و الجنب اذا انغمس في البير لطلب الدلو، فعند ابي يوسفؒ الرجل بحاله لعدم الصب و هو شرط عنده لاسقاط الفرض، و الماء بحاله لعدم**

قربت کی نیت کرنے سے پانی مستعمل ہوجاتا ہے

**ترجمہ** : ۴ اور پانی مستعمل کب ہوگا؟ تو صحیح بات یہ ہے کہ جیسے ہی عضو سے جدا ہوا تو پانی مستعمل ہوگیا، اسلئے کہ مستعمل ہونے کا حکم عضو سے جدا ہونے سے پہلے ضرورت کی بناء پر ساقط کیا گیا، اور جدا ہونے کے کوئی ضرورت نہیں رہی۔

**تشریح** : پانی کب مستعمل ہوگا اسکے تین مقامات ہیں (۱) عضو پر رہتے ہوئے ہی پانی مستعمل شمار کیا جائے۔ (۲) پانی جب عضو سے جدا ہوجائے تب مستعمل شمار کیا جائے۔ (۳) پانی عضو سے جدا ہوکر کسی مقام پر، مثلا برتن میں جمع ہوجائے تب مستعمل شمار کیا جائے ۔ پانی جب عضو پر ہو تو کسی کے یہاں بھی مستعمل شمار نہیں کیا جائے گا کیونکہ اس میں ضرورت ہے۔ اگر عضو پر رہتے ہوئے مستعمل شمار کردیا جائے تو عضو ہی کبھی پاک نہیں ہوگا۔

اودوسری صورت کہ عضو سے جدا ہونے کے بعد فورا ہی مستعمل قرار دیا جائے کیونکہ اب ضرورت باقی نہیں رہی۔ صحیح قول یہی ہے۔

**حضرت سفیان ثوریؒ** کا قول یہ ہے کہ عضو سے جدا ہونے کے بعد کسی مقام پر، مثلا برتن وغیرہ میں جمع ہوجائے تب جاکر پانی کو مستعمل قرار دیا جائے۔ اس سے پہلے پانی مستعمل نہیں شمار کیا جائے گا۔ صحیح کہہ کر اسی طرف اشارہ کیا ہے کہ یہ قول صحیح نہیں ہے ۔

## ﴿کنویں میں گھسنے کا بیان﴾

**ترجمہ** : ۵ جنبی نے اگر کنویں میں ڈول نکالنے کے غوطہ لگایا تو امام ابو یوسفؒ کے نزدیک جنبی اپنی حالت پر ناپاک ہے نہ بہانے کی وجہ سے، کیونکہ ان کے نزدیک فرض کو ساقط کرنے کے لئے بہانا شرط ہے۔ اور پانی اپنی حالت پر پاک ہے کیونکہ ازالہ حدث کی نیت بھی نہیں ہے اور قربت کی نیت بھی نہیں ہے۔ (نوٹ) کنواں دہ دردہ سے کم ہو۔ اور اگر دہ دردہ ہوتب تو اصاف ثلاثہ میں سے کسی ایک کے بدلے بغیر ناپاک ہی نہیں ہوگا۔

**تشریح** : آدمی جنابت کی حالت میں ہے۔ لیکن اسکے جسم پر نجاست نہیں ہے، ہر جگہ سے نجاست دھوئی ہوئی ہے، ایسا آدمی ڈول نکالنے کے لئے کنویں میں غوطہ لگائے تو امام ابو یوسفؒ کے نزدیک آدمی ناپاک ہی رہے گا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ انکے

**الامرين، ٦ و عند محمدؒ كلاهما طاهران، الرجل لعدم اشتراط الصب، والماء لعدم نية القربة ٧ وعندابى حنيفةؒ كلاهما نجسان، الماء لاسقاط الفرض من البعض باول الملاقاة، و الرجل لبقاء الحدث فى بقية الاعضاء، ٨ وقيل عنده نجاسة الرجل بنجاسة الماء المستعمل**

---

یہاں جنابت کے فرض کوساقط کرنے کے لئے پانی کوجسم پر بہانا، یا بہانے کی نیت کرنا ضروری ہے، اور یہاں نہ بہایا ہے اور نہ بہانے کی نیت کی ہے، بلکہ نیت تو ڈول نکالنے کی کی ہے جسکی وجہ سے جسم پر خود پانی آ گیا۔ اسلئے آدمی اپنی پہلی حالت پر ناپاک ہی رہے گا۔ اور کنویں کا پانی اپنی پہلی حالت پر پاک رہے گا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ پانی دو وجہوں میں سے ایک سے مستعمل ہوتا ہے اور دونوں نہیں پائے گئے اسلئے پانی مستعمل نہیں ہوا۔ پانی مستعمل ہونے کے لئے یا تو ازالہ حدث کی نیت ہو، یا قربت کی نیت ہو، اور یہاں دونوں نہیں ہیں، کیونکہ وہ ڈول نکالنے کے لئے غوطہ مارا ہے، اسلئے پانی پاک رہے گا۔ عدم الامرین: کا یہی مطلب ہے۔

**ترجمہ** : ٦ اور امام محمدؒ کے نزدیک پانی اور آدمی دونوں پاک ہیں۔ آدمی پاک ہے بہانے کی شرط نہ ہونے کی وجہ سے۔ اور پانی پاک ہے قربت کی نیت نہ ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح** : امام محمدؒ کے نزدیک محدث کے پاک ہونے کے لئے ازالہ حدث کی نیت کرنا ضروری نہیں ہے، یا پانی بہانا ضروری نہیں ہے بلکہ بغیر نیت کے بھی پانی میں غوطہ لگا دے گا تو آدمی پاک ہو جائے گا۔ یہاں بغیر ازالہ حدث کی نیت کے غوطہ لگایا ہے پھر بھی آدمی پاک ہو جائے گا اور کنویں کا پانی اس لئے مستعمل نہیں ہوگا کہ غوطہ لگانے والے نے قربت کی نیت نہیں کی۔ اور اوپر گزر چکا ہے کہ امام محمدؒ کے نزدیک مستعمل ہونے لئے قربت کی نیت کرنا ضروری ہے۔ اسلئے پانی، آدمی دونوں پاک ہونگے۔

**ترجمہ** : ٧ اور امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک پانی اور آدمی دونوں ناپاک ہیں۔ (یعنی آدمی ناپاک ہے اور پانی مستعمل ہے) پانی ناپاک ہے اول ملاقات میں بعض عضو سے فرض ساقط ہونے کی وجہ سے۔ اور آدمی ناپاک ہے باقی عضو میں حدث باقی رہنے کی وجہ سے۔

**تشریح** : امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک پاک ہونے لئے نیت کی ضرورت نہیں۔ ازالہ حدث کی نیت نہ کرے اور نہ قربت کی نیت کرے اور غوطہ لگا دے تو بھی آدمی پاک ہو جائے گا۔ اور پانی کے ناپاک ہونے کے لئے بھی نیت کی ضرورت نہیں۔ اسلئے غوطہ لگاتے ہی پانی ناپاک ہو جائے گا۔ اب جیسے ہی جسم کا نچلا حصہ پانی میں گیا تو وہ پاک ہو گیا البتہ اوپر کا حصہ ناپاک رہا۔ اور پورا پانی ناپاک ہو گیا۔ اب جسم کا تھوڑا سا حصہ پاک ہے اور اکثر حصہ ناپاک ہے اسلئے آدمی ناپاک رہے گا۔ اور پانی بھی ناپاک ہو گیا۔

**ترجمہ** : ٨ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ حضرت امام اعظم کے نزدیک آدمی ناپاک ہو جائے گا ماء مستعمل کے ناپاک ہونے کی وجہ سے۔

۹ وعنه ان الرجل طاهرلان الماء لايعطی له حکم الاستعمال قبل الانفصال و هو اوفق الروات عنه

(۵۱) قال (القدوری) و کل اهاب دبغ فقد طهر، جازت الصلوٰۃ فیہ، والوضوء منہ الا جلد الخنزیر، والادمی﴾

**تشریح** : آدمی کے ناپاک ہونے کی ایک وجہ یہ بھی بیان کی گئی ہے کہ آدمی کا نچلا حصہ جب پانی میں گیا تو امام ابوحنیفہؒ کے مسلک کے مطابق مستعمل ہونے کی وجہ سے پانی ناپاک ہوگیا۔ اور اس آدمی کا کچھ حصہ پاک ہوگیا تھا لیکن جب یہ ناپاک پانی میں رہا تو دوبارہ وہ حصہ بھی ناپاک ہوگیا اور گویا کہ پورا آدمی ناپاک ہوگیا۔ اس دلیل کا حاصل یہ ہے کہ ناپاک پانی کی وجہ سے آدمی دوبارہ ناپاک ہوا۔

**ترجمہ** : ۹ امام ابوحنیفہؒ سے یہ بھی منقول ہے کہ آدمی پاک ہے اسلئے کہ جدا ہونے سے پہلے پانی کو مستعمل ہونے کا حکم نہیں دیا جائے گا، یہ امام ابوحنیفہؒ سے تمام روایتوں میں سب سے زیادہ فقہ کے موافق روایت ہے۔

**تشریح** : پہلے قاعدہ گزر چکا ہے کہ پانی جسم سے جدا ہو تب اس پر مستعمل ہونے کا حکم لگایا جائے گا، اس سے پہلے نہیں۔ اس قاعدے کی بناء پر آدمی جب تک پانی کے اندر رہا اس وقت تک پانی مستعمل نہیں ہوا، اس دوران پورا آدمی دھل گیا، اور پاک ہوگیا، اور جب کنویں سے باہر نکلا تو پاک ہی نکلا اس لئے آدمی پاک رہا۔ اور اسکے نکلنے کے بعد پانی مستعمل ہوا، اس طرح بعد میں پانی ناپاک ہوا۔ یہ روایت پچھلے قاعدے اور دلیل کے موافق ہے اور حضرت امام اعظمؒ کی جلالت شان کے بھی موافق ہے۔ اور اسی پر فتویٰ ہے۔

**لغت** : حدث : حدث اصغر جیسے وضو کو واجب کرنے والی چیزیں، حدث اکبر جیسے جنابت۔ نجاست عینی کو نجاست کہتے ہیں۔ وجه القربة : حدث دور کرنے کی نیت ہو یا وضو پر وضو کرنے کی نیت ہو۔ آثام : اثم کی جمع ہے، گناہ۔ تزال : زائل ہوتا ہے، منتقل ہوتا ہے۔ امرین : دونوں امر سے یہاں مراد ہے، قربت کی نیت، یا ازالہ حدث کی نیت۔ انغمس : گھس گیا، غوطہ لگایا۔ الصب : پانی کا بہانا۔ انفصال : جدا ہونا۔

## ﴿ چمڑے کے احکام ﴾

**ترجمہ** : (۵۱) کچا چمڑا دباغت دیا جائے تو وہ پاک ہو جاتا ہے۔ اس پر نماز جائز ہے۔ اور اس کے برتن سے وضو جائز ہے۔ مگر سور کا چمڑا اور آدمی کا چمڑا، پاک نہیں ہوگا۔

۱؎ لقوله ﷺ: ایما اهاب دبغ فقد طهر ۲؎ وهو بعمومه حجة علی مالکؒ فی جلد المیتة

---

**تشریح**: انسان اور سور کے علاوہ کوئی جانور چاہے اسکا گوشت کھایا جاتا ہو یا نہ کھایا جاتا ہو وہ مر جائے اور اسکی کھال نکال کر اسکو دباغت دے دے تو وہ پاک ہو جاتا ہے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ اسکو ذبح کر دیا جائے تو اسکا چمڑا پاک ہو جاتا ہے۔ اس پر نماز پڑھنا جائز ہے اور اگر اسکا برتن بنالیا جائے تو اس برتن میں پانی رکھنا اور اسکو پینا یا اس سے وضو کرنا جائز ہے۔

**وجہ**: (۱) مردار کے چمڑے کو دباغت دیا جائے تو اس کی ناپاک رطوبت نکل جاتی ہے اور بہتا ہوا خون نکل جاتا ہے صرف چمڑا باقی رہ جاتا ہے اسلئے وہ پاک ہو جاتا ہے۔ اہل عرب کے پاس اکثر اسی قسم کے برتن ہوتے تھے (۲) حدیث میں ہے عن ابن عباسؓ قال قال رسول اللہ ﷺ ایما اھاب دبغ فقد طھر. (نسائی شریف، باب جلود المیتة ج ثانی ص ۱۶۹ نمبر ۴۲۴۶ / مسلم شریف، باب طھارۃ جلود المیتة بالدباغ، ص ۱۵۷، نمبر ۸۱۲/۳۶۶ / ابو داود، نمبر ۴۱۲۳) دوسری حدیث میں ہے عن عائشة عن النبی ﷺ قال: ذکوۃ المیتة دباغھا (نسائی شریف، باب باب جلود المیتة ص، ۱۶۹، نمبر ۴۲۵۱) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ دباغت دینے کے بعد مردار کا چمڑا پاک ہو جاتا ہے۔

مگر سور کا چمڑا اور آدمی کا چمڑا پاک نہیں ہوگا۔

**وجہ**: سور نجس العین ہے اس لئے اس کا چمڑا دباغت دینے کے بعد بھی پاک نہیں ہوگا۔ آیت میں ہے او لحم خنزیر فانه رجس (آیت ۱۴۵، سورۃ الانعام ۶)۔ اور آدمی کا چمڑا عزت اور کرامت کی بنا پر دباغت دینے کے بعد بھی قابل استعمال نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: ۱؎ حضورؐ کے قول کی وجہ سے: کہ کسی بھی چمڑے کو دباغت دیا جائے تو وہ پاک ہو جاتا ہے۔ یہ حدیث اوپر گزر گئی ہے۔ (نسائی، نمبر ۴۲۴۶)

**ترجمہ**: ۲؎ یہ حدیث الفاظ کے عام ہونے کے اعتبار سے مردار کے چمڑے کے بارے میں امام مالکؒ پر حجت ہے۔

**تشریح**: امام مالکؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ مردار کا چمڑا دباغت دینے کے بعد بھی پاک نہیں ہوتا۔ انکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن عبد الله بن عکیم قال: قریء علینا کتاب رسول الله ﷺ بأرض جهینة و انا غلام شاب: أن لا تستمتعوا من المیتة باھاب، و لا عصب. (ابو داود شریف، باب من روی أن لا یستنفع باھاب المیتة، ص ۵۸۱ نمبر ۴۱۲۷ / نسائی شریف، ما یدبغ بہ جلود المیتة، ص ۵۹۲ نمبر ۴۲۵۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مردار کے چمڑے سے اور پٹھے سے نفع نہ اٹھاو۔ اسکے لئے ہمارا جواب یہ ہے کہ اوپر کی حدیث میں ہے ایما اھاب: ایما، کا لفظ عام ہے جسکا ترجمہ ہے کسی بھی چمڑے کو دباغت دو تو وہ پاک ہو جائے گا، اسلئے ہر مردار کا چمڑا دباغت کے بعد پاک ہو جائے گا، سوائے سور اور آدمی کے۔

۳؎ ولا يعارض بالنهي الوارد عن الانتفاع من الميتة، وهو قوله عليه السلام: لاتنتفعو من الميتة باهاب، لانه اسم لغير المدبوغ ۴؎ وحجة على الشافعي في جلد الكلب، وليس الكلب نجس العين

**ترجمه** : ۳؎ مردار سے نفع حاصل کرنے سے جو منع کی حدیث وارد ہوئی ہے وہ اوپر کی حدیث کے معارض نہیں ہے اور وہ ہے حضورؐ کا قول: کہ مردار کے کچے چمڑے سے فائدہ نہ اٹھاو، اسلئے کہ اھاب نام ہے بغیر دباغت دئے ہوئے چمڑے کا۔

**تشریح** : اوپر حضرت امام مالکؒ کی پیش کردہ حدیث۔ أن لا تستمتعوا من الميتة باهاب ،و لا عصب .(ابوداود شریف، نمبر ۴۱۲۷) جس میں تھا کہ مردار کے چمڑے سے فائدہ نہ اٹھاوٴ، یہ حدیث اوپر والی حدیث .ایما اھاب دبغ فقد طهر. (نسائی شریف، باب جلود المیتۃ ج ثانی ص ۱۶۹ نمبر ۴۲۴۶) کے مخالف نہیں ہے۔ کیونکہ جس حدیث میں اھاب سے فائدہ نہ اٹھانے کا حکم ہے اسکا مطلب یہ ہے کہ مردار کے کچے چمڑے سے فائدہ نہ اٹھاوٴ کیونکہ دباغت دینے سے پہلے ابھی وہ ناپاک ہے ،اسلئے اس سے فائدہ اٹھانا جائز نہیں ،اور جس حدیث میں ہے کہ کچا چمڑا پاک ہوجاتا ہے اسکا مطلب یہ ہے کہ دباغت دینے کے بعد پاک ہوتا ہے، اسلئے دونوں حدیثیں ایک دوسرے کے معارض نہیں ہیں۔

**نوٹ**: موطا امام مالکؒ میں یہ حدیث نقل کی ہے عن عبد الله بن عباس ان رسول الله ﷺ قال اذادبغ الاهاب فقد طهر۔ (موطا امام مالک، باب ماجاء فی جلود المیتۃ، ص ۴۹۳) اس حدیث اور باب سے معلوم ہوتا ہے کہ امام مالکؒ کا بھی اصل مسلک یہی ہے کہ دباغت دینے کے بعد مردار کا چمڑا پاک ہوجاتا ہے۔ ممکن ہے کہ انکا دوسرا قول بھی ہو۔

**ترجمه** : ۴؎ اور یہ حدیث حجت ہے امام شافعیؒ پر کتے کے چمڑے کے بارے میں، کیونکہ کتے کا چمڑا نجس العین نہیں ہے۔ کیا آپ نہیں دیکھتے ہیں کہ اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں نگہبانی اور شکار پکڑنے کے لئے۔

**تشریح** : امام شافعیؒ کے نزدیک سور کی طرح کتا بھی نجس العین ہے، اسلئے کتے کے چمڑے کو دباغت دیا جائے تب بھی وہ پاک نہیں ہوگا۔ موسوعۃ میں ہے۔ السباع کلھا طاھر الا الکلب والخنزیر۔ (موسوعۃ ،باب الماء الراکد، ج اول، ص ۱۵، نمبر ۳۵) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ انکے نزدیک کتا بھی سور کی طرح نجس العین ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ کتے کے جوٹھے کو سات مرتبہ دھونے کا حکم ہے۔ حدیث یہ ہے۔ عن ابی هريرة أن رسول الله ﷺ قال : اذاشرب الكلب في اناء احدكم فليغسله سبعاً۔ (بخاری شریف، باب اذا شرب الکلب فی اناء أحدکم فلیغسلہ سبعاً، ص ۲۹، نمبر ۱۷۲) کسی اور جانور کے جوٹھے کو سات مرتبہ دھونے کے لئے نہیں کہا صرف اسکے جوٹھے کو سات مرتبہ دھونے کے لئے کہا اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ نجس العین ہے۔ اسلئے دباغت دینے کے بعد بھی اسکا چمڑا پاک نہیں ہوگا۔

ہمارا جواب یہ ہے کہ کتا نجس العین نہیں ہے کیونکہ اس سے نگہبانی کرنے کا اور شکار کرنے کا فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔ حدیث میں اسکی اجازت ہے۔ حدیث یہ ہے۔ عبد الله بن عمر يقول : سمعت النبي ﷺ يقول : من اقتنى كلباً .الا كلبا ضاريا

الاترى انه ينتفع به حراسة و اصطيادا ۵ بخلاف الخنزير لانه نجس العين اذ الهاء فی قوله تعالى: فانه رجس، منصرف اليه لقربه ٦ وحرمة الانتفاع باجزاء الآدمی لکرامته فخرجاعماروينا ه ۷ ثم مايمتنع النتن، والفساد فهودباغ وان كان تشميتاًوتترياًلان المقصود يحصل به فلامعنى لاشتراط غيره

لصيد أو كلب ماشية . فانه ينقص من اجره کل یوم قيراتان . (بخاری شریف، باب من اقتنی کلبا لیس بکلب صید أو ماشیة ،ص ۹۷٦ نمبر ۵۴۸۱)اس حدیث میں شکار اور نگہبانی کے لئے کتار کھنے کی اجازت ہے جس سے معلوم ہوا کہ کتا نجس العین نہیں ہے، کیونکہ اگر نجس العین ہو تو اسکے دانت سے شکار کیا ہوا کیسے حلال ہوگا۔ اسلئے اسکے چمڑے کو دباغت دیا جائے تو چمڑا پاک ہو جائے گا۔

**ترجمہ** : ۵ بخلاف سور کے اسلئے کہ وہ نجس العین ہے اسلئے کہ، ہ، ضمیر اللہ تعالی کا قول :فانہ رجس، میں خنزیر کی طرف ہی لوٹتی ہے کیونکہ وہی قریب ہے۔

**تشریح** : بخلاف سور کے کیونکہ وہ نجس العین ہے اسلئے اسکے چمڑے کو دباغت دیں تب بھی پاک نہیں ہوگا اسلئے کہ آیت میں اسکو نجس العین کہا ہے۔آیت یہ ہے۔ الا ان یکون میتة او دما مسفوحا او لحم خنزیر فانه رجس (آیت ۱۴۵،سورۃ الانعام ٦)اس آیت میں فانہ رجس کی ،ہ، ضمیر خنزیر کی طرف لوٹتی ہے کیونکہ وہی قریب میں ہے،اسلئے آیت کا مطلب یہ ہوا کہ خنزیر کا گوشت نجس ہے یعنی وہ خود نجس العین ہے۔اسلئے اسکی کھال دباغت دینے کے بعد بھی پاک نہیں ہوگی۔

**ترجمہ** : ٦ اور آدمی کے اجزا سے فائدہ اٹھانا حرام ہے اسکی عزت کی بناء پر۔اسلئے سور اور آدمی ہماری روایت کی ہوئی حدیث سے نکل گئے۔

**تشریح** : آدمی کے اجزا سے فائدہ اٹھانا حرام ہے،اور اسکی کھال کو دباغت دیں تو وہ پاک نہیں ہوگی، اسلئے کہ اسکی عزت اور احترام ہے۔اسلئے ہم نے جو اوپر حدیث .ایما اهاب دبغ فقد طهر. (نسائی،نمبر ۴۲۴٦)نقل کی ہے۔جسکا مطلب یہ تھا کہ تمام مردار کا چمڑا دباغت دینے کے بعد پاک ہو جائے گا۔اس تمام میں سے سور اور آدمی نکل گئے اسلئے اسکی کھال دباغت دینے سے پاک نہیں ہوگی۔

**ترجمہ** : ۷ پھر جو چیز بھی بدبو اور فساد کو روک دے وہ دباغت ہے اگر چہ دھوپ میں سکھانا ہو یا مٹی لگانا ہو اسلئے کہ اس سے مقصود اس سے حاصل ہو جاتا ہے اسلئے دوسری چیزوں کی شرط لگانے کا کوئی معنی نہیں ہے ۔

**تشریح** :جن چیزوں سے کھال کی بدبو ختم ہو جائے اور وہ بگڑنے سے رک جائے اس سے دباغت ہو جائے گی۔مثلا دھوپ میں سکھا دیا، یا مٹی لگا دیا، یا قرظ گھاس ڈال کر دھو دیا جس سے کھال کی بدبو ختم ہوگئی تو ان سے دباغت ہو جائے گی۔حدیث میں ہے کہ

**۸ ثم ما يطهر جلده بالدباغ يطهر بالذكاة لانه يعمل عمل الدباغ فی ازالة الرطوبات النجسة، و كذالک يطهر لحمه، وهو الصحيح، وان لم يكن ماكولا**

کسی بھی چیز سے دباغت دی جائے تو پاک ہو جائے گا۔ حدیث یہ ہے۔ عن عائشة قالت : قال النبی ﷺ استمتعوا بجلود المیتة اذا ھی دبغت ترابا کان او رمادا او ملحا او ما کان بعد ان ترید صلاحه . (دار قطنی، باب الدباغ ج اول ص ۴۴ نمبر ۱۲۳ رسنن للبیھقی، باب وقوع الدباغ بالقرظ او مایقوم مقامہ، ج اول، ص ۳۱ نمبر ۶۶) (۲) اور اثر میں بھی اسکی صراحت ہے۔ عن ابراهیم قال : کل شیء منع الجلد من الفساد فهو دباغ ،قال محمد و به نأخذ ، وهو قول ابی حنیفة ۔ (کتاب الآثار لامام محمد، باب لباس جلود الثعالب، ودباغ الجلد، ص ۱۸۸، نمبر ۸۵۶) اس اثر سے معلوم ہوا کہ کسی بھی چیز سے دباغت ہو سکتی ہے۔

بعض حضرات نے فرمایا کہ قرظ گھاس سے ہی دباغت ہوگی۔ انکی دلیل یہ حدیث ہے۔ أن میمونة زوج النبی ﷺ حدثتها .....قالوا انها میتة ؟ فقال رسول الله ﷺ : یطهرها الماء و القرظ ۔ (نسائی شریف، مایدبغ بہ جلود المیتۃ، ص ۵۹۲ نمبر ۴۲۵۳) اس حدیث میں ہے کہ قرظ یعنی ببول کی پتی سے دباغت ہوگی۔

**ترجمہ**: ۸ پھر دباغت سے جس جانور کا چمڑا پاک ہوتا ہے ذبح کرنے سے بھی اسکا چمڑا پاک ہوگا اسلئے کہ وہ بھی دباغت کا ہی عمل کرتا ہے ناپاک رطوبت کے زائل کرنے میں، اور ایسے ہی اسکا گوشت بھی پاک ہو جائے گا صحیح بات یہی ہے چاہے وہ کھانے کے قابل نہ ہو۔

**تشریح** : جن جانوروں کے چمڑے دباغت دینے سے پاک ہو جاتے ہیں ان جانوروں کو ذبح کر دیا جائے تب بھی اسکے چمڑے پاک ہو جائیں گے اور اسکا گوشت بھی پاک ہو جائے گا اسکو جیب میں رکھکر نماز پڑھ سکتا ہے۔ یہ اور بات ہے کہ جانور غیر ماکول اللحم ہو تو وہ گوشت کھانے کے لئے حلال نہیں ہوگا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ حدیث میں ہے کہ چمڑے کو دباغت دینا اسکو ذبح کرنے کی طرح ہے، جسکا مطلب یہ ہوا کہ ذبح کرنے سے بھی چمڑا پاک ہوگا۔ اسلئے کہ چمڑا پاک کرنے کے لئے ذبح کرنا ہی اصل ہے ۔حدیث یہ ہے عن عائشة قالت : سئل رسول الله ﷺ عن جلود المیتة فقال : دباغها ذكاتها ۔ (نسائی شریف ،باب جلود المیتۃ، ص ۵۹۲، نمبر ۴۲۵۰) یہاں حدیث کے اشارۃ النص سے استدلال ہے۔ اس حدیث میں ہے کہ چمڑے کو دباغت دینا گویا کہ اسکو ذبح کر کے پاک کرنا ہے، اسلئے ذبح کرنے سے بھی غیر ماکول اللحم جانور کا چمڑا پاک ہو جائے گا اب دوبارہ اسکو دباغت دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ اور جب چمڑا پاک ہو گیا تو اس کا گوشت بھی اسی درجے میں ہے اسلئے وہ بھی ذبح کرنے سے پاک ہو جائے گا۔ (۲) اس حدیث میں ہے کہ آپ نے ذبح کئے ہوئے چمڑے کو چھویا پھر وضو نہیں کیا اور نماز پڑھی، جس سے

(۵۲) و شعر الميتة، و عظمها طاهر﴾

معلوم ہوا کہ ذبح کرنے سے بھی چمڑا پاک ہوجاتا ہے۔حدیث یہ ہے عن ابی سعید : ان النبی ﷺ مر بغلام يسلخ شاة فقال له رسول الله ﷺ : تنح حتى أريك ، فأدخل يده بين الجلد و اللحم فدحس بها حتى توارت الى الابط ثم مضى للناس و لم يتوضأ .زاد عمر فى حديثه : يعنى لم يمس ماء ۔(ابوداود شریف، باب الوضوء من مس اللحم النیء وغسلہ، ص ۲۸ نمبر ۱۸۵ /ابن ماجۃ ، باب السلخ ،ص ۴۶۲ نمبر ۳۱۷۹ )اس حدیث میں ہے کہ آپؐ نے ذبح کیا ہوا چمڑا چھویا اور دوبارہ وضو نہیں کیا، جس سے معلوم ہوا کہ ذبح کرنے سے بھی چمڑا پاک ہوجاتا ہے (۳) دوسری وجہ یہ ہے کہ جس طرح دباغت دینے سے بہتا ہوا خون نکل جاتا ہے اور ناپاک رطوبت بھی نکل جاتی ہے اسی طرح ذبح کرنے سے بھی بہتا ہوا خون نکل جاتا ہے اور ناپاک رطوبت بھی نکل جاتی ہے اسلئے بھی ذبح کرنے سے چمڑا اور گوشت پاک ہوجائیں گے۔(۴) ذبح کرنے سے بہتا ہوا خون نکل جاتا ہے اور گوشت پاک ہوجاتا ہے اور کھانے کے لئے حلال ہوجاتا ہے، اسلئے ذبح کرنے سے چمڑا بھی پاک ہوجائے گا

**فائدة**: بعض حضرات فرماتے ہیں کہ جن جانوروں کا گوشت نہیں کھایا جاتا ہے ذبح کرنے سے اسکا چمڑا پاک نہیں ہوگا جب تک کہ دوبارہ اس پر دباغت نہ دیا جائے۔ انکی دلیل یہ حدیث ہے عن ابی المليح ابن اسامة عن أبيه : أن رسول الله ﷺ نهى عن جلود السباع . (ابوداود شریف، باب فی جلود النمور والسباع، ص ۵۸۱ نمبر ۴۱۳۲ )اس حدیث میں ہے کہ پھاڑ کھانے والے یعنی غیر ماکول اللحم کے چمڑے سے منع فرمایا، اسکی ایک وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ اسکا چمڑا بغیر دباغت سے پاک نہیں ہوگا۔

**لغت** : اهاب: کچا چمڑا۔ دباغت: ببول کی پتی ڈال کر چمڑے کو پکاتے ہیں جس سے چمڑا پاک ہوجاتا ہے اسکو دباغت کہتے ہیں ۔حراسۃ: نگہبانی کرنا۔ اصطياد :صید سے مشتق ہے شکار کرنا۔رجس: ناپاک۔ کرامة :عزت، احترام۔النتن: بدبو۔ فساد : بگڑنا اور خراب ہونا۔تشميسا: شمس سے مشتق، دھوپ میں ڈالنا۔تتريبا : تراب سے مشتق ہے مٹی میں ڈالنا۔الذكاة: ذبح کرنا ۔رطوبة: چمڑے میں اور گوشت میں جو پانی ہوتا ہے اسکو رطوبت کہتے ہیں۔ماكول : اكل سے مشتق ہے وہ جانور جسکا گوشت کھانا حلال ہے۔

**ترجمه**: (۵۲) مردار کا بال اور اس کی ہڈی پاک ہے۔

**تشریح** :مردار چاہے ماکول اللحم ہو چاہے غیر ماکول اللحم ہو اسکی وہ چیزیں جن میں خون یا رطوبت نہیں ہوتی وہ چیزیں بغیر دباغت دئے بھی پاک ہیں۔ جیسے بال، سینگ، ہڈی، کھر وغیرہ۔ البتہ ان پر رطوبت لگی ہوی ہوتو دھوئے بغیر استعمال نہ کرے کیونکہ وہ تو پاک ہیں لیکن ان پر لگی ہوئی رطوبت ناپاک ہے۔

**وجه**: (۱) بال، ہڈی، کھر اور سینگ میں بہتا ہوا خون نہیں ہوتا ہے اور نہ ناپاک رطوبت ہوتی ہے اس لئے مردار کی یہ چیزیں

ل و قال الشافعیؒ نجس لانہ من اجزاء المیتة ۲ ولنا انہ لاحیوٰة فیھما، و لھذا لا یتالم بقطعھمافلایحلھماالموت اذالموت زوال الحیوٰة.

پاک ہیں(۲)حدیث میں ہے قال رسول اللہ ﷺ یا ثوبان اشتر لفاطمة قلادة من عصب وسوارین من عاج. (ابوداؤد شریف، باب فی الانتفاع بالعاج جلد ثانی ص ۲۲۷ نمبر ۴۲۱۳) اول کتاب الخاتم سے پہلے ہے۔حدیث سے معلوم ہوا کہ مردار جانور کا پٹھہ بھی پاک ہے اور ہاتھی کے دانت بھی پاک ہیں۔ورنہ آپؐ پٹھے کا ہار اور ہاتھی دانت کا کنگن خریدنے کے لئے کیسے فرماتے۔(۳)سمعت ام سلمة زوج النبی ﷺ تقول : سمعت رسول اللہؐ یقول : لا بأس بمسک المیتة اذا دبغ ، ولا بأس بصوفھا و شعرھا و قرونھا اذا غسل بالماء۔(دار قطنی، باب الدباغ، ج اول، ص ۴۲، نمبر ۱۱۳ رسنن للبیھقی، باب منع من الانتفاع بشعر المیتة، ج اول ص ۳۷ نمبر ۸۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مردار کی ہڈی، بال اون اور سینگ پاک ہیں۔

**ترجمہ**: ل امام شافعیؒ نے فرمایا کہ یہ ناپاک ہیں اسلئے کہ مردار کے اجزا میں سے ہیں۔

**تشریح**: امام شافعیؒ کھال کے علاوہ سب کو ناپاک کہتے ہیں۔ان کی دلیل یہ حدیث ہے عن عبد اللہ بن عکیم قال کتب الینا رسول اللہ ان لا تستمتعوا من المیتة باھاب ولا عصب. (نسائی شریف، باب مایدبغ بہ جلود المیتة، ج ثانی، ص ۱۷۰، نمبر ۴۲۵۵ رابن ماجہ شریف، باب من کان لاینتفعوا من المیتة باھاب ولاعصب، ص ۵۲۰، نمبر ۳۶۱۳ ردار قطنی، باب الدباغة ج اول ص ۴۲ نمبر ۱۱۳)اس حدیث میں مردے کے چمڑے اور پٹھے سے منع فرمایا ہے لیکن چمڑے کی اجازت اوپر کی حدیث کی دباغت والی حدیث کی وجہ سے دیدی لیکن دوسری چیزیں تو اپنی حالت پر رہے گی۔کیونکہ وہ مردار کے اجزا میں سے ہیں۔(۲) چنانچہ حدیث میں ہے عن ابن عمر قال قال رسول اللہ ﷺ : ادفنوا الاظفار، و الشعر، و الدم فانھا میتة (سنن للبیھقی، باب المنع من الانتفاع بشعر المیتة، ج اول، ص ۳۴ نمبر ۶۷)اس حدیث میں ناخن اور بال سے منع فرمایا ہے کیونکہ وہ مردار ہیں اسلئے وہ پاک نہیں ہیں۔

**ترجمہ**: ۲ ہماری دلیل یہ ہے کہ ان دونوں میں زندگی نہیں ہوتی یہی وجہ ہے کہ ان دونوں کو کاٹنے سے تکلیف نہیں ہوتی اسلئے ان دونوں میں موت بھی اثر نہیں کرے گی اسلئے کہ موت زندگی کے زوال کا نام ہے(اسلئے میت کے بال اور اسکی ہڈی مردے نہیں ہوئے اسلئے وہ پاک ہونگے)

**تشریح**: یہ امام شافعیؒ کو عقلی جواب ہے۔کہ بال اور ہڈیوں میں زندگی نہیں ہوتی یہی وجہ ہے کہ بال کو کاٹو تو تکلیف نہیں ہوگی اور جب ان میں زندگی نہیں ہوتی تو اس میں موت بھی اثر انداز نہیں ہوگی اور جب ان میں موت نہیں ہوئی تو یہ مردار بھی نہیں ہوئے اسلئے

(۵۳)وشعر الانسان،وعظمه طاهر﴾ ۱وقال الشافعیؒ نجس لانه لا ینتفع به و لا یجوز بیعه ۲ ولنا ان عدم الانتفاع و البیع لکرامته فلا یدل علی نجاستة

حدیث کے اعتبار سے یہ ناپاک بھی نہیں ہوئے اسلئے یہ پاک ہوئے۔اصل وجہ اوپر کی حدیث ہے،جس کی وجہ سے بال اور ہڈی پاک ہیں۔

**ترجمہ**:(۵۳)اور انسان کا بال اور اسکی ہڈی پاک ہیں۔

**تشریح** : جس طرح اور مردار کی ہڈی اور بال پاک ہیں اسی طرح انسان کی ہڈی اور بال پاک ہیں۔

**وجہ** : (۱)اسکی وجہ یہ ہے کہ ان میں ناپاک رطوبت نہیں ہوتی اور نہ خون ہوتا ہے جو ناپاکی کی اصل بنیاد ہے اسلئے وہ پاک ہیں۔حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے اپنے بال مبارک کو صحابہ میں تقسیم فرمایا اگر وہ پاک نہیں ہوتا تو تقسیم کیسے فرماتے! حدیث یہ ہے عن انس بن مالک أن رسول الله ﷺ رمی جمرة العقبة یوم النحر ثم رجع الی منزله بمنی فدعابذبح فذبح ثم دعا بالحلاق فأخذ بشق رأسه الایمن فحلقه فجعل یقسم بین من یلیه الشعرة و الشعرتین ، ثم أخذ بشق رأسه الایسر فحلقه ثم قال ههنا أبو طلحة ،فدفعه الی ابی طلحة ۔(ابو داود شریف، باب الحلق والتقصیر ،ص ۲۲۸ نمبر ۱۹۸۱)اس حدیث میں بال صحابہ میں تقسیم فرمایا جس سے معلوم ہوا کہ انسان کا بال پاک ہے اور اسی پر قیاس کر کے ہڈی بھی پاک ہوگی۔

**ترجمہ**: ۱ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ وہ نجس ہیں اسلئے کہ ان سے فائدہ نہیں اٹھایا جا سکتا، اور نہ انکو بیچا جا سکتا ہے۔

**ترجمہ**: ۲ اور ہماری دلیل یہ کہ فائدہ نہ اٹھانا اور نہ بیچنا اسکی عزت کی وجہ سے ہے اسلئے وہ نجاست پر دلالت نہیں کرتا۔

**تشریح** : ہم یہ کہتے ہیں کہ انسان کے بال کو نہ بیچ سکتے ہیں اور نہ اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں، اسکی وجہ یہ ہے کہ وہ باعزت چیز ہے اسکی وجہ یہ نہیں ہے کہ وہ ناپاک ہے اسلئے انسان کا بال اور اسکی ہڈی پاک ہیں۔عزت کی دلیل یہ آیت ہے و لقد کرمنا بنی آدم (آیت ۷۰ سورۃ الاسراء ۱۷)

**اصول** : جن ہڈیوں میں بہتا ہوا خون نہیں ہے وہ پاک ہیں ۔

**لغت** : اھاب : کچا چمڑا، دباغت نہ دیا ہوا چمڑا۔یتالم : تکلیف محسوس کرتا ہے۔یحل : حلول سے مشتق ہے اندر جانا، حلول کرنا۔

## ﴿فصل فی البیر﴾

(۵۴) و اذا وقعت فی البیر نجاسة نزحت، وکان نزح مافیها من الماء طھارۃلھا ﴾ ل باجماع السلف

## ﴿ کنویں کے مسائل ﴾

**ترجمہ** : (۵۴) اگر کنویں میں ناپاکی گر جائے تو اس کا پانی نکالا جائے گا۔ اور جو اس میں پانی ہے اس کا نکالنا ہی اس کا پاک ہونا ہے۔

**تشریح** : پہلے گزر چکا ہے کہ بڑے تالاب کی طرح کنواں ہو تو وہ تھوڑی نجاست گرنے سے ناپاک نہیں ہوگا۔ لیکن کنویں کی لمبائی اور چوڑائی کم ہو تو ناپاکی ایک کنارے سے دوسرے کنارے کی طرف چلی جائے گی اور ناپاکی نیچے اتر اتر کر گہرائی کی طرف چلی جائے گی اس لئے پورا کنواں ناپاک ہو جائے گا۔

پورے کنویں کا پانی بار بار نکالنا مشکل ہے اس لئے صحرا اور جنگل میں جو نجاست بار بار کنویں میں گرتی ہے مثلا گوبر۔ لید وغیرہ تو اس کے بہت سے گرنے سے ناپاک ہوگا۔ اور جو نجاست کبھی کبھار گرتی ہے جیسے خون تو اس کا ایک قطرہ گرنے سے کنواں ناپاک ہوگا۔ اسی طرح ناپاک پانی سے کنویں کی دیوار ناپاک ہوگی لیکن اس کو دھونا مشکل ہے اس لئے اس کو دھونے کی ضرورت نہیں صرف پانی نکالنے سے دیوار پاک ہو جائے گی۔ اسی طرح کیچڑ اور باقی ماندہ پانی بھی نکالنے کی ضرورت نہیں وہ بھی پانی نکالنے سے پاک ہو جائیں گے۔ یہ سہولت مجبوری کی بنا پر شریعت نے دی ہے۔ اس لئے اس میں قیاس کو دخل نہیں ہے۔ پورا کنواں ناپاک ہونے کی دلیل یہ ہے عن محمد بن سیرین أن زنجیا وقع فی زمزم یعنی فمات فأمر به ابن عباسؓ فأخرج و أمر بھا أن تنزح ،قال : فغلبھم عین جائتھم من الرکن ،فأمر بھا فدسمت بالقباطی و المطارف حتی نزحوھا ، فلما نزحوھا انفجرت علیھم ۔ (دار قطنی ، باب البئر اذا وقع فیھا حیوان ، ج اول ، ص ۲۷ ، نمبر ۶۲ / مصنف عبد الرزاق ، باب البئر تقع فیہ الدابۃ ، ج اول ص ۸۲ ، نمبر ۲۷۵) اس اثر سے معلوم ہوا کہ انسان کے مرنے سے پورا کنواں ناپاک ہو جائے گا۔ اسی طرح ناپاکی گرنے سے پورا کنواں ناپاک ہو جائے گا۔

فائدہ امام شافعیؒ کا مسلک گذر گیا ہے کہ دو مٹکے کنویں میں پانی ہو تو جب تک اوصاف ثلاثہ میں سے ایک نہ بدلے ناپاک نہیں ہوگا۔ دلیل حدیث قلتین گزر گئی۔

امام مالکؒ کا بھی مسلک گزر گیا کہ تھوڑا پانی ہو یا زیادہ جب تک ناپاکی کی وجہ سے مزہ، یا بو یا، رنگ نہ بدلے پانی ناپاک نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: ل سلف کے اجماع کی وجہ سے۔ یعنی یہ مسئلہ عموما اجماع سلف سے ثابت ہے۔

۲ ومسائل البیر مبنیة علی الاثار دون القیاس (۵۵) فان وقعت فیها بعرة او بعرتان من بعر الابل، او الغنم لم تفسد الماء ﴾ ۱ استحسانا، والقیاس ان تفسده لوقوع النجاسة فی الماء القلیل، وجه الاستحسان ان آبار الفلوات لیست لها رؤس حاجزة والمواشی تبعر حولها فتلقیها الریح فیها فجعل القلیل عفوا للضرورة، ولا ضرورة فی الکثیر ۲ وهو مایستکثره الناظر الیه فی المروی عن ابی حنیفة، و علیه الاعتماد،

**ترجمه**: ۲ کنویں کا مسئلہ آثار کی اتباع پر مبنی ہے نہ کہ قیاس پر۔

**تشریح**: کنویں کے مسئلے میں بعض میں مرتبہ قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ کنواں ناپاک ہو جائے لیکن امت کی مجبوری کی وجہ سے اثار میں سہولت دی گئی ،اسلئے کنویں کا مسئلہ قیاس پر نہیں ہے بلکہ آثار کی اتباع پر ہے۔

**ترجمه**: (۵۵) پس اگر کنویں میں اونٹ یا بکری کی ایک مینگنی، یا دو مینگنی گر گئی تو پانی ناپاک نہیں ہوگا۔

**نوٹ**: (مسئلہ ۵۵ سے ۵۸ تک جامع صغیر، باب فی النجاسۃ، ص ۷۸ سے لیا گیا ہے)

**ترجمه**: ۱ استحسان کے طور پر یہ ہے اور قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ پانی کو ناپاک کر دے تھوڑے پانی میں ناپاکی گرنے کی وجہ سے استحسان کی وجہ یہ ہے کہ بیابانوں کے کنویں کے لئے روکنے والے منڈیر نہیں ہوتے اور مویشی اسکے اردگرد مینگنی کرتے ہیں، پھر ہوائیں اسکو کنویں میں ڈال دیتی ہے، اسلئے تھوڑی ناپاکی کو معاف کر دیا گیا ضرورت کی بناء پر اور زیادہ ناپاکی میں ضرورت نہیں ہے

**تشریح**: کنواں دس ہاتھ لمبا اور دس ہاتھ چوڑا نہیں ہے، گویا تھوڑا پانی ہے اس میں ایک دو مینگنی گر گئی تو قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ کنواں ناپاک ہو جائے لیکن اثر کی وجہ سے استحسان کا تقاضا یہ ہے کہ کنواں ناپاک نہ ہو۔ کیونکہ یہاں ضرورت ہے۔ اور ضرورت یہ ہے کہ قافلے کے لوگ جنگل کے کنویں سے پانی پیتے ہیں، اور ان کنووں کے اردگرد روکنے والا سر، یعنی منڈیر نہیں ہوتا جو نجاست روک لے اور اسکے اردگرد مویشی چرتے ہیں اور پیخانہ بھی کرتے ہیں پھر ہوا چلتی ہے تو وہ پیخانہ کنویں میں گرتا ہے اب اگر کنواں ناپاک قرار دیں تو اسکا پانی کون نکالے گا اور اسکو پاک کرے گا، اور اس ناپاک کنویں سے قافلہ والے کیسے پانی استعمال کریں گے اسلئے استحسان کے طور ایک دو مینگنی سے کنواں ناپاک قرار نہ دیا جائے۔

**ترجمه**: ۲ اور کثیر وہ ہے جسکو دیکھنے والا کثیر سمجھے، حضرت امام ابو حنیفہؒ سے یہی روایت ہے اور اسی پر اعتماد ہے۔

**تشریح**: بعض لوگوں نے کہا کہ چوتھائی کنواں مینگنی ہو جائے تو ناپاک ہوگا، اسکی طرف اشارہ کرتے ہوئے مصنف نے فرمایا کہ دیکھنے والا یہ سمجھے کہ کنواں میں میگنیاں بہت ہے تو اسی کو کثیر کہا جائے گا اور اس سے کنواں ناپاک ہو جائے گا۔ امام ابو حنیفہؒ کا یہی مسلک منقول ہے اور اسی پر اعتماد ہے۔

۳؎ ولا فرق بین الرطب، والیابس، والصحیح، والمنکسر، والروث، والخثی، و البعر لان الضرورة تشمل الکل، ۴؎ و فی شاۃ تبعر فی المحلب بعرۃ او بعرتین قالو یرمی البعرۃ و یشرب اللبن لمکان الضرورۃ ۵؎ ولایعفی القلیل فی الاناء علی ما قیل لعدم الضرورۃ ۶؎ وعن ابی حنیفۃؒ انه کالبیر فی حق البعرۃ و البعرتین

---

**ترجمہ** : ۳؎ اورکوئی فرق نہیں ہے کہ مینگنی تر ہو یا خشک، صحیح سالم ہو یا ٹوٹی ہوئی، پھر گھوڑے کی لید ہو، یا گوبر، یا مینگنی اسلئے کہ ضرورت تمام کو شامل ہے۔

**تشریح** : ایک دو مینگنی تر گرے، یا خشک گرے، ٹوٹی ہوئی گرے یا صحیح سالم گرے اس سے پانی ناپاک نہیں ہوگا اسلئے کہ کنویں میں یہ سب قسم کی مینگیاں گرتی ہیں اسلئے ایک دو مینگنیوں میں پانی پاک قرار دینے کی ضرورت ہے۔ پھر جس طرح مینگنی میں ضرورت ہے اسی طرح گوبر اور لید میں بھی ضرورت ہے اسلئے اگر گوبر اور لید بھی ایک دو ٹکڑا گر جائے تو پانی ناپاک نہیں ہوگا اس لئے کہ اس میں بھی ضرورت ہے۔

**ترجمہ** : ۴؎ اور بکری مینگنی کردے دودھ دوہنے کے برتن میں ایک مینگنی اور دو مینگنیاں تو علمانے فرمایا کہ مینگنی پھینک دے اور دودھ پی لے ضرورت کی وجہ سے۔ تشریح:۔ بکری اور بھیڑ کو لوگ پیچھے سے دوہتے ہیں اور ان جانوروں کی عادت یہ ہوتی ہے کہ دوہتے وقت مینگنیاں کرتی ہیں اور بعض مرتبہ مینگنی دودھ کے برتن میں چلی جاتی ہے اسلئے اگر دودھ کو ناپاک قرار دیں تو چرواہے کا بہت نقصان ہے اسلئے ایک دو مینگنی سے دودھ ناپاک قرار نہ دیا جائے۔۔ حدیث میں ہے کہ بلی گھر میں رہتی ہے اسلئے اسکا جوٹھا پاک ہے اگر چہ اسکا گوشت ناپاک ہے۔ حدیث یہ ہے قال ان رسول اللہ ﷺ قال انها لیست بنجس انما هی من الطوافین علیکم و الطوافات (ترمذی نمبر۹۲)

**ترجمہ** : ۵؎ اور عام برتن میں تھوڑا سا بھی معاف نہ ہوگا، جیسا کہ علمانے فرمایا ضرورت نہ ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح** : دوہنے کے برتن میں نہیں بلکہ عام برتن کے دودھ میں ایک دو مینگنی گر گئی تو فرمایا کہ اس سے دودھ ناپاک ہو جائے گا، اسکی وجہ یہ ہے کہ دوہتے وقت تو بار بار مینگنی کرتی ہے اسلئے وہاں ضرورت ہے جسکی بناء پر دودھ پاک قرار دیا لیکن عام برتن میں اسکی ضرورت نہیں ہے اسلئے اس سے دودھ ناپاک ہو جائے گا۔

**ترجمہ** : ۶؎ امام ابو حنیفہؒ سے منقول ہے کہ برتن بھی ایک دو مینگنی کے حق میں کنویں کی طرح ہے۔ یعنی جس طرح کنویں میں ایک دو مینگنی گر جائے تو ناپاک قرار نہیں دیا جاتا ہے اسی طرح عام برتن میں بھی ایک دو مینگنی گر جائے تو عام برتن ناپاک نہیں ہوگا۔

**اصول** : ضرورت کی وجہ سے سہولت ہو جاتی ہے۔ اس حدیث سے یہ اصول مترشح ہوتا ہے عن ابی سعید الخدری قال :

(۵۶) فان وقع فیها خرء الحمام، او العصفور لا یفسده ﴾ ۱ خلافا للشافعیؒ،لهانه استحال الی نتن وفسادفاشبه خرء الدجاجة، ۲ ولنا اجماع المسلمین علی اقتناء الحمامات فی المساجد مع ورود الامر بتطهیر ها،

---

قیل یا رسول الله أنتوضا من بئر بضاعة ، وهی بئر یلقی فیها الحیض و لحوم الکلاب و النتن ؟ فقال رسول الله ﷺ : ان الماء طهور لا ینجسه شیء ۔(ترمذی شریف، باب ما جاء أن الماء لا ینجسہ شیء، ص ۲۱، نمبر ۶۶) اس حدیث میں ہے کہ تھوڑی بہت ناپاکی سے کنواں ناپاک نہیں ہوتا۔

**ترجمه**: (۵۶) پس اگر کنویں میں کبوتر کی بیٹ یا گوریے کی بیٹ گر جائے تو کنواں کو ناپاک نہیں کرے گی۔

**تشریح**: کبوتر اور چڑیا عام طور پر کنویں میں گھونسلا بناتی ہیں اور اس میں پیخانہ بھی کرتی ہیں، پس اگر اس طرح اسکو ناپاک قرار دے دیں تو اسکے پانی کو کون نکالے گا اور کون اسکو روزانہ پاک کریگا اسلئے ضرورت کی بناء پر اسکے پانی کو ناپاک قرار نہ دیا جائے ۔

**ترجمه**: ۱ خلاف امام شافعیؒ کے انکی دلیل یہ ہے کہ بیٹ بدبو اور گندگی میں تبدیل ہو جاتی ہے اسلئے مرغی کی بیٹ کے مشابہ ہو گئی۔

**تشریح**: امام شافعیؒ فرماتے کہ کبوتر اور چڑیے کی بیٹ میں بدبو اور گندگی ہوتی ہے اس لئے کنویں میں اسکے گرنے سے کنواں ناپاک ہوگا۔ جیسے مرغی کی بیٹ کنویں میں گر جائے تو کنواں ناپاک ہو جاتا ہے۔

**ترجمه**: ۲ اور ہماری دلیل کہ مسلمانوں کا اجماع ہے کبوتروں کو مسجدوں میں چھوڑے رکھنے کا حال آنکہ حکم وارد ہے مسجدوں کو پاک رکھنے کا۔

**تشریح**: کبوتر کی بیٹ پاک ہے اسکی دلیل یہ ہے کہ حضورؐ کے زمانے سے اب تک لوگ کبوتروں کو مسجدوں میں ٹھہرنے دیتے ہیں اور وہ پیخانہ بھی کرتے ہیں حالانکہ مسجدوں کو پاک صاف رکھنے کا حکم وارد ہوا ہے۔ بلکہ ایک حدیث میں یہاں تک ہے کہ حضورؐ ہجرت کی رات میں غار میں چھپے تو کبوتروں نے اسکے منہ پر انڈا دیا تو آپؐ نے انکے لئے دعا کی اور یہ بھی فرمایا کہ اللہ تمہیں حرم میں جگہ دے، جس سے معلوم ہوا کہ اسکی بیٹ پاک ہے۔ حدیث کا ٹکڑا یہ ہے أدرکت أنس بن مالک و زید بن ارقم و المغیرة بن شعبة فسمعتهم یتحدثون أن النبیؐ .....قال رأیت بفمه حمامتین فعرفت أنه لیس فیه أحد ،فسمع النبیؐ ما قال فعرف أن الله قد درأ عنه بهما فدعا لهما ، وسمت علیهن و أقررن فی الحرم و فرض جزائهن . (نصب الرایة، فصل فی البئر، ج اول، ص ۱۷۵) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے کبوتروں کے لئے حرم اور مسجدوں میں ٹھہرنے کی دعا کی جس سے معلوم ہوا کہ اسکی بیٹ پاک ہے۔ اور مسجدوں کو پاک رکھنے کی تاکید اس آیت میں ہے۔ وعهدنا الی

۳؎ و استحالته لا الی نتن رائحة فاشبه الحمأة (۵۷) فان بالت فیها شاة نزح الماء کله عند ابی حنیفةؒ و ابی یوسفؒ، وقال محمد لا ینزح الا اذا غلب علی الماء، فیخرج من ان یکون طهوراً ؎ ۱؎ و اصله ان بول ما یوکل لحمه طاهر عنده، نجس عندهما، له ان النبی علیه السلام امر العرنیین بشرب ابوال الابل و البانها،

ابراهیم و اسماعیل أن طهرا بیتی للطائفین و العاکفین و الرکع السجود. (آیت ۱۲۵، سورۃ بقرۃ ۲)

**ترجمہ**: ۳؎ اور پیخانہ کا بدلنا بدبو کی طرف نہیں ہے اسلئے وہ کالی مٹی کی طرح ہوگئی۔ یعنی اسکی بیٹ بدبو اور فساد میں تبدیل نہیں ہو تی اسلئے وہ کالی مٹی اور کیچڑ کی طرح ہوگئی، اور کیچڑ میں تھوڑی بہت بدبو ہوتی ہے پھر بھی پانی کے اندر رہنے کے باوجود اس سے پانی ناپاک نہیں ہوتا اسی طرح کبوتر اور چڑیے کی بیٹ سے کنویں کا پانی ناپاک نہیں ہوگا۔

**لغت**: خرء: بیٹ۔ الحمام: کبوتر، اسی کی جمع ہے حمامات۔ العصفور: گوریا، چڑیا۔ نتن: بدبو۔ فساد: گندگی، فساد ہونا۔ الدجاجۃ: مرغی۔ اقتناء: ٹھہرنے کے لئے دینا۔ الحمأۃ: کالی مٹی، کیچڑ۔

**ترجمہ**: (۵۷) پس اگر کنویں میں بکری نے پیشاب کر دیا تو امام ابو حنیفہؒ، اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک پورا پانی نکالا جائے گا ، اور امام محمد نے فرمایا کہ پانی نہیں نکالا جائے گا، مگر اگر پانی پر پیشاب غالب آ گیا تو پانی دوسرے کو پاک کرنے سے نکل جائے گا۔

**تشریح**: یہاں بکری سے مراد تمام گوشت کھائے جانے والے جانور ہیں، اگر اس نے کنویں میں پیشاب کر دیا تو امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک پورا کنواں ناپاک ہوگیا اسلئے پورا کنواں نکالا جائے گا۔ اور امام محمدؒ کے نزدیک کنواں ناپاک نہیں ہوگا ، البتہ اگر اتنا زیادہ پیشاب کر دیا کہ پانی پر پیشاب غالب ہوگیا تو یہ پانی پاک تو ہے لیکن دوسرے کو پاک کرنے والا نہیں رہے گا ۔ اسکی وجہ آگے آرہی ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسکی اصل وجہ یہ ہے کہ جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے اسکا پیشاب امام محمدؒ کے نزدیک پاک ہے اور امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسف کے نزدیک ناپاک ہے۔ امام محمدؒ کی دلیل یہ ہے کہ حضورؐ نے قبیلہ عرینہ کو حکم دیا کہ اونٹ کے پیشاب پینے کا اور اسکے دودھ پینے کا۔ پیشاب سے کنواں ناپاک ہوگا اور پورا کنواں نکالنا پڑے گا اسکی دلیل یہ اثر ہے۔ أن علیا سئل عن صبی بال فی البئر قال : ینزح ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۹۸ فی الفارۃ والدجاجۃ واشباھھما تقع فی البئر، ج اول، ص ۱۴۹، نمبر ۱۷۲۰ ) اس اثر میں ہے کہ بچہ اگر کنویں میں پیشاب کر دے تو پورا کنواں نکالنا ہوگا، اسی پر قیاس کرتے ہوئے بکری، یا حلال جانور پیشاب کرے تو پورا کنواں نکالنا ہوگا۔

**تشریح**: یہ مسئلہ اس قاعدے پر متفرع ہے کہ شیخین کے نزدیک گوشت کھائے جانے والے جانوروں کا پیشاب ناپاک ہے

**۲** ولهما قوله علیہ السلام استنزهوا عن البول فان عامة عذاب القبر منه. من غير فصل **۳** ولانه يستحيل الى نتن و فساد فصار كبول ما لا يؤكل لحمه،

اسلئے کنویں میں اسکے گرنے سے کنواں ناپاک ہو جائے گا۔ اور امام محمدؒ کے نزدیک ماکول اللحم جانور کا پیشاب پاک ہے اسلئے اسکے گرنے سے پانی ناپاک نہیں ہوگا ۔ اسکی دلیل یہ ہے کہ حضورؐ نے قبیلہ عرینہ کے آدمی کو کہا کہ اونٹ کے پیشاب کو پیو اور اسکے دودھ کو پیو۔ پیشاب پینے کا حکم اسی لئے دیا ہوگا کہ وہ پاک ہے ورنہ حضورؐ ناپاک چیز کے پینے کا حکم کیسے دے سکتے تھے، حدیث یہ ہے عن انسؓ قال قدم أناس من عكل أو عرينة فاجتووا المدينة فأمرهم النبی ﷺ بلقاح و أن يشربوا من ابوالها و البانها ۔ (بخاری شریف، باب الابل والدواب والغنم ومرابضها، ص ۳۷، نمبر ۲۳۳ رمسلم شریف، باب حکم المحاربین والمرتدین، ص ۷۳۸، نمبر ۱۶۷۱ / ۴۳۵۳) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ نے اہل عرینہ کو اونٹ کا پیشاب پینے کا حکم دیا۔

**ترجمہ** : **۲** اور امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسفؒ کی دلیل حضورؐ کا قول کہ پیشاب سے بچو اسلئے کہ عام طور پر عذاب قبر اسی پیشاب سے ہوتا ہے۔ اور اس میں ماکول اللحم اور غیر ماکول اللحم کی تفصیل نہیں ہے۔

**تشریح** : شیخین کی دلیل یہ ہے کہ حضورؐ نے پیشاب سے بچنے کے لئے کہا کیونکہ عام طور پر عذاب اسی سے ہوتا ہے، اور اس میں یہ فرق نہیں کی گوشت کھائے جانے والے جانور کے پیشاب سے بچنا ضروری نہیں اور جنکا گوشت نہیں کھایا جاتا ہو اسکے پیشاب سے بچو۔ اسلئے دونوں کا پیشاب ناپاک ہوگا۔ حدیث یہ ہے عن ابی هريرة أن رسول الله ﷺ قال : استنزهوا من البول ،فان عامة عذاب القبر منه ۔ (دار قطنی، باب نجاسۃ البول والامر بالتنزہ منہ، ج اول، ص ۱۳۶، نمبر ۴۵۸) اور مستدرک میں یوں ہے عن ابن عباس رفعه الى النبیؐ قال : عامة عذاب القبر من البول ۔ (مستدرک للحاکم، کتاب الطہارۃ، ج اول ص ۲۹۳، نمبر ۶۵۴) ان دونوں حدیثوں میں بول عام ہے ماکول اللحم، اور غیر ماکول اللحم کی قید نہیں ہے اسلئے دونوں کے پیشاب ناپاک ہوگا۔

**نوٹ**: البتہ بخاری شریف میں من بولہ ہے جسکا مطلب یہ ہے کہ وہ صحابی جنکو عذاب قبر ہو رہا تھا وہ خود اپنے پیشاب سے نہیں بچتا تھا جسکا مطلب یہ نکلا کہ انسان کا پیشاب ناپاک ہے، باقی دوسرے جانور کا پیشاب ناپاک ہے یا پاک اس بارے میں اس حدیث میں کوئی تذکرہ نہیں ہے۔ حدیث یہ ہے عن عباسؓ مر النبی ﷺ علی قبرين فقال انهما ليعذبان و ما يعذبان فی كبير ،ثم قال بلى أما احدهما فكان يسعى بالنميمة و اما الآخر فكان لا يستتر من بوله . (بخاری شریف، باب عذاب القبر من الغیبۃ والبول، ص ۲۲۱، نمبر ۱۳۷۸) اس حدیث میں ہے کہ وہ صحابی خود اپنے پیشاب سے نہیں بچا کرتے تھے جسکی وجہ سے انکو عذاب قبر ہوا۔

**ترجمہ** : **۳** اور اسلئے کہ وہ تبدیل ہوتا ہے بدبو اور گندگی کی طرف تو جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے انکا پیشاب ان

۴ وتاویل ماروی انه عرف شفاؤهم وحیاً ۵ ثم عند ابی حنیفةؒ لایحل شربه للتداوی لانه لایتیقن بالشفاء فیه فلایعرض عن الحرمة، ٦ و عند ابی یوسفؒ یحل للتداوی للقصة ۷ و عند محمد یحل للتداوی، و غیره لطهارته عنده،

---

جانوروں کے پیشاب کی طرح ہوگیا جنکا گوشت نہیں کھایا جاتا ہے۔

**تشریح** : جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے اسکے پیشاب میں بھی گندگی اور بدبو ہوتی ہے اسلئے اسکا پیشاب بھی ناپاک ہونا چاہئے۔

**ترجمہ**: ۴ اور امام محمدؒ نے جو روایت کی ہے اسکی تاویل یہ ہے کہ عرینہ والوں کا شفاء وحی سے معلوم ہوگیا تھا۔

**تشریح** : امام محمدؒ نے جو حدیث پیش کی تھی کہ عرینہ والے بیمار ہوئے تو اسکو پیشاب پینے کی اجازت دی، اسکا مطلب یہ ہے کہ وحی کے ذریعہ سے معلوم ہوا کہ پیشاب پینے سے انکو شفا ہوگی اسلئے پینے کا حکم دیا، تاہم جن جانور کا گوشت نہیں کھایا جاتا ہے اسکا پیشاب ناپاک ہے۔

**ترجمہ**: ۵ پھر امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک دوا کے لئے بھی پینا حلال نہیں، اسلئے کہ اس میں شفا یقینی نہیں ہے اسلئے حرام سے اعراض نہیں کیا جائے گا۔

**تشریح** : حضورؐ کو وحی کے ذریعہ شفا کا علم ہوا تھا اور دوسروں کو وحی کے ذریعہ علم نہیں ہوسکتا اور پیشاب میں شفا یقینی نہیں ہے اسلئے حرام چیز کو دوا کے لئے بھی استعمال نہیں کرنا چاہئے اور حرمت سے اعراض نہیں کرنا چاہئے۔ قال ابن مسعود فی السکر : ان الله لم یجعل شفاء کم فیما حرم علیکم (. بخاری، باب شراب الحلواء والعسل، ص۹۹۵ نمبر۵۶۱۴) اس اثر سے معلوم ہوا کہ حرام میں شفا نہیں ہے

**ترجمہ**: ٦ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک حلال ہے دوا کے لئے عرینہ والے کے قصے کی وجہ سے۔

**تشریح** : پیچھے قبیلہ عرینہ والے کا قصہ گزرا جس میں تھا کہ وہ بیمار ہوئے تو حضورؐ نے اسکو اونٹ کا پیشاب پینے کا حکم دیا ،جس سے معلوم ہوا کہ دوا کے طور پر گوشت کھائے جانے والے جانور کا پیشاب پینا جائز ہے اگرچہ وہ ناپاک ہے، حدیث یہ ہے ۔فأمرهم النبی ﷺ بلقاح و أن یشربوا من ابوالها و البانها ۔ (بخاری شریف، نمبر۲۳۳) تاہم دوا کے علاوہ انکے یہاں بھی حرام اور ناپاک ہے۔

**ترجمہ**: ۷ اور امام محمدؒ کے نزدیک دوا اور اسکے علاوہ کے لئے بھی حلال ہے انکے نزدیک پیشاب پاک ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح** : چونکہ امام محمدؒ کے نزدیک گوشت کھائے جانے والے جانور کا پیشاب پاک ہے اسلئے دوا کے طور پر بھی پینا جائز ہے

(۵۸) و ان ماتت فیها فارة، او عصفورة، اوسودانیة، اوصعوة، اوسام ابرص نزح منهاعشرون دلواًالی ثلثین بحسب کبرالدلو وصغرها﴾ ایعنی بعداخراج الفارة، ۲ لحدیث انسؓ انه قال فی الفارة اذا ماتت فی البیرواخرجت من ساعته ینزح منهاعشرون دلواً،والعصفورةونحوها تعادل الفارة فی الجثة فاخذت حکمها

اوردوا کے بغیر بھی پینا جائز ہے۔انکا مستدل بھی اوپر کی عرینہ والی حدیث ہے۔

**ترجمہ** : (۵۸) اگر کنویں میں چوہا چڑیا یا مولا یا بجنگا یا چھپکلی مرجائے تو بیس سے لیکر تیس ڈول تک نکالے جائیں گے۔ڈول کے بڑے اور چھوٹے ہونے کے لحاظ سے۔

**تشریح** : یعنی چوہا یا اس جیسا چھوٹا جانور کنویں میں گر کر مرجائے اور ابھی پھولے، پھٹے نہیں تو بیس سے تیس ڈول تک نکالا جائے گا۔یعنی وجوب کے طور پر بیس ڈول اور استحباب کے طور پر تیس ڈول۔یا دوسرا مطلب یہ ہے کہ بڑا ڈول ہو تو بیس ڈول اور چھوٹا ڈول ہو تو تیس ڈول نکالا جائے گا۔

**وجہ** : (۱) عن علی قال اذا سقطت الفارة او الدابة فی البئر فانزحها حتی یغلبک الماء. (طحاوی شریف، باب الماء تقع فیہ النجاسۃ ص ۱۶/مصنف عبد الرزاق، باب البئر تقع فیہ الدابۃ ج اول ص ۸۱ نمبر ۲۷۱/مصنف ابن ابی شیبۃ ۱۹۸ فی الفارۃ والدجاجۃ اشباھھما تقع فی البئر ،ج اول،ص ۱۴۹،نمبر ۱۷۱۱) یہ حدیث پھولنے پھٹنے پر محمول ہے۔کہ چوہا پھولے پھٹے تو پورا کنواں نکالا جائے گا۔ورنہ بیس سے تیس ڈول نکالا جائے۔

**ترجمہ** : ۱ یعنی چوہا نکالنے کے بعد۔یعنی مرا ہوا جانور نکالنے کے بعد بیس یا تیس ڈول نکالے گا تب کنواں پاک ہوگا اور اگر مردہ کنویں میں رہتے ہوئے پانی نکالے گا تو کبھی کنواں پاک نہیں ہوگا۔

**ترجمہ** : ۲ حضرت انسؓ کی حدیث کی وجہ سے کہ انہوں نے چوہے کے بارے میں فرمایا کہ اگر کنویں میں مرجائے اور اسی وقت نکالا گیا تو اس سے بیس ڈول نکالا جائے گا۔اور چڑیا اور اسکے مانند جو جسم و جثّہ میں چوہے کے برابر ہو تو وہی حکم دیا جائے گا۔

**تشریح** : حضرت انسؓ نے فرمایا کہ کنویں میں چوہا گر کر مرجائے، یا اسکے برابر کوئی جانور مثلا چڑیا مرجائے اور اسی وقت کنویں سے نکال دیا گیا ہو تو بیس سے تیس ڈول نکالا جائے۔

**نوٹ** : صاحب نصب الرایہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس کی حدیث نہیں ملتی جس میں بیس سے تیس ڈول کی دلیل ہو۔البتہ چالیس ڈول کا اثر ملتا ہے،وہ یہ ہے۔ أخبرنی من سمع الحسن یقول : اذا مات الدابة فی البئر أخذ منها اربعین دلواً۔(مصنف عبد الرزاق، باب البئر تقع فیہ الدابۃ ،ج اول ص ۸۱،نمبر ۲۷۲) اس اثر میں ہے کہ جانور مرجائے تو چالیس ڈول نکالو

۳؎ والعشرون بطریق الایجاب، والثلثون بطریق الاستحباب (۵۹) فان ماتت فیها حمامة او نحوها کالدجاجة، و السنور نزح منها ما بین اربعین دلواً الی ستین ﴾ ۱؎ و فی الجامع الصغیر، اربعون، اوخمسون، وهو الاظهر، ۲؎ لما روی عن ابی سعید الخدری انه قال فی الدجاجة اذا ماتت فی البئر ینزح منها اربعون دلواً، هذا لبیان الایجاب، والخمسون بطریق الاستحباب

---

**ترجمہ**: ۳؎ اوربیس بطریق ایجاب کے ہیں اورتیس بطریق استحباب کے ہیں۔یہ متن کی عبارت کی تفصیل ہے کہ متن میں جو بیان کیا ہے کہ بیس یاتیس،تو اسکا مطلب یہ ہے کہ بیس ڈول نکالنا واجب ہے اورتیس ڈول نکالنا مستحب ہے۔

**لغت**: ۔عصفورة : چڑیا۔ صعوة : ممولا۔ سودانیة : بھجنگا۔ سام ابرص : گرگٹ۔ الجثة:جسم وجثہ۔

**ترجمہ**: (۵۹) اوراگر کنویں میں کبوتر یا اسکے مانند جیسے مرغی یا بلی مرجائے تو کنویں سے چالیس سے ساٹھ ڈول تک نکالے جائیں گے۔

**وجه**: (۱) عن الشعبی فی الطیر والسنور ونحوهما یقع فی البئر قال نزح منها اربعون دلوا. (طحاوی شریف، باب الماء تقع فیہ النجاسۃ ص ۱۷؍مصنف عبد الرزاق ، باب البئر تقع فیہ الدابۃ ج اول نمبر ۲۷۲؍مصنف ابن ابی شیبۃ،نمبر ۱۷۱۳)(۲)عن سلمه بن کهیل فی الدجاجة تقع فی البئر قال : یستقی منها أربعون دلواً ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۹۸فی الفارۃ والدجاجۃ وأشباھھما تقع فی البئر ، ج اول ،ص ۱۴۹،نمبر ۱۷۱۹) ان دونوں اثروں میں ہے کہ مرغی یا بلی مر جائے تو چالیس ڈول نکالا جائے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اور جامع صغیر میں ہے کہ چالیس یا پچاس،اور یہی زیادہ ظاہر ہے۔جامع صغیر کی عبارت یہ ہے و ان کانت دجاجة أو سنور فأربعون أو خمسون . (جامع صغیر،باب فی النجاسۃ فی الماء،ص ۷۸) اس سے معلوم ہوا کہ چالیس سے پچاس ڈول نکالے،اور یہی عبارت قدوری کی بھی ہے ۔

**ترجمہ**: ۲؎ اسلئے کہ ابوسعید خدریؓ نے فرمایا کہ مرغی اگر کنویں میں گرکر مرجائے تو اس سے چالیس ڈول نکالا جائے،یہ وجوب کا بیان ہے اور پچاس استحباب کے طور پر ہے۔

**تشریح**: ابوسعید خدریؓ سے منقول ہے کہ مرغی مرجائے تو چالیس ڈول نکالا جائے،یہ وجوب کے طور پر ہے اور پچاس استحباب کے طور پر ہے تاہم یہ اثر ابوسعید خدریؓ کی نہیں ہے بلکہ حضرت حسن،حضرت شعبی ،اورحضرت سلمہ بن کہیل سے منقول ہے جو اوپر ذکر کردیا گیا۔

۳؎ ثم المعتبر فی کل بیر دلوهاالذی یستقی به منها، ۴؎ و قیل دلویسع فیه صاع، ۵؎ و لو نزح منها بدلو عظیم مرة مقدار عشرین دلوا جاز لحصول المقصود. (۶۰)وان ماتت فیها شاة، او آدمی، او کلب نزح جمیع ما فیها من الماء ﴾ ۱؎ لان ابن عباسؓ و ابن الزبیر افتیا بنزح الماء کله حین مات زنجی فی بیرزمزم،

**ترجمه**: ۳؎ پھر معتبر ہر کنویں میں وہ ڈول ہے جسکے ذریعہ اس سے پانی نکالا جاتا ہے۔

**تشریح**: کسی ملک کے لوگ طاقت ور ہوتے ہیں اور کسی ملک کے لوگ کمزور ہوتے ہیں اسلئے جس ملک میں جو ڈول ستعمال ہوتے ہوں اسی ڈول کا اعتبار ہے۔

**نوٹ**: شریعت میں ہمیشہ اوسط کا اعتبار ہوتا ہے۔آیت میں اس کا اشارہ ہے۔فکفارته اطعام عشرة مساکین من اوسط ما تطعمون اهلیکم او کسوتهم (آیت ۸۹، سورۃ المائدۃ ۵) اس آیت میں اوسط کھانا کا حکم دیا گیا ہے۔

**ترجمه**: ۴؎ اور کہا گیا کہ ایسا ڈول جس میں ایک صاع پانی آتا ہو، اسکا اعتبار ہے۔۔ایک صاع پانی 3.538 کیلوگرام ہوتا ہے۔یا 5.88 لیٹر پانی ہوتا ہے۔اسکا مطلب یہ ہوا کہ اتنا بڑا ڈول ہو جس میں پانچ سو اٹھاسی لیٹر پانی آتا ہو ۔اسکی دلیل اس حدیث کا اشارہ ہے سمعت ابا سلمة یقول دخلت أنا و اخو عائشة علی عائشة فسألها أخوها عن غسل النبی ﷺ فدعت باناء نحو من صاع فاغتسلت و أفاضت علی رأسها ۔(بخاری شریف، باب الغسل بالصاع ونحوه ،ص ۳۹، نمبر ۲۵۱) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ ایک صاع سے غسل فرمایا کرتے تھے اسلئے ایک ڈول کا وزن ایک صاع ہوسکتا ہے۔

**ترجمه**: ۵؎ اور اگر کنویں سے بڑے ڈول سے ایک مرتبہ بیس ڈول کی مقدار نکالا تو جائز ہو جائے گا مقصود کے حاصل ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح**: اصل مقصود بیس ڈول کی مقدار پانی نکالنا ہے چاہے بیس مرتبہ نکالے یا ایک مرتبہ بیس ڈول کی مقدار نکال دے ،دونوں طریقوں سے کنواں پاک ہو جائے گا ۔

**ترجمه**: (۶۰) اور اگر کنویں میں کتا یا بکری یا آدمی مرجائے تو تمام پانی نکالا جائے۔

**وجه**: (۱) یہ جانور بڑے ہوتے ہیں اس کے مرتے ہی پورے کنویں میں نجاست پھیل جائے گی اس لئے پورے کنویں کا پانی نکالا جائے گا (۲) عن عطاء قال اذا سقط الکلب فی البئر فاخرج منها حین سقط نزح منها عشرون دلوا فان اخرج حین مات نزح منها ستون دلوا او سبعون دلوا فان تفسخ فیها نزح منهاماء ها فان لم تستطیعوا نزح مائة دلو و عشرون و مائة (مصنف عبد الرزاق، باب البئر تقع فیه الدابة ج اول ص ۸۲ نمبر ۲۷۴ رمصنف ابن ابی شیبة، ۱۹۸ فی

(۶۱) فان انتفخ الحیوان فیها، او تفسخ نزح جمیع ما فیها صغر الحیوان، او کبره ﴾ ل لانتشار البلة فی اجزاء الماء

الفارۃ تقع فی البئر ۱۴۹، نمبر ۱۷۱۴)

**ترجمہ**: لہ اسلئے کہ حضرت ابن عباس اور ابن زبیرؓ نے فتوی دیا تھا تمام پانی نکالنے کا جس وقت حبشی زمزم کے کنویں میں مر گیا۔

**تشریح**: حبشی زمزم کے کنویں میں گر کر مر گیا تو حضرت ابن عباس، اور حضرت ابن زبیرؓ نے فتوی دیا تھا کہ کنویں کا پورا پانی نکالا جائے، جس سے معلوم ہوا کہ آدمی یا اس جیسا جانور مثلا بکری مر جائے تو پورا پانی ناپاک ہو جائے گا اور پورا پانی نکالنا ہوگا۔ اثر یہ ہے۔ عن محمد بن سیرین أن زنجیا وقع فی زمزم یعنی مات، فأمر به ابن عباس ؓ فأخرج و أمر بها أن تنزح، قال فغلبتهم عین جاء تهم من الرکن فأمر بها فدسمت بالقباطی و المطارف حتی نزحوها، فلما نزحوها انفجرت علیهم۔ (دار قطنی، باب البئر اذا وقع فیها حیوان، ج اول، ص ۲۷، نمبر ۶۲) اور مصنف ابن ابی شیبة میں ابن زبیرؓ کا اثر یہ ہے عن عطاء أن حبشیا وقع فی زمزم فمات قال فأمر ابن الزبیر أن ینزف ماء زمزم۔ (مصنف ابن ابی شیبة، ۱۹۸ فی الفارۃ والدجاجة واشباھھما تقع فی البئر، ج اول، ص ۱۴۹، نمبر ۱۷۲۱) اس سے معلوم ہوا کہ ان دونوں کا فتوی ہے کہ کنویں میں بڑا جانور گر کر مر جائے تو پورا پانی نکالنا ہوگا۔

**ترجمہ**: (۶۱) اگر جانور کنویں میں پھول جائے یا پھٹ جائے تو پورا پانی نکالا جائے گا جانور چھوٹا ہو یا بڑا۔

**وجہ**: (۱) پھولنے اور پھٹنے کے زمانے تک نجاست پورے کنویں میں پھیل جاتی ہے اس لئے چھوٹا جانور ہو یا بڑا جانور ہو پورے کنویں کا پانی نکالا جائے گا (۲) اوپر حضرت علیؓ کا قول گزرا کہ چوہا گر جائے اور پھول پھٹ جائے تو پورا کنواں نکالا جائے گا۔ عن علیؓ فی الفارۃ تقع فی البئر قال: ینزح الی ان یغلبهم الماء۔ (مصنف ابن ابی شیبة، فی الفارۃ تقع فی البئر، نمبر ۱۷۱۱) (۳) اور یہ اثر ابھی گزرا پھول پھٹ جائے تو پورا کنواں نکالنا ہوگا۔ عن عطاء قال اذا سقط الکلب فی البئر فاخرج منها حین سقط نزح منها عشرون دلوا فان اخرج حین مات نزح منها ستون دلوا او سبعون دلوا فان تفسخ فیها نزح منها ماء ها فان لم تستطیعوا نزح مائة دلو و عشرون و مائة (مصنف عبد الرزاق، باب البئر تقع فیه الدابة ج اول ص ۸۲ نمبر ۲۷۴ رمصنف ابن ابی شیبة، ۱۹۸ فی الفارۃ تقع فی البئر ۱۴۹، نمبر ۱۷۱۴) اس اثر سے معلوم ہوا کہ پھول پھٹ جائے تو پورا پانی ناپاک ہو جائے گا اور پورا پانی نکالنا ہوگا۔

**ترجمہ**: لہ تری کے پھیل جانے کی وجہ سے پانی کے اجزا میں۔ یعنی پانی کے اجزا میں ناپاکی کی تری پھیل جائے گی اسلئے پورا پانی ناپاک ہو جائے گا۔

(۶۲)و ان کانت البیر معینة بحیث لایمکن نزحها اخرجوا مقدارماکان فیها من الماء ۱ وطریق معرفته ان تحفر حفر مثل موضع الماء من البئر ویصب فیهامایںزح منهاالی ان تمتلی ۲ أو ترسل فیها قصبة و تجعل لمبلغ الماء علامة ثم ینزح منهامثلا عشر دلاء ثم تعاد القصبة فینظر کم انتقص فینزح

**لغت** : انتفخ : پھول جائے۔ تفسخ : پھٹ جائے۔

**ترجمه**: (۶۲) اگر کنواں چشمہ دار ہو کہ پورا پانی نہیں نکالا جاسکتا ہو تو واجب ہے اتنا نکالنا جتنی مقدار اس میں پانی ہے۔

**تشریح** : کنویں کے اندر چشمہ جاری ہے اور اتنا پانی نکلتا رہتا ہے کہ سب پانی بیک وقت نکال کر سکھانا مشکل ہے تو یہ کیا جائے کہ ابھی کنویں میں جتنا پانی ہے اسکو نکال دیا جائے اور جو پانی آرہا ہے اسکو چھوڑ دیا جائے۔ زمزم کنویں میں حبشی گرا تھا جس کی وجہ سے پورا پانی نکالنا چاہا لیکن چشمے کی وجہ سے نہیں نکال سکے۔لیکن جتنا پانی کنویں میں تھا اس کو حضرت عبد اللہ بن زبیرؓ نے فرمایا اتنا نکالنا کافی ہے۔عبارت یہ ہے۔فنظرو فاذا عین تنبع من قبل الحجر الاسود قال فقال ابن الزبیر حسبکم (مصنف ابن ابی شیبۃ ،۱۹۸ فی الفارۃ والدجاجۃ واشباھھما تقع فی البئر ،ج اول،ص ۱۵۰،نمبر ۱۷۲۱) اس اثر میں ہے کہ کنویں میں جتنا پانی تھا اتنا نکال دینا کافی ہے۔کنویں میں پانی ہے اسکو اندازہ کرنے کے لئے کئی طریقہ بیان کیا جارہا ہے۔

**ترجمه** : ۱ اسکے پہچاننے کا طریقہ یہ ہے کہ کنویں کے پانی کے مطابق گڑھا کھودا جائے پھر جو پانی کنویں سے نکالا جائے وہ اس میں ڈالا جائے یہاں تک کہ گڑھا بھر جائے۔

**تشریح** : کنویں میں جتنا پانی ہے وہ سب نکل گیا اور کنواں پاک ہو گیا اسکا اندازہ کرنے کے لئے ایک طریقہ یہ ہے کہ کنواں میں مثلا دس فٹ گہرا اور چار فٹ چوڑا پانی ہے،اسی طرح دس فٹ گہرا اور چار فٹ چوڑا گڑھا کھودا جائے اور کنویں سے نکال نکال کر اس میں پانی بھرا جائے جب یہ گڑھا بھر جائے تو سمجھو کہ اتنا پانی نکل گیا جتنا پانی کنویں میں پہلے تھا۔اور اتنا ہی نکالنے سے کنواں پاک ہو جائے گا۔

**ترجمه** : ۲ یا کنویں میں بانس ڈالا جائے اور پانی کے پہنچنے تک علامت لگائی جائے پھر کنویں سے مثلا دس ڈول نکالا جائے پھر بانس ڈالا جائے اور دیکھا جائے کہ کتنا کم ہوا ہے پھر ہر مقدار کے لئے دس ڈول نکالے جائیں ،اور یہ دونوں طریقے امام ابو یوسفؒ سے منقول ہے۔

**تشریح** : کنویں میں کتنا پانی ہے اسکا اندازہ کرنے کے لئے یہ دوسری شکل ہے۔کہ کنواں میں بانس ڈالا جائے اور جہاں تک پانی آئے اس پر نشان لگا دیا جائے،اسکے بعد مثلا دس ڈول نکالا جائے پھر دوبارہ بانس ڈال کر دیکھے کہ کتنا کم ہوا،مثلا دس ڈول نکالنے پر آدھا فٹ کم ہوا تو اسکا مطلب یہ ہوا کہ دس ڈول میں آدھا فٹ کم ہوتا ہے اور کنویں میں دس فٹ گہرا پانی ہے اسلئے دس کو بیس سے

لکل قدر منهاعشر دلاء،وهذان عندابی یوسفؒ ۳؎ و عن محمدؒ نزح مائتادلو الی ثلث مائة، فکانه بنی قوله علی ماشاهدفی بلده ۴؎ وعن ابی حنیفةؒ فی الجامع الصغیرفی مثله ینزح حتی یغلبهم الماء،ولم یقدر الغلبةبشیء کما هودابه ۵؎ وقیل یؤخذ بقول رجلین لهمابصارة فی امر الماء وهذااشبه بالفقه

ضرب دیں تو دوسوڈول نکالنے سے گویا کہ پورے کنویں کا پانی نکل جائے گا۔ یہ رائے امام ابو یوسفؒ کی ہے۔

**ترجمہ** : ۳؎ اور امام محمدؒ سے منقول ہے کہ دوسو سے تین سوڈول نکالا جائے، گویا کہ اپنے قول کی بنیاد انہوں نے اس پر رکھی جو اپنے شہر کے کنویں میں دیکھا ۔

**تشریح** : اپنے شہر بغداد میں دیکھا کہ عام طور پر انکے کنوں میں دوسو سے تین سوڈول تک پانی ہوتا ہے اسلئے یہ فرمایا کہ دوسو سے تین سوڈول تک نکال دے تو کنواں پاک ہو جائے گا۔اس میں عوام کے لئے سہولت ہے۔کہ تین سوڈول نکال دے تو کنواں پاک ہو جائے گا۔

**ترجمہ** : ۴؎ اور امام ابو حنیفہؒ سے جامع صغیر میں اس جیسے چشمے دار کنویں کے بارے میں یہ ہے کہ اتنا پانی نکالو کہ پانی غالب آجائے، البتہ کسی چیز سے غلبہ کی تعیین نہیں کی، جیسا کہ انکا طریقہ ہے۔

**تشریح** : جامع صغیر میں امام ابو حنیفہؒ کا مسلک یہ لکھا ہے کہ چشمے دار کنواں ہو اور نا پاک ہو جائے تو اتنا پانی نکالو کہ پانی غالب آجائے اور مزید نکالنا مشکل ہو جائے۔عبارت یہ ہے و ان کانت شاة نزحت حتی یغلب الماء و کذالک ان انتفخت شیء من ذالک أو تفسخ ۔(جامع صغیر، باب فی النجاسة تقع فی الماء، ص ۷۸)۔ یہ مسلک ایک اثر سے مستنبط ہے ،اثر یہ ہے عن علیؓ فی الفارة تقع فی البئر قال : ینزح الی أن یغلبهم الماء۔(مصنف ابن ابی شیبة، فی الفارة ج اول ص ۱۴۹، نمبر ۱۷۱۱) اس اثر میں ہے کہ پانی نکالنا جب تک مشکل نہ ہو پانی نکالتا رہے۔

**ترجمہ** : ۵؎ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ دو ایسے آدمیوں کی بات لی جائے جنکو پانی کی مقدار کے معاملے میں مہارت ہو، اور یہ فقہ کے زیادہ مناسب ہے۔

**لغت** : معینا : چشمہ والا کنواں، عین سے مشتق ہے۔ تحفر: کنواں کھودنا۔ یصب : پانی بہایا جائے۔ تمتلی: بھر جائے، ملأ سے مشتق ہے۔ ترسل :ڈالا جائے۔ قصبة: بانس۔ مبلغ : جہاں تک پانی پہنچے۔ دلاء: دلو کا جمع ہے، ڈول۔ دأب: طریقہ، عادت ۔ بصارة : مہارت۔

**نوٹ**: مردہ جانور پہلے نکالے اس کے بعد ڈول سے یہ سب مقدار نکالے تب پاک ہوگا۔

**اصول**: اصل مقصد کنویں میں موجود تمام پانی کو نکالنا ہے۔

(۶۳) وان وجدوا فی البئر فارة اوغیرها ولایدری متی وقعت ولم ینتفخ اعادوا صلوة یوم و لیلة اذا کانوا توضؤا منها و غسلوا کل شیء اصابه ماؤها ﴾ (۶۴) وان کانت قد انتفخت اوتفسخت اعادوا صلوة ثلثة ایام ولیالیها وهذا عند ابی حنیفة ﴾ (۶۵) وقالا لیس علیهم اعادة شیء حتی یتحققوا انها متی وقعت ﴾ ل لان الیقین لایزول بالشک، وصار کمن رأی فی ثوبه النجاسة ولایدری

**ترجمه**: (۶۳) اگر کنویں میں چوہا پایا، یا اس کے علاوہ مرا ہوا پایا جائے اور نہیں معلوم کہ کب گرا ہے اور ابھی پھولا اور پھٹا نہیں ہے تو ایک دن اور ایک رات کی نماز لوٹائی جائے گی جب کہ اس پانی سے وضو کیا ہو۔ اور ان تمام چیزوں کو دوبارہ دھویا جائے گا جن میں اس کا پانی لگا ہو۔

**وجه**: جانور کنویں میں مرا ہوا ملا اور کوئی علامت نہیں ہے کہ کب گرا ہے اور کب مرا ہے تو ایک دو گھنٹے کا کوئی معیار نہیں ہے اس لئے یہی سمجھا جائے گا کہ ایک دن ایک رات پہلے مرا ہے اور اس درمیان جن جن لوگوں نے اس پانی سے وضو کیا ہے اس کو وہ تمام نمازیں لوٹانی ہوگی۔ کیونکہ ناپاک پانی سے نہ وضو ہوا اور نہ نماز ہوئی۔ اور اس پانی سے ایک دن اور ایک رات کے درمیان جن لوگوں نے غسل کیا ہے یا کپڑا دھویا ہے ان کو بھی غسل اور نماز لوٹانی ہوگی۔ کیونکہ ناپاک پانی سے غسل کیا ہے اور کپڑے دھویا ہے

**اصول**: احتیاط پر عمل کیا جائے گا۔

**ترجمه**: (۶۴) اور اگر جانور پھول گیا یا پھٹ گیا تو تین دن اور تین راتوں کی نماز لوٹائے گا ابو حنیفہؒ کے قول میں۔

**وجه**: عموما جانور تین دن تین راتوں میں پھولتا اور پھٹتا ہے۔ اور اس کے خلاف علامت نہیں ہے اس لئے یہی کہا جائے گا کہ جانور تین دن پہلے گرا تھا اور مرا تھا اور اب تین دن میں پھولا اور پھٹا ہے۔ اس لئے جن لوگوں نے اس دوران اس پانی کے وضو اور غسل سے نماز پڑھی وہ لوٹائیں گے۔ حضرتؒ کا قول یقین اور احتیاط پر مبنی ہے۔

**ترجمه**: (۶۵) اور صاحبین فرماتے ہیں کہ وضو کرنے والوں پر کسی چیز کا لوٹانا نہیں ہے جب تک تحقیق نہ ہو جائے کہ کب گرا ہے۔

**وجه**: (۱) حضرت امام ابو یوسف نے دیکھا کہ ایک پرندہ نے مردہ کو لا کر کنویں میں ڈالا جس سے وہ رجوع کر گئے اور فرمانے لگے کہ ہو سکتا ہے کہ ابھی پھولے ہوئے چوہے کو کنویں میں ڈالا ہو۔ اس لئے تین دن پہلے کا حکم نہیں لگایا جائے گا (۲) یقین ہے کہ پانی پاک ہے اور شک ہے کہ تین دن پہلے جانور گرا ہو تو یقین پر عمل کرتے ہوئے ابھی تک پانی پاک قرار دیا جائے گا۔ اور جب سے مردہ جانور کو کنویں میں دیکھا ہے اس وقت سے کنواں ناپاک قرار دیا جائے گا۔

**ترجمه**: ل اسلئے کہ یقین شک سے زائل نہیں ہوتا، تو ایسا ہوا کہ اپنے کپڑے میں نجاست دیکھی اور نہیں جانتا ہے کہ کب لگی ہے۔

**متی اصابته، ۲؎ ولابی حنیفۃؒ ان للموت سبباً ظاھرا وھو الوقوع فی الماء فیحال بہ علیہ الا ان الانتفاخ دلیل التقادم فیقدر بالثلث، وعدم الانتفاخ، و التفسخ دلیل قرب العھد فقدرناہ بیوم و لیلۃ لان ما دون ذالک ساعات لا یمکن ضبطھا ۳؎ واما، مسئلۃ النجاسۃ فقد قال المعلی: ھی علی الخلاف فیقدر بالثلث فی البالی، ویوم ولیلۃ فی الطری ۴؎ و لوسلم فالثوب بمرأی عینہ و البئر غایبۃ**

---

**تشریح** : یقین ہے کہ پانی پاک ہے البتہ شک ہے کہ تین دن پہلے جانور گر کر مرا ہوگا اسلئے صرف شک سے تین دن پہلے سے پانی ناپاک نہیں قرار دیا جائیگا۔ جیسے کپڑا پر ناپاکی لگ گئی ہو اور شک ہو کہ تین دن پہلے لگی ہوگی پھر بھی تین دن پہلے سے ناپا کہونے کا فیصلہ نہیں کیا جائے گا بلکہ جس وقت دیکھا اسی وقت سے ناپاک ہونے کا فیصلہ کیا جائے گا۔ اسی طرح یہاں بھی جسوقت دیکھا اسی وقت سے ناپاک ہونے کا فیصکہ کیا جائے گا۔

**ترجمه** : ۲؎ اورامام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ موت کا سبب ظاہر ہے اور وہ پانی میں گرنا ہے اسلئے موت کو اسی پر محمول کیا جائے گا، مگر یہ کہ پھولنا پرانے ہونے کی دلیل ہے اسلئے تین دن سے اندازہ لگایا جائے گا، اور نہ پھولنا اور نہ پھٹنا قریب ہونے کی دلیل ہے اسلئے اسکا اندازہ لگایا جائے گا کہ ایک دن اور ایک رات پہلے جانور گر کر مرا ہے اس لئے کہ اس سے کم تو کچھ گھنٹے ہوتے ہیں جسکا ضبط کرنا ممکن نہیں ہے۔

**تشریح** : امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ جانور کے مرنے کا سبب ظاہر یہی ہے کہ پانی میں ہی گر کر مرا ہوگا اسلئے یہی سمجھا جائے گا اسی سے مرا ہے۔ اب اگر پھول پھٹ گیا ہو تو اندازہ ہوا کہ تین دن پہلے گرا ہے کیونکہ تین دن میں پھولتا اور پھٹتا ہے، اور اگر پھولا پھٹا نہ ہو تو اندازہ یہ ہے گرنے کا وقت قریب ہے اسلئے ایک دن کا فیصلہ کیا جائے ، کیونکہ اس سے پہلے تو کچھ گھنٹے ہونگے جسکا منضبط کرنا مشکل ہے۔

**ترجمه** : ۳؎ بہر حال نجاست کا مسئلہ تو معلی نے فرمایا کہ یہ بھی اختلاف پر ہے اسلئے خشک نجاست میں تین دن کا اندازہ لگایا جائیگا اور تر نجاست میں ایک دن اور ایک رات کا اندازہ لگایا جائیگا۔

**تشریح** : یہ امام ابوحنیفہؒ کی جانب سے صاحبین کو جواب ہے کہ نجاست کے مسئلے میں اتفاق نہیں ہے کہ آپ اس سے استدلال کر سکیں بلکہ اس میں اختلاف ہے، چنانچہ حضرت معلیٰ ابن منصور نے فرمایا کہ کپڑے میں نجاست لگ جائے اور معلوم نہ ہو کہ کب لگی ہے تو اگر خشک ہو تو تین دن اور تین رات پہلے لگی ہوئی سمجھی جائے اور اگر تر ہو تو یہ سمجھا جائے کہ ایک دن ایک رات پہلے لگی ہوگی۔ کیونکہ ظاہری آثار یہی ہیں البتہ اگر قرائن سے معلوم ہو کہ ابھی کچھ دیر پہلے لگی ہے تو کچھ دیر پہلے پر فیصلہ کیا جائے گا۔

**ترجمه** : ۴؎ اور اگر تسلیم کر لیا جائے تو کپڑے کا حال یہ ہے کہ وہ آنکھ کے سامنے ہیں اور کنواں آنکھ سے غائب ہے اسلئے دونوں

عن بصره فیفترقان

میں فرق ہو گیا۔

**تشریح** : کپڑا آنکھ کے سامنے ہے اسلئے اگر تین دن پہلے نجاست لگی ہوتی تو ضرور نظر آئی ہوتی اسلئے یہی خیال کیا جائے گا کہ کچھ دیر پہلے لگی ہے اور کچھ گھنٹوں کا فیصلہ کرنا مشکل ہے اسلئے ایک دن کا ہی فیصلہ کیا جائے گا۔اور کنواں میں تو اندھیرا ہے اسلئے کچھ پتہ نہیں ہے کہ کب گری ہے اسلئے مردے کی حالت دیکھ کر فیصلہ کیا جائے گا کہ اگر پھول پھٹ گیا ہے تو تین دن پہلے گرا ہوگا اور اگر پھولا پھٹا نہیں ہے تو ایک دن پہلے گرا ہوگا ۔اسلئے کپڑے اور کنویں میں فرق ہے۔قرینے سے فیصلہ کرنے کی دلیل یہ آیت ہے و **شهد شاهد من اهلها أن كان قميصه قد من قبل ف صدقت وهو من الكاذبن O و ان كان قميصه قد من دبر فكذبت و هو من الصادقين Oفلما ر ء ا قميصه قد من دبر قال انه من كيدكن ان كيد كن عظيم** . ( آیت ۲۶ ـ۲۸ سورۃ یوسف ۱۲ ) اس آیت میں قمیص کے قرینے کو دیکھ کر حضرت یوسف علیہ السلام اور زلیخا کا فیصلہ کیا گیا ہے۔اس سے معلوم ہوا کہ کوئی علامت ظاہرہ نہ ہو تو قرینہ سے فیصلہ کیا جا سکتا ہے۔

لغت:۔ **یحال** : **حول** سے مشتق ہے،اس پر محمول کیا جائے گا،اس پر پھیرا جائے گا۔ : **تقادم** : **قدم** سے مشتق ہے، پرانا ہونا ـ**قدرنا** : اندازہ لگایا۔ساعات :چند گھنٹے،المعلی :یہ معلی بن منصور ہیں جو اپنے زمانے میں بہت بڑے محدث اور فقیہ تھے،الیالی: خشک،طری:تر چیز۔

## ﴿فصل فی الآسار﴾

(٦٦)وعرق كل شئ معتبر بسؤره﴾ ل لانهما يتولدان من لحمه فاخذ احدهما حكم صاحبه
(٦٧) وسور الآدمی و ما يوكل لحمه طاهر ﴾

## ﴿فصل جوٹھے اور اسکے علاوہ کے بارے میں ﴾

(ضروری نوٹ) جوٹھے کی چار قسمیں ہیں۔(١) پاک، جیسے آدمی کا جوٹھا، اور حلال جانور کا جوٹھا۔(٢) مکروہ، جیسے بلی کا جوٹھا ۔(٣) ناپاک، جیسے سور اور پھاڑ کھانے والے جانور کا جوٹھا۔(٤) مشکوک، جیسے گدھے اور خچر کا جوٹھا۔ اصل قاعدہ یہ ہے کہ جس قسم کا گوشت ہوگا اسی قسم کا اسکا جوٹھا ہوگا۔ دلیل آگے آرہی ہے۔

**ترجمہ**: (٦٦) ہر جانور کے پسینے کا اعتبار اسکے جوٹھے کے ساتھ ہے۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ دونوں اسکے گوشت سے پیدا ہوتا ہے، اسلئے ایک کا حکم دوسرے کے لئے ہوگا۔

**تشریح**: یعنی پسینہ اور تھوک دونوں گوشت سے پیدا ہوتے ہیں، اسلئے جسکا گوشت حلال ہے اسکا جوٹھا اور پسینہ پاک ہونگے اسلئے کہ حلال گوشت سے دونوں پیدا ہوئے، اور جسکا گوشت کھانا حلال نہیں ہے اسکا جوٹھا اور پسینہ دونوں ناپاک ہونگے کیونکہ یہ دونوں حرام گوشت سے پیدا ہوئے۔ اسلئے جو حکم گوشت کا ہوگا وہی حکم اسکے پسینہ اور اسکے تھوک کا ہوگا۔

**وجہ**: (١) یہ ہے کہ تھوک گوشت سے پیدا ہوتا ہے اور تھوک ہی پانی سے ملتا ہے اسلئے جسکا گوشت حلال ہے اور کھانے کے قابل ہے تو اس کا جوٹھا بھی پاک ہوگا (٢) دلیل یہ حدیث ہے عن البراء قال قال رسول الله ما اکل لحمه فلا بأس بسؤره (سنن بیہقی، باب الخبر الذی ورد فی سؤر مایوکل لحمہ ج اول ص ٣٨١ نمبر ١١٨٩ مصنف ابن ابی شیبۃ ٣٣ فی الوضوء بسور الفرس والبعیر، ج اول ص ٣٦ نمبر ٣٢١) اس حدیث میں ہے کہ جسکا گوشت حلال ہے اسکا جوٹھا بھی پاک ہے۔

**ترجمہ**: (٦٧) آدمی اور جس جانور کا گوشت کھایا جاتا ہے اس کا جوٹھا پاک ہے۔

**وجہ**: (١) تھوک گوشت سے پیدا ہوتا ہے اس لئے جو حکم گوشت کا ہے وہی حکم تھوک کا ہوگا۔ آدمی کا تھوک تو پاک ہے ہی۔ اور جن جانوروں کا گوشت حلال ہے ان کا تھوک بھی پاک ہوگا اور جوٹھا پاک ہوگا (٢) عن ابن عباس قال دخلت مع رسول الله ﷺ انا و خالد بن الولید علی میمونة فجاء تنا باناء من لبن فشرب رسول الله ﷺ وانا علی یمینه و خالد علی شماله فقال لی الشربة لک فان شئت اثرت بها خالدا فقلت ما کنت لاوثر علی سورک احدا. (شمائل ترمذی، باب ما جاء فی صفۃ شراب رسول اللہ ﷺ ص ١٣) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آدمی کا جوٹھا پاک ہے۔ تب ہی تو آپؐ نے اپنا جوٹھا دوسرے کو پینے دیا۔ اس قسم کی بہت احادیث ہیں۔ حلال جانور کا جوٹھا پاک ہونے کی دلیل (٢) اور جن جانورں کا گوشت کھایا

**۱۔لان المختلط به اللعاب، وقد تولد من لحم طاهر ۲۔و یدخل فی هذا الجواب الجنب، و الحائض، و الکافر**

جاتا ہے انکا جوٹھا پاک ہے اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔عن البراء قال قال رسول الله ما اکل لحمه فلا بأس بسؤره (سنن بیہقی، باب الخبر الذی ورد فی سؤر ما یوکل لحمہ ج اول، ص ۳۸۱، نمبر ۱۱۸۹) اس حدیث میں ہے کہ جس کا گوشت کھایا جاتا ہے اس کے جوٹھے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۱۔ اسلئے کہ پانی کے ساتھ لعاب ملتا ہے، اور لعاب پاک گوشت سے پیدا ہوتا ہے، اسلئے لعاب اور تھوک پاک ہوگا۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے کہ جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے اسکا تھوک پاک ہے کیونکہ تھوک میں لعاب ملا ہوگا، اور لعاب حلال گوشت سے پیدا ہوا ہے اور پانی پیتے وقت لعاب ہی پانی سے ملتا ہے اسلئے حلال جانوروں کا جوٹھا انکے تھوک کی طرح پاک ہے۔ باقی رہا کہ انسان کا گوشت نہیں کھا سکتے وہ اسکی کراہت کی وجہ سے نہیں کھا سکتے، ورنہ بنفسہ اسکا گوشت حلال ہے، اسلئے اسکا جوٹھا بھی پاک ہوگا، حدیث اوپر گزر گئی ہے۔

**ترجمہ**: ۲۔ اس جواب میں جنبی اور حائضہ عورت اور کافر کا جوٹھا بھی شامل ہوگا۔

**تشریح** : یعنی جنبی مرد اور جنبی عورت کا جوٹھا بھی پاک ہے، اسی طرح حائضہ عورت اور کافر کا جوٹھا بھی پاک ہے، اسلئے کہ ان میں جو نجاست ہے وہ باطنی ہے، منہ اور تھوک میں نہیں ہے۔

**وجہ** : جنبی کا تھوک ناپاک نہیں ہے اسکی دلیل یہ حدیث ہے عن ابی هريرة أنه لقى النبى ﷺ فى طريق من طرق المدينة .....قال يا رسول ﷺ لقيتنى و انا جنب فكرهت أن اجالسک حتى اغتسل . فقال رسول الله ﷺ : سبحان الله ! ان المؤمن لاينجس ۔ (مسلم شریف، باب الدلیل علی ان المسلم لا ینجس، ص ۱۶۲ نمبر ۳۷۱ / ۸۲۴ / بخاری شریف، باب عرق الجنب و ان المسلم لا ینجس، ص ۴۲ نمبر ۲۸۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جنبی کا پسینہ ناپاک نہیں، اور اس سے معلوم ہوا کہ اسکا تھوک بھی ناپاک نہیں ہے ۔ حائضہ کا تھوک پاک ہے اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔عن عائشة قالت: كنت اشرب و أنا حائض، ثم اناوله النبى ﷺ فيضع فاه على موضع فى فيشرب ۔ (مسلم شریف، باب جواز غسل الحائض رأس زوجها الخ ص ۱۴۳ نمبر ۳۰۰ / ۶۹۲ / ابو داود شریف، باب مواکلۃ الحائض ومجامعتها، ص ۳۹ نمبر ۲۵۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حائضہ عورت کا جوٹھا پاک ہے ۔ اور مشرک ظاہری طور ناپاک نہیں ہے اسکی دلیل یہ حدیث ہے سمع أبا هريرةؓ قال بعث النبى ﷺ خيلا قبل نجد فجاءت برجل من بنى حنيفة يقال له ثمامة بن أثال ، فربطوه بسارية من سوارى المسجد فخرج اليه النبى ﷺ فقال ماذا عندک يا ثمامة ؟ ۔ (بخاری شریف، باب وفد بنی حنیفۃ وحدیث ثمامۃ بن أثال، ص ۷۱۴ نمبر ۴۳۷۲) اس حدیث میں ایک کافر کو مسجد میں باندھا، اگر یہ ظاہری طور پر ناپاک ہوتا تو اسکو مسجد میں نہ باندھتے

(۶۸) وسؤ رالکلب نجس،ویغسل الاناء من ولوغه ثلاثا ﴾ ۱؎ لقوله ﷺ: یغسل الاناء من ولوغ الکلب ثلاثا،ولسانه یلاقی الماء دون الاناء، فلما تنجس الاناء فالماء اولی، وهذا یفید النجاسة والعدد فی الغسل

،اس سے معلوم ہوا کہ آیت میں ۔انما المشرکون نجس فلا یقربوا المسجد الحرام بعد عامهم هذا ۔(آیت ۲۸ سورۃ التوبۃ ۹) سے مراد باطنی نجاست ہے۔اسلئے کافر کا جوٹھا بھی پاک ہے ۔

**ترجمہ**: (۶۸) کتے کا جوٹھا ناپاک ہے اسکے برتن میں منہ ڈالنے سے تین مرتبہ دھویا جائے گا ۔

**وجہ**: (۱) کتا،سور اور پھاڑ کھانے والے جانور کا گوشت حلال نہیں ہے۔اور پہلے گزر چکا ہے کہ تھوک گوشت سے پیدا ہوتا ہے تو گوشت حلال نہیں ہے اس لئے اس کا تھوک اور جوٹھا بھی ناپاک ہے (۲) کتے کا جوٹھا ناپاک ہونے کے سلسلے میں یہ حدیث ہے عن ابی هریرة ان رسول الله ﷺ قال اذا شرب الکلب فی اناء احدکم فلیغسله سبعا (بخاری شریف، باب اذا شرب الکلب فی اناء احدکم فلیغسله سبعا،ص ۲۹،نمبر ۱۷۲)(۳) حضرت ابو ہریرہ کا قول ہے عن ابی هریرة قال اذا ولغ الکلب فی الاناء فاهرقه ثم اغسله ثلاث مرات (دار قطنی ،باب ولوغ الکلب فی الاناء ج اول ص ۶۶ نمبر ۱۹۴/مصنف عبد الرزاق، باب الکلب یلغ فی الاناء، ج اول ص ۹۷ نمبر ۳۳۶)اس فتوی سے معلوم ہوا کہ کتے کا جوٹھا تین مرتبہ دھونے سے پاک ہو جائے گا (۴) اصل بات یہ ہے کہ ناپاکی زائل ہونے سے برتن پاک ہو جاتا ہے۔اور اس سے غلیظ ناپاکی پاخانہ اور پیشاب تین مرتبہ دھونے سے زائل ہو جاتی ہے اور برتن پاک ہو جاتا ہے تو جوٹھا بدرجہ اولی پاک ہو جانا چاہئے۔البتہ حدیث صحیح پر عمل کرتے ہوئے سات مرتبہ دھوئیگا تو ثواب ملے گا۔

**ترجمہ**: ۱؎ حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ برتن کو کتے کے منہ ڈالنے کیوجہ سے تین مرتبہ دھویا جائے گا،اور اسکی زبان پانی کو لگتی ہے نہ کہ برتن کو،پس جبکہ برتن ناپاک ہو جاتا ہے تو پانی بدرجہ اولی ناپاک ہوگا۔اور اس حدیث نے ناپاک ہونے میں بھی فائدہ دیا اور دھونے کے تعداد کے بارے میں بھی۔

**تشریح**: اوپر حدیث مرسل بیان ہوئی کہ کتا برتن میں منہ ڈال دے تو تین مرتبہ دھویا جائے۔اس سے دو باتیں معلوم ہوئی (۱) ایک تو یہ کہ کتے کی زبان پانی کو لگتی ہے برتن کو نہیں لگتی پھر بھی برتن ناپاک ہوگیا اور اسکو تین مرتبہ دھونے کے لئے کہا پس جب پانی میں زبان لگتی ہے تو بدرجہ اولی وہ ناپاک ہوگا۔(۲) حدیث سے دوسری بات معلوم ہوئی کہ تین مرتبہ دھویا جائے گا سات مرتبہ نہیں ۔حدیث یہ تھی ۔عن ابی هریرة قال اذا ولغ الکلب فی الاناء فاهرقه ثم اغسله ثلاث مرات (دار قطنی ،باب ولوغ الکلب فی الاناء ج اول ص ۶۶ نمبر ۱۹۳/مصنف عبد الرزاق، باب الکلب یلغ فی الاناء، ج اول ص ۹۷ نمبر ۳۳۶) اس حدیث مرسل

۲؎ وھو حجة علی الشافعیؒ فی اشتراط السبع ۳؎ ولان ما یصیبه بوله یطھر بالثلث فما یصیبه سورہ و ھو دونه اولی ۴؎ والامر الوارد بالسبع محمول علی ابتداء الاسلام. (۶۹) وسور الخنزیر نجس﴾

میں تین مرتبہ دھونے کا حکم ہے

**ترجمہ**: ۲؎ اور یہ حدیث امام شافعیؒ پر حجت ہے سات مرتبہ دھونے کی شرط لگانے کے بارے میں۔

**تشریح**: امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ کتا برتن میں منہ ڈالدے تو اسکو سات مرتبہ دھو وتب پاک ہوگا، موسوعۃ میں یہ عبارت ہے قال الربیع سألت الشافعیؒ عن الکلب یلغ فی الاناء لا یکون فیہ قلتان أو فی اللبن أو المرق ،فقال یھراق الماء واللبن و المرق ، لا ینتفعون بہ، ویغسل الاناء سبع مرات ۔(موسوعۃ ، باب الکلب یلغ فی الاناء، ج اول، ص ۴۸ نمبر ۱۷۵)انکی دلیل اوپر کی حدیث ہے عن ابی ھریرة ان رسول الله ﷺ قال اذا شرب الکلب فی اناء احدکم فلیغسله سبعا (بخاری شریف، باب اذا شرب الکلب فی اناء احدکم فلیغسلہ سبعا ،ص ۲۹ ،نمبر ۱۷۲/ابوداود شریف، باب ما جاء فی سور الکلب، ص ۲۷ نمبر ۹۱) اس حدیث میں سات مرتبہ دھونے کا حکم ہے۔

**ترجمہ**: ۳؎ اور اسلئے بھی کہ برتن کو کتے کا پیشاب لگ جائے تو تین مرتبہ دھونے سے پاک ہوجاتا ہے تو جسکو اسکا جوٹھا لگ جائے جو پیشاب سے کم ہے تو بدرجہ اولی تین مرتبہ میں پاک ہوجائے گا۔

**تشریح**: یہ امام شافعیؒ کو جواب ہے کہ کتے کا پیشاب اسکے تھوک سے بھی زیادہ ناپاک ہے پھر بھی اسکو تین مرتبہ دھونے سے پاک ہوجاتا ہے۔تو جوٹھا اس سے کم ناپاک ہے تو تین مرتبہ دھونے سے بدرجہ اولی پاک ہوجائے گا۔

**ترجمہ**: ۴؎ اور سات مرتبہ کا جو حکم وارد ہوا ہے وہ شروع اسلام کا ہے۔

**تشریح**: یہ جو حدیث میں سات مرتبہ دھونے کا حکم ہے وہ شروع اسلام میں تھا بعد میں اسکی تسہیل کردی گئی۔شروع اسلام میں کتوں سے نفرت دلانے کے لئے اسکو مارنے کا بھی حکم تھا بعد میں یہ حکم منسوخ ہوگیا۔اسکی دلیل یہ حدیث ہے عن جابر قال أمر نبی الله بقتل الکلاب حتی ان کانت المرأة تقدم من البادیة یعنی بالکلب فنقتله ، ثم نھانا عن قتلھا و قال : علیکم بالاسود ۔(ابوداود شریف، باب اتخاذ الکلب للصید وغیرہ، ص ۴۱۴ نمبر ۲۸۴۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کتے کے بارے میں پہلے شدت تھی بعد میں تسہیل ہوگئی۔اسی طرح اسکے جوٹھے کے بارے میں پہلے شدت تھی اس وقت سات مرتبہ دھونے کا حکم دیا بعد میں تسہیل ہوگئی تو تین مرتبہ دھونے کا حکم دیا۔

**ترجمہ**: (۶۹) اور سور کا جوٹھا نجس ہے۔

ل لانہ نجس العین علی ما مر. (۷۰) وسور سباع البھائم نجس ﴾ ل خلافا للشافعیؒ فیما سوی

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ وہ نجس العین ہے۔

**تشریح**: سور خود نجس العین ہے اسلئے اسکا جوٹھا بھی نجس ہوگا۔ سور نجس العین ہے اسکی دلیل یہ آیت ہے ۔ ولحم خنزیر فانہ رجس (آیت ۱۴۵ سورۃ الانعام ۶) اس آیت میں سور کو نجس کہا گیا ہے۔ اسلئے اسکا جوٹھا بھی نجس ہے۔

**ترجمہ**: (۷۰) اور پھاڑ کھانے والے جانور کا جوٹھا ناپاک ہے۔

**وجہ**: پھاڑ کھانے والے جانور کا گوشت حلال نہیں ہے اس لئے اس کا جوٹھا بھی ناپاک ہے۔ اس لئے کہ وہ سبع یعنی درندہ جانور ہے۔ حدیث یہ ہے عن ابی ثعلبۃ ان رسول اللہ ﷺ نھی عن اکل کل ذی ناب من السباع (بخاری شریف، باب اکل کل ذی ناب من السباع نمبر ۵۵۳۰ر مسلم شریف، باب تحریم اکل کل ذی ناب من السباع وکل ذی مخلب من الطیر، ص ۸۶۳ نمبر ۱۹۳۲/۴۹۸۹) پہلے قاعدہ گزر چکا ہے کہ جس جانور کا گوشت حرام ہے اسکا جوٹھا بھی ناپاک ہے، پھاڑ کھانے والے جانور کا گوشت حرام ہے اسلئے اسکا جوٹھا بھی ناپاک ہوگا۔ (یہ حدیث بھی انکا متدل ہے، أن عمر بن الخطاب خرج فی رکب فیھم عمر و بن العاص حتی وردوا حوضا فقال عمر و بن العاص لصاحب الحوض ھل ترد حوضک السباع ؟ فقال عمر بن الخطاب : یاصاحب الحوض لا تخبرنا فانا نرد علی السباع و ترد علینا ۔ (سنن للبیھقی، باب سور سائر الحیوانات سوی الکلب والخنزیر، ج اول ص ۳۷۹ نمبر ۱۱۸۱) اس اثر میں ہے کہ ہمیں پھاڑ کھانے والے جانور کے پینے کے بارے میں خبر نہ دیں اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اسکا جوٹھا ناپاک ہے تب ہی تو فرمایا کہ خبر نہ دیں کیونکہ خبر دینے سے پانی ناپاک ہو جائے گا ہم لوگ اسکو استعمال نہیں کر سکیں گے۔

**ترجمہ**: ل خلاف امام شافعیؒ کے کتے اور سور کے علاوہ میں۔

**تشریح**: امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ کتا اور سور کا جوٹھا تو ناپاک ہے، باقی دوسرے کسی پھاڑ کھانے والے جانور کا جوٹھا ناپاک نہیں ہے، موسوعۃ میں عبارت یہ ہے۔ قال : و لیس فی حی من بنی آدم ، ولا البھائم نجاسۃ الا فی ان یماس نجاسۃ ، و کل ما ادخل فیہ آدمی ، مسلم أو کافر یدہ أو شربت منہ دابۃ ما کانت ، فلیس ینجس الا دابتان : الکلب ، و الخنزیر ۔ (موسوعۃ، ما ینجس الماء مما خالطہ، ج اول ص ۲۵ نمبر ۶۴) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ امام شافعیؒ کے نزدیک صرف دو جانور، یعنی کتا اور سور کا جوٹھا ناپاک ہے باقی کا نہیں۔

**وجہ**: انکی دلیل یہ حدیث ہے عن جابر قال : قیل یا رسول اللہ أنتوضأ بما أفضلت الحمر ؟ قال و بما

الکلب والخنزیر ۲؎ لان لحمھما نجس، و منہ یتولد اللعاب و ھو المعتبر فی الباب. (۱۷) و سوء ر الھرۃ مکروہ ﴾ ۱؎ و عن ابی یوسف انہ غیر مکروہ لان النبی علیہ السلام کان یصغی لھا الاناء

أفضلت السباع (دار قطنی، باب الآسار، ج اول ص ۶۱ نمبر ۱۷۳/ سنن للبیھقی، باب سؤر سائر الحیوانات سوی الکلب والخنزیر، ج اول، ص ۳۸۷، نمبر ۱۱۷۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دوسرے جانوروں کا جوٹھا پاک ہے، تبھی تو آپ نے سب جانوروں کے جوٹھے سے وضو کرنے کے لئے فرمایا، سوائے کتا اور سور کے۔

**ترجمہ**: ۲؎ اسلئے کہ ان دونوں کا گوشت نجس ہے اور اسی نجس گوشت سے لعاب پیدا ہوتا ہے، اور اس باب میں وہی معتبر ہے۔

**تشریح**: یہ عبارت امام شافعیؒ کی بھی دلیل ہے اور حنفیہ کی بھی دلیل ہے، کہ کتے اور سور کا گوشت نجس ہے اور لعاب نجس گوشت سے پیدا ہوا اسلئے اسکا جوٹھا بھی ناپاک ہے ۔ کیونکہ گوشت ہی اس باب میں معتبر ہے۔ جیسا گوشت ویسا اسکا جوٹھا۔

**ترجمہ**: (۱۷) بلی کا جوٹھا پاک ہے لیکن مکروہ ہے۔

**وجہ**: (۱) بلی پھاڑ کھانے والا جانور ہے اس لئے اس کا جوٹھا ناپاک ہونا چاہئے لیکن یہ گھر میں رہتی ہے اور اس سے بچنا مشکل ہے اس لئے شریعت نے تسہیل دیدی اور اس کا جوٹھا مکروہ ہوا۔ (۲) حدیث میں ہے عن ابی ھریرۃ عن النبی ﷺ قال یغسل الاناء اذا ولغ فیہ الکلب سبع مرات اولاھن واخراھن بالتراب واذا ولغت فیہ الھرۃ غسل مرۃ. (ترمذی شریف، باب ماجاء فی سور الکلب ص ۲۷ نمبر ۹۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بلی کا جوٹھا ناپاک ہے تب ہی تو ایک مرتبہ دھونے کے لئے کہا (۳) عن ابی ھریرۃ قال النبی ﷺ السنور سبع (سنن البیھقی، باب سور الھرۃ ج اول ص ۲/۶۷۷ ۱۱/ دار قطنی باب سؤر الھرۃ ج اول ۱۷۷ رنمبر ۲۱۷) جب بلی پھاڑ کھانے والی ہے تو اسکا گوشت ناپاک ہوا، اسلئے اسکا جوٹھا بھی ناپاک ہوگا۔ لیکن دوسری حدیث ہے جس سے معلوم ہوتا ہیکہ اسکے جوٹھے میں تسہیل ہے کیونکہ یہ ہمیشہ گھر میں رہتی ہے اسلئے اسکے جوٹھے کو ناپاک قرار دیں تو معاملہ مشکل ہو جائے گا۔ حدیث یہ ہے۔ عن کبشۃ بنت کعب بن مالک. ان ابا قتادۃ دخل علیھا قالت فسکبت لہ وضوءا قالت فجائت ھرۃ تشرب فأصغی لھا الاناء حتی شربت ، قالت کبشۃ فرأنی انظر الیہ فقال أتعجبین یا ابنۃ اخی ؟ فقلت نعم ،قال ان رسول اللہ ﷺ قال انھا لیست بنجس انما ھی من الطوافین علیکم والطوافات (ترمذی شریف، باب ماجاء فی سور الھرۃ ص ۲۷ نمبر ۹۲ / ابو داؤد شریف، باب سؤر الھرۃ، ص ۱۲، نمبر ۷۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بلی کا جھوٹا پاک ہے۔ اس لئے دونوں حدیثوں کو ملانے کی وجہ سے یہ کہتے ہیں کہ بلی کا جوٹھا مکروہ تنزیہی ہے۔ یہی حال گھر میں رہنے والے تمام جانوروں کا ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ حضرت امام ابو یوسفؒ سے منقول ہے کہ بلی کا جوٹھا مکروہ نہیں ہے، اسلئے کے حضور اسکے لئے برتن کو ٹیڑھا کرتے

**فتشرب منه ثم يتوضأمنه، ۲ ولهما قوله عليه السلام: الهرة سبع، و المراد بيان الحكم الاانه سقطت النجاسةلعلة الطواف فبقيت الكراهة ۳ ومارواه محمول على ماقبل التحريم ۴ ثم قيل كراهيته لحرمةاللحم،وقيل لعدم تحاميهاالنجاسةوهذايشيرالى التنزه، والاول الى القرب من التحريم**

تھے، پھر بلی اس سے پیتی تھی پھر آپ اس سے وضوفرماتے تھے۔اسکے لئے حدیث یہ ہے۔عن عائشة أنها قالت : كان رسول الله ﷺ يمر به الهرة فيصغي لها الاناء ، فتشرب ، ثم يتوضأ بفضلها ۔(دار قطنی ، باب سؤر الھر ، ج اول، ص ۶۷ نمبر ۱۹۵) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ نے بلی کے لئے برتن ٹیڑھا کیا اور اسکے پینے کے بعد آپؐ نے اس سے وضوفرمایا جس سے معلوم ہوا کہ بلی کا جوٹھا پاک ہے

**ترجمہ** : ۲ اور امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کی دلیل حضورؐ کا قول ہے کہ بلی پھاڑ کھانے والے جانور میں سے ہے، اور مراد حکم کا بیان کرنا ہے، مگر یہ کہ نجاست ساقط ہوگئی بار بار گھر آنے کی وجہ سے اسلئے کراہیت باقی رہی۔

**تشریح** : طرفین کی دلیل یہ ہے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ بلی پھاڑ کھانے والے جانور میں سے ہے اور اس سے مراد ہے حکم کا بیان کرنا، یعنی پھاڑ کھانے والے جانور کا گوشت حرام ہے اسلئے اسکا جوٹھا ناپاک ہونا چاہئے، حدیث گزر چکی ہے عن ابی هريرة قال النبی ﷺ السنور سبع (سنن للبیھقی ، باب سور الھرة ج اول ص ۳۷۷ نمبر ۱۱۷۶ دار قطنی ، باب سؤر الھرة، ج اول، ص ۷۱، نمبر ۲۱۷) اس حدیث کی بنا پر بلی کا جوٹھا ناپاک ہونا چاہئے لیکن بار بار گھر میں آنے کی وجہ سے اسکا جوٹھا مکروہ قرار دے دیا گیا۔ اور بار بار گھر میں آنے کی حدیث اوپر گزر چکی ہے۔قال ان رسول الله ﷺ قال انها ليست بنجس انما هي من الطوافين عليكم والطوافات (ترمذی شریف، باب ماجاء فی سور الھرة ص ۲۷ نمبر ۹۲) ان دونوں حدیثوں کو ملانے سے یہی ہوگا کہ بلی کا جوٹھا مکروہ ہے۔

**ترجمہ** : ۳ اور جو حدیث امام ابویوسفؒ نے ذکر کی وہ حرام ہونے سے پہلے پر محمول ہے۔یعنی امام یوسفؒ نے جو حدیث پیش کی کہ حضورؐ بلی کے لئے برتن ٹیڑھا کرتے تھے اور بلی اس سے پیتی تھی اور اسی پانی سے آپؐ وضو فرماتے تھے، جسکا مطلب یہ ہوا کہ وہ پاک ہے، اسکا مطلب یہ ہے کہ شروع اسلام میں اسکا جوٹھا پاک تھا بعد میں اسکو مکروہ قرار دے دیا گیا، اسلئے وہ حدیث حرام ہو نے سے پہلے کی ہے ۔

**ترجمہ** : ۴ پھر کہا گیا ہے کراہیت اسکے گوشت کی حرمت کی وجہ سے ہے، اور یہ بھی کہا گیا کہ اسکے نجاست سے نہ بچنے کی وجہ سے ہے، اور یہ اشارہ کرتا ہے کہ مکروہ تنزیہی کی طرف اور پہلی دلیل شارہ کرتی ہے حرام کے قریب کی طرف۔

**تشریح** : بلی کا جوٹھا مکروہ ہے اسکی دو وجہ بیان کی جارہی ہیں۔(۱) ایک یہ کہ بلی کا گوشت حرام ہے اسلئے اسکا جوٹھا ناپاک ہے،

**(۷۲) ولو اکلت الفارة ثم شربت علی فوره الماء یتنجس الا اذا مکثت ساعة** ۱؎ لغسلها فمها بلعابها ۲؎ والاستثناء علی مذهب ابی حنیفة و ابی یوسف و یسقط اعتبار الصب للضرورة.

اگر گوشت کی حرمت کو دلیل بنائیں تو اسکا جوٹھا حرام کے قریب ہونا چاہئے، (۲) اور دوسری وجہ یہ ہے کہ بلی نجاست سے نہیں بچتی ہے اسلئے اسکا جوٹھا ناپاک ہے، پس اگر اسکو وجہ بنائیں تو اسکا جوٹھا مکروہ ہونا چاہئے کیونکہ اصل کے اعتبار سے ناپاک نہیں ہوا بلکہ نجاست سے نہ بچنے کی وجہ سے مکروہ ہوا۔

**لغت** : یصغی :ٹیڑھا کرنا۔ سبع : پھاڑ کھانے والا جانور۔ طواف :بار بار جانا۔ تحامی :بچنا، پرہیز کرنا۔ تنزہ :مکروہ تنزیہی۔

**ترجمہ**:۔ (۷۲) اور اگر چوہا کھایا پھر فوراً پانی پیا تو پانی ناپاک ہو جائے گا، مگر جبکہ کچھ دیر ٹھہر گئی ہو۔

**ترجمہ**: ۱؎ اپنے لعاب سے اپنے منہ کو دھونے کی وجہ سے۔

**تشریح** : جن حضرات کے یہاں بلی کا جوٹھا مکروہ ہے یا پاک ہے، اسکے نزدیک یہ ہے کہ بلی نے چوہا کھایا اور ابھی منہ بھی صاف نہیں کیا کہ پانی میں منہ ڈال دیا تو وہ پانی چوہے کے ناپاک خون کی وجہ سے ناپاک ہو گیا، لیکن اگر تھوڑی دیر ٹھہر گئی اور منہ کو صاف کر لیا پھر منہ ڈالا تو اب پانی ناپاک نہیں ہو گا یا تو پاک رہے گا یا زیادہ سے زیادہ مکروہ ہو گا۔

**وجہ** : اسکی وجہ یہ ہے کہ امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک کسی بھی بہنے والی چیز سے نجاست پاک کی جا سکتی ہے اور اس میں یہ بھی شرط نہیں ہے کہ پاک کرنے کی نیت سے بہائے اسلئے بلی نے اپنے تھوک سے بار بار منہ صاف کر لیا تو اب منہ پاک ہو گیا اسکے بعد پانی میں منہ ڈالا تو پانی پاک رہے گا۔ البتہ امام ابو یوسفؒ کے نزدیک کسی نجاست کو پاک کرنے کے لئے پاکی کی نیت سے بہانا شرط ہے۔ اور بلی پاکی نیت کر کے نہیں بہا سکتی، اسلئے انکے یہاں زبان پاک نہیں ہونا چاہئے۔ لیکن انکے یہاں بھی پاک ہو جائے گی، اسکی وجہ یہ ہے کہ یہاں پاک کرنے کی ضرورت ہے اسلئے ضرورت کی وجہ سے نیت کر کے بہانے کی شرط ساقط ہو جائے گی اور صرف خون صاف ہونے کی وجہ سے زبان پاک ہو جائے گی۔

**ترجمہ** : ۲؎ اور استثناء امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسفؒ کے مذہب پر ہو گی، اور بہانے کی شرط ضرورت کی بناء پر ساقط ہو جائے گی۔

**تشریح** : اس عبارت کا مطلب اوپر گزر گیا کہ شیخین کے یہاں کسی بھی بہنے والی چیز سے نجاست پاک ہو سکتی ہے۔ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک نیت کر کے بہانے کی جو شرط ہے وہ بھی ضرورت کی بناء پر ساقط ہو جائے گی۔

البتہ امام محمدؒ کے نزدیک کسی بھی بہنے والی چیز سے نجاست پاک نہیں کر سکتے بلکہ پانی ہی سے نجاست پاک ہو گی، اور یہاں بلی نے لعاب سے خون صاف کیا ہے، اسلئے اسکی زبان پاک نہیں ہوئی اسلئے اس نے پانی میں منہ ڈالا تو پانی ناپاک ہو جائے گا، چاہے ایک

**(۷۳) و سؤر الدجاجة المخلاة مکروه﴾ لانها تخالط النجاسة، و لو کانت محبوسة بحیث لا یصل منقارها الی ما تحت قدمیها لا یکره لوقوع الامن عن المخالطة (۷۴) و کذا سوء ر سباع الطیر﴾**

گھنٹہ بعد تک بلی زبان سے خون صاف کرتی رہی ہو۔اسلئے امام محمد کے مسلک پر متن کی عبارت الا اذا مکثت ساعة ۔نہیں ہوگا ،کیونکہ ایک گھنٹے کے بعد بھی اسکی زبان پاک نہیں ہو پائے گی۔

**ترجمه**: (۷۳) اور کھلی پھرنے والی مرغی کا جوٹھا مکروہ ہے۔

**ترجمه**: ۱ اسلئے کہ وہ نجاست کے ساتھ لتھڑ جاتی ہے، چنانچہ اگر وہ اس طرح بندھی ہوئی ہو کہ اسکی چونچ اسکے قدم کے نیچے تک نہ پہونچتی ہو تو مکروہ نہ ہوگا نجاست کے ساتھ ملنے سے امن ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح**: مرغی کا گوشت پاک ہے اسلئے اسکا جوٹھا بھی پاک ہونا چاہئے البتہ اگر اسکی چونچ پر ناپاکی لگی ہوئی ہو اور اسی حالت اس نے اپنا چونچ میں پانی میں ڈال دیا تو اس ناپاکی کی وجہ سے پانی ناپاک ہو جائے گا ہاں اگر اسکی چونچ پر ناپاکی نہ لگی ہوئی ہو اور مرغی یونہی کھلی پھر رہی ہو اور پانی میں منہ ڈال دے تو پانی مکروہ ہوگا چونچ پہ ناپاکی ہونے کے احتمال کی بنیاد پر۔اثر میں اسکا ثبوت ہے ۔عن الحسن انه کان یقول : فی الدجاجة تشرب من الاناء یکره ان یتوضأ به . (مصنف ابن ابی شیبة، ۳۴ الوضوء بسور الدجاجة، ج اول، ص ۳۶ نمبر ۳۲۳) اس اثر میں ہے کہ مرغی کا جوٹھا مکروہ ہے اور اسی شکل میں ہے کہ مرغی کے چونچ پر نجاست ہونے یا نہ ہونے کا احتمال ہو، ورنہ تو اسکا گوشت حلال ہے اسلئے اسکا جوٹھا پاک ہونا چاہئے ۔

ہاں اگر مرغی اس طرح بندھی ہوئی ہو کہ اسکی چونچ کسی اور کی نجاست میں بھی نہ جاتی ہو اور وہ خود بھی جو پاخانہ کرتی ہے اور بندھی ہوئی مرغی کا پاؤں اس پر رگڑتا ہے، اور اپنے چونچ کو پاؤں پر مارتی ہے جس سے اسکی چونچ ناپاک ہوتی ہے اس طرح بھی نہ ہو تو اب اسکی چونچ پاک ہوگی اور یہ مرغی پانی میں منہ ڈالے گی تو پانی مکروہ بھی نہیں ہوگا۔

**لغت**: المخلاة : خلو سے مشتق ہے کھلی پھرنے والی۔تخالط :لتھڑ جاتی ہے، گھل مل جاتی ہے۔اسی سے ہے مخالطة :گھل مل جانا۔محبوس : حبس سے مشتق ہے، بندھی ہوئی۔منقار : چونچ۔

**ترجمه**: (۷۴) اور ایسے ہی پھاڑ کھانے والے پرندے کا جوٹھا مکروہ ہے۔

**وجه**: (۱) پھاڑ کھانے والا پرندہ آسمان میں اڑتا ہے اور کہیں بھی پانی میں منہ ڈال دیتا ہے اب اگر اسکے گوشت کے حرام ہونے کی وجہ سے اسکے جوٹھے کو ناپاک قرار دیں تو امت کے لئے اس سے بچنا مشکل ہوگا اور وہ پریشانی میں پھنس جائیں گے، اس ضرورت کے تحت اسکے جوٹھے کو ناپاک قرار نہیں دیا۔لیکن اسکا گوشت حرام ہے اور پہلے گزر چکا ہے کہ جوٹھے کا مدار اسکے گوشت پر ہے اسلئے

ل لانها تأ كل الميتات فاشبه الدجاجة المخلاة، ٢ وعن ابی يوسفؒ انها اذا كانت محبوسة يعلم صاحبها انه لايقدرعلى منقارهاالايكره لوقوع الامن عن المخالطة، واستحسن المشائخ هذه الرواية. (٧٥) وسوء رما يسكن البيوت كالحية، والفارة مكروه ﴾ ل لان حرمة اللحم اوجبت نجاسة السؤر الا انه سقطت النجاسة لعلة الطواف فبقيت الكراهية

---

اسکا جوٹھا ناپاک ہونا چاہئے ،لیکن ضرورت کی وجہ سے اسکے جوٹھے کو مکمل ناپاک کے بجائے مکروہ قرار دیا۔(۲) اثر میں ہے کہ پرندے کی بیٹ ناپاک نہیں ہے کیونکہ اس میں مجبوری ہے ،جب اسکی بیٹ ناپاک نہیں تو اسکا تھوک بدرجہ اولی ناپاک نہیں ہونا چاہئے۔اثر یہ ہے۔عن الحسن قال : سقطت هائمة على الحسن فذرقت عليه فقال له بعض القوم : نأتيك بماء تغسله فقال : لا ، و جعل يمسحه عنه (مصنف ابن ابی شیبۃ ،۱۴۵ الذی یصلی وفی ثوبہ خرء الطیر ،ج اول،ص ۱۱۰،نمبر ۱۲۵۶)اس اثر سے معلوم ہوا کہ پرندے کی بیٹ ناپاک نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ وہ مردہ کھاتا ہے اسلئے وہ کھلی ہوئی مرغی کی طرح ہو گیا۔

**تشریح** : یہ پرندہ مردہ کھاتا ہے اسلئے جس طرح کھلی ہوئی مرغی کے چونچ میں ناپاکی ہونے کے احتمال کے باوجود اسکا جوٹھا مکروہ ہے اسی طرح پھاڑ کھانے والے پرندے کا جھوٹا اس گوشت حرام ہونے کے باوجود مکروہ ہوگا، کیونکہ اس میں مجبوری ہے۔

**ترجمہ** : ٢ اور امام ابو یوسفؒ سے روایت ہے کہ اگر پرندہ محبوس ہو اور اسکا مالک جانتا ہو کہ اسکی چونچ پر گندگی نہیں ہے تو مکروہ بھی نہیں ہے، گندگی سے اختلاط سے مامون ہونے کی وجہ سے ۔اور مشائخ نے اس روایت کو اچھا سمجھا۔

**تشریح** : اس روایت کا مدار اس بات پر ہے کہ پرندے کی چونچ پر نجاست کی گندگی ہو تو پانی ناپاک ہوگا اور گندگی نہ ہو تو ناپاک نہیں ہوگا۔اس روایت کا مدار اس پر نہیں ہے کہ اسکا گوشت حلال ہے یا حرام، کیونکہ اگر اس پر ہوتا تو اسکا گوشت حرام تھا اسلئے اسکا جوٹھا ناپاک ہونا چاہئے اب عبارت کا مطلب یہ ہے کہ پرندہ اس طرح مقید ہو کہ اسکا مالک جانتا ہو کہ اسکی چونچ پر گندگی نہیں ہے تو اسکا جوٹھا مکروہ بھی نہیں ہے۔کیونکہ اس بات سے امن ہے کہ اسکی چونچ پر نجاست کی گندگی نہیں ہے۔اور چونکہ امت کے لئے مجبوری ہے اسلئے مشائخ نے اس روایت کو اچھا سمجھا۔

**ترجمہ**: (۷۵) اور جو جانور گھروں میں ٹھہرتے ہیں، جیسے سانپ اور چوہا اسکا جوٹھا مکروہ ہے۔

**ترجمہ** : ل اسلئے کہ گوشت کا حرام ہونا واجب کرتا ہے جوٹھے کی نجاست کو مگر یہ کہ بار بار آنے کی علت کی وجہ سے ناپاکی ساقط ہوگئی اسلئے کراہیت باقی رہی۔

**تشریح** : گھر میں رہنے والے جانور جیسے سانپ اور چوہا وغیرہ کا جوٹھا مکروہ ہے۔اسکی وجہ یہ کہ ان جانوروں کا گوشت حرام

**۲ والتنبیه علی العلة فی الهرة. (۷۶) وسور الحمار والبغل مشکوک فیه ﴾**

ہے اسلئے اسکا جوٹھا ناپاک ہونا چاہئے ،لیکن یہ جانور گھر ہی میں رہتے ہیں اسلئے ناپاک قرار دینے سے حرج لازم آئیگا اسلئے حرام کے بجائے مکروہ قرار دیا۔ بلی بار بار گھر میں آتی ہے جسکی وجہ سے اسکا جوٹھا مکروہ قرار دیا اسکے لئے حدیث گزر چکی ہے۔ حدیث یہ ہے۔ عن کبشة بنت کعب بن مالک. ان ابا قتادة دخل علیها قالت فسکبت له وضوءا قالت فجائت هرة تشرب فأصغی لها الاناء حتی شربت ، قالت کبشة فرأنی انظر الیه فقال أ تعجبین یا ابنة اخی ؟ فقلت نعم ،قال ان رسول الله ﷺ قال انها لیست بنجس انما هی من الطوافین علیکم والطوافات (ترمذی شریف، باب ماجاء فی سور الهرة ص ۲۷ نمبر ۹۲ رابوداؤد شریف، باب سؤر الهرة، ص ۱۲، نمبر ۷۵) اس حدیث میں ہے کہ چونکہ بلی بار بار گھر میں آتی ہے اسلئے اسکے جوٹھے کو ناپاک کے بجائے مکروہ قرار دیا اسی طرح ان جانوروں کے جوٹھے کو بھی مکروہ قرار دیا جائے گا۔

**اصول**: مجبوری جہاں ہو وہاں سہولت ہو جاتی ہے۔

**ترجمہ**: ۲ علت اور وجہ پر تنبیہ بلی کے مسئلے میں ہو چکی ہے۔

**تشریح**: بلی کے مسئلے میں گزر چکا ہے کہ بار بار گھر میں آنے کی وجہ سے ناپاک کرنے کے بجائے مکروہ قرار دیا۔ یہ حدیث ابھی اوپر گزری۔

**لغت**: الدجاجة: مرغی۔ المخلاة: جو کھلی پھرتی ہو۔ سباع الطیور: وہ پرندے جو شکار کر کے کھاتے ہیں۔ الحیة: سانپ۔ الفارة: چوہا۔

**ترجمہ**: (۷۶) گدھے کا جوٹھا اور خچر کا جوٹھا مشکوک ہے۔

**وجہ**: مشکوک ہونے کی وجہ یہ ہے کہ گدھے کے گوشت اور پسینے کے سلسلے میں دونوں قسم کے دلائل ہیں۔ آپ ؐنے گدھے کا گوشت کھانے سے منع فرمایا۔ اور جب گوشت حلال نہیں ہوگا تو اس کا نکلا ہوا تھوک بھی نجس ہوگا۔ اس اعتبار سے گدھے کا جوٹھا ناپاک ہونا چاہئے۔ لیکن آپ گدھے پر سوار ہوئے ہیں جس کی وجہ سے آپ ؐکے کپڑے پر گدھے کا پسینہ لگا ہوگا اور پسینہ گوشت سے نکلتا ہے اور پسینے کا حکم بھی وہی ہے جو تھوک کا حکم ہے۔ اس لئے اگر پسینہ لگنے سے کپڑا نہیں دھویا اور پسینہ پاک ہے تو اس اعتبار سے تھوک بھی پاک ہونا چاہئے۔ تو

گویا کہ گدھے کے تھوک کے سلسلے میں دونوں قسم کے دلائل ہیں اس لئے گدھے کا جوٹھا مشکوک ہے۔ نجس ہونے کی دلیل یہ ہے عن جابر بن عبد الله قال نهی رسول الله ﷺ یوم خیبر عن لحوم الحمر ورخص فی الخیل (بخاری شریف، باب غزوۃ خیبر ج ثانی ص ۶۰۶ نمبر ۴۲۱۹ رمسلم شریف، باب تحریم أکل لحم الحمر الانسیة، ص ۸۶۶ نمبر ۱۹۳۶ / ۵۰۰۵) جب گوشت حلال

لے قیل الشک فی طھارتہ لانہ لو کان طاھر ا لکان طھوراًمالم یغلب اللعاب علی الماء،

---

نہیں تو تھوک بھی پاک نہیں ہوگا۔((۲)اثر میں ہے کہ گدھے کا جوٹھا مکروہ ہے۔عن ابن عمر أنہ کان یکرہ سئور الحمار ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ،۳۱فی الوضوء بسور الحمار والکلب من کرھہ، ج اول، ص ۳۵نمبر ۳۰۴)اس اثر میں ہے کہ گدھے کا جوٹھا مکروہ ہے۔

(۲) اورتھوک پاک ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے .عن معاذ قال کنت ردف النبی ﷺ علی حمار یقال لہ عفیر. (بخاری شریف، باب اسم الفرس والحمار ص ۴۰۰ نمبر ۲۸۵۶) آپ گدھے پر سوار ہوئے تو کپڑے پر پسینہ لگا ہوگا اور پسینہ پاک ہے تو تھوک بھی پاک ہونا چاہئے۔(۲)حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ اصل کے اعتبار سے گدھے کا گوشت ابھی بھی حلال ہے۔حدیث یہ ہے عن غالب ابن ابجر قال اصابتنا سنۃ فلم یکن فی مالی شیء أطعم اھلی الا شیء من حمر و قد کان النبی ﷺ حرم لحوم الحمر الاھلیۃ .....فقال : أطعم اھلک من سمین حمرک فانما حرمتھا من اجل جوال القریۃ ،یعنی الجلالۃ (ابوداود شریف، باب فی اکل لحوم الحمر الاھلیۃ، ص ۵۴۳ نمبر) اس حدیث میں ہے کہ گدھے کا گوشت حلال ہے۔اور جب گوشت حلال ہوگا تو اسکا پسینہ اور جوٹھا بھی پاک ہوگا۔(۳) گدھے کے جوٹھے کے پاک ہونے کی دلیل یہ اثر ہے۔ عن عطاء أنہ کان لا یری بأسا بسور الحمار ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ،۳۲من قال لابأس بسور الحمار، ج اول، ص ۳۵ نمبر ۳۱۲)اس اثر میں گدھے کے جوٹھے کو تقریبا پاک کہا ہے۔ان دونوں قسم کے دلائل کی وجہ سے گدھے کا جوٹھا مشکوک ہے۔

**فائدہ**: امام شافعیؒ کے نزدیک پچھلے دلائل کی وجہ سے گدھے کا جوٹھا پاک ہے۔موسوعۃ میں عبارت یہ ہے۔ قال: و لیس فی حی من بنی آدم ، ولا البھائم نجاسۃ الا فی ان یماس نجاسۃ ، و کل ما ادخل فیہ آدمی ، مسلم أو کافر یدہ أو شربت منہ دابۃ ما کانت ، فلیس ینجس الا دابتان : الکلب ، و الخنزیر ۔(موسوعۃ، ماینجس الماء مما خالطہ، ج اول ص ۲۵ نمبر ۶۴) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ امام شافعیؒ کے نزدیک صرف دو جانور، یعنی کتا اور سور کا جوٹھا ناپاک ہے باقی کا نہیں۔

**ترجمہ**: لے کہا گیا ہے کہ شک اسکے پاک ہونے میں ہے اسلئے کہ اگر پاک ہوتا تو پاک کرنے والا بھی ہوتا، جب تک پانی پر لعاب غالب نہ ہو جائے۔

**تشریح** : شک گدھے کے جوٹے کے پاک ہونے میں ہے یا خود تو پاک ہے لیکن دوسرے کو پاک کرنے میں ہے۔تو فرماتے ہیں کہ بعض حضرات نے فرمایا کہ شک خود اسکے جوٹھے کے پاک ہونے میں ہے، یعنی جوٹھا خود پاک نہیں ہے، کیونکہ اگر وہ پاک ہوتا

۲؎ وقيل الشک فی طهوريته لانه لووجد الماء لايجب عليه غسل رأسه ۳؎ وكذالبنه طاهر ۴؎ وعرقه لا يمنع جواز الصلاة و ان فحش فكذا سوره، وهو الاصح،

---

تو دوسروں کوبھی پاک کرتا۔ جب تک کہ لعاب پانی پر غالب نہ ہوجائے، کیونکہ پانی پرلعاب غالب ہوجائے تو سب کے نزدیک اس سے طھارت نہیں ہوگی۔

**ترجمہ** : ۲؎ اور کہا گیا ہے کہ شک دوسری چیز کو پاک کرنے میں ہے۔ اسلئے کہ مشکوک پانی سے مسح کرنے کے بعد اگر پانی پائے تو اس پر سر دھونا واجب نہیں۔

**تشریح** : بعض حضرات نے فرمایا کہ گدھے کا جوٹھا خود تو پاک ہے لیکن دوسری چیز کو پاک کر سکے گا یا نہیں اس میں شک ہے۔ کیونکہ کسی آدمی نے گدھے کے جوٹھے سے سر پر مسح کیا بعد میں اچھا پانی مل گیا تو سر کو دوبارہ دھونا واجب نہیں ہے اگر گدھے کے جوٹھے پانی کے پاک ہونے میں شک ہوتا تو سر کو دوبارہ پاک پانی سے دھونا چاہئے، کیونکہ اسکا سر مشکوک ہو چکا ہے، لیکن دوبارہ دھونے کی ضرورت نہیں اس سے معلوم ہوا کہ خود پانی کے پاک ہونے میں شک نہیں ہے بلکہ دوسرے کو پاک کرنے میں شک ہے۔

**ترجمہ**: ۳؎ ایسے ہی اسکا دودھ پاک ہے۔

**وجہ** : یعنی گدھی کا دودھ پاک ہے، اسلئے کہ اسکا گوشت اصل کے اعتبار سے پاک ہے، اسکے گوشت کو جو حرام کیا وہ اسلئے کہ جہاد کے سامان اٹھانے میں جانور کی کمی نہ ہوجائے۔ اسلئے جب اصل کے اعتبار سے گوشت پاک ہے تو اسکا دودھ بھی پاک ہوگا۔ یعنی اگر اسکا دودھ کپڑے میں لگ جائے تو کپڑا ناپاک نہیں ہوگا۔ اصل کے اعتبار سکا گوشت پاک ہے اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن انس بن مالک أن رسول الله ﷺ جاءه جاء فقال أكلت الحمر ، ثم جاءه جاء فقال اكلت الحمر ، ثم جاءه جاء فقال أفنيت الحمر فأمر منادیا فنادی فی الناس : ان الله و رسوله ينهيانكم عن لحوم الحمر الاهلية فانها رجس . (بخاری شریف، باب لحوم الحمر الانسیۃ، ص ۹۸۳ نمبر ۵۵۲۸ مسلم شریف، باب تحریماً کل لحم الحمر الانسیۃ، ص ۸۶۸ نمبر ۵۰۲۱/۱۹۴۰) اس حدیث میں ہے کہ جہاد کا جانور نہ ختم ہوجائے اسلئے گدھے کے گوشت کو حرام کیا، اسلئے اصل کے اعتبار سے گدھے کا گوشت حلال ہے اسلئے اسکا دودھ بھی پاک ہونا چاہئے۔ البتہ اس سے چائے بنا کر پینے میں مشکوک ہوگا۔

**ترجمہ** : ۴؎ اور گدھے کا پسینہ نماز کے جائز ہونے کو نہیں روکتا اگر چہ بہت زیادہ ہو۔ تو ایسے ہی اسکا جوٹھا بھی ہوگا، صحیح روایت یہی ہے۔

**تشریح** : چونکہ گدھے کا گوشت اصل کے اعتبار سے حلال ہے اسلئے اسکا پسینہ بھی پاک ہے، اسلئے اگر اسکا پسینہ بہت زیادہ کپڑے میں لگ جائے پھر بھی اس میں نماز جائز ہوگی، چنانچہ اوپر حدیث گزری کہ حضور گدھے پر سوار ہوتے تھے اور اسکا پسینہ بھی

۵ و یروی نص محمد علی طهارته، ٦ وسبب الشک تعارض الادلة فی اباحته وحرمته، او اختلاف الصحابة عنهم فی نجاسته و طهارته، ۷ وعن ابی حنیفةؒ انه نجس ترجیحا للحرمة و النجاسة، ۸ والبغل من نسل الحمار فیکون بمنزلته

---

کپڑے میں لگتا تھا پھر بھی آپؐ اس کپڑے میں نماز پڑھتے تھے۔ اور جب اسکا پسینہ پاک ہے تو اسکا جوٹھا بھی پاک ہوگا کیونکہ اسکا جوٹھا بھی گوشت سے ہی نکلتا ہے۔ اسلئے اسکا جوٹھا پاک ہے البتہ دوسرے کو پاک کرسکتا ہے یا نہیں اس میں شک ہے ۔ یہ عبارت اس بات کی تائید میں ہے کہ جوٹھا پاک ہے البتہ دوسرے کو پاک کرنے میں شک ہے۔

**ترجمہ** : ۵ اور روایت کی ہے کہ امام محمدؒ نے اسکے پاک ہونے کی تصریح ہے۔ اگر ان سے پاک ہونے کی تصریح ہے تو اسکا مطلب یہ ہوا کہ اسکا جوٹھا پاک ہے البتہ دوسرے کو پاک کرنے میں شک رہے گا۔

**ترجمہ** : ٦ اور شک کا سبب اسکے مباح ہونے اور اسکے حرام ہونے میں دلائل کا تعارض ہے، یا اسکے بارے میں صحابہ کا اختلاف ہے اسکے ناپاک اور اسکے پاک ہونے کے سلسلے میں۔

**تشریح** : گدھے کا جوٹھا مشکوک ہے اسکی وجہ، یا تو یہ ہے کہ حدیث سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اسکا گوشت حلال ہے، اور یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ اسکا گوشت حلال نہیں ہے، چونکہ دلائل دونوں طرح کے ہیں اسلئے اسکا جوٹھا مشکوک ہوگیا، اسی طرح صحابہ میں اختلاف ہے کسی نے فرمایا کہ اسکا جوٹھا پاک ہے اور کسی نے فرمایا کہ اسکا جوٹھا ناپاک ہے۔ اسلئے یہ مشکوک ہوگیا۔ اوپر دونوں قسم کے دلائل گزر گئے۔ دیکھ لیں۔

**ترجمہ**: ۷ امام ابوحنیفہ سے منقول ہے کہ گدھے کا جوٹھا نجس ہے حرمت اور نجاست کو ترجیح دینے کے لئے۔

**تشریح** : امام ابوحنیفہؒ بہت محتاط آدمی تھے اسلئے انکا قاعدہ یہ ہے کہ حرمت اور اباحت میں تعارض ہو تو حرمت کو ترجیح ہوگی اسی طرح پاکی اور ناپاکی میں تعارض ہو تو ناپاکی کو ترجیح ہوگی، اس قاعدے کی بنیاد پر گدھے کے جوٹھے میں حرمت اور نجاست کو ترجیح ہوگی۔ اسکے لئے اثر اور عبارت یہ ہے۔ عن ابراهیم قال لا خیر فی سور البغل و الحمار ، و لا یتوضأ أحد بسور البغل و الحمار ، و یتوضأ من سور الفرس و البرذون ، و الشاة و البعیر . قال محمدؒ و هو قول أبی حنیفة ، و به نأخذ (کتاب الآثار لامام محمد، باب ما یجزی ء فی الوضوء من سور الفرس والبغل والحمار والسنور، ص ۲، نمبر ۷) اس اثر میں ہے کہ گدھے کے جوٹھے میں خیر نہیں ہے یعنی ناپاک ہے۔

**ترجمہ**: ۸ اور خچر گدھے کی نسل سے ہے اسلئے اسکا حکم بھی گدھے کے درجے میں ہے، یعنی مشکوک ہے

**وجہ** : (۱) جس خچر کی ماں گدھی ہو اور باپ گھوڑا ہو اس خچر کا حکم اسکی ماں کی طرح ہے یعنی اسکا جوٹھا مشکوک ہے کیونکہ

(۷۷) فان لم تجد غیرهما یتوضأ بهما و یتیمم، و یجوز ایهما قدم ﴾ ل وقال زفرؒ لا یجوز الا ان یقدم الوضوء لانه ماء واجب الاستعمال فاشبه الماء المطلق ۲ ولنا ان المطهر احدهما فیفید الجمع دون الترتیب،

جانور منسوب ماں کی طرف ہوتا ہے اسلئے ماں کے جوٹھے کی طرح مشکوک ہوگا۔(۲) حدیث میں ہے کہ خچر کا گوشت گدھے کی طرح مکروہ ہے، حدیث یہ ہے عن جابر بن عبد اللہ قال : ذبحنا یوم خیبر الخیل و البغال و الحمیر ، فنھانا رسول اللہ ﷺ عن البغال و الحمیر ، و لم ینھنا عن الخیل ۔(ابو داود شریف، باب فی اکل لحوم الخیل، ص ۵۴۱ نمبر ۳۷۸۹) اس حدیث میں ہے کہ خچر کا گوشت گدھے کی طرح ممنوع ہے۔(۳) اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ عن حماد قال : البغل من الحمار (مصنف ابن ابی شیبۃ نمبر ۳۰۸)(۴) دوسری روایت میں ہے۔ عن ابراھیم قال : کان یکرہ سئور البغل ، و الحمار ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، ۳۱ فی الوضوء بسور الحمار و الکلب من کرھہ، ج اول، ص ۳۵ نمبر ۳۰۷) اس اثر سے معلوم ہوا کہ گدھے اور خچر کا حکم ایک ہے ۔

**ترجمہ**: (۷۷) پس اگر ان دونوں پانی کے علاوہ نہ پائے تو ان دونوں سے وضو کرے اور تیمّم بھی کرے۔ اور جائز ہے کہ کسی ایک کو مقدم کر لے۔

**تشریح** : کسی کے پاس پاک پانی نہیں ہے صرف گدھے یا خچر کا جوٹھا ہے جسکو مشکوک پانی کہتے ہیں، تو چونکہ وہ پاک بھی اور پاک نہیں بھی ہے اسلئے پاک ہونے کی حیثیت سے اس سے وضو کرے گا اور ہوسکتا ہو کہ ناپاک ہو اسلئے اسکے بعد تیمّم بھی کر لے تا کہ دونوں پر عمل ہو جائے ۔ اسکی گنجائش ہے کہ چاہے پہلے تیمّم کرے بعد میں وضو کرے اور اسکی بھی گنجائش ہے کہ پہلے وضو کرے اور بعد میں تیمّم کرلے۔ اسلئے کہ اس وقت دونوں میں سے ایک پاک کرنے والی چیز ہے اسلئے دونوں کو کر لینا کافی ہے۔ کون مقدم ہو اور کون موخر ہو اسکی خاص ضرورت نہیں ہے

**ترجمہ**: ل اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ نہیں جائز ہے مگر یہ کہ وضو کو مقدم کرے، اسلئے کہ یہ ایسا پانی ہے کہ اسکا استعمال کرنا واجب ہے اسلئے یہ مطلق پانی کے مشابہ ہو گیا۔

**تشریح** : امام زفرؒ کے یہاں یہ کہ گدھے کا جوٹھا ہو تو پہلے اس سے وضو کرے بعد میں تیمّم کرے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ یہ بہر حال پانی ہے اور مٹی پر اسکی فضیلت ہے اسلئے اسکو پہلے استعمال کرے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ اس پانی کو استعمال کرنا ضروری ہے اسکے ہوتے ہوئے صرف تیمّم نہیں کرسکتا اسلئے یہ مطلق پانی کی طرح ہو گیا اس لئے اسکو پہلے استعمال کرے۔

**ترجمہ**: ۲ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ عضو کو پاک کرنے والی دونوں میں سے ایک چیز ہے اسلئے دونوں کو جمع کا فائدہ دیا نہ کہ

۳ وسوء ر الفرس طاهر عندهما لان لحمه ماكول، و كذا عنده فى الصحيح لان الكراهة لاظهار شرفه (۸۷) فان لم يجد الانبيذ التمر قال ابوحنيفة يتوضأبه و لا يتيمم ﴿ ۱ الحديث ليلة الجن فان النبى عليه السلام توضأ به حين لم يجد الماء

ترتیب کا۔

**تشریح** : یعنی دونوں کو کر لینا ہے چاہے جسکو مقدم کرے۔ ترتیب سے کرنا ضروری نہیں ہے

**ترجمه** : ۳ اور گھوڑا کا جوٹھا پاک ہے صاحبینؒ کے نزدیک اسلئے کہ اسکا گوشت کھایا جا سکتا ہے اور یہی روایت امام ابو حنیفہؒ سے ہے صحیح روایت میں اسلئے کہ کراہیت اسکی فضیلت اور شرف کو ظاہر کرنے کے لئے ہے۔

وجہ: صحیح روایت یہ ہے کہ تینوں اماموں کے نزدیک گھوڑے کا جوٹھا پاک ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ اسکا گوشت حلال ہے۔ حدیث یہ ہے ۔عن جابر بن عبد الله قال : نهى النبى ﷺ يوم خيبر عن لحوم الحمر و رخص فى لحوم الخيل ۔(بخاری شریف، باب لحوم الخیل، ص ۹۸۳، نمبر ۵۵۲۰ رمسلم شریف، نمبر ۵۰۲۲ ر ابو داود شریف، باب فی اکل لحوم الخیل، ص ۵۴۰ نمبر ۳۷۸۸ ) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ گھوڑے کا گوشت حلال ہے اسلئے اسکا جوٹھا پاک ہونا چاہئے لیکن امام ابو حنیفہؒ کی دوسری روایت میں ہے کہ گھوڑے کا جوٹھا مکروہ ہے اسکی وجہ یہ حدیث ہے عن خالد ابن الوليد ،أن رسول الله ﷺ نهى عن اكل لحوم الخيل و البغال و الحمير ۔(ابو داود شریف، باب فی أکل لحوم الخیل، ص ۵۴۱ نمبر ۳۷۹۰) اس حدیث میں ہے کہ گھوڑے کے گوشت سے منع فرمایا، جسکا مطلب یہ ہوگا کہ وہ حلال نہیں ہے، اور جب گوشت حلال نہیں ہے تو اسکا جوٹھا بھی مکروہ ہوگا ناپاک نہیں ہوگا کیونکہ گوشت کھانے سے ممانعت اسکی شرف اور فضیلت کی بنا پر ہے کیونکہ وہ جہاد میں کام آتا ہے۔

**ترجمه**: (۸۷) پس اگر پانی نہ ملے سوائے نبیذ تمر کے تو امام ابو حنیفہؒ نے فرمایا کہ اس سے وضو کرے اور تیمم نہ کرے۔

**تشریح** : نبیذ کی تین قسمیں ہیں اور ہر ایک کا حکم الگ الگ ہے۔ (۱) پانی میں کھجور ڈال دے اور اتنی دیر چھوڑ دے کہ اس میں مٹھاس آجائے اور پانی کی طرح رقت اور سیلان باقی رہے تو اسکو نبیذ تمر کہتے ہیں۔ اس سے وضو کرنا جائز ہے یا نہیں اس بارے میں اختلاف ہے۔ (۲) دوسری قسم یہ ہے کہ۔ اتنا گاڑھی ہوگئی ہے کہ رقت اور سیلان ختم ہو گیا ہو تو بالاتفاق اس سے وضو کرنا جائز نہیں ہے چاہے اسکا پینا جائز ہو (۳) اور تیسری قسم یہ ہے کہ۔ اس میں نشہ آگیا ہو تو اسکو پینا بھی جائز نہیں ہے، شراب کی طرح اسکا پینا حرام ہوگا۔

**وجه** : (۱) لیلۃ الجن کے بارے میں حدیث میں اضطراب ہے کسی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود لیلۃ الجن میں حضورؐ کے ساتھ تھے اسلئے امام ابو حنیفہؒ نے فرمایا کہ اس سے وضو کرنا جائز ہے۔ اور کسی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ نہیں

**۲ وقال ابویوسف یتیمم ولایتوضأبه، وهو روایة عن ابی حنیفةؒ، و به قال الشافعیؒ عملا بآیة التیمم لانها اقوی، او هو منسوخ بها لانها مدنیة و لیلة الجنة کانت بمکة**

تھے اسلئے امام محمدؒ امام ابو یوسفؒ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ نبیذ تمر سے وضو نہ کرے ۔امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے

**وجہ** : (۱) لیلۃ الجن کی حدیث کی بناپر، اسلئے کہ حضورؐ نے نبیذ تمر سے وضوفرمایا ہے جب پانی نہیں پایا۔حدیث یہ ہے۔عن عبد الله بن مسعود قال : سألنی رسول الله ﷺ : ما فی اداوتک ؟ فقلت نبیذ ، فقال : تمرة طیبة و ماء طهور ، قال : فتوضاء منه ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی الوضوء بالنبیذ، ۲۵ نمبر ۸۸)(۲)عن عبد الله بن مسعود ان النبی ﷺ قال له لیلة الجن: ما فی اداوتک ؟ قال نبیذ .قال تمرة طیبة و ماء طهور ۔(ابوداؤد شریف، باب الوضوء بالنبیذ، ص ۱۳ نمبر ۸۴/ابن ماجۃ، باب الوضوء بالنبیذ، ص ۷۵ نمبر ۳۸۴/مسند احمد شریف، مسند عبداللہ بن مسعود، ج اول ص ۶۶۳ نمبر ۴۸۰۰)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ لیلۃ الجن میں حضورؐ کے ساتھ تھے،اور یہ بھی معلوم ہوا کہ نبیذ تمر سے وضو کرنا جائز ہے۔ اسی کو امام ابوحنیفہؒ نے لیا ہے۔(۳) لیکن یہ بھی یاد رہے کہ پانی موجود ہو تو نبیذ سے وضو کرنا جائز نہیں یہ اس وقت جائز ہے جب مطلق پانی موجود نہ ہو۔اسکے لئے حدیث یہ ہے۔عن ابن عباس قال : قال رسول الله ﷺ : النبیذ وضوء لمن لم یجد الماء ۔(دار قطنی، باب الوضوء بالنبیذ، ج اول، ص ۷۶ نمبر ۲۳۱/سنن للبیہقی، باب منع التطهیر بالنبیذ، ج اول، ص ۱۹، نمبر ۳۱)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نبیذ تمر سے اس وقت وضو کرے جب مطلق پانی نہ ہو۔لیکن دوسری حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ لیلۃ الجن میں حضورؐ کے ساتھ نہیں تھے۔حدیث یہ ہے سألت علقمة هل کان ابن مسعود شهد مع رسول الله ﷺ لیلة لجن؟ قال فقال علقمة أنا سألت ابن مسعود دقلت هل شهد احد منکم مع رسول الله ﷺ لیلة الجن ؟ قال : لا و لکنا کنا مع رسول الله ذات لیلة ففقدناه ،الخ . (مسلم شریف، باب الجهر بالقراءة فی الصبح والقراءة علی الجن، ص ۱۸۴ نمبر ۴۵۰/۱۰۰۷/ابوداؤد شریف، باب الوضوء بالنبیذ، ص ۱۳، نمبر ۸۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ لیلۃ الجن میں حضورؐ کے ساتھ کوئی نہیں تھا۔اسلئے دونوں حدیثوں میں اضطراب ہوگیا۔اسلئے امام شافعیؒ امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ اس بات کے طرف گئے ہیں کہ نبیذ تمر سے وضو نہ کرے ۔

**ترجمہ** : ۲ اور امام ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ تیمّم کرے اور اس سے وضو نہ کرے، یہی ایک روایت امام ابوحنیفہؒ سے ہے اور یہی امام شافعیؒ نے بھی فرمایا تیمّم کی آیت پر عمل کرتے ہوئے، اسلئے کہ تیمّم کی آیت حدیث سے زیادہ قوی ہے۔ یا حدیث آیت سے منسوخ ہے اسلئے کہ آیت مدنی ہے اور حدیث مکی ہے۔

**تشریح** : امام ابو یوسفؒ اور امام شافعیؒ اور امام ابوحنیفہؒ کی بھی ایک روایت یہی ہے کہ صرف نبیذ تمر ہو تو اس وقت تیمّم کرے اس سے وضو نہ کرے۔

۳؎ وقال محمد يتوضأ به و يتيمم لان فی الحديث اضطرابا و فی التاريخ جهالة فوجب الجمع احتياطا ۴؎ قلنا ليلة الجن كانت غير واحدة فلا يصح دعوی النسخ

**وجہ** : اور اسکی دو وجہ بیان فرماتے ہیں (۱) ایک تو یہ کہ آیت تیمّم آیت ہے اسلئے وہ حدیث سے زیادہ مضبوط ہے، اور آیت میں یہ ہے کہ پانی نہ ملے تو تیمّم کرو. فلم تجدوا ماء فتيمموا صعيدا طيباً. (آیت ۶، سورۃ المائدۃ مدنیۃ ۵) اور یہاں تو مطلق پانی نہیں ہے، نبیذ تمر ہے اسلئے تیمّم کرنا چاہئے۔ خصوصا جب حدیث میں اضطراب ہو تو آیت کے مقابلے میں حدیث اور بھی کمزور ہو جاتی ہے اسلئے اسکو تیمّم کرنا چاہئے۔ (۲) اور دوسری دلیل یہ ہے کہ آیت تیمّم مدنی ہے اور حدیث مکی ہے اسلئے ممکن ہے کہ حدیث آیت کی وجہ سے منسوخ ہو چکی ہو۔ حدیث مکی ہے اسکی تصریح اس طرح ہے۔ سألت علقمة هل كان ابن مسعود شهد مع رسول الله ﷺ ليلة لجن؟ قال فقال علقمة أنا سألت ابن مسعود وقلت هل شهد احد منكم مع رسول الله ﷺ ليلة الجن ؟ قال : لا و لكنا كنا مع رسول الله ذات ليلة ففقدناه .....فلما أصبحنا اذ هو جاء من قبل حراء، الخ . (مسلم شریف، باب الجهر بالقراءة فی الصبح والقراءة علی الجن، ص ۱۸۴ نمبر ۴۵۰ / ۱۰۰۷) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ حراء کی جانب سے تشریف لائے جو مکہ مکرمہ میں ہے جس سے معلوم ہوا کہ حدیث مکی ہے۔ مسند احمد میں تصریح ہے کہ یہ واقعہ مکہ مکرمہ میں پیش آیا۔ حدیث کا ٹکڑا یہ ہے عن عبد الله بن مسعود قال : بينما نحن مع رسول الله ﷺ بمكة و هو فی نفر من اصحابه اذ قال .الخ ۔ (مسند احمد، مسند عبد اللہ بن مسعود، ج ثانی، ص ۴۴ نمبر ۴۳۶۸) اس حدیث میں بھی مکہ مکرمہ کی تصریح ہے اسلئے حدیث مکی ہے اور آیت سے منسوخ ہو سکتی ہے۔ (۳) اثر میں ہے کہ نبیذ سے وضو کرنا مکروہ ہے۔ اثر یہ ہے۔ عن عطاء قال : انه كره الوضوء باللبن و النبيذ ، و قال ان التيمم أعجب الی منه . (ابو داود شریف، باب الوضوء بالنبیذ، ص ۱۳، نمبر ۸۶ / مصنف عبد الرزاق، باب الوضوء بالنبیذ، ج اول، ص ۷۹ نمبر ۶۹۴) اس اثر سے معلوم ہوا کہ نبیذ سے وضو کرنا اچھا نہیں ہے۔

**ترجمہ** : ۳؎ اور امام محمدؒ نے فرمایا نبیذ تمر سے وضو کرے اور تیمّم بھی کرے۔ اسلئے کہ حدیث میں اضطراب ہے اور اور تاریخ میں جہالت ہے اسلئے احتیاطا دونوں کو جمع کرنا واجب ہے۔ وجہ: امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ دونوں کو جمع کرے یعنی نبیذ سے وضو بھی کرے اور تیمّم بھی کر لے۔ اسکی وجہ وہ یہ فرماتے ہیں کہ (۱) حدیث میں اضطراب ہے جیسا کہ پہلے گزر چکا۔ (۲) اور دوسری وجہ وہ یہ فرماتے ہیں کہ لیلۃ الجن کا واقعہ کب پیش آیا اس میں جہالت ہے اسلئے احتیاطا جمع کرنا بہتر ہے۔

**ترجمہ** : ۴؎ ہم یہ کہتے ہیں کہ لیلۃ الجن کا واقعہ کئی مرتبہ پیش آیا ہے اسلئے آیت تیمّم مدنی سے منسوخ ہونے کا دعوی صحیح نہیں ہے۔

**تشریح** : حضرت امام ابو یوسف نے فرمایا تھا کہ حدیث نبیذ آیت تیمّم سے منسوخ ہے کیونکہ آیت تیمّم مدنی ہے اور حدیث میں

تصریح ہے کہ وہ مکی ہے۔ یہاں سے اسکا جواب دے رہے ہیں کہ لیلۃ الجن کا واقعہ مدینے میں بھی پیش آیا ہے کیونکہ حدیث کو دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ واقعہ چھ مرتبہ پیش آیا ہے۔ اسلئے ہوسکتا ہے کہ آیت تیمّم جو مدنی ہے اسکے بعد مدینے میں لیلۃ الجن کا واقعہ پیش آیا ہو اور آیت تیمّم کے بعد نبیذ سے وضو کرنے کی اجازت ہوئی ہو۔ اسلئے امام ابو یوسف کا منسوخ ہونے کا دعوی صحیح نہیں ہے۔

﴿واقعات جن یہ ہیں﴾

(۱) یہ واقعہ مکہ مکرمہ میں پیش آیا جس میں حضرت عبد اللہ بن مسعود حضورؐ کے ساتھ نہیں تھے۔ اور نبیذ کا مسئلہ بھی پیش نہیں آیا۔ حدیث یہ ہے۔ **فقال علقمة أنا سألت ابن مسعو فقلت هل شهد احد منكم مع رسول الله ﷺ ليلة الجن ؟ قال : لا و لكنا كنا مع رسول الله ذات ليلة ففقدناه ..... فلما أصبحنا اذ هو جاء من قبل حراء..... أتاني داعي الجن فذهبت معه .الخ** (مسلم شریف، باب الجهر بالقراءة فی الصبح والقراءة علی الجن، ص ۱۸۴ نمبر ۴۵۰/۱۰۰۷) اس حدیث میں نبیذ تمر کا تذکرہ نہیں ہے۔

(۲) یہ واقعہ مکہ مکرمہ میں پیش آیا، اور حضرت عبد اللہ بن مسعود حضورؐ کے ساتھ تھے اور نبیذ کا مسئلہ بھی پیش آیا۔ حدیث یہ ہے . **عن عبد الله بن مسعود قال : بينما نحن مع رسول الله ﷺ بمكة و هو فى نفر من اصحابه اذ قال .....فقال رسول الله ﷺ تمرة طيبة و ماء طهور .الخ** ۔ (مسند احمد، مسند عبد اللہ بن مسعود، ج ثانی، ص ۴۴ نمبر ۴۳۶۸)

(۳) یہ واقعہ بھی مکہ مکرمہ میں مقام نخلہ کے پاس پیش آیا جس میں سورہ جن نازل ہوئی اور نبیذ کا مسئلہ پیش نہیں آیا۔ اس میں کچھ صحابہ آپکے ساتھ ہیں۔ حدیث کی روایت حضرت ابن عباسؓ سے ہے۔ **عن ابن عباسؓ قال انطلق النبى ﷺ فى طائفة من اصحابه عامدين الى سوق عكاظ و قد حيل بين الشياطين و بين خبر السماء ، ....فانصرف أوليك الذين توجهوا نحو تهامة الى النبى ﷺ وهو بنخلة عامدين الى سوق عكاظ و هو يصلى بأصحابه صلاة الفجر .** ( بخاری شریف، باب الجهر بقراءة صلاة الصبح، ص ۱۰۱ نمبر ۷۷۳ رمسلم شریف، باب الجهر بالقراءة فی الصبح والقرءة علی الجن، ص ۱۸۴ نمبر ۴۴۹/۱۰۰۶ )

(۴) یہ واقعہ مدینہ طیبہ میں بقیع الغرقد کے پاس پیش آیا اس میں عبد اللہ بن مسعود حضورؐ کے ساتھ تھے، اور نبیذ کا تذکرہ نہیں ہے ۔ حدیث یہ ہے۔ **أتيت عبد الله بن مسعود ...قال ان اهل الصفة أخذ كل رجل منهم رجلا يعشيه الا انا ....فخرج رسول الله ﷺ ...فانطلقنا حتى أتينا بقيع الغرقد فخط بعصاه خطة** ۔ (کتاب دلائل النبوۃ لابی نعیم ۔ نصب الرایۃ فصل فی الآثار)

۵ و الحديث مشهور عملت به الصحابة و بمثله يزاد على الكتاب، ٦ واما الاغتسال به فقد قيل يجوز عنده اعتبارا ً بالوضوء، و قيل لا يجوز لانه فوقه ۷ و النبيذ المختلف فيه ان يكون حلو ا رقيقا ً يسيل على الاعضاء كالماء، و ما اشتد منها صار حراما لا يجوز التوضى به

---

(۵) اس واقعے میں حضرت بن العوام حضورؐ کے ساتھ ہیں۔ اور مدینہ طیبہ میں ارض براز یعنی کھلی جگہ میں پیش آیا۔ اس میں بھی نبیذ کا تذکرہ نہیں ہے۔ حدیث یہ ہے۔ حدثنی الزبیر بن العوام قال : صلی بنا رسول الله ﷺ صلاة الصبح فی مسجدالمدينة فلما انصرف قال ايكم يتبعنى الى وفد الجن الليلةفاسكت القوم ثلاثا ، فمر بى فأخذ بيدى ۔(نصب الرایۃ، فصل فی الآسار وغیرھا، ج اول، ص ۱۹۹)

**ترجمہ** : ۵ حدیث نبیذ مشہور ہے، اور اس پر صحابہؓ نے بھی عمل کیا ہے اسلئے اس جیسی حدیث سے کتاب اللہ پر زیاتی کی جاسکتی ہے۔

**تشریح** : یہاں دو باتیں ہیں ایک تو یہ کہ حدیث تمر مشہور ہے اسلئے اسکی وجہ سے پانی نہ ہونے پر وضو کرسکتا ہے۔ مشہور ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ حدیث صحاح ستہ کے ان کتابوں میں ہے۔ (۱) ابو داود شریف نمبر ۸۴ (۲) ترمذی شریف نمبر ۸۸ (۳) ابن ماجہ شریف نمبر ۳۸۴ (۴) مسند احمد نمبر ۳۸۰۰۔ اسلئے کہا جاسکتا ہے کہ یہ حدیث مشہور ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ خود صحابہ نے بھی اس حدیث پر عمل فرمایا ہے، چنانچہ حضرت علیؓ سے یہ منقول ہے عن علیؓ قال : كان لا يرى بأسا بالوضوء من النبيذ ۔ (دار قطنی، باب الوضوء بالنبیذ، ج اول، ص ۸۱، نمبر ۲۵۰ رمصنف ابن ابی شیبۃ، ۲۶ فی الوضوء بالنبیذ، ج اول، ص ۳۲، نمبر ۲۶۴) اس اثر سے معلوم ہوا کہ صحابہ نے بھی اس حدیث پر عمل فرمایا۔ اسلئے نبیذ سے وضو کرنا جائز ہوگا۔

**ترجمہ** : ٦ بہر حال نبیذ سے غسل کرنا تو بعض حضرات نے فرمایا کہ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک جائز ہے وضو پر قیاس کرتے ہوئے، اور بعض نے فرمایا کہ جائز نہیں ہے اسلئے کہ غسل وضو سے اوپر ہے۔

**وجہ** : نبیذ سے غسل جائز ہے یا نہیں۔ اس بارے میں بعض حضرات نے فرمایا کہ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک جائز ہے۔ کیونکہ جب اس سے وضو جائز ہے تو غسل بھی جائز ہوگا، کیونکہ دونوں میں طہارت مطلوب ہے۔ اور بعض حضرات نے فرمایا کہ جائز نہیں ہے۔ کیونکہ غسل وضو سے اوپر کا درجہ ہے اور کبھی کبھی پیش آتا ہے۔ اس اثر میں بھی ہے کہ اس سے غسل نہ کرے۔ سألت أبا العالية عن رجل أصابته جنابة ، و ليس عنده ماء و عنده نبيذ ، أيغتسل به ؟ قال : لا ۔ (ابو داود شریف، باب الوضوء بالنبیذ، ص ۱۳ نمبر ۸۷ رمصنف ابن ابی شیبۃ، ۲۶ فی الوضوء بالنبیذ، ج اول، ص ۳۲ نمبر ۲۶۶) اس اثر سے معلوم ہوا کہ نبیذ سے غسل نہ کرے۔

**ترجمہ** : ۷ اور وہ نبیذ جس میں اختلاف ہے یہ کہ میٹھی ہو، پتلی ہو، عضو پر پانی کی طرح بہتی ہو، اور جو گاڑھی ہوگئی وہ حرام ہوگئی،

**۸** وان غيرته النار فمادام حلوا فهو على الخلاف و ان اشتد فعند ابى حنيفةؒ يجوز التوضى به لانه يحل شربه عنده، **۹** وعند محمدؒ لا يتوضأ به لحرمة شربه عنده

---

اس سے وضو جائز نہیں۔

**وجہ**: عرب کا پانی کھارا ہوتا تھا اسلئے اس میں کھجور ڈال دیتے تھے اور کچھ دیر کے لئے چھوڑ دیتے تھے تا کہ پانی میٹھا ہو جائے اسی کو نبیذ کہتے ہیں اگر یہ پانی کی طرح پتلا ہے تو اس سے وضو کرنے میں اختلاف ہے۔اور اگر گاڑھا ہو گیا تو اس سے بالاتفاق وضو جائز نہیں۔تاہم اگر نشہ نہ پیدا ہوا ہو تو اسکا پینا جائز ہوگا، اور اگر نشہ پیدا ہو چکا ہو تو اب پینا بھی جائز نہیں ہے۔ہر ایک کی دلیل یہ ہے۔ نبیذ پتلی ہو اسکا استدلال اس حدیث سے ہے۔عن عبد الله بن الديلمى عن ابيه قال اتينا النبى ﷺ .....قالنا ما نصنع بالزبيب ؟ قال : انبذوه على غدائكم و اشربوه على عشائكم ، و انبذوه عشائكم و اشربوه على غدائكم ۔(ابو داود شریف، باب فی صفة النبیذ ،ص ۵۳۱ نمبر ۳۷۱۰ رترمذی شریف، باب ماجاء فی الانتباذ فی السقاء ص ۴۳۹ نمبر ۱۸۷۱) جب کھجور صبح پانی میں ڈالے اور شام کو پی لے تو نبیذ پتلی ہی ہوگی۔اور گاڑھی ہونے کے بعد شوربے کی طرح ہو گئی اسلئے اس سے وضو کرنا جائز نہیں۔اور اگر اس میں نشہ آ گیا ہو تو اسکا پینا بھی حرام ہے۔اس حدیث میں ہے عن ابى هريرة قال علمت ان رسول الله ﷺ كان يصوم فتحينت فطره بنبيذ صنعته فى دباء ثم أتيته به فاذا هو ينش ، فقال اضرب بهذا الحائط فان هذا شراب من لا يومن باللهو اليم الآخر ۔(ابو داود شریف، باب فی النبیذ اذا غلا،ص ۵۳۲ نمبر ۳۷۱۶) اس حدیث میں ہے کہ نشہ آ جائے تو اسکا پینا بھی حرام ہے۔

**ترجمہ**: **۸** اور اگر آگ میں پک کر بدل گئی تو جب تک میٹھی ہے تو اسی اختلاف پر ہے اور اگر گاڑھی ہو گئی پھر بھی امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک اس سے وضو جائز ہے اسلئے کہ انکے نزدیک اسکا پینا جائز ہے،

**تشریح**: اگر نبیذ کو آگ میں پکا لی گئی لیکن جب تک میٹھی ہے اور پتلی ہے کہ عضو پر بہتی ہے تو اسی اختلاف پر ہے کہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک جائز ہے اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک تیمم کرے۔اور اگر پکانے کی وجہ سے گاڑھی ہو گئی لیکن نشہ نہیں ہوا تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک وضو جائز ہے اسلئے کہ اسکا پینا حلال ہے۔اور جب پینا حلال ہے تو وضو بھی جائز ہے۔

**ترجمہ**: **۹** اور امام محمدؒ کے نزدیک اس سے وضو نہیں کیا جائے گا پینے کی حرمت کی وجہ سے ان کے نزدیک۔

**تشریح**: نبیذ پکا دی گئی اور گاڑھی ہو گئی تو امام محمدؒ کے نزدیک اسکا پینا حرام ہے اسلئے اس سے وضو بھی جائز نہیں ہے۔وہ فرماتے ہیں کہ گاڑھی ہونے کے بعد اس میں نشہ آنا شروع ہو جاتا ہے اسلئے اسکو حرام ہی پر محمول کریں تا کہ لوگ اس سے بچیں۔وہ اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں۔عن ابن عباس قال : كان ينبذ للنبى ﷺ الزبيب فيشربه اليوم و الغد و بعد

۱۰ ولايجوز التوضي بما سواه من الانبذة جريا على قضية القياس.

---

الغد الى مساء الثالثة ثم يأمر به فيسقي الخدم او يهراق ۔(ابوداود شریف، باب فی صفۃ النبیذ، ص۵۳۲ نمبر ۳۷۱۳)اس حدیث میں دوسرے دن کی شام کو نبیذ بہانے کے لئے فرماتے تھے کیونکہ وہ گاڑھی ہو جاتی تھی۔ اسلئے گاڑھی ہونے کے بعد اسکو پینا حرام ہے اسلئے کہ نشہ آنے کے قریب ہوگئی ہے (۲) اس حدیث میں بھی اسکا اشارہ ہے۔ عن عائشة أن رسول الله علیہ السلام سئل عن البتع فقال : كل شراب أسكر فهو حرام ۔(بخاری شریف، باب الخمر من العسل وھو التبع، ص۹۹۱ نمبر ۵۵۸۵/ابوداود شریف، باب ماجاء فی السکر، ص۵۲۸، نمبر ۳۶۸۱ )اس حدیث میں نشہ والی چیز کو حرام فرمایا ہے۔

**ترجمہ**: ۱۰ اور نہیں جائز ہے وضو کرنا اسکے علاوہ کی نبیذ سے قیاس پر جاری کرتے ہوئے۔

**تشریح** : چونکہ حدیث میں کھجور کی نبیذ سے وضو کرنا جائز ہے اسلئے اس سے وضو جائز کہتے ہیں ورنہ کسی اور چیز کی نبیذ سے وضو جائز نہیں ہے اسلئے کہ اب اسکا نام مطلق پانی نہیں رہا بلکہ نبیذ ہو گیا۔ اسلئے انگور، کشمش، اور جو وغیرہ کی نبیذ سے وضو جائز نہیں ہے۔

﴿باب التیمم﴾

(۷۹) ومن لم يجد الماء وهو مسافر، اوخارج المصر بينه و بين المصر ميل او اكثر يتيمم بالصعيد ﴾ ا لقوله تعالى: فلم تجدوا ماء فتيمموا صعيدا طيباً ۲ وقوله عليه السلام: التراب

﴿ باب التیمم ﴾

**ضروری نوٹ**: التیمم : تیمّم کے معنی ارادہ کرنے کے ہیں۔اور شریعت میں حدث سے پاک ہونے کے لئے مٹی کا ارادہ کرنے کو تیمّم کہتے ہیں۔اس کی دلیل یہ آیت ہے و ان کنتم جنبا فاطهروا و ان كنتم مرضى أو على سفر أو جاء أحد منكم من الغائط او لمستم النساء فلم تجدو ماء فتيمموا صعيدا طيبا فامسحوا بوجوهكم و ايديكم منه ما يريد الله ليجعل عليكم من حرج و لكن يريد ليطهر كم و ليتم نعمته عليكم لعلكم تشكرون ۔( آیت ٦ سورۃ المائدۃ ۵)اس آیت میں ہے کہ پانی پر قدرت نہ ہو تو تیمّم کرے

**ترجمه** : (۷۹) جو پانی نہ پائے اس حال میں کہ وہ مسافر ہو یا شہر سے باہر ہو اور اس آدمی کے درمیان اور شہر کے درمیان تقریبا ایک میل یا اس سے زیادہ ہو تو وہ پاک مٹی سے تیمّم کریگا۔

**وجه** : (۱) پانی نہ پانے کے وقت تیمّم کرنے کا حکم اس آیت میں ہے وان كنتم مرضى أو على سفر أو جاء أحد منكم من الغائط او لمستم النساء فلم تجدوا ماء فتيمموا صعيدا طيبا فامسحوا بوجوهكم وايديكم .. ( آیت ۴۳ سورۃ النساء ۴)(۲) حدیث میں ہے عن ابی ذر... قال رسول الله ﷺ الصعيد الطيب وضوء المسلم ولو الى عشر سنين (ابوداؤد شریف، باب الجنب يتيمم ص ۵۳ نمبر ۳۳۲ رترمذی شریف، باب ما جاء فی التيمم للجنب اذا لم يجد الماء، ۳۲، نمبر ۱۲۴) اس حدیث میں ہے کہ پانی نہ ملے تو دس سال تک جنبی تیمّم کر کے نماز پڑھ سکتا ہے۔یعنی پانی نہ ملے یا پانی پر قدرت نہ ہو تو ایک زمانہ تک تیمّم کر سکتا ہے۔

آیت میں ہے کہ پانی نہ پائے تو تیمّم کر سکتا ہے۔اب پانی نہ پانے کی مصنفؒ نے چار صورتیں بیان کی ہیں (۱) مسافر ہو اور اس کے پاس پانی نہ ہو (۲) یا شہر سے باہر ہو اور پانی سے ایک میل دور ہو تو تیمّم کر سکتا ہے (۳) آدمی اتنا بیمار ہو کہ پانی اسکو نقصان دیتا ہو ۔(۴) جنبی کو خوف ہو کہ اگر پانی سے غسل کیا تو ٹھنڈک سے بیمار ہو جائے گا۔تو وہ تیمّم کر سکتا ہے۔ہر ایک کی دلیل یہ ہے۔

**ترجمه**: ا اللہ تعالی کے قول کی وجہ سے کہ جب تک تم پانی نہ پاؤ پاک مٹی سے تیمّم کرتے رہو۔یہ آیت اوپر گزر گئی۔

**ترجمه** : ۲ اور حضورؐ کا قول کہ مٹی مسلمان کو پاک کرنے کی چیز ہے اگر چہ دس سال تک ہو جب تک کہ پانی نہ پائے۔یہ حدیث بھی اوپر گزر گئی۔البتہ مصنف ابن ابی شیبۃ میں عشر سنین کے بجائے عشر حجج کا لفظ ہے۔حدیث یہ ہے۔عن ابی ذر عن النبی

**طهور المسلم و لو الی عشر حجج ما لم یجد الماء ۳؎ و المیل هو المختار فی المقدار لانه یلحقه الحرج بدخول المصر و الماء معدوم حقیقة ۴؎ و المعتبر المسافة دون خوف الفوت لان التفریط یأتی من قبله.**

---

علیہ السلام قال : الصعید الطیب طهور ما لم یوجد الماء و لو الی عشر حجج ، فاذا وجدت الماء فأمسه بشرتک ۔(مصنف ابن ابی شیبة، ۱۹۱ الرجل یجنب ولیس یقدر علی الماء، ج اول، ص ۱۴۴ نمبر ۱۶۶۱) اس حدیث میں دس سال تک تیمّم کرنے کی گنجائش ہے۔

**ترجمه** : ۳؎ اور میل ہی کا اعتبار ہے مقدار میں اسلئے کہ شہر میں داخل ہونے میں اس کو حرج لازم ہوگا، اور پانی تو واقعی موجود نہیں ہے۔

**تشریح** : پانی کتنی دوری پر ہو تو آدمی تیمّم کرسکتا ہے اس بارے میں ائمہ کے کئی اقوال ہیں، ہمارے نزدیک مختار قول یہی ہے کہ ایک میل دور ہو تو تیمّم کرسکتا ہے، کیونکہ آیت فلم تجدوا ماء، کے مطابق پانی واقعی موجود نہیں ہے اور ایک میل دور سے شہر جائے اس میں حرج ہے اور آیت میں ہے کہ دین کے بارے میں امت پر حرج نہیں کیا یہ آیت گزر چکی ہے۔ ما یرید الله لیجعل علیکم من حرج و لکن یرید لیطهر کم و لیتم نعمته علیکم لعلکم تشکرون ۔(آیت ۶ سورة المائدة ۵) اور ایک میل جانے میں حرج ہے اسلئے تیمّم کرے۔

کیونکہ ایک میل سے کم فاصلہ ہو تو گویا کہ وہ پانی کے پاس ہے۔ کیونکہ پندرہ منٹ میں پانی لیکر آجائیگا اس لئے کوئی حرج نہیں ہوگا۔ ایک میل دور ہونے کی دلیل ابن عمرؓ کا اثر ہے۔ عن نافع یتیمم ابن عمر علی رأس میل او میلین من المدینة فصلی العصر فقدم و الشمس مرتفعة. (دار قطنی، باب فی بیان الموضع الذی یجوز التیمم فیہ وقدرہ من البلد وطلب الماء ج اول ص ۱۹۵ نمبر ۷۰۹) بخاری شریف میں ہے حضرت عبداللہ ابن عمرؓ نے مربد الغنم میں تیمّم کیا اور نماز پڑھی۔ و أقبل ابن عمر من أرضه بالجرف فحضرت العصر بمربد الغنم فصلی ثم دخل المدینة و الشمس مرتفعة فلم یعد . (بخاری شریف، باب التیمم فی الحضر اذا لم یجد الماء، ج اول، ص ۴۸، نمبر ۳۳۷) اور مربد کے بارے میں دار قطنی میں ہے کہ وہ مدینہ سے تین میل پر ہے۔ ان ابن عمرؓ تیمم بمربد النعم و صلی و هو علی ثلثة امیال من المدینة (دار قطنی، باب فی بیان الموضع الذی یجوز التیمم فیہ ج اول ص ۱۹۵ نمبر ۷۰۷) ان آثار میں اگر چہ دو میل اور تین میل کا تذکرہ ہے لیکن احتیاط کے طور پر صرف ایک میل پر تیمّم کی اجازت دی گئی کیونکہ اس میں بھی حرج ہے۔

**ترجمه** : ۴؎ اور معتبر ایک میل کی مسافت ہے نماز کے فوت ہونے کا اعتبار نہیں، اسلئے کہ تفریط خود اسکی جانب سے آئی ہے۔

(۸۰) ولو كان يجد الماء الا انه مريض فخاف ان استعمل الماء اشتد مرضه يتيمم ﴾

**تشریح** : پانی ایک میل سے کم میں ہے لیکن نماز کا وقت ختم ہونے کے قریب ہے تب بھی نماز کے فوت ہونے کے خوف سے تیمّم کرنا چاہے تو نہیں کرسکتا، جب تک پانی ایک میل دور نہ ہو، کیونکہ زیادتی یعنی وقت کی تاخیر خود نمازی کی جانب سے آئی ہے۔ اسلئے اس کو تیمّم کی سہولت نہیں دی جائے گی۔

**لغت** :۔ الصعید: پاک مٹی، اوپر کی مٹی۔ التراب: مٹی۔ حجج : حجة سے مشتق ہے سال۔ المیل: شرعی میل دو ہزار گز کا ہوتا ہے۔ کیونکہ درمختار میں ہے کہ ایک میل چار ہزار ہاتھ کا ہوتا ہے، اور ایک ہاتھ آدھا گز ہوتا ہے، اسلئے چار ہزار ہاتھ دو ہزار گز ہوا، عبارت یہ ہے ۔ و المیل اربعة آلاف ذراع . (ردالمحتار علی درالمختار، باب صلوٰۃ المسافر، ج ثانی، ص ۷۲۵) اور انگریزی میل سترہ سو ساٹھ گز 1760 کا ہوتا ہے اسلئے انگریزی میل شرعی میل سے 1.1363 چھوٹا ہے اسلئے انگریزی میل سے ناپیں تو پانی 1.1363 میل دور ہو یعنی گز دور ہو تب تیمّم کرسکتا ہے۔ اور کیلو میٹر شرعی میل سے 1.82869 چھوٹا ہوتا ہے اسلئے 1.82869 کیلو میٹر یعنی 1828.69 میٹر پانی سے دور ہو تب تیمّم کرسکتا ہے۔

**ترجمہ** : (۸۰) اگر پانی تو پاتا ہو مگر یہ کہ بیمار ہو پس خوف ہو کہ اگر پانی استعمال کرے گا تو اس کا مرض بڑھ جائے گا تو تیمّم کرسکتا ہے۔

**وجہ** : (۱) شریعت انسان کو مشقت شدیدہ میں مبتلا کرنا نہیں چاہتی اس لئے اگر بیماری بڑھ جانے کا خوف ہو یا بیمار ہو جانے کا ظن غالب ہو تو تیمّم کرسکتا ہے (۲) آیت لا یکلف الله نفسا الا وسعها . (آیت ۲۸۶ سورۃ البقرۃ) (۳) اور یہ آیت بھی گزری کہ اللہ تعالی امت کو حرج میں مبتلا کرنا نہیں چاہتے ۔ ما یرید الله لیجعل علیکم من حرج و لکن یرید لیطهر کم و لیتم نعمته علیکم لعلکم تشکرون ۔ (آیت ۶ سورۃ المائدۃ ۵) (۴) حدیث میں ہے کہ بیمار ہونے کا ظن غالب ہو تو تیمّم کرسکتا ہے عمرو ابن العاص یذکر ان عمر ابن العاص اجنب فی لیلة باردة فتیمم وتلا ولاتقتلوا انفسکم ان الله کان بکم رحیما فذکر ذلک للنبی ﷺ فلم یعنف (بخاری شریف، باب اذا خاف الجنب علی نفسہ المرض اوالموت اوخاف العطش تیمم، ج اول، ص ۴۹، نمبر ۳۴۵) معلوم ہوا کہ سردی سے مرض بڑھنے کا خوف ہو یا بیمار ہونے کا خوف ہو تو تیمّم کرسکتا ہے۔ (۵) اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سردی کا خطرہ ہو تو تیمّم کرسکتا ہے۔ حدیث یہ ہے۔ عن عمرو ابن العاص قال : احتلمت فی لیلة باردة فی غزوة ذات السلاسل ، فاشفقت أن أغتسل فأهلک فتیممت ثم صلیت بأصحابی الصبح ، فذکروا ذالک لرسول الله ﷺ فقال یا عمرو ! صلیت بأصحابک و أنت جنب ؟ فأخبرته بالذی منعنی من الاغتسال و قلت انی سمعت الله یقول : و لا تقتلوا أنفسکم ان الله کان

**۱ لما تلونا ۲ و لان الضرر فی زیادۃ المرض فوق الضرر فی زیادۃ ثمن الماء و ذالک یبیح التیمم فھذا اولی، ۳ ولا فرق بین ان یشتد مرضہ بالتحریک او بالاستعمال ۴ واعتبر الشافعیؒ خوف التلف و ھو مردود بظاھر النص**

بکم رحیماً. (آیت ۲۹ سورۃ النساء ۴) فضحک رسول اللہ ﷺ ولم یقل شیئاً۔(ابوداود شریف باب اذا خاف الجنب البرد أیتیمم ؟ ص ۵۴ نمبر ۳۳۴) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ مرض بڑھنے کا خوف ہو تو تیمّم کر سکتا ہے۔

**ترجمہ** : ۱ اس آیت کی بنا پر جو میں نے پہلے تلاوت کی۔ یہ آیت اوپر گزر گئی۔ ما یرید اللہ لیجعل علیکم من حرج و لکن یرید لیطھر کم و لیتم نعمتہ علیکم لعلکم تشکرون ۔( آیت ۶ سورۃ المائدۃ ۵)۔اس آیت میں ہے کہ حرج ہو تو تیمّم کر سکتا ہے۔

**ترجمہ** : ۲ اور اسلئے کہ بیماری کی زیادتی کا نقصان پانی کی قیمت کی زیادتی کے نقصان سے زیادہ ہے اور وہ تیمّم کو مباح کرتی ہے تو یہ بدرجہ اولی مباح کریگا۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔ پانی کی قیمت عام قیمت سے زیادہ کہہ رہا ہو تو آدمی کے لئے مباح ہے کہ پانی نہ خریدے اور تیمّم کر کے نماز پڑھ لے، کیونکہ اس میں زیادہ قیمت دینے کا نقصان ہے، اب اگر پانی استعمال کرے گا تو بیماری کے زیادہ ہونے کا خطرہ ہے، تو بیماری کا زیادہ ہونا بڑا نقصان ہے اور پانی کی قیمت کا زیادہ ہونا چھوٹا نقصان ہے، پس جب چھوٹے نقصان کی وجہ سے تیمّم کر سکتا ہے تو بڑا نقصان یعنی مرض کا زیادہ ہونے سے بدرجہ اولی تیمّم کر سکتا ہے۔ اسلئے مرض کی زیادتی کا خوف ہو تو تیمّم کر سکتا ہے۔

**ترجمہ** : ۳ اور کوئی فرق نہیں اس بارے میں کہ مرض حرکت دینے سے زیادہ ہو یا پانی استعمال کرنے سے۔

**تشریح** : مثلا کسی آدمی کا پاؤں ٹوٹا ہوا ہے، وہ پانی استعمال کرے گا تو کوئی نقصان نہیں دے گا لیکن اگر پانی لانے جائے گا تو تکلیف بڑھ جائے گی اور پانی دور سے لانے والا کوئی نہیں ہے اسلئے ایسی صورت میں بھی وہ تیمّم کر سکتا ہے کیونکہ حرکت کی وجہ سے مرض بڑھنے کا خطرہ ہے۔ اور اگر پانی استعمال کرنے سے مرض کے بڑھنے کا خطرہ ہو تب بھی تیمّم کر سکتا ہے۔ دونوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔

**ترجمہ** : ۴ اور امام شافعیؒ نے اعتبار کیا ضائع ہونے کے خوف کا حالانکہ وہ ظاہری نص سے رد معلوم ہوتا ہے۔

**تشریح** : امام شافعیؒ نے فرمایا کہ عضو کے ضائع ہونے کا خطرہ ہو، یا آدمی کے ھلاک ہونے کا خطرہ ہو تب تیمّم کر سکتا ہے۔ صرف مرض کے بڑھنے کا خوف ہو تو تیمّم نہیں کر سکتا ہے۔ انکی دلیل اوپر کی حدیث ہے جس میں صحابی نے فرمایا تھا کہ مجھے ھلاک ہونیکا خطرہ تھا اسلئے میں نے تیمّم کیا۔ حدیث کا جملہ یہ تھا ۔فاشفقت أن أغتسل فأھلک فتیممت ثم صلیت (ابوداود

(۸۱) ولو خاف الجنب ان اغتسل ان یقتله البرد اویمرضه یتیمم بالصعید ﴾ ا وهذا اذا کان خارج المصر لمابینا، ولو کان فی المصر فکذالک عندابی حنیفةؒ

نمبر۳۳۴) اسلئے ھلاک ہونے کا خطرہ ہوتب تیمّم کرسکتا ہے(۲) اورآیت میں بھی ہے کہ اپنے آپ کوقتل نہ کرو، آیت یہ ہے .و لا تقتلوا أنفسکم ان اللہ کان بکم رحیماً . (آیت ۲۹ سورۃ النساء ۴) اسلئے قتل یعنی ھلاک ہونے کا خطرہ ہوتب تیمّم کرسکتا ہے۔

حنفیہ کے نزدیک صرف حرج ہو یعنی مرض کے بڑھنے کا خطرہ ہو، یا بیمار ہو جانے کا خطرہ ہوتو تیمّم کرسکتا ہے۔ کیونکہ آیت میں ہے کہ اللہ تعالی حرج میں مبتلا نہیں کرنا چاہتے، جسکا مطلب یہ ہوا کہ حرج ہوتو تیمّم کرسکتا ہے اورمرض کے بڑھنے میں حرج ہے اسلئے تیمّم کر سکتا ہے۔ آیت یہ تھی۔ ما یرید اللہ لیجعل علیکم من حرج و لکن یرید لیطھر کم و لیتم نعمتہ علیکم لعلکم تشکرون ۔(آیت ۶ سورۃ المائدۃ ۵) اسلئے حرج یعنی مرض بڑھنے میں تیمّم کرسکتا ہے۔

**ترجمہ** : (۸۱) اوراگر جنبی خوف کرے کہ اگر وہ غسل کرے گا تو ٹھنڈک اسکو مار دیگی، یا اسکو بیمار کردیگی تو وہ پاک مٹی سے تیمّم کرسکتا ہے۔

**وجہ** : جنبی آدمی کوخوف ہو کہ اگر غسل کرونگا تو ٹھنڈک اسکو مار دیگی، یا اسکو بیمار کردیگی تو وہ پاک مٹی سے تیمّم کرسکتا ہے۔ دلیل اوپر گزر گئی، ایک حدیث یہ بھی ہے۔ عن جابر قال خرجنا فی سفر فأصاب رجلا منا حجر فشجہ فی رأسہ ثم احتلم فسأل أصحابہ فقال ھل تجدون لی رخصة فی التیمم ؟ قالوا ما نجد لک رخصة و أنت تقدر علی الماء فاغسل فمات فلما قدمنا علی النبی ﷺ أخبر بذالک فقال : قتلوہ قتلھم اللہ ألا سألوا اذا لم یعلموا فانما شفاء العی السوال ۔(ابوداود شریف، باب المجدور یتیمم ص ۵۴ نمبر ۳۳۶) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ مرض بڑھنے کا خطرہ ہوتو تیمّم کرسکتا ہے۔

**ترجمہ**: ا یہ جب ہے کہ آدمی شہر سے باہر ہو، اوراگر شہر میں ہوتب بھی ایسے ہی ہے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک ۔

**تشریح** : شہر سے باہر ہواور سردی کا خوف ہوتو تیمّم کرکے نماز پڑھے۔ جیسا کہ اس اثر میں ہے کہ حضرت ابن عمرؓ نے مدینے سے تین میل باہر تیمّم کرکے نماز پڑھی ۔ یہ اثر گزر گیا ہے۔ ان ابن عمرؓ تیمم بمربد النعم و صلی وھو علی ثلثة امیال من المدینة (دار قطنی، باب فی بیان الموضع الذی یجوز التیمم فیہ ج اول ض ۱۹۵ نمبر ۷۰۷) لیکن اگر شہر کے اندر ہو اور سردی کا خوف ہو اور پانی گرم کرنے کا کوئی راستہ نہ ہوتو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک شہر کے اندر بھی تیمّم کرکے نماز پڑھ سکتا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ عام حالات میں پانی گرم کرنے کی سہولت شہر میں ہوتی ہے لیکن خدانہ خواستہ پانی گرم کرنے کی کوئی سہولت نہ ہوتو یہ فتوی دینا ہی پڑے گا

۲ خلافالهما، هما يقولان ان تحقق هذه الحالة نادر في المصر فلايعتبر ۳ وله ان العجز ثابت حقيقة فلابد من اعتباره (۸۲) والتيمم ضربتان يمسح باحدهما وجهه وبالاخرى يديه الى المرفقين﴾
ا لقوله عليه السلام: التيمم ضرنتان : ضربة للوجه، و ضربة لليدين

کہ وہ تیمّم کرلے کیونکہ حرج موجود ہے
**ترجمہ**: ۲ برخلاف صاحبین کے۔وہ فرماتے ہیں کہ اس حالت کا متحقق ہونا شہر میں نادر ہے اسلئے اسکا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔
**تشریح**: صاحبین فرماتے ہیں کہ شہر میں پانی گرم کرنے کی سہولت نہ ہوا ایسا نادر ہے اور بہت کم ہے اسلئے شہر میں رہتے ہوئے تیمّم کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ کیونکہ وہاں حرج کا وقوع نہیں ہے۔
**ترجمہ**: ۳ امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ عجز حقیقتاً ثابت ہے لہذا اس کا اعتبار کیا جانا ضروری ہے۔
**تشریح**: امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں کہ ایسے خائف جنبی کے لئے غسل کرنے سے عاجز ہونا حقیقت میں ثابت ہے۔لہذا اس کا اعتبار کیا جانا ضرری ہے۔اور اس کو تیمّم کی اجازت ہوگی۔
**ترجمہ**: (۸۲) تیمّم کے لئے دو ضربے ہیں۔ایک کو چہرے پر ملے اور دوسرے کو دونوں ہاتھوں پیر کہنیوں سمیت۔
**تشریح**: تیمّم کے لئے دو ضربے ہونگے۔ایک ضربہ زمین پر مار کر چہرے پر ملیگا اور دوسرا زمین پر مار کر دونوں ہاتھوں پر ملیگا کہنیوں سمیت وجہ حدیث میں ہے عن عمار بن یاسر حین تیمموا مع رسول الله ﷺ فامر المسلمین فضربوا باكفهم التراب ولم يقبضوا من التراب شيئا فمسحوا بوجوههم مسحة واحدة ثم عادوا فضربوا باكفهم الصعيد مرة اخرى فمسحوا بايديهم۔ (ابن ماجہ شریف، باب فی التیمم ضربتین، ص ۸۱، نمبر ۵۷۱/ ابوداؤد شریف، باب التیمم ص ۵۱ نمبر ۳۱۸) (۲) عن ابن عمر عن النبی ﷺ قال التيمم ضربتان صربة للوجه و ضربة لليدين الى المرفقين (دار قطنی ج اول ص ۱۸۸ نمبر ۶۷۴)
ان احادیث سے دو باتیں معلوم ہوئی ایک تو یہ کہ تیمّم کے لئے دو ضربہ ہے، اور دوسری یہ کہ کہنیوں تک مسح کرے۔
**ترجمہ**: ا حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ تیمّم دو ضربے ہیں، ایک ضربہ چہرے کے لئے اور ایک ضربہ ہاتھ کے لئے۔حدیث یہ ہے۔عن ابن عمر عن النبی ﷺ قال التيمم ضربتان صربة للوجه و ضربة لليدين الى المرفقين (دار قطنی ج اول ص ۱۸۸ نمبر ۶۷۴/ سنن للبیہقی، باب کیف التیمم، ج اول، ص ۳۲۹ نمبر ۹۹۹) اس حدیث میں ہے کہ تیمّم کے لئے دو ضربے ہیں۔اور یہ بھی معلوم ہوا کہ کہنیوں تک مسح کرے تب مسح ہوگا۔
**فائدہ**: صحاح ستہ کی کتابوں میں ایک ضربہ کا تذکرہ ہے اس لئے امام احمدؒ اور اسحاقؒ کی رائے ہے کہ ایک ضربہ سے چہرہ اور ہاتھ

۲و ینفض یدیه بقدر مایتناثرالتراب کیلایصیر مثلة. (۸۳) و لا بد من الاستیعاب فی ظاهر الروایة﴾ ۱لقیامه مقام الوضوء ولهذا قالوا یخلل الاصابع وینزع الخاتم لیتم المسح

ملنا کافی ہے۔البتہ جمہورائمہ کامسلک یہی ہے کہ دوصرے بےضروری ہیں۔امام احمدؒ کی دلیل یہ حدیث ہے عن عمار بن یاسر قال سألت النبی علیہ عن التیمم فامر نی ضربة واحدة للوجه و الکفین (ابوداؤدشریف،باب التیمم ،ص۵۲ نمبر۳۲۷ر بخاری شریف،باب التیمم ضربة ،نمبر۳۴۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ چہرے اور ہاتھ کے لئے ایک ہی ضربہ کافی ہے۔

**ترجمه**: ۲ اوردونوں ہاتھوں کواتنا جھاڑے کہ مٹی جھڑ جائے تا کہ مثلہ نہ ہوجائے۔

**وجه**: دونوں ہاتھوں کوجھاڑنے کے لئے یہ حدیث ہے۔جاء رجل الی عمر بن الخطاب .... فقال النبی علیہ انما کان یکفیک هکذا ، وضرب النبی علیہ بکفیه الارض ، و نفخ فیهما ، ثم مسح بهما وجهه و کفیه۔( بخاری شریف،باب المتیمم هل ینفخ فیهما؟ ص۴۸ نمبر ۳۳۸ رمسلم شریف،باب التیمم ،ص۱۵۹ نمبر۳۶۸/۸۱۹)اس حدیث میں ہے کہ پھونک مارکر مٹی جھاڑے تا کہ چہرہ گندہ نہ ہوجائے۔اور یہ بھی پتہ چلا کہ صرف ہتھیلی پر مسح کرنا کافی ہے۔

**لغت**: المرفقین :دونوں کہنی۔ضربة: تیمم کے لئے مٹی پر ہاتھ مارنے کوضربہ کہتے ہیں۔ینفض:مٹی جھاڑنا۔ یتناثر :نثر سے مشتق ہے مٹی بکھیرنا۔ مثلہ:چہرہ گندہ ہونے کومثلہ کہتے ہیں۔

**ترجمه**: (۸۳) اورضروری ہے گھیرنا ظاہرروایت میں۔

**وجه**: صحاح ستہ کی کتابوں میں ہےاوراوپر بخاری کی حدیث گزری کہ تیمم میں چہرے پرمسح کیا اور ہتھیلی پر مسح کیا۔ثم مسح بهما وجهه و کفیه ۔(بخاری شریف،باب المتیمم هل ینفخ فیهما؟ ص۴۸ نمبر ۳۳۸ رمسلم ،نمبر۸۱۹)، اسلئے مصنف فرماتے ہیں کہ ظاہرروایت یہ ہے کہ صرف ہتھیلی پرمسح کرنا کافی نہیں ہوگا بلکہ ہاتھ پر کہنی سمیت مسح کرنا ہوگا تب تیمم ہوگا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ دار قطنی اوربیہقی کی حدیث اوپر گزرگئی کہ ہاتھ پر کہنیوں سمیت تیمم کرے،حدیث یہ ہے۔ و ضربة للیدین الی المرفقین (دار قطنی ج اول ص ۱۸۸ نمبر ۶۷۴رسنن للبیهقی ، باب کیف التیمم ،ج اول،ص ۳۲۹ نمبر۹۹۹) (۲) اس حدیث مرسل میں اسکی پوری وضاحت ہے۔قال یحی بن اسحاق فی حدیثه فأرانی رسول الله علیہ کیف امسح فمسحت ، قال فضرب بکفیه الارض ، ثم رفعهما لوجهه ، ثم ضرب ضربة أخری فمسح ذراعیه باطنهما و ظاهر هما ، حتی مس بیدیه المرفقین .(دارقطنی ،باب التیمم ،ج اول ،ص)

**ترجمه**: ۱ تیمم کے وضو کے قائم مقام ہونے کی وجہ سے۔اوراسی لئے ائمہ فرماتے ہیں کہ انگلیوں کا بھی خلال کرےاورانگوٹھی کو بھی کھول لے تا کہ مسح مکمل ہوجائے۔

(۸۴)والحدث و الجنابة فيه سواء، و كذا الحيض، و النفاس﴾ ل لما روى ان قوما جاء وا الى رسول الله ﷺ و قالوا انا قوم نسكن هذه الرمال، و لا نجدالماء شهرا اوشهرين، وفينا الجنب، والحائض،والنفساء فقال : عليكم بارضكم.

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔کہ تیمّم وضو کے قائم مقام ہے اسلئے جس طرح وضو میں کہنیوں سمیت ہاتھ دھونا پڑتا ہے اسی طرح تیمّم میں بھی کہنیوں سمیت ہاتھ کا مسح کرنا ہوگا،اور پوری کہنی گھیرنا ہوگا ، ہاتھ کے ہر ہر بال پر مسح ہو جائے اسی لئے ائمہ نے فرمایا ہے کہ مسح کے وقت انگلیوں کا بھی خلال کرے،اور انگوٹھی بھی نکال کر مسح کرے تاکہ ہاتھ کے ہر مقام پر مسح ہو جائے۔جس طرح وضو میں ہر مقام میں پانی پہنچانا ضروری ہوتا ہے۔ اسکے لئے حدیث اوپر گزر گئی۔

**ترجمہ**: (۸۴) تیمّم جنابت اور حدث کے لئے برابر ہے۔اور ایسے ہی حیض اور نفاس کے لئے

**وجہ**: تیمّم جنابت کے لئے اور حیض اور نفاس کے غسل کے لئے بھی کیا جائیگا۔اور حدث اصغر یعنی وضو کے لئے بھی کیا جائیگا۔اور سب کے لئے دو ہی ضربے ہیں۔ایک چہرے کے لئے اور دوسرا ہاتھ کے لئے۔سر اور پاؤں پر تیمّم ساقط ہو جائیگا۔حدیث میں ہے (۱)اوپر مسئلہ نمبر ۲ میں عمرو بن عاص کی حدیث گزر گئی جس سے معلوم ہوا کہ تیمّم جنبی کے لئے بھی جائز ہے(۲) آیت میں ہے کہ جنبی بھی تیمّم کر سکتا ہے۔او جاء احد منكم من الغائط او لامستم النساء فلم تجدوا ماء فتيمموا صعيدا طيبا (آیت ۴۳،سورۃ النساء۴) اس آیت میں ہے اولامستم النساء۔یعنی جس نے صحبت کی ہو وہ بھی پانی نہ پائے تو تیمّم کر سکتا ہے۔اور حیض اور نفاس والی عورت کی دلیل یہ حدیث ہے(۳)عن ابی هريرة قال جاء اعرابى الى رسول الله ﷺ فقال انا نكون فى الرمل وفينا الحائض والجنب والنفساء فيأتى علينا اربعة اشهر لا نجد الماء قال عليك بالتراب يعنى التيمم (سنن للبیہقی ،باب ماروی فی الحائض والنفساء ایکفیھما التیمم عند انقطاع الدم اذا عدمتا الماء ج ،اول ص ۳۳۳،نمبر ۱۰۳۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حائضہ اور نفساء عورتیں بھی پانی پر قدرت نہ ہوتے وقت غسل کے لئے تیمّم کریں گی۔اور بخاری کی حدیث سے معلوم ہوا کہ جنبی بھی صرف چہرے اور ہاتھ پر تیمّم کرے گا۔پاؤں اور سر ساقط ہوں گے۔حدیث کا ٹکڑا یہ ہے۔الم تسمع قول عمار لعمر ان رسول اللهؐ بعثنى انا و انت فاجنبت فتمعكت بالصعيد فاتينا رسول اللهؐ فاخبرناه فقال انما كان يكفيك هكذا ومسح وجهه و كفيه واحدة . (بخاری شریف،باب التیمم ضربۃ،ص ۵۰،نمبر ۳۴۷ رمسلم شریف،باب التیمم ،ص ۱۵۹ نمبر ۸۱۸/۳۶۸) اس حدیث میں ہے کہ جنبی کو پانی نہ ملے تو وہ تیمّم کرے۔

**ترجمہ**: ل کیونکہ روایت ہے کہ ایک قوم حضورؐ کے پاس آئی اور کہنے لگی کہ ہم ایسے لوگ ہیں کہ اس صحرا میں قیام کرتے ہیں اور ایک مہینہ اور دو مہینے پانی نہیں ملتا ہے اور ہم میں جنبی اور حائضہ اور نفاس والی عورت بھی ہوتی ہے،تو آپؐ نے فرمایا کہ تم اپنی مٹی

(۸۵)ویجوز التیمم عند ابی حنیفة و محمدؒ بکل ما کان من جنس الارض کالتراب، و الرمل، و الحجر، والجص، والنورة، والکحل، و الزرنیخ، و قال ابو یوسفؒ لایجوز الا بالتراب، و الرمل ل و قال الشافعیؒ لایجوز الا بالتراب المنبت و هورواية عن ابی یو سفؒ، لقوله تعالی فتیمموا صعیداً طیباً، ای منبتاً، قاله ابن عباسؓ، غیر ان ابا یوسفؒ زاد علیه الرمل بالحدیث الذی رویناه

سے تیمّم کرلیا کرو۔حدیث یہ ہے۔عن ابی هریرة أن اعرابیا أتو ا النبی ﷺ فقالوا : یا رسول الله انا نکون فی هذه الرمال لا نقدر علی الماء و لا نری الماء ثلاثة أشهر أو اربعة اشهر. شک ابو الربیع . و فینا النفساء و الحائض و الجنب قال : علیکم بالارض (سنن للبیہقی ، باب ماروی فی الحائض والنفساء ایکفیھما التیمم عند انقطاع الدم اذا عدمتا الماء، ج، اول ص ۳۴۳،نمبر ۱۰۳۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جنبی، حائضہ اور نفساء سبھی تیمّم کر سکتے ہیں۔

**ترجمہ** : (۸۵) جائز ہے تیمّم امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک ہر اس چیز سے جو زمین کی جنس سے ہو۔جیسے مٹی ، ریت ، پتھر، گچ، چونہ، سرمہ اور ہڑتال سے۔اور امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ نہیں جائز ہے مگر مٹی اور ریت سے خاص طور پر۔

**وجہ** : (۱)أخبرنا جابر بن عبدالله ان النبی ﷺ قال .....جعلت لی الارض مسجدا و طهورا. (بخاری شریف، کتاب التیمم ص ۴۸ نمبر ۳۳۵) جس کا مطلب یہ ہے کہ آپ زمین سے تیمّم کر سکتے ہیں۔تو زمین کی جنس سے جتنی چیزیں ہیں ان تمام سے تیمّم کیا جاسکتا ہے۔چاہے اس میں اگنے کی صلاحیت ہو یا نہ ہو۔جیسے پتھر وغیرہ (۲) آیت تیمّم میں ہے فتیمموا صعیدا طیبا اور صعید کے معنی زمین کا اوپر کا حصہ ہے چاہے اس میں اگنے کی صلاحیت ہو یا نہ ہو۔اس لئے ریت ، پتھر، گچ، چونہ، سرمہ اور ہڑتال سے بھی تیمّم کرسکتا ہے۔اثر میں ہے۔عن حماد قال تیمم بالصعید و الجص و الجبل و الرمل (مصنف ابن ابی شیبہ، ۱۹۶ما یجزی الرجل فی تیممہ ، ج اول ص ۱۴۸،نمبر ۱۷۰۴) اس اثر سے امام ابوحنیفہ کی تائید ہوتی ہیکہ گچ اور پہاڑ یعنی پتھر، اور ریت سے بھی تیمّم کیا جاسکتا ہے۔

**نوٹ**: ہر وہ چیز جو آگ میں جلے نہیں اور پگھلے نہیں وہ تمام چیزیں زمین کی جنس سے ہیں۔

**ترجمہ** : ل اور کہا امام شافعیؒ نے کہ نہیں جائز ہے مگر اگانے والی مٹی سے اور یہی ایک روایت ہے امام ابو یوسفؒ سے۔اللہ تعالی کا قول "صعیدا طیبا"۔یعنی اگانے والی مٹی، کی وجہ سے ،حضرت ابن عباسؓ نے صعیدا طیبا کی یہی تفسیر کی ہے علاوہ یہ کہ امام ابو یوسفؒ نے وہ حدیث جسکو میں نے روایت کی اسکی بنا پر ریت کو اس پر زیادہ کیا۔

**تشریح** : امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ صرف اگانے والی مٹی سے تیمّم کیا جائے اور یہی بات امام ابو یوسفؒ بھی فرماتے ہیں۔جسکا مطلب یہ ہوا کہ ریت ، پتھر، دیوار، اینٹ ، اور ایسی چیز جو مٹی کی جنس سے تو ہو لیکن پودے اگانے کے قابل نہ ہو تو اس سے تیمّم جائز

نہیں ہے۔

**وجه**: اسکی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ آیت میں ہے فلم تجدوا ماء فتیمموا صعیدا طیبا (آیت ۴۳ سورۃ النساء ۴) کہ پانی نہ پاؤ تو صعیدا طیبا سے تیمّم کرو اور صعید کا معنی حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا اگانے والی مٹی اسلئے اگانے والی مٹی ہی سے تیمّم جائز ہے ۔حضرت ابن عباسؓ کا اثر یہ ہے۔ عن ابن عباس قال اطیب الصعید الحرث و الارض الحرث (مصنف ابن ابی شیبة ،۱۹۶ ما یجزی الرجل فی تیممہ ،ص ۱۴۸، نمبر ۱۷۰۲ / مصنف عبد الرزاق ، باب ای الصعید أطیب ، ج اول ، ص ۲۱۱ ، نمبر ۸۱۴) اس اثر میں ہے کہ صعید سے مراد حرث یعنی اگانے والی مٹی ہے۔ (۲) مسلم شریف کی ایک حدیث میں ہے کہ تراب سے تیمّم جائز ہے اور تراب کا ترجمہ ہے اگانے والی مٹی۔ حدیث یہ ہے۔ عن حذیفة قال قال رسول الله ﷺ فضلنا علی الناس بثلاث : جعلت صفوفنا کصفوف الملائکة ، و جعلت لنا الارض کلها مسجدا ، و جعلت تربتها لنا طهورا اذا لم یجد الماء۔ (مسلم شریف ، باب المساجد و مواضع الصلاۃ ، ص ۱۹۹ نمبر ۵۲۲ / ۱۱۶۵) اس حدیث میں تربتھا ، سے مراد اگانے والی مٹی ہے اسلئے اگانے والی مٹی سے ہی تیمّم جائز ہوگا ۔

اور امام ابو یوسفؒ نے اگانے والی مٹی کے ساتھ ریت کو بھی شامل فرمایا کہ ریت سے بھی تیمّم کر سکتا ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ دیہاتی والی حدیث میں ہے کہ ہم لوگ اس ریگستان میں رہتے ہیں اور پانی نہیں ملتا تو آپؐ نے فرمایا کہ تم اس زمین سے تیمّم کر لیا کرو جس کا مطلب یہ نکلا کہ اس ریت سے تیمّم کر لیا کرو اسلئے ریت سے بھی تیمّم جائز ہوگا۔ حدیث یہ ہے عن ابی هریرة أن اعرابیا أتوا النبی ﷺ فقالوا : یا رسول الله انا نکون فی هذه الرمال لا نقدر علی الماء و لا نری الماء ثلاثة أشهر أو اربعة اشهر. شک ابو الربیع . و فینا النفساء و الحائض و الجنب قال : علیکم بالارض ۔ (سنن للبیهقی ، باب ما روی فی الحائض و النفساء ایکفیهما التیمم عند انقطاع الدم اذا عدمتا الماء ، ج اول ص ۳۳۳ ، نمبر ۱۰۳۹) اس حدیث میں ھذہ الرمال کا ، مطلب ہے ہم لوگ ریگستان میں رہتے ہیں ، اور آپؐ نے جب کہا کہ تم اپنی زمین سے تیمّم کر لیا کرو تو اسکا مطلب یہ ہوا کہ ریت سے تیمّم کر لیا کرو اسلئے ریت سے بھی تیمّم جائز ہے۔ (۲) اوپر کی حدیث میں ارض کا لفظ تھا اور ارض کے معنی میں ریت بھی شامل ہے اسلئے ریت سے بھی تیمّم کر سکتا ہے حدیث یہ ہے۔ أخبرنا جابر بن عبد

الله ان النبی ﷺ قال ..... جعلت لی الارض مسجدا و طهورا. (بخاری شریف ، کتاب التیمم ص ۴۸ نمبر ۳۳۵ / ابو داود شریف ، باب التیمم ، ص ۵۰ نمبر ۳۲۳) اس حدیث میں ارض ، ہے جسکا ترجمہ اگانے والی مٹی کے ساتھ ریت بھی شامل ہے ۔(۲) اوپر کے ایک اثر میں بھی ریت کا لفظ ہے جسکی وجہ سے ریت سے بھی تیمّم کیا جا سکتا ہے۔ اثر یہ ہے ۔عن حماد قال تیمم بالصعید و الجص و الجبل و الرمل (مصنف ابن ابی شیبہ ، ۱۹۶ ما یجزی الرجل فی تیممہ ، ج اول ص ۱۴۸ ، نمبر ۱۷۰۴) اس اثر میں الرمل کا لفظ ہے جسکا ترجمہ ہے کہ ریت سے تیمّم کیا جا سکتا ہے۔

٢ولهما ان الصعيد اسم لوجه الارض سمى به لصعوده، ٣والطيب يحتمل الطاهر فحمل عليه لانه اليق بموضع الطهارة، ٤ او هو مراد بالاجماع.

**ترجمه** : ٢ اور امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کی دلیل یہ ہے کہ آیت میں صعید نام ہے زمین کے اوپر کے حصے کے لئے اسکے اوپر ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح** : آیت میں جو لفظ ''صعیداً''، ہے اسکے دو ترجمے ہیں، ایک ترجمہ ہے اگانے والی جسکو امام شافعیؒ نے لیا۔ دوسری صورت یہ ہے کہ صعید کو صعد سے مشتق مانیں جسکا ترجمہ ہے اوپر چڑھنا، اور مطلب ہوگا زمین کے اوپر کا حصہ (روئے زمین) جس میں زمین کے جنس کی ساری چیزیں شامل ہو جائیں گی، اور سب سے تیمّم کرنا جائز ہوگا، اوپر کی حدیث سے بھی تائید ہوتی ہے کیونکہ حدیث میں ارض کا لفظ ہے جس سے زمیں کے جنس کی ساری چیزیں مراد ہوں گی، حدیث یہ ہے۔ جعلت لی الارض مسجدا و طهورا. (بخاری شریف، کتاب التیمم ص ۴۸ نمبر ۳۳۵) اس حدیث میں ارض سے مراد زمین کے جنس کی ساری چیزیں ہوسکتی ہیں، اسلئے صعید کا ترجمہ بھی زمین کی ساری چیزیں ہونگیں۔ (۲) اوپر کے حضرت حمادؒ کے اثر سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ زمین سے گچ، پہاڑ اور ریت مراد ہے۔

**ترجمہ** : ٣ اور آیت میں لفظ، طیب، احتمال رکھتا ہے طاہر کے معنی کا بھی، اسلئے اسی پر محمول کیا جائے گا اسلئے کہ وہ طہارت کی جگہ کے زیادہ مناسب ہے۔

**تشریح** : یہاں سے آیت میں لفظ، طیب، ہے اسکا ترجمہ بیان کر رہے ہیں۔ کہ طیب کا ترجمہ ہے اچھی مٹی، یعنی اگانے والی مٹی، اوپر کی حدیث اور قول ابن عباسؓ کی وجہ سے یہ ترجمہ حضرت امام شافعیؒ نے لیا۔ اور دوسرا ترجمہ ہے پاک مٹی، اوپر کی حدیث ۔جعلت لی الارض مسجدا و طهورا. (بخاری شریف، کتاب التیمم ص ۴۸ نمبر ۳۳۵) میں طهوراً کے لفظ سے اس بات کی تائید ہوتی ہے کہ طیب کا ترجمہ طھور، یعنی پاک لیا جائے، اور آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ پاک مٹی سے تیمّم کرو۔ اور مسئلہ بھی یہی ہے کہ ناپاک مٹی سے تیمّم جائز نہیں ہے اسلئے طھارت کے موضوع کی مناسبت سے پاک مٹی ہی لینا زیادہ بہتر ہے۔

**ترجمہ**: ٤ یا آیت میں طیب سے، پاک مٹی مراد لینا بالاجماع ہے۔

**تشریح** : یہ تو سب اماموں کے نزدیک ہے کہ ناپاک مٹی سے تیمّم جائز نہیں ہے صرف پاک مٹی سے جائز ہے اور سبھی ائمہ آیت کے طیبا کے لفظ سے استدلال کرتے ہیں کہ پاک مٹی ہونی چاہئے اسلئے طیبا کا معنی پاک ہے اس پر سب امام متفق ہیں اسلئے ہم بھی طیبا کا معنی پاک ہی مراد لیتے ہیں اسی پر سب کا اجماع ہے۔ یہ اور بات ہے کہ حضرت امام شافعیؒ نے طیبا کا ایک اور معنی بھی مراد لے لیا۔ یعنی اگانے والی مٹی، لیکن یہ انکا انفرادی معنی ہے۔ جبکہ ہم اجماعی معنی مراد لے رہے ہیں۔

(۸۶) ثم لا یشترط ان یکون علیه غبار عند ابی حنیفۃؒ ﴾ ۱؎ لاطلاق ماتلونا.

---

لغت التراب: مٹی۔ الرمل: ریت، الجص: گچ، النورۃ: چونہ، الکحل: سرمہ، الزرنیخ: ہڑتال (ایک قسم کی دھات ہوتی ہے)۔ المنبت: اگانے والی مٹی۔

**ترجمه**: (۸۶) پھر یہ شرط نہیں ہے کہ اس چیز پر غبار ہو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک۔

**ترجمه**: ۱؎ اس آیت کی وجہ سے جو ہم نے اوپر تلاوت کی۔

**تشریح**: مثلا پتھر مٹی کی جنس میں سے ہے اس پر تیمّم کرنے کے لئے اس پر غبار ہونا ضروری نہیں بلکہ بغیر غبار کے بھی تیمّم کرلیا تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک تیمّم ہو جائیگا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ آیت میں فتیمموا صعیدا طیبا۔ (آیت ۶ سورۃ المائدۃ ۵) پاک مٹی سے تیمّم کرو ہے اس میں غبار ہونے کی شرط نہیں ہے اس لئے تیمّم کرنے کے لئے غبار ہونا ضروری نہیں ہے۔ کیونکہ آیت غبار اور عدم غبار سے مطلق ہے۔ (۲) حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے دیوار پر تیمّم فرمایا، اور ظاہر ہے کہ دیوار پر مٹی تو ہے لیکن غبار نہیں ہوگا، اس سے معلوم ہوا کہ بغیر غبار کے تیمّم جائز ہے۔ حدیث یہ ہے۔ قال انطلقت مع ابن عمر فی حاجۃ الی ابن عباس ..... حتی اذا کان الرجل أن یتواری فی السکۃ، فضرب بیدیه علی الحائط و مسح بهما وجهه۔ (ابو داود شریف، باب التیمم فی الحضر، ص ۵۳، نمبر ۳۳۰) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ نے دیوار پر مسح کیا۔ (۳) اثر میں ہے کہ پہاڑ سے تیمّم کرنا جائز ہے، اور اس میں یہ قید نہیں ہے کہ غبار ہو اسلئے بغیر غبار کے بھی تیمّم جائز ہے اثر یہ ہے۔ عن حماد قال تیمم بالصعید و الجص والجبل و الرمل (مصنف ابن ابی شیبہ، ۱۹۶ ما یجزی الرجل فی تیممہ، ج اول ص ۱۴۸، نمبر ۱۷۰۴) اس حدیث اور اثر سے معلوم ہوتا ہے کہ غبار ہونا ضروری نہیں ہے (۴) اصل میں یہ امر تعبدی ہے کہ شریعت نے جیسا کرنے کے لئے کہا وہ کرلیا اور پاکی حاصل ہوگئی چاہے ہاتھ میں غبار لگے یا نہ لگے۔

**فائده**: امام شافعیؒ کے نزدیک غبار والی مٹی پر ہی تیمّم جائز ہے اور اسکے علاوہ پر نہیں۔ موسوعۃ کی عبارت یہ ہے قال الشافعیؒ و کل ما وقع علیه اسم صعید، لم تخالطه نجاسۃ، فهو صعید طیب یتیمم به، و کل ما حال عن اسم صعید لم یتیمم به، ولا یقع اسم صعید الا تراب ذی غبار. (موسوعۃ للامام الشافعی باب التراب الذی یتیمم بہ ولا یتیمم، ج اول، ص ۱۹۷ نمبر ۶۵۵) اس عبارت میں ہے کہ بغیر غبار کے تیمّم جائز نہیں ہے۔ انکی دلیل یہ ہے کہ صعید کا معنی ہے غبار والی مٹی۔ اور حدیث میں اسکا ثبوت ہے و جعلت تربتها لنا طهوراً اذا لم یجد الماء۔ (مسلم شریف، باب المساجد و مواضع الصلاۃ، ص ۱۹۹ نمبر ۵۲۲/۱۱۶۵) اس حدیث میں ہے کہ زمین کی تربت پاک ہے، اور تربت کا معنی غبار ہے اسلئے تیمّم کے لئے غبار ہونا

(۸۷) وكذا يجوز بالغبار مع القدرة على الصعيد عند ابى حنيفة، و محمدؒ ﴾ ل لانه تراب رقيق (۸۸) النية فرض في التيمم ﴾ ل وقال زفرؒ ليس بفرض لانه خلف عن الوضوء فلا يخالفه في وصفه

ضروری ہے۔

**ترجمہ**: (۸۷) ایسے ہی صرف غبار سے تیمّم جائز ہے مٹی پر قدرت کے باوجود امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ وہ بھی پتلی مٹی ہے۔

**تشریح**: مٹی موجود ہو پھر بھی صرف غبار سے تیمّم کرنا چاہے تو امام ابوحنیفہ اور امام محمدؒ کے نزدیک کرسکتا ہے۔ کیونکہ وہ بھی پتلی مٹی ہے اسلئے اس سے تیمّم کرسکتا ہے۔ اوپر کی حدیث میں بھی تربتها لنا طهوراً کالفظ گزرا جس سے معلوم ہوا کہ غبار سے تیمّم کر سکتا ہے۔

**ترجمہ**: (۸۸) تیمّم میں نیت فرض ہے۔

**وجہ**: (۱) تیمّم کا معنی ہی ہے قصد اور ارادہ کرنے کے، اس لئے تیمّم میں تیمّم کرنے کا ارادہ اور نیت کی جائے گی تو پاکی ہوگی۔ اور بغیر ارادہ کے چہرہ اور ہاتھ پر مٹی پھر گئی تو پاکی نہیں ہوگی (۲) پانی بذاتہ خود طاہر اور طہور ہے۔ اس کے برخلاف مٹی سے تو چہرہ اور خراب ہوتا ہے۔ اس لئے وضو میں نیت کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس لئے وہاں نیت کرنا مستحب ہے۔ اور مٹی بذاتہ مطہر نہیں ہے اس لئے نیت کرنے سے مطہر بنے گی۔ اس لئے تیمّم میں نیت کرنا فرض ہے۔ آیت میں ہے۔ تيمموا صعيدا طيبا (آیت ۴۳، سورۃ النساء ۴) اس کا ترجمہ ہے پاک مٹی کا ارادہ کرو۔ جس سے ارادہ اور نیت کا ثبوت ہوا۔ (۳) اثر میں ہے کہ نیت کرے ،قال سفيان : اذا علمّت الرجل التيمم فلا يجزيك ذالك التيمم أن تصلى به الا ان نويت به أنك تيمم لنفسك ، و اذا علمّته الوضوء أجزأك ۔ (مصنف عبدالرزاق، باب الرجل يعلم التيمم أيجزيه، ج اول، ص ۲۳۲ نمبر ۸۹۵) اس اثر میں ہے کہ دوسرے کو تیمّم سکھانے کے لئے تیمّم کیا اور اپنے لئے تیمّم کی نیت نہیں کی تو وہ تیمّم نماز کے لئے کافی نہیں ، کیونکہ اپنے تیمّم کی نیت نہیں کی ہے، اور دوسرے کو وضو سکھانے کے لئے وضو کیا تو اس وضو سے نماز پڑھ سکتا ہے اسلئے کہ وضو میں نیت کی ضرورت نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ل امام زفرؒ نے فرمایا کہ تیمّم میں بھی نیت کرنا فرض نہیں ہے اسلئے کہ وہ وضو کا خلیفہ ہے اسلئے صفت میں وضو کے خلاف نہیں ہوگا۔

**تشریح**: وضو میں نیت کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی بغیر نیت کے ہی وضو کرے گا تو نماز کیلئے کافی ہے ، اور تیمّم وضو کا خلیفہ

**۲ ولنا انه ینبیء عن القصد فلایتحقق دونه، ۳ او یجعل طهوراً فی حالة مخصوصة، و الماء طهور بنفسه علی ما مر (۸۹)ثم اذانوی الطهارة او استباحة الصلوٰة اجزاہ، ولایشترط نیة التیمم للحدث، او للجنابة﴾ ا ھو الصحیح من المذھب.**

ہے اسلئے تیمّم میں بھی نیت کی ضرورت نہیں ہونی چاہئے، بغیر نیت کے بھی تیمّم کرے تو نماز کے لئے کافی ہونا چاہئے۔

**ترجمہ**: ۲ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ لفظ تیمّم، کا ترجمہ ہے ارادہ کرنا، اسلئے بغیر ارادے کے متحقق نہیں ہوگا۔

**تشریح**: تیمّم کا معنی ہی ارادہ کرنا ہے اسلئے بغیر ارادے اور نیت کے تیمّم متحقق نہیں ہوگا۔ کیونکہ جس لفظ کا ترجمہ ہی نیت ہو وہ بغیر نیت کے کیسے متحقق ہوگا۔ اسلئے تیمّم میں نیت کرنا ضروری ہے۔

**ترجمہ**: ۳ یا مٹی کو مخصوص حالت میں پاک کرنے والی قرار دی گئی، اور پانی خود بخود پاک کرنے والا ہے، جیسا کہ پہلے گزر گیا۔

**تشریح**: ہ دوسری دلیل عقلی ہے، کہ مٹی اصل میں تو چہرہ کو گندہ کرنے والی چیز ہے صرف مخصوص حالت میں پاک کرتی ہے وہ یہ کہ پانی نہ ہو اور نماز کا وقت ہو چکا ہو اسلئے نیت کرے گا تو مٹی پاک کرے گی اور نیت نہیں کرے گا تو وہ اپنی اصل کے اعتبار سے گندہ ہی کرے گی اسلئے پاک کرنے لئے نیت کی ضرورت ہوگی ۔ اور پانی کا حال یہ ہے کہ وہ اپنی ذات کے اعتبار سے صفائی کرتا ہے، اور ذات کے اعتبار سے طھور، یعنی دوسرے کو پاک کرنے والا ہے ۔ قرآن میں اسکو ذات کے اعتبار سے دوسرے کو پاک کرنے والا کہا ہے۔ **و أنزلنا من السماء ماء طهورا**۔ ( آیت ۴۸ سورۃ الفرقان ۲۵ ) اسلئے پانی کے استعمال کرتے وقت نیت کی ضرورت نہیں ہوگی۔

**ترجمہ** : (۸۹) پھر اگر طھارت کی نیت کرے، یا نماز مباح ہونے کی نیت کرے تب بھی کافی ہو جائے گا، اور حدث، یا جنابت کے لئے تیمّم کی نیت کی شرط نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ا صحیح مذھب یہی ہے۔

**تشریح**: ایک ہے وضو یعنی حدث اصغر سے طہارت حاصل کرنا ، اور دوسرا ہے غسل جنابت یعنی حدث اکبر سے طہارت حاصل کرنا، ان دونوں ہی میں طھارت ہے، البتہ ایک بڑا ہے اور دوسرا چھوٹا ہے، تو کیا ہر ایک لئے الگ الگ نیت کرنی ہوگی، یا صرف طھارت کی نیت کافی ہے۔ تو مصنف فرماتے ہیں کہ صرف طھارت کی نیت کافی ہے حدث اصغر، یا جنابت کی نیت کرنا ضروری نہیں ہے، یا نماز مباح کرنے کی نیت ہو تب بھی تیمّم ہو جائے گا، صحیح مذھب یہی ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ حدیثوں میں دونوں تیمموں میں کوئی فرق نہیں کی گئی ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ دونوں ہی طھارت ہیں اسلئے مطلق طھارت کی نیت سے دونوں کی ادائیگی ہو جائے گی۔

(۹۰) فان تیمم نصرانی یرید به الاسلام ثم اسلم لم یکن متیمما عند ابی حنیفة و محمد، و قال ابو یوسف هو متیمم﴾

**فائدہ**: حضرت ابو بکر رازیؒ نے فرمایا کہ وضو چھوٹا حدث ہے اور غسل بہر حال بڑا ہے اسلئے وضو کے لئے الگ وضو کی نیت کرنی ہوگی، اور غسل کے لئے غسل کی نیت کرنی ہوگی۔ اگر غسل جنابت کی حاجت ہے اور مطلق طہارت کی نیت کی تو اس تیمّم سے نماز نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: (۹۰) پس اگر نصرانی نے اسلام لانے کے ارادے سے تیمّم کیا پھر اسلام لایا تو امام ابو حنیفہ اور امام محمدؒ کے نزدیک وہ تیمّم کرنے والا نہیں ہے، اور امام ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ وہ تیمّم کرنے والا ہے۔

**تشریح**: ایک غیر مسلم آدمی نے اسلام لانے کے ارادے سے تیمّم کیا پھر اسلام لانے کے بعد اسی تیمّم سے نماز پڑھنا چاہتا ہے۔ تو کیا اسکا تیمّم صحیح ہے اور وہ اس تیمّم سے نماز پڑھ سکتا ہے؟ تو امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ نہیں پڑھ سکتا ہے۔ کیونکہ اسکا تیمّم ہی صحیح نہیں ہے۔

**وجہ**: یہاں تین الگ الگ قاعدے ہیں اور ان پر چار مسئلے متفرع ہیں

(۱) تیمّم میں نیت کرنا ضروری ہے۔ اسلئے نیت کرنے کا اہل بھی ہونا چاہئے، یعنی مسلمان ہونا چاہئے، اور نصرانی نیت کرنے کا اہل نہیں ہے اور نہ اسکی نیت کا اعتبار ہے اسلئے اس نے تیمّم کیا تو وہ تیمّم درست نہیں ہوا، اور اس تیمّم سے نماز درست نہیں ہوگی۔ متن کی عبارت کا مطلب یہی ہے۔

(۲) ایسی عبادت کے لئے تیمّم کرے جو بغیر وضو کے جائز نہیں ہے، تو اس تیمّم سے نماز پڑھ سکتا ہے، جیسے سجدۂ تلاوت کے لئے وضو کیا تو اس تیمّم سے نماز پڑھ سکتا ہے، لیکن اگر مسجد میں جانے کے لئے تیمّم کیا تو اس تیمّم سے نماز نہیں پڑھ سکتا، کیونکہ مسجد میں بغیر وضو کے جانا جائز ہے۔

(۳) عبادت مقصودہ کے لئے تیمّم کیا ہو تو اس تیمّم سے نماز پڑھ سکتا ہے، لیکن ایسی عبادت جو خود مقصود نہ ہو بلکہ اسکے کرنے سے دوسری عبادت مقصود ہو تو اس عبادت کے لئے تیمّم کیا ہو تو اس تیمّم سے نماز نہیں پڑھ سکتا، جیسے قرآن بغیر وضو کے نہیں چھو سکتا، لیکن قران کا چھونا مقصد نہیں ہے بلکہ اس سے مقصد ہے قران پڑھنا۔ اسلئے کسی نے قرآن چھونے کے لئے تیمّم کیا تو اس تیمّم سے نماز نہیں پڑھ سکتا، کیونکہ چھونا عبادت مقصودہ نہیں ہے اور نماز پڑھنا عبادت مقصودہ ہے۔ اسکے سمجھنے کے بعد اب عبارت سمجھیں۔ کہ نصرانی اور کافر اسلام لانے کے لئے تیمّم کرے تو اس سے نماز نہیں پڑھ سکتا ہے، کیونکہ اسلام لانا اگر چہ عبادت مقصودہ ہے لیکن بغیر وضو کے بھی درست ہے اس لئے اس تیمّم سے نماز نہیں پڑھ سکتا، دوسری وجہ یہ ہے کہ، تیمّم درست ہونے کے لئے نیت کرنا ضروری

**۱** لانہ نوی قربۃ مقصودۃ بخلاف التیمم لدخول المسجد، و مس المصحف لانہ لیس بقربۃ مقصودۃ **۲** ولھما ان التراب ماجعل طھوراً الا فی حال ارادۃ قربۃ مقصودۃ لا تصح بدون الطھارۃ، والاسلام قربۃ مقصودۃ یصح بدونھا بخلاف سجدۃ التلاوۃ لانھا قربۃ مقصودۃ لا تصح بدون

ہےاورکافر کی نیت کااعتبارنہیں ہےاس لئے اس کا تیمّم ہی اتنا مضبوط نہیں ہوا کہ اس سے نماز پڑھ سکے۔

**ترجمہ** : **۱** اورامام ابویوسفؒ نے فرمایا کہ وہ تیمّم کرنے والا ہے اسلئے کہ اس نے قربت مقصودہ کی نیت کی، بخلاف مسجد میں داخل ہونے کے لئے تیمّم، اور قرآن چھونے کے لئے تیمّم اسلئے کہ وہ قربت مقصودہ نہیں ہیں۔

**تشریح** : امام ابویوسفؒ فرماتے ہیں کہ اسلام لانا قربت مقصودہ ہے بلکہ اہم مقصد ہے اسلئے چاہے نصرانی اور کافر ہی اسلام لانے کے لئے تیمّم کرے تو اس تیمّم سے نماز پڑھ سکتا ہے، اسلئے کہ نماز بھی عبادت مقصودہ ہے اور اسلام بھی عبادت مقصودہ ہے۔ البتہ اگر مسجد میں داخل ہونے لئے تیمّم کیا تو اس تیمّم سے نماز نہیں پڑھ سکتا، اسلئے کہ مسجد میں داخل ہونا اصل مقصد نہیں ہے بلکہ اس میں داخل ہوکر نماز پڑھنا مقصد ہے۔ اسی طرح قرآن کے چھونے لئے تیمّم کیا تو اس تیمّم سے نماز نہیں پڑھ سکتا کیونکہ قرآن چھونا اصل مقصد نہیں ہے بلکہ اسکو چھوکر اسکو پڑھنا مقصد ہے۔ اور پہلے گزر چکا ہے کہ عبادت مقصودہ کے لئے تیمّم کیا ہو تب ہی اس سے نماز پڑھ سکتا ہے۔

**ترجمہ** : **۲** امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کی دلیل یہ ہے کہ مٹی کو طھور نہیں بنایا مگر ایسی قربت مقصودہ کے لئے جو بغیر وضو کے صحیح نہ ہو، اور اسلام لانا قربت مقصودہ تو ہے لیکن بغیر وضو کے صحیح ہے (اسلئے اس تیمّم سے نماز درست نہیں) بخلاف سجدۃ تلاوت کے کہ وہ قربت مقصودہ ہے اور بغیر وضو کے صحیح نہیں ہے (اسلئے اس تیمّم سے نماز درست ہے)

**تشریح** : یہاں تراب سے مراد تیمّم ہے۔ اس تیمّم سے نماز درست ہوگی جو عبادت مقصودہ کے لئے کیا گیا ہو، اور دوسری شرط یہ ہے کہ ایسی عبادت مقصودہ ہو کہ وہ بغیر وضو کے درست نہ ہو، اور اسلام لانا عبادت مقصودہ تو ہے لیکن بغیر وضو کے بھی اسلام لانا درست ہے اسلئے اس تیمّم سے نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔ اسکے برخلاف سجدۃ تلاوت عبادت مقصودہ ہے، اور بغیر وضو کے جائز نہیں ہے اسلئے کسی نے سجدۃ تلاوت کے لئے تیمّم کیا تو اس تیمّم سے نماز پڑھ سکتا ہے، بشرطیکہ پانی پر قادر نہ ہو۔ اور ایک وجہ پہلے گزر چکی ہے کہ نصرانی مسلمان نہیں ہے اسلئے اسکی نیت کا اعتبار نہیں ہے اور تیمّم میں نیت کی ضرورت ہے اسلئے نصرانی کا تیمّم درست نہیں اور نہ اس تیمّم سے اسلام لانے کے بعد نماز پڑھ سکتا ہے۔

**اصول**: یہ مسئلہ اس قاعدے پر متفرع ہے کہ تیمّم کے لئے نیت ضروری ہے۔ اور نیت کے لئے اسکا اہل ہونا ضروری ہے۔

**لغت** : قربۃ مقصودۃ: وہ عبادت جو خود مقصود ہو، جیسے نماز پڑھنا خود مقصود ہے، اور قرآن کا چھونا خود مقصود نہیں ہے بلکہ اسکو پڑھنا

**الطهارة (۹۱) وان توضاء لایرید به الاسلام ثم اسلم فهو متوضئ ﴾ لے خلافاً للشافعیؒ بناء علی اشتراط النیة، (۹۲) فان تیمم مسلم ثم ارتد و العیاذ باللہ ثم اسلم فھو علی تیممه ﴾ لے وقال زفرؒ یبطل تیممه لان الکفر ینافیه فیستوی فیه الابتداء و الانتهاء کالمحرمیة فی النکاح**

مقصود ہے۔مس: چھونا۔المصحف:قرآن کریم۔

**ترجمه** : (۹۱) اوراگر وضو کیا جس سے اسلام لانے کا ارادہ نہ ہو پھر اسلام لے آیا تو وہ وضو والا ہے (اس وضو سے نماز ہو جائے گی)

**تشریح** : نصرانی، یا کافر نے وضو کیا، اس وضو سے اسلام لانے کی نیت نہیں تھی، پھر اسلام لے آیا اب اس وضو سے نماز پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے، اسکا وضو صحیح ہے، اسکی وجہ یہ ہے کہ وضو درست ہونے لئے نیت کی ضرورت نہیں ہے، اسلئے وضو کرنے لئے اہل ہونا یعنی مسلمان ہونا بھی ضروری نہیں ہے، اور جب وضو درست ہے تو اس وضو سے نماز بھی درست ہے۔

**ترجمه**: لے برخلاف امام شافعیؒ کے بنا کرتے ہوئے نیت کی شرط لگانے پر۔

**تشریح** : حضرت امام شافعیؒ کے نزدیک وضو کے لئے بھی نیت ضروری ہے۔اور نصرانی مسلمان نہیں ہے اور نہ وہ نیت کا اہل ہے اسلئے اسکا وضو درست نہیں اسلئے اس وضو سے نماز پڑھنا چاہے تو نماز نہیں پڑھ سکتا۔

**ترجمه**: (۹۲) اور اگر مسلمان نے تیمّم کیا اور العیاذ باللہ مرتد ہو گیا پھر مسلمان ہوا تو وہ اپنے تیمّم پر برقرار ہے۔

**تشریح** : تیمّم کرتے وقت مسلمان تھا اسلئے اسکا تیمّم درست ہے، بیچ کے ارتداد سے تیمّم پر کوئی فرق نہیں پڑے گا اسلئے دوبارہ مسلمان ہو گیا تو اس تیمّم سے نماز پڑھ سکتا ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ ان حضرات کے نزدیک کفر ناقض نہیں ہے، اور نہ وہ تیمّم کے خلاف ہے۔

**ترجمه** : لے حضرت امام زفرؒ نے فرمایا کہ اسکا تیمّم باطل ہو جائے گا اسلئے کہ کفر تیمّم کے منافی ہے اور اس میں ابتداء اور انتہاء برابر ہے جیسے نکاح میں محرمات عورتیں۔

**تشریح** : حضرت امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ کفر کی حالت میں تیمّم کرنے سے تیمّم نہیں ہوتا کیونکہ کفر تیمّم کے منافی ہے، تو جس طرح شروع میں کفر ہو تو تیمّم نہیں ہوتا اسی طرح تیمّم کے درمیان کفر آجائے تو تیمّم توڑ دے گا، (۱) جیسے محرمات عورتیں نکاح سے پہلے بھی حرام ہیں اور نکاح ہو جائے پھر بیوی یا شوہر محرمات بن جائے تو نکاح ٹوٹ جائے گا۔ (۲) وہ فرماتے ہیں کہ آیت میں ہے کہ مرتد ہونے سے دنیا اور آخرت کے اعمال برباد ہو جاتے ہیں، اور دنیا کے اعمال میں سے تیمّم بھی ہے اسلئے تیمّم بھی باطل ہو جائے گا ۔آیت یہ ہے و من یرتدد منکم عن دینه فیمت و هو کافر فأولئک حبطت أعمالهم فی الدنیا و الآخرة.

۲ ولنا ان الباقي بعد التيمم صفة كونه طاهراً فاعتراض الكفر عليه لا ينافيه كما لو اعترض على الوضوء، ۳ و انما لا يصح من الكافر ابتداء لعدم النية منه. (۹۳)و ينقض التيمم كل شيء ينقض الوضوء ۱ لانه خلف عنه فاخذ حكمه. (۹۴)وينقضه ايضارؤية الماء اذا قدرعلى استعماله

(آیت ۲۱۷ سورۃ البقرۃ ۲) اس آیت میں ہے کہ اعمال برباد ہوجائیں گے۔

**ترجمہ** : ۲ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ تیمّم کرنے کے بعد اس صفت پر باقی ہے کہ وہ پاک ہے تو بیچ میں کفر کا پیش آنا تیمّم کے منافی نہیں، جیسے کی وضو پر پیش آجائے۔

**تشریح** : ہماری دلیل یہ ہے کہ اسلام کی حالت میں تیمّم کیا ہے اسلئے تیمّم تو درست ہے اسلئے بیچ میں کفر کا آجانا تیمّم کے منافی نہیں ہے، جیسے مسلمان وضو کیا ہو پھر مرتد ہوگیا تو ارتداد سے وضو نہیں ٹوٹے گا، اسی طرح ارتداد سے تیمّم نہیں ٹوٹے گا، کیونکہ وہ بھی طہارت ہے۔

**ترجمہ** : ۳ اور کافر سے ابتداء تیمّم صحیح نہیں ہے اسلئے کہ اس سے نیت نہیں ہے۔ کفر کی حالت میں ابتدائی طور پر تیمّم اسلئے صحیح نہیں کہ تیمّم میں نیت کی ضرورت ہوتی ہے اور کافر کی نیت کا اعتبار نہیں ہے اسلئے اسکا تیمّم درست نہیں، لیکن تیمّم ہوجانے کے بعد ارتداد سے تیمّم نہیں ٹوٹے گا۔

## ﴿ نواقض تیمّم کا بیان ﴾

**ترجمہ**: (۹۳) تیمّم کو وہ تمام چیزیں توڑتی ہیں جو وضو کو توڑتی ہیں۔

**ترجمہ**: ۱ اسلئے کہ تیمّم وضو کا خلیفہ ہے اسلئے وضو کا حکم لیا۔

**وجہ**: تیمّم وضو کے قائم مقام ہے اس لئے جو احداث وضو کو توڑتے ہیں وہ تمام تیمّم کو بھی توڑدیں گے۔ اسی طرح غسل کا تیمّم غسل کے قائم مقام ہے۔ اس لئے جو جنابت، حیض اور نفاس غسل کو توڑتے ہیں وہ غسل کے تیمّم کو توڑدیں گے۔

**ترجمہ**: (۹۴) نیز تیمّم کو توڑدے گا پانی کو دیکھنا جب کہ پانی کے استعمال پر قدرت ہو۔

**وجہ**: چونکہ تیمّم پانی پر قدرت نہ ہونے کی حالت میں جائز ہے اس لئے جوں ہی پانی پر قدرت ہوگی تیمّم ٹوٹ جائیگا۔ آیت میں ہے فلم تجدوا ماء فتيمموا صعيدا طيبا. (آیت ۴۳، سورۃ النساء ۴) . کہ پانی نہ ہو تو تیمّم کرو۔ اور اس نے پانی پالیا اسلئے تیمّم ٹوٹ جائیگا۔ یہ بھی ضروری ہے کہ پانی استعمال کرنے پر قدرت ہو، لیکن اگر پانی پایا اور بیمار ہونے کی وجہ سے پانی کے استعمال کرنے پر قدرت نہیں ہے تو تیمّم نہیں ٹوٹے گا اسلئے کہ پانی کے استعمال پر قدرت ہونا اصل ہے۔

ا لان القدرة هی المراد بالوجود الذی ھوغایۃلطھوریۃ التراب ۲ وخائف السبع، والعدو، والعطش عاجزحکما ۳ والنائم عندابی حنیفۃؒ قادرتقدیراً، حتی لو مر النائم المتیمم علی الماء بطل تیممہ عندہ،

**نوٹ:** وضوکا تیمّم ٹوٹنے کے لئے وضوکی مقدار پانی اورغسل کے تیمّم کے لئے غسل کی مقدار پانی پرقدرت ہوتب تیمّم ٹوٹے گا۔

**ترجمہ:** ا اسلئے کہ آیت میں پانی پانے سے مراد اسکے استعمال پرقدرت ہونا ہے جومٹی کے پاک کرنے کی غایت ہے۔

**تشریح:** آیت میں پانی پانے کا مطلب پانی کے استعمال پرقدرت ہونا ہے، اسلئے کہ پانی کے استعمال پرقدرت ہوتب ہی مٹی سے پاک کرنے کوچھوڑا جاسکتا ہے اور اگر استعمال کرنے پرقدرت نہ ہوتو تیمّم کوچھوڑانہیں جاسکتا ہے۔ یہ جملہ آیت میں پانی پانے کی تشریح ہے۔

**لغت:** ھو غایۃ لطھوریۃ التراب : اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ تیمّم اس وقت تک کرسکتا ہے جب تک پانی کے استعمال پر قدرت نہ ہواور جب پانی کے استعمال پرقدرت ہوگئی تو اب مٹی سے طھارت حاصل نہیں کرسکتا۔

**ترجمہ:** ۲ اور پھاڑ کھانے والے جانور سے خوف کرنے والا اور دشمن سے خوف کرنے والا، اور پیاسا حکما عاجز ہیں۔

**تشریح:** کسی کے قریب پانی تو ہے لیکن اگرسکو استعمال کرنے جائے گا تو خوف ہے کہ اسکو پھاڑ کھانے والا جانور پھاڑ کھائے گا ،یادشمن مارڈالے گا، یا پانی کم ہے اگراس پانی کووضو میں استعمال کرلےتو بعد میں پیاس سے مرجائے گا اسلئے اسکے پاس پانی ہونے کے باوجود یہ سمجھا جائے گا کہ اسکے پاس پانی نہیں ہے، اور یہ پانی سے عاجز ہے اسلئے یہ لوگ تیمّم کرسکتے ہیں ۔ کیونکہ فلم تجدوا ماء ،میں داخل ہیں ۔

**ترجمہ:** ۳ اورسونے والا امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک حکما پانی پرقدرت رکھنے والا ہے، چنانچہ اگرتیمّم کرکے سونے والا پانی پر گزرے تو انکے نزدیک اسکا تیمّم باطل ہوجائے گا۔

**تشریح:** غسل کا تیمّم کرکے کوئی آدمی سوتے ہوئے اتنے پانی پرگزرگیا کہ اس سے غسل کرسکتا تھا تو اسکا تیمّم ٹوٹ جائے گا اور اسکودوبارہ غسل کا تیمّم کرنا ہوگا، اسلئے کہ سونے والا حکما پانی پرقدرت رکھتا ہے، یہ امام ابوحنیفہؒ کی ایک رائے ہے، اور اسکی ایک مثال یہ ہے کہ احرام باندھ کرعرفات میں سوتے ہوئے گزرجائے تو عرفات ادا ہوجاتا ہے چاہے اسکومعلوم نہ ہوکہ یہ عرفات ہے تو سوتے ہوئے عرفات میں گزرنا بھی عرفات پرقدرت رکھنا ہے، اسی طرح یہاں پانی پرسوتے ہوئے گزرنا بھی پانی پرقدرت رکھنا ہے۔ البتہ اکثرائمہ اس بات کی طرف گئے کہ سوتے ہوئے پانی پرگزرنا پانی پرقدرت رکھنانہیں ہے۔

**لغت:** السبع : پھاڑ کھانے والا جانور، العدو :دشمن، العطش : پیاسا، عاجز: عاجز ہے، گویا کہ پانی پانے والانہیں ہے۔

ﷺ و المراد ما يكفي للوضوء لانه لا معتبر بما دونه ابتداءً فكذا انتهاء.

**ترجمہ** : ﷺ اور پانی سے مراد اتنی مقدار ہے جو وضو کے لئے کافی ہو اسلئے کہ شروع میں اس سے کم کا کوئی اعتبار نہیں اسلئے ایسے ہی اخیر میں اسکا کوئی اعتبار نہیں۔

**تشریح** : متن میں گزرا کہ پانی پر قدرت ہو جائے تو اس سے تیمّم ٹوٹ جائے گا، اب فرماتے ہیں کہ اس پانی سے اتنی مقدار ہے جس سے وضو کر سکے تو اس سے وضو کا تیمّم ٹوٹے گا، یا اتنا پانی ہو جس سے غسل کر سکے تو اس پانی سے غسل کا تیمّم ٹوٹے گا، اور اگر اس سے کم پانی ملا تو اس سے تیمّم نہیں ٹوٹے گا، کیونکہ شروع میں کم پانی ہو تو اس سے وضو واجب نہیں ہوتا بلکہ تیمّم کرنا واجب ہوتا ہے تو بعد میں کم پانی ملے تو اس سے تیمّم کیسے ٹوٹے گا؟۔ وضو کے لئے کم سے کم ایک مد پانی ہونا چاہئے، جو اس دور کے وزن کے اعتبار سے 884.5 گرام پانی ہوتا ہے، یا لیٹر کے اعتبار سے 470 .1 لیٹر، یعنی ایک لیٹر اور 470 میلی لیٹر کا ہوتا ہے۔ یعنی اتنے پانی سے وضو ہو جائے گا اور اتنا پانی مل جائے تو وضو کا تیمّم ٹوٹ جائے گا۔ اور غسل کے لئے کم سے کم ایک صاع پانی ہونا چاہئے جو اس دور کے وزن کے اعتبار سے 3.538 کیلو، یعنی 3 کیلو اور 538 گرام پانی، اور لیٹر کے اعتبار سے ایک صاع 5.880 لیٹر، یعنی 5 لیٹر اور 880 میلی لیٹر کا ہوتا ہے، یعنی اتنا پانی مل جائے تو غسل کا تیمّم ٹوٹ جائے گا۔

**وجہ** : حدیث میں ہے کہ حضورؐ وضو کے لئے ایک مد اور غسل کے لئے ایک صاع پانی استعمال فرماتے تھے، حدیث یہ ہے۔ قال سمعت أنسا يقول : كان النبيؐ يغسل أو كان يغتسل بالصاع الى خمسة أمداد و يتوضأ بالمد ۔ (بخاری شریف، باب الوضوء بالمد، ص ۳۳، نمبر ۲۰۱ / مسلم شریف، باب القدر المستحب من الماء فی الغسل الجنابۃ، ص ۱۴۷، نمبر ۳۲۵ / ۷۳۷) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ ایک صاع سے غسل جنابت فرماتے اور ایک مد سے وضو فرماتے تھے۔ انگریزی ناپ میں صاع اور مد کی مقدار ذیل میں دیکھیں۔

### ﴿ مد اور صاع کا وزن ایک نظر میں ﴾

| فارمولہ | | |
|---|---|---|
| کتنے | برابر | کتنے |
| 8 رتی | = | ایک ماشہ |
| 12 ماشہ | = | ایک تولہ |
| 11.664 گرام | = | ایک تولہ |
| 0.218 گرام | = | ایک قیراط |
| 4.374 گرام | = | ایک مثقال |

| فارمولہ | | |
|---|---|---|
| کتنے | برابر | کتنے |
| 1000 گرام | = | ایک کیلو |
| ایک صاع | = | 8 رطل |
| ایک صاع | = | 4 مد |
| ایک مد | = | 2 رطل |
| ایک مد | = | 884.5 گرام کا ہوتا ہے |

(۹۵) ولايتيمم الا بصعيد طاهر ﴾ ۱؎ لان الطيب اريدبه الطاهر ۲؎ ولانه آلة التطهير فلا بدمن طهارته في نفسه كالماء (۹۶) ويستحب لعادم الماء وهويرجوه ان يؤخر الصلوة الى آخر الوقت،فان وجد الماء يتوضأ،والاتيمم وصلى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 5.880 لیٹر کا ہوتا ہے | = | ایک صاع | | ایک رطل | = | گرام 442.25 |
| 1.470لیٹر کا ہوتا ہے | = | ایک مد | | ایک صاع | = | گرام 3538 |
| | | | | آدھا صاع | = | گرام 1769 |

**ترجمہ**:(۹۵)اور تیمّم جائز نہیں ہے مگر پاک مٹی سے۔

**وجہ** : (۱) آیت میں ہے فتیمموا صعیدا طیبا ( آیت ۶ سورۃ المائدۃ ۵ ) کہ پاک مٹی سے تیمّم کرو۔اس لئے ناپاک مٹی سے تیمّم درست نہیں ہے(۲)حدیث میں ہے کہ پاک مٹی سے تیمّم درست ہوگا فقال ابو ذر... فقال رسول الله ﷺ یا ابا ذر ان الصعید الطیب طهور وان لم تجد الماء الى عشر سنین فاذا وجدت الماء فامسه جلدک (ابوداؤد شریف، باب الجنب یتیمم ص ۵۲ نمبر ۳۳۳)اس حدیث میں ہے کہ پاک مٹی پاک کرنے والی ہے اسلئے ناپاک مٹی سے تیمّم جائز نہیں ہوگا (۳) جب مٹی دوسرے کو پاک کرے گی تو خود بھی پاک ہونا چاہئے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ آیت میں لفظ طیب سے مراد طاہر ہے۔اسلئے مٹی کا پاک ہونا ضروری ہے۔

**ترجمہ**: ۲؎ اوراسلئے کہ مٹی پاک کرنے کا آلہ ہے اسلئے خود اسکا پاک ہونا ضروری ہے، جیسے کہ پانی کا پاک ہونا ضروری ہے۔

**تشریح** : مٹی کے ذریعہ جسم کو پاک کیا جائے گا،تو ظاہر ہے کہ خود مٹی کو بھی پاک ہونا چاہئے،جس طرح پانی سے جسم پاک کرتے ہیں تو خود پانی کا پاک ہونا ضروری ہے، ورنہ تو یہ دوسرے کو پاک کیسے کرے گا!یہ جملہ مٹی کے پاک ہونے کی دلیل عقلی ہے۔

**ترجمہ** : (۹۶) اس آدمی کے لئے مستحب ہے جو پانی نہ پاتا ہو لیکن امید ہے کہ آخری وقت میں پانی پالیگا تو نماز آخری وقت تک مؤخر کردے۔پس اگر پانی پایا تو وضو کرے اور نماز پڑھے ورنہ تیمّم کرے اور نماز پڑھے۔

**وجہ** : (۱)جس کے پاس ابھی پانی نہیں ہے تو وہ ابھی بھی تیمّم کرکے نماز پڑھ سکتا ہے۔کیونکہ حقیقت میں مجبوری تو ابھی ہے۔البتہ پانی ملنے کی امید ہے اس لئے اصل پر عمل کرنے کے لئے مستحب یہ ہے کہ پانی ملنے تک نماز مؤخر کرے۔پس اگر پانی مل جائے تو وضو کرکے اصل پر نماز پڑھے ورنہ تو تیمّم کرکے نماز پڑھے(۲)حضرت علیؓ کا قول ہے۔ عن علی قال : اذا اجنب

**۱** ليقع الاداء باكمل الطهارتين فصار كالطامع فی الجماعة **۲** وعن ابی حنيفةؒ وابی یوسفؒ فی غیر روایة الاصول ان التاخیر حتم لان غالب الرأی کالمتحقق

---

الرجل في السفر تلوم ما بينه و بين آخر الوقت فان لم يجد الماء تيمم و صلى. (دار قطنی، باب فی بیان الموضع الذی یجوز التیمم فیہ ج اول ص ۱۹۵ نمبر ۷۱۰ رسنن للبیہقی ، باب من تلوم ما بینہ وبین آخر الوقت رجاء وجود الماء ، ج اول ، ص ۳۳۵ ، نمبر ۱۱۰۱) حدیث سے معلوم ہوا کہ پانی کی امید کرنے والوں کے لئے مؤخر کرنا مستحب ہے۔

**نوٹ:** اول وقت میں نماز پڑھ لی پھر پانی پایا تو نماز نہیں لوٹائے گا۔ ابوداود کی لمبی حدیث کا ٹکڑا یہ ہے عن ابی سعید الخدری ؓ قال خرج رجلان فی سفر فحضرت الصلاة و لیس معهما ماء فتیمما صعیدا طیبا فصلیا ثم وجدا الماء فی الوقت فأعاد أحدهما الصلاة و الوضوء و لم یعد الآخر ، ثم أتیا رسول الله ﷺ فذکر اذالک له فقال للذی لم یعد ((أصبت السنة و أجزأتک صلاتک ، )) وقال للذی توضأ و أعاد ((لک الاجر مرتین )) (ابوداؤشریف، باب المتیمم یجد الماء بعد مایصلی فی الوقت، ص ۵۵، نمبر ۳۳۸) اس حدیث میں ہے کہ تیمم کر کے نماز پڑھی اور وقت کے اندر ہی پانی پالیا تو دوبارہ نماز لوٹانے کی ضرورت نہیں ہے۔

**ترجمہ:** **۱** تا کہ ادائگی دونوں طہارتوں میں سے اکمل پر ہو جائے تو ایسا ہوا کہ جیسے جماعت میں لالچ کرنے والا ہو۔

**تشریح:** کسی کو پانی کی امید ہو تو پانی کی تلاش میں آخر وقت تک انتظار کرے تا کہ پانی مل جائے تو طہارت کاملہ پر وضو کر کے نماز پڑھے، جس طرح جماعت پانے کی امید ہو تو تاخیر کرے تا کہ جماعت کے ساتھ اکمل پر نماز پڑھے، تاہم اگر پہلے نماز پڑھے تو نماز ہو جائے گی۔

**ترجمہ:** **۲** امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ سے اصول کی روایت کے علاوہ میں ہے کہ پانی کے لئے تاخیر کرنا ضروری ہے، اسلئے کہ غالب رائے متحقق کی طرح ہے۔

**تشریح:** اصول کی جو کتاب ہے اسکے علاوہ میں یہ مذکور ہے کہ جسکو پانی نہ ملا ہو اور پانی پانے کی امید ہو تو اسپر تاخیر کرنا ضروری ہے، اسکی ایک وجہ یہ ہے کہ غالب گمان ہو کہ پانی مل جائے گا تو گویا کہ پانی مل گیا اسلئے پانی کے لئے موخر کرنا ضروری ہے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ حضرت علیؓ کے قول میں تاکید ہے کہ پانی کی امید رکھنے والا ضرور نماز موخر کرے، اثر یہ ہے ۔ عن علی قال: اذا اجنب الرجل فی السفر تلوم ما بینه و بین آخر الوقت فان لم یجد الماء تیمم و صلی. (دار قطنی ، باب فی بیان الموضع الذی یجوز التیمم فیہ ج اول ص ۱۹۵ نمبر ۷۱۰ رسنن للبیہقی ، باب من تلوم ما بینہ وبین آخر الوقت رجاء وجود الماء ، ج اول ، ص ۳۳۵ ، نمبر ۱۱۰۱) اس اثر میں ہے کہ پانی کی امید رکھنے والا اخیر وقت تک موخر کرے ۔(۲) اس اثر میں بھی ہے کہ موخر کرے

۳؎ وجه الظاهر ان العجز ثابت حقيقة فلا يزول حكمه الا بيقين مثله (۹۷) ويصلي بتيممه ماشاء من الفرائض و النوافل﴾ ا؎ وعند الشافعيؒ يتيمم لكل فرض لانه طهارة ضرورية

۔عن الحسن و ابن سيرين أنهماقالا : لا يتيمم ما رجاأن يقدر على الماء فى الوقت ۔(مصنف ابن ابی شیبة، من قال لا یتیمم ما رجا أن یقدر علی الماء، ص ۱۴۸، نمبر ۱۷۰۰) اس اثر میں ہے کہ پانی کا امید رکھنے والا نماز موخر کرے۔

**ترجمه**: ۳؎ ظاہر روایت کی وجہ یہ ہے کہ ابھی حقیقۃ عجز ثابت ہے اسلئے اسکا حکم اسی کی طرح یقین کے بغیر زائل نہیں ہوگا۔

**تشريح**: ظاہر روایت کی وجہ یہ ہے کہ ابھی پانی ملا ہوا نہیں ہے اور حقیقت میں عاجزی ثابت ہے اسلئے جب تک حقیقت میں پانی نہ مل جائے اور پانی ملنے کا یقین نہ ہو جائے اس وقت تک موخر کرنا واجب نہیں ہوگا۔ اثر میں ہے کہ حضرت ابن عمرؓ مقام مربد النعم میں تھے وہاں سے مدینہ طیبہ سے قریب تین میل پر تھے اور پانی ملنے کی پوری امید تھی پھر بھی انہوں نے نماز موخر نہیں کی اور اول وقت میں نماز پڑھ لی، اگر نماز موخر کرنا ضروری ہوتا تو حضرت ابن عمر ضرور موخر کرتے۔ اثر یہ ہے۔عن نافع ، أن ابن عمر يتيمم بمربد النعم و صلي وهو على ثلاثلة أميال من المدينة ، ثم دخل المدينة و الشمس مرتفعة فلم يعد ،(دار قطنی ،باب فی کراهية امامة المتيمم المتوضئين ، ص ۱۹۵، نمبر ۷۰۷ / باب ما روی فی طلب الماء و فی حد الطلب ، ص ۳۵۵، نمبر ۱۱۰۳) اس اثر میں ہے کہ اول وقت میں حضرت ابن عمر نے تیمّم کر کے نماز پڑھی اور پانی کی امید میں تاخیر نہیں کی جس سے معلوم ہوا کہ تاخیر کرنا ضروری نہیں ہے۔

**ترجمه**: (۹۷) ایک تیمّم سے جتنے فرائض اور نوافل پڑھنا چاہے پڑھ سکتا ہے۔

**وجه** : (۱) تیمّم وضو کا مکمل نائب ہے۔ جس طرح ایک وضو سے کئی وقت کے فرائض پڑھ سکتا ہے اسی طرح ایک تیمّم سے کئی وقت کے فرائض پڑھ سکتا ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ وقت ختم ہوتے ہی تیمّم ٹوٹ جائے گا (۲) آیت میں وضو، غسل اور تیمّم کے تذکرے کے بعد یہ فرمایا ۔ما يريد الله ليجعل عليكم من حرج ولكن يريد ليطهركم و ليتم نعمته عليكم (آیت ۶ سورة المائدہ ۵) اس کا مطلب یہ ہے کہ وضو، غسل اور تیمّم تینوں کے ذریعہ مکمل پاک کرنا چاہتے ہیں۔ اس لئے تیمّم سے بھی وضو کی طرح کئی نماز پڑھ سکتے ہیں (۳) حدیث میں ہے۔ان الصعيد الطيب طهور وان لم تجد الماء الى عشر سنين. (ابو داؤد شریف، باب الجنب یتیمم ص ۵۳ نمبر ۳۳۳) طهور کا مطلب ہے بار بار پاک کرنا، اور یہ اسی وقت ہو سکتا ہے جبکہ یہ وضو کی طرح ایک ہی تیمّم سے کئی نمازیں پڑھ سکتا ہو۔ (۴) اثر میں ہے کہ ایک تیمّم سے کئی نمازیں پڑھ سکتا ہے۔عن عطاء قال : يصلي با لتيمم الصلوات كلها مالم يحدث ،(مصنف ابن ابی شیبة ۱۹۴ فی المتیمم کم یصلی بہ من صلاۃ، ص ۱۴۷، نمبر ۱۶۹۴ / مصنف عبد الرزاق ،باب کم یصلی بتیمم واحد، ص ۲۱۵، نمبر ۸۳۵) اس اثر میں ہے کہ ایک ہی تیمّم سے کئی نمازیں پڑھ سکتا ہے۔

**ترجمه**: ا؎ اور امام شافعیؒ کے نزدیک تیمّم کرے گا ہر فرض کے لئے اسلئے کہ یہ طہارت ضروریہ ہے۔

ع ولنا انه طهور حال عدم الماء فيعمل عمله ما بقى شرطه (۹۸) و يتيمم الصحيح فى المصر اذا حضرت جنازة و الولى غيره فخاف ان اشتغل بالطهارة ان تفوته الصلوة ﴾ ل لانها لاتقضى فيتحقق العجز

**تشریح:** امام شافعیؒ کے نزدیک تیمّم مجبوری کے درجے میں ہے کہ پانی نہ ملے تب تیمّم جائز ہوتا ہے جسکو طہارت ضروریہ کہتے ہیں۔ اسلئے جیسے ہی ایک نماز پڑھی تو ضرورت ختم ہوگئی، اور جب دوسری نماز کا وقت آیا اور پانی نہیں ملا تو اب تیمّم کی دوبارہ ضرورت پڑی اسلئے اب دوبارہ تیمّم کرے گا اور اس سے نماز پڑھے گا اسلئے ایک تیمّم سے ایک ہی نماز پڑھ سکتا ہے۔ موسوعہ میں عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ جعل الله تعالى المواقيت للصلوة فلم يكن لاحد ان يصليها قبلها ، و انما امرنا بالقيام اليها اذا دخل وقتها ۔(موسوعۃ امام شافعی، باب متی یتیمم للصلوۃ، ج اول، ص ۱۸۳ نمبر ۲۰۱) اس عبارت میں ہے کہ نماز کے وقت سے پہلے تیمّم نہ کرے، اس لئے ہر نماز کے لئے الگ الگ تیمّم ہوگا۔

**وجہ:** (۱) تیمّم ان کے نزدیک طہارت ضروری ہے یعنی وقت آنے پر پانی نہ ملے تو اب اس وقت تیمّم کریں۔ اس لئے تیمّم کی ابتدا وقت فرض آنے پر ہوگی (۲) حضرت عمرو ابن العاص، حضرت علی اور حضرت عبد اللہ ابن عمر کا قول ہے یتیمم لكل صلوة . (دار قطنی، باب التیمم وانہ یفعل لکل صلوۃ ج اول ص ۱۹۳ نمبر ۶۹۸ / السنن للبیہقی، باب التیمم لکل فریضۃ، ج اول، ص ۳۴۹، نمبر ۱۰۵۴) اس لئے وہ ہر نماز کے وقت الگ الگ تیمّم کرنا واجب قرار دیتے ہیں۔

**ترجمہ:** ع اور ہماری دلیل یہ ہے کہ مٹی پانی نہ ہونے کی حالت میں بار بار پاک کرنے والی ہے اسلئے پانی کا ہی عمل کرے گی جب تک اسکی شرط باقی ہے۔ یعنی جب تک پانی پر قدرت نہیں ہے تو اسکی جگہ پر مٹی موجود ہے اور ایک پانی کے وضو سے کئی نمازیں پڑھ سکتا ہے تو اسکا خلیفہ یعنی ایک تیمّم سے بھی کئی نمازیں پڑھ سکتا ہے۔ (۲) اثر اوپر گزر چکا ہے کہ ایک تیمّم سے تمام نمازیں پڑھ سکتا ہے۔

**ترجمہ:** (۹۸) جائز ہے تیمّم کرنا تندرست آدمی کے لئے جو مقیم ہو۔ جب کہ جنازہ حاضر ہو جائے اور ولی اس کے علاوہ ہو اور خوف ہو کہ اگر وضو کرنے میں مشغول ہو تو نماز جنازہ اس سے فوت ہو جائے گی تو اس کے لئے جائز ہے کہ تیمّم کرے اور نماز پڑھے۔

**ترجمہ:** ل اسلئے کہ نماز جنازہ کی قضا نہیں ہے اسلئے عجز متحقق ہے، اسلئے تیمّم کر کے نماز پڑھ سکتا ہے۔

**تشریح:** حنفیہ کا مسلک یہ ہے کہ ولی نے نماز جنازہ پڑھ لی تو دوبارہ نماز جنازہ نہیں پڑھ سکتا۔ اس لئے جو آدمی میت کا ولی نہیں ہے وہ نماز نہیں پڑھے گا تو اس سے ہمیشہ کے لئے وہ نماز جنازہ فوت ہو جائے گی۔ اب چاہے وہ تندرست ہے، مقیم ہے پانی ایک میل کے اندر ہے لیکن خوف ہے کہ وضو کرنے گیا تو نماز جنازہ فوت ہو جائے گی۔ اس مجبوری کی بنا پر گویا کہ اس کو پانی پر قدرت نہیں

(۹۹) و کذا من حضر العید فخاف ان اشتغل بالطهارة ان تفوته العید یتیمم﴾ ۱؎ لانها لا تعاد ۲؎ وقوله : الولی غیره اشارة الی انه لا یجوز للولی و هو روایة الحسن عن ابی حنیفة هو الصحیح لان للولی

ہےاس لئے تیمّم کر کے نماز جنازہ پڑھ سکتا ہے

**وجه**: (۱) عن ابن عباس قال اذا خفت ان تفوتک الجنازة وانت علی غیر وضوء فتیمم و صلی. (مصنف ابن ابی شیبۃ ۹۳ فی الرجل ان یخاف ان تفوته الصلوۃ علی الجنازۃ وھو غیر متوضی، ج ثانی، ص ۴۹۷، نمبر ۱۱۴۶۷، کتاب الجنائز) اس اثر سے معلوم ہوا کہ خوف ہو تو نماز جنازہ کے لئے تیمّم کر سکتا ہے۔

**فائدہ**: امام شافعیؒ کے نزدیک دوبارہ نماز جنازہ پڑھی جا سکتی ہے اس لئے تیمّم کرنے کی مجبوری نہیں ہے۔ اس لئے نماز جنازہ کے فوت ہونے کے لئے تیمّم نہیں کر سکتا (۲) عن ابن عمر انه قال لا یصلی علی الجنازة الا وهو طاهر. (السنن للبیہقی، باب الصحیح المقیم یتوضأ المکتوبۃ والجنازۃ والعید ولا یتیمم، ج اول، ص ۳۵۲، نمبر ۱۰۹۳) وہ طہارت سے صرف وضو کی طہارت مراد لیتے ہیں۔ ہم کہتے ہیں کہ مجبوری کے موقع پر تیمّم بھی طہارت ہے اس لئے ابن عمر کا قول حنفیہ کے خلاف نہیں ہوا (۳) اثر میں ہے عن عطاء فی الرجل یحضر الجنازة فیخاف أن تفوته الصلاة علیها قال : لا یتیمم۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ ۹۳ فی الرجل یخاف أن تفوته الصلاۃ علی الجنازۃ وھو غیر متوضی ، ج ثانی، ص ۴۹۸، نمبر ۱۱۴۷۷) اس اثر سے معلوم ہوا کہ تیمّم نہ کرے۔

**نوٹ**: خود ولی کی نماز جنازہ فوت ہونے کا خطرہ ہو تو تیمّم نہیں کر سکتا۔ کیونکہ وہ دوبارہ نماز جنازہ پڑھ سکتا ہے۔ اس لئے اس کے حق میں مجبوری نہیں ہوئی۔

**ترجمہ**: (۹۹) ایسے ہی جو عید کی نماز کے لئے حاضر ہو اور خوف ہو کہ اگر وضو میں مشغول ہوا تو اس سے عید کی نماز فوت ہو جائے گی (تو تیمّم کر کے نماز پڑھ لے)

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ عید دوبارہ ادا نہیں کی جا سکتی۔

**وجه**: (۱) نماز عید بھی امام کے ساتھ فوت ہو جائے تو دوبارہ نہیں پڑھ سکتا اور وضو کے لئے جائے گا تو نماز فوت ہو جائے گی۔ اس لئے گویا کہ پانی پر قدرت نہیں ہے۔ اس لئے تیمّم کر کے نماز عید پڑھ سکتا ہے۔ باقی دلائل اوپر گزر گئے (۲) عن ابراهیم قال یتیمم للعیدین و الجنازة (مصنف ابن ابی شیبۃ ۴۳۹ الرجل یحدث یوم العید ما یصنع، ج ثانی ص ۹، نمبر ۵۸۶۷) اس اثر سے معلوم ہوا کہ نماز جنازہ اور عید کے فوت ہونے کا خوف ہو تو تیمّم کر کے نماز پڑھ سکتا ہے۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور متن میں یہ قول کہ ولی اسکے علاوہ ہو اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ولی کے لئے جائز نہیں ہے کہ وہ تیمّم کر کے نماز جنازہ پڑھے، یہی امام ابو حنیفہؒ سے حضرت حسنؒ کی روایت ہے اور یہی صحیح ہے اسلئے کہ ولی کو نماز جنازہ لوٹانے کا حق ہے اسلئے

**حق الاعادة فلا فوت فی حقه (۱۰۰)وان احدث الامام او المقتدی فی صلوۃ العید تیمم وبنی عند ابی حنیفة، وقالا: لا یتیمم ﴾ ۱؎ لان اللاحق یصلی بعد فراغ الامام فلایخاف الفوت ۲؎ وله ان الخوف باق**

اسکے حق میں فوت ہونا نہیں ہے۔

**تشریح** : مسئلہ نمبر ۹۸ میں تھا کہ ولی میت کے علاوہ ہو اور جنازے کے فوت ہونے کا خوف ہو تو وہ تیمم کر کے نماز جنازہ پڑھ سکتا ہے، اس سے اشارہ ملتا ہے کہ خود ولی کو خوف ہو کہ جنازہ فوت ہو جائے گی تو وہ تیمم کر کے نماز جنازہ نہیں پڑھ سکتا، اسکی وجہ یہ ہے کہ ولی سے نماز جنازہ فوت ہو جائے تو وہ دوبارہ نماز جنازہ پڑھ سکتا ہے اسلئے اسکے حق میں فوت ہونے کا خوف نہیں ہے، اسلئے وہ تیمم کر کے نماز جنازہ نہیں پڑھ سکتا۔ حضرت حسنؒ کی امام ابو حنیفہؒ سے یہی روایت ہے۔

**اصول** : اس مسئلہ کی بنیاد اس اصول پر ہے کہ جسکے حق میں نماز کے فوت ہونے کا خوف ہو وہ تیمم کر کے نماز جنازہ پڑھ سکتا ہے ورنہ نہیں۔

**ترجمہ** : (۱۰۰) اور اگر امام نے یا مقتدی نے عید کی نماز میں حدث کر دیا تو تیمم کرے اور بناء کرے امام ابو حنیفہؒ، اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ تیمم نہ کرے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ لاحق امام کے فارغ ہونے کے بعد نماز پوری کر لے گا اسلئے نماز عید کے فوت ہونے کا خوف نہیں ہے۔

**تشریح**: وضو کر کے امام یا مقتدی عید کی نماز پڑھ رہے تھے کہ درمیان میں حدث ہو گیا تو امام ابو حنیفہؒ کی رائے ہے کہ چونکہ وضو کرنے جائے گا تو نماز عید کے فوت ہونے کا خوف ہے اسلئے وہیں تیمم کرے اور نماز پوری کر لے۔

**وجہ** : اثر میں ہے کہ تیمم کر کے نماز پوری کرے۔ **عن عبد الرحمن بن قاسم فی الرجل یحدث فی العید و یخاف الفوت قال : یتیمم و یصلی اذا خاف**، (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۴۳۹ فی من یحدث یوم العید ما یصنع، ج ثانی، ص ۱۰، نمبر ۵۸۶۸) اس اثر میں ہے کہ نماز عید میں حدث ہو جائے تو تیمم کر کے نماز پوری کرے۔

اور صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ تیمم نہ کرے اسلئے کہ یہ آدمی لاحق ہے اسلئے امام کے فارغ ہونے کے بعد بھی نماز پوری کر لے گا اسلئے نماز عید کے فوت ہونے کا خوف نہیں ہے۔ اور جب فوت ہونے کا خوف نہیں ہے تو تیمم کرنے کی بھی ضرورت نہیں ہے۔

**وجہ** : اثر میں ہے۔ **عن الحسن فی الرجل یحدث یوم العید قال : یطلب الماء فلیوضأ و لا یتیمم** ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۴۳۹ فی من یحدث یوم العید ما یصنع، ج ثانی، ص ۱۰، نمبر ۵۸۶۹) اس اثر سے معلوم ہوا کہ تیمم نہ کرے بلکہ وضو کر کے نماز پڑھے۔

**ترجمہ** : ۲؎ امام ابو حنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ نماز ٹوٹنے کا خوف باقی ہے اسلئے کہ عید کا دن بھیڑ کا دن ہے اسلئے اس پر کوئی عارض

لانہ یوم زحمۃ فیعتریہ عارض یفسد علیہ صلوتہ ؁۳ و الخلاف فیما اذا شرع بالوضوء، و لو شرع بالتیمم تیمم و بنی بالاتفاق لانا لو اجبنا الوضوء یکون واجداً للماء فی صلاتہ فیفسد (۱۰۱)

ولایتیمم للجمعۃ وان خاف الفوت لو توضأ، فان ادرک الجمعۃ صلاھا، و الا صلی الظھر اربعاً ﴾

پیش آسکتا ہے اور نماز فاسد ہوسکتی ہے۔

**تشریح**: یہ جملہ صاحبین کی دلیل کا جواب ہے۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ عید کی نماز کے درمیان حدث کرنے والا لاحق ہے یعنی امام کے ساتھ متصل ہے امام کے فارغ ہونے کے بعد بھی وضو کر کے نماز پوری کرسکتا ہے اسلئے عید کی نماز کے فوت ہونے کا خوف نہیں ہے اسلئے وہ تیمّم نہیں کرسکتا ہے۔ اسکا جواب یہ دیتے ہیں کہ عید کی نماز میں بہت بھیڑ ہوتی ہے اسلئے ایسا ہوسکتا ہے کہ وضو کرنے جائے تو بھیڑ کی وجہ سے نماز ٹوٹ جائے اور امام کی نماز کے ساتھ متصل نہ رکھ سکے، اور چونکہ عید کی نماز اکیلے دوبارہ نہیں پڑھ سکتا اسلئے نماز کے فوت ہونے کا زبردست خطرہ ہے اسلئے اپنی جگہ پر تیمّم ہی کر کے نماز پڑھ لے۔ (۲) اسکے لئے اثر اوپر گزر چکا ہے۔

**ترجمہ**: ؁۳ اور خلاف اس صورت میں ہے جب وضو کر کے نماز شروع کیا ہو، اور اگر تیمّم سے نماز عید شروع کی ہو تو تیمّم کرے اور بالاتفاق بناء کرے۔ اسلئے کہ اگر ہم وضو کو واجب کرتے ہیں تو وہ نماز میں پانی کو پانے والا ہوگا جسکی وجہ سے نماز فاسد ہو جائے گی۔

**تشریح**: اوپر کا اختلاف اس صورت میں ہے کہ وضو کر کے نماز عید شروع کی ہو پھر حدث ہو گیا ہو تو تیمّم کرے یا نہ کرے اس بارے میں اختلاف تھا، لیکن اگر تیمّم ہی کر کے نماز عید شروع کی ہو اور درمیان میں حدث پیش آجائے تو سب کی رائے ہے کہ تیمّم کر کے ہی نماز پوری کرے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ اگر وضو کرنے جائے گا تو تیمّم کرنے والا درمیان میں پانی پالیا، تو اس سے پہلی نماز فاسد ہو جائے گی، کیونکہ تیمّم کرنے والا پانی پالے تو اصل پر قدرت ہوگئی اسلئے فرع سے پڑھی ہوئی نماز فاسد ہو جائے گی۔ اور جب پہلی نماز فاسد ہوگئی تو نہ یہ لاحق رہا اور نہ اسکی نماز امام کے ساتھ متصل رہی، اب وضو کر کے واپس آئے گا تو امام نماز عید سے فارغ ہو چکا ہوگا۔ اسلئے اسکو الگ سے نماز عید پڑھنی ہوگی، اور الگ سے نماز عید پڑھ نہیں سکتا اسلئے نماز فوت ہو جائے گی اسلئے اسکے لئے یہی ہے کہ تیمّم کر کے امام کے ساتھ والی نماز پر بنا کرے، اور اس اثر پر عمل کرے جس میں ہے کہ تیمّم کرے اور بنا کرے۔ عن عبد الرحمن بن قاسم فی الرجل یحدث فی العید و یخاف الفوت قال : یتیمم و یصلی اذا خاف، (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۴۳۹ فی من یحدث یوم العید ما یصنع ، ج ثانی، ص۱۰، نمبر ۵۸۶۸) اس اثر میں ہے کہ نماز عید میں حدث ہو جائے تو تیمّم کر کے نماز پوری کرے۔

**ترجمہ**: (۱۰۱) اور جمعہ کے لئے تیمّم نہ کرے اگرچہ اگر وضو کرے گا تو نماز کے فوت ہونے کا خوف ہو، پس اگر جمعہ پایا تو وہ پڑھے گا ورنہ چار رکعت ظہر پڑھے گا۔

لانها تفوت الی خلف و هو الظهر، بخلاف العید (۱۰۲) و کذا اذا خاف فوت الوقت لو توضأ لم یتیمم و یتوضأ و یقضی ما فاته ﴾ لان الفوات الی خلف و هو القضاء (۱۰۳) والمسافر اذا نسی الماء فی رحله فتیمم و صلی ثم ذکر الماء لم یعدها عند ابی حنیفة و محمد، و قال ابو یوسف یعیدها﴾

**وجہ**: جمعہ فوت ہو جائے تو اس کا خلیفہ ظہر کی نماز ہے۔اس لئے جمعہ کا فوت ہونا مکمل فوت ہونا نہیں ہے۔اس لئے تیمّم نہیں کریگا بلکہ وضو ہی کرے گا۔پس اگر جمعہ مل گیا تو وہ پڑھے ورنہ اس کا خلیفہ ظہر پڑھے۔اس اثر سے استدلال ہے۔سئل عن الحسن عن رجل احدث یوم الجمعة فذهب لیتوضأ فجاء وقد صلی الامام قال یصلی اربعا (مصنف ابن ابی شیبة ۴۰۸ الرجل یحدث یوم الجمعة، ج اول، ص ۴۸۴، نمبر ۵۵۷۹) اس سے معلوم ہوا کہ جمعہ کے لئے وضو کرے، پس اگر وہ مل جائے تو جمعہ پڑھے ورنہ تو چار رکعت ظہر پڑھے۔

**ترجمہ**: اسلئے کہ جمعہ فوت ہوتا ہے خلیفہ چھوڑ کر اور وہ ظہر ہے بخلاف نماز عید کے۔

**تشریح**: جمعہ فوت ہو جائے تو اسکا خلیفہ ظہر ہے اسلئے گویا کہ وہ فوت نہیں ہوا اسلئے اسکے لئے تیمّم نہ کرے، بخلاف نماز عید کے کہ اسکا کوئی خلیفہ نہیں ہے اسلئے اسکے فوت ہونے کا خوف ہو تو تیمّم کر کے نماز عید پڑھ لے

**اصول**: جو نماز فوت ہو جائے اور اس کا نائب نہ ہو اس کے لئے تیمّم کر سکتا ہے اور جس کا نائب ہو اس کے لئے تیمّم نہ کرے۔

**ترجمہ**: (۱۰۲) ایسے ہی اگر وقت تنگ ہو جائے۔پس ڈر ہو کہ اگر وضو کرے گا تو وقت فوت ہو جائے گا۔پھر بھی تیمّم نہ کرے بلکہ وضو کرے اور نماز قضا کر کے پڑھے۔

**ترجمہ**: اسلئے کہ فوت ہونا خلیفہ کی طرف ہے، اور وہ قضا پڑھنا ہے۔

**تشریح**: کسی نے نماز میں اتنی تاخیر کی کہ وقت تنگ ہو گیا، اب اگر وضو کرنے جاتا ہے تو نماز ادا نہیں پڑھ سکے گا قضا پڑھے گا، اور تیمّم کر کے نماز پڑھے گا تو ادا پڑھ سکے گا، ایسی صورت میں وہ تیمّم کر کے ادا نہ پڑھے بلکہ وضو کرے اور قضا پڑھے۔

**وجہ**: یہاں وقت تنگ ہونے کی وجہ سے نماز قضا ہو گی۔اور قضا ادا کا خلیفہ ہے۔اس لئے نماز مکمل فوت نہیں ہوئی۔اس لئے وضو کرے گا۔اور وقت فوت ہو گیا تو قضا نماز پڑھے گا۔ اصول اوپر گزر گیا۔

**ترجمہ**: (۱۰۳) اگر مسافر پانی اپنے کجاوہ میں بھول گیا اور تیمّم کیا اور نماز پڑھی پھر وقت میں پانی یاد آیا تو اپنی نماز نہیں لوٹائیگا امام ابو حنیفہ اور محمد رحمہما اللہ کے نزدیک۔اور امام ابو یوسفؒ نے فرمایا نماز لوٹائے گا۔

**تشریح**: مسافر کے کجاوے میں پانی تھا لیکن بھول کر تیمّم کر لیا اور نماز پڑھ لی تو امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ دوبارہ وضو

۱والخلاف فيما اذا وضعه بنفسه او وضعه غيره بامره ، وذكره في الوقت و بعده سواء ۲له انه واجد للماء فصار كما اذا كان في رحله ثوب فنسيه ۳ولان رحل المسافر معدن للماء عادة فيفترض الطلب

کر کے نماز لوٹانے کی ضرورت نہیں ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ کجاوہ میں عموما پینے کا پانی رکھتے ہیں، استعمال کرنے کے لئے اور وضو کرنے کے لئے پانی نہیں رکھتے اسلئے اگر پانی بھول گیا تو وہ معذور ہے اسلئے وضو کر کے دوبارہ نماز لوٹانے کی ضرورت نہیں ہے ۔یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ کجاوہ پانی یاد دلانے والا نہیں ہے۔

**اصول**: کجاوہ کی حالت پانی کو یاد دلانے والی نہیں ہے۔

**ترجمه** : ۱ اور اختلاف اس صورت میں ہے کہ پانی کو خود رکھا ہو، یا دوسرے نے اسکے حکم سے رکھا ہو، پھر وقت میں یاد آیا ہو یا وقت کے بعد یاد آیا ہو دونوں برابر ہیں۔

**تشریح** : کجاوے میں پانی خود رکھا ہو یا اسکے حکم سے رکھا تب تو یہ اختلاف ہے کہ نماز لوٹائے یا نہیں، لیکن اگر اسکو بتلائے بغیر کسی اور نے پانی اسکے کجاوے میں رکھا ہو اور اس نے تیمم کر کے نماز پڑھ لی تو بعد میں معلوم ہونے کے بعد نماز نہیں لوٹائے گا، اسکی وجہ یہ ہے کہ اسکو کیا پتہ کہ اسکے کجاوے میں پانی ہے اسلئے یہ پانی پانے والا نہیں ہوا اسلئے یہ معذور ہے اسلئے اسکو نماز لوٹانے کی ضرورت نہیں ہے۔

**ترجمه** : ۲ امام ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ مسافر پانی کو پانے والا ہے تو ایسا ہو گیا جیسا کہ کجاوے میں کپڑا ہو اور بھول گیا ہو ۔تو دوبارہ نماز پڑھنی پڑتی ہے ایسے ہی یہاں دوبارہ نماز پڑھنی ہوگی۔

**تشریح** : امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ اسکے کجاوے میں حقیقت میں پانی تو ہے اسلئے یہ پانی پانے والا ہے اسلئے بھول کر نماز پڑھ لی تو نماز دہرانی ہوگی۔ جس طرح کجاوے میں کپڑا موجود ہو اور بھول کر کپڑے کے بغیر نماز پڑھ لی تو کپڑا پہن کر اور ستر ڈھانک کر دوبارہ نماز پڑھنی ہوگی، اسی طرح یہاں وضو کر کے نماز دہرانی ہوگی ۔یہ دلیل عقلی ہے۔

**ترجمه**: ۳ اور اسلئے کہ مسافر کا کجاوہ عادۃ پانی رکھنے کی جگہ ہوتی ہے اسلئے تلاش کرنا فرض ہوگا۔

**تشریح**: یہ امام ابو یوسفؒ کی دوسری دلیل عقلی ہے۔ کہ مسافر کا کجاوہ عادۃ پانی رکھنے کی جگہ ہوتی ہے اسلئے اسکو ایک مرتبہ کجاوہ تلاش کر لینا چاہئے لیکن بغیر تلاش کئے تیمم کر کے نماز پڑھ لی تو یہ اسکی غلطی ہے اسلئے اسکو پانی پانے والا قرار دیکر نماز دہرانی ہوگی۔

**اصول**: کجاوہ کی حالت پانی کو یاد دلانے والی ہے۔

۴ ولهمانه لاقدرةبدون العلم وهی المرادبالوجود ۵ و ماء الرحل معدن للشرب لا للاستعمال، ۶ و مسألة الثوب علی الاختلاف، و لو کان علی الاتفاق ففرض الستر یفوت لا الی خلف، و الطهارة بالماء تفوت الی خلف و هو التیمم. (۱۰۴) و لیس علی المتیمم طلب الماء اذا لم یغلب

**ترجمہ**: ۴ امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کی دلیل یہ ہے کہ بغیر علم کے اسکو قدرت نہیں ہے اور پانی کے پانے سے یہی مراد ہے۔

**تشریح**: یہ حضرات فرماتے ہیں کہ جب بھول گیا تو اسکو پانی کا علم ہی نہیں ہے، اور آیت میں پانی پانے کا مطلب یہ ہے کہ اسکو پانی کا علم ہو اسلئے وہ پانی پانے والا نہیں ہوا اسلئے نماز نہیں دہرائے گا۔

**ترجمہ**: ۵ اور کجاوے کا پانی پینے کا معدن ہے استعمال کے لئے نہیں۔

**تشریح**: یہ امام ابو یوسفؒ کو جواب ہے، انہوں نے فرمایا تھا کہ کجاوہ پانی کا معدن ہے، تو جواب دیتے ہیں کہ معدن تو ہے لیکن پینے کے پانی کا معدن ہے وضو کے پانی کا معدن نہیں ہے، اسلئے آدمی کو خیال بھی نہیں آسکتا ہے کہ کجاوے میں وضو کا پانی ہے اسلئے پانی بھول گیا تو وہ معذور ہے۔

**ترجمہ**: ۶ اور کپڑے کا مسئلہ اختلاف پر ہے، اور اگر اتفاق پر بھی ہو تو دونوں میں فرق یہ ہے کہ ستر کا فرض فوت ہوگا اور اسکا کوئی خلیفہ نہیں ہے اور پانی سے طہارت فوت ہوگا خلیفہ چھوڑ کر اور وہ تیمّم ہے۔

**تشریح**: یہ بھی امام ابو یوسفؒ کے استدلال کا جواب ہے، انہوں نے استدلال کیا تھا کہ کجاوے میں کپڑا بھول جائے اور نماز پڑھ لے تو نماز دہرانی پڑتی ہے، اسی پر قیاس کرتے ہوئے کجاوے میں پانی بھول جائے تو نماز دہرانی چاہئے۔ اسکا جواب دیتے ہیں کہ کپڑے کے بارے میں بھی ہماری رائے یہی ہے کہ بھول کر بغیر ستر ڈھانکے نماز پڑھ لے تو اسکو دہرانے کی ضرورت نہیں ہے، اور مسئلہ اختلاف پر ہے، لیکن اگر مسئلہ اتفاق پر ہو اور کپڑا بھولنے پر اور ستر ڈھانکے بغیر نماز پڑھنے پر نماز دہرانی پڑے تو دونوں میں فرق یہ ہے کہ ستر ڈھانکنا چھوڑ دیا تو اسکا کوئی بدل نہیں ہے، اور وضو کرنا چھوڑ دیا تو اسکا بدل تیمّم موجود ہے کہ اسنے تیمّم کر کے نماز پڑھی ہے تو چونکہ خلیفہ پر عمل کیا ہے اسلئے نماز دہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔

**اصول**: یہ مسئلہ اصول پر مبنی ہے کہ پانی کا بھولنا عذر ہے یا نہیں۔ طرفین کے نزدیک عذر ہے، اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک عذر نہیں ہے۔

**لغت**: رحل : کجاوہ۔ معدن: کسی چیز کے رہنے کی جگہ۔ خلف: خلیفہ۔

**ترجمہ**: (۱۰۴) تیمّم کرنے والے پر پانی تلاش کرنا ضروری نہیں ہے جب کہ اس کو غالب گمان نہیں ہے کہ اس کے قریب پانی ہے۔

**علی ظنه ان بقربه ماء﴾ لے لان الغالب عدم الماء فی الفلوات و لا دلیل علی الوجود فلم یکن واجداً**
**(۱۰۵) و ان غلب علی ظنه ان هناک ماء لم یجز له ان یتیمم حتی یطلبه﴾**

**وجه** : (۱) جنگل اور صحرا میں ہے اور قرب و جوار میں پانی کے آثار نہیں ہیں اور غالب گمان نہیں ہے کہ ایک میل کے اندر پانی ملے گا تو حقیقی طور پر بھی پانی پانے والا نہیں ہے اور آثار سے بھی پانی پانے والا نہیں ہے۔ اس لئے اس پر پانی کا تلاش کرنا ضروری نہیں ہے (۲) اس کا اندازہ حضرت عبداللہ ابن عمرؓ کے عمل سے بھی ہوتا ہے عن نافع انه اقبل هو و عبد الله بن عمر من الجرف حتى اذا كانا بالمربدنزل عبد الله فتيمم صعيدا طيبا فمسح بوجهه ويديه الى المرفقين ثم صلى۔ (مؤطا امام مالک، باب العمل فی التیمم ص ۴۱) اور بخاری کی اسی حدیث میں اتنی عبارت زیادہ ہے ثم دخل المدينة والشمس مرتفعة فلم يعد۔ (بخاری شریف، باب التیمم فی الحضر اذ الم یجد الماء ص ۴۸، نمبر ۳۳۷) ان دونوں حدیثوں کو ملانے سے معلوم ہوا کہ اگر پانی دور ہو اور قریب میں ملنے کی امید نہ ہو تو تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ کیونکہ حضرت عبداللہ بن عمر نے نہ مدینہ تک پانی تلاش کیا اور نہ مدینہ آنے کے بعد نماز لوٹائی۔

**ترجمه** : لے اسلئے کہ غالب گمان یہ ہے کہ بیاباں میں پانی نہیں ہوتا، اور پانی موجود ہونے پر کوئی دلیل نہیں اسلئے وہ پانی پانے والا نہیں ہے۔

**تشریح** : غالب گمان یہ ہے کہ وسیع بیاباں اور صحرا میں پانی نہیں ہوتا، اور پانی ملنے کی کوئی علامت بھی نہیں ہے اور نہ غالب گمان ہے کہ پانی ملے گا تو ایسی صورت میں پانی تلاش کرنا اور اسکے لئے نماز موخر کرنا ضروری نہیں ہے، البتہ تلاش کر لے تو اچھا ہے۔

**ترجمه** : (۱۰۵) اور اگر اس کو غالب گمان ہے کہ یہاں (قریب میں) پانی ہے تو اس کے لئے جائز نہیں ہے کہ تیمّم کرے یہاں تک کہ پانی کو تلاش کرے۔

**وجه** : (۱) غالب گمان یہ کہ پانی پانے کی علامت ہے۔ اس لئے پانی پاتے وقت تیمّم نہیں کر سکتا جب تک کہ پانی تلاش کرنے کے بعد یہ یقین نہ ہو جائے کہ ایک میل کے اندر پانی نہیں ہے (۲) حضرت علیؓ کا قول بھی ہے عن علی اذا اجنب الرجل فی السفر تلوم ما بينه وبين آخر الوقت فان لم يجد الماء تيمم و صلى (دار قطنی، باب فی بیان الموضع الذی یجوز التیمم فیہ ج اول ص ۱۹۵ نمبر ۷۱۰ رمصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۹۵ من قال لا یتیمم ما رجا ان یقدر علی الماء، ج اول، ص ۱۴۸، نمبر ۱۷۰۱) (۳) اثر میں ہے۔ عن الحسن و ابن سيرين أنهما قالا : لا يتيمم ما رجا أن يقدر على الماء فى الوقت. (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۹۵ من قال لا یتیمم ما رجا أن یقدر علی الماء، ج اول، ص ۱۴۸، نمبر ۱۷۰۰) اس اثر میں ہے کہ وقت میں پانی ملنے کی امید ہو تو تیمّم موخر

۱ لانه واجد للماء نظرا الی الدلیل ۲ ثم یطلب مقدار الغلوة و لا یبلغ میلا کیلا ینقطع عن رفقته.

کرے۔

**ترجمہ**: ۱ اسلئے کہ دلیل کی طرف دیکھتے ہوئے وہ پانی کو پانے والا ہے۔یعنی علامت ظاہرہ اور غالب گمان یہ ہے کہ اسکو پانی مل ہی جائے گا اسلئے گویا کہ اس نے پانی پالیا اسلئے اسکے لئے تیمّم مناسب نہیں جب تک پانی تلاش نہ کر لے۔

**اصول**: علامت ظاہرہ اور غالب گمان پانی پانے کے درجے میں ہیں۔

**ترجمہ**: ۲ پھر ایک غلوۃ کی مقدار طلب کرے، اور ایک میل دور نہ جائے تاکہ اپنے ساتھیوں سے منقطع نہ ہو جائے۔

**تشریح**: یہاں سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ پانی کتنی دور جاکر تلاش کرے، فرماتے ہیں کہ پانی تلاش کرنے کے لئے ایک میل تک نہ جائے کیونکہ اتنی دور جانے سے سفر کے ساتھیوں سے بچھڑ جائیں گے، اور دوسری وجہ یہ ہے کہ معلوم ہو کہ پانی ایک میل دور ہے پھر بھی تیمّم کرنا جائز ہے تو ایک میل تک جانے کی یوں بھی ضرورت نہیں ہے ۔اسلئے صرف ایک غلوۃ تک پانی تلاش کرے، مل جائے تو وضو کر لے اور نہ ملے تو تیمّم کر کے نماز پڑھ لے۔

**وجہ**: غلوۃ کی دلیل اس اثر میں ہے۔ عن ابن عمر أنه کان یکون فی السفر فتحضره الصلاة والماء منه علی غلوة أو غلوتین و نحو ذالک ثم لا یعدل الیه، (سنن للبیہقی ،باب ماروی فی طلب الماء و فی حد الطلب، ج اول ص ۳۵۶ ،نمبر ۱۱۰۴) اس اثر میں ہے کہ حضرت ابن عمرؓ ایک غلوۃ سے زائد پر پانی تلاش کرنے نہیں جاتے ،اسکا مطلب یہ ہوا کہ اس سے کم پر پانی کی امید ہو تو تلاش کرنے جاتے تھے۔

## ﴿غلوۃ کتنے گز کا ہوتا ہے﴾

درمختار میں ہے کہ غلوۃ تین سو ہاتھ کا ہوتا ہے۔عبارت یہ ہے۔ (قدر غلوة) ثلاث مائة ذراع (ردالمحتار علی درالمختار، مطلب فی تقدیر الغلوۃ، ج اول، ص ۴۶۲) ایک ہاتھ 18 انچ کا ہوتا ہے، یا آدھا گز کا ہوتا ہے اس حساب سے 300 ہاتھ 150 گز ہوا، یعنی ایک غلوۃ 150 گز کا ہوا۔اور میٹر کے حساب سے ایک غلوۃ 137.160 میٹر کا ہوگا

## ﴿میل شرعی کتنے گز ہوتا ہے﴾

ردالمحتار میں ہے کہ میل شرعی چار ہزار ہاتھ کا ہوتا ہے، اور ایک ہاتھ آدھا گز کا ہوتا ہے اس حساب سے چار ہزار ہاتھ دو ہزار گز ہو، رد مختار میں عبارت یہ ہے۔ و المیل اربعة آلاف ذراع ۔(ردالمحتار علی درالمختار، باب صلوۃ المسافر، ج ثانی، ص ۶۲۵) یعنی دو ہزار گز کا ایک میل شرعی ہوا، اور انگریزی میل صرف 1760 ۱۷۶۰ گز کا ہوتا ہے اسلئے وہ شرعی میل سے 1.1363 چھوٹا ہوتا ہے۔

(۱۰۶) و ان کان مع رفیقه ماء طلب منه قبل ان یتیمم﴾ ل لعدم المنع غالبافان منعه یتیمم لتحقق العجز،

اورمیٹر کے حساب سے ایک شرعی میل 1828.80 میٹر کا ہوگا، یا 1.8288 کیلومیٹر کا ہوگا۔

﴿ غلوۃ اور میل ایک نظر میں ﴾

| فارمولہ | | | | فارمولہ | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کتنے | برابر | کتنے | | کتنے | برابر | کتنے |
| ایک ہاتھ | = | 18 انچ | | ایک میل شرعی | = | 2000 گز |
| 300 ہاتھ | = | 150 گز | | ایک میل انگریزی | = | 1760 گز |
| ایک غلوۃ | = | 300 ہاتھ | | ایک میل شرعی | = | 1.13636 انگریزی میل |
| ایک غلوۃ | = | 150 گز | | ایک میل شرعی | = | 1828.80 میٹر |
| ایک میل شرعی | = | 4000 ہاتھ | | ایک میل شرعی | = | 1.8288 کیلومیٹر |

**ترجمہ**: (۱۰۶) اور اگر اسکے ساتھی کے پاس زائد پانی ہے تو تیمم کرنے سے پہلے اس سے مانگے۔

**ترجمہ**: ل عموما منع نہ کرنے کی وجہ سے، پس اگر پانی سے روک دے تو تیمم کرے عاجزی کے متحقق ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح**: اگر ہمسفر کے پاس زائد پانی ہے تو تیمم کرنے سے پہلے اس سے مانگے، کیونکہ عام طور پر ساتھیوں کے پاس زائد پانی ہو تو وہ دے ہی دیتے ہیں اسلئے اس سے مانگ لینا چاہئے، پس اگر دے دیا تو وضو کرلے اور اگر نہیں دیا تو تیمم کر کے نماز پڑھ لے، کیونکہ اب تو عاجزی متحقق ہوگئی، اور یہ بات ثابت ہوگئی کہ پانی نہیں پا رہا ہے۔

**وجہ**: ایک اثر سے اشارہ ملتا ہے کہ صحابہ کرام نے ساتھیوں سے پانی طلب کیا ہوگا، اثر یہ ہے عن عائشة ان رسول الله ﷺ استيقظ وحضرت الصلوة فالتمس الناس الماء فلم يجدوا. (سنن للبیہقی، باب اعواز الماء بعد طلبہ ج اول ص ۲۲۳) اس حدیث میں ہے کہ لوگوں نے پانی تلاش کیا، اسلئے اسکی بھی گنجائش ہے کہ ساتھیوں سے بھی مانگا ہوگا۔ حدیث میں ہے کہ لوگوں نے پانی تلاش کیا، اسلئے اسکی بھی گنجائش ہے کہ ساتھیوں سے بھی مانگا ہوگا۔

(۱۰۷) ولو تیمم قبل الطلب اجزاه عند ابی حنیفةؒ ﴾ ۱؎ لانه لا یلزم الطلب من ملک الغیر ۲؎ وقالا لایجزیه لان الماء مبذول عادة. (۱۰۸) ولو ابی ان یعطیه الا بثمن المثل وعنده ثمنه لایجزیه التیمم﴾ ۱؎ لتحقق القدرة ۲؎ ولایلزمه تحمل الغبن الفاحش لان الضرر مسقط

**ترجمه**: (۱۰۷) اوراگر مانگنے سے پہلے تیمّم کرلیا تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک جائز ہوجائے گا۔

**ترجمه**: ۱؎ اسلئے کہ دوسرے کے ملک سے طلب کرنا ضروری نہیں ہے۔

**تشریح**: ساتھیوں سے پانی مانگنے سے پہلے تیمّم کرکے نماز پڑھ لی تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک نماز ہوجائے گی۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ پانی دوسرے کی ملکیت ہے اور دوسرے کی ملکیت کو مانگنا آدمی پر واجب نہیں ہوتا اسلئے اس پر پانی مانگنا واجب نہیں تھا اسلئے بغیر مانگے تیمّم کرلیا تو نماز جائز ہوجائے گی۔

**ترجمه**: ۲؎ اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ نماز جائز نہیں ہوگی اسلئے کہ پانی لوگ عادۃ دے دیا کرتے ہیں ۔

**تشریح**: صاحبین فرماتے ہیں کہ لوگ عادۃ پانی دے دیا کرتے ہیں اسلئے دوسرے کی ملکیت میں ہونے کے باوجود گویا کہ وہ اپنی ہی ملکیت میں ہے اسلئے اسکو مانگ ہی لینا چاہئے اور یہ پانی کو پانے والا ہے، اسلئے بغیر پانی مانگے نماز پڑھی تو نماز نہیں ہوگی۔

**اصول**: یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ عادۃ مباح چیز اپنی ملکیت ہے یا نہیں۔ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اپنی ملکیت نہیں ہے اور حضرات صاحبینؒ کے نزدیک دوسرے کی ملکیت کا پانی بھی اپنا ہی ہے۔

**لغت**: مبذول: بذل سے مشتق ہے خرچ کیا ہوا، گری پڑی چیز جو لوگ دے دیا کرتے ہیں۔

**ترجمه**: (۱۰۸) اوراگر پانی دینے سے انکار کرتا ہے مگر مثل قیمت سے اور اسکے پاس اسکی قیمت بھی ہے تو تیمّم جائز نہیں ہے۔

**ترجمه**: ۱؎ قدرت کے متحقق ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح**: ساتھی کے پاس پانی ہے لیکن اتنی قیمت مانگتا ہے جو مناسب ہے اور اس آدمی کے پاس اتنی قیمت جیب میں ہے، تو اسکے لئے تیمّم کرکے نماز پڑھنا جائز نہیں ہے، کیونکہ وہ پانی پر قادر ہے، اسلئے اسکے لئے تیمّم کرنا جائز نہیں۔

**ترجمه**: ۲؎ اور اس پر غبن فاحش کا برداشت کرنا لازم نہیں، اسلئے کہ ضرر ساقط ہے۔

**تشریح**: اگر زیادہ قیمت میں پانی دیتا ہو تو زیادہ قیمت دیکر پانی لینا اور وضو کرنا ضروری نہیں ہے، کیونکہ یہ غبن فاحش ہے اور غبن فاحش کا برداشت کرنا آدمی پر ضروری نہیں ہے، آیت ہے لایکلف اللہ نفسا الا وسعھا، (آیت ۲۸۶ سورۃ البقرۃ ۲) اسلئے ایسی صورت میں تیمّم کرے گا اور نماز پڑھے گا۔

## ﴿باب المسح علی الخفین﴾

(۱۰۹) المسح علی الخفین جائز بالسنة ﴾ ل والاخبار فیه مستفیضة حتی قیل ان من لم یره کان مبتدعاً، لکن من رأه ثم لم یمسح آخذاً بالعزیمة کان ماجوراً (۱۱۰) و یجوز من کل حدث موجب للوضوء اذا لبسهما علی طهارة کاملة ثم احدث﴾

## ﴿موزوں پرمسح کرنے کا بیان﴾

**ضروری نوٹ:** مسح : کے معنی ہیں تر ہاتھ کوعضو پر پھیرنا، یا کسی چیز پر پھیرنا۔

دلیل عن ابی وقاص عن النبی ﷺ انه مسح علی الخفین. (بخاری شریف، باب المسح علی الخفین ص ۳۳ نمبر ۲۰۲ رمسلم شریف، باب المسح علی الخفین ،ص ۱۳۲، نمبر ۶۲۶/۲۷۴) اس حدیث میں ہے کہ آپ ﷺ نے موزے پر مسح فرمایا۔ مسح علی الخفین کا ثبوت حدیث متواتر سے ہے۔البتہ اگر۔ وامسحوا برء وسکم وارجلکم الی الکعبین (آیت ۶ سورۃ المائدۃ ۵) میں ارجلکم کوکسرہ پڑھیں تو امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اس میں مسح علی الخفین کا جواز نکلتا ہے۔ورنہ اصل آیت میں تو پاؤں کے دھونے کا حکم ہے۔چونکہ اس کا ثبوت حدیث سے ہے اس لئے مسح علی الخفین کے لئے بہت سے شرائط ہیں۔ مسح علی الخفین کی حدیث چالیس صحابہ سے منقول ہیں۔اور بلاتاویل اس کا انکار کرنے والا کافر ہے۔صرف روافض اس کے خلاف ہیں۔

**ترجمہ**: (۱۰۹) موزے پر مسح جائز ہے حدیث کی وجہ سے۔

**ترجمہ**: ل اور احادیث اس میں مشہور ہیں، یہاں تک کہا گیا ہے کہ جو موزے کے مسح کو جائز نہ سمجھے وہ بدعتی ہے، لیکن جو اسکو جائز سمجھے پھر عزیمت پر عمل کرتے ہوئے مسح نہ کرے تو اسکو اجر وثواب ملے گا۔

**تشریح**: پہلے گزر چکا ہے کہ موزے پر مسح کرنے کا حکم آیت میں نہیں ہے، اس میں تو پاؤں دھونے کا حکم ہے۔موزے پر مسح کرنے کا حکم احادیث میں ہے اور اتنے احادیث میں ہے کہ یہ سب مل کر متواتر کا درجہ ہو جاتا ہے۔اسلئے جو موزے کے مسح کا انکار کرے وہ اھل سنت والجماعت میں سے نہیں ہے۔صرف شیعہ حضرات اسکا انکار کرتے ہیں۔البتہ کوئی موزے کے مسح کو جائز سمجھے لیکن عزیمت پر عمل کرنے کے لئے موزے پر مسح نہ کرے تو اسکو ثواب ملے گا۔موزے پر مسح کے ثبوت کے لئے حدیث اوپر گزر چکی۔

**ترجمہ** : (۱۱۰) موزے پر مسح جائز ہے ہر وہ حدث سے جو وضو واجب کرنے والا ہو۔جب کہ موزے کو طہارت کاملہ پر پہنا ہو پھر حدث ہوا ہو۔

**تشریح** : جس حدث اکبر میں غسل کی ضرورت ہو اس میں موزہ کھولنا ہوگا اور غسل کے ساتھ پاؤں دھونا ہوگا۔صرف حدث اصغر

لِخصه بحدث موجب للوضوء لانه لا مسح من الجنابة علی ما نبین ان شاء الله.

---

یعنی وضو کے مقام میں موزے پر مسح کر سکتا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ طہارت پر موزہ پہنا ہو پھر حدث ہوا تب موزہ پر مسح کر سکتا ہے۔ طہارت پر پہننے کی صورت یہ بھی ہے کہ پاؤں پہلے دھولیا پھر موزہ پہن لیا پھر ہاتھ دھویا، منہ دھویا اور سر پر مسح کیا۔ مکمل طہارت کے بعد حدث ہوا تو موزہ پر مسح کر سکتا ہے۔ کیونکہ حدث سے پہلے مکمل طہارت بھی ہے اور موزہ بھی پہنا ہوا ہے۔ غسل کی ضرورت کے وقت موزہ پر مسح جائز نہیں۔

**وجه:** اس کی دلیل یہ حدیث ہے عن صفوان بن عسال قال کان رسول الله ﷺ یأمرنا اذا کنا سفرا ان لا تنزع خفافنا ثلثة ایام ولیالیهن الا من جنابة ولکن من غائط وبول ونوم۔ (ترمذی شریف، باب المسح علی الخفین للمسافر والمقیم ص ۲۷ نمبر ۹۶ رنسائی شریف، باب التوقیت فی المسح علی الخفین للمسافر، ص ۱۸، نمبر ۱۲۷) اس حدیث میں ہے کہ جنابت ہو تو موزے پر مسح نہیں کر سکتا۔

اور دونوں پاؤں کو طہارت پر داخل کیا ہو اس کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن مغیرة بن شعبة قال کنت مع النبی ﷺ فی سفر فاهویت لا نزع خفیه فقال دعهما فانی ادخلتهما طاهرتین فمسح علیهما. (بخاری شریف، باب اذا ادخل رجلیه وهما طاهرتان ص ۳۳ نمبر ۲۰۶) اس حدیث سے حنفیہ کا مسلک ثابت ہوتا ہے کہ صرف پاؤں کو دھو کر موزہ پہن لیا اور بعد میں باقی اعضاء دھوئے تو جائز ہے۔ کیونکہ آپؐ نے فرمایا دونوں پاؤں کو پاکی کی حالت میں داخل کیا ہوں۔ (۲) اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ أن سعد بن ابی وقاص خرج من الخلاء فتوضأ و مسح علی خفیه فقیل له : أتمسح علیهما و قد خرجت من الخلاء قال : نعم اذا ادخلت القدمین الخفین و هما طاهرتان فامسح علیهما و لا تخلعهما الا لجنابة۔ ( مصنف ابن ابی شیبة، باب ۲۱۸ من کان لا یوقت فی المسح شیئا، ج اول، ص ۱۶۸، نمبر ۱۹۳۳ رمصنف عبد الرزاق، باب المسح علی الخفین ، ج اول، ص ۱۹۶، نمبر ۷۶۱) اس اثر میں ہے کہ دونوں پاؤں کو پاکی کی حالت میں داخل کیا ہوں جسکا مطلب یہ ہوا کہ چاہے پورا وضو نہ کیا ہو صرف پاؤں کو پاک کر کے موزے میں داخل کیا ہو تب بھی مسح جائز ہے۔ البتہ جس وقت حدث ہو رہا ہو اس وقت پورا وضو موجود ہو۔

**نوٹ:** حنفیہ کے نزدیک وضو میں ترتیب واجب نہیں ہے اس لئے بھی موزہ مکمل وضو سے پہلے پہن لے تو مسح جائز ہے۔

**ترجمه:** لِ خاص کیا اسکو ایسے حدث کے ساتھ جو وضو کو واجب کرنے والا ہو اسلئے کہ جنابت سے مسح نہیں ہے، جیسا کہ ان شاء اللہ ہم بیان کرینگے۔

**تشریح:** یہاں سے تین باتیں بیان فرما رہے ہیں۔ (۱) مسح ایسے حدث سے جائز ہے جو وضو کو واجب کرنے والا ہو، غسل

۲ۓ وبحدث متاخر لان الخف عهد مانعاً، ولو جوزناه بحدث سابق كالمستحاضة اذا لبست، ثم خرج الوقت، و المتيمم اذا لبس ثم رأى الماء كان رافعاً.

واجب کرنے والا نہ ہو (۲) وضو کرنے کے بعد موزہ پہنا ہو اور اسکے بعد حدث ہوا ہو، اور اگر حدث موزہ پہننے سے پہلے ہوا ہو البتہ عذر کی وجہ سے یا تیمّم کی وجہ سے چھپا ہوا ہو اور مسح کے بعد حدث ظاہر ہوا ہو تو اس حدث کی وجہ سے مسح نہیں کر سکتے کیونکہ مسح مانع للحدث ہے رافع للحدث نہیں ہے۔ (۳) اور تیسری بات یہ فرما رہے ہیں کہ پاؤں کو موزے میں داخل کرتے وقت پاؤں پاک ہو چاہے پورا وضو کیا ہوا نہ ہو۔ البتہ جب حدث ہو رہا ہو اس وقت پورا وضو موجود ہو۔ تفصیل آگے دیکھیں۔

**پہلی بات اس طرح ہے کہ** ۔ وضو کے بعد موزہ پہنا ہو پھر وضو توڑنے والا حدث ہوا ہو تو موزے پر مسح کر سکتا ہے لیکن اگر جنابت ہو گئی، یا حیض آ گیا یا نفاس آ گیا جو غسل کو واجب کرنے والی چیزیں ہیں تو اس سے مسح نہیں کر سکتا۔ اسکے لئے حدیث اوپر گزر چکی۔ الا من جنابة ولكن من غائط وبول ونوم۔ (ترمذی شریف، باب المسح علی الخفین للمسافر والمقیم ص ۲۷ نمبر ۹۶ رنسائی شریف، باب التوقیت فی المسح علی الخفین للمسافر ص ۱۸، نمبر ۱۲۷) اس حدیث میں ہے کہ جنابت سے مسح نہیں کر سکتا، البتہ پیشاب پیخانہ اور نیند سے مسح کر سکتا ہے۔

**ترجمہ** : ۲ۓ اور متاخر حدث سے مسح جائز ہے اسلئے کہ موزہ خاص کیا روکنے والا ہو کر اور اگر ہم مسح کرنا پہلے حدث سے جائز قرار دیں، جیسے کہ مستحاضہ عورت جبکہ موزہ پہنی ہو پھر وقت نکل گیا ہو، یا تیمّم کرنے والا جبکہ موزہ پہنا ہو پھر پانی دیکھا ہو تو موزہ اٹھانے والا ہو جائے گا، روکنے والا نہیں ہو گا۔

**تشریح** : یہ دوسری بات کی تشریح ہے۔ یہ اس قاعدے پر ہے کہ موزہ حدث کو مانع۔ روکنے والا ہے، حدث کو رافع۔ اٹھانے والا نہیں ہے، وضو کر کے موزہ پہنا ہو اب حدث مثلاً پیشاب، پیخانہ ہو جائے تو تو موزہ اسکو پاؤں تک سرایت کرنے سے روکے گا جسکی وجہ سے پاؤں دھونے کی ضرورت نہیں، صرف موزے کے اوپر مسح کرنے سے وضو ہو جائے گا۔ لیکن اگر موزہ پہننے سے پہلے پاؤں پر حدث تھا لیکن کسی عذر کی بناء پر ابھی حدث ظاہر نہیں ہو رہا تھا، موزہ پہننے کے بعد عذر ختم ہو گیا اور حدث ظاہر ہو گیا تو چونکہ حدث پہلے سے پاؤں پر سرایت کیا ہوا تھا تو موزہ اس حدث کو اٹھائے گا نہیں کیونکہ موزہ رافع للحدث نہیں ہے، اور اب موزے پر مسح کرنا جائز نہیں ہو گا۔ مثلاً مستحاضہ عورت معذور ہے چاہے اسکا خون نکلتا رہے پھر بھی اسکا وضو جائز ہے، اب وہ وضو کر رہی تھی کہ خون آ گیا، یا وضو کرنے کے بعد موزہ پہننے سے پہلے خون آ گیا اس خون آنے کے باوجود وقت کے نکلنے تک اس وضو سے نماز پڑھ سکتی ہے لیکن وقت نکلنے کے بعد موزے پر مسح کرنا چاہے تو نہیں کر سکتی کیونکہ موزہ پہننے سے پہلے خون آ گیا تھا اور اسکا حدث پاؤں پر سرایت کر چکا تھا اور اس سرایت شدہ حدث کو موزہ اٹھا نہیں سکتا اسلئے اب اس پر مسح نہیں کر سکتا اب تو دوبارہ پورا وضو کرنا ہو گا اور پاؤں

۳؎ وقوله :اذا لبسهما علی طهارة کاملة لا یفید اشتراط الکمال وقت اللبس بل وقت الحدث، و هذا المذهب عند نا، حتی لو غسل رجلیه و لبس خفیه ثم اکمل الطهارة ثم احدث یجزیه المسح
۴؎ وهـذا لان الـخف مانع حلول الحدث بالقدم، فیراعی کمال الطهارة وقت المنع، حتی لوکانت ناقصـة عند ذالک کان الخف رافعاً

---

دھونا ہوگا۔یا تیمّم کرنے والا تیمّم کرکے موزہ پہن لیا،تیمّم باقی ہی تھا کہ اس نے پانی پرقدرت پالیا جسکی وجہ سے اسکا تیمّم ختم ہوگیا اب اگر یہ اگلے وضو میں موزے پرمسح کرنا چاہے تو نہیں کرسکتا کیونکہ جس وقت موزہ پہنا تھا اس سے پہلے ہی حدث پاؤں میں سرایت کر چکا تھا صرف تیمّم کی وجہ سے حدث ظاہر نہیں ہورہا تھا، جیسے ہی پانی دیکھا حدث ظاہر ہوگیا،اس حدث کو موزہ اٹھا نہیں سکتا، کیونکہ موزہ رافع للحدث نہیں ہے،دوسری بات یہ ہے کہ تیمّم کرکے جب موزہ پہنا تو پاؤں دھوکر موزہ نہیں پہنا بلکہ بغیر پاؤں دھوئے موزہ پہنا حلانکہ پاؤں دھوکر موزہ پہنا شرط تھی اسلئے بھی اس موزے پرمسح نہیں کرسکتا۔

**ترجمہ** : ۳؎ مصنف کا قول جبکہ دونوں موزوں کو طھارت کاملہ پر پہنا ہو، یہ جملہ پہنتے وقت کامل وضو ہونے کی شرط کا فائدہ نہیں دیتا بلکہ حدث کے وقت کامل وضو ہو۔اور یہ ہمارا مذھب ہے، یہاں تک کہ اگر دونوں پاؤں دھولیا اور دونوں موزوں کو پہن لیا بعد میں وضو مکمل کیا اسکے بعد حدث ہوا تو مسح کافی ہوجائے گا۔

**تشریح** : متن میں ہے کہ طھارت کاملہ پر موزہ پہنا ہو (اذا لبسهما علی طھارۃ کاملۃ ) مصنف اسکا مطلب یہ فرماتے ہیں کہ اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ جب حدث ہورہا ہو اس وقت طھارت کاملہ ہو، چاہے موزہ پہنتے وقت صرف دونوں پاؤں کو دھویا ہو اور ابھی باقی وضو نہ کیا ہو بعد میں وضو مکمل کیا پھر حدث ہوا تب بھی مسح جائز ہوجائے گا۔اسلئے موزہ پہنتے وقت مکمل وضو ہونے کی شرط نہیں ہے ۔حدث کے وقت مکمل وضو ہو تب بھی موزے پر مسح کرنا جائز ہوگا ۔اسکی دلیل اوپر تھی۔ أن سعد بن ابی وقاص خرج من الخلاء فتوضأ و مسح علی خفیه فقیل له : أتمسح علیهما و قد خرجت من الخلاء قال: نعم اذا ادخلت القدمین الخفین و هما طاهرتان فامسح علیهما و لا تخلعهما الا لجنابة ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ،باب ۲۱۸ من کان لا یوقت فی المسح شیأ، ج اول،ص ۱۶۸،نمبر ۱۹۴۳ رمصنف عبد الرزاق ،باب المسح علی الخفین ،ج اول،ص ۱۹۶،نمبر ۷۶۱ ) اس اثر میں ہے کہ صرف دونوں پاؤں پاکی کی حالت میں موزے میں داخل کیا۔

**ترجمہ** : ۴؎ اسلئے یہ موزہ قدم پر حدث کو سرایت کرنے سے روکنے والا ہے اسلئے مکمل طھارت کی شرط روکتے وقت ہوگی، چنانچہ اگر حدث کے وقت وضو ناقص ہو تو موزہ حدث کو اٹھانے والا بن جائے گا۔

**تشریح** : حدث کے وقت وضو کامل ہو چاہے موزہ پہنتے وقت صرف پاؤں دھویا ہوا سکی دلیل عقلی ہے۔موزے کا کام یہ ہے

(۱۱۱) و یجوز للمقیم یوما و لیلة و للمسافر ثلاثة ایام و لیالیها ۱ لقوله علیه السلام: یمسح المقیم یوماً و لیلة و المسافر ثلاثة ایام و لیالیها (۱۱۲) قال: و ابتداء ها عقیب الحدث

کہ حدث کے وقت حدث کو پاؤں پر سرایت کرنے سے روکے، چونکہ حدث کے وقت موزے کو روکنے کی ضرورت ہے اسلئے حدث کے وقت ہی طھارت کامل ہونا چاہئے اس سے پہلے نہ بھی ہوتو کوئی بات نہیں ہے۔ البتہ اگر حدث کے وقت طھارت کامل نہیں ہے، مثلا ابھی تک ہاتھ نہیں دھویا ہے تو موزہ پہننے سے موزہ ہاتھ پر سرایت شدہ حدث کو نہیں اٹھائے گا، کیونکہ موزہ حدث کو اٹھانے والا نہیں ہے۔ اسلئے حدث کے وقت میں وضو مکمل ہونا چاہئے۔ چاہے اس سے پہلے مکمل نہ ہو۔ اصل دلیل تو اوپر کا اثر ہے۔

**فائدہ**: امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ مکمل وضو کر کے موزہ پہنا ہو تب مسح کر سکتا ہے ورنہ نہیں۔ ان کے نزدیک وہ احادیث متدل ہیں جن میں ہے کہ طھارت پر موزہ پہنا ہو۔ حدیث یہ ہے۔ عن عبد الرحمن بن ابی بکرة عن ابیه عن النبی ﷺ أنه رخص للمسافر ثلاثة أیام و لیالیهن ، و للمقیم یوم و لیلة ، اذا تطهر و لبس خفیه أن یمسح علیهما ۔(دار قطنی، باب الرخصة فی المسح علی الخفین و ما فیه و اختلاف الروایات، ج اول، ص ۲۰۲، نمبر ۷۳۷/ سنن للبیھقی، باب رخصة المسح لمن لبس الخفین علی الطهارة، ج اول، ص ۴۲۲، نمبر ۱۳۳۹) اس حدیث میں ہے ۔((اذا تطهر و لبس)) کہ پاک ہوا ہو پھر موزہ پہنا ہو ۔جس معلوم ہوا کہ طھارت کاملہ کے بعد موزہ پہنا ہو تب مسح کر سکتا ہے۔

**لغت**: عهد: جسکا عہد ہے، جسکو متعین کیا گیا ہے۔ مانعا: روکنے والا۔ رافعا: جو پہلے سے سرایت کر گیا ہو اسکو اٹھانے والا ۔حلول: داخل ہونا، سرایت کرنا۔

**ترجمہ**: (۱۱۱) اور جائز ہے مقیم کے لئے ایک دن اور ایک رات، اور مسافر کے لئے تین دن اور تین رات۔ تک مسح کرتا رہے۔

**ترجمہ**: ۱ حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ مقیم مسح کرے گا ایک دن اور ایک رات اور مسافر تین دن اور تین رات۔ حدیث یہ ہے۔ قال اتیت عائشة... فقال جعل رسول الله ﷺ ثلاثة ایام ولیالیهن للمسافر و یوما ولیلة للمقیم۔(مسلم شریف، باب التوقیت فی المسح علی الخفین ص ۱۳۵ نمبر ۲۷۶/ ۶۳۹ رابو داود شریف، باب التوقیت فی المسح، ص ۲۳، نمبر ۱۵۷ رنسائی شریف، باب التوقیت فی المسح علی الخفین للمقیم، ص ۱۸، نمبر ۱۲۹) اس حدیث میں ہے کہ مسافر کے لئے تین دن تین رات اور مقیم کے لئے ایک دن اور ایک رات۔

**نوٹ**: جو احادیث تحدید مدت کے خلاف ہیں وہ ضعیف ہیں اور علماء کے یہاں معمول بہا نہیں ہیں۔

**ترجمہ**: (۱۱۲) اور مسح کی مدت کی ابتدا حدث کے بعد سے ہوگی۔

**تشریح**: مثلا فجر کے وقت وضو کیا، اور ظہر کے وقت پیر پر موزہ پہنا، اور عصر کے وقت حدث ہوا، تو عصر کے وقت سے مسح کی

لِالان الخف مانع سراية الحدث فتعتبر المدة من وقت المنع (۱۱۳) والمسح على ظاهرهما خطوطاً بالاصابع يبدأ من قبل الاصابع الى الساق﴾

مدت شروع ہوگی جو حدث کا وقت ہے۔

**وجه**: (۱) اس حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔عن عبد الرحمن بن ابی بکرة عن ابیه عن النبی أنه رخص للمسافر اذا توضأ و لبس خفیه ثم أحدث وضوءاً أن يمسح ثلاثة أيام و لياليهن و للمقيم يوما و ليلة ۔(ابن ماجة، باب ماجاء فی التوقیت فی المسح للمقیم والمسافر، ص ۷۸ نمبر ۵۵۶) اس حدیث میں ہے ثم احدث وضوءاً، جسکا مطلب یہ ہے کہ وضو کا حدث ہوا ہو اس وقت سے مسح کی مدت شروع ہوگی ۔(۲) اثر میں ہے۔عن الثوری فی المسح علی الخفین قال : .....فانک تمسح من الحدث حتى كان العصر ، فانک تمسح عليهما حتى العصر من الغد .(مصنف عبد الرزاق، باب المسح علیهما من الحدث، ج اول، ص ۲۰۹، نمبر ۸۰۷) اس اثر میں ہے کہ حدث سے مسح کی مدت شروع ہوگی، اس سے پہلے نہیں۔آگے دلیل عقلی بھی ہے۔

**ترجمه**: لِ اسلئے کہ موزہ حدث کو سرایت کرنے سے مانع ہے اسلئے حدث کو روکنے کے وقت سے مدت کا اعتبار کیا جائے گا ۔

**تشریح**: حدث کے وقت سے مسح کی مدت کا اعتبار کیا جائے گا اسکے لئے یہ دلیل عقلی ہے۔کہ موزہ حدث کے سرایت کرنے سے روکنے والا ہے اسلئے جس وقت حدث ہوگا اس وقت موزہ حدث کو روکے گا اور اسی وقت سے مسح کی مدت شروع ہوگی اس سے پہلے نہیں۔اسکے لئے حدیث کی دلیل اوپر گزر چکی ہے۔

**ترجمه**: (۱۱۳) اور مسح یہ ہے کہ پاؤں کے ظاہری حصے پر انگلی سے کھینچتے ہوئے، شروع کیا جائے گا پاؤں کی انگلی کی جانب سے پنڈلی تک۔

**تشریح**: موزوں پر مسح کا طریقہ یہ ہے کہ پاؤں کے اوپر کے حصے پر مسح کیا جائیگا۔نیچے کے حصے پر نہیں کیا جائے گا۔اور تین انگلیوں سے پاؤں کی انگلیوں کی جانب سے کھینچا جائے گا اور کھینچتے کھینچتے پنڈلی تک لے جایا جائے گا۔اور ہاتھ کی انگلیوں سے تین انگلیوں کی مقدار کھینچنا فرض ہے۔

**وجه**: (۱) پاؤں کے اوپر مسح کرنے کی دلیل یہ حدیث ہے ۔عن علی قال لو كان الدين بالرأى لكان اسفل الخف اولى بالمسح من اعلاه وقد رأيت رسول الله ﷺ يمسح على ظاهر خفيه (ابوداؤد شریف، باب کیف المسح ص ۲۴ نمبر ۱۶۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پاؤں کے اوپر مسح کرنا ضروری ہے۔اور جس حدیث میں پاؤں کے نیچے مسح کرنا ثابت ہے وہ فضیلت کے طور پر ہے۔اور تین انگلی سے پنڈلی تک کھینچنے کی دلیل یہ حدیث ہے۔عن جابر.... قال رسول الله ﷺ بيده

۱ لحديث مغيرة ان النبی ﷺ وضع يديه علی خفيه و مدهما من الاصابع الی اعلاهما مسحة واحدة،وكانی انظرالی اثرالمسح علی خف رسول الله ﷺ خطوطاً بالاصابع ۲ ثم المسح علی الظاهرحتم حتی لايجوزعلی باطن الخف،وعقبه،وساقه لانه معدول به عن القياس فيراعی جميع ماورد به الشرع

---

هكذا من اطراف الاصابع الی اصل الساق و خطط بالاصابع. (ابن ماجہ شریف،باب فی مسح اعلی الخف واسفلہ ،ص ۷۸،نمبر ۵۵۱) اس حدیث میں اصابع سے پنڈلی تک کھینچنے کا تذکرہ ہے اور اصابع جمع کا صیغہ ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ کم سے کم تین انگلیاں ہوں۔

**ترجمہ**: ۱ حضرت مغیرہؓ کی حدیث کی وجہ سے کہ حضورؐ نے اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے دونوں پاؤں پر رکھا اور دونوں کو پاؤں کی انگلی کی جانب سے اوپر کی طرف ایک مرتبہ کھینچا،اور گویا کہ میں حضورؐ کے موزے کے اوپر مسح کے اثر کو دیکھ رہا ہوں انگلی کے ذریعہ سے خط کھینچے ہوئے کو۔صاحب ہدایہ کی حدیث تقریبا یہ ہے۔عن المغيرة بن شعبة قال : رأيت رسول الله ﷺ بال ثم جاء حتی توضأ ثم مسح علی خفيه ووضع يده اليمنی علی خفيه الايمن و يده اليسری علی خفيه الأيسر ثم مسح أعلاهما مسحة واحدة حتی كأنی أنظر الی أصابع رسول اللهؐ علی الخفين۔(سنن للبیہقی،باب الاقتصار بالمسح علی ظاہر الخفین،ج اول،ص ۴۳۶،نمبر ۱۳۸۵) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ کو مسح کرتے دیکھا کہ موزے کے اوپر کے حصے پر مسح فرمایا اور پاؤں کی انگلی کی جانب سے کھینچتے ہوئے اوپر لے گئے۔ایسا لگتا ہے کہ ابھی بھی حضورؐ کی انگلیوں کو موزے کے اوپر دیکھ رہا ہوں۔

**لغت**: خطوطا : خط کی طرح کھینچتے ہوئے، الساق : پنڈلی

**ترجمہ**: ۲ پھر مسح پاؤں کے اوپر کے حصے پر ضروری ہے،یہاں تک کہ موزے کے نچلے حصے پر،اور اسکی ایڑی پر،اور اسکی پنڈلی پر مسح جائز نہیں ہے،اسلئے کہ مسح قیاس سے الگ ہے اسلئے ان تمام باتوں کی رعایت کی جائے گی جسکے بارے میں شریعت وارد ہوئی ہے۔

**تشریح**: مسح موزے کے اوپر کے حصے پر کرنا ہوگا،چنانچہ موزے کے نیچے،یا موزے کی ایڑی کے حصے،یا موزے کی پنڈلی کے حصے پر مسح کرے گا تو مسح نہیں ہوگا۔اسکی دلیل یہ دیتے ہیں کہ موزے پر مسح خلاف قیاس ہے اسلئے احادیث میں جن جن باتوں کی شرط کے ساتھ مسح مشروع ہے انہیں شرطوں کے ساتھ مسح جائز ہوگا،اور اوپر حدیث گزر چکی ہے کہ حضورؐ نے موزے کے اوپر مسح فرمایا اسلئے موزے کے اوپر ہی مسح ضروری ہوگا اسکے علاوہ پر مسح کرے گا تو مسح ہی نہیں ہوگا۔ عن علی قال لو كان الدين بالرأی

۳؎ والبداية من الاصابع استحباب اعتبارا بالاصل و هو الغسل. ۴؎ وفرض ذالك مقدار ثلاث اصابع من اصابع اليد، و قال الكرخیؒ من اصابع الرجل، والاول اصح اعتباراً لآلة المسح

لكان اسفل الخف اولى بالمسح من اعلاه وقد رأيت رسول الله ﷺ يمسح على ظاهر خفيه ـ(ابوداؤد شریف، باب کیف المسح ص۲۴ نمبر ۱۶۲) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے موزے کے اوپر مسح فرمایا۔

**فائدة** : بعض حدیث میں ہے کہ آپؐ نے موزے کے نیچے کے حصے پر مسح فرمایا۔ عن المغيرة بن شعبة أن رسول الله ﷺ مسح أعلى الخف و أسفله ـ(ابن ماجہ شریف، باب فی مسح أعلی الخف أسفلہ، ص ۷۸، نمبر ۵۵۰/ابوداؤد شریف، باب کیف المسح ،ص ۲۴، نمبر ۱۶۵) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ نے موزے کے نچلے حصے پر مسح فرمایا، لیکن اس پر علماء کا عمل نہیں ہے، کیونکہ نچلے حصے پر مسح کرنا استحبابی طور پر ہے ۔

**ترجمہ**: ۳؎ اور انگلی سے شروع کرنا مستحب ہے اعتبار کرتے ہوئے اصل کا اور وہ غسل ہے۔

**تشریح**: پنڈلی کی جانب سے مسح شروع کرے اور پاؤں کی انگلی تک لائے تب بھی مسح ہو جائے گا، البتہ مستحب یہ ہے کہ پاؤں کی انگلی کی جانب سے شروع کرے اور پنڈلی تک کھینچتے کھینچتے لے جائے۔ (۱) اسلئے کہ پاؤں دھونا جو وضو کی اصل ہے اس میں بھی مستحب یہی ہے کہ انگلی کی جانب سے شروع کرے اور دھوتے دھوتے پنڈلی تک لے جائے اسلئے فرع یعنی مسح میں بھی انگلی سے شروع کرنا مستحب ہے۔(۲) اوپر حدیث میں گزر چکا ہے کہ آپؐ نے مسح کو انگلی سے شروع کی، حدیث یہ ہے۔عن جابر.... قال رسول الله ﷺ بيده هكذا من اطراف الاصابع الى اصل الساق و خطط بالاصابع. (ابن ماجہ شریف، باب فی مسح اعلی الخف واسفلہ، ص ۷۸، نمبر ۵۵۱) اس حدیث میں اصابع سے پنڈلی تک کھینچنے کا تذکرہ ہے۔

**ترجمہ** : ۴؎ اور اسکا فرض ہاتھ کی انگلی سے تین انگلیوں کی مقدار ہے۔ اور امام کرخیؒ نے فرمایا کہ کہ پاؤں کی انگلی سے، لیکن اول صحیح ہے مسح کے آلے کا اعتبار کرتے ہوئے۔

**تشریح**: مسح کے لئے ہاتھ کی تین انگلیوں کی مقدار کھینچنا فرض ہے۔

**وجہ** : اوپر حدیث میں ہے کہ آپؐ نے ہاتھ کی انگلیوں سے کھینچا۔ حدیث کا ٹکڑا یہ ہے۔ عن جابر.... قال رسول الله ﷺ بيده هكذا من اطراف الاصابع الى اصل الساق و خطط بالاصابع. (ابن ماجہ شریف، باب فی مسح اعلی الخف واسفلہ، ص ۷۸، نمبر ۵۵۱) اس حدیث میں ہے و خطط بالاصابع ، اور اصابع جمع کا صیغہ ہے جسکا کم سے کم درجہ تین انگلیاں ہیں اسلئے تین انگلیوں کی مقدار کھینچنا فرض ہے۔

اور امام کرخیؒ نے فرمایا کہ پاؤں کی تین انگلیوں کی مقدار فرض ہے، لیکن صحیح بات یہ ہے کہ ہاتھ کی انگلیوں کی مقدار فرض ہے اسلئے کہ

(۱۱۴) **و لا یجوز المسح علی خف فیه خرق کثیر یتبین منه قدر ثلا ث اصابع من اصابع الرجل، و ان کان اقل من ذالک جاز﴾ ۱ وقال زفر و الشافعیؒ لا یجوز و ان قل لانه لما وجب غسل البادی یجب غسل الباقی**

اوپر کی حدیث میں ہاتھ کی انگلی کا ذکر ہے، اور دوسری بات یہ ہے کہ ہاتھ ہی مسح کا آلہ ہے اسلئے مقدار میں آلے کا اعتبار کرنا زیادہ صحیح ہے، کیونکہ اسی سے کھینچنا ہوگا۔

**ترجمہ**: (۱۱۴) مسح نہیں جائز ہے ایسے موزے پر جس میں بہت زیادہ پھٹن ہو۔ اس سے پاؤں کی تین انگلیوں کی مقدار ظاہر ہوتی ہو۔ اور اگر اس سے کم ظاہر ہوتی ہو تو مسح جائز ہے۔

**وجہ**: اصل یہ ہے کہ موزہ اگر پاؤں سے کھل جائے تو پورا موزہ کھول کر پاؤں دھونا پڑتا ہے۔ اب تین انگلی پھٹنا بھی موزہ کا کھلنا ہے۔ کیونکہ چوتھائی کے بعض مقامات پر کل کا حکم میں ہوتا ہے۔ کیونکہ قدم میں اصل انگلیاں ہیں اور تین انگلیاں اکثر قدم ہے۔ اس لئے تین انگلیوں کی مقدار پھٹنے اور اتنی مقدار ظاہر ہونے سے یوں سمجھا جاتا ہے کہ قدم کھل گیا۔ اس لئے اب موزہ کھول کر پاؤں دھونا ہوگا۔ موزہ کھلنے سے پاؤں دھونے کی دلیل یہ اثر ہے۔ **عن رجل من اصحاب النبی ﷺ فی الرجل یمسح علی خفیه ثم یبدو له فینزعهما قال یغسل قدمیه** ۔ (السنن للبیہقی، باب من خلع خفیہ بعد ما مسح علیھما ج اول ص ۴۳۲، نمبر ۱۳۷۰) **سألت معمرا عن الخرق یکون فی الخف فقال اذا خرج من مواضع الوضوء شیء فلا تمسح علیه واخلع** (السنن للبیہقی، باب الخف الذی مسح علیہ رسول اللہ ج اول ص ۴۲۵، نمبر ۱۳۴۷؍ مصنف ابن ابی شیبۃ، ۲۲۱ فی الرجل یمسح علی خفیہ ثم تخلعھا، ج اول، ص ۱۷۰، نمبر ۱۹۵۸) اس حدیث میں ہے کہ موزے میں پھٹن ہو اور پاؤں نکل جاتا ہو تو اس پر مسح نہ کرے اور کھول کر پاؤں دھوئے۔

**نوٹ**: اگر تین انگلیوں سے کم کی مقدار ایک موزہ پھٹا ہو تو اس پر مسح جائز ہے۔

**ترجمہ**: ۱ اور کہا امام زفر اور امام شافعیؒ نے نہیں جائز ہے اگر چہ کم پھٹا ہو اسلئے کہ جب کھلے ہوئے کو دھونا واجب ہے تو باقی کو دھونا بھی واجب ہے۔

**تشریح**: امام شافعیؒ اور امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ تھوڑا سا بھی موزہ پھٹا ہو تو اس پر مسح جائز نہیں۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ تھوڑا سا پھٹا ہے تو اس پر دھونا ضروری ہے تو اسکی وجہ سے باقی پر بھی دھونا ضروری ہو جائے گا۔ (۲) اوپر کا اثر بھی انکا متدل ہے کہ پاؤں ظاہر ہو جائے تو پورے موزے کو کھول کر پاؤں دھوئے۔ اثر یہ ہے۔ **عن رجل من اصحاب النبی ﷺ فی الرجل یمسح علی خفیه ثم یبدو له فینزعهما قال یغسل قدمیه** ۔ (السنن للبیہقی، نمبر ۱۳۷۰) اس اثر میں ہے کہ پاؤں ظاہر ہو جائے تو

۲ ولنا ان الخفاف لاتخلو عن قلیل خرق عادۃ فیلحقھم الحرج فی النزع، و تخلو عن الکثیر فلا حرج. ۳ والکثیران ینکشف قدرثلاث اصابع الرجل اصغرھا،ھو الصحیح، لان الاصل فی القدم ھو الاصابع والثلاث اکثرھافتقام مقام الکل،واعتبار الاصغر للاحتیاط ۴ ولا معتبر بدخول الانامل اذا کان لا ینفرج عند المشی

پورا پاؤں کھول کر دھوئے۔

**ترجمہ** : ۲ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ موزہ تھوڑے بہت پھٹن سے عادۃ خالی نہیں ہوتا اسلئے لوگوں کو بار بار کھولنے میں حرج ہوگا، اور زیادہ پھٹن سے خالی ہوتا ہے اسلئے اس میں حرج نہیں ہے۔

**وجہ** : (۱) دلیل عقلی یہ ہے کہ۔موزہ عادۃ تھوڑا بہت پھٹا ہوتا ہی ہے اسلئے تھوڑے بہت پھٹے ہونے سے موزے کو نکالنا لازم کریں تو لوگوں پر حرج لازم ہو جائے گا اسلئے تھوڑے بہت پھٹے ہونے سے بھی مسح درست ہے، البتہ زیادہ پھٹے ہونے سے موزہ خالی ہوتا ہے اسلئے اسکے بارے میں یہ کہا جائے کہ مسح درست نہیں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے اسلئے موزہ زیادہ پھٹا ہو تو مسح درست نہیں ہوگا اور زیادہ کی مقدار پاؤں کی انگلی سے تین انگلیوں کے برابر ہے۔ (۲) اوپر اثر میں تھا کہ موضع وضو کھل جائے تو اب پورے پاؤں دھوئے، اور موضع وضو تین انگلیوں کی مقدار ہے اس لئے تین انگلیوں کی مقدار کھلے تب پورے پاؤں کو کھولنا ہوگا۔ اثر یہ ہے۔ سألت معمرا عن الخرق یکون فی الخف فقال اذا خرج من مواضع الوضوء شیء فلا تمسح علیہ واخلع (السنن للبیھقی ، نمبر ۱۳۴۷ مصنف ابن ابی شیبۃ ، ۱۱، نمبر ۱۹۵۸) اس اثر میں ہے کہ موضع وضو کھلے تو پورا پاؤں کھولو۔اور موضع وضو کم سے کم تین انگلیاں ہوگی اسلئے تین انگلیوں کی مقدار کھلنے سے مسح جائز نہیں ہوگا۔

**ترجمہ** : ۳ اور کثیر یہ ہے کہ پاؤں کی چھوٹی تین انگلیوں کی مقدار کھلے، یہی صحیح ہے اسلئے کہ اصل قدم میں انگلیاں ہیں اور تین انکا اکثر ہیں اسلئے وہ کل کے قائم مقام ہونگے، اور چھوٹی انگلیوں کا اعتبار احتیاط کے لئے ہے۔

**تشریح** : متن میں تھا کہ خرق کثیر، زیادہ پھٹن، سے مسح جائز نہیں ہوگا اب اسکی تفصیل فرماتے ہیں کہ خرق کثیر یہ ہے کہ پاؤں کی چھوٹی انگلیوں سے تین انگلیوں کی مقدار پھٹن ہو، اسکی وجہ یہ ہے کہ اصل قاعدہ یہ گزرا کہ پاؤں کھلے تو موزہ نکالنا ہوگا۔ اور پاؤں میں اصل انگلیاں ہیں اسلئے انگلیوں کے کھلنے کا اعتبار کیا، اور پانچ انگلیوں میں سے تین انگلیاں اکثر ہیں اسلئے تین انگلیوں کا اعتبار کیا، اور چھوٹی تین انگلیوں کا اعتبار احتیاط کے لئے کرلیا، ورنہ بڑی تین انگلیوں کا اعتبار بھی کر سکتے تھے۔

**ترجمہ** : ۴ اور کوئی اعتبار نہیں ہے پوروں کے داخل ہونے کا اگر چلتے وقت نہ کھلتا ہو۔

**تشریح** : موزہ اتنا پھٹا ہوا کہ اس سے پورو انکل سکتا ہے لیکن چلتے وقت نکلتا نہیں ہے بلکہ موزہ بند ہی رہتا ہے تو اس پھٹن سے

۵ و يعتبر هذا المقدار في كل خف على حدة فيجمع الخرق في خف واحد و لا يجمع في خفين لان الخرق في احدهما لا يمنع قطع السفر بالآخر ۶ بخلاف النجاسة المتفرقة لانه حامل للكل

---

مسح کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ چلتے وقت موزہ کھل جائے تب مسح ناجائز ہوگا۔ کیونکہ پہلے اثر میں ثم یبدو له، کا لفظ ہے اور دوسرے اثر میں اذا اخرج من مواضع الوضوء ہے جس سے معلوم ہوا کہ چلتے وقت پاؤں ظاہر ہو جائے تب مسح ناجائز ہوگا۔ دونوں اثر یہ ہیں۔ عن رجل من اصحاب النبی ﷺ فی الرجل یمسح علی خفیه ثم یبدو له فینزعهما قال یغسل قدمیه ۔ (السنن للبیهقی، نمبر ۱۳۷۰) سألت معمرا عن الخرق یکون فی الخف فقال اذا خرج من مواضع الوضوء شیء فلا تمسح علیه واخلع (السنن للبیهقی، نمبر ۱۳۴۷ رمصنف ابن ابی شیبة، نمبر ۱۹۵۸) ان اثار سے معلوم ہوا کہ چلتے وقت پاؤں ظاہر ہو تب مسح ناجائز ہوگا۔

**ترجمه**: ۵ اور اعتبار کیا جائے گا اس مقدار کا ہر موزے میں الگ الگ تو تمام پھٹن کو جمع کیا جائے گا ایک موزے میں اور نہیں جمع کیا جائے گا دونوں موزے ہیں اسلئے کہ دونوں میں سے ایک میں پھٹن ہو تو دوسرے کے ذریعہ سفر کرنے کو منقطع نہیں کرتا۔

**تشریح**: ایک ہی موزے کے تمام پھٹن کو جمع کر کے دیکھا جائے کہ تین انگلیوں کے برابر ہو جائے تو مسح کرنا ممنوع ہوگا۔ لیکن دوسرے موزے کے پھٹن کو اس میں شامل نہیں کیا جائے گا دوسرے موزے کا پھٹن دوسرے موزے ہی میں شامل ہوگا۔ چنانچہ دونوں موزوں میں تھوڑا تھوڑا پھٹن ہو اور دونوں کو ملا کر تین انگلی سے زائد ہو لیکن ہر ایک موزے کا پھٹن تین انگلی سے کم ہو تو دونوں پر مسح جائز ہے ۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ ایک موزے میں بہت پھٹن ہو تو دوسرے موزے کو استعمال کر سکتا ہے اور اس سے سفر کر سکتا ہے، تو جب ایک موزے کا پھٹن دوسرے موزے کو استعمال سے نہیں روکتا، تو ایک موزے کا پھٹن مسح کے لئے بھی دوسرے موزے میں شامل نہیں ہوگا۔ یہ دلیل عقلی ہے۔

**ترجمه**: ۶ بخلاف الگ الگ نجاست کے اسلئے کہ آدمی کل کو اٹھانے والا ہے۔

**تشریح**: نجاست کا معاملہ موزے کے پھٹن سے الگ ہے۔ تھوڑی تھوڑی نجاست دونوں موزوں پر لگی ہو تو دونوں نجاستوں کو ایک مانا جائے گا، پس اگر دونوں مل کر ایک درہم کے برابر ہو جائے تو اس میں نماز جائز نہیں ہوگی، یہاں دونوں موزوں کی نجاستوں کو ایک مانا گیا جبکہ پھٹن میں الگ الگ مانا گیا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ نجاست کا معاملہ موزے پر نہیں ہے بلکہ خود آدمی پر ہے کہ ایک ہی آدمی دونوں موزوں کی نجاستوں کو اٹھانے والا ہے۔ چونکہ ایک ہی آدمی دونوں موزوں کی نجاستوں کو اٹھانے والا ہے اسلئے دونوں موزوں کی نجاستوں کو ایک ساتھ ملایا جائے گا یہ بھی دلیل عقلی ہے۔

ے وانکشاف العورة نظير النجاسة (۱۱۵)ولايجوز المسح لمن وجب عليه الغسل ﴾ ا لحديث صفوان بن عسالؓ انه قال: كان رسول الله ﷺ يأمرنا اذاكنا سفرا ان لا ننزع خفافنا ثلثةايام و لياليها الا عن جنابة و لكن عن بول او غائط او نوم ۲ ولان الجنابة لاتتكرر عادة فلاحرج فى النزع بخلاف الحدث فانه يتكرر

**ترجمه**: ے اورستر عورت کا کھلنا نجاست کی طرح ہے۔یعنی سب کوملایا جائے گا۔

**تشریح**: مثلا دونوں رانوں میں تھوڑاتھوڑا کپڑا پھٹا ہوا ہے جس سے ستر عورت نظر آتا ہے اب دونوں رانوں کے پھٹوں کوملایا جائے تو چوتھائی جسم ہوجاتا ہے اور چوتھائی جسم ستر کھل جائے تو نماز ٹوٹ جاتی ہے۔لیکن ایک ران کا پھٹن چوتھائی جسم سے کم ہے۔ یہاں دونوں رانوں کے پھٹن کوملایا جائے گا اور چوتھائی جسم کھلنے سے نماز ٹوٹ جائے گی۔ کیونکہ ستر کا معاملہ نجاست کی طرح ہے۔ کیونکہ یہاں بھی تمام پھٹن کوایک ہی آدمی اٹھائے ہوا ہے اسلئے تمام کو جمع کیا جائے گا۔

**لغت**: خرق : پھٹن، يتبين : ظاہر ہوتا ہے۔ انامل: پوروا، انگلی کا اگلا حصہ۔ينفرج : فرج سے مشتق ہے، کھل جاتا ہے۔

**ترجمه**: (۱۱۵) موزے پر مسح جائز نہیں ہے اس آدمی کے لئے جس پر غسل واجب ہے۔

**تشریح**: اوپر حدیث گزر چکی ہے کہ جن پر جنابت، یا حیض، یا نفاس کا غسل لازم ہو وہ موزے پر مسح نہیں کر سکتا، صرف وہ لوگ موزے پر مسح کر سکتے ہیں جن پر حدث اصغر کا وضو ہو۔

**ترجمه**: ا (۱) حضرت صفوان بن عسالؓ کی حدیث کی وجہ سے: انہوں نے کہا کہ حضورؐ ہمیں حکم دیا کرتے تھے کہ اگر ہم سفر میں ہوں تو اپنے موزے کو تین دن اور تین رات تک نہ کھولیں مگر جنابت سے، لیکن پیشاب، اور پیخانہ، اور نیند کی وجہ سے نہ کھولیں۔ حدیث یہ ہے۔عن صفوان بن عسال قال كان رسول الله ﷺ يأمرنا اذا كنا سفرا ان لا تنزع خفافنا ثلثة ايام ولياليهن الا من جنابة ولكن من غائط وبول ونوم۔(ترمذی شریف، باب المسح على الخفين للمسافر والمقيم ص ۲۷ نمبر ۹۶ رنسائی شریف، باب التوقيت فى المسح على الخفين للمسافر، ص ۱۸، نمبر ۱۲۷) اس حدیث میں ہے کہ جنابت ہو تو موزے پر مسح نہیں کرسکتا۔اور حدث اصغر ہو تو کرسکتا ہے۔

**ترجمه**: ۲ اور اسلئے بھی کہ جنابت عادة بار بار نہیں ہوتی اسلئے موزہ کھولنے میں حرج نہیں ہے بخلاف حدث کے کہ وہ بار بار ہوتا ہے۔

**تشریح**: جنابت عادة دن میں بار بار نہیں ہوتی اسلئے کبھی کبھار جنابت ہونے کے بعد موزہ کھول کر پاؤں دھونے میں حرج نہیں

(۱۱۶) وینقض المسح کل شیء ینقض الوضوء ﴾ لانه بعض الوضوء (۱۱۷) و ینقضه ایضا نزع الخف ﴾ لسرایة الحدث الی القدم حیث زال المانع (۱۱۸) و کذا نزع احدهما ﴾

ہے، اور حدث ایک دن میں کئی بار ہوتا ہے اسلئے بار بار موزہ کھول کر پاؤں دھونے میں حرج ہے اسلئے شریعت نے سہولت کے لئے موزے پر مسح کرنا جائز رکھا۔ اسلئے حدث اصغر میں موزہ نہیں کھولا جائے گا اور اکبر میں کھولا جائے گا۔ یہ دلیل عقلی ہے۔

**ترجمہ**: (۱۱۶) مسح کو توڑتی ہے وہ چیزیں جو وضو کو توڑتی ہیں۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ مسح وضو کا بعض حصہ ہے

**وجہ**: جن حدثوں سے وضو ٹوٹتا ہے ان حدثوں سے مسح بھی ٹوٹ جائے گا اور دوبارہ موزہ پر مسح کرنا ہوگا۔ البتہ موزہ کھول کر پاؤں دھونے کی ضرورت نہیں ہے، بلکہ مدت کے اندر موزہ پر دوبارہ مسح کر لینا کافی ہے۔ کیونکہ مسح وضو کا بعض حصہ ہے اس لئے جس سے وضو ٹوٹے گا اس سے مسح بھی ٹوٹ جائے گا۔ لیکن موزہ پاؤں سے نکل جائے تو دونوں موزے کھول کر پاؤں دھونا ہوگا۔

**ترجمہ**: (۱۱۷) اور موزے کے مسح کو توڑ دیگا موزے کا نکلنا بھی۔

**ترجمہ**: ل قدم تک حدث کے سرایت کرنے کی وجہ سے اسلئے کہ روکنے والی چیز زائل ہو گئی۔

**تشریح**: مدت مسح کے اندر بھی موزہ پاؤں سے نکل جائے یا ٹخنے تک آجائے تو مسح ٹوٹ جاتا ہے اب دونوں موزے مکمل نکال کر پاؤں دھوئے۔ حدث ہونے اور موزے نکلنے میں یہ فرق ہے کہ حدث ہونے سے صرف دوبارہ مسح کرنا ہوتا ہے، اور موزہ نکلنے سے دونوں پاؤں کو دوبارہ دھونا پڑتا ہے۔

**وجہ**: اسکی ایک وجہ تو یہ حدیث ہے۔ عن مغیرة بن شعبة قال غزونا مع رسول الله ﷺ فامرنا بالمسح علی الخفین ثلاثة ایام ولیالیها للمسافر ویوما و لیلة للمقیم مالم یخلع . (سنن للبیہقی، باب من خلع خفیه بعد ما مسح علیهما ص۴۳۴، نمبر ۱۳۷۶ / مصنف ابن ابی شیبة، ۲۲۱ فی الرجل یمسح علی خفیه ثم یخلعها، ج اول، ص ۱۷۰، نمبر ۱۹۶۰) مالم یخلع سے پتہ چلتا ہے کہ موزہ پاؤں سے کھل جائے تو دوبارہ پاؤں دھونا ہوگا۔ (۲) یہ اثر بھی ہے۔ عن ابراهیم قال : اذا نزعتهما فاغسل قدمیک ، و به یأخذ الثوری . (مصنف عبد الرزاق، باب نزع الخفین بعد المسح، ج اول، ص ۲۱۰، نمبر ۸۱۳) اس اثر میں ہے کہ موزہ کھل جائے تو دونوں پاؤں کو دھوؤ۔ (۳) اور تیسری دلیل عقلی یہ ہے کہ موزہ نکلتے ہی موزہ جو حدث کو روکنے والی چیز تھی وہ زائل ہو گئی جسکی وجہ سے پرانا حدث قدم تک سرایت کر گیا اسلئے اب پورا موزہ نکال کر دوبارہ پاؤں دھونا ہوگا اور سرایت شدہ حدث کو پاک کرنا ہوگا۔

**ترجمہ**: (۱۱۸) ایسے ہی دونوں موزوں میں سے ایک کا کھل جانا۔

ل لتعذر الجمع بين الغسل و المسح في وظيفة واحدة. (۱۱۹) و كذا مضى المدة ل لما روينا
(۱۲۰) واذا تمت المدة نزع خفيه و غسل رجليه و ليس عليه اعادة بقية الوضوء ﴾

**ترجمه**: ل دھونے اور مسح کو ایک ہی وظیفے میں جمع کرنا متعذر ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح**: دوموزوں میں سے ایک نکل گیا تو دونوں کو کھولنا ہوگا اور دونوں پاؤں کو دھونا ہوگا۔ یہاں پر ایک کا کھلنا دونوں کا کھلنا ہے

**وجہ**: (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ دونوں پاؤں ایک طرح کے ہیں اور دونوں کا ایک ہی کام ہے اسکے باوجود ایک کو دھوئے اور ایک پاؤں پر مسح کرے یہ متعذر ہے، اور اچھا نہیں لگتا ہے اسلئے دونوں ہی کو نکال کر دھونا ہوگا۔ (۲) دوسری وجہ یہ ہے کہ اثر میں ہے کہ دونوں پاؤں کو نکال کر دھونا ہوگا۔ اثر یہ ہے۔ عن رجل من اصحاب النبی ﷺ في الرجل يمسح على خفيه ثم يبدو له فينزعهما قال يغسل قدميه۔ (السنن للبیھقی، نمبر ۱۳۷۰) اس اثر میں ینزعھما، اور قدمیه، تثنیہ کا صیغہ ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ دونوں پاؤں کو دھونا ہوگا، ایک پاؤں دھونا کافی نہیں ہے۔ (۳) اس اثر میں اسکی صراحت ہے۔ عن ابراهيم قال : اذا خلعهما أو أحدهما استأنف الوضوء. (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۲۲۱ فی الرجل یمسح علی خفیہ ثم تخلعھا، ج اول، ص ۱۷۰، نمبر ۱۹۶۳) اس اثر میں ہے کہ دونوں موزے کھل جائے یا ایک کھل جائے دونوں صورتوں میں شروع سے وضو کرے۔ وظیفة واحدة : سے مراد ایک کام ہے۔

**ترجمہ**: (۱۱۹) اور مدت کا گزرنا بھی مسح توڑتا ہے۔ یعنی مدت گزر جائے تو مسح ٹوٹ جائیگا، اب دوبارہ مسح کرنا ہوگا۔

**ترجمہ**: (۱۲۰) پس جب مدت گزر جائے تو دونوں موزوں کو کھولے اور دونوں پاؤں کو دھوئے اور نماز پڑھے۔ اور اس پر باقی وضو کو لوٹانا لازم نہیں ہے۔

**تشریح**: اوپر کی کئی حدیثوں میں گزر چکا ہے کہ مقیم کے لئے ایک دن ایک رات اور مسافر کے لئے تین دن اور تین رات مدت مسح ہے۔ پس یہ مدت مسح پر گزر جائے تو مسح کا وقت ختم ہو جائے گا۔ کیوں کہ موزہ حدث کے لئے مانع تھا۔ وقت گزرنے پر مانع ختم ہو گیا اور حدث پاؤں کے اندر سرایت کر گیا اس لئے موزہ کھولنا ہوگا اور پاؤں دھونا ہوگا۔

**وجہ**: اس حدیث، اور اثر میں ہے کہ مدت گزر جانے کے بعد مسح ٹوٹ جائے گا۔ عن عبد الرحمن بن أبي بكرة عن ابيه أن رسول الله ﷺ سئل عن المسح على الخفين فقال : للمسافر ثلاثة أيام و لياليهن و للمقيم يوم و ليلة)) و كان أبي ينزع خفيه و يغسل رجليه۔ (سنن للبیھقی، باب التوقیت فی المسح علی الخفین، ج اول، ص ۴۱۵، نمبر ۱۳۰۸) اس حدیث میں ہے کہ مدت گزرنے کے بعد حضرت ابو بکرہؓ موزہ کھول دیا کرتے تھے اور دونوں پاؤں کو دھوتے تھے۔ اس حدیث کے اشارے سے یہ بھی معلوم ہوا کہ پہلے سے وضو موجود ہو تو پورا وضو لوٹانے کی ضرورت نہیں صرف پاؤں دھو لینا کافی ہے۔ آگے والے

۱؎ وکذا اذانزع قبل المدۃ ۲؎ لان عندالنزع یسری الحدث السابق الی القدمین، کانہ لم یغسلھما
۳؎ وحکم النزع یثبت بخروج القدم الی الساق لانہ لامعتبر بہ فی حق المسح
۴؎ وکذا باکثر القدم، ھو الصحیح، (۱۲۱) و من ابتدأ المسح و ھو مقیم فسافر قبل تمام یوم و لیلۃ

---

اثر سے بھی اسکی تائید ہوتی ہے کہ وضو ہو تو موزہ کھلنے پر صرف پاؤں دھوئے۔ مسئلہ نمبر ۱۱۸ اثر کا ٹکڑا یہ گزرا۔ فینزعھما قال یغسل قدمیہ. (سنن للبیھقی، نمبر ۱۳۷۰) جس کا مطلب یہ تھا کہ صرف دونوں قدموں کو دھونا لازم ہے۔ پورا وضو لوٹانا لازم نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اور ایسے ہی اگر موزہ مدت سے پہلے نکل گیا۔ تو دونوں موزے کھول کر دونوں پاؤں دھوئے۔ دلیل اوپر گزر گئی۔

**ترجمہ**: ۲؎ اسلئے موزہ کھلتے وقت پرانا حدث قدم تک سرایت کر گیا تو گویا کہ دونوں قدموں کو دھویا ہی نہیں ۔

یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ جب موزہ نکل گیا اور قدم کھل گیا تو پرانا حدث قدم تک سرایت کر گیا اور ایسا سمجھیں کہ دونوں پاؤں کو دھویا ہی نہیں اسلئے موزہ نکال کر دونوں پاؤں کو دھونا ہوگا۔ اسکے لئے اثر اوپر گزر گیا ہے۔

**ترجمہ** : ۳؎ اور نکلنے کا حکم ثابت ہوگا اس سے کہ قدم موزے کی پنڈلی تک نکل جائے، اسلئے کہ مسح کے حق میں اسکا اعتبار نہیں ہے۔

**تشریح** : موزے کا کتنا حصہ قدم سے باہر نکل جائے تو مسح ٹوٹ جائے گا، اس سلسلے میں دو روایتیں پیش کی ہیں۔ ایک تو یہ کہ موزے کا وہ حصہ جو پنڈلی پر لگتا ہے وہاں تک قدم آجائے تو گویا کہ موزہ نکل گیا اور پیر دھونا ہوگا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ موزے کی پنڈلی کا جو حصہ ہے مسح میں اسکا اعتبار نہیں ہے موزے میں وہ حصہ نہ بھی ہو تو مسح جائز ہے اور جب قدم وہاں تک آگیا تو گویا کہ موزہ قدم سے باہر نکل آگیا، اسلئے مسح ٹوٹ جائے گا۔

**ترجمہ**: ۴؎ اور ایسے ہی اکثر قدم باہر نکل جائے تو موزے کا نکلنا ہے، صحیح یہی ہے ۔

قدم کا اکثر حصہ موزے کی پنڈلی میں آجائے تو گویا کہ موزہ نکل گیا اور مسح ٹوٹ گیا۔ صحیح یہی ہے، کیونکہ بہت سی جگہ پر اکثر کا حکم کل کا حکم ہے اسلئے اکثر قدم موزے کی پنڈلی میں آگیا تو گویا کہ پورا موزہ نکل گیا۔ اور حدیث کے مطابق۔ مالم یخلع . (سنن للبیھقی، باب من خلع خفیہ بعد ما مسح علیھما ص ۴۳۴، نمبر ۱۳۷۶) کا ثبوت ہو گیا۔

امام ابو حنیفہؒ سے ایک تیسری روایت یہ ہے کہ ایڑی کا اکثر حصہ موزے کی پنڈلی میں آجائے تو مسح ٹوٹ جائے گا۔

لغت نزع : نکالے۔ یسری: سرایت کر جائے۔ الساق: پنڈلی، یہاں مراد ہے موزے کی پنڈلی۔

**ترجمہ** : (۱۲۱) کسی نے مسح شروع کیا اس حال میں کہ وہ مقیم تھا پھر ایک دن ایک رات پورا ہونے سے پہلے سفر شروع کیا تو مسح

مسح ثلاثة ایام و لیالیها﴾ ا عملاً باطلاق الحدیث ۲ و لانه حکم متعلق بالوقت فیعتبر فیه آخره ۳ بخلاف ما اذا استکمل المدة للاقامة، ثم سافر لان الحدث قد سری الی القدم، والخف لیس برافع،

کرے گا تین دن تین رات۔

**ترجمہ**: ا عمل کرتے ہوئے مطلق حدیث پر۔

**وجہ**: مقیم نے ایک دن ایک رات پورا کرنے سے پہلے سفر کیا تو حدث قدم پر سرایت کرنے سے پہلے مسافر بن گیا اس لئے مدت اب لمبی ہو کر مسافر کی مدت پر عمل کرے گا یعنی جب سے مسح شروع کیا تھا اس وقت سے تین دن تین رات تک پورا کرے گا۔ اور اگر ایک دن اور ایک رات پورا ہو جاتا تو حدث قدم پر سرایت کر جاتا اب وہ اٹھے گا نہیں۔ اب تو پاؤں کھول کر دھونا ہی ہوگا۔ اس صورت میں تین دن پورا نہیں کر سکتا ہے حدیث یہ ہے۔ قال اتیت عائشة... فقال جعل رسول الله ﷺ ثلاثة ایام ولیالیهن للمسافر و یوما ولیلة للمقیم۔ (مسلم شریف، باب التوقیت فی المسح علی الخفین ص ۱۳۵ نمبر ۲۷۶/۶۳۹ رابو داود شریف، باب التوقیت فی المسح، ص ۲۳، نمبر ۱۵۷ رنسائی شریف، باب التوقیت فی المسح علی الخفین للمقیم، ص ۱۸، نمبر ۱۲۹) اس حدیث میں ہے کہ مسافر کے لئے تین دن تین رات اور مقیم کے لئے ایک دن اور ایک رات۔

**اصول**: حدث قدم پر سرایت کرنے سے پہلے مدت کا حکم بدل سکتا ہے۔ سرایت کرنے کے بعد نہیں۔

**ترجمہ**: ۲ اور اسلئے کہ مسح کا حکم متعلق ہے وقت کے ساتھ اسلئے اعتبار کیا جائے گا آخری وقت کا۔

**تشریح**: مسح کا حکم وقت کے ساتھ متعلق ہے اسلئے یہ دیکھا جائے گا آخری وقت کا اعتبار ہوگا اور اخیر میں ابھی مقیم کے لئے بھی وقت باقی تھا اسلئے جب وہ مسافر بنا تو مسافرت کا وقت مقیم کے ساتھ مل کر تین دن لمبا ہو جائے گا۔ اور جس وقت سے مسح شروع کیا تھا اس وقت سے تین دن تین رات پوری کرے گا۔

**ترجمہ**: ۳ بخلاف جب کہ اقامت کی مدت پوری کر چکا ہو پھر سفر کیا ہو تو متصل نہیں ہوگا اسلئے کہ حدث قدم تک سرایت کر چکا ہے، اور موزہ حدث کو اٹھانے والا نہیں ہے۔

**تشریح**: مقیم آدمی ایک رات ایک دن پوری کر چکا ہے اسکے بعد سفر کیا تو موزہ کھول کر پاؤں دھوئے گا، اور مسافرت کی مدت پوری نہیں کرے گا، اسکی وجہ یہ ہے کہ جیسے ہی اقامت کی مدت ایک دن ایک رات پوری ہوئی تو پرانا حدث قدم میں سرایت کر گیا، اور موزہ سرایت شدہ حدث کو اٹھانے والا نہیں ہے، وہ تو صرف آنے والا حدث کو روکنے والا نہیں ہے اسلئے مدت سفر اسکے ساتھ متصل نہیں ہوگا اور تین دن تین رات پورا نہیں کرے گا۔

(۱۲۲) و لو اقام و هو مسافر ان استكمل مدة الاقامة نزع ﴾ ل لان رخصة السفر لا تبقى بدونه، (۱۲۳)و ان لم يستكمل اتمها ﴾ ل لان هذه مدة الاقامة و هو مقيم (۱۲۴) و من لبس الجرموق فوق الخف مسح عليه ﴾ ل خلافا للشافعیؒ فانه يقول : البدل لا يكون له بدل،

**ترجمہ**: (۱۲۲) اگر مسافر آدمی مقیم ہو گیا، اگر اقامت کی مدت پوری کر چکا ہے تو موزہ کو کھولے گا۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ سفر کی رخصت اسکے بغیر باقی نہیں رہتی۔

**تشریح**: مسافر آدمی تھا اسکو تین دن اور تین رات مدت مسافرت پوری کرنی تھی، لیکن وہ مقیم ہو گیا، پس اگر مقیم کی مدت ایک دن ایک رات پوری کر چکا ہے تو موزہ کھول کر پاؤں دھوئے، اسلئے کہ اب وہ مسافر نہیں رہا اسلئے اسکے بغیر مسافرت کی سہولت بھی باقی نہیں رہے گی

**ترجمہ**: (۱۲۳) اور اگر مدت اقامت پوری نہیں کی ہے تو اسکو پوری کرے۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ یہ مدت اقامت ہے اور وہ مقیم ہے۔

**تشریح**: سفر میں تھا لیکن مسح کا ایک رات ایک دن پورا نہیں ہوا تھا کہ وہ مقیم ہو گیا تو ایک دن ایک رات پورا کرے، کیونکہ یہ ابھی کم سے کم مقیم ہے اسلئے مدت اقامت پورا کرے گا۔ سب کے دلائل مقیم اور مسافرت والی حدیث ہے جو اوپر گزر گئی۔

**ترجمہ**: (۱۲۴) جس نے جرموق کو موزے کے اوپر پہنا تو اس پر مسح کرے گا۔

**تشریح**: جرموق یا موق چمڑے کے اس موزے کو کہتے ہیں جو اچھے موزے کی حفاظت کے لئے اس کے اوپر پہنتے ہیں، اور جرموق پر مسح کرنے کے لئے وہی شرائط ہیں جو موزے پر مسح کرنے کے لئے ہیں تو گویا کہ دونوں موزے ہی ہیں۔ اس لئے جرموق پر مسح کر سکتا ہے۔

**وجہ**: (۱) حدیث میں ہے عن انس بن مالکؓ ان رسول الله ﷺ کان یمسح علی الموقین والخمار. (سنن للبیھقی، باب المسح علی الموقین، ج اول، ص ۴۳۲، نمبر ۱۳۶۸/ ابوداؤد شریف، باب المسح علی الخفین، ص ۲۳ نمبر ۱۵۳) اس حدیث سے ثابت ہے کہ آپؐ نے جرموق پر مسح فرمایا۔ اسلئے جرموق پر مسح جائز ہے۔

**ترجمہ**: ل خلاف امام شافعیؒ کے، وہ فرماتے ہیں کہ موزہ پاؤں کا بدل ہے اسلئے اب موزے کے لئے بدل نہیں ہو سکتا۔

**تشریح**: وہ فرماتے ہیں کہ پاؤں کا بدل موزہ ہے جس پر حدیث کی بناء پر خلاف قیاس مسح کرنے کی گنجائش ہوئی اسلئے اب موزے کا بدل جرموق ہو یہ صحیح نہیں ہے۔ موسوعۃ میں ہے۔ ثم احدث فاراد أن یمسح علی الجرموقین، لم یکن ذالک له۔ (موسوعۃ، باب من له المسح، ج اول، ص ۱۳۸، نمبر ۴۵۵)

۲ و لنا ان النبی ﷺ مسح علی الجرموقین ۳ و لانہ تبع للخف استعمالاً و غرضاًفصار کخف ذی طاقین ۴ وھو بدل عن الرجل لا عن الخف ۵ بخلاف ما اذا لبس الجرموق بعد ما احدث لان الحدث حل بالخف فلا یتحول الی غیرہ ۶ ولو کان الجرموق من کرباس لا یجوز المسح علیہ لانہ لا یصلح بدلا عن الرجل الا ان تنفذ البلة الی الخف،

**ترجمہ** : ۲ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ حضورؐ نے جرموق پر مسح فرمایا۔ یہ حدیث اوپر سنن للبیہقی نمبر ۱۳۶۸ را بوداود، نمبر ۱۵۳) میں گزر گئی ہے۔

**ترجمہ** : ۳ اور اسلئے کہ جرموق استعمال اور غرض کے اعتبار سے موزے کے تابع ہے اسلئے وہ دو طاق والے موزے کی طرح ہو گیا۔

**تشریح** : یہ امام شافعیؒ کو جواب دے رہے ہیں۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ جرموق موزے کے بدلے میں موزہ ہو گیا۔ تو اسکا جواب یہ دے رہے ہیں کہ یہ موزے کے بدلے میں موزہ نہیں ہے بلکہ جرموق استعمال اور غرض کے اعتبار سے موزے کے تابع ہے، اور جرموق موزے کی حفاظت کے لئے ہے اسلئے جرموق موزے کا بدل نہیں ہوا اصل موزہ ہی رہا، بس یوں سمجھ لیں کہ ایک ہی موزہ دو طاق والا ہے، اور ایک ہی موزہ دو طاق والا ہو تو اس پر مسح کرنا درست ہے اسلئے جرموق پر بھی مسح کرنا جائز ہوگا۔

**ترجمہ** : ۴ اور جرموق پاؤں کا بدل ہے نہ کہ موزے کا۔

**تشریح** : یہ دوسرا جواب ہے۔ کہ جرموق موزے کا بدل نہیں ہے کہ کہا جائے کہ پاؤں کا بدل موزہ اور موزے کا بدل جرموق ہو گیا۔ بلکہ جرموق براہ راست پاؤں کا بدل ہے، اسلئے جرموق پر مسح کرنا جائز ہوگا۔

**ترجمہ** : ۵ بخلاف جبکہ جرموق حدث ہونے کے بعد پہنا ہو اسلئے کہ حدث موزے میں سرایت کر گیا اسلئے وہ غیر کی طرف منتقل نہیں ہوگا۔

**تشریح** : اگر وضو کیا پھر موزہ پہنا پھر حدث ہوا اسکے بعد اس پر جرموق پہنا تو اس جرموق پر مسح نہیں کر سکتا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ حدث موزے پر سرایت کر گیا اسکے بعد اوپر جرموق پہنا ہے اسلئے حدث موزے سے ہٹ کر جرموق پر نہیں آئے گا۔ اسلئے اب جرموق پر مسح نہیں کر سکتا۔ البتہ حدث سے پہلے جرموق پہنتا تو جرموق پر مسح کر سکتا تھا۔

**ترجمہ** : ۶ اور اگر جرموق سوتی کپڑے کا ہو تو اس پر مسح کرنا جائز نہیں ہے اسلئے کہ وہ پاؤں کا بدل بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا، مگر یہ کہ تری موزے تک سرایت کر جائے۔ تو مسح کرنا جائز ہوگا۔

**تشریح** : موزے کے اوپر جو جرموق پہنا ہے وہ چمڑے کے بجائے سوتی کپڑے کا ہو تو اس پر مسح کرنا جائز نہیں ہوگا۔ اسکی وجہ یہ

**(۱۲۵) و لا یجوز المسح علی الجوربین عند ابی حنیفةؒ الا ان یکونا مجلدین او منعلین**

ہے کہ سوتی کپڑا پاؤں کا بدل نہیں بن سکتا، حدیث کے اعتبار سے پاؤں کا بدل تو چمڑے کا موزہ بنتا ہے۔ ہاں اگر کپڑا اتنا باریک ہے کہ مسح کرتے وقت ہاتھ کی تری چمڑے کے موزے تک پہنچ جاتی ہے تو ایسے جرموق پر مسح کرنا جائز ہوگا۔ کیونکہ جب تری موزے تک پہنچ گئی تو گویا کہ موزے پر ہی پانی والا ہاتھ پھیرا گیا، اور موزے پر ہی مسح کر لیا اسلئے اس جرموق پر مسح جائز ہے۔

**لغت**: جرموق اور موق: موزے پر جو موزے حفاظت کے لئے پہنتے ہیں اس کو جرموق یا موق کہتے ہیں۔ خف ذی طاقین: دوتہہ والا موزہ۔ حل: حلول کر گیا، سرایت کر گیا۔ یتحول: بدل جائے۔ کرباس: سوتی کپڑا۔ تنفذ: نفوذ کر جائے، سرایت کر جائے۔ البلۃ: تری

**ترجمہ**: (۱۲۵) نہیں جائز ہے مسح جوربین پر امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک مگر یہ کہ دونوں مجلد ہوں یا منعل ہوں۔

**تشریح**: جورب سوت یا اون کے موزے کو کہتے ہیں چمڑے کے نہ ہوں۔ پھر اس موزے کی چار صورتیں ہیں۔ (۱) موٹا ہو جس میں جلدی پانی پاس نہ ہوتا ہو۔ جس کو ثخینین: کہتے ہیں۔ ثخین کا ترجمہ ہے موٹا (۲) پتلا موزہ ہو جس سے آسانی سے پانی پاس ہوتا ہو۔ (۳) موزے کے تلوے میں اور اسکی کناری پر چمڑا لگا ہوا ہو جسکو: مجلدین: کہتے ہیں۔ چونکہ تلوے اور کناری دونوں ملا کر کافی چمڑا لگا ہوا ہے اسلئے اسکو مجلد کہتے ہیں۔ (۴) موزے کے صرف تلوے میں چمڑا لگا ہوا ہو جسکو، منعلین: کہتے ہیں۔ نعل کا معنی ہے ایڑی، چونکہ صرف تلوے پر چمڑا لگا ہوا ہے اسلئے اسکو منعلین: کہتے ہیں۔ ان میں سے پتلے موزے اور ثخینین پر مسح کرنا امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک جائز نہیں ہے صرف مجلدین اور منعلین پر مسح کرنا جائز ہے۔

**وجہ**: عن مغیرة بن شعبة قال توضأ النبی ﷺ ومسح علی الجوربین و النعلین۔ (ترمذی شریف، باب فی المسح علی الجوربین والنعلین ج اول ص ۲۹ نمبر ۹۹ / ابوداؤد، باب المسح علی الجوربین ص ۲۴ نمبر ۱۵۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جوربین پر مسح کرنا جائز ہے۔ اور والنعلین کا ترجمہ استاذ ابوالولیدؒ نے یہ کیا ہے جوربین جو منعلین ہو یعنی ایسا سوت کا موزہ جس میں نعل لگا ہوا ہو۔ عبارت یہ ہے وکان الاستاذ أبو الولیدؒ یو ء ول حدیث المسح علی الجوربین و النعلین علی أنه مسح علی جوربین منعلین لا أنه جورب علی الانفراد و نعل علی الانفراد۔ (سنن للبیہقی، باب ماورد فی الجوربین والنعلین، ج اول، ص ۴۲۸، نمبر ۱۳۵۶) اس اثر سے معلوم ہوا کہ حدیث ترمذی میں جورب سے مراد منعل جورب ہے۔ اور راشد بن نجیح سے روایت ہے قال رأیت انس بن مالک دخل الخلاء وعلیه جوربان اسفلهما جلود واعلاهما خز فمسح علیهما۔ (السنن للبیہقی، باب ماورد فی الجوربین والنعلین، ج اول، ص ۴۲۸، نمبر ۱۳۵۷) اس اثر سے معلوم ہوا کہ حضرت امام ابو حنیفہ نے جو سوت کے موزے میں مجلدین اور منعلین ہونے کی قید لگائی ہے وہ ان روایات کی روشنی میں لگائی ہے۔ (۲) آگے ایک اور دلیل آ رہی ہے کہ موزے پر مسح کرنا خلاف قیاس صرف حدیث کی بنا پر ہے، اور متواتر احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ چمڑے کے

(۱۲۶) وقالا :یجوز اذا کاناثخینین لا یشفان﴾ ل لما روی ان النبی علیہ مسح علی جوربیه،
۲ولانه یمکنه المشی فیه اذا کان ثخیناً، وهو ان یتمسک علی الساق من غیر ان یربط بشیء فاشبه الخف

---

موزے پر مسح جائز ہے، اسلئے اس سے ہٹ کر اسی جورب پر مسح جائز ہوگا جو چمڑے کے قریب قریب ہو۔ چمڑے کے موزے کی خاص بات یہ ہے کہ صرف موزہ پہن کر اہل عرب ریت میں میلوں چل لیا کرتے تھے، اور سوتی موزے جو مجلدین، یا منعلین ہوں اسی سے میلوں چل سکیں گے، جو مجلدین، یا منعلین نہ ہوں اس سے میلوں نہیں چل سکیں گے اسلئے مجلدین اور منعلین کے علاوہ پر مسح جائز نہیں ہونا چاہئے۔

**ترجمه**: (۱۲۶) اور صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ جائز ہے اگر دونوں موزے موٹے ہوں اور چھنتے نہ ہوں

**تشریح**: صاحبینؒ اور ائمہ ثلاثہؒ یہ فرماتے ہیں کہ تین شرطیں ہوں تو سوت کے موزے پر مسح جائز ہے (۱) اتنا موٹا ہو کہ مسح کرتے وقت پانی پاؤں کی کھال تک سرایت نہ کرتا ہو (۲) بغیر باندھے پاؤں پر رکتا ہو (۳) ایک میل تک موزے میں چل سکتا ہو۔ تو اس موزے پر مسح کر سکتا ہے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ان شرطوں سے سوت کا موزہ چمڑے کے موزے کے مشابہ ہو جائے گا۔ کیونکہ اصل میں چمڑے کے موزے پر مسح کرنا جائز ہے اس لئے یہ شرطیں لگائی گئیں۔

**ترجمه** : ل اسلئے کہ روایت کی گئی ہے کہ نبیؐ نے اپنے دونوں جورب پر مسح فرمایا ۔ حدیث یہ ہے۔ عن مغیرة بن شعبة قال توضأ النبی علیہ ومسح علی الجوربین و النعلین ۔ (ترمذی شریف، باب فی المسح علی الجوربین والنعلین ج اول ص ۲۹ نمبر ۹۹ / ابو داؤد، باب المسح علی الجوربین، ص ۲۴ نمبر ۱۵۹) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ نے جوربین پر مسح فرمایا، اور ایسے جورب پر بھی مسح فرمایا جو منعلین تھا۔ (۲) اثر میں ہے۔ سمعت ابن عمرؓ یقول : المسح علی الجوربین کالمسح علی الخفین ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ ۲۲۴ من قال : الجوربان بمنزلة الخفین ، ج اول ، ص ۱۷۳، نمبر ۱۹۹۴ / مصنف عبد الرزاق ، باب المسح علی الجوربین ، ج اول ، ص ۲۰۱، نمبر ۷۸۲ ) اس اثر میں ہے کہ جورب پر مسح کرنا چمڑے کے موزے پر مسح کرنے کی طرح ہے، اور اس میں نعلین ، یا مجلدین کی کوئی قید نہیں ہے اسلئے مطلق جورب پر بھی مسح کرنا جائز ہوگا۔ (۳) جورب موٹا ہو اسکی قید اس اثر میں ہے۔ عن سعید بن المسیب و الحسن أنهما قالا : یمسح علی الجوربین اذا کانا صفیقین . (مصنف ابن ابی شیبۃ ۲۲۳ فی المسح علی الجوربین، ج اول، ص ۱۷۱، نمبر ۱۹۷۶) اس اثر میں ہے کہ جورب موٹا ہو تو مسح کرے ورنہ نہیں۔

**ترجمه** : ۲ اور اسلئے کہ ممکن ہے اس جورب میں چلنا جبکہ موٹا ہو اس حال میں کہ پنڈلی پر بغیر کسی چیز سے باندھے رکتا ہو تو وہ موزے کے مشابہ ہو جائے گا۔

۳؎ و لـه انـه لیـس فی مـعـنـی الـخف لانـه لا یـمـکن مواظبة المشی فیه الا اذا کان منعلاً، وهو محمل الحدیث ۴؎ و عنـه انه رجع الی قولهما، و علیه الفتوی (۱۲۷) و لا یـجـوز المسح علی العمامة، و القلنسوة، و البرقع، و القفازین﴾

**تشریح** : جورب اتنا موٹا ہو کہ بغیر کسی چیز سے باندھے ہوئے پنڈلی پر رک جاتا ہو تو اس میں دور تک چلنا ممکن ہے اسلئے وہ بھی چمڑے کے موزے کے مشابہ ہو گیا اسلئے اس ثخین پر مسح کرنا جائز ہوگا۔ پوری تفصیل اوپر گزر گئی۔

**ترجمہ** : ۳؎ اور امام ابو حنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ وہ ثخینین چمڑے کے موزے کے معنی میں نہیں ہے اسلئے کہ اس میں پیدر پے چلنا ممکن نہیں جب تک کہ منعلین نہ ہو اور حدیث کا محمل بھی یہی ہے۔

**تشریح** : امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ صرف ثخینین ہونے سے چمڑے کے موزے کی طرح نہیں ہو گیا کیونکہ اس میں پیدر پے چلنا ممکن نہیں ہے جب تک کہ اس میں چمڑا لگا کر منعل، یا مجلد نہ کر دے اسلئے منعل یا مجلد چمڑے کے موزے کے درجے میں ہوگا اور اسی پر مسح بھی جائز ہوگا۔ اور حدیث جو ہے کہ جورب پر مسح کیا اسکا مطلب بھی یہی ہے کہ نعل والے جورب پر مسح کیا۔ جیسا کہ استاذ ابو الولید کی تاویل سے ثابت کیا گیا۔

**ترجمہ** : ۴؎ امام ابو حنیفہؒ سے ایک روایت یہ ہے کہ انہوں نے آخری عمر میں صاحبینؒ کے قول کی طرف رجوع فرمایا۔ اور اسی پر فتوی ہے۔

**تشریح** : اوپر کی احادیث کی بناء پر حضرت امام اعظم نے صاحبین کے قول کی طرف رجوع فرمایا اور اب فتوی صاحبین کے قول پر ہے۔ کہ ثخینین پر مسح کرنا جائز ہے۔ عبارت یہ ہے سمعت ابا مقاتل السمرقندی یقول : دخلت علی ابی حنیفةؒ فی مرضه الذی مات فیه ، فدعا بماء فتوضأ وعلیه جوربان ، فمسح علیهما ، ثم قال : فعلت الیوم شیئا لم اکن افعله : مسحت علی الجوربین و هما غیر منعلین ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی المسح علی الجوربین والنعلین، ص ۲۹، نمبر ۹۹) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ حضرت امام ابو حنیفہؒ نے آخیر عمر میں ثخینین کی طرف مسح کرنے میں رجوع فرمایا۔

**لغت** : خف: چمڑے کا موزہ، جوربین: سوت کا موزہ. ثخینین: ثخین کا تثنیہ ہے موٹا موزہ، یشفان: تثنیہ ہے یشف کا جس میں پانی چھن جاتا ہو۔ مجلد: جلد سے مشتق ہے، سوتی کے جس موزے کے تلوے اور کنارے پر چمڑا لگا ہوا ہو۔ منعل: نعل سے مشتق ہے، ایڑی، سوتی کے جس موزے کے صرف تلوے پر چمڑا لگا ہوا ہو۔ مواظبت: پیدر پے، ہمیشہ۔

**ترجمہ**: (۱۲۷) عمامہ پر، ٹوپی پر اور برقع پر اور دستانے پر مسح جائز نہیں ہے۔

**وجه** : (۱) آیت میں سر پر مسح کرنے کا حکم دیا ہے اب خبر آحاد حدیث کے ذریعہ سے کتاب اللہ پر زیادتی کرنا جائز نہیں ہے۔ اس

**ل لانہ لاحرج فی نزع ھذہ الاشیاء، و الرخصة لدفع الحرج (۱۲۸) و یجوز المسح علی الجبائر و ان شدھا علی غیر وضوء﴾**

لئے احادیث کی وجہ سے پگڑی، ٹوپی اور برقع پر مسح کرنا جائز نہیں ہے۔ اور جن احادیث میں اس کا ذکر ہے کہ آپؐ نے پگڑی پر مسح کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ سر کے بعض حصہ پر مسح کیا اور پگڑی پر بھی کر لیا (۲) چنانچہ حدیث میں اس طریقۂ کار کا ثبوت ہے۔ **عن انس بن مالک قال رأیت رسول اللہ ﷺ یتوضأ و علیہ عمامة قطریة فادخل یدہ من تحت العمامة فمسح مقدم رأسہ فلم ینقض العمامة۔** (ابوداؤد شریف، باب المسح علی العمامة ص ۲۱ نمبر ۱۴۷) مسلم میں ہے **ان النبی ﷺ مسح علی الخفین و مقدم رأسہ و علی عمامتہ** (مسلم شریف، باب المسح علی الناصیة والعمامة، ص ۱۳۴ نمبر ۲۷۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بعض سر پر مسح کیا اور پگڑی پر مسح کیا۔ اس لئے صرف پگڑی پر مسح کافی نہیں ہے (۳) امام ترمذی نے فرمایا کہ علماء فرماتے ہیں کہ صرف عمامہ پر مسح کرنا کافی نہیں ہوگا جب تک اس کے ساتھ سر پر بھی مسح نہ کر لے عبارت یہ ہے۔ **و قال غیر واحد من اھل العلم من أصحاب النبیؐ و التابعین : لا یمسح علی العمامة الا ان یمسح برأسہ مع العمامة وھو قول سفیان الثوری و مالک بن انس و ابن المبارک، والشافعی۔** (ترمذی شریف، باب ماجاء فی المسح علی الجوربین والعمامة ص ۲۹ نمبر ۱۰۰) اس سے معلوم ہوا کہ عمامے کے ساتھ سر پر بھی مسح کرنا ہوگا صرف عمامے پر مسح کافی نہیں ہوگا۔ (۴) دار قطنی نے باضابطہ باب باندھا ہے باب فی جواز المسح علی بعض الرأس، اور اس کے تحت ایسی چار حدیثیں ذکر کی ہیں جس سے پتہ چلتا ہے کہ عمامہ کے ساتھ سر پر مسح کرنا ضروری ہے۔ ایک حدیث یہ ہے۔ **عن ابن المغیرة عن ابیہ أن النبیؐ مسح علی الخفین، و مقدم رأسہ، و علی عمامتہ۔** (دار قطنی، باب فی جواز المسح علی بعض الرأس، ج اول ص ۲۲۰ نمبر ۷۲۸) اس حدیث میں ہے کہ عمامے کے ساتھ سر کے اگلے حصے پر بھی مسح فرمایا۔

**دستانے پر بھی مسح کرنا جائز نہیں ھے۔** اس کے دلائل وہی ہیں جو مسح علی العمامة کے بارے میں گزرے ہیں (۲) ان چیزوں کے دھونے میں کوئی حرج نہیں ہے اور مسح کرنا دفع حرج کے لئے ہے اس لئے ہاتھ کو دھونا ہی ضروری ہوگا۔ دستانے پر مسح کرنا جائز نہیں ہے۔

**ترجمہ:** ل اور اسلئے کہ ان چیزوں کے کھولنے میں کوئی حرج نہیں ہے، اور رخصت حرج کے دفع کے لئے ہوتا ہے۔

**لغت:** قلنسوة: ٹوپی۔ القفازین : دستانے

**ترجمہ:** (۱۲۸) مسح جائز ہے زخم کی پٹیوں پر اگر چہ ان کو بغیر وضو کے باندھا ہو۔

**وجہ** : (۱) زخم کی پٹیوں کو کھولنا مشکل ہے اور حرج ہے۔ اس لئے پٹی رہتے ہوئے اس پر مسح کیا جائے گا۔ چاہے پٹی کو حدث کی حالت میں باندھا ہو (۲) ابوداؤد میں حدیث کا ٹکڑا یہ ہے۔ **عن جابر قال : خرجنا فی سفر .... انما یکفیہ ان یتیمم و**

۱؎ لانہ علیہ السلام فعل ذالک و امر علیاً بہ ۲؎ و لان الحرج فیہ فوق الحرج فی نزع الخف فکان اولی بشرع المسح ۳؎ و یکتفی بالمسح علی اکثرھا،ذکرہ الحسن ۴؎ ولا یتوقت لعدم التوقیف بالتوقیت

---

یعصر او یعصب شک موسی علی جرحہ خرقہ ثم یمسح علیھا و یغسل سائر جسدہ ۔(ابوداؤد شریف،باب فی المجدور یتیمم ص۵۵ نمبر ۳۳۶)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ زخم کے اوپر پٹی باندھ کراس پر مسح کرے(۳)عن علی بن ابی طالب قال : انکسرت احدی زندی فسألت النبی فأمرنی أن امسح علی الجبائر (ابن ماجہ شریف باب المسح علی الجبائر،ص۹۳،نمبر۶۵۷ (دار قطنی ، باب جواز المسح علی الجبائر،ص۲۳۳نمبر۸۶۷/السنن للبیھقی ، باب المسح علی العصائب والجبائر ج اول،ص۳۴۸،نمبر۱۰۸۲)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کھپچی پر مسح کرنا جائز ہے۔

**نوٹ**: عموماً زخم پر بغیر وضو کے ہی پٹی باندھتے تھے اس کے باوجود صحابہ اس پر مسح کرتے تھے۔کیونکہ مجبوری ہے۔اس لئے بغیر وضو کے بھی پٹی باندھی تو اس پر مسح کرنا جائز ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ حضورؐ نے یہ کیا،اور حضرت علیؓ کو اسکا حکم بھی دیا ہے۔

یعنی حضورؐ نے پٹی پر مسح فرمایا۔حدیث یہ ہے عن ابن عمر : أن النبی کان یمسح علی الجبائر ۔(دار قطنی ، باب ما فی المسح علی الخفین من غیر توقیت ، ج اول ، ص۲۱۲،نمبر۷۷۴)اس حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ پٹی پر مسح فرمایا کرتے تھے۔

،اور حضرت علیؓ کو پٹی پر مسح کرنے کا حکم دیا،یہ حدیث ابن ماجہ،نمبر۶۵۷ کی اوپر گزر گئی ہے

**ترجمہ** : ۲؎ اور اسلئے بھی کہ اس میں جو حرج ہے وہ موزے کھولنے کے حرج سے زیادہ ہے اسلئے مسح کا مشروع ہونا زیادہ بہتر ہے۔

**تشریح**: موزہ کھولنے میں حرج ہے اسلئے اس پر مسح کرنے کی اجازت دی۔تو پٹی کھولنے میں اس سے حرج اور تکلیف ہے اسلئے اس میں بدرجہ اولی مسح کرنے کی اجازت ہونی چاہئے۔یہ دلیل عقلی ہے۔

**ترجمہ** : ۳؎ اور اکتفاء کرے مسح کرنیکا اکثر زخم پر۔یعنی۔جہاں تک پٹی باندھا ہے اس میں سے اکثر پر مسح کرلیا تو کافی ہوجائے گا،پورے پر نہ بھی کرے تو کافی ہوجائے گا۔لیکن اگر آدھا،یا آدھا سے کم کیا تو کافی نہیں ہے۔حضرت حسنؒ نے یہی ذکر فرمایا ہے ۔کیونکہ تکلیف کی وجہ سے پورے پر مسح کرنا بعض مرتبہ مشکل ہوتا ہے۔

**ترجمہ**: ۴؎ اور پٹی کا مسح وقت کے ساتھ خاص نہیں ہے کیونکہ حدیث میں وقت کی تعین نہیں ہے۔

**تشریح**: موزے کے مسح میں وقت کی تعین ہے کہ ایک دن یا تین دن ہو لیکن پٹی کے مسح میں وقت متعین نہیں ہے جب تک زخم

(۱۲۹) و ان سقطت الجبیرۃ عن غیر برء لا یبطل المسح ﴾ ۱ لان العذر قائم و المسح علیھا کالغسل لما تحتھا ما دام العذر باقیا، (۱۳۰) و ان سقطت عن برء بطل ﴾ ۱ لزوال العذر، ۲ و ان کان فی الصلوۃ استقبل لانہ قدر علی الاصل قبل حصول المقصود بالبدل.

---

ٹھیک نہ ہو مسح کرتا رہے گا، کیونکہ حدیث میں بھی کسی وقت کا تعین نہیں ہے۔

**لغت** : الجبائر : جمع ہے جبیرۃ کی پٹی، کھپچی۔ شد: باندھا ہو۔ التوقیف : حدیث میں نہیں ہے۔ التوقیت: وقت کا تعین۔

**ترجمہ**: (۱۲۹) پس اگر بغیر زخم اچھا ہوئے پٹی گر گئی تو مسح باطل نہیں ہوگا۔

**تشریح** : وضو کر کے پٹی پر مسح کیا تھا اس درمیان ابھی زخم ٹھیک نہیں ہوا تھا کہ پٹی گر گئی تو پہلا مسح چلے گا۔ دوبارہ مسح کرنے کی ضرورت نہیں۔

**ترجمہ**: ۱ اسلئے کہ عذر ابھی باقی ہے، اور اس پر مسح کرنا نیچے کے زخم کو دھونے کی طرح ہے جب تک عذر باقی ہے۔

**تشریح** : جب تک زخم موجود ہے اور عذر باقی ہے تو پٹی پر مسح کرنا ایسا ہے جیسے وضو کے وقت زخم کو دھویا ہو۔ اور وضو کے وقت زخم کو دھویا ہو تو پٹی گرنے کے باوجود بھی نہ مسح کو لوٹانے کی ضرورت ہوتی ہے اور نہ وضو ٹوٹتا ہے، اسی طرح یہاں بھی زخم ٹھیک ہوئے بغیر پٹی گر گئی تو نہ مسح ٹوٹے گا اور نہ وضو کو لوٹانے کی ضرورت ہے۔

**ترجمہ**: (۱۳۰) اگر کھپچی زخم ٹھیک ہو کر گری ہو تو مسح باطل ہو جائے گا۔

**ترجمہ**: ۱ عذر کے زائل ہونے کی وجہ سے۔

**وجہ**: زخم ٹھیک ہو گیا تو اب مجبوری نہیں رہی اس لئے اصل پر آجائے گا اور مسح باطل ہو جائے گا۔ اب اس کو دوبارہ دھونا ہوگا۔

**لغت**: برء : زخم ٹھیک ہونا۔

**ترجمہ** : ۲ اور اگر نماز میں ہو تو اسکو شروع سے پڑھے گا، اسلئے کہ بدل کے ذریعہ مقصود حاصل کرنے سے پہلے اصل پر قادر ہو گیا۔

**تشریح** : نماز پڑھ رہا تھا کہ زخم ٹھیک ہو کر پٹی گر گئی، تو وضو کر کے نماز دوبارہ پڑھنی ہوگی۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ وضو کرنا جو اصل ہے اس پر نماز ختم کرنے سے پہلے قادر ہو گیا۔ اسلئے بدل پر جو عمل کر رہا تھا وہ باطل ہو جائے گا اور اصل پر عمل کرنا ہوگا۔

**اصول**: مجبوری کے وقت ہی فرع پر عمل کر سکتا ہے اور مجبوری ختم ہو جائے تو اصل پر عمل کرنا ضروری ہے۔

## ﴿باب الحیض﴾

(۱۳۱) اقل الحیض ثلاثة ایام و لیالیها، و ما نقص من ذالک فهو استحاضة ﴾ ۱؎ لقوله علیه السلام : اقل الحیض للجاریة البکر و الثیب ثلاثةایام و لیالیها، و اکثره عشرة ایام، ۲؎ وهو حجة علی الشافعیؒ فی التقدیر بیوم و لیلة

## ﴿حیض کا بیان﴾

**ضروری نوٹ**: حیض کے معنی بہنا ہے۔شریعت میں ایسی عورت جونا بالغہ نہ ہو،آئسہ نہ ہو،جریان خون کا مرض نہ ہواور حمل نہ ہواس کے رحم سے خون نکلے تو اس کو حیض کہتے ہیں۔جس کو جریان خون کا مرض ہو یا حاملہ ہو یا نا بالغہ ہو یا آئسہ ہو اس کے رحم سے جو خون نکلتا ہے وہ حیض نہیں ہوتا ہے بلکہ استحاضہ ہوتا ہے۔اس کی دلیل یہ آیت ہے ویسئلونک عن المحیض قل هو اذی فاعتزلوا النساء فی المحیض ولا تقربوهن حتی یطهرن۔( آیت ۲۲۲ سورۃ البقرۃ ۲)

**ترجمہ**: (۱۳۱) حیض کی کم سے کم مدت تین دن تین راتیں ہیں تو جو اس سے کم ہو وہ حیض نہیں ہے وہ استحاضہ ہے۔

**تشریح** : حیض کی کم سے کم مدت تین دن ہے اور زیادہ سے زیادہ مدت دس دن ہے اس سے کم آکر رک جائے، یا دس دن سے زیادہ آجائے تو وہ حیض نہیں ہے وہ استحاضہ کا خون ہے۔اس پر حیض کے احکام جاری نہیں ہونگے۔

**ترجمہ** : ۱؎ حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ باکرہ اور ثیبہ لڑکیوں کے لئے حیض کی کم سے کم مدت تین دن اور تین راتیں، اور اسکی زیادہ سے زیادہ مدت دس دن ہے۔

**وجہ**: (۱) حدیث یہ ہے عن ابی امامة الباهلی قال قال رسول الله ﷺ لایکون الحیض للجاریة والثیب الذی قد ایئست من الحیض اقل من ثلاثة ایام ولا اکثر من عشرة ایام فاذا رأت الدم فوق عشرة ایام فهی مستحاضة فمازاد علی ایام اقرائها قضت ودم الحیض اسود خاثر تعلوه حمرة ودم المستحاضة اصفر رقیق (دار قطنی ، نمبر ۸۳۴) ( ۲)عن واثلة بن الاسقع قال قال رسول الله ﷺ اقل الحیض ثلاثة ایام و اکثره عشرة ایام ۔(دار قطنی، کتاب الحیض، ج اول،ص ۲۲۵ ،۸۳۶ )دار قطنی میں اس قسم کی کئی احادیث ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ کم سے کم مدت تین دن ہے اور زیادہ سے زیادہ مدت دس دن ہیں۔ اور اس سے کم یا زیادہ ہو تو وہ استحاضة ہے۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور یہ حدیث حجت ہے امام شافعیؒ پر ایک دن اور ایک رات کے متعین کرنے میں۔

**تشریح**: امام شافعیؒ نے حیض کی کم سے کم مدت ایک دن ایک رات متعین کی ہے انکے خلاف اوپر کی حدیث حجت ہوگی، انکی دلیل یہ قول ہے عن عطاء قال اکثر الحیض خمسة عشرة وقال ادنی الحیض یوم ۔(دار قطنی، کتاب الحیض ص ۲۱۶

۳؎ وعن ابی یوسفؒ انه یومان و الاکثر من الیوم الثالث اقامة للاکثر مقام الکل، ۴؎ قلنا: هذا نقص عن تقدیر الشرع (۱۳۲) و اکثره عشرة ایام، والزائد استحاضة ﴾ ۱؎ لما روینا وهو حجة علی الشافعیؒ فی التقدیر بخمسة عشر یوماً ۲؎ ثم الزائد والناقص استحاضة، لان تقدیر الشرع یمنع الحاق غیره به

نمبر ۱۵۸۹/۲۹۰ رسنن للبیھقی، باب أقل الحیض ، ج اول، ص ۶۷۴، نمبر ۱۵۳۲) اس قسم کے قول سے وہ استدلال کرتے ہیں کہ حیض کی کم سے کم مدت ایک دن اور زیادہ سے زیادہ پندرہ دن ہیں۔ امام مالکؒ کے نزدیک حیض کی کم سے کم مدت میں کوئی حد تعیین نہیں ہے۔ کیوں کہ اوپر حضرت عطاء کا قول آیا کہ کم سے کم مدت ایک دن ہو سکتی ہے۔

**ترجمہ** : ۳؎ اور حضرت امام ابو یوسفؒ سے روایت ہے کہ دو دن اور تیسرے دن کا اکثر حصہ، اکثر کو کل کے مقام پر قائم کرنے کے لئے۔

**تشریح** : حیض کی مدت کم سے کم پونے تین دن ہے، کیونکہ دو دن سے زیادہ ہو گیا تو گویا کہ تین دن پورے ہو گئے، کیونکہ اکثر کو کل کے قائم مقام قرار دیتے ہیں۔ (۲) دوسری دلیل یہ اثر بھی ہے قال اسحاق : قال عبد الرحمن بن مهدی : کانت امرأة یقال لها أم العلاء قالت؛ حیضتی منذ أیام الدهر یومان. (سنن للبیھقی، باب أقل الحیض، ج اول، ص ۶۷۴، نمبر ۱۵۴۴) اس اثر میں ہے کہ ایک عورت دو دن حیض دیکھتی تھی، تو حضرت امام ابو یوسفؒ نے اوپر کی تین دن والی حدیث اور اس اثر کو ملا کر پونے تین دن حیض کا زمانہ قرار دیا۔

**ترجمہ**: ۴؎ ہم جواب دیتے ہیں کہ یہ شریعت کے تعین سے کم کرنا ہے۔ اسلئے یہ ٹھیک نہیں۔ ٹھیک پہلا ہی ہے۔

**ترجمہ**: (۱۳۲) اور حیض کی اکثر مدت دس دن ہیں، اور اس سے زائد استحاضہ ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اس حدیث کی وجہ سے جو اوپر ذکر کیا، اور وہ امام شافعیؒ پر حجت ہے پندرہ دن کے متعین کرنے میں۔

**تشریح** : امام شافعیؒ نے فرمایا تھا کہ حیض کی اکثر مدت پندرہ دن ہے، تو اوپر والی حدیث امام شافعیؒ کے خلاف حجت ہوگی۔ وہ حدیث اوپر گزر گئی، حدیث یہ تھی۔ ولا اکثر من عشرة ایام فاذا رأت الدم فوق عشرة ایام فهی مستحاضة. (دار قطنی، نمبر ۸۴۴) اس حدیث میں ہے کہ اکثر مدت دس دن ہیں۔

**ترجمہ**: ۲؎ پھر جو زائد ہے اور کم ہے وہ استحاضہ ہے، اسلئے کہ شریعت کا تعین دوسرے کو اسکے ساتھ ملانے سے روکتی ہے ۔

**تشریح** : حیض تین دن سے کم آ کر مکمل رک گیا تو چونکہ یہ خون تین دن سے کم ہے اسلئے یہ استحاضہ ہوگا، اسی طرح جو خون دس دن سے زیادہ آئے وہ بھی استحاضہ ہے، اسلئے کہ شریعت میں حیض کی کم سے کم مدت تین دن اور زیادہ سے زیادہ مدت دس دن متعین

(۱۳۳) و ما تراها المرأة من الحمرة، و الصفرة، و الكدرة حيض حتى ترى البياض خالصا ﴿ ل و قال ابو يوسف ؒ لا تكون الكدرة من الحيض الا بعد الدم، لانه لو كان من الرحم لتأخر خروج الكدر عن الصافى

ہے اسلئے اسکے علاوہ کو اس میں نہیں ملایا جائے گا، کیونکہ اسکے علاوہ کو ملانے سے شریعت روکتی ہے۔حدیث یہ ہے عن ابی امامة الباهلى قال قال رسول الله ﷺ لايكون الحيض للجارية و الثيب الذى قد ايئست من الحيض اقل من ثلاثة ايام ولا اكثر من عشرة ايام فاذا رأت الدم فوق عشرة ايام فهى مستحاضة فمازاد على ايام اقرائها قضت ودم الحيض اسود خاثر تعلوه حمرة ودم المستحاضة اصفر رقيق (دار قطنی، کتاب الحیض ج اول ص ۲۲۵ ،نمبر ۸۳۴) اس حدیث میں ہے کہ دس دن سے جو زائد ہو وہ استحاضہ کا خون ہے۔

**ترجمہ** : (۱۳۳) اور عورت حیض کے زمانہ میں جو سرخ خون، زرد خون اور مٹیالا خون دیکھتی ہے وہ سب حیض ہیں۔ یہاں تک کہ سفید خالص پانی دیکھے۔

**تشریح** : یہاں سے یہ ذکر ہے کہ کون سا خون حیض ہے۔خون سات رنگوں کا ہوتا ہے، (۱) کالا، (۲) لال، (۳) زرد، (۴) گدلا، (۵) سبز رنگ، (۶) مٹیالا، (۷) خالص سفید رنگ کا۔ البتہ یہ رنگ خون نہیں ہے بلکہ سفید پانی ہے۔فرماتے ہیں۔کہ حیض کے زمانے میں عورت کالا خون، سرخ خون، زرد، مٹیالا اور سبز رنگ کا خون دیکھتی ہے ان میں سے سفید پانی تو حیض نہیں ہے۔لیکن کالا خون، سرخ خون، زرد خون اور مٹیالا خون امام ابوحنیفہ ؒ کے نزدیک حیض میں شمار کیا جائے گا۔ کیونکہ حضرت عائشہؓ کا قول ہے کہ سفید خالص کے علاوہ تمام حیض ہیں۔ کن نساء يبعثن الى عائشة بالدرجة فيها الكرسف فيه الصفرة فتقول لا يعجلن حتى ترين القصة البيضاء تريد بذلك الطهر من الحيضة. (بخاری شریف، باب اقبال المحیض و ادبارہ، ص ۴۶، نمبر ۳۲۰ رمصنف عبد الرزاق، باب کیف الطہر، ج اول، ص ۳۰۲، نمبر ۱۱۵۹) اس اثر سے معلوم ہوا کہ حیض کے زمانہ میں جب تک سفید پانی نہ نظر آئے باقی تمام رنگوں کا حال حیض ہے۔

**ترجمہ** : ل اور امام ابو یوسف ؒ نے فرمایا کہ مٹیالا خون حیض میں سے نہیں ہوگا مگر خون کے بعد، اسلئے کہ اگر وہ رحم سے ہوتا تو مٹیالا خون صاف خون کے بعد نکلتا۔

**تشریح** : امام ابو یوسف ؒ فرماتے ہیں کہ مٹیالا خون اگر حیض آنے سے پہلے نکلا ہے تو وہ حیض میں سے نہیں ہے، اور حیض آنے کے بعد نکلا ہے تو وہ حیض ہے۔اسکی وجہ یہ ہے کہ عورت کے رحم کی بناوٹ ایسی ہے کہ صاف خون پہلے آتا ہے اور مٹیالا خون بعد میں آتا ہے، اسلئے اگر مٹیالا خون بعد میں آیا تو وہ صاف خون کا حصہ ہے اسلئے وہ حیض ہوگا، لیکن اگر صاف خون سے پہلے آگیا تو معلوم ہوتا

۲؎ ولهما ماروی ان عائشةؓ جعلت ماسوی البیاض الخالص حیضاً وهذا لایعرف الا سماعاً ۳؎ و فم الرحم منکوس فیخرج الکدر اولاً کالجرة اذا ثقب اسفلها، ۴؎ و اما الخضرة فالصحیح ان المرأة اذا کانت من ذوات الاقراء تکون حیضاً، ویحمل علی فساد الغذاء، وان کانت کبیرة لاتری

ہے کہ وہ رحم سے نہیں آیا ہے کسی اور رگ سے آیا ہے اسلئے وہ حیض نہیں ہے (۲) انکی دلیل ام عطیۃ کی یہ روایت بھی ہے۔ عن ام عطیة قالت کنا لا نعد الکدرة و الصفرة شیئا۔ (بخاری شریف، باب الصفرة والکدرة فی غیر ایام الحیض ص ۴۷ نمبر ۳۲۶ / ابوداود شریف، باب فی المرأة تری الصفرة والکدرة بعد الطهر، ص ۴۹، نمبر ۳۰۷) اس قول میں حیض کے زمانے کے علاوہ میں ٹمیالا اور زرد رنگ کا خون حیض شمار نہیں کرتے تھے۔ اور حیض کے بعد جو ٹمیالا اور زرد خون ہے اس کو حیض شمار کریں گے جیسا کہ حضرت عائشہؓ کے قول سے معلوم ہوا۔

**ترجمہ**: ۲؎ امام ابوحنیفہ اور امام محمدؒ کی دلیل اوپر والی روایت ہے کہ حضرت عائشہؓ نے خالص سفید کے علاوہ کو حیض قرار دیا۔ اور یہی سمجھتے ہیں کہ حضور ﷺ سے سن کر فرمائی ہونگی۔ یہ روایت اوپر گزر چکی ہے۔ (بخاری شریف، نمبر ۳۲۰)

**ترجمہ**: ۳؎ اور رحم کا منہ الٹا ہے اسلئے پہلے ٹمیالا نکلے گا (بعد میں سرخ خون) جیسے کہ مٹکا جبکہ نیچے سے سوراخ کیا جائے۔

**تشریح**: یہ جملہ امام ابو یوسفؒ کو جواب ہے انہوں نے فرمایا تھا کہ رحم سے پہلے سرخ خون نکلے گا بعد میں ٹمیالا خون۔ اسکا جواب دیا جا رہا ہے کہ رحم کا منہ الٹا ہے اسلئے گدلا نیچے بیٹھا رہے گا اور صاف خون اوپر ہوگا، جیسے مٹکے میں صاف پانی اوپر ہوتا ہے اور گدلا پانی نیچے ہوتا ہے، پس اگر مٹکے کے پینڈے میں سوراخ کریں تو نچلے حصے سے گدلا پانی پہلے نکلے گا اور اوپر سے صاف پانی بعد میں نکلے گا اسی طرح حیض کے لئے رحم کا منہ یعنی نچلا حصہ جب کھلتا ہے تو گدلا خون پہلے نکلتا ہے اور صاف اور لال خون بعد میں نکلتا ہے، اور گدلا اور لال دونوں رحم سے ہی نکلتے ہیں اور دونوں ہی حیض کے خون ہیں۔

**ترجمہ**: ۴؎ بہر حال سبز خون تو صحیح بات یہ ہے کہ اگر عورت حیض والی ہے تو وہ حیض ہوگا، اور محمول کیا جائے گا غذا کے خراب ہو نے پر، اور اگر اتنی بوڑھی ہے کہ سبز خون کے علاوہ کوئی دوسرا خون نہیں دیکھتی تو حمل کیا جائے گا رحم کے خرابی پر تو وہ حیض نہیں ہوگا۔

**تشریح**: سبز خون کے بارے میں بتاتے ہیں کہ، اگر ایسی عورت ہو جسکو حیض کا خون آتا ہو اور اسکو سبز خون آ گیا تو یوں سمجھا جائے گا کہ غذا کے ہضم میں کوئی خامی ہے جسکی وجہ سے خون سبز ہو گیا ہے تاہم یہ خون حیض کا ہی ہے۔ اور اگر اتنی بوڑھی ہے کہ اسکو صرف سبز خون ہی آتا ہے اور کسی رنگ کا خون نہیں آتا تو یوں سمجھا جائے گا کہ اس عورت کا رحم خراب ہے اور اب حیض کا خون نہیں آ سکتا ہے اسلئے یہ خون حیض کا نہیں ہے۔ حاصل یہ ہے کہ حائضہ عورت سے سبز خون آئے تو وہ حیض ہے اور آخری بوڑھی سے آئے تو وہ استحاضہ ہے۔

غير الخضرة تحمل على فساد المنبت فلا تكون حيضاً (۱۳۴) والحيض يسقط عن الحائض الصلوة، و يحرم عليها الصوم، و تقضی الصوم، ولا تقضی الصلوت ﴾ ۱؎ لقول عائشةؓ كنت احدانا على رسول الله ﷺ اذا طهرت من حيضها تقضی الصيام ولا تقضی الصلوت، ۲؎ و لان فی قضاء الصلوت حرجاً لتضاعفها و لا حرج فی قضاء الصوم، (۱۳۵) و لا تدخل المسجد﴾

**لغت** : الصفرة : زرد رنگ، الکدرة : مٹیالا رنگ کا خون، گدلا رنگ کا خون۔ منکوس: نکس سے مشتق ہے، الٹا۔ الجرة: مٹکا ۔ ثقب: سوراخ کرنا۔ خضرة: سبز رنگ کا خون، ہرے رنگ کا خون۔ ذوات الاقراء: حیض والی عورت۔ المنبت: نبت سے مشتق ہے ، اگنے کی جگہ، یہاں رحم اور بچہ دانی مراد ہے۔

**ترجمہ** : (۱۳۴) حیض ساقط کر دیتا ہے حائضہ عورت سے نماز کو اور حرام کر دیتا ہے اس پر روزہ۔ چنانچہ حائضہ قضا کرے گی روزہ اور نہیں قضا کرے گی نماز کو۔

**تشریح** : حیض کی حالت میں نماز شروع ہی سے ساقط ہو جاتی ہے اس لئے بعد میں اس کی قضا نہیں ہے۔ اور روزہ واجب ہوتا ہے لیکن حیض کی حالت میں اس کو ادا نہیں کر سکتی۔ اس کا ادا کرنا حرام ہے اس لئے بعد میں قضا کرے گی

**وجہ** : (۱) دس روز کی نمازیں پچاس ہو جائیں گی اور ہر ماہ میں پچاس نمازیں قضا کرنے میں حرج عظیم ہے اس لئے نماز شروع ہی سے ساقط ہو جائے گی اور روزہ سال بھر میں صرف دس دن قضا کرنا ہوگا اس میں حرج نہیں ہے اس لئے روزہ فرض رہا البتہ بعد میں قضا کرے گی (۲) حدیث میں ہے عن معاذة قالت سألت عائشة فقلت ما بال الحائض تقضی الصوم ولا تقضی الصلوة؟ فقالت احرورية انت؟ قلت لست بحرورية ولكنی اسأل قالت كان يصيبنا ذلك فنؤمر بقضاء الصوم ولا نؤمر بقضاء الصلوة۔ (مسلم شریف، باب وجوب قضاء الصوم علی الحائض دون الصلوة ص ۱۵۳ نمبر ۳۳۵ /۷۶۳ ر بخاری شریف، باب لا تقضی الحائض الصلوة ص ۴۶ نمبر ۳۲۱) یہ مسئلہ متفق علیہ ہے

**ترجمہ** : ۱؎ حضرت عائشہؓ کے قول کی وجہ سے، کہ حضورؐ کے زمانے میں ہم میں سے عورتیں جب حیض سے پاک ہوتی تو روزے کو قضا کرتی اور نماز کو قضا نہیں کرتی۔ ۔ یہ حدیث اوپر بخاری شریف نمبر ۳۲۱، اور مسلم شریف نمبر ۷۶۳ کی گزر گئی۔

**ترجمہ** : ۲؎ اور اسلئے کہ نماز کے قضا کرنے میں حرج ہے اسکے بہت ہونے کی وجہ سے، اور روزے کے قضا کرنے میں حرج نہیں ہے۔ اوپر گزر گیا کہ نماز ہر ماہ میں پچاس ہو جائیں گی جنکا ادا کرنا مشکل ہے، اور روزہ سال بھر میں صرف دس ہونگے جنکا ادا کرنا مشکل نہیں۔

**ترجمہ**: (۱۳۵) حائضہ عورت مسجد میں داخل نہیں ہوگی۔

لے و کذا الجنب لقوله علیه السلام : فانی لا احل المسجد لحائض و لا جنب، و هو باطلاقه حجةعلی الشافعیؒ فی اباحةالدخول علی وجه العبور و المرور، (۱۳۶) و لا تطوف بالبیت ﴾ لے لان الطواف فی المسجد،

**وجه** : (۱)حدیث میں ہے کہ سمعت عائشة ... فقال وجهوا هذه البیوت عن المسجد فانی لا احل المسجد لحائض و لا جنب ۔(ابوداؤدشریف، باب فی الجنب یدخل المسجد ص۳۴ نمبر۲۳۲)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حائضہ عورت مسجد میں داخل نہیں ہوسکتی۔اور مسجد حرام میں طواف ہوتا ہے اس لئے وہ طواف بھی نہیں کرسکتی۔(۲)عورتوں کو عیدین میں شریک ہونے کی اجازت ہے لیکن حائضہ عورتیں عیدگاہ سے الگ رہیں کیونکہ عیدگاہ مسجد ہے اسلئے اس سے بھی حائضہ عورت کو الگ رہنے کا حکم دیا،حدیث یہ ہے عن ام عطیة قالت : أمرنا أن نخرج الحیض یوم العیدین و ذوات الخدور فیشهدن جماعة المسلمین و دعوتهم ، ویعتزل الحیض عن مصلاهن ۔(بخاری شریف، باب وجوب الصلاۃ فی الثیاب، ص ۵۱، نمبر ۳۵۱)اس حدیث میں ہے کہ حائضہ عورت عیدگاہ سے الگ رہے کیونکہ وہ بھی مسجد ہے۔

**ترجمه** : لے اور ایسے ہی جنبی آدمی بھی مسجد میں داخل نہیں ہوگا حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ میں حائضہ اور جنبی کے لئے مسجد حلال نہیں کرتا ہوں۔اور یہ حدیث اپنے مطلق ہونے کی وجہ سے امام شافعیؒ پر حجت ہے گزرنے کے طور پر داخل ہونے کے مباح کرنے کے بارے میں۔

**تشریح** : اوپر کی حدیث سے معلوم ہوا کہ حائضہ اور جنبی مسجد میں داخل نہیں ہوسکتا، یہ حدیث امام شافعیؒ پر بھی حجت ہوگی۔امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ جنبی آدمی گزرتے اور چلتے ہوئے مسجد میں داخل ہوکر نکل جائے تو جائز ہے البتہ یوں داخل نہیں ہوسکتا۔

**وجه** : انکی دلیل آیت ہے جس میں ہے کہ جنبی گزرتے ہوئے مسجد میں داخل ہوجائے تو اسکے لئے گنجائش ہے۔آیت یہ ہے یآیها الذین آمنوا لا تقربوا الصلوة و انتم سکری حتی تعلموا ما تقولون و لا جنباً الا عابری سبیل حتی تغتسلوا (آیت ۴۳ سورۃ النساء ۴)اس آیت میں الا عابری سبیل ، ہے کہ گزرتے ہوئے مسجد میں داخل ہوجائے تو اسکے لئے گنجائش ہے۔ہمارا جواب یہ ہے کہ حدیث میں جنبی کو مطلقا مسجد میں داخل ہونے سے منع فرمایا ہے اسلئے گزرتے ہوئے داخل ہونے سے بھی منع کیا جائے گا۔

**ترجمه**: (۱۳۶) حائضہ نہ بیت اللہ کا طواف کرے۔

**ترجمه**: لے اسلئے کہ طواف مسجد حرام میں ہوتا ہے۔

**تشریح** : اوپر گزرا کہ حائضہ مسجد میں داخل نہیں ہوسکتی اور طواف مسجد حرام میں ہوتا ہے اسلئے حائضہ طواف بھی نہیں کرسکتی

(۱۳۷) و لا یاتیھا زوجھا ﴾ ۱؎ لقولہ تعالی: ولاتقربوھن حتی یطھرن، (۱۳۸) ولیس للحائض، و الجنب، و النفساء قرائۃ القرآن﴾ ۱؎ لقولہ علیہ السلام: لا تقرأ الحائض و الجنب شیئاً من القرآن

(۲) اس حدیث میں بھی ہے کہ حائضہ طواف نہیں کر سکتی۔ عن عائشۃؓ قالؐ لعلک نفست؟ قلت نعم قال فان ذالک شیء کتبہ اللہ علی بنات آدم فافعل ما یفعل الحاج غیر لا تطوفی بالبیت حتی تطھری۔ (بخاری شریف، باب تقضی الحائض المناسک کلھا الا الطواف بالبیت ص ۴۴ نمبر ۳۰۵ / ابو داود شریف، باب الحائض تھل بالحج، ۲۵۷، نمبر ۱۷۴۳) حدیث سے معلوم ہوا کہ حائضہ عورت طواف نہیں کرے گی۔

**ترجمہ**: (۱۳۷) شوہر حائضہ بیوی سے وطی نہیں کرے گا۔

**ترجمہ**: ۱؎ اللہ تعالی کے قول و لا تقربو ھن حتی یطھرن، الخ کی وجہ سے۔

**وجہ**: آیت میں ہے ویسئلونک عن المحیض قل ھو اذی فاعتزلوا النساء فی المحیض ولاتقربوھن حتی یطھرن (آیت ۲۲۲ سورۃ البقرۃ ۲) اس آیت میں ہے کہ حیض والی عورت کے قریب بھی مت جاؤ۔

**نوٹ**: وطی تو کرنا حرام ہے۔ البتہ عورت کو ازار پہنا کر اسکے ساتھ لیٹ سکتا ہے۔ اسکے لئے حدیث یہ ہے سمعت میمونۃ تقول: کان رسول اللہ ﷺ اذا اراد أن یباشر امرأۃ من نسائہ أمر ھا فاتزرت و ھی حائض۔ (بخاری شریف، باب مباشرۃ الحائض، ص ۴۴ نمبر ۳۰۳ / ابو داود شریف، باب فی الرجل یصیب منھا مادون الجماع، ص ۴۰، نمبر ۲۶۷) اس حدیث میں ہے کہ حیض کی حالت میں ازار کے اوپر سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ اور اگر اول حیض میں وطی کر لیا تو ایک دینار صدقہ کرے اور اخیر حیض میں وطی کر لیا تو آدھا دینار صدقہ کرے۔ اثر یہ ہے عن ابن عباسؓ قال: اذا اصابھا فی اول الدم فدینار و اذا اصابھا فی انقطاع الدم فنصف دینار. (ابوداؤد باب فی ایتان الحائض ص ۴۰ نمبر ۲۶۵) اس اثر میں ہے کہ حیض کے شروع میں وطی کرے تو ایک دینار صدقہ کرے اور آخیر میں کرے تو آدھا دینار صدقہ کرے۔ البتہ ایسا کرنا فرض نہیں ہے۔

**ترجمہ**: (۱۳۸) حائضہ اور جنبی کے لئے قرآن کا پڑھنا جائز نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ حائضہ اور جنبی قرآن میں سے کچھ بھی نہ پڑھے۔ یہ حدیث آگے ہے۔

**وجہ**: (۱) عن ابن عمر عن النبی ﷺ قال لا تقرء الحائض ولا الجنب شیئا من القرآن. (ترمذی شریف، باب ماجاء فی الجنب والحائض لایقرأ القرآن ص ۳۴ نمبر ۱۳۱ / ابو داؤد شریف، باب فی الجنب یقرأ القرآن، ص ۳۴، نمبر ۲۲۹) علماء فرماتے ہیں کہ اگر عورت کو بچے پڑھانا ہو تو آیت کو ٹکڑا ٹکڑا کر کے پڑھائے۔ البتہ تسبیح اور تہلیل پڑھ سکتی ہے، دعا پڑھ سکتی ہے، اثر میں ہے عن ھشام بن حسان قال: الجنب یسبح و یحمد اللہ، و یدعو، ولا یقرأ آیۃ واحدۃ۔ (مصنف عبدالرزاق،

۲ و ھو حجۃ علی مالکؒ فی الحائض ۳ وھو باطلاقہ یتناول ما دون الآیۃفیکون حجۃ علی الطحاوی فی اباحتہ (۱۳۹)ولیس لھم مس المصحف الا بغلافہ، ولااخذدرھم فیہ سورۃ من القرآن الا بصرتہ، وکذا المحدث لایمس المصحف الا بغلافہ ﴾ ۱ لقولہ علیہ السلام: لایمس القرآن الاطاھر،

باب ھل تذکر اللہ الحائض والجنب، ج اول، ص ۳۳۷، نمبر ۱۳۰۹) (۲) اور ترمذی شریف میں اس طرح ہے۔ قالوا : لا تقرأ الحائض و لا الجنب من القرآن شیئا الا طرف الآیۃ و الحرف و نحو ذالک، و رخصوا للجنب و الحائض فی التسبیح و التھلیل ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی الجنب والحائض انھما لایقرآن القرآن، ص ۳۴، نمبر ۱۳۱) اس اثر سے معلوم ہوا کہ یہ لوگ پوری آیت نہیں پڑھ سکتے البتہ آیت کو توڑ توڑ کر پڑھ سکتے ہیں اور تسبیح اور تھلیل وغیرہ پڑھ سکتے ہیں۔

**ترجمہ**: ۲ یہ حدیث امام مالکؒ پر حجت ہے حائضہ کے بارے میں۔

**تشریح**: امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ جنبی تو فوری طور پر غسل کر سکتا ہے اسلئے اسکے لئے قرآن کا پڑھنا جائز نہیں، لیکن حائضہ عورت حیض ختم ہونے تک انتظار کرے گی اس سے پہلے وہ غسل نہیں کر سکتی، اسلئے اسکے لئے گنجائش ہے کہ وہ آیت پڑھے۔ لیکن اوپر کی حدیث ان پر حجت ہے کہ حائضہ بھی قرآن کی آیت نہیں پڑھ سکتی۔

**ترجمہ**: ۳ اور حدیث اپنے مطلق ہونے کی وجہ سے آیت سے کم پر بھی شامل ہے اسلئے وہ امام طحاویؒ پر حجت ہے اسکے مباح کرنے میں۔

**تشریح**: امام طحاویؒ نے فرمایا کہ جنبی اور حائضہ ایک سے کم پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتے ہیں۔ انکی دلیل اوپر کا اثر ہے۔ ولا یقرأ آیۃ واحدۃ (مصنف عبد الرزاق، نمبر ۱۳۰۹) نوٹ: طحاوی شریف، باب ذکر الجنب والحائض والذی لیس علی وضوء وقرائتھم القرآن، ج اول، ص ۶۸) میں ایسی کوئی عبارت نہیں ملی جس معلوم ہوتا ہو کہ حائضہ کے آیت سے کم پڑھنا جائز ہے،

**ترجمہ**: (۱۳۹) اور نہیں جائز ہے انکے لئے قرآن کا چھونا مگر اسکے غلاف کے ساتھ۔ اور نہیں جائز ہے درھم کو پکڑنا جس میں قرآن کی سورت ہو مگر ہمیانی کے ساتھ، اور ایسے ہی محدث کے لئے نہیں جائز ہے قرآن کا چھونا مگر اسکے غلاف کے ساتھ۔

**ترجمہ**: ۱ حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ قرآن نہیں چھوئے مگر پاک لوگ۔

**تشریح**: جنبی، حائضہ، اور محدث غلاف کے بغیر قرآن کا چھونا جائز نہیں، اسی طرح جس درھم میں قرآن کی آیت لکھی ہوئی ہو اسکو بھی غلاف کے بغیر چھونا جائز نہیں ہے۔ البتہ یہ لوگ زبانی آیت پڑھ سکتے ہیں، چھو نہیں سکتے۔

**وجہ**: (۱) لا یمسہ الا المطھرون (آیت ۷۹ سورۃ الواقعۃ ۵۶) (۲) حدیث میں ہے۔ عن عبد اللہ بن ابی بکر عن

۲؎ ثم الحدث، والجنابة حلا اليد فيستويان في حكم المس، و الجنابة حلت الفم دون الحدث فيفترقان في حكم القرائة ۳؎ وغلافه مايكون متجافيا عنه دون ماهو متصل به كالجلد المشرز، هو الصحيح

---

ابيه قال : كان في كتاب النبيؐ لعمرو بن حزم الا تمس القرآن الا على طهر۔(دار قطنی، باب فی نھی المحدث عن مس القرآن ج اول ص ۱۲۸ نمبر ۴۲۹ رسنن للبیھقی، باب الحائض لاتمس المصحف ولاتقرأ القرآن، ص ۴۶۱ ، نمبر ۱۴۷۸) اس قسم کی بہت سی احادیث دارقطنی میں نقل کی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن کو بغیر وضو چھونا جائز نہیں ہے۔

درہم اور دینار کو بغیر وضو کے چھونا جائز نہیں اسکے لئے یہ اثر ہے۔عن ابراھیم قال : لا یمس الدراھم غیر متوضی ء۔نمبر ۱۳۳۹، دوسری روایت میں ہے عن ابراھیم مثل ذالک الا انه قال : من وراء الثوب۔(مصنف عبد الرزاق، باب مس المصحف والدراھم التی فیھا القرآن، ج اول، ص ۳۴۴، نمبر ۱۳۳۹، نمبر ۱۳۴۰ رمصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۳۷ الرجل یمس الدراھم وھو علی غیر وضوء، ج اول، ص ۱۰۷ نمبر ۱۲۱۴) اس اثر میں ہے کہ درہم پر آیت لکھی ہوئی ہو تو اسکو بغیر وضو کے نہ چھوئے، البتہ ہمیانی جسکو درہم کی تھیلی کہتے ہیں اسکے ساتھ چھو سکتا ہے ۔

**ترجمه** ۲؎ پھر حدث اور جنابت دونوں ہاتھ میں گھس چکے ہیں اسلئے چھونے کے حکم میں دونوں برابر ہیں (یعنی دونوں کے لئے چھونا جائز نہیں ہے) اور جنابت منہ میں گھستی ہے نہ کہ حدث اسلئے پڑھنے کے حکم میں دونوں الگ الگ ہیں۔

**تشريح** : یہ دلیل عقلی ہے۔کہ حدث اور جنابت دونوں ہی گویا کہ ہاتھ میں گھس گئے اسلئے جنبی اور محدث دونوں ہی قرآن پاک کو نہیں چھو سکتے، اسلئے کہ انکے ہاتھ میں ناپاکی ہے۔اور جنابت تو منہ میں بھی گھس جاتی ہے لیکن حدث نہیں گھستی اسلئے جنبی قرآن نہیں پڑھ سکتا، کیونکہ اسکے منہ میں ناپاکی ہے۔البتہ محدث پڑھ سکتا ہے کیونکہ اسکے منہ میں ناپاکی نہیں ہے۔اسلئے پڑھنے کے حکم میں دونوں الگ الگ ہوگئے۔

**ترجمه** ۳؎ قرآن کا غلاف وہ ہے جو قرآن سے جدا ہو، چپکی ہوئی جلد کی طرح اس سے متصل نہ ہو۔یہی صحیح ہے۔

**تشريح** : غلاف کا اطلاق تین قسم کے کپڑوں پر ہو سکتا ہے۔(۱) آدمی کی آستین (۲) وہ جلد جو قرآن کے ساتھ چپکی ہوئی ہے جسکو جلد مشرز، کہتے ہیں۔(۳) جزدان اور بستہ جس میں قرآن کو رکھتے ہیں۔فرماتے ہیں کہ متن میں جو غلاف کا تذکرہ ہے اس سے آدمی کی آستین مراد نہیں ہو سکتی کیونکہ وہ آدمی کے تابع ہے، اس کے ذریعہ قرآن کریم کو چھونا اچھا نہیں۔اور قرآن کے ساتھ چپکی ہوئی جلد بھی مراد نہیں ہو سکتی کیونکہ وہ خود قرآن کے ساتھ چپکی ہوئی ہے اور قرآن کے تابع ہے، بلکہ وہ قرآن کا حصہ ہے، غلاف وہ ہونا چاہئے جو کسی کے تابع نہ ہو۔بلکہ غلاف سے جزدان اور بستہ مراد ہے جس میں قرآن رکھا جاتا ہے اور کسی کے تابع نہیں ہے، محدث

۴ و یکره مسه بالکم هو الصحیح لانه تابع له ۵ بخلاف کتب الشریعة لاهلها حیث یرخص فی مسها بالکم لان فیه ضرورة ۶ ولا بأس بدفع المصحف الی الصبیان لان فی المنع تضییع حفظ القرآن، و فی الامر بالتطهیر حرجاً بهم، و هذا هو الصحیح،

---

کے لئے جائز ہے کہ اسکے ذریعہ قرآن کو چھوئے

**وجه** : اثر میں ہے عن عامر و سالم قالا : لا یمس الرجل الدرهم فیها کتاب الله و هو جنب قال : و قال عطاء و القاسم : یمسها اذا کانت مصرورة فی خرقة ،(مصنف ابن ابی شیبة ،باب ۱۳۸ الرجل یمس الدراھم وھو جنب، ج اول، ص ۱۰۷، نمبر ۱۲۱۹ / مصنف عبد الرزاق ، باب مس المصحف والدراھم التی فیھا القرآن، ج اول، ص ۳۴۴، نمبر ۱۳۳۹، نمبر ۱۳۴۰) اس اثر میں ہے کہ درہم کو رکھنے کی جو تھیلی ہوتی ہے اسکے ذریعہ درہم کو چھوئے ،اسی طرح قرآن کے رکھنے کا جو غلاف ہوتا ہے اسکے ذریعہ سے قرآن کو چھوئے۔

**ترجمه** ۴ اور مکروہ ہے قرآن کو چھونا آستین کے ذریعہ سے، یہی صحیح ہے۔اسلئے کہ آستین انسان کے تابع ہے۔

**تشریح** : آستین چونکہ انسان کے تابع ہے اسلئے اسکے ذریعہ سے قرآن کو چھونا مکروہ ہے۔

**ترجمه** ۵ بخلاف شریعت کی کتابوں کے شریعت والوں کے لئے کہ آستین کے ساتھ اسکو چھونے میں رخصت دی ہے اسلئے کہ اس میں ضرورت ہے

**تشریح** : جولوگ ہر وقت حدیث اور فقہ کی کتابوں کو استعمال کرتے ہیں انکے لئے گنجائش ہے کہ وضو کی حالت میں نہ ہو تو اپنی آستین سے اسکو پکڑ لے اور اٹھا لے۔ کیونکہ ہر وقت وضو کرنے میں حرج ہے۔اسکی وجہ یہ ہے کہ اسکی اہمیت قرآن سے کم ہے اسلئے اسکو آستین سے اٹھانے کی گنجائش دی گئی ہے۔

**ترجمه** ۶ اور کوئی حرج نہیں ہے بچوں کو قرآن دینے میں، اسلئے کہ روکنے میں قرآن کو یاد کرنے کو ضائع کرنا ہے، اور وضو کے حکم دینے میں انکو حرج ہے۔صحیح بات یہی ہے۔

**تشریح** : قرآن پڑھنے کے لئے، یا اسکو حفظ یاد کرنے کے لئے بچوں کو قرآن دینا جائز ہے اور بغیر وضو کے وہ چھوئے تب بھی جائز ہے۔اسکی وجہ یہ ہے کہ (۱) وہ مرفوع القلم ہوتے ہیں اسلئے انکو کسی حکم کا پابند نہیں کیا جا سکتا۔(۲) دوسری وجہ یہ ہے کہ انکو بار بار وضو کرانے میں حرج عظیم ہے، اور اگر انکو قرآن ہی نہ دیں تو اگلی نسل قرآن یاد کیسے کرے گی ،اس طرح قرآن ضائع ہو جائے گا۔اسلئے ضائع ہونے سے بچانے کے لئے بچوں کے ہاتھ میں قرآن دینا جائز ہے، چاہے وہ بغیر وضو کے پڑھے۔صحیح بات یہی ہے۔

**لغت** : المصحف : قرآن۔ صرة :درہم رکھنے کی تھیلی۔ حلا : حلول سے مشتق ہے، گھس جانا۔ متجافی : جوف

(۱۴۰) و اذا انقطع دم الحیض لاقل من عشرۃ ایام لم تحل وطیھا حتی تغتسل ﴾ لِان دم الحیض یدر تارۃ وینقطع اخریٰ فلا بدمن الاغتسال لیترجح جانب الانقطاع، (۱۴۱) ولولم تغتسل ومضی علیھا ادنی وقت الصلوۃ بقدران تقدرعلی الاغتسال و التحریمۃ حل وطیھا ﴾ لِان الصلوۃ صارت دیناً فی ذمتھا فطھرت حکماً

سے مشتق ہے، دور رہنا۔ المشرز :شرز سے مشتق ہے چپکا ہوا۔ الکم: آستین۔

**ترجمہ**: (۱۴۰) اگر حیض کا خون دس دن سے کم میں منقطع ہو گیا تو اس سے وطی کرنا جائز نہیں ہے جب تک کہ غسل نہ کرے۔

**وجہ**: دس دن سے کم میں حیض منقطع ہوا ہے تو ممکن ہے کہ دوبارہ خون آجائے اور عورت کی عادت بدل جائے اس لئے یا تو عورت غسل کر لے تا کہ مکمل پاک ہو جائے آیت۔ و یسئلونک عن المحیض قل ھو اذی فاعتزلوا النساء فی المحیض و لا تقربوھن حتی یطھرن فاذا تطھرن فأتوھن من حیث أمر کم اللہ ان اللہ یحب التوابین و یحب المتطھرین (آیت ۲۲۲ سورۃ البقرۃ ۲) میں، یطھرن ،کو تشدید کے ساتھ پڑھیں تو مطلب ہوگا کہ خوب خوب پاک ہو جائے اور یہ اسی وقت ہو سکتا ہے جب عورت غسل کر لے (۲) ایک اثر سے اس کی تائید ہوتی ہے۔ سأل انسان عطاء قال الحائض تری الطھر ولا تغتسل اتحل لزوجھا؟قال لا حتی تغتسل. (مصنف عبد الرزاق، باب الرجل یصیب امرأتہ وقد رأت الطھر ولم تغتسل ج اول، ص ۳۳۰ نمبر ۱۲۷۳/ السنن للبیھقی، باب الحائض لا توطأ حتی تطھر و تغتسل، ج اول، ص ۴۶۲، نمبر ۱۴۸۳) اس اثر میں ہے کہ حائضہ دس دن سے پہلے پاک ہو جائے تو غسل سے پہلے اس سے شوہر وطی نہ کرے۔

**ترجمہ**: لِ اسلئے کہ خون کبھی بہتا ہے اور کبھی منقطع ہو جاتا ہے تو غسل کرنا ضروری ہے تا کہ انقطاع کی جانب راجح ہو جائے۔

**تشریح**: خون کا حال یہ ہے کہ کبھی بہا اور کبھی رک گیا اسلئے ممکن ہے کہ ابھی تھوڑی دیر کے لئے رکا ہو اور جب غسل کر لے گی تو راجح ہو جائے گا کہ خون مکمل ختم ہونے کے لئے رکا ہے۔ اسلئے غسل کر لے تب شوہر وطی کرے۔

**ترجمہ**: (۱۴۱) اور اگر غسل نہ کرے اور اس پر نماز کا ادنی وقت گزر جائے، اس مقدار کہ غسل کرنے پر اور تحریمہ باندھنے پر قادر ہو تب بھی اس سے وطی کرنا حلال ہوگا۔

**ترجمہ** لِ اسلئے کہ نماز اسکے ذمے میں قرض ہو گئی تو گویا کہ وہ حکما پاک ہو گئی۔

**تشریح**: عورت نے غسل تو نہیں کیا لیکن خون رکنے کے بعد نماز کا کوئی وقت اس پر گزر گیا، اور ابھی اتنا وقت گزرا کہ اس وقت میں وہ غسل کر سکتی تھی اور تحریمہ باندھ سکتی تھی، مثلا پندرہ منٹ کا وقت گزر گیا تو اب اسکا شوہر اس سے وطی کر سکتا ہے۔ اسلئے کہ نماز کا وقت اس پر گزر گیا تو وہ نماز اس پر قرض ہو گئی اور وہ اللہ کے نزدیک گویا کہ حکما پاک ہو گئی، اسلئے اس سے وطی کر سکتا ہے۔

**(۱۴۲)ولو كان انقطع الدم دون عادتها فوق الثلث لم يقربها حتى تمضي عادتها و ان اغتسلت ﴾لے لان العود في العادة غالب فكان الاحتياط في الاجتناب (۱۴۳)و ان انقطع الدم لعشرة ايام حل وطيها قبل الغسل ﴾لے لان الحيض لا مزيد له على عشرة ايام، الا انه لا يستحب قبل الاغتسال للنهي في القراءة التشديد**

**ترجمه**: (۱۴۲) اوراگرخون منقطع ہو گیا عادت سے پہلے لیکن تین دن سے زیادہ میں تو اس سے وطی نہیں کرے گا یہاں تک کہ اسکی عادت گزر جائے اگر چہ وہ غسل کر چکی ہو۔

**ترجمه**: لے اسلئے کہ عادت میں لوٹنا غالب ہے اسلئے احتیاط پرہیز کرنے میں ہے۔

**تشریح** : مثلا ایک عورت کی عادت پانچ دن کی تھی اور چار دن پر خون رک گیا، یعنی تین دن گزرنے کے بعد رکا لیکن عادت جو پانچ دن تھی اس سے پہلے رک گیا، تو چاہے اس عورت نے غسل کر لیا ہو پھر بھی شوہر وطی نہیں کرے گا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ عادت پوری ہونے میں ابھی ایک دن باقی ہے اسلئے غالب گمان یہ ہے کہ خون دوبارہ آجائے اسلئے چاہے غسل کر چکی ہو پھر بھی شوہر کے لئے صحبت کرنا جائز نہیں۔

**ترجمه**: (۱۴۳) اور اگر حائضہ کا خون دس دن پورے ہونے پر منقطع ہو تو اس عورت سے غسل سے پہلے بھی وطی کرنا جائز ہے۔

**وجه**: دس دن سے زیادہ تو حیض آہی نہیں سکتا۔ اس کے بعد جو خون آئے گا وہ استحاضہ ہوگا۔ اس لئے عورت نے غسل نہیں کیا ہے تب بھی اس سے وطی کر سکتا ہے۔ البتہ بہتر یہ ہے کہ غسل کے بعد وطی کرے تاکہ مکمل پاکی پر وطی ہو۔ اس صورت میں آیت حتی یطھرن ( بغیر تشدید کے ) پر عمل ہوگا۔ جس کی تفسیر حضرت مجاہد نے فرمایا کہ جب خون منقطع ہو جائے تو وہ پاک ہوگی۔ عبارت یہ ہے۔ **عن مجاهد في قوله عزوجل (ولا تقربوهن حتى يطهرن) حتى ينقطع الدم فاذا تطهرن قال يقول اذا اغتسلن** (سنن للبیہقی، باب الحائض لاتوطأ حتی تطہر وتغتسل، ج اول، ص ۴۶۲، نمبر ۱۴۸۲) اس اثر میں خون منقطع ہونے کو غسل کرنا قرار دیا گیا ہے اسلئے غسل نہ بھی کرے تو صحبت جائز ہے۔

**ترجمه**: لے اسلئے کہ حیض دس دن سے زیادہ نہیں ہوتا، مگر یہ کہ غسل کرنے سے پہلے وطی اچھی نہیں ہے تشدید کی قرأت میں روکنے کی وجہ سے۔

**تشریح** : دس دن پر حیض ختم ہوا ہو تو شوہر صحبت کر سکتا ہے البتہ اچھا نہیں ہے اسکی وجہ یہ کہ، آیت میں جو یطّھرن، تشدید کے ساتھ پڑھیں تو اسکا مطلب یہ گزرا کہ خوب خوب پاک ہو تب وطی کرے اس قرأت پر عمل کرتے ہوئے چاہے دس دن پر حیض ختم ہوا

(۱۴۴)والطهر اذا تخلل بين الدمين في مدة الحيض فهو كالدم التوالي ﴾ ۱قال هذه احدى الروايات عن ابي حنيفة، ووجهه ان استيعاب الدم مدة الحيض ليس بشرط بالاجماع فيعتبر اوله و آخره كالنصاب في باب الزكوة

ہو پھر بھی بغیر غسل کئے صحبت اچھی نہیں ہے۔اس لئے کہ خوب خوب پاکی اس وقت ہوگی جب وہ غسل بھی کر لے گی۔

**فائدہ:** امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کے نزدیک ہر حال میں غسل ہے۔ اس سے پہلے وطی کرنا جائز نہیں ہے۔ان کے نزدیک حتی یطھرن کا ترجمہ طہارت بالماء ہے۔اور اثر بیہقی سے استدلال کرتے ہیں کہ مکمل طہارت ہونی چاہئے تب وطی کرے۔سأل انسان عطاء قال الحائض ترى الطهر ولا تغتسل اتحل لزوجها؟قال لا حتى تغتسل. (مصنف عبدالرزاق، باب الرجل یصیب امرأتہ وقد رأت الطہر ولم تغتسل ج اول، ص ۳۳۰ نمبر ۱۲۷۳/السنن للبیھقی ، باب الحائض لاتوطأ حتی تطھر و تغتسل، ج اول، ص ۴۶۲، نمبر ۱۴۸۳) اس اثر میں ہے کہ اس وقت تک غسل نہ کرے جب تک کہ غسل نہ کر لے۔

**ترجمہ:** (۱۴۴) وہ پاکی جو دوخون کے درمیان ہو حیض کی مدت میں تو وہ جاری خون کی طرح ہے۔

**تشریح:** عموما ایسا ہوتا ہے کہ کچھ دیر خون آتا ہے پھر بند ہو جاتا ہے، پھر آتا ہے پھر بند ہو جاتا ہے، حیض کا خون مسلسل نہیں آتا رہتا ہے۔اس لئے حیض کی مدت کے درمیان پاکی اور طہر ہو تو اس کا حکم بھی خون آنے ہی کی طرح ہے۔یعنی اس مدت میں عورت نماز نہیں پڑھے گی اور نہ اس کا شوہر اس سے وطی کرے گا۔مثلا پہلے دن خون آیا پھر خون بند رہا پھر دسویں دن خون آیا تو پہلے دن سے لیکر دس دن تک حیض ہی شمار کیا جائے گا اور اس کا حکم حیض ہی کی طرح ہوگا۔

**وجہ:** جس طرح نصاب زکوۃ میں شروع سال اور اخیر سال میں نصاب پورا ہو جانا کافی ہے اسی طرح حیض کے شروع دن میں اور اخیر دن میں خون آجائے تو تمام دن حیض ہی شمار کر دیا جائے گا۔چاہے درمیان میں خون نہ آیا ہو (۲) عموما ہمیشہ خون آتا بھی نہیں ہے۔اس لئے مسلسل خون آنے کی شرط نہیں لگائی گئی۔(۳) اس اثر میں ہے۔قلت لعطاء فحاضت فأدبر عنها الدم و هي ترى ماء أو ترية ؟قال : فلا تصلي حتى ترى الخفوف الطاهر ۔(مصنف عبدالرزاق، باب ماتری أیام حیضتھا أو بعدھا، ج اول، ص ۳۰۳، نمبر ۱۱۶۳) اس اثر میں ہے کہ درمیان میں طہر دیکھے تو نماز نہ پڑھے جب تک پاک نہ ہو جائے۔

**ترجمہ:** ۱ مصنف فرماتے ہیں کہ یہ امام ابوحنیفہؒ کی ایک روایت ہے، اور اسکی وجہ یہ ہے کہ مدت حیض میں خون کا گھیرنا بالاتفاق شرط نہیں ہے اسلئے اعتبار کیا جائے گا خون کے شروع کا اور خون کے آخیر کا، جیسے کہ زکوۃ کے باب میں نصاب۔

**تشریح:** طہر متخلل کے سلسلے میں امام صاحب کی کئی روایتیں ہیں ان میں سے ایک روایت اوپر گزری کہ مدت حیض میں پاکی آجائے تو وہ مسلسل خون کی طرح شمار کیا جائے گا۔مثلا پہلے دن خون آیا درمیان میں پاکی رہی پھر نویں دن خون آیا تو یہ دسوں دن

۲؎ و عن ابی یوسفؒ وھو روایۃ عن ابی حنیفۃؒ، وقیل ھو آخر اقوالہ: ان الطھر اذا کان اقل من خمسۃ عشر یوما لا یفصل و ھو کالدم المتوالی لانہ طھر فاسد فیکون بمنزلۃ الدم، والاخذ بھذا القول ایسر، و تمامہ یعرف فی کتاب الحیض (۱۴۵) و اقل الطھر خمسۃ عشر یوما﴾

---

خون ہی شمار ہونگے اور دس دنوں تک حیض ہوگا۔ اور اسکی وجہ یہ ہے کہ تمام ائمہ اس بات پر اتفاق کرتے ہیں کہ مدت حیض میں مسلسل خون آنا شرط نہیں ہے، اسلئے شروع میں خون آجائے اور آخیر میں خون آجائے تو مسلسل خون شمار کر دیا جائے گا۔ جس طرح زکوۃ کے باب میں شروع سال میں صاحب نصاب ہو اور آخیر میں صاحب نصاب ہو تو چاہے درمیان میں صاحب نصاب نہ بھی ہو پھر بھی اسکو پورا سال صاحب نصاب شمار کرتے ہیں اور اس پر زکوۃ لازم کرتے ہیں۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور امام ابو یوسفؒ سے روایت ہے اور امام ابو حنیفہؒ کی یہی آخری قول ہے کہ طھر پندرہ دن سے کم ہو تو فصل نہیں ہو گا، اور وہ مسلسل خون کی طرح ہوگا اسلئے کہ یہ طھر فاسد ہے اسلئے یہ خون کے درجے میں ہے، اور اس قول کو لینا آسان ہے۔ اور پوری بات مبسوط کے کتاب الحیض میں ہے۔

**تشریح**: اس روایت میں یہ ہے کہ پہلے دن خون آنے کے بعد دسویں دن بھی خون نہیں آیا بلکہ چودھویں دن خون آیا تو پہلے دن سے دس دن تک حیض ہوگا اور دس دن کے بعد چودھویں دن تک چار دن استحاضہ ہوگا۔ اس روایت میں حیض کے شروع اور آخیر میں بھی خون آنا ضروری نہیں ہے۔ یہ طھر فاسد ہے اور طھر کو بھی مسلسل خون کے درجے میں رکھا جائے گا۔

**نوٹ**: طھر متخلل کے بارے میں لمبی لمبی بحثیں موجود ہیں لیکن اسکے لئے کوئی حدیث یا اثر نہیں مل رہی ہے اسلئے میں اسکو لمبا نہیں کر رہا ہوں۔ بلکہ اسکے خلاف یہ حدیث موجود ہے کہ کالا اور سرخ خون ہو تو اسکو حیض شمار کریں اور اسکے علاوہ کو استحاضہ شمار کر کے نماز پڑھنے کا حکم دیں۔ حدیث یہ ہے۔ عن فاطمۃ بنت أبی حبیش أنھا کانت تستحاض فقال لھا النبی ﷺ: اذا کان دم الحیض فانہ دم اسود یعرف، فاذا کان ذالک فأمسکی عن الصلاۃ فاذا کان الآخر فتوضئی و صلی۔ (ابو داود شریف، باب من قال توضأ لکل صلوۃ، ص ۴۸، نمبر ۳۰۴) اس حدیث میں ہے کہ کالا خون ہو تو اسکو حیض شمار کرو اور اسکے علاوہ ہو تو اسکو استحاضہ شمار کرو۔

**لغت**: طھر متخلل: حیض کے دو خون کے درمیان جب خون آنا بند ہو جائے تو اسکو طھر متخلل، کہتے ہیں۔ التوالی: ولایۃ سے مشتق ہے، پیدر پے۔ استیعاب: گھیرنا۔

**ترجمہ**: (۱۴۵) دو حیضوں کے درمیان کم سے کم طھر پندرہ دن ہونگے۔

۱ھکذا نقل عن ابراھیم النخعی وانہ لا یعرف الاتوفیقاً، (۱۴۶)و لا غایة لاکثرہ ﴾ ۱ لانہ یمتد الی سنة وسنتین فلا یتقدر بتقدیر، ۲ الا اذا استمر بھا الدم یعرف ذالک فی کتاب الحیض

**ترجمہ**: ۱ ایسے ہی ابراھیمؒ سے نقل کیا گیا ہے، اور انکو بزرگوں سے سن کر ہی معلوم ہوا ہوگا۔

**تشریح**: دو حیضوں کے درمیان کم سے کم پندرہ دن طہر ہوگا، یہ بات حضرت ابراھیم نخعیؒ سے منقول ہے، اور یہ حضرت بڑوں سے سن کر ہی بیان کئے ہونگے۔

**نوٹ**: یہ قول مجھے نہیں ملا اور نہ صاحب درایہ کو ملا ہے (۲) البتہ اقامت کی مدت پندرہ دن ہے اس سے استدلال کیا جا سکتا ہے کہ طہر کی مدت پندرہ دن ہو۔

**ترجمہ**: (۱۴۶) اور اکثر مدت کے لئے کوئی انتہا نہیں۔

**ترجمہ**: ۱ اسلئے کہ ایک سال اور دو سال بھی لمبی مدت ہوتی ہے اسلئے کوئی متعین بات نہیں کہی جا سکتی۔

**تشریح**: دو حیض کے درمیان کتنی مدت عورت پاک رہ سکتی ہے اسکے بارے میں کوئی متعین دن نہیں کہا جا سکتا، کیونکہ بعض عورت کو دو دو سال تک حیض کا خون نہیں آتا، اسلئے کوئی متعین مقدار کہنا مشکل ہے۔

**ترجمہ**: ۲ مگر جبکہ خون بہتا ہی رہتا ہو۔ تو یہ مسئلہ امامؒ کے کتاب الحیض میں آپکو ملے گا۔

**تشریح**: اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ ایک عورت کو شروع میں مثلا دس روز حیض آیا، پھر ایک سال طہر رہا، اسکے بعد خون جاری ہوا تو کبھی بند ہی نہیں ہوا تو اس عورت کے بارے میں وقت متعین کیا جائے گا۔ یعنی اسکی عادت کی طرف پھیرا جائے گا، کہ ہر سال میں دس روز حیض ہوگا اور اسکے بعد ایک سال تک طہر شمار کیا جائے گا اسی طرح اس مستحاضہ کو زندگی بھر رکھا جائے گا، کیونکہ شروع میں اسکی عادت ہی ایسی بن گئی ہے۔ اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ام سلمة زوجة النبی ﷺ قالت : ان امرأة کانت تھراق الدماء علی عھد رسول اللہ ﷺ فاستفتت لھا أم سلمة رسول اللہؐ فقال : لتنظر عدة اللیالی و الایام التی کانت تحیضھن من الشھر قبل ان یصیبھا الذی اصابھا فلتترک الصلوة قدر ذالک من الشھر فاذا خلفت ذالک فلتغتسل۔ (ابو داود شریف، باب فی المرأة تستحاض، ص ۴۱، نمبر ۲۷۴ ر بخاری شریف، باب اقبال الحیض و ادبارھا، ص ۴۷، نمبر ۳۲۰) اس حدیث میں ہے کہ حیض آنے کی جو پہلے عادت ہے اسی کو حیض شمار کیا جائے اور باقی کو طہر شمار کیا جائے۔

**لغت**: توفیقاً: وقف سے مشتق ہے واقف ہونا، یہاں مراد ہے بڑوں سے سن کر کسی بات کو کہنا۔ غایة: انتہاء۔ یمتد: مد سے مشتق ہے، لمبا ہونا استمر: جاری رہنا، بہتا رہنا۔

(۱۴۷) و دم الاستحاضة كالرعاف ﴾ ۱؎ لا يمنع الصوم و لا الصلوة ولا الوطى ۲؎ لقوله عليه السلام : توضأى و صلى و ان قطر الدم على الحصير ۳؎ ولما عرف حكم الصلوة ثبت حكم الصوم والوطى بنتيجة الاجماع

﴿استحاضہ کا بیان﴾

**ترجمہ**: (۱۴۷) اور استحاضہ کا خون نکسیر کے خون کی طرح ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ وہ نہیں روکتا ہے روزے کو نہ نماز کو اور نہ صحبت کو۔

**تشریح**: جس طرح نکسیر کا خون مسلسل بہتا رہے تو اسکے باوجود نماز بھی پڑھے گی اور روزے بھی رکھے گی، اور صحبت بھی کروائے گی اسی طرح استحاضہ کا خون مسلسل آتا ہو پھر بھی نماز، روزہ کرے گی اور صحبت بھی کروائیگی۔

**وجہ**: حدیث میں اس کی دلیل موجود ہے (۱) عن عائشة انها قالت قالت فاطمة بنت ابى حبيش لرسول الله ﷺ يا رسول الله انى لا اطهر؟ افادع الصلوة فقال رسول الله ﷺ انما ذلک عرق وليس بالحيضة فاذا اقبلت الحيضة فاتركى الصلوة فاذا ذهب قدرها فاغسلى عنک الدم و صلى۔ (بخاری شریف، باب الاستحاضۃ ص ۴۴ نمبر ۳۰۶)رمسلم شریف، باب المستحاضۃ وغسلھا وصلواتھا ص ۱۵۱ انمبر ۳۳۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مستحاضہ نماز پڑھے گی۔ اور روزہ نماز کی طرح ہے اس لئے روزہ بھی رکھے گی (۲) شوہر وطی کرے اس کی دلیل یہ حدیث ہے عن عكرمة قال كانت ام حبيبة تستحاض فكان زوجها يغشاها (ابوداؤد، باب المستحاضۃ یغشاھا زوجھا ص ۴۹ نمبر ۳۰۹)(۳) مستحاضہ کا خون حدیث سے معلوم ہوا کہ نکسیر پھوٹنے کی طرح ہے۔ اور نکسیر پھوٹنے کی حالت میں نماز، روزہ، اور وطی جائز ہیں اس لئے استحاضہ کی حالت میں بھی یہ سب جائز ہونگے۔

**ترجمہ**: ۲؎ حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ وضو کرو اور نماز پڑھو اگر چہ خون چٹائی پر ٹپکتا رہے۔ حدیث یہ ہے۔ عن عائشة قالت جاءت فاطمة بنت أبى حبيش الى رسول الله ﷺ فقالت يا رسول الله ! انى امرأة أستحاض فلا اطهر أفادع الصلاة ؟ قال : لا انما ذالک عرق و ليس بالحيضة اجتنبى الصلاة أيام محيضک ثم اغتسلى و توضئى لكل صلاة و ان قطر الدم على الحصير ۔ ( ابن ماجۃ شریف، باب ماجاء فی المستحاضۃ التی قد عدت أیام اقرائھا ص ۸۷، نمبر ۶۲۱ رنسائی شریف، باب ذکر الاستحاضۃ واقبال الدم وادبارہ، ص ۴۷، نمبر ۳۵۰ ردار قطنی، کتاب الحیض، ج اول، ص ۲۱۹ نمبر ۸۰۸ ))(۳) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ استحاضہ کا خون نکسیر کی طرح ہے۔

**ترجمہ**: ۳؎ اور جب نماز کا حکم پہچانا گیا تو روزے اور وطی کا حکم اجماع کے نتیجے سے ثابت ہوجائے گا۔

(۱۴۸)ولو زاد الدم علی عشرة ایام و لها عادة معروفة دونها ردت الی ایام عادتها و الذی زاد استحاضة﴾

**تشریح** : روزہ اور وطی نماز کی طرح ہیں اسلئے استحاضہ کی حالت میں اوپر کی حدیث کی بنا پر نماز جائز ہوگئی تو اجماع کے ذریعہ روزہ اور صحبت بھی جائز کر دے جائیں گے۔ حدیث میں بھی ہے کہ مستحاضہ روزہ رکھے گی حدیث یہ ہے ۔عن النبی ﷺ قال فی المستحاضة یدع الصلوة ایام اقرائها التی کانت تحیض فیها ثم تغتسل وتتوضأ عند کل صلوة وتصوم وتصلی. (ترمذی شریف، باب ماجاء ان المستحاضة توضأ لکل صلوة ص ۳۳ نمبر ۱۲۶) اور وطی کے بارے میں یہ حدیث گزری۔ عن عکرمة قال کانت ام حبیبة تستحاض فکان زوجها یغشاها (ابوداؤد، باب المستحاضة یغشاها زوجها ص ۴۹، نمبر ۳۰۹) اس حدیث میں ہے کہ مستحاضہ سے شوہر وطی کر سکتا ہے

**لغت**: رعاف : ناک سے جو خون آتا ہے جس کو نکسیر پھوٹنا کہتے ہیں، اس کو رعاف کہتے ہیں۔ الحصیر :چٹائی۔

**نوٹ**: جن اماموں کے نزدیک حیض کا خون ہونے کا مدار خون کے کالے یا خون کے سرخ ہونے پر ہے ان کے نزدیک استحاضہ کا مسئلہ بہت آسان ہے کہ جب کالا اور انتہائی سرخ خون آئے گا تو اس کو حیض شمار کریں گے۔ اور جب پیلا، زرد یا مٹیالا خون آئے گا تو اس کو استحاضہ شمار کریں گے۔ اور استحاضہ کی حالت میں عورت نماز پڑھے گی، روزہ رکھے گی اور شوہر سے وطی بھی کرائے گی۔ علماء فرماتے ہیں کہ عورت متحیرہ ہو یعنی نہ عادت کا اندازہ ہو کہ مہینے میں کون کون سے دن حیض آتا تھا اور نہ یہ پتہ ہو کہ کب سے حیض شروع ہوا ہے اور کب ختم ہوا ہے تو ایسی عورت کے لئے خون کی رنگت پر حیض اور استحاضہ کا فیصلہ کرنا زیادہ بہتر ہے۔ کیونکہ حدیث میں ہے عن فاطمة بنت ابی حبیش انها کانت تستحاض فقال لها النبی ﷺ اذا کان دم الحیض فانه دم اسود یعرف فاذا کان ذلک فامسکی عن الصلوة فاذا کان الآخر فتوضئی و صلی. (ابوداؤد، باب من قال توضأ لکل صلوة ص ۴۸ نمبر ۳۰۴) چنانچہ امام احمدؒ نے خون کی رنگت پر حیض اور استحاضہ کا فیصلہ کیا ہے۔

**تحقیق حیض و استحاضة**: رحم کے اندر چاروں طرف حیض کی جھلیاں ہوتی ہیں وہ بڑھتی رہتی ہیں۔ جب حیض کا زمانہ آتا ہے تو وہ کٹ کٹ کر خون کے ساتھ گرتی ہیں۔ اس لئے حیض کا خون گاڑھا اور کالا ہوتا ہے۔ لیکن رحم کی رگوں میں کوئی بیماری ہو تو حیض کے بعد بھی اس سے خون گرتا ہے۔ جس میں وہ جھلیاں نہیں ہوتی یا سرخ رنگ کا خون ہوتا ہے یا مٹیالا یا زرد رنگ کا خون ہوتا ہے، استحاضہ کا خون رحم میں خراش یا بیماری کی وجہ سے آتا ہے۔

**ترجمہ**: (۱۴۸) اگر خون دس دن سے زیادہ ہو جائے اور عورت کے لئے عادت معروف ہو تو اس کی عادت کے زمانے کی طرف لوٹایا جائے گا۔ اور جو عادت معروفہ سے زیادہ ہوگا وہ استحاضہ کا خون ہوگا۔

۱؎ لقوله عليه السلام: المستحاضة تدع الصلوة ايام اقرا ئها ۲؎ ولان الزائد على العادة يجانس ما زاد على العشرة فيلحق به، ۳؎ وان ابتدأت مع البلوغ مستحاضة فحيضها عشرة ايام من كل شهر والباقي استحاضة لانا عرفناه حيضاً فلا يخرج عنه بالشك، والله اعلم

**تشریح:** مثلاکسی کی عادت ہر مہینے میں تین یا پانچ دن حیض آنے کی ہے۔اب اس کو نودنوں تک خون آ گیا تو سمجھا جائے گا کہ اس کی عادت بدل گئی اور نو دن تک حیض شمار کیا جائے گا۔لیکن اگر اس کو دس دن سے بھی زیادہ خون آ گیا تو دس دن سے زیادہ جو خون ہے وہ استحاضہ ہوگا اور اس کے ساتھ ہی عادت پانچ روز تھی اس سے جو زیادہ خون آیا وہ بھی استحاضہ ہو جائے گا۔یعنی پانچ روز سے زیادہ تمام خون استحاضہ شمار کیا جائے گا۔اور عادت کے مطابق پانچ روز حیض کے ہوں گے۔

**وجہ:** حدیث میں اس کا اشارہ موجود ہے قالت عائشة رأيت مركنها ملآن دما فقال لها رسول الله ﷺ امكثى قدر ما كانت تحبسك حيضتك ثم اغتسلي و صلي (مسلم شریف، باب المستحاضۃ وغسلہا وصلوتہا ص ۱۵۱ نمبر ۳۳۴) اس حدیث میں ہے کہ پہلے جتنی عادت تھی اتنی ہی حیض ہوگا اسکے علاوہ سب استحاضہ ہوگا۔

**ترجمہ:** ۱؎ حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ مستحاضہ اپنے حیض کے زمانے میں نماز چھوڑے گی۔حدیث یہ ہے (۲) عن النبي ﷺ قال في المستحاضة يدع الصلوة ايام اقرائها التى كانت تحيض فيها ثم تغتسل وتتوضأ عند كل صلوة وتصوم وتصلي. (ترمذی شریف، باب ماجاء ان المستحاضۃ تتوضأ لکل صلوۃ ص ۳۳ نمبر ۱۲۶/ ابوداؤد شریف، باب اذا اقبلت الحیضۃ تدع الصلاۃ، ص ۴۳، نمبر ۲۸۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورت کے حیض کے لئے عادت معروفہ ہو اور دس دن سے زیادہ خون آ گیا تو عادت سے زیادہ جتنا ہوگا وہ سب استحاضہ کا خون ہوگا۔

**ترجمہ:** ۲؎ اور اسلئے کہ جو عادت پر زائد ہے وہ اسکے مناسب ہے جو دس دن پر زائد ہے اسلئے اسی کے ساتھ ملحق کر دیا جائے۔

**تشریح:** یہ دلیل عقلی ہے۔مثلا ایک عورت کی عادت پانچ دن حیض کی تھی اب اسکو اس مرتبہ بارہ دن خون آ گیا تو دس دن کے بعد جو دو دن ہیں وہ یقیناً استحاضہ کے ہیں۔اور پہلے پانچ دن عادت کے مطابق یقیناً حیض کے ہیں اب اسکے بعد جو پانچ دن ہیں انکے بارے میں شک ہے کہ اسکو استحاضہ کا شمار کریں یا حیض کا شمار کریں لیکن یہ استحاضہ کے زیادہ مناسب ہے کیونکہ عادت جو پانچ دن تھی اسکے بعد آیا ہے اسلئے اسکو استحاضہ کے ساتھ ملا کر استحاضہ قرار دیا جائے۔کیونکہ حدیث میں عادت کو ہی اصل قرار دیا ہے کہ عادت کے بعد جو خون بھی آئے وہ استحاضہ ہوگا۔

**ترجمہ:** ۳؎ اگر بالغ ہونے کے بعد شروع سے مستحاضہ ہوئی ہے تو اس کا حیض دس دن ہیں ہر ماہ میں اور باقی استحاضہ ہوگا۔اسلئے کہ دس دن کے بارے میں معلوم ہوا کہ حیض ہے تو شک کی وجہ سے اس سے نہیں نکلیں گے اور اللہ تعالیٰ ہی زیادہ جانتا ہے۔

**تشریح:** ایک عورت کو پہلا خون آیا اور دس دن سے زیادہ خون آیا اور مستحاضہ ہوگئی اس کی کوئی عادت نہ بن سکی جس پر محمول کیا جائے اور ہر وقت خون آتا ہے تو ایسی عورت کے لئے ہر ماہ میں دس دن حیض شمار کئے جائیں گے۔ اور باقی دن استحاضہ کے ہونگے۔

**وجہ:** (۱) ہر ماہ میں تین دن تو یقینی طور پر حیض کا زمانہ ہے۔ باقی سات دنوں میں شک ہے۔ البتہ حنفیہ کے نزدیک حیض زیادہ سے زیادہ دس دن ہے اس لئے دس دن تک حیض ہی شمار کریں گے۔ زیادہ سے زیادہ دس دن حیض کی مدت ہے اس کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابی امامۃ الباھلی قال قال رسول اللہ ﷺ لایکون الحیض للجاریۃ والثیب الذی قد ایئست من الحیض اقل من ثلاثۃ ایام ولا اکثر من عشرۃ ایام فاذا رأت الدم فوق عشرۃ ایام فھی مستحاضۃ فمازاد علی ایام اقرائھا قضت ودم الحیض اسود خائر تعلوہ حمرۃ ودم المستحاضۃ اصفر رقیق (دار قطنی، نمبر ۸۳۴) (۲) عن واثلۃ بن الاسقع قال قال رسول اللہ ﷺ اقل الحیض ثلاثۃ ایام و اکثرہ عشرۃ ایام۔ (دار قطنی، کتاب الحیض، ج اول، ص ۲۲۵ / ۸۳۶)۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دس دن تک حیض ہے اسلئے جس عورت کی کوئی عادت نہ ہو وہ بالغ ہی مستحاضہ ہو کر ہوئی ہو اسکے لئے ہر مہینے میں دس روز حیض اور باقی بیس دن، یا انیس دن استحاضہ ہوگا

**فائدہ:** امام ابو یوسف کی رائے ہے کہ نماز اور روزہ کے حق میں تین دن حیض ہوگا اور باقی دن نماز اور روزے ادا کرے گی اور وطی کے حق میں دس دن حیض شمار ہوگا تاکہ دس دن تک وطی نہ کرے۔ یہ مسئلہ احتیاط پر ہے۔

**نوٹ:** باضابطہ کوئی حدیث اس کے بارے میں نہیں ملی۔

**فائدہ:** امام شافعیؒ کے نزدیک یہ ہے کہ اگر خون کالا یا سرخ ہے تو اس وقت حیض ہوگا اور باقی زمانہ استحاضہ کا شمار ہوگا۔ ان کی دلیل وہ احادیث ہیں جن میں کالے اور سرخ خون کو حیض کہا گیا ہے، انکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن فاطمۃ بنت ابی حبیش انھا کانت تستحاض فقال لھا النبی ﷺ اذا کان دم الحیض فانہ دم اسود یعرف فاذا کان ذلک فامسکی عن الصلوۃ فاذا کان الآخر فتوضئی و صلی. (ابوداؤد، باب من قال توضأ لکل صلوۃ ص ۴۸ نمبر ۳۰۴) اس حدیث میں ہے کہ خون کالا ہو تو وہ حیض ہے اور اسکے علاوہ ہو تو وہ استحاضہ ہے۔

## ﴿فصل فی المستحاضة﴾

(۱۴۹) والمستحاضة ومن به سلس البول، والرعاف الدائم، والجرح الذی لایرقأ یتوضئون لوقت کل صلوة فیصلون بذالک الوضوء فی الوقت ماشاؤا من الفرائض والنوافل ﴾ ل او قال الشافعیؒ تتوضأ المستحاضة لکل مکتوبة لقوله علیه السلام: المستحاضة تتوضأ لکل صلوة،

**ترجمه:** (۱۴۹) مستحاضہ عورت اور جس کو سلسل البول ہے یا ہمیشہ نکسیر بہتی ہے یا وہ زخم ہو جو بند نہ ہوتا ہو تو وضو کریں گے ہر نماز کے وقت کے لئے اور نماز پڑھیں گے اس وضو سے وقت میں جتنی چاہے فرائض میں سے اور نوافل میں سے۔

**تشریح:** (۱) جس کو مسلسل استحاضہ کا خون آتا ہو (۲) یا مسلسل پیشاب آتا ہو (۳) یا نکسیر پھوٹی ہو اور ہمیشہ خون آتا رہتا ہو (۴) یا زخم سے خون بند نہ ہوتا ہو اور اتنا بھی وقت نہیں ملتا ہو کہ وضو کر کے تحریمہ باندھ سکے اور فرض نماز پڑھ سکے تو ایسے لوگوں کو معذور کہتے ہیں۔ اور معذور کے لئے شریعت نے سہولت دی ہے کہ ہر فرض نماز کے وقت وضو کریں گے اور اس وضو سے فرض اور نوافل جتنی چاہے پڑھیں۔ جب وقت نکل جائے گا تو اب ضرورت پوری ہوگئی اس لئے خون نکلنے کی وجہ سے وضو ٹوٹ جائے گا۔ خون تو نکل ہی رہا تھا مجبوری اور ضرورت کی وجہ سے اس کا اعتبار نہیں کر رہے تھے۔ لیکن جب ضرورت پوری ہوگئی تو خون نکلنے کا اعتبار کر لیا گیا اور وضو توڑ دیا گیا۔ اب نئے وقت کے لئے نیا وضو کریں گے۔ اس کی دلیل یہ حدیث ہے (۱) عن النبی ﷺ انه قال فی المستحاضة تدع الصلوة ایام اقرائها التی کانت تحیض فیها ثم تغتسل و تتوضأ عند کل صلوة وتصوم وتصلی. (ترمذی شریف، باب ماجاء ان المستحاضة توضأ لکل صلوة ص ۳۳ نمبر ۱۲۶/ ابن ماجہ شریف، باب ماجاء فی المستحاضة التی قدعدت ایام اقرائها قبل ان یستمر الدم، ص ۸۸، نمبر ۶۲۴) ابن ماجہ شریف، میں یہ جملہ بھی ہے۔ توضئی لکل صلوة وان قطر الدم علی الحصیر ان احادیث سے معلوم ہوا کہ ہر نماز کے لئے وضو کرے گی۔ البتہ ہمارے یہاں نماز کی بجائے نماز کے وقت کے لئے معذور وضو کریں گے۔ کیونکہ محاورہ میں نماز بول کر نماز کا وقت مراد لیتے ہیں۔ کہتے ہیں ظہر میں آؤ یعنی ظہر کے وقت میں آؤ۔ اس لئے عند لکل صلوة سے مراد لکل وقت صلوة ہے۔ چنانچہ امام شافعیؒ کے نزدیک بھی ایک وضو سے فرض کے تحت میں بہت سے نوافل پڑھ سکتے ہیں۔ اس لئے حنفیہ اور شوافع کا مسلک قریب قریب ہو گیا۔

**ترجمه:** ل اور کہا امام شافعیؒ نے کہ مستحاضہ وضو کرے گی ہر فرض کے لئے۔ حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ مستحاضہ وضو کرے گی ہر نماز کے لئے۔

**تشریح:** حدیث کی بنا پر امام شافعیؒ کے نزدیک یہ ہے کہ معذور لوگ ہر فرض کے لئے الگ الگ وضو کریں اور اسکے تحت میں نوافل پڑھ لیں دلیل یہ حدیث گزر گئی۔ عن النبی ﷺ انه قال فی المستحاضة تدع الصلوة ایام اقرائها التی کانت

۲ ولان اعتبار طھارتھا ضرورۃ اداء المکتوبۃ فلا تبقی بعد الفراغ منھا ۳ ولنا قولہ علیہ السلام: المستحاضۃ تتوضأ لوقت کل صلوۃ ۴ وھو المراد بالاول، لان اللام تستعار للوقت، یقال : آتیک لصلوۃ الظھر، ای وقتھا، ۵ ولان الوقت اقیم مقام الاداء تیسیراً فیدار الحکم علیہ

تحیض فیھا ثم تغتسل و تتوضأ عند کل صلوۃ وتصوم وتصلی . (ترمذی شریف، باب ماجاء ان المستحاضۃ توضأ لکل صلوۃ ص ۳۳ نمبر ۱۲۶/ ابن ماجہ شریف، باب ماجاء فی المستحاضۃ التی قد عدت ایام اقرائھا قبل ان یستمر الدم، ص ۸۸، نمبر ۶۲۴) اس حدیث میں ہے کہ ہر نماز کے لئے وضو کرے۔

**ترجمہ**: ۲ اور اسلئے کہ مستحاضہ کی طہارت کا اعتبار فرض کی ادائیگی کی ضرورت کی بنا پر ہے، اسلئے اس سے فارغ ہونے کے بعد باقی نہیں رہے گی۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ مستحاضہ اور معذور لوگوں سے مسلسل خون گر رہا ہے اسلئے قاعدے کے اعتبار سے انکا وضو ٹوٹ جانا چاہئے لیکن فرض کی ادائیگی کی ضرورت کے لئے وضو باقی رکھا، اور جب فرض کی ادائیگی ہوگئی تو اب ضرورت پوری ہوگئی اسلئے اب وضو باقی نہیں رہنا چاہئے۔ اب اگلے فرض کا وقت آئے گا اور وضو کی ضرورت پڑے گی تو پھر اسکے لئے نیا وضو کیا جائے گا۔

**ترجمہ**: ۳ اور ہماری دلیل حضورؐ کا قول مستحاضہ ہر نماز کے وقت کے لئے وضو کرے۔ یہ حدیث، کہ نماز کے وقت کے لئے نہیں ملتی، صاحب نصب الرایۃ نے غریب جدا، کہا ہے، (نصب الرایۃ ، باب الحیض والاستحاضہ، ج اول، ص ۲۶۶ )

**ترجمہ**: ۴ اور وہی مراد ہے پہلی حدیث کی اسلئے کہ لام وقت کے لئے مستعار لیا جاتا ہے، کہا جاتا ہے، آتیک لصلوۃ الظھر ۔ میں تمہارے پاس ظہر کی نماز کے لئے آؤنگا، یعنی ظہر کے وقت آؤنگا۔

**تشریح** : فرماتے ہیں کہ امام شافعیؒ کی پیش کردہ حدیث میں جو توضئی لکل صلوۃ ، ہے اس لام کے معنی بھی وقت کے ہیں، کیونکہ لام کو وقت کے معنی میں مستعار لیا جاتا ہے، لوگ کہتے ہیں آتیک لصلوۃ الظھر ، اس کا ترجمہ صرف یہ نہیں ہوتا ہے کہ ظہر کی نماز میں آؤنگا، بلکہ ترجمہ ہوتا ہے کہ میں تمہارے پاس ظہر کے وقت میں آؤنگا، تو لام وقت کے معنی میں ہے اور توضئی لکل صلوۃ ، کا ترجمہ ہوا ہر نماز کے وقت کے لئے وضو کرو ۔

**ترجمہ**: ۵ اور اسلئے بھی کہ وقت کو ادا کے قائم مقام کیا گیا ہے آسانی کے لئے اسلئے حکم اسی پر رکھا جائے گا۔

**تشریح**: انسان کی سہولت کے لئے وقت کو ادا کے قائم مقام کیا گیا ہے یعنی جب یہ وقت آجائے تو اس میں نماز ادا کرلو، پس جب وقت کو ادا کا سبب بنایا تو معذور کے وضو کے ٹوٹنے کا سبب بھی وقت ہی کو بنایا جائے، کہ جب نکل گیا تو پچھلا حدث لوٹ آیا اور اسکی وجہ سے وضو ٹوٹ گیا۔

(۱۵۰) و اذا خرج الوقت بطل وضوء هم، و استانفوا الوضوء لصلوة اخرى ﴾ ۱ و هذا عنداصحابنا الثلاثة ۲ وقال زفرؒ استانفوا اذا دخل الوقت، (۱۵۱) فان توضئوا حين تطلع الشمس اجزاهم حتى يذهب وقت الظهر﴾ ۱ وهذا عند ابی حنيفةؒ ومحمدؒ ۲ وقال ابو يوسفؒ و زفرؒ اجزاهم حتى يدخل وقت الظهر،

**نوٹ:** احادیث میں ہر نماز کے لئے غسل کرنے کا حکم گزرا وہ استحباب کے طور پر ہے یا علاج کے طور پر ہے۔

**لغت:** سلسل البول؛ جن کو ہر وقت پیشاب کا قطرہ آتا رہتا ہو۔ الرعاف الدائم ؛ ہمیشہ نکسیر پھوٹتی رہتی ہو۔ لا یرقأ؛ خون بند نہ ہوتا ہو۔

**ترجمہ:** (۱۵۰) اور جب وقت نکل جائے تو ان سب کے وضو باطل ہو جائیں گے، دوسری نماز کے لئے یہ لوگ الگ سے وضو کریں۔

**ترجمہ:** ۱ یہ ہمارے تینوں اصحاب کے نزدیک ہے۔

**تشریح:** امام ابو حنیفہؒ، امام محمدؒ، امام ابو یوسفؒ کے نزدیک یہ ہے کہ معذور لوگوں کا وقت نکل جائے تو وقت کے نکلنے سے وضو ٹوٹ جائے گا۔

**ترجمہ:** ۲ اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ جب وقت داخل ہو تو اس سے وضو شروع کرے۔

**تشریح:** امام زفرؒ نے فرمایا کہ وقت کے نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹے گا بلکہ وقت کے داخل ہونے سے وضو ٹوٹے گا۔ مثلا کسی معذور نے فجر کی نماز سے وضو کیا اور اس سے نماز پڑھی، پھر چھ بجے فجر کا وقت نکل گیا تو اس سے امام زفرؒ کے نزدیک وضو نہیں ٹوٹا، اب ساڑھے بارہ بجے ظہر کا وقت داخل ہو تو اس داخل ہونے سے اسکا وضو ٹوٹے گا۔

**ترجمہ:** (۱۵۱) پس اگر سورج کے طلوع ہوتے وقت وضو کیا تو اسکو کافی ہوگا یہاں تک کہ ظہر کا وقت ختم ہو جائے۔

**ترجمہ:** ۱ یہ امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک ہے۔

**تشریح:** قاعدہ گزر چکا ہے کہ ہمارے یہاں وقت کے نکلنے سے معذور کا وضو ٹوٹتا ہے، اسی قاعدے پر یہ مسئلہ متفرع ہے، کہ کسی نے سورج کے نکلنے کے بعد وضو کیا تو اگر کوئی حدث پیش نہیں آیا تو اس وضو سے ظہر کے وقت کے ختم ہونے تک نماز پڑھ سکتا ہے، کیونکہ ساڑھے بارہ بجے ظہر کا وقت داخل ہوا ہے نماز کا کوئی وقت نہیں نکلا ہے، نماز کا وقت نکل رہا ہے ظہر کا وقت ختم ہونے پر اسلئے ظہر کے وقت ختم ہونے تک نماز پڑھ سکتا ہے۔

**ترجمہ:** ۲ اور فرمایا امام ابو یوسفؒ اور امام زفرؒ نے کہ اسکو کافی ہوگا ظہر کے وقت داخل ہوتے وقت تک۔

۳؎ و حاصله ان طهارة المعذور تنتقض بخروج الوقت بالحدث السابق عند ابی حنيفةؒ و محمدؒ، و بدخول الوقت عند زفرؒ، و بايهما كان عند ابی يوسفؒ، ۴؎ و فائدة الاختلاف لا تظهر الا فيمن توضأ قبل الزوال كما ذكرنا او قبل طلوع الشمس، ۵؎ لزفرؒ: ان اعتبار الطهارة مع المنافی للحاجة الى الاداء، و لا حاجة قبل الوقت فلا تعتبر،

---

**تشریح**: امام ابو یوسف کے نزدیکؒ وقت کے داخل ہونے سے بھی معذور کا وضو ٹوٹتا ہے اور وقت کے نکلنے سے بھی اسلئے ظہر کا وقت جیسے ہی داخل ہوا تو وضو ٹوٹ جائے گا، اسی طرح امام زفرؒ کے نزدیک صرف وقت کے داخل ہونے سے وضو ٹوٹتا ہے اسلئے ظہر کا وقت جیسے ہی داخل ہو وضو ٹوٹ جائیگا۔

**ترجمہ**: ۳؎ اسکا حاصل یہ ہے کہ معذور کی طھارت وقت کے نکلنے سے ٹوٹتا ہے حدث سابق کی وجہ سے امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک، اور وقت کے داخل ہونے سے امام زفرؒ کے نزدیک اور دونوں میں سے جون سا بھی ہو امام ابو یوسفؒ کے نزدیک۔

**تشریح**: یہ بات گزر گئی ہے کہ امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک وقت کے نکلنے سے معذور کا وضو ٹوٹتا ہے، اور امام زفرؒ کے نزدیک وقت کے داخل ہونے سے، اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک وقت کے نکلنے سے بھی اور وقت کے داخل ہونے سے بھی وضو ٹوٹتا ہے۔

**ترجمہ**: ۴؎ اختلاف کا فائدہ نہیں ظاہر ہوگا مگر اس صورت میں کہ کسی نے زوال سے پہلے وضو کیا، جیسا کہ ذکر کیا، یا سورج طلوع سے پہلے۔

**تشریح**: قاعدے میں اختلاف کا فائدہ اس صورت میں ظاہر ہوگا کہ کسی آدمی نے زوال سے پہلے وضو کیا تو ظہر کا وقت داخل ہوتے ہی امام زفر اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک وضو ٹوٹ گیا اس لئے اس وضو سے نماز نہیں پڑھ سکتا، اور امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک پڑھ سکتا ہے کیونکہ کوئی وقت ابھی نکلا نہیں ہے بلکہ داخل ہوا ہے۔ اور اگر سورج کے طلوع ہونے سے پہلے وضو کیا تو سورج نکلنے کے بعد اس وضو سے امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک نماز نہیں پڑھ سکتا کیونکہ یہاں وقت نکلا ہے، اور امام زفرؒ کے نزدیک نماز پڑھ سکتا ہے، کیونکہ کسی نماز کا وقت داخل نہیں ہوا ہے۔

**ترجمہ**: ۵؎ امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ منافی کے باوجود پاکی کا اعتبار ادا کی ضرورت کی بنا پر ہے اور وقت سے پہلے کوئی ضرورت نہیں ہے اسلئے پاکی کا اعتبار نہیں۔

**تشریح**: خون گر رہا ہے اسکے باوجود پاکی کا حکم لگانا اس وجہ سے ہے کہ نماز ادا ہو جائے ورنہ تو وہ نماز ہی نہیں پڑھ سکیں گے اور ادا کی ضرورت پڑے گی وقت داخل ہونے کے بعد اس سے پہلے وضو کی ضرورت نہیں ہے اس لئے وقت داخل ہونے سے پہلے جو

ﷲ و لابي يوسف: ان الحاجة مقصورة على الوقت فلا يعتبر قبله و لا بعده ﷳ ولهما انه لابد من تقديم الطهارة على الوقت ليتمكن من الاداء كما دخل الوقت و خروج الوقت دليل زوال الحاجة، فظهر اعتبار الحدث عنده ﷴ والمراد بالوقت: وقت المفروضة حتى لوتوضأ المعذور لصلوة العيد له ان يصلي الظهربه عندهما، و هوالصحيح،لانها بمنزلة صلوة الضحى، ﷵو لو توضأ مرة للظهر في وقته و اخرىٰ فيه للعصر فعندهماليس له ان يصلي العصربه لانتقاضه بخروج وقت المفروضة،

---

وضو ہے وہ ختم ہوجائے گا۔

**ترجمہ**: ﷲ اور امام ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ ضرورت وقت پر منحصر ہے اسلئے اس سے پہلے بھی اسکا اعتبار نہیں اور اسکے بعد بھی اسکا اعتبار نہیں۔

**ترجمہ**: ﷳ اور امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کی دلیل یہ ہے کہ طہارت کو وقت سے پہلے کرنا ضروری ہے تاکہ وقت داخل ہوتے ہی نماز ادا کرنا ممکن ہو، اور وقت کا نکلنا ضرورت کے ختم ہونے کی دلیل ہے اسلئے اس وقت حدث کا اعتبار ظاہر ہوا۔

**تشریح**: طرفین کی دلیل یہ ہے کہ وقت سے پہلے بھی وضو کرنے کی اجازت ہونی چاہئے تاکہ نماز کا وقت داخل ہوتے ہی نماز پڑھ سکے اسلئے وقت کے داخل ہونے سے وضو نہیں ٹوٹنا چاہئے، اور جب وقت نکل گیا تو اب اس نماز کے پڑھنے کی ضرورت نہیں رہی اسلئے اس وضو کی ضرورت نہیں رہی اسلئے وقت کے نکلنے سے وضو ٹوٹ جائے گا۔

**حاصل**: یہ ہے کہ معذور کی طہارت ضرورت کی بنا پر تھی اور وقت نکلنے سے ضرورت نہیں رہی اسلئے اس سے وضو ٹوٹ جائے گا۔

**ترجمہ**: ﷴ وقت سے فرض کا وقت مراد ہے، یہاں تک کہ اگر معذور نے عید کی نماز کے لئے وضو کیا تو اسکے لئے امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک ظہر کی نماز پڑھنا جائز ہے، اور صحیح بات یہی ہے اسلئے کہ نماز عید چاشت کی نماز کی طرح ہے۔

**تشریح**: متن جو ہے کہ وقت نکلنے سے وضو ٹوٹ جائے گا اس وقت سے فرض کا وقت مراد ہے، چنانچہ اگر عید کی نماز کے لئے وضو کیا اور عید کا وقت نکل گیا تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا اسلئے کہ عید کا وقت فرض نہیں ہے وہ تو چاشت کی نماز کی طرح نفل ہے۔

**ترجمہ**: ﷵ اگر کسی نے ایک مرتبہ نماز ظہر کے لئے وضو کیا پھر ظہر ہی کے وقت میں دوسری مرتبہ نماز عصر کے لئے وضو کیا تو طرفین کے نزدیک اسکے لئے جائز نہیں ہے کہ اس سے عصر کی نماز پڑھے اسلئے کہ فرض وقت نکلنے کی وجہ سے وضو ٹوٹ گیا۔

**تشریح**: ایک آدمی نے ظہر کے وقت میں ظہر کی نماز کے لئے وضو کیا، اسکو پڑھنے کے بعد پھر ظہر ہی کے وقت میں عصر کی نماز کے لئے دوبارہ وضو کیا، تو اس وضو سے عصر کی نماز نہیں پڑھ سکتا، اسکی وجہ یہ ہے کہ اس وضو پر بھی ظہر کا وقت نکلا، اور وقت نکلنے سے وضو ٹوٹتا ہے اسلئے اسکا وضو ٹوٹ گیا اسلئے اس سے عصر کی نماز نہیں پڑھ سکتا۔

۱۰ و المستحاضة هي التي لا يمضي عليها وقت صلوة الا و الحدث الذي ابتليت به يوجد فيه، ۱۱ و كذا كل من هو في معناها، و هو من ذكرناه، و من به استطلاق بطن، و انفلات ريح لان الضرورة بهذا يتحقق و هي تعم الكل

---

**ترجمه** : ۱۰ اور مستحاضہ وہ ہے کہ اس کا کوئی بھی نماز کا وقت نہیں گزرتا ہو مگر اس میں وہ حدث پایا جاتا ہو جس میں وہ مبتلا ہو۔

**تشریح** : کس وقت کسی کو معذور قرار دیا جائے گا اسکا قاعدہ بیان کیا جار ہا ہے۔ فرماتے ہیں کہ، جب بھی نماز کا وقت آتا ہو تو یہ عذر پایا جاتا ہو، وقت میں اتنا بھی ٹائم نہیں ملتا ہو کہ وضو کر کے تحریمہ باندھ سکے۔ مثلا استحاضہ کا خون ہر وقت گرتا رہتا ہے دن کے پانچوں نمازوں میں پانچ منٹ کا بھی وقت نہیں ملتا کہ اس میں خون بند رہتا ہو، ایسی صورت میں اسکو معذور قرار دیا جائے گا۔ جب اسکو معذور قرار دے دیا گیا تو چاہے اسکا خون گرتا رہے وضو نہیں ٹوٹے گا، البتہ اگر کوئی اور حدث ہوا تو اس سے وضو ٹوٹے گا۔ بعد میں جب اتنا خون بند ہو جائے کہ نماز کے پورے وقت میں ایک مرتبہ بھی خون نہ آئے تو اب وہ معذور نہیں رہے گا۔

**ترجمه** : ۱۱ اور یہی حکم ہے ہر اس معذور کا جو اسکے معنی میں ہو، جسکو میں نے ذکر کیا، اور جسکو پیٹ چلنے کی بیماری ہو، اور ہوا نکلنے کی بیماری ہو، کیونکہ ضرورت اس عذر کے ساتھ متحقق ہو جاتی ہے، اور ضرورت سب کو عام ہے۔

**تشریح** : جن معذروں کا حال اس طرح ہے کہ عذر پورے وقت کو گھیرے ہوئے ہے اور پانچوں نمازوں میں، یعنی ایک دن ایک رات یہ صورت بحال رہے تو اس سے معذور ہو جاتا ہے اور اس پر معذور کا حکم لاگو ہو جاتا ہے، جیسے کسی کو مسلسل پیخانہ آنے کی بیماری ہو کہ نماز کے وقت میں پانچ منٹ بھی نہیں ملتا کہ پیخانہ آ جاتا ہے تو وہ بھی معذور کے حکم میں ہو جائے گا اور چاہے پیخانہ آتا رہتا ہو پھر بھی اسکے لئے نماز پڑھنا جائز ہے۔ اسی طرح کسی کو مسلسل ہوا نکلتی ہو کہ نماز کے وقت میں پانچ منٹ کا وقت بھی نہیں ملتا ہو تو وہ معذور کے حکم میں ہو جائے گا اور اسکے لئے ہوا نکلنے کے باوجود نماز پڑھنا جائز ہوگا۔

اور معذور ہو جانے کے بعد جب اتنا افاقہ ہو جائے کہ نماز کے وقت میں ایک مرتبہ بھی وہ حدث نہ آئے تو اب اسکو صحت مند قرار دیں گے، اور اب یہ معذور نہیں رہے گا۔

**لغت** : یتمکن: قدرت ہو سکے گی۔ صلاۃ الضحی : چاشت کی نماز۔ ابتلیت: مبتلا ہوئی ہو۔ استطلاق بطن : طلق کا ترجمہ ہے چھوٹنا، یہاں مراد ہے، پیٹ کا چلنا، ہر وقت پیخانہ ہوتے رہنا۔ انفلات ریح: فلت سے مشتق ہے چھوٹنا، اسلئے انفلات ریح کا ترجمہ ہوا اچانک ہوا نکل جانا۔

## ﴿فصل فی النفاس﴾

(۱۵۲)و النفاس هو الدم الخارج عقيب الولادة﴾ لانه ماخوذ من تنفس الرحم بالدم، او من خروج النفس، بمعنى الولد، او بمعنى الدم (۱۵۳) و الدم الذى تراه الحامل ابتداء، او حال ولادتها قبل خروج الولد استحاضة، وان كان ممتدا ﴾

## ﴿ نفاس کا بیان ﴾

**ترجمہ**: (۱۵۲) نفاس وہ خون ہے جو بچہ پیدا ہونے کے بعد نکلے۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ نفاس تنفس الرحم بالدم، سے مشتق ہے، یا خروج النفس سے مشتق ہے، جسکا معنی ہے بچے کا نکلنا، یا خون کا نکلنا۔

**تشریح** : اس عبارت میں نفاس کا معنی بیان کیا جا رہا ہے کہ یہ جملہ تنفس الرحم بالدم سے مشتق ہے، جسکا ترجمہ ہے رحم نے خون پھینکا۔ یا یہ مشتق ہے خروج النفس سے، اور نفس کے دو معنی ہیں خون یا بچہ، اگر خون لیا جائے تو ترجمہ ہوگا رحم سے خون نکلا، اور اگر بچہ مراد لیا جائے تو ترجمہ ہوگا رحم سے بچہ نکلا۔ بہر حال نفاس اس خون کو کہتے ہیں جو بچہ پیدا ہونے کے بعد رحم سے نکلے۔

**لغت** : عقیب : بعد میں، پیچھے

**ترجمہ**: (۱۵۳) وہ خون جو حاملہ عورت شروع میں دیکھے یا عورت جو ولادت کی حالت میں دیکھے بچہ نکلنے سے پہلے وہ استحاضہ ہے۔ چاہے خون کی مدت حیض کی مدت جتنی ہو۔

**تشریح**: حاملہ عورت حمل کی حالت میں خون دیکھے یا بچہ پیدا ہونے سے پہلے عورت کو جو خون آتا ہے وہ استحاضہ کا خون ہے۔ چاہے وہ خون تین دن سے زیادہ تک آتا رہا ہو، اور اسکی مدت حیض کی مدت تک ہو پھر بھی وہ خون استحاضہ کا ہی شمار کیا جائے گا۔

**وجہ**: (۱) کیونکہ نفاس اس خون کو کہتے ہیں جو بچہ پیدا ہونے کے بعد ہو اور یہ بچہ پیدا ہونے سے پہلے ہے۔ اور حیض اس لئے نہیں ہوسکتا کہ وہ خالی رحم سے نکلتا ہے اور یہاں رحم بچے سے بھرا ہوا ہے (۲) حیض کی جھلیاں کٹ کٹ کر گرتی ہیں تو حیض ہوتا ہے اور بچہ کی حالت میں بچہ کا آنول جھلیوں کے ساتھ چپکا ہوتا ہے اس لئے جھلیاں نہیں کٹ سکے گی اس لئے وہ حیض کا خون نہیں ہے۔ اسی طرح بچہ کی وجہ سے رحم کا منہ بند ہے اس لئے نہ حیض آسکتا ہے اور نہ نفاس۔ اس لئے وہ استحاضہ کا خون ہے۔ (۳) اثر میں ہے۔ عن الحسن فی الحامل ترى الدم قالا : هى بمنزلة المستحاضة تغسل كل يوم مرة عند صلوة الظهر۔ (مصنف عبد الرزاق، باب الحامل تری الدم، ج اول، ص ۳۱۶، نمبر ۱۲۱۰) اس اثر میں ہے کہ حاملہ عورت کا خون استحاضۃ ہے، اور چونکہ بچہ پیدا ہونے سے پہلے پہلے تک حاملہ ہے اسلئے اس وقت بھی جو خون نکلے گا وہ اثر کی بنا پر استحاضۃ ہوگا۔

۱؎ وقال الشافعیؒ: حیض اعتباراً بالنفاس، اذ هما جمیعا من الرحم، ۲؎ و لنا ان بالحمل ینسد فم الرحم کذا العادة، و النفاس بعد انفتاحه بخروج الولد، ۳؎ ولهذا کان نفاساً بعد خروج بعض الولد فیما یروی عن ابی حنیفةؒ و محمد لانه ینفتح فیتنفس به (۱۵۴) و السقط الذی استبان بعض خلقه ولد﴾ ۱؎ حتی تصیر به نفساء، و تصیر الامة ام ولد به، و کذا العدة تنقضی به

**ترجمہ**: ۱؎ اورامام شافعیؒ نے فرمایا کہ یہ حیض ہے نفاس پر قیاس کرتے ہوئے اسلئے کہ دونوں خون رحم سے ہیں۔

**تشریح**: امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ حاملہ عورت کے رحم سے جوخون نکلے وہ حیض کا خون ہے، اوراس پر حیض کے احکام جاری ہونگے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ بچہ پیدا ہونے کے بعد تو نفاس ہے اس سے قبل حیض ہونا چاہئے کیونکہ دونوں خون رحم سے ہی آتے ہیں۔ نوٹ: اس سے زیادہ مطلب سمجھ میں نہیں آتا۔ (۲) عن الزهری و قتادة قالا: اذا رأت الحامل الدم و ان حیضتها علی قدر أقرائها فانها تمسک عن الصلوة کما تصنع الحائض . (مصنف عبدالرزاق، باب الحامل تری الدم، ج اول، ص ۳۱۶، نمبر ۱۲۰۹) اس اثر میں ہے کہ حاملہ عورت کا خون حیض کا خون ہوگا۔

**ترجمہ**: ۲؎ ہماری دلیل یہ ہے کہ حمل کی وجہ سے رحم کا منہ بند ہوجاتا ہے عادت یہی ہے، اور نفاس بچے کے نکلنے کی وجہ سے رحم کے کھلنے کے بعد ہوتا ہے۔

**تشریح**: حمل کی وجہ سے رحم کا منہ بند ہوجاتا ہے اسلئے نہ حیض نکل سکتا ہے اور نہ نفاس نکل سکتا ہے اسلئے اب استحاضہ ہی نکلے گا۔ یہی وجہ ہے کہ نفاس بچہ نکلنے کے بعد آتا ہے۔ اسلئے وہ استحاضہ ہوگا۔

**ترجمہ**: ۳؎ اسی لئے نفاس بچے کا کچھ حصہ نکلنے کے بعد ہوتا ہے، جیسا کہ امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ سے روایت ہے اسلئے کہ اب رحم کھل گیا پس اسکی وجہ سے نفاس ہوگا۔

**تشریح**: چونکہ بچہ نکلنے کے بعد رحم کا منہ کھلتا ہے اور نفاس ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کی ایک روایت ہے کہ بچے کا کچھ حصہ رحم سے نکل جائے اور اسکے بعد خون آئے تو اس خون کو بھی نفاس کہا جائے گا کیونکہ بچے کا کچھ حصہ تو نکل گیا۔ لیکن بچے کا کچھ حصہ بھی نہ نکلا ہو تو نفاس نہیں کہا جائے گا، وہ استحاضہ ہوگا۔

**ترجمہ**: (۱۵۴) اور ناتمام بچہ جسکی بعض خلقت ظاہر ہوچکی ہو وہ پورا بچہ ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ یہاں تک کہ اس سے عورت نفساء ہوجائے گی، اور باندی ام ولد ہوجائے گی، ایسے ہی اس سے عدت پوری ہو جائے گی۔

**تشریح**: پورا بچہ پیدا ہو تو اس سے عورت نفاس والی ہوتی ہے لیکن ایسا بچہ پیدا ہو جو ابھی مکمل نہیں ہے صرف ہاتھ پاؤں اور

**(١٥٥) و اقل النفاس لا حد له ﴾ ١ لان تقدم الولد علم الخروج من الرحم فاغنى عن امتداد جعل علماً عليه، بخلاف الحيض**

---

انگلیوں کے نشانات بنے ہیں (جسکو سقط کہتے ہیں) تو اس سے بھی عورت نفاس والی ہو جائے گی، اسکی وجہ یہ ہے کہ اس بچے کے پیدا ہونے سے بھی رحم کا منہ کا کھل جاتا ہے اسلئے یہ عورت نفاس والی ہوگی اور اس پر نفاس کے تمام احکام جاری ہونگے۔ مثلا (١) اگر باندی تھی اور آقا سے سقط پیدا ہوا تو باندی ام ولد بن جائے گی، جس طرح پورا بچہ پیدا ہونے سے ام ولد بنتی ہے۔ (٢) اگر حمل کی حالت میں طلاق ہوئی تھی اور وضع حمل اسکی عدت تھی تو سقط پیدا ہونے سے عدت گزر جائے گی۔ کیونکہ یہ مکمل نفساء ہے۔

**ترجمہ**: (١٥٥) نفاس کی کم سے کم مدت کے لئے کوئی حد نہیں ہے۔

**وجہ** : نفاس کی کم سے کم کوئی مدت نہیں ہے، وہ چند منٹ بھی ہو سکتی ہے۔ اسکی دلیل یہ حدیث ہے عن انس قال قال رسول الله ﷺ وقت النفاس اربعون یوما الا ان تری الطهر قبل ذلک. (دار قطنی، کتاب الحیض، ج اول ص ٢٢٦، نمبر ٨٤١ / ترمذی شریف حدیث نمبر ١٣٩) الا ان تری الطهر قبل ذلک سے معلوم ہوا کہ چالیس دن سے پہلے خون بند ہو جائے تو چاہے چند گھنٹے کے بعد خون بند ہو جائے عورت پاک ہو جائے گی۔ (٢) عن عبد الله بن عمرو قال: قال رسول الله ﷺ: تنتظر النفساء أربعين ليلة، فان رأت الطهر قبل ذالک فهی طاهر، و ان جاوزت الاربعين فهی بمنزلة المستحاضة، تغتسل و تصلی، فان غلبها الدم توضأت لكل صلوة۔ (دار قطنی، باب الحیض، ج اول، ص ٢٢٨، نمبر ٨٤٧) اس حدیث میں ہے کہ چالیس دن سے پہلے بھی طہر دیکھے تو وہ پاک شمار کی جائے گی (٣) حدیث میں ہے۔ عن معاذ بن جبل عن النبی ﷺ قال: اذا مضى للنفساء سبع ثم رأت الطهر فلتغتسل و لتصل۔ (سنن للبیہقی، باب النفاس، ج اول، ص ٥٠٥، نمبر ١٦١٧) اس حدیث میں ہے کہ سات روز کے بعد پاک ہو جائے تو بھی پاک سمجھی جائے گی، اس سے معلوم ہوا کہ کم سے کم کی کوئی حد نہیں ہے۔

**ترجمہ** : ١ اسلئے کہ بچے کا پہلے آنا رحم سے نکلنے کی علامت ہے پس ایسے امتداد سے بے پروائی ہوئی جسکو اس پر علامت قرار دیا جائے بخلاف حیض کے۔

**تشریح** : حیض میں تین دن تک کی مدت کو حیض آنے کی علامت قرار دی گئی کہ تین دن تک آئے تو سمجھا جائے گا کہ یہ حیض ہے اور اس سے کم آئے تو سمجھا جائے گا کہ یہ استحاضہ ہے۔ لیکن نفاس معلوم کرنے کے لئے کسی مدت کو متعین کرنے کی ضرورت نہیں ہے اسلئے کہ رحم سے بچہ نکل چکا ہے جو اس بات کی علامت ہے کہ اسکے بعد کا خون بہر حال نفاس ہے اور جب کسی مدت کو متعین کرنے کی ضرورت نہیں تو کم سے کم مدت متعین کرنے کی بھی ضرورت نہیں ہے اسلئے نفاس کے لئے کم سے کم مدت نہیں ہے۔ یہ دلیل عقلی ہے

(۱۵۶) و اکثرہ اربعون یوماً، و الزائد علیہ استحاضۃ ﴾ ا لحدیث ام سلمۃؓ ان النبی علیہ السلام وقت للنفساء اربعین یوماً ۲ وھو حجۃ علی الشافعیؒ فی اعتبار الستین (۱۵۷) ولو جاوز الدم الاربعین و کانت ولدت قبل ذالک ولھا عادۃ فی النفاس ردت الی ایام عادتھا لما بینا فی الحیض ﴾

**ترجمہ:** (۱۵۶) اوراس کی زیادہ مدت چالیس دن ہیں اور جو اس سے زیادہ ہو وہ استحاضہ ہے۔

**ترجمہ:** ا حضرت ام سلمہؓ کی حدیث کی وجہ سے کہ حضورؐ نے نفساء کے لئے چالیس دن مقرر فرمایا۔

**وجہ:** حدیث میں ہے عن ام سلمۃ قالت کانت النفساء تجلس علی عھد رسول اللہ ﷺ اربعین یوما ۔ ( ترمذی شریف، باب ما جاء فی کم تمکث النفساء ص ۳۵ نمبر ۱۳۹) اور ابو داؤد شریف کی روایت میں یہ جملہ زیادہ ہے۔ لا یأمر ھا النبی ﷺ بقضاء صلوۃ النفاس . (ابو داؤد شریف، باب ما جاء فی وقت النفساء ص ۴۹ نمبر ۳۱۲) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ نفاس کی زیادہ سے زیادہ مدت چالیس دن ہے۔ اس کے بعد جو خون آئے گا وہ استحاضہ ہوگا۔ اور کم کی کوئی حد نہیں ہے۔ اس کی دلیل یہ حدیث ہے۔

**ترجمہ:** ۲ یہ حدیث امام شافعیؒ پر حجت ہے ساٹھ دن کے اعتبار کرنے میں ۔

امام شافعیؒ کا کوئی ضعیف قول ہے کہ ساٹھ دن تک بھی خون آئے تو وہ نفاس کا ہوگا اس پر یہ حدیث حجت ہوگی، انکی دلیل یہ اثر ہوسکتا ہے۔ قال الشعبیؒ : تنتظر کأ قصی ما ینتظر ، قال حسبتہ قال : شھرین ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب البکر والنفساء، ج اول، ص ۳۱۳، نمبر ۱۱۹۹ر سنن للبیہقی، باب النفاس، ج اول، ص ۵۰۵، نمبر ۱۶۱۴) اس اثر میں ہے کہ ساٹھ دن بھی عورت نفاس والی رہ سکتی ہے۔

**ترجمہ:** (۱۵۷) نفاس کا خون چالیس دن سے تجاوز کر جائے حالانکہ یہ عورت اس سے پہلے بچہ جن چکی تھی اور اس کے لئے نفاس میں عادت تھی تو نفاس کا خون لوٹایا جائے گا اس کی عادت کی طرف (جیسے کہ کتاب الحیض میں بیان کیا)۔

**تشریح:** جس عورت کو پہلے بچہ پیدا ہو چکا ہو اور نفاس کے لئے اس کی ایک عادت ہو مثلا پچیس روز نفاس آتا ہو اب اس کو پچاس روز تک خون آ گیا تو دس روز تو یقینا استحاضہ ہے اس لئے اس دس روز کے ساتھ باقی پندرہ دن بھی استحاضہ شمار کیا جائے گا۔ اور اس کی پہلی عادت کے مطابق پچیس روز ہی نفاس ہوگا۔ کیونکہ چالیس دن کے بعد والے دس دن استحاضہ ہے تو معلوم ہوا کہ پچیس دن کے بعد بھی استحاضہ ہی آیا ہے۔ اور اگر اس عورت کی کوئی عادت نہیں ہے تو حدیث کے مطابق چالیس روز نفاس ہوگا اور باقی دن استحاضہ ہوگا۔ عادت کی طرف پھیرنے کی دلیل یہ حیض والی حدیث ہے۔ قالت عائشہ رأیت مرکنھا ملآن دما فقال لھا رسول اللہ ﷺ امکثی قدر ما کانت تحبسک حیضتک ثم اغتسلی و صلی (مسلم شریف، باب المستحاضۃ و

**(۱۵۸) و ان لم تکن لها عادة فابتداء نفاسها اربعون یوماً ﴾ ل لانه امکن جعله نفاساً (۱۵۹) فان ولدت ولدین فی بطن واحد فنفاسها من الولد الاول عند ابی حنیفةؒ، وابی یوسفؒ و ان کان بین الولدین اربعون یوماً، و قال محمدؒ من الولد الآخر﴾**

غسلھا وصلواتھا ص ۱۵۱ نمبر ۳۴۴) اس حدیث میں ہے کہ عادت کے بعد سب استحاضہ ہوگا (۲) عن النبی ﷺ قال فی المستحاضة یدع الصلوة ایام اقرائها التی کانت تحیض فیها ثم تغتسل وتتوضأ عند کل صلوة وتصوم وتصلی. (ترمذی شریف، باب ماجاء ان المستحاضة تتوضأ لکل صلوة ص ۳۳ نمبر ۱۲۶/ابوداود شریف، باب اذا اقبلت الحیضة تدع الصلاة، ص ۴۳ ،نمبر ۲۸۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورت کے حیض کے لئے عادت معروفہ ہو اور دس دن سے زیادہ خون آ گیا تو عادت سے زیادہ جتنا زیادہ ہوگا سب استحاضہ ہوگا اور اسی پر قیاس کر کے نفاس میں بھی عادت سے جتنا زیادہ ہوگا وہ سب استحاضہ ہوگا

**ترجمہ:** (۱۵۸) اور اگر اس کی عادت نہ ہو تو اس کے نفاس کی مدت چالیس دن ہے۔

**ترجمہ:** ل اسلئے کہ اسکو نفاس قرار دینا ممکن ہے۔

**تشریح:** اور جسکی عادت نہیں ہے اور اسکو مثلا پچاس دن خون آ گیا تو اسکے لئے چالیس دن نفاس ہوگا اور باقی دن استحاضہ ہوگا۔ اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن عبد الله بن عمرو قال :قال رسول الله ﷺ : تنتظر النفساء أربعين ليلة ، فان رأت الطهر قبل ذالک فهی طاهر ، و ان جاوزت الاربعین فهی بمنزلة المستحاضة ، تغتسل و تصلی ، فان غلبها الدم توضأت لکل صلوة ۔ (دارقطنی ،باب الحیض ،ج اول ،ص ۲۲۸ ،نمبر ۸۴۷) اس حدیث میں ہے کہ چالیس دن سے جو زیادہ ہو وہ استحاضہ ہے۔

**ترجمہ:** (۱۵۹) کسی عورت نے ایک ہی حمل سے دو بچے دیئے تو اس کا نفاس وہ خون ہے جو پہلے بچے کے بعد نکلے امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک۔ اگر چہ دونوں بچوں کے درمیان چالیس دن ہی کیوں نہ ہوں، اور امام محمد اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ دوسرے بچے کے بعد۔

**تشریح:** عورت نے ایک ہی حمل سے دو بچے دئے تو پہلے بچے کے بعد جو خون آئے گا وہیں سے نفاس شروع ہو جائے گا، چاہے دونوں بچے کے پیدا ہونے کے درمیان چالیس دن کا وقفہ ہو۔ کیونکہ چھ مہینے سے پہلے جو بچہ پیدا ہوگا وہ ایک ہی حمل سے شمار کیا جائے گا۔ اور امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ پہلے بچے کے بعد جو خون آئے گا وہ استحاضہ ہے، اور دوسرے بچے کے بعد جو خون آئے گا وہ نفاس کا خون ہوگا۔

**وجہ:** امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ ایک بچہ پیدا ہونے کے بعد رحم کا منہ کھل گیا اور انسان بھی پیدا ہو گیا جس سے

**۱** و هو قول زفرؒ لانها حامل بعد الوضع الاول فلا تصیر نفساء، کما انها لا تحیض، و لهذا تنقضی العدة بالاخیر بالاجماع **۲** و لهما ان الحامل انما لا تحیض لانسداد فم الرحم علی ما ذکر نا، و قد انفتح بخروج الاول و تنفس بالدم فکان نفاساً

لفظ نفاس مشتق ہے۔اس لئے پہلے بچے کے بعد جو خون نکلے گا وہ سب نفاس شمار کیا جائے گا۔اور امام محمد اور زفر فرماتے ہیں کہ ایک بچہ پیٹ میں موجود ہے اس لئے عورت ابھی حاملہ ہے اور حمل کی حالت میں جو خون آتا ہے وہ استحاضہ کا خون ہوتا ہے۔اس لئے پہلے بچے کے بعد جو خون ہے وہ استحاضہ کا خون ہوگا۔دوسری بات یہ ہے کہ ابھی رحم کا منہ بھی پورا کھلا ہوا نہیں ہے جب تک کہ دوسرا بچہ پیدا ہوکر منہ پورا نہ کھل جائے نفاس کا خون کیسے شمار کیا جائے گا۔

**حاصل:** طرفین کی نظر بچہ پیدا ہونے کی طرف گئی اور امام محمد کی نظر اندر جو بچہ ابھی تک موجود ہے اس کی طرف گئی۔

**ترجمہ:** **۱** یہی امام زفرؒ کا قول ہے، اسلئے کہ عورت پہلا بچہ دینے کے بعد ابھی بھی حاملہ ہے اسلئے وہ نفاس والی نہیں ہوگی جیسے کہ حیض والی نہیں ہے۔یہی وجہ ہے کہ عدت بالاجماع آخیر سے پوری ہوتی ہے۔

**تشریح:** پہلا بچہ دینے کے بعد ابھی بھی پیٹ میں بچہ موجود ہے اسلئے وہ ابھی بھی حاملہ ہے اسلئے وہ نفاس والی نہیں ہوسکتی۔اور چونکہ پیٹ میں حمل ہے اسلئے اس کے پیٹ سے حیض بھی نہیں نکل سکتا۔یہی وجہ ہے کہ بالاتفاق یہ مسئلہ ہے کہ دوسرا بچہ پیدا ہوگا تب اسکی عدت پوری ہوگی، پہلا بچہ پیدا ہونے کے بعد عدت پوری نہیں ہوگی، جس سے معلوم ہوا کہ دوسرے بچے کے بعد نفاس ہوگا۔

**ترجمہ:** **۲** اور امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ رحم کا منہ بند ہونے کی وجہ سے حیض نہیں آسکتا، تاہم پہلا بچہ نکلنے کی وجہ سے کچھ منہ کھل چکا ہے اور خون باہر نکلا ہے اسلئے نفاس والی ہوگی۔

**تشریح:** یہ امام محمد کو جواب ہے کہ حیض تو اس وقت آتا ہے جب رحم کے اندر بچہ نہ ہو اور یہاں بچہ موجود ہے اسلئے حیض تو نہیں آسکتا، البتہ ایک بچہ باہر نکلنے کی وجہ سے رحم کا منہ کچھ نہ کچھ کھل چکا ہے اور اسی وجہ سے خون بھی آرہا ہے اسلئے یہ خون نفاس کا ہی ہے (۲) ڈاکٹری اعتبار سے بھی یہ خون نفاس کا ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ جب پہلا بچہ رحم سے باہر نکلا تو اس بچے کا آنول جو رحم کی جھلیوں کے ساتھ چپکا ہوا تھا وہ اکھڑ گیا، اس اکھڑنے کی وجہ سے یہ خون آرہا ہے، اور آنول اکھڑنے کے بعد جھلیوں سے جو خون آتا ہے اسی کو نفاس کا خون کہتے ہیں، اور یہ وہی ہے، اسلئے یہ نفاس کا خون ہے۔اور جب رحم بچے سے خالی ہوتا ہے تو رحم کے چاروں طرف جھلیاں پیدا ہوتی ہیں پھر حیض کے موقع پر حیض کے خون کے ساتھ کٹ کٹ کر گرتی ہے اسی خون کا نام حیض ہے۔اور ظاہر ہے کہ بچہ پیدا ہونے کے بعد جھلیاں کٹ کر نہیں گرے گی اسلئے یہ خون حیض نہیں ہے، نفاس ہی ہے۔اور رحم میں کوئی زخم ہو اس سے خون آئے

۳۔ والعدة تعلقت بوضع حمل مضاف اليها فيتناول الجميع

---

تو اسکو استحاضہ کہتے ہیں۔

**ترجمہ**: ۳ے اور عدت تعلق رکھتی ہے وضع حمل کے ساتھ جو منسوب ہے عورت کی طرف تو تمام کو شامل ہوگا۔

**تشریح**: یہ امام زفرؒ کو جواب ہے، انہوں نے استدلال فرمایا تھا کہ عدت دوسرے بچے کے نکلنے کے بعد پوری ہوتی ہے اسلئے نفاس بھی دوسرے بچے کے نکلنے کے بعد شروع ہوگی، اسکا جواب یہ ہے کہ آیت، **و اولات الأحمال أجلهن أن يضعن حملهن**. (آیت ۴ سورۃ الطلاق ۶۵) میں یہ فرمایا کہ حمل والی عورت کی عدت حمل جننے سے پوری ہوگی، اور حمل جننا اسی وقت ہوگا جب پورا حمل جن دے اور وہ کسی طرح بھی حاملہ نہ کہلائے، ابھی ایک بچہ پیٹ میں ہے تو پورا حمل باہر نہیں نکلا اسلئے ابھی اسکی عدت پوری نہیں ہوگی جب تک دونوں بچے باہر نہ نکل جائے

**لغت**: عقیب : بعد میں۔ انقضی : پوری ہوئی۔ انسد : سد سے مشتق ہے، منہ کا بند ہونا۔ تنفس : خون کا باہر نکلنا۔

## ﴿باب الانجاس وتطهيرها﴾

**(۱۶۰) تطهير النجاسة واجب من بدن المصلي، وثوبه، والمكان الذى يصلى عليه ﴾**

## ﴿نجاست، اور اسکے پاک کرنے کا باب﴾

**ضروری نوٹ:** انجاس نجس کی جمع ہے ناپا کی۔ نجس کی دو قسمیں ہیں نجاست حکمیہ جیسے وضو اور غسل کی ضرورت ہو اور نجاست حقیقیہ جیسے پیشاب اور پاخانہ۔ یہاں اسی نجاست حقیقیہ کے احکام کے متعلق بحث ہے۔ اس کی دلیل یہ آیت ہے **وثیابک فطهر** (آیت ۴ سورۃ المدثر ۷۴) اور حدیث یہ ہے **عن اسماء بنت ابی بکر انها قالت سألت امرأة رسول الله ﷺ فقالت يا رسول الله ارأيت احدانا اذا اصاب ثوبها الدم من الحيضة كيف تصنع فقال رسول الله اذا اصاب ثوب احداكن الدم من الحيضة فلتقرصه ثم لتنضحه بماء ثم لتصل فيه.** (بخاری شریف، باب غسل دم المحیض ص ۴۵ نمبر ۳۰۷ رترمذی شریف، باب ماجاء فی غسل دم الحیض من الثوب، ص ۳۵، نمبر ۱۳۸)

**ترجمہ:** (۱۶۰) نجاست کو پاک کرنا واجب ہے (۱) نماز پڑھنے والے کے بدن سے (۲) اس کے کپڑے سے (۳) اور اس مکان سے جس پر نماز پڑھتے ہیں۔

**تشریح:** نماز پڑھنے والے کے لئے بدن، کپڑا اور مکان کا پاک ہونا ضروری ہے ورنہ نماز نہیں ہوگی۔ نجاست حکمیہ سے پاک ہونے کی دلیل تو وضو اور غسل کے ابواب میں گزری اور نجاست حقیقیہ سے پاک ہونے کی دلیل یہ ہے۔

**وجہ:** (۱) نجاست حکمیہ سے پاک ہونا ضروری ہے تو نجاست حقیقیہ۔ مثلا پیشاب، پاخانہ لگا ہو تو اس سے پاک ہونا بدرجۂ اولی ضروری ہوگا۔ کیونکہ یہ تو اور بھی زیادہ گندی چیز ہے (۲) بدن پاک ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے **سمعت انس بن مالك يقول كان النبي ﷺ اذا خرج لحاجته اجيء انا وغلام معنا اداوة من ماء يعني يستنجي به.** (بخاری شریف، باب الاستنجاء بالماء ص ۲۷ نمبر ۱۵۰)، پانی سے استنجا کرنے کی وجہ یہی ہے کہ مصلی کا بدن نجاست حقیقیہ سے پاک ہونا چاہئے۔ کپڑا پاک ہونے کی دلیل اوپر کی آیت ہے **وثيابك فطهر** اور حدیث میں ہے **عن اسماء ابنة ابی بكر ان امرأة سألت النبي ﷺ عن الثوب يصيبه الدم من الحيضة؟ فقال رسول الله حتيه ثم اقرصيه بالماء ثم رشيه وصلى فيه** ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی غسل دم الحیض من الثوب ص ۳۵ نمبر ۱۳۸) اور مکان پاک ہونے کی شرط کی دلیل یہ حدیث ہے **عن ابن عمران النبیؐ نهى ان يصلى فى سبعة مواطن فى المزبلة والمجزرة والمقبرة وقارعة الطريق و فى الحمام و فى معاطن الابل و فوق ظهر بيت الله** ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی کراھیۃ ما یصلی الیہ وفیہ ص ۸۱ نمبر ۳۴۶)
اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ان مقامات پر ناپاکی ہوتی ہے اس لئے ان مقامات پر نماز پڑھنا ناجائز ہے۔

**۱** لقوله تعالی و ثیابک فطھر، **۲** وقال علیہ السلام :حتیه ثم اقرصیه ثم اغسلیه بالماء ولایضرک اثره **۳** و اذاوجب التطهیر فی الثوب وجب فی البدن و المکان لان الاستعمال فی حالة الصلوة یشمل الکل

---

**ترجمہ**: ۱ اللہ تعالی کے قول وثیابک فطهر (آیت ۴ سورۃ المدثر ۷۴) کی وجہ سے۔اس آیت میں کپڑے سے نجاست پاک کرنے کا حکم ہے۔جس سے معلوم ہوا کہ مصلی کے لئے نجاست پاک کرنا ضروری ہے ۔

**ترجمہ**: ۲ اور حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ کپڑے کو رگڑو پھر چٹکی سے کھرچو پھر اسکو پانی سے دھوڈالو،اور اسکا اثر باقی رہنا کوئی نقصان نہیں دیتا۔

اس مفہوم کے قریب حدیث یہ ہے۔عن اسماء بنت ابی بکر انها قالت سألت امرأة رسول الله ﷺ فقالت یا رسول الله ارأیت احدانا اذا اصاب ثوبها الدم من الحیضة کیف تصنع فقال رسول الله اذا اصاب ثوب احداکن الدم من الحیضة فلتقرصه ثم لتنضحه بماء ثم لتصل فیه. (بخاری شریف، باب غسل دم المحیض ص ۴۵ نمبر ۳۰۷ رمسلم شریف، باب نجاسۃ الدم و کیفیۃ غسلہ ،ص ۱۴۰، نمبر ۲۹۱ / ۶۷۵ رترمذی شریف، باب ماجاء فی غسل دم المحیض من الثوب، ص ۳۵، نمبر ۱۳۸) اس حدیث میں نجاست پاک کرنے کا حکم ہے۔

**لا یضرک اثره** :یہ جملہ کسی دوسری حدیث کا مفہوم ہے جسکو مصنف نے یہاں جوڑا ہے،حدیث یہ ہے عن ابی هریرة .....قالؓ : اذا طهرت فاغسلیه ثم صلی فیه . فقالت : فان لم یخرج الدم ؟ قال : یکفیک غسل الدم و لا یضرک أثره (ابوداؤد شریف، باب المرأۃ تغسل ثوبھا الذی تلبسہ فی حیضھا ص ۵۸ نمبر ۳۶۵ رمسند امام احمد۔مسند ابی ھریرۃ، ج ثالث،ص ۵۲، نمبر ۸۵۴۹) اس حدیث میں ہے ولایضرک اثرہ۔دوسری حدیث میں بھی اسکا مفہوم ہے حدیث یہ ہے ۔سألت عائشة عن الحائض یصیب ثوبها الدم؟ قالت تغسله فان لم یذهب اثره فلتغیره بشیء من صفرة (ابوداؤد شریف، باب المرأۃ تغسل ثوبھا الذی تلبسہ فی حیضھا ص ۵۸ نمبر ۳۵۷) حدیث میں ہے کہ،داغ اور رنگت نہ جائے تو کوئی حرج نہیں ہے اس کو صفرہ سے بدل دیا جائے اتنا ہی کافی ہے،مصنفؒ نے اسی حدیث کے مفہوم کو پچھلی حدیث کے ساتھ جوڑا ہے۔

**ترجمہ**: ۳ اور جب کپڑے میں پاک کرنا واجب ہوا تو بدن،اور مکان میں بھی واجب ہوگا اسلئے کہ نماز کی حالت میں یہ سارے استعمال ہوتے ہیں

**تشریح** : صاحب ھدایہ نے کپڑے کو پاک کرنے کے بارے میں حدیث لایا،اور فرمایا کہ بدن اور مکان بھی نماز کی حالت میں استعمال ہوتے ہیں اسلئے ان دونوں کو بھی کپڑے پر قیاس کر کے یہ کہا جائے کہ یہ دونوں بھی نماز کی حالت میں استعمال ہوتے

**(۱۶۱) و یجوز تطهیر ھا بالماء و بکل مائع طاھر یمکن ازالتھا به کالخل و ما ء الورد ونحو ذالک مما اذا عصر انعصر﴾ ۱و ھذا عند ابی حنیفہؒ وابی یوسفؒ**

ہیں اسلئے ان دونوں کا پاک ہونا بھی ضروری ہے۔لیکن بدن پاک کرنے کی مستقل دلیل یہ حدیث ہے سمعت انس بن مالک یقول کان النبی ﷺ اذا خرج لحاجته اجیء انا وغلام معنا اداوة من ماء یعنی یستنجی به. (بخاری شریف، باب الاستنجاء بالماء ص ۲۷ نمبر ۱۵۰) پانی سے استنجا کرنے کی وجہ یہی ہے کہ مصلی کا بدن نجاست حقیقیہ سے پاک ہونا چاہئے۔ اورمکان پاک ہونے کی شرط کی دلیل یہ حدیث ہے عن ابن عمران النبیؐ نھی ان یصلی فی سبعة مواطن فی المزبلة والمجزرة والمقبرة وقارعة الطریق و فی الحمام و فی معاطن الابل و فوق ظھر بیت الله۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی کراھیۃ مایصلی الیہ وفیہ ص ۸۱ نمبر ۳۴۶)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز پڑھنے والے کا مکان بھی نجاست سے پاک ہونا چاہئے۔

**ترجمہ**: (۱۶۱) نجاست کا پاک کرنا جائز ہے پانی کے ذریعہ اور ہر وہ بہنے والی پاک چیز کے ذریعہ جن سے نجاست کا زائل کرنا ممکن ہو جیسے سرکہ اور گلاب کا پانی۔اور اس جیسی ایسی چیز کے ذریعہ کہ اسکو نچوڑے تو وہ نچڑ جاویں۔

**ترجمہ**: ۱ یہ امام ابوحنیفہؒ اور امام ابویوسفؒ کے نزدیک ہے۔

**تشریح**: حنفیہ کے نزدیک اصل قاعدہ یہ ہے کہ جن چیزوں سے نجاست کے اجزاء دھل جاتے ہیں وہ پانی نہ بھی ہوں تب بھی ان چیزوں سے نجاست حقیقیہ کو پاک کرنا جائز ہے۔ کیونکہ اصل ناپاکی تو اجزاء نجاست ہیں جب وہ ہی نہیں رہیں تو کپڑا پاک ہو جائے گا البتہ یہ ضروری ہے کہ جس چیز سے پاک کیا جارہا ہے وہ ایسا ہو کہ جب اسکو نچوڑیں تو وہ نچڑ جائے، تاکہ جب وہ خود نکلے تو اسکے ساتھ نجاست بھی نکل جائے ۔اس لئے گلاب کا پانی یا سرکہ جو پانی کی طرح پتلا ہوتے ہیں اور اجزاء نجاست کو دھوڈالتے ہیں اور انکو نچوڑو تو وہ نچڑ جاتے ہیں اسلئے ان سے نجاست کو دھوئے تو پاک ہوجائے گا۔البتہ یہ رس کی قسموں میں سے ہیں اس لئے ان سے وضو یا غسل کرنا جائز نہیں ہے۔تفصیل پہلے گزر چکی ہے(۲) حدیث میں ہے قالت عائشة ما کان لاحد انا الا ثوب واحد تحیض فیه فاذا اصابه شیء من دم قالت بریقھا فقصعته بظفرھا . (بخاری شریف، باب ھل تصلی المرأۃ فی ثوب حاضت فیہ ص ۴۵ نمبر ۳۱۲ رابوداؤد شریف، باب المرأۃ تغسل ثوبھا الذی تلبسہ فی حیضھا ص ۵۸ نمبر ۳۶۴)۔خون سب کے نزدیک ناپاک ہے اور اس کو تھوک سے تر کر کے ناخن سے رگڑ دیا اور خون زائل ہوگیا تو وہ چیز پاک ہوجائے گا، اور ظاہر ہے کہ تھوک پانی نہیں ہے جس سے معلوم ہوا کہ پانی کے علاوہ سے بھی ناپاک چیز پاک ہوسکتی ہے(۳) جوتے پر نجاست لگی ہو اور زمین پر رگڑ دیا جائے اور نجاست زائل ہوجائے تو جوتا پاک ہوجاتا ہے۔اس کا مطلب یہ ہوا کہ اصل قاعدہ یہی ہے کہ نجاست کے زیلان سے کپڑا

۲ وقال محمدؒ وزفرؒ والشافعیؒ لایجوز الا بالماء لانه یتنجس باول الملاقات و النجس لایفید الطهارة الا ان هذا القیاس ترک فی الماء للضرورة ۳ ولهما ان المائع قالع و الطهورية بعلة القلع ۴ و النجاسة

---

پاک ہوجائے گا۔

**ترجمہ**: ۲ امام محمد اور امام زفر، اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ پاک کرنا جائز نہیں ہوگا مگر پانی سے، اسلئے کہ پانی اول ملاقات سے ناپاک ہوجائے گا اور ناپاک چیز پاک نہیں کر سکتا مگر یہ قیاس ضرورت کی بنا پر پانی کے بارے میں چھوڑ دیا گیا۔

**تشریح**: امام محمد اور امام زفر اور امام شافعی فرماتے ہیں کہ صرف پانی سے نجاست زائل کرے گا تو پاک ہوگا۔ کسی دوسری بہنے والی چیز سے نجاست زائل کرے گا تو چیز پاک نہیں ہوگی۔

**وجہ** : (۱) ان کی دلیل یہ ہے کہ پانی جب ناپاک چیز کے ساتھ ملتا ہے تو وہ خود بھی ناپاک ہوجاتا ہے، اور جتنی مرتبہ ناپاک چیز کے ساتھ ملے گا وہ ناپاک ہوتا جائے گا اسلئے وہ کبھی بھی پاک نہیں کر سکتا، البتہ پانی سے پاک کرنے کی ضرورت ہے اسلئے یہ قیاس پانی کے بارے میں چھوڑ دیا گیا، کہ اس سے پاک ہوجائے، البتہ دوسری چیزوں سے پاک نہیں ہوگا۔ (۲) یہ حضرات ان احادیث سے بھی استدلال کرتے ہیں جن میں پانی سے منی، خون، پیشاب پاک کرنے کا ذکر ہے۔ عن اسماء بنت ابی بکرؓ ... اذا اصاب ثوب احداکن الدم من الحیضة فلتقرصه ثم لتنضحه بماء ثم لتصلی فیه (بخاری شریف، باب غسل دم المحیض، ص ۴۵، نمبر ۳۰۷ مسلم شریف، باب نجاسة الدم وکیفیة غسله، ص ۱۴۰ نمبر ۶۷۵/۲۹۱) اس حدیث میں پانی سے ناپاکی دور کرنے کا تذکرہ ہے۔ اس لئے صرف پانی سے ناپاکی پاک ہوگی۔ (۳) و ینزل علیکم من السماء ماء لیطهر کم به (آیت ۱۱، سورۃ الانفال ۸) اس آیت میں ہے کہ پانی کو تم لوگوں پر پاک کرنے کے لئے اتارا، اس وجہ سے بھی پانی کو پاک کرنے والا کہا۔ (۴) چوتھی دلیل یہ ہے کہ جس طرح پانی کے علاوہ سے نجاست حکمی یعنی وضو، غسل نہیں کر سکتے اسی طرح نجاست حقیقی بھی پاک نہیں کر سکتے۔

**ترجمہ**: ۳ اور امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ بہنے والی چیزیں نجاست کو اکھیڑنے والی ہے اور پاک ہونا اکھیڑنے، اور زائل کرنے کی علت کی وجہ سے ہے۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے۔ شیخین کی دلیل اوپر بھی گزر چکی ہے کہ نجاست پاک ہونے کی اصل وجہ یہ ہے کہ نجاست وہاں سے زائل ہوجائے اور مکمل نکل جائے اب جن بہنے والی چیز میں یہ خوبی ہو کہ وہ نجاست کو اکھاڑ پھینکے اس سے نجاست پاک ہوجائے گی، اسلئے پانی کے علاوہ سے بھی نجاست پاک ہوگی۔

**ترجمہ**: ۴ اور نجس ہونا مجاورت کی وجہ سے ہے پس جب نجاست کے اجزاء ختم ہوگئے تو وہ چیز پاک رہ گئی۔

للمجاورة، فاذا انتهت اجزاء النجس يبقى طاهراً ۵ وجواب الكتاب لايفرق بين الثوب والبدن، وهذا قول ابى حنيفةؒ واحدى الروايتين عن ابى يوسفؒ، و عنه انه فرق بينهما فلم يجز فى البدن بغير الماء

(۱۶۲) و اذا اصاب الخف نجاسة لهاجرم كالروث، والعذرة، والمنى فجفت فدلكه بالارض جاز ﴾

۱ وهذا استحسان

**تشریح** : یہ امام محمدؒ وغیرہ کو جواب ہے، انہوں نے فرمایا تھا کہ نجاست پانی کے ساتھ ملنے کی وجہ سے اسکو بھی ناپاک کرتی رہے گی اور کسی چیز کو کبھی پاک نہیں ہونے دیگی۔ اسکا جواب یہ ہے کہ پانی یا بہنے والی چیز اس وقت تک ناپاک رہتی ہے جب تک اسکے ساتھ نجاست ملی ہوئی اور مجاور رہتی ہے، لیکن بار بار پانی ڈالنے کی وجہ سے جب ناپاکی وہاں سے بالکل نکل گئی اور اسکا ایک جز بھی وہاں نہیں رہا اب جو پانی وہاں ڈالیں گے اس میں نہ ناپاکی آئی اور نہ وہ پانی ناپاک ہوا اسلئے اب وہ ناپاک چیز بھی پاک ہوگئی۔

**ترجمہ** : ۵ اور قدوری کتاب میں جو حکم مذکور ہے وہ کپڑے اور بدن میں کوئی فرق نہیں کرتا یہی قول امام ابوحنیفہؒ کا ہے اور امام ابو یوسفؒ سے بھی یہی ایک روایت ہے، اور امام ابو یوسفؒ سے دوسری روایت یہ ہے کہ انہوں نے دونوں میں فرق کیا ہے اسلئے بدن پاک کرنے میں پانی کے علاوہ جائز نہیں۔

**تشریح** : قدوری کا جو متن ہے اس سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ بدن اور کپڑے پاک کرنے میں کوئی فرق نہیں ہے دونوں کو کسی بہنے والی چیز سے پاک کر سکتے ہیں، امام ابوحنیفہؒ کی ایک روایت یہی ہے، لیکن امام ابو یوسفؒ کی ایک دوسری روایت بھی ہے کہ بدن اور کپڑا میں فرق ہے۔ کپڑے کو کسی بہنے والی چیز سے پاک کر سکتے ہیں لیکن بدن کی نجاست کو صرف پانی سے پاک کر سکتے ہیں کسی اور چیز سے نہیں۔

**لغت**: مائع : ہر بہنے والی چیز، الخل : سرکا، ماء الورد : گلاب کا پانی۔ اعصر: نچوڑے اور اسی سے ہے انعصر : خود نچڑ جائے ۔قالع :اکھیڑنے والی چیز ۔مجاورۃ: ملا ہوا ہو، ساتھ ہو۔

**نوٹ**: جس بہنے والی چیز میں نجاست زائل کرنے کی صلاحیت نہ ہو اس سے کپڑا پاک نہیں ہوگا۔

**ترجمہ** : (۱۶۲) اگر موزے کو ایسی نجاست لگ جائے جس کو جسم ہے، جیسے لید اور پاخانہ اور منی پھر وہ خشک ہو جائے پس اس کو رگڑ دے زمین سے تو اس موزے میں نماز جائز ہے۔

**ترجمہ**: ۱ یہ مسئلہ استحسان پر ہے۔

**تشریح**: جس نجاست کو جسم ہے جیسے پاخانہ، لید، گوبر وغیرہ وہ چمڑے کے موزے یا جوتے پر لگ جائے پھر خشک ہو جائے پھر اس کو زمین سے اتنا رگڑ دے کہ پاخانہ لگا ہوا محسوس نہ ہو تو وہ جوتا یا موزہ پاک ہو جائے گا۔ قیاس کا تقاضا تو یہی ہے کہ رگڑنے سے

۲؎ وقال محمدؒ: لا يجوز، وهو القياس الا في المني خاصة لان المتداخل في الخف لا يزيله الجفاف والدلك، بخلاف المني على ما نذكره ۳؎ ولهما قوله عليه السلام فان كان بهما اذى فليمسحهما

---

موزہ پاک نہ ہو کیونکہ چمڑے کے اندر ابھی نجاست موجود ہے، لیکن آگے والی حدیث کی وجہ سے استحسانا موزے کو پاک قرار دیا ہے۔

**وجہ:** (۱) چمڑے میں جو ناپاکی سرایت کی ہوگی وہ کم ہے اور سوکھنے کی وجہ سے ناپاکی کے جسم نے واپس چوس لیا اور چمڑے کے اندر بہت کم ناپاکی رہ گئی اور اوپر کے حصے کو زمین سے رگڑ دیا تو نجاست زائل ہوگئی اور پہلے بتایا گیا ہے کہ نجاست کے زائل ہونے سے کپڑا یا چمڑا پاک ہو جاتا ہے۔ اس لئے یہ جوتے یا موزے پاک ہو جائیں گے (۲) حدیث میں ہے عن ابی هريرة ان رسول الله ﷺ قال اذا وطی احدكم بنعله الاذى فان التراب له طهور ۔ (ابوداؤد شریف، باب فی الاذی یصیب النعل ص ۶۱ نمبر ۳۸۵) مسند احمد اور ابوداود میں لمبی حدیث کے آخیر میں یہ جملہ بھی ہے۔ عن ابی سعیدن الخدری .... فاذا جاء أحدكم الى المسجد فلينظر في نعليه، فان رأى فيهما قذراً او قال اذى فليمسحهما (مسند احمد، مسند ابی سعید الخدریؓ ج ثالث، ص ۵۱۹، نمبر ۱۱۴۶۷ / ابوداود شریف، باب الصلوۃ فی النعل، ص ۱۰۲، نمبر ۶۵۰) اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مٹی سے رگڑنے کے بعد جوتا یا موزہ پاک ہو جائے گا

**اصول:** نجاست حقیقیہ کے زائل ہونے سے چیز پاک ہو جائیگی۔

**ترجمہ:** ۲؎ اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ رگڑنے سے جائز نہیں ہے اور یہی قیاس کا تقاضا ہے، مگر خاص طور پر منی کے بارے میں، اسکی وجہ یہ ہے کہ موزے کے اندر جو نجاست داخل ہوگئی خشک ہونا اور رگڑنا اسکو زائل نہیں کرے گی، بخلاف منی کے جیسا کہ ہم اسکو ذکر کریں گے۔

**تشریح:** امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ موزے یا چمڑے کی چیز میں جرم والی نجاست لگ جائے اور خشک ہو جائے تو رگڑنے سے پاک نہیں ہوگی اسکو دھونا ہی پڑے گا، اور قیاس کا تقاضا بھی یہی ہے، اسلئے کہ موزے کے اندر جو نجاست گھس گئی ہے خشک ہونے اور اسکو رگڑنے سے کیسے نکلے گی! رگڑنے سے زیادہ سے زیادہ یہ ہوگا کہ اوپر کی نجاست جھڑ جائیگی لیکن اندر تو نجاست موجود ہے اسلئے چمڑا ناپاک رہے گا (۲) انکی دلیل وہ حدیث بھی ہے جس میں نجاست کو پانی سے دھونے کا تذکرہ ہے۔ البتہ منی کپڑے پر لگ جائے تو اسکو رگڑنے سے پاک ہو جائے گا، کیونکہ حدیث میں ہے کہ رگڑنے سے کپڑا پاک ہو جائے گا۔ یہ بحث آگے آرہی ہے۔

**ترجمہ:** ۳؎ امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کی دلیل حضورؐ کا قول ہے، کہ ان دونوں موزوں میں کوئی گندگی ہو تو ان دونوں کو زمین سے رگڑ دو اسلئے کہ زمین دونوں کو پاک کرنے والی چیز ہے۔

بالارض فان الارض لهما طهور ؎ و لان الجلد لصلابته لا يتداخله اجزاء النجاسة الا قليل ثم يجتذبه الجرم اذا جف فاذا زال زال ما قام به (۱۶۳) و في الرطب لا يجوز حتى يغسله ﴾ ؎ لان المسح بالارض يكثره و لا يطهره

---

**تشریح** : یہ جملہ دو حدیثوں کا مجموعہ ہے، وہ دونوں ابوداود شریف اور مسند احمد کی حدیث اوپر گزر گئی پھر بھی حدیث یہ ہے۔ مسند احمد اور ابوداود میں لمبی حدیث کے آخیر میں یہ جملہ ہے۔ عن ابی سعید الخدری .... فاذا جاء أحدكم الى المسجد فلينظر في نعليه ، فان رأى فيهما قذراً او قال اذى فليمسحهما (مسند احمد، مسند ابی سعید الخدریؓ، ج ثالث، ص ۵۱۹، نمبر ۱۱۴۶۷ر ابوداود شریف، باب الصلوۃ فی النعل، ص ۱۰۲، نمبر ۶۵۰) اور دوسری حدیث یہ ہے۔ عن ابی هريرة ان رسول الله ﷺ قال اذا وطی احدکم بنعله الاذى فان التراب له طهور ۔ (ابوداود شریف، باب فی الاذی یصیب النعل ص ۶۱ نمبر ۳۸۵ر) ھدایہ کا جملہ ان دو حدیثوں کا مجموعہ ہے۔

**ترجمہ** : ؎ اور اسلئے کہ چمڑا سخت ہونے کی وجہ سے نجاست کے اجزا اسکے اندر داخل نہیں ہونگے مگر بہت تھوڑے پھر نجاست کا جرم اسکو جذب کر لے گا جب خشک ہوگی، پس جب جرم زائل ہوگا تو وہ نجاست بھی زائل ہو جائے گی جو جرم کے ساتھ لگی تھی۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے، اور امام محمدؒ کو جواب ہے۔ کہ چمڑا کافی سخت اور ٹھوس ہوتا ہے اسلئے نجاست کے اجزاء اندر بہت کم داخل ہونگے پھر موزے کے اوپر نجاست کا جرم جب سوکھے گا تو چمڑے کے اندر گھسی ہوئی نجاست جو تر پانی کی شکل میں ہے اسکو وہ جذب کرے گا، اور چمڑے کے اندر کی نجاست اوپر کے جرم کے ساتھ چپک جائے گی اور جب یہ جرم گرے گا تو اسکے ساتھ یہ نجاست بھی گر جائے گی اور زائل ہو جائے گی اور چمڑے کے اندر کا حصہ بھی پاک ہو جائے گا اور جرم گرنے سے اوپر کا حصہ بھی پاک ہو جائے گا۔ اور پہلے قاعدہ گزر چکا ہے کہ نجاست کے زائل ہونے سے چیز پاک ہو جاتی ہے۔ اصل تو اوپر کی حدیث ہے۔

**لغت**: جرم : جسم دار، روث: گوبر۔ العذرۃ: پاخانہ جفت : خشک ہو گیا، دلک : رگڑا۔ متداخل: دخل سے مشتق ہے، جو اندر گھس جائے، اذی: گندگی، نجاست۔ صلابت: سخت ہونا، ٹھوس ہونا۔ یجتذب: جذب سے مشتق ہے، جذب کرنا، چوسنا۔

**ترجمہ**: (۱۶۳) تر نجاست میں نہیں جائز ہے مگر یہ کہ اسکو دھوئے۔

**ترجمہ** ؎ اسلئے کہ زمین کے ساتھ رگڑنے سے نجاست کو پھیلائے گا، اسکو پاک نہیں کرے گا۔

**تشریح** : نجاست خشک ہو تب تو رگڑنے سے پاک ہو جاۓ گا، لیکن اگر تر ہو تو پانی سے چمڑے کو دھوئے گا تب پاک ہوگا، اسکی وجہ یہ ہے کہ نجاست زائل ہونے سے چمڑا پاک ہوتا ہے، اور تر نجاست کو زمین کے ساتھ رگڑیں تو نجاست مکمل زائل نہیں ہوگی بلکہ اور پھیل جائے گی اور بہت کچھ نجاست چمڑے کے اندر اور کچھ باہر باقی رہے گی اسلئے تر نجاست کو رگڑنے سے چمڑا پاک نہیں ہوگا۔

۲ و عن ابی یوسفؒ انه اذا مسحه بالارض حتی لم یبق اثر النجاسة یطهر لعموم البلوی، و اطلاق ما یروی، و علیه مشائخنا (۱۶۴) فان اصابه بول فیبس لم یجز حتی یغسله ۱ وکذا کل ما لاجرم له

---

**ترجمہ**: ۲ امام ابو یوسفؒ سے روایت ہے کہ اگر تر نجاست کو زمین سے اتنا رگڑے کہ نجاست کا اثر باقی نہ رہے تو چمڑا پاک ہو جائے گا، عموم بلوی کی وجہ سے۔ اور اس حدیث کے مطلق ہونے کی وجہ سے جسکو میں نے روایت کی۔ اور اسی پر ہمارے مشائخ کا فتوی ہے۔

**تشریح**: امام ابو یوسفؒ کی روایت ہے کہ چمڑے پر تر نجاست ہو لیکن اسکو زمین سے اتنا رگڑے کے نجاست کا اثر باقی نہ رہے تو چمڑا پاک ہو جائے گا، اسکی تین وجہ ہے (۱) ایک تو یہ ہے کہ نجاست بہت کم باقی رہے گی جو معفو عنہ ہے، (۲) دوسری وجہ یہ ہے کہ عموم بلوی ہے، یعنی لوگ عام طور سے اس میں مبتلاء ہیں اگر رگڑنے سے پاک قرار نہ دیں تو لوگ حرج عظیم میں پڑ جائیں گے اسلئے رگڑنے سے پاک قرار دیا جائے۔ (۳) تیسری وجہ یہ ہے کہ حدیث میں ہے کہ رگڑنے سے پاک ہو جائے گا اس میں یہ نہیں ہے کہ خشک نجاست پاک ہوگی اور تر نجاست پاک نہیں ہوگی چونکہ حدیث میں عام ہے کہ پاک ہو جائے گی اسلئے تر نجاست بھی رگڑنے سے پاک ہو جائے گی۔ حدیث یہ ہے۔ عن ابی سعیدن الخدری .... فاذا جاء أحدکم الی المسجد فلینظر فی نعلیه ، فان رأی فیهما قذراً او قال اذی فلیمسحهما (مسند احمد، مسند ابی سعید الخدریؓ ج ثالث، ص ۵۱۹، نمبر ۱۱۴۶۷ / ابو داود شریف، باب الصلوۃ فی النعل، ص ۱۰۲، نمبر ۶۵۰) اور دوسری حدیث یہ ہے۔ عن ابی هریرۃ ان رسول الله ﷺ قال اذا وطی احدکم بنعله الاذی فان التراب له طهور۔ (ابو داؤد شریف، باب فی الاذی یصیب النعل ص ۶۱ نمبر ۳۸۵) اس حدیث میں قذر اعام ہے تر ہو یا خشک ہو دونوں پاک ہو جائیں گے۔ (۴) اس اثر میں تر نجاست کی صراحت ہے عن معمر قال: سألت عن رجل وطی روثا رطبا فقال: ان شاء مسح رجلیه بالارض۔ (مصنف عبد الرزاق، باب ابوال الدواب و روثها، ج اول، ص ۳۷۷، نمبر ۱۴۷۶) اس اثر میں ہے تر نجاست کو بھی رگڑنے سے پاک ہوگا۔

**ترجمہ**: (۱۶۴) پس اگر چمڑے کو پیشاب لگ گیا اور وہ خشک ہو گیا تو جائز نہیں ہوگا یہاں تک کہ اسکو دھوئے۔

**ترجمہ**: ۱ ایسے ہی ہر اس نجاست کا حکم ہے جسکا جرم نہیں ہے جیسے شراب۔ اسلئے کہ اجزا اس میں پی لئے جاتے ہیں، اور کوئی جذب کرنے والی چیز نہیں ہے جو اسکو جذب کر کے نکال لے۔

**تشریح**: چمڑے پر ایسی نجاست لگی جسکو جرم اور جسم نہیں ہے، جیسے پیشاب، شراب وغیرہ تو اسکو دھونے سے ہی پاک ہوگا، رگڑنا کافی نہیں۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ پیشاب یا شراب چمڑے کے اندر کافی گھس گیا ہے، اور اسکا کوئی جرم اور جسم نہیں ہے کہ اسکو جذب کر کے نکالے اسلئے سوکھنے کے بعد پیشاب چمڑے کے اندر ہی رہ جائے گا، نجاست کا زیلان نہیں پایا گیا، اسلئے پانی سے ہی دھونا ہوگا۔

كالخمر لان الاجزاء تتشرب فيه و لا جاذب يجذبها، ۲ و قيل ما يتصل به من الرمل جرم له، (۱۶۵) و الثوب لا يجزى فيه الا الغسل و ان يبس ﴾ ۱ لان الثوب لتخلخله يتداخله كثير من اجزاء النجاسة فلا يخرجها الا الغسل (۱۶۶) و المنى نجس يجب غسله رطباً فاذا جف على الثوب اجزاء فيه

**ترجمہ**: ۲ اور کہا گیا ہے کہ جو کچھ ریت اسکے ساتھ لگ گئی وہی اسکا جرم ہے۔

امام ابو یوسفؒ کی ایک روایت ہے کہ پیشاب وغیرہ بے جرم نجاست کو بھی رگڑنے سے موزہ پاک ہو جائے گا۔ اسکی (۱) ایک وجہ یہ فرماتے ہیں کہ پیشاب، شراب پر کچھ ریت تو لگے گی، بس وہی ریت پیشاب کے لئے جرم اور جسم بن جائے گی اور ریت جب سوکھے گی تو چمڑے سے پیشاب کو جذب کر کے نکال لے گی اور جب ریت جھڑے گی تو گویا کہ پیشاب بھی پورے طور پر جھڑ گیا اور زائل ہو گیا اسلئے رگڑنے سے چمڑا پاک ہو گیا۔ اسکی دوسری وجہ بھی وہی عموم بلوی ہے اور اوپر والی مطلق حدیث ہے، جس میں ہے کہ کوئی بھی نجاست رگڑنے سے پاک ہو جائے گی۔ پیشاب، شراب کے لئے بھی مطلق حدیث سے استدلال کیا جائے گا۔

**ترجمہ**: (۱۶۵) اور کپڑے میں نہیں کافی ہوگا مگر دھونا چاہے خشک ہو جائے۔

**تشریح**: چمڑے کی بات اور تھی۔ کپڑے میں تر نجاست لگے یا خشک، جرم والی ہو یا بغیر جرم کے ہر حال میں وہ دھونے سے ہی پاک ہوگا۔

**وجہ**: کپڑے کے بارے میں حدیث میں یہی ہے کہ اسکو دھوئے تب پاک ہوگا۔ حدیث یہ ہے سألت عائشة عن المنى يصيب الثوب؟ فقالت كنت اغسله من ثوب رسول الله ﷺ فيخرج الى الصلوة و اثر الغسل فى ثوبه بقع الماء (بخاری شریف، باب غسل المنی وفرکہ ص ۳۶ نمبر ۲۳۰ رمسلم شریف، باب حکم المنی ص ۱۴۰ نمبر ۲۸۹) دوسری حدیث ہے یا عمار انما يغسل الثوب من خمس، من الغائط و البول و القىء و الدم و المنى (دار قطنی، باب نجاسة البول والامر بالتنزہ منہ، ج اول، ص ۱۳۴، نمبر ۴۵۲) ان احادیث میں ہے کہ کپڑا دھونے سے پاک ہوگا۔ اور رگڑنے سے پاک ہونے کی کوئی حدیث نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۱ اسلئے کہ کپڑے کے ٹھوس نہ ہونے کی وجہ سے نجاست کے بہت سے اجزا اس میں داخل ہو جاتے ہیں اسلئے دھونے کے علاوہ کوئی اور چیز اسکو نہیں نکال سکتی۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے کہ کپڑا ٹھوس نہیں ہوتا اسلئے اس میں نجاست کے اجزا بہت داخل ہو جاتے ہیں جو صرف دھونے ہی سے نکل سکتے ہیں رگڑنے سے نہیں نکل سکتے، اسلئے کپڑا دھونے سے ہی پاک ہوگا۔

**ترجمہ**: (۱۶۶) منی ناپاک ہے۔ تر منی کو دھونا واجب ہے۔ پس جب کپڑے پر سوکھ گئی تو پاک ہونے کے لئے رگڑنا کافی

الفرک﴾ ﴿القوله علیه السلام لعائشةؓ : فاغسلیه ان کان رطباً و افرکیه ان کان یابساً

ہے۔

**تشریح:** اس عبارت میں تین باتیں بیان کی ہیں۔ایک تو یہ کہ منی ناپاک ہے۔دوسری بات یہ کہ تر منی کپڑے پر ہوتو اسکو دھونے سے پاک ہوگا،اور تیسری بات یہ ہے کہ اگر منی خشک ہو جائے تو کپڑے کو اچھی طرح رگڑ دیا جائے تو اس سے کپڑا پاک ہو جائے گا۔منی ناپاک ہے اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔اور تر منی کو دھونے کی دلیل بھی یہی حدیث ہے۔

**وجه:** (۱) منی نکلنے سے غسل واجب ہوتا ہے۔جس چیز پر غسل واجب ہو ظاہر ہے کہ وہ چیز خود بھی ناپاک ہوگی (۲) حدیث میں ہے حضرت عائشہ تر منی کو حضورؐ کے کپڑے سے دھویا کرتی تھی اگر وہ ناپاک نہ ہوتی تو دھونے کی ضرورت نہیں تھی۔حدیث میں ہے۔سألت عائشة عن المنی یصیب الثوب؟ فقالت کنت اغسله من ثوب رسول الله ﷺ فیخرج الی الصلوة و اثر الغسل فی ثوبه بقع الماء (بخاری شریف، باب غسل المنی وفرکہ ص ۳۶ نمبر ۲۳۰ رمسلم شریف، باب حکم المنی ص ۱۴۰ نمبر ۲۸۹) دوسری حدیث ہے۔عن عمار بن یاسر .... یا عمار انمایغسل الثوب من خمس، من الغائط و البول والقیء والدم والمنی (دار قطنی، باب نجاسۃ البول والامر بالتنزہ منہ ج اول ص ۱۳۴ نمبر ۴۵۲) اس حدیث میں ہے کہ منی ناپاک ہے تب ہی تو دھونے کی ضرورت پڑی! اور یہ بھی پتہ چلا کہ کپڑے کو دھونا ہی پڑے گا تب ہی تو حضرت عائشہؓ دھویا کرتی تھیں۔(۲) دوسری حدیث میں اسکی صراحت ہے عن عائشة قالت کنت افرک المنی من ثوب رسول الله ﷺ اذا کان یابسا واغسله اذا کان رطبا ۔(دار قطنی، باب ماورد فی طہارۃ المنی وحکمہ رطبا ویابسا ج اول ص ۱۳۱ نمبر ۴۴۳) اس حدیث میں ہے کہ تر منی ہوتو میں اسکو دھوتی تھی، جس سے معلوم ہوا کہ تر منی کو دھونا پڑے گا۔

اور منی کپڑے پر خشک ہو جائے تو رگڑنے سے پاک قرار دیا جائے گا اسکی دلیل یہ ہے کہ رگڑنے سے منی جھڑ جائے گی اور جو تھوڑا بہت باقی رہے گی وہ معفو عنہ ہے اسکے لئے حدیث یہ ہے۔عن عائشة لقد رأیتنی افرکه من ثوب رسول الله ﷺ فرکا فیصلی فیه. (مسلم شریف، باب حکم المنی ص ۱۴۰ نمبر ۲۸۸ رترمذی شریف، باب ماجاء فی المنی یصیب الثوب ص ۳۱ نمبر ۱۱۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خشک منی ہوتو اچھی طرح رگڑنے سے بھی کپڑا پاک ہو جائے گا۔

**ترجمه:** ۱ حضرت عائشہؓ کے لئے حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ منی کو دھودو اگر تر ہے اور اسکو کھرچ دو اگر خشک ہے۔یہ جملہ اس حدیث کا مفہوم ہے۔

عن عائشة قالت کنت افرک المنی من ثوب رسول الله ﷺ اذا کان یابسا واغسله اذا کان رطبا ۔(دار قطنی، باب ماورد فی طہارۃ المنی وحکمہ رطبا ویابسا، ج اول، ص ۱۳۱، نمبر ۴۴۳) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ خشک منی ہوتو اچھی طرح

۲؎ وقال الشافعیؒ : المنی طاهر، و الحجة علیه مارویناه ۳؎ و قال علیه السلام: انما یغسل الثوب من خمس و ذکر منها المنی، ۴؎ و لو اصاب البدن قال مشائخنا یطهر بالفرک لان البلوی فیه اشد

---

رگڑنے سے بھی کپڑا پاک ہوجائے گا۔

**ترجمه** : ۲؎ اورامام شافعیؒ نے فرمایا کہ منی پاک ہے،اورانکے اوپر حجت وہ روایت ہے جسکو میں نے بیان کیا

**تشریح** : امام شافعیؒ کے نزدیک منی پاک ہے۔کپڑے میں لگ جائے تو دھونے کی ضرورت نہیں۔کتاب الام میں ہے۔قال الشافعی: و المنی لیس بنجس .(موسوعۃ للامام شافعیؒ،باب المنی، ج اول،ص ۲۱۹،نمبر ۴۴۷)

**وجه** : (۱) انکا استدلال ان احادیث سے جن میں ہے کہ حضورؐ کی منی کو کپڑے سے رگڑ کر صاف کیا کرتی تھی۔اگر ناپاک ہوتی تو رگڑنے سے پاک نہیں ہوتی اس لئے منی پاک ہے۔عن عائشة لقد رأیتنی افرکه من ثوب رسول الله ﷺ فرکا فیصلی فیه(مسلم شریف، باب حکم المنی ص ۱۴۰ نمبر ۲۸۸ر ترمذی شریف، باب ماجاء فی المنی یصیب الثوب ص ۳۱ نمبر ۱۱۶) اس حدیث میں ہے کہ منی کو رگڑتی تھی اور رگڑنے سے نجاست مکمل نہیں نکلے گی پھر بھی پاک قرار دیا تو اسکا یہی مطلب ہوسکتا ہے کہ منی پاک ہے (۲) منی سے انسان بلکہ انبیاء پیدا ہوتے ہیں جو پاک ہیں اس لئے منی بھی پاک ہونی چاہئے (۳) وہ عبد اللہ ابن عباس کی اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں عن ابن عباس قال سئل النبی ﷺ عن المنی یصیب الثوب قال انما هو بمنزلة المخاط و البزاق و انما یکفیک ان تمسحه بخرقة او باذخر۔(دار قطنی، باب ماورد فی طہارۃ المنی وحکمہ رطباو یابسا ج اول ص ۱۳۱ نمبر ۴۴۱) ہم کہتے ہیں اس کی سند کمزور ہے۔انکے خلاف وہ احادیث حجت ہیں جنکو ہمنے بیان کیا۔

**ترجمه** : ۳؎ حضورؐ نے فرمایا کہ کپڑا پانچ چیزوں سے دھویا جائے گا اور ان میں سے منی کا بھی ذکر کیا۔حدیث یہ ہے۔عن عمار بن یاسر .... یا عمار انمایغسل الثوب من خمس، من الغائط و البول و القیء و الدم و المنی (دار قطنی، باب نجاسۃ البول والامر بالتنزہ منہ ج اول ص ۱۳۴ نمبر ۴۵۲) اس حدیث میں ہے کہ منی دھوئی جائے گی۔

**ترجمه** : ۴؎ اور اگر منی بدن کو لگ جائے تو ہمارے مشائخ فرماتے ہیں کہ رگڑنے سے پاک ہوجائے گا اسلئے کہ اس میں کپڑے سے زیادہ ابتلاء ہے،

**تشریح** : منی بدن پر لگ جائے تو ہمارے مشائخ فرماتے ہیں کہ اس سے بھی رگڑنے سے پاک ہوجائے گا،اسکی وجہ یہ ہے کہ کپڑے میں جتنی مشقت ہے اس سے زیادہ مشقت بدن دھونے میں ہے اور جتنا عموم بلوی کپڑے میں ہے اس سے زیادہ بلوی بدن میں ہے اسلئے حدیث کی بنا پر جب کپڑے کو رگڑنے سے پاک ہوتا ہے تو بدن کو بھی رگڑنے سے پاک ہونا چاہئے۔

**۵ وعن ابی حنیفةؒ: انه لا یطهر الا بالغسل لان حرارة البدن جاذبة فلا یعود الی الجرم، و البدن لا یمکن فرکه، (۱٦۷) و النجاسة اذا اصابت المرأة، او السیف اکتفی بمسحهما ﴾ ۱ لانه لاتتداخلهما النجاسة وماعلی ظاهره یزول بالمسح، (۱٦۸) وان اصابت الارض نجسة فجفت بالشمس و ذهب اثرها جازت الصلوة علی مکانها﴾**

**ترجمه:** ۵ اور امام ابوحنیفہؒ سے ایک روایت یہ ہے کہ دھوئے بغیر پاک نہیں ہوگا، اسلئے کہ بدن کی گرمی اندر کھینچتی ہے اسلئے نجاست جرم کی طرف واپس نہیں آئے گی، پھر یہ کہ بدن کو رگڑنا بھی ممکن نہیں۔

**تشریح:** امام ابوحنیفہؒ کی روایت یہ ہے کہ منی بدن پر لگ جائے تو اسکو رگڑنے سے پاک نہیں ہوگا، دھونا ہی ہوگا، اسکی دو وجہ ہیں، ایک تو یہ ہے کہ بدن کی گرمی منی کی رطوبت کو اندر کی طرف کھینچ لیتی ہے جس کی وجہ سے جب منی خشک ہو رہی ہوگی اسوقت یہ رطوبت واپس منی کے جرم کی طرف نہیں آئے گی اور جب منی کے جرم کو رگڑیں گے تو رطوبت زائل نہیں ہوگی اسلئے جسم پاک نہیں ہوگا، دوسری وجہ یہ ہے کہ جسم کو کپڑے کی طرح رگڑنا بھی ممکن نہیں کہ منی کا جرم مکمل جھڑ جائے اسلئے بدن کو رگڑنے سے پاک نہیں ہوگا۔

**ترجمه:** (۱٦۷) نجاست جب کہ آئینہ کو یا تلوار کو لگ جائے تو کافی ہوگا ان دونوں کو پونچھ دینا۔

**ترجمه:** ۱ اسلئے کہ نجاست انکے اندر نہیں جائے گی، اور جو اسکے اوپر ہے وہ پونچھنے سے زائل ہو جائے گی۔

**وجه:** (۱) آئینہ اور تلوار چکنے ہوں کہ پونچھنے سے تمام نجاست صاف ہو جائے تو پونچھ دینے سے پاک ہو جائیں گے۔ کیونکہ نجاست مکمل صاف ہونے کے بعد نجاست باقی نہیں رہی۔ اس لئے پاک ہو جائیں گے۔ لیکن اگر تلوار یا آئینہ نقشین ہو یا کھر درا ہو اور نجاست مکمل صاف نہیں ہوتی تو پونچھنے سے پاک نہیں ہونگے۔ دھونا پڑے گا۔ (۲) صحابہ کرام قتال کرتے تھے اور تلوار کو صاف کر کے نماز پڑھ لیتے تھے دھونے کا اتفاق کم ہوتا تھا جس سے معلوم ہوا کہ چکنی چیز پوچھ دینے سے صاف ہو جائے تو پاک ہو جائے گی۔ (۳) موزہ اتنا چکنا نہیں ہوتا پھر بھی رگڑنے سے پاک ہو جاتا ہے تو چکنا آئینہ اور تلوار بدرجہ اولی رگڑنے سے پاک ہو جائے گا۔

**لغت:** المرآة: آئینہ۔

**ترجمه:** (۱٦۸) اگر زمین پر ناپاکی لگ جائے اور سورج سے خشک ہو جائے اور ناپاکی کا اثر ختم ہو جائے تو اس جگہ پر نماز جائز ہے۔

**تشریح:** پیشاب یا پاخانہ یا کوئی اور ناپاکی زمین پر لگی ہو لیکن سورج نے اس ناپاکی کو خشک کر دیا اور ناپاکی کے اثرات ختم ہو گئے اب پتہ نہیں چلتا کہ اس جگہ پیشاب یا پاخانہ تھا تو اب وہ جگہ پاک ہو گئی اس پر نماز پڑھنا جائز ہے۔

۱ و قال زفرؒ و الشافعیؒ: لاتجوز لانه لم یوجد المزیل و لهذا لا یجوز التیمم بها ۲ و لنا قوله علیه السلام: ذکاة الارض یبسها

**وجه**: (۱) حدیث میں ہے قال عبد الله ابن عمر کنت ابیت فی المسجد فی عهد رسول الله ﷺ و کنت فتی شابا عزبا، و کانت الکلاب تبول و تقبل و تدبر فی المسجد فلم یکونوا یرشون شیئا من ذلک۔ (ابوداود شریف، باب فی طهور الارض اذا یبست، ص ۶۰ نمبر ۳۸۲) کتا مسجد میں پیشاب کرتا ہو پھر اس کو کوئی دھوتا نہ ہو اور اسی پر نماز پڑھتا ہو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ پیشاب خشک ہونے کے بعد اور اس کے اثرات چلے جانے کے بعد جگہ پاک ہو گئی۔ ابو قلابہ کے قول میں تو صاف ہے کہ زمین خشک ہو گئی تو پاک ہو گئی۔ (۲) عن ابی قلابة قال اذا جفت الارض فقد زکت. (مصنف ابن ابی شیبة ۲۷ من قال اذا کانت جافة فهو زکاتها، ج اول، ص ۵۹، نمبر ۶۲۵)

**ترجمه**: ۱ امام زفرؒ اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ جائز نہیں ہے اسلئے کہ زائل کرنے والی چیز نہیں پائی گئی، اسی لئے اس سے تیمّم جائز نہیں ہے۔

**تشریح**: امام شافعیؒ اور امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ زمین پر نجاست لگ جائے تو صرف سوکھ جانے سے وہ پاک نہیں ہوگی جب تک کہ پانی سے دھل نہ جائے، یا اس پر اتنا پانی بہا دیا جائے کہ نجاست مغلوب ہو جائے اور پانی غالب ہو جائے، موسوعة میں یہ ہے۔ فلا تطهر الارض حتی یصب علیها من الماء قدر ما یذهبه۔ (موسوعة للامام شافعیؒ، باب ما یطهر الارض و ما لا یطهرها، ج اول، ص ۲۰۶، نمبر ۶۹۹)

**وجه**: (۱) پاک کرنے والی کوئی چیز نہیں پائی گئی (۲) حدیث میں ہے ان ابا هریرة قال قام اعرابی فبال فی المسجد فتناوله الناس فقال لهم النبی ﷺ دعوه وهریقوا علی بوله سجلا من ماء او ذنوبا من ماء فانما بعثتم میسرین لم تبعثوا معسرین۔ (بخاری شریف، باب صب الماء علی البول فی المسجد ص ۳۵ نمبر ۲۲۰ / ابوداود شریف، باب الارض یصیبها البول، ص ۶۰ نمبر ۳۸۰) اس حدیث میں ہے کہ پیشاب پر پانی بہایا جس سے معلوم ہوا کہ نجاست پر پانی بہانے سے ہی زمین پاک ہوگی۔ (۳) تیسری دلیل یہ ہے کہ اگر زمین خشک ہونے سے پاک ہو جاتی تو اس سے تیمّم کرنا جائز ہوتا، لیکن اس زمین سے آپکے یہاں بھی تیمّم کرنا جائز نہیں ہے جس سے معلوم ہوا کہ مٹی خشک ہونے سے پاک نہیں ہوگی۔

ہم کہتے ہیں کہ تر نجاست ہو تو ہم بھی کہتے ہیں کہ پانی بہانے سے پاک ہوگی۔ یہاں پیشاب تر تھا اور جلدی میں نماز پڑھنی تھی اس لئے پانی سے پاک کی گئی۔ البتہ خشک کے لئے اوپر کی حدیث پر عمل ہوا۔

**ترجمه**: ۲ اور ہماری دلیل حضورؐ کا قول ہے کہ زمین کا پاک ہونا اسکا خشک ہونا ہے۔ شاید یہ حدیث نہیں قول صحابی ہے وہ یہ

۳؎ وانما لایجوز التیمم لان طهارة الصعید ثبت شرطاً بنص الکتاب فلا تتادی بما ثبت بالحدیث (۱۶۹) و قدر الدرهم و مادونه من النجس المغلظ کالدم، و البول، و الخمر، و خرء الدجاج، و بول الحمار جازت الصلوة معه و ان زاد لم تجز﴾

ہے۔عن ابی جعفر قال : زکاۃ الارض یبسها .(مصنف ابن ابی شیبۃ ،۱۷ فی الرجل یطأ الموضع القذر یطأ بعدہ ماھو انظف ، ج اول ،ص ۵۹،نمبر ۶۲۴)اس اثر میں ہے کہ زمین کا خشک ہونا اسکا پاک ہونا ہے۔

**ترجمہ:** ۳؎ اور تیمّم جائز اسلئے نہیں ہے کہ مٹی کا پاک ہونا آیت قرآنی سے شرط ثابت ہوئی ہے اسلئے اس سے ادا نہیں ہوگا جو حدیث سے ثابت ہو۔

**تشریح** : یہ امام شافعیؒ کو جواب ہے۔انہوں نے استدلال کیا تھا کہ ایسی مٹی پر تیمّم جائز نہیں جس سے معلوم ہوا کہ یہ مٹی خشک ہونے سے پاک نہیں ہوئی۔اسکا جواب دے رہے ہیں کہ تیمّم کیلئے مکمل پاک ہونا آیت سے شرط ہے اسلئے حدیث کی بنا پر آیت کو نہیں چھوڑ سکتے۔آیت یہ ہے۔فلم تجدوا ماء فتیمموا صعیدا طیبا .(آیت ۴۳،سورۃ النساء ۴ ) اس آیت میں ہے کہ بالکل پاک مٹی ہونی چاہئے اسلئے نجاست والی زمین خشک ہو جائے تو اس سے تیمّم جائز نہیں ہوگا،البتہ اس پر نماز جائز ہے

**نوٹ:** نجاست تر ہو یا اس کے اثر اب تک باقی ہوں تو دھوئے بغیر زمین پاک نہیں ہوگی۔

**لغت:** جفت : خشک ہوگئی۔مزیل: زائل کرنے والی چیز۔یبس: خشک ہونا۔

**ترجمہ:** (۱۶۹) درہم کی مقدار یا اس سے کم نجاست مغلظہ ہو جیسے خون،اور پیشاب،اور شراب،اور مرغی کی بیٹ،اور گدھے کا پیشاب تو اسکے ساتھ نماز جائز ہے،اور اگر زیادہ ہو تو جائز نہیں ہے۔

**تشریح** : جس نجاست کے بارے میں ائمہ کا اتفاق ہو کہ یہ نجاست ہے اسکو نجاست مغلظہ کہتے ہیں،اور جس کے بارے میں اختلاف ہو اسکو نجاست مخففہ کہتے ہیں۔نجاست مغلظہ جیسے خون، پیشاب،شراب،مرغی کی بیٹ،اور گدھے کا پیشاب ایک درم کی مقدار سے زیادہ کپڑے یا بدن پر لگ جائے تو وہ ناپاک ہو گیا اسکے ساتھ نماز پڑھنا جائز نہیں۔اور ایک درہم سے کم ہو تو اس سے کپڑا یا بدن ناپاک نہیں ہوگا اسکے ساتھ نماز پڑھنا جائز ہے، کیونکہ اتنی مقدار شریعت نے معاف کیا ہے۔البتہ اسکو دھو لینا بہتر ہے۔

**وجہ** : نجاست مغلظہ ایک درہم سے کم معاف ہے اسکی دلیل یہ حدیث ہے (۱) پتھر کے ذریعہ استنجا کی حدیث میں ہے کہ پتھر سے مقام پاخانہ صاف کر دیا جائے تو نماز جائز ہو جائے گی۔حالانکہ پتھر کے ذریعہ صفائی سے نجاست مکمل صاف نہیں ہوگی صرف کمی ہوگی اس کے باوجود نماز جائز کر دی گئی تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اتنی مقدار نجاست غلیظہ معاف ہے۔حدیث میں ہے عن عائشة قالت ان رسول الله ﷺ قال اذا ذهب احدکم الی الغائط فلیذهب معه بثلاثة احجار یستطیب بهن فانها

تجزئ عنه۔ (ابوداؤد شریف، باب الاستنجاء بالاحجار ص ۷ نمبر ۴۰ رنسائی شریف، الاجتزاء فی الاستطابۃ بالحجارۃ دون غیرھا ص ۶ نمبر ۴۴) اس حدیث میں ہے کہ پاخانے کے مقام کو صرف پتھر سے صاف کر دینے سے اسکو پاک قرار دیا جائے گا حالانکہ پتھر سے صاف کرنے سے نجاست بالکل ختم نہیں ہوگی صرف نجاست کم ہو جائے گی اسکے باوجود اسکے ساتھ نماز پڑھنا اس بات کی دلیل ہے کہ پیخانہ کے مقام کی مقدار جو درہم کے برابر ہے معاف ہے اس سے زیادہ لگی ہو تو دھونا پڑے گا، اسکے بغیر نماز جائز نہیں ہوگی۔ حدیث میں اسکی تصریح ہے۔ عن ابی هريرة عن النبی ﷺ قال : تعاد الصلوة من قدر الدرهم من الدم (دار قطنی، باب قدر النجاسۃ التی تبطل الصلوۃ ص ۳۸۵ نمبر ۱۴۷۹ رسنن للبیھقی، باب ما یجب غسلہ من الدم، ج اول، ص ۵۶۶، نمبر ۴۰۹۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ درہم سے کم ہو تو معاف ہے اور درہم یا اس سے زیادہ ہو تو نماز جائز نہیں ہے۔

﴿ہر ایک کے ناپاک ہونے کی دلیل﴾

**نوٹ**: خون، انسانی پیشاب، پاخانہ کے نجاست مغلظہ ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے یا عمار انما يغسل الثوب من خمس من الغائط و البول و القیء و الدم و المنی (دار قطنی، باب نجاسۃ البول والامر بالتنزہ منہ والحکم فی بول ما یؤکل لحمہ ج اول ص ۱۳۴ نمبر ۴۵۲)

اسکے علاوہ بھی حیض کے خون کے بارے میں احادیث گزری جس میں خون کو دھونے کا حکم تھا جس سے معلوم ہوا کہ خون نجاست مغلظہ ہے۔

شراب کے ناپاک ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابی ثعلبة الخشنی انه سأل رسول الله قال انا نجاور اهل الكتاب وهم يطبخون فی قدورهم الخنزير و يشربون فی آنيتهم الخمر فقال رسول الله ﷺ ان وجدتم غيرها فكلوا فيها واشربوا وان لم تجدو غيرها فارحضوها بالماء و كلوا واشربوا. (ابوداؤد شریف، باب فی استعمال آنیۃ اہل الکتاب ج ثانی ص ۱۸۰ نمبر ۳۸۳۹) اس حدیث میں آپ ؐ نے فرمایا کہ جس برتن میں شراب پیتے ہوں اگر اس کے علاوہ کوئی برتن نہ ملے تو اس کو دھو کر اس میں پیو، دھونے کا حکم اس بات پر دال ہے کہ شراب ناپاک ہے اس لئے شراب والے برتن کو دھونا پڑیگا تب پاک ہوگا۔ انما الخمر والميسر والانصاب والازلام رجس من عمل الشيطان (آیت ۹، سورۃ المائدۃ

ا وقال زفر والشافعیؒ قليل النجاسة و كثيرها سواء لان النص الموجب للتطهير لم يفصل ٢ و لنا ان القليل لا يمكن التحرز عنه فيجعل عفواً،

۵)اس آیت میں بھی شراب کو ناپاک قرار دیا ہے۔

مرغی کی بیٹ ناپاک ہے اسکی دلیل یہ اثر ہے۔ عن حماد انه كره ذرق الدجاج ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ،۱۴۶ فی خرء الدجاج، ج اول، ص ۱۱۱،نمبر ۱۲۶۰)اس اثر سے معلوم ہوا کہ مرغی کی بیٹ ناپاک ہے۔

گدھے کا پیشاب اسلئے نجاست مغلظہ ہے کہ اسکا گوشت کھانا حلال نہیں ہے، اور وہ ماکول اللحم نہیں ہے، ماکول اللحم نہ ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن انس بن مالک أن رسول الله ﷺ جاءه جاء فقال أكلت الحمر ، ثم جاءه جاء فقال اكلت الحمر ، ثم جاءه جاء فقال أفنيت الحمر فأمر مناديا فنادى فى الناس : ان الله و رسوله ينهيانكم عن لحوم الحمر الاهلية فانها رجس . (بخاری شریف، باب لحوم الحمر الانسیۃ، ص ۹۸۳ نمبر ۵۵۲۸ رمسلم شریف، باب تحریم أکل لحم الحمر الانسیۃ، ص ۸۶۸ نمبر ۱۹۴۰ / ۵۰۲۱) اس حدیث میں ہے کہ گدھے کا گوشت نجس ہے اسلئے اسکا پیشاب بھی نجاست مغلظہ ہوگا۔

**ترجمہ:** ل اور زفرؒ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ تھوڑی نجاست اور زیادہ نجاست برابر ہے اسلئے کہ نص جو پاکی کو واجب کرتی ہے اس میں کم زیادہ کی تفصیل نہیں ہے۔

**تشریح:** امام زفر اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ نجاست درہم کی مقدار سے کم ہو یا زیادہ ہو ہر حال میں دھونا ہی پڑے گا۔ موسوعۃ میں اس طرح ہے۔ فاذا كان الدم لمعة مجتمعة وان كانت اقل من موضع دينار أو فلس وجب عليه غسله ۔(موسوعۃ للامام الشافعیؒ، باب طهارة الثياب، ج اول، ص ۱۷۲،نمبر ۴۰۷) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ نجاست کم ہو یا زیادہ ہر حال میں دھونا ہی پڑے گا۔

**وجہ:** انکی دلیل یہی ہے کہ حیض کے خون کو دھونا ہی پڑتا ہے حالانکہ وہ عموماً درہم سے کم ہوتا ہے جس سے معلوم ہوا کہ کم نجاست کو بھی دھونا ہی پڑے گا حدیث یہ ہے۔ عن اسماء بنت ابی بكر انها قالت سألت امرأة رسول الله ﷺ فقالت يا رسول الله ارأيت احدانا اذا اصاب ثوبها الدم من الحيضة كيف تصنع فقال رسول الله اذا اصاب ثوب احداكن الدم من الحيضة فلتقرصه ثم لتنضحه بماء ثم لتصل فيه. (بخاری شریف، باب غسل دم الحیض ص ۴۵ نمبر ۳۰۷ رترمذی شریف، باب ماجاء فی غسل دم الحیض من الثوب، ص ۳۵، نمبر ۱۳۸) اس حدیث میں ہے کہ حیض کا خون لگ جائے تو دھوء اور یہ تفصیل نہیں ہے کہ کم لگے تو مت دھوؤ اور زیادہ لگے تو دھوؤ، اسلئے کم زیادہ ہر حال میں دھونا واجب ہوگا۔

**ترجمہ:** ٢ ہماری دلیل یہ ہے کہ تھوڑی نجاست سے بچنا ممکن نہیں ہے اسلئے اسکو معاف قرار دیا گیا۔

۳؎ وقدرناه بقدر الدرهم آخذا عن موضع الاستنجاء ۴؎ ثم يروى اعتبار الدرهم من حيث المساحة و هو قدر عرض الكف، في الصحيح

**ترجمه** : ۳؎ اور ہمنے اسکو متعین کیا درہم کی مقدار استنجاء کی جگہ سے لیتے ہوئے۔

**تشریح** : ایک درہم تک نجاست غلیظہ معاف ہے اور اس سے زیادہ دھونا پڑے گا، تو ایک درہم کے تعین کی وجہ بتارہے ہیں۔ کہ ابھی حدیث کے اندر گزرا کہ پتھر سے پیخانے کے مقام کو صاف کرے تو جائز ہے اور پیخانے کے مقام کی لمبائی چوڑائی تقریبا ایک درہم ہوتی ہے اس سے ہم متعین کرتے ہیں کہ ایک درہم کی مقدار نجاست معاف ہے۔ (۲) دوسری حدیث میں درہم کی مقدار کی صراحت ہے اس سے بھی درہم کی مقدار لی جاتی ہے، حدیث یہ ہے۔ عن ابی هريرة قال : قال رسول الله ﷺ اذا كان في الثوب قدر الدرهم من الدم غسل الثوب و أعيدت الصلاة (دار قطنی، باب قدر النجاسة التي تبطل الصلوۃ ص ۳۸۵ نمبر ۱۴۸۰ سنن للبیہقی، باب ما یجب غسلہ من الدم، ج اول، ص ۵۶۶، نمبر ۴۰۹۳) اس حدیث میں ہے کہ درہم کے برابر نجاست ہوتو نماز لوٹائے گا، ورنہ نہیں۔

**ترجمه** : ۴؎ پھر روایت کیا درہم کا اعتبار مساحت کے اعتبار سے اور وہ ہتھیلی کی چوڑائی کی مقدار ہے صحیح روایت میں۔

**تشریح** : نجاست کی معافی کے لئے درہم کا اعتبار کیا، تو درہم کی دو حیثیتیں ہیں ایک اسکی چوڑائی کا اعتبار، اور ایک اسکے وزن کا اعتبار۔ تو فرماتے ہیں کہ صحیح روایت یہ ہے کہ درہم کی چوڑائی کا اعتبار ہے۔ ہتھیلی کے درمیان میں جو چوڑا حصہ ہے وہ درہم کے برابر ہے اسی کا اعتبار ہے۔ مفتی رشید صاحب لدھیانویؒ نے احسن الفتاوی میں لکھا ہے کہ۔ حضرات فقہاءؒ نے ہتھیلی کے گہراو کی وسعت کو معلوم کرنے کے لئے یہ طریقہ لکھا ہے کہ چلو میں پانی بھر کر ہتھیلی کو پھیلا دیا جائے، جتنی جگہ میں پانی ٹھرا رہے اتنی وسعت مراد ہے اکابر نے اسکی مقدار ایک روپئے کے برابر تحریر فرمائی ہے، مگر آج کل دھات کا روپیہ بالکل غائب ہو چکا ہے، اور ہتھیلی کی پیائش آسان نہیں اسلئے اسکی پیائش کو ضبط کرنے کی ضرورت کو محسوس کر کے بندہ نے بطریق مذکور متعدد بار احتیاط سے پیائش کی تو قطر = 1.1 انچ، یا 2.75 سینٹی میٹر ہوا، اس کے بعد اتفاق سے ایک روپیہ دھات کا مل گیا تو اسکا قطر بھی اسکے مطابق پایا۔ (احسن الفتاوی، باب نجاست غلیظہ کی قدر عفو کی تحقیق، ج دوم، ص ۸۹) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ نجاست پتلی ہو اور اور گولائی میں لگی تو اسکے درمیان کا قطر 2.75 سینٹی میٹر ہو، اور نجاست کی گولائی 8.6394 سینٹی میٹر ہو، یا قطر 1.1 انچ ہو اور نجاست کی گولائی 3.4557 انچ ہو تو وہ ایک درہم کے برابر ہے، یا ہتھیلی کے برابر ہے اسلئے اسکا دھونا ضروری ہے۔

**نوٹ** : درہم کے مساحت کے بارے میں کوئی اور تفصیل نہیں ملی اسلئے احسن الفتاوی کے قول پر حساب کی بنیاد رکھ دی، برطانیہ میں پچاس پینس کا جو سکہ ہوتا ہے وہ بھی اوپر والے درہم کے برابر ہی ہوتا ہے

**۵ و یروی من حیث الوزن و هو الدرهم الکبیر المثقال : و هو ما یبلغ وزنه مثقالاً، ۶ و قیل فی التوفیق بینهما ان الاولی فی الرقیق و الثانیة فی الکثیف**

**ترجمہ**: ۵ اورروایت کیا ہے وزن کے اعتبار سے وہ بڑا مثقال والا درہم ہے جسکا وزن ایک مثقال پہنچتا ہو۔

**تشریح**: اگر درہم کے وزن کا اعتبار کیا جائے تو اس درہم کا اعتبار ہوگا جو بڑا درہم ہے اور اسکا وزن ایک مثقال ہے۔ جو 4.375 گرام کا ہوتا ہے۔ یہ حساب احسن الفتاوی، ج رابع، ص ۴۱۶۔ سے لیا گیا ہے

﴿درہم کی قسمیں تین ہیں﴾

(۱) ایک بڑا درہم جسکا وزن ایک مثقال ہوتا ہے، یا 20 قیراط ہے، یا 0.375 تولہ، یا 4.375 گرام کا ہوتا ہے۔

(۲) دوسرا درہم اس سے چھوٹا ہوتا ہے جسکا وزن 0.7 مثقال، یا 14 قیراط، 0.262 تولہ، یا 3.061 گرام ہوتا ہے۔ ابھی اسی درہم سے زکوۃ کا حساب کرتے ہیں۔ نیچے سارا حساب اسی درہم کا دیا ہے، کیونکہ اسی کا اعتبار ہے اس درہم کو وزن سبعہ کہتے ہیں

(۳) ایک تیسرا درہم اس سے چھوٹا ہوتا تھا جسکا وزن 0,5 مثقال، یا 10 قیراط، یا 0.1875 تولہ، یا 2.1875 گرام وزن ہوتا ہے۔ یہ درہم اور بڑا درہم اب نہیں ہیں اسکو حضرت عمرؓ نے ختم فرما دیا تھا۔

**ترجمہ**: ۶ اور کہا گیا ہے کہ دونوں کے درمیان ترتیب یہ ہے کہ پہلی یعنی مساحت والی پتلی نجاست میں ہے اور دوسری یعنی وزن والی گاڑھی نجاست میں ہے۔

**تشریح**: اوپر درہم کے بارے میں دو قسم کی باتیں آئیں، ایک یہ کہ اسکے وزن کا اعتبار کیا جائے اور دوسری یہ کہ اسکی مساحت یعنی رقبے کا اعتبار کیا جائے تو دونوں قولوں میں ترتیب یہ دے رہے ہیں کہ جس قول میں مساحت کا اعتبار کیا گیا ہے وہ پتلی نجاست کے بارے میں ہے۔ کہ پتلی نجاست ہو تو درہم کے رقبے کا اعتبار کیا جائے اور 2.75 سینٹی میٹر نجاست ہو تو جگہ ناپاک ہوگی، اور جس قول میں وزن کا اعتبار ہے اسکا مطلب یہ ہے کہ نجاست گاڑھی ہو تو درہم کے وزن کا اعتبار کیا جائے اور 4.374 گرام وزن نجاست ہو تو جگہ ناپاک قرار دیا جائے چاہے رقبے کے اعتبار سے 2.75 سینٹی میٹر سے کم رقبے پر ہی نجاست لگی ہو

﴿درہم کا حساب﴾

**نوٹ**: باب احکام المیاہ مسئلہ نمبر ۴۶، کے تحت ناپ کا فارمولہ مذکور ہے اور وہیں پائی 3.1416 یا 22÷7 یعنی 22 کو 7 سے تقسیم دیں اسکو پائی کہتے ہیں جو کسی گول چیز کو ناپنے کے لئے بہت ضروری ہے

حساب: کسی بھی گول چیز کی درمیانی قطر کو ناپ لیں پھر اسکو پائی 3.1416 سے ضرب دیں تو اس چیز کی گولائی معلوم ہو جائے گی۔

اب درھم کا قطر 2.75 سینٹی میٹر ہے تو اسکو پائی 3.1416 سے ضرب دیں تو درھم کی گولائی 8.6394 سینٹی میٹر نکل آئے گی۔
اور درھم کا قطر 1.1 انچ کو پائی 3.1416 سے ضرب دیں تو درھم کی گولائی 3.4557 انچ نکل آئے گی۔ یہ درھم کی گولائی ہوگی۔
اور اگر درھم کی پیٹھ، یا پیٹ کا رقبہ ناپنا ہو تو درھم کے قطر کو قطر سے ضرب دیں، جو حاصل ضرب ہو اسکو پائی سے ضرب دیں اور اس حاصل ضرب کو چار سے تقسیم کر دیں تو جو حاصل تقسیم ہوگا وہ درھم کی پیٹھ، یا پیٹ کا رقبہ ہوگا۔ مثال مذکور میں درھم کا قطر 2.75 سینٹی میٹر ہے اسلئے 2.75 کو 2.75 سے ضرب دیں حاصل ضرب 7.5625 مربع سینٹی میٹر ہوگا، پھر اسکو پائی 3.1416 سے ضرب دیں، حاصل ضرب 23.7583 مربع سینٹی میٹر ہوگا، پھر اسکو 4 سے تقسیم دے دیں حاصل تقسیم 5.93958 مربع سینٹی میٹر ہوگا، یہ درھم کی پیٹھ، یا پیٹ کا رقبہ ہے

اور انچ کے اعتبار سے درھم کا قطر 1.1 انچ ہے اسلئے 1.1 کو 1.1 سے ضرب دیں حاصل ضرب 1.21 مربع انچ ہوگا اسکو پائی 3.1416 سے ضرب دیں حاصل ضرب 3.80133 مربع انچ ہوگا اسکو 4 سے تقسیم دیں تو حاصل تقسیم 0.95 مربع انچ ہوگا جو درھم کہ پیٹھ، یا پیٹ کا رقبہ ہوگا۔

(نصاب اور اوزان کی تفصیل ملاحظہ کیجئے۔)

## ﴿ نصاب اور اوزان ایک نظر میں ﴾

| فارمولہ | | | | فارمولہ | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کتنے | برابر | کتنے | | کتنے | برابر | کتنے |
| 8 رتی | = | ایک ماشہ | | 1000 گرام | = | ایک کیلو |
| 12 ماشہ | = | ایک تولہ | | 3.061 گرام | = | ایک درہم |
| 11.664 گرام | = | ایک تولہ | | 612.36 گرام | = | نصاب چاندی |
| 0.218 گرام | = | ایک قیراط | | 4.374 گرام | = | ایک دینار |
| 4.374 گرام | = | ایک مثقال | | 87.48 گرام | = | نصاب سونا |
| 442.25 گرام | = | ایک رطل | | ایک درھم | = | سینٹی میٹر قطر |
| 3538 گرام | = | ایک صاع | | ایک درھم | = | 1.1 انچ قطر |

ے و انما كانت نجاسة هذه الاشياء مغلظة لانها ثبتت بدليل مقطوع به (۱۷۰) و ان كانت مخففة كبول مايوئكل لحمه جازت الصلوة معه حتى يبلغ ربع الثوب ﴾

1769 گرام = آدھا صاع

( چھوٹا، بڑا درھم )

| درہم | مثقال | قیراط | تولہ | گرام | کتنی زکوۃ ہوگی |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 بڑا درہم | 1 مثقال | 20 | 0.375 | 4.375 | .......... |
| 1 مروج درہم | 0.7 | 40 | 0.262 | 3.061 | .......... |
| 200 درہم | 140 | 2800 | 52.50 | 612.36 | 15.309 گرام |

**ترجمہ**: ے ان چیزوں کی نجاست مغلظہ اسلئے ہوئی کہ یقینی دلیل سے ثابت ہوئی ہے

**تشریح**: اس عبارت میں نجاست کے غلیظہ اور خفیفہ ہونے کا معیار بتا رہے ہیں کہ جس نجاست کی ناپاکی دلیل قطعی سے ثابت ہو اسکو نجاست غلیظہ کہتے ہیں، اور جو دلیل ظنی سے ثابت ہو وہ نجاست خفیفہ ہے

دوسری روایت یہ ہے کہ جس میں ایک ہی قسم کی دلیل ہو وہ نجاست غلیظہ ہے اور جس نجاست کی ناپاکی کے بارے میں دونوں قسم کے احادیث ہوں وہ نجاست خففیہ ہے ۔

تیسری روایت یہ ہے کہ جس نجاست کے بارے میں ائمہ کا اتفاق ہو وہ نجاست غلیظہ ہے اور جس نجاست کی ناپاکی کے بارے میں ائمہ کا اختلاف ہو وہ نجاست خفیفہ ہے۔

**لغت**: خرء :بیٹ، خرء الدجاج ،مرغی کی بیٹ۔ التحرج :بچنا۔ المساحة: لمبائی چوڑائی ناپنے کے حساب کو مساحت کہتے ہیں رقیق: پتلا۔ کثیف: گاڑھا۔ دلیل مقطوع: قطعی دلیل، یقینی دلیل۔

**ترجمہ**: (۱۷۰) اور اگر کپڑے یا بدن کو نجاست خفیفہ لگ جائے جیسے گوشت کھائے جانے والے جانور کا پیشاب تو اس کے ساتھ نماز جائز ہے جب تک چوتھائی کپڑے کو نہ پہنچ جائے۔

**تشریح**: نجاست خفیفہ اس کو کہتے ہیں جس کے پاک ہونے اور ناپاک ہونے میں دونوں قسم کے دلائل ہوں، یا علماء میں اختلاف ہو۔ جیسے ان جانوروں کا پیشاب جن کا گوشت کھایا جاتا ہے کہ ان کے پاک اور ناپاک ہونے میں دونوں قسم کی احادیث ہیں۔ پاک ہونے کی دلیل یہ ہے حدیث میں ہے (ا) عن انس ان ناسا من عرينة قدموا المدينة فاجتووها فبعثهم

رسول اللہ ﷺ فی ابل الصدقة وقال اشربوا من البانها وابوالها۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی بول مایؤکل لحمہ ص ۲۱ نمبر ۷۲) آپؐ نے اہل عرینہ کو اونٹ کا پیشاب پینے کا حکم دیا۔ وہ پاک ہوگا تب ہی تو پیشاب پینے کا حکم دیا ہوگا؟ (۲) عن البراء قال قال رسول اللہ ﷺ لا بأس ببول ما اکل لحمه۔(دار قطنی، باب نجاسۃ البول والامر بالتنزہ منہ والحکم فی بول مایؤکل لحمہ ص ۱۳۵ نمبر ۴۵۴) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مأکول اللحم کا پیشاب پاک ہے۔ پیشاب کے ناپاک ہونے کی دلیل (۱) عن ابن عباس... فقال النبی ﷺ یعذبان وما یعذبان فی کبیر ثم قال بلی کان احدهما لا یستتر من بوله وکان الآخر یمشی بالنمیمة۔(بخاری شریف، باب من الکبائر ان لا یستتر من بولہ ص ۳۵ نمبر ۲۱۶ رترمذی شریف، باب التشدید فی البول ص ۳۱ نمبر ۷۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کوئی بھی پیشاب لگنا گناہ کبیرہ ہے۔ اس لئے وہ ناپاک ہے (۲) عن انس قال قال رسول اللہ ﷺ تنزهوا من البول فان عامة عذاب القبر منه۔(دار قطنی، باب نجاسۃ البول والامر بالتنزہ منہ ج اول ص ۱۳۵ نمبر ۴۵۳) یہ دونوں قسم کی احادیث مأکول اللحم کے بارے میں ہیں۔ اس لئے اس کے پیشاب کے بارے میں ائمہ کا اختلاف ہو گیا۔ اس لئے اس کا پیشاب امام ابو حنیفہ کے نزدیک نجاست خفیفہ ہے اور دوسرے جانور یا انسان کے بارے میں پاکی کی احادیث نہیں ہیں اس لئے ان کا پیشاب نجاست غلیظہ ہے۔

نجاست خفیفہ کے بارے میں اصل روایت یہ ہے کہ اتنا لگ جائے کہ لوگ اس کو کثیر اور زیادہ سمجھیں تو کپڑا ناپاک ہو جائے گا۔ دوسری روایت ہے کہ کپڑے کی چوتھائی ہو تو وہ گویا کہ کثیر ہو گیا اور کپڑا ناپاک ہوگا۔ کیونکہ ستر کھلنے میں چوتھائی ستر کھل جائے تو وہ کل ستر کھلنے کے قائم مقام ہے۔ احرام کی حالت میں سر منڈوانے میں چوتھائی سر منڈوائے تو کل سر منڈوانے کے قائم مقام ہے اسی طرح یہاں بھی چوتھائی کپڑے پر لگ جائے تو پورے کپڑے میں لگنے کے قائم مقام ہوگا اور کپڑا ناپاک ہو جائے گا۔

**وجہ** : گائے، بھینس کے چرواہے کے لئے ان کے پیشاب سے بچنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ اگر چوتھائی کپڑے میں پیشاب لگنے اور کیچڑ لگنے کو معاف نہ کیا جائے تو ان کے لئے حرج ہو جائے گا۔ اس لئے امام ابو حنیفہ نے فرمایا کہ نجاست خفیفہ چوتھائی کپڑے پر لگ جائے تو اس میں نماز جائز ہوگی اگرچہ دھولینا چاہئے۔ اس سہولت کی وجہ یہ حدیث ہے۔ قلت لام سلمة ان امرأة اطیل ذیلی وامشی فی المکان القذر؟ فقالت قال رسول اللہ ﷺ یطهره ما بعده (۲) وعن عبد اللہ ابن مسعود قال کنا نصلی مع رسول اللہ ﷺ ولا نتوضأ من الموطی (ترمذی شریف، باب ماجاء فی الوضوء من الموطی ص ۳۶ نمبر ۱۴۳ رابوداؤد شریف، باب فی الرجل یطأ الاذی برجلہ ص ۳۰ نمبر ۲۰۴) دامن میں تھوڑی بہت ناپاکی لگ جائے اور بعد کے مکان اس کو جھاڑ دے تو نماز ہو جائے گی۔ اس سے اشارہ ملتا ہے کہ نجاست غلیظہ ایک درہم سے کم ہو یا خفیفہ چوتھائی کپڑے سے کم ہو تو معفو عنہ ہیں ورنہ حرج ہوگا۔

**فائدہ**: امام محمدؒ کے نزدیک حدیث عرینہ کی بنا پر مأکول اللحم کا پیشاب پاک ہے۔ (۱) حدیث عرینہ اوپر ترمذی شریف، نمبر ۷۲

۱ یروی ذالک عن ابی حنیفۃ ، لان التقدیر فیہ بالکثیر الفاحش و الربع ملحق بالکل فی بعض الاحکام ۲ و عنہ ربع ادنی ثوب تجوز فیہ الصلوۃ کالمیزر ۳ و قیل ربع الموضع الذی اصابہ کالذیل و الدخریص ۴ وعن ابی یوسف شبر فی شبر

---

کی حدیث گزری، (۲) اور دار قطنی نمبر ۴۵۴ کی حدیث گزری جس کی بنا پر گوشت کھائے جانے والے جانور کا پیشاب پاک کہتے ہیں ۔(۳) اور یہ اثر بھی ہے عن جعفر عن أبیہ و نافع قال : کانا لا یریان بأسا ببول البعیر ، قال : و أصابنی فلم یریابہ بأسا . (مصنف ابن ابی شیبۃ ، باب ۱۴۱) فی بول البعیر والشاۃ یصیب الثوب، ج اول، ص ۱۰۹ ، نمبر ۱۲۳۱) اس اثر سے معلوم ہوا کہ اونٹ یعنی ماکول اللحم کے پیشاب میں کوئی حرج نہیں ہے۔ یعنی وہ پاک ہے۔

**ترجمہ** : ۱ یہ روایت امام ابو حنیفہ کا ہے اسلئے کہ اندازہ اس میں کثیر فاحش کا ہے اور چوتھائی کل کے ساتھ ملحق ہے بعض احکام میں

**تشریح** : نجاست خفیفہ کتنی معاف ہے اس بارے میں کئی اقوال ہیں، امام ابو حنیفہ کا ایک قول تو اوپر گزرا کہ پورے کپڑے کی چوتھائی سے کم ہو تو نجاست خفیفہ معاف ہے اور چوتھائی ہو تو دھونا پڑے گا۔ کیونکہ اصل قاعدہ یہ ہے کہ دیکھنے والا اسکو بہت زیادہ سمجھے تو وہ کثیر فاحش ہے۔ اور یہ نجاست خفیفہ معاف نہیں، اور چوتھائی چیز بعض احکام میں کل کے قائم مقام ہے اسلئے وہ کثیر فاحش ہو گیا اسلئے چوتھائی کپڑا معاف نہیں۔ جیسے ستر کھلنے میں چوتھائی ستر کھل جائے تو وہ کل ستر کھلنے کے قائم مقام ہے۔ احرام کی حالت میں سر منڈوانے میں چوتھائی سر منڈوائے تو کل سر منڈوانے کے قائم مقام ہے اسی طرح یہاں بھی چوتھائی کپڑے پر لگ جائے تو پورے کپڑے میں لگنے کے قائم مقام ہوگا اور کپڑا ناپاک ہو جائے گا۔

**ترجمہ** : ۲ حضرت امام ابو حنیفہ سے دوسری روایت ہے کہ ادنی کپڑا جس میں نماز جائز ہو جیسے لنگی۔

**تشریح** : امام ابو حنیفہ کی یہ دوسری روایت ہے کہ کم سے کم جتنے کپڑے میں مرد کی نماز جائز ہو جاتی ہے اتنے کپڑے کی چوتھائی میں نجاست خفیفہ معاف ہے، جیسے لنگی اور تہ بند کہ اس سے مرد کا اتنا ستر ڈھک جاتا ہے کہ اس میں نماز جائز ہو جاتی ہے اب لنگی کی چوتھائی سے کم نجاست خفیفہ لگ جائے تو نماز جائز ہے۔

**ترجمہ** : ۳ اور کہا گیا ہے کہ اس جگہ کی چوتھائی جہاں نجاست لگی ہو، جیسے دامن اور کلی۔

**تشریح** : امام ابو حنیفہ کی تیسری روایت یہ ہے کہ کپڑے کے جس حصے میں نجاست لگی ہو اسکی چوتھائی مراد ہے جیسے کرتے کی کلی میں نجاست لگی تو کلی کی چوتھائی مراد ہے، یا کرتے کے دامن میں نجاست لگی ہو تو اسکی چوتھائی معاف ہے اور اس سے زیادہ ہو تو دھونا پڑے گا۔

۵ وانما كان مخففا عند ابی حنيفةؒ و ابی يوسفؒ لمكان الاختلاف فی نجاسته، اولتعارض النصين على اختلاف الاصلين (۱۷۱)و اذا اصاب الثوب من الروث، اومن اخثاء البقر اكثر من قدر الدرهم لم تجز الصلوة فيه عند ابی حنيفةؒ ﴾ ۱ لان النص الوارد فی نجاسته، وهوماروی انه ﷺ: رمی بالروثة و قال : هذا رجس، او ركس، و لم يعارضه غيره، و بهذا يثبت التغليظ عنده و التخفيف بالتعارض

**ترجمہ**: ۴ اورامام ابو یوسفؒ سے روایت ہےایک بالشت لمبی اورایک بالشت چوڑی معاف ہے۔

**تشریح** : یہامام ابوحنیفہؒ کی چوتھی روایت ہے،جوامام ابو یوسفؒ سے ہے کہ ایک بالشت لمبی اورایک بالشت چوڑی سے کم نجاست لگی ہوتو معاف ہے۔

**ترجمہ**: ۵ امام ابوحنیفہ اورامام ابو یوسفؒ کے نزدیک جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہےاسکا پیشاب نجاست خفیفہ ہے نجاست میں اختلاف ہونے کی وجہ سے ،یادونصوں کے تعارض ہونے کی وجہ سے،دونوں کے اصول کےاختلاف کی بنیاد پر ۔

**تشریح** : جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہےاسکا پیشاب نجاست خفیفہ ہے،امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک تو اسلئے کہ اسکی نجاست کے بارے میں دوقسم کے نص ہیں جواوپر گزر گئے ایک سے معلوم ہوتا ہے کہ اسکا پیشاب ناپاک ہےاوردوسرے حدیث عرینہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اسکا پیشاب پاک ہےان دونوں حدیثوں کے تعارض کی بناپر اسکا پیشاب نجاست غلیظہ کے بجائے نجاست خفیفہ ہوگیا۔

اورامام ابو یوسفؒ کے نزدیک نجاست خفیفہ اسلئے ہوگیا کہ اس میں مجتہدین کا اختلاف ہے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک ماکول اللحم کا پیشاب ناپاک ہےاورامام محمدؒ کے نزدیک حدیث عرینہ کی بناپر پاک ہےاسلئے اسکی نجاست میں تخفیف آگئی۔

**اصول** : دونصوں کاتعارض ہوتوامام ابوحنیفہؒ کے نزدیک نجاست خفیفہ ہوجاتی ہے۔اوردومجتہد کااختلاف ہوتوامام ابو یوسفؒ کے نزدیک نجاست خفیفہ ہوجاتی ہے۔

**لغت**: مخففۃ : ہلکی نجاست۔میزر:تہبند،لنگی۔الذیل:دامن۔الدخریص:کلی۔شبر:بالشت۔

**ترجمہ**: (۱۷۱) اگرکپڑےکولید یا گائے کا گوبر درہم کی مقدار سے زیادہ لگ جائےتوامام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اس میں نماز جائزنہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۱ اسلئے کہ نص اسکی نجاست کے بارے میں وارد ہوئی اوروہ روایت ہے کہ حضور ﷺ نے لید کو پھینک دیااور فرمایا کہ یہ رجس ،یارکس یعنی ناپاک ہےاوراسکے معارض کوئی حدیث نہیں اوراس سے انکے نزدیک تغلیظ ثابت ہوتی ہے،اورتخفیف

۲؎ وقالا یجزیه حتی یفحش لان للاجتهاد فیه مساغاً، وبهذا یثبت التخفیف عندهما

تعارض نصین کی بنا پر ہوتی ہے ۔

**تشریح** : کپڑے پر ایک درہم سے زیادہ لید لگ جائے، یا گائے کا گوبر لگ جائے تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اس سے نماز پڑھنا جائز نہیں، اسکی وجہ یہ ہے کہ یہ نجاست غلیظہ ہے، اور نجاست غلیظہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ حضورؐ نے لید پھینک دیا اور فرمایا کہ یہ ناپاک ہے، حدیث یہ ہے انه سمع عبد الله یقول : أتی النبی ﷺ الغائط فأمرنی ان أتیه بثلاثة احجار فوجدت حجرین و التمست الثالث فلم أجد ، فأخذت روثة فأتیته بها فأخذالحجرین و ألقی الروثة و قال هذا رکس ۔ (بخاری شریف، باب لا یستنجی بروث، ص ۲۷، نمبر ۱۵۶ / ترمذی شریف، باب ماجاء فی الاستنجاء بالحجرین، ص ۱۰، نمبر ۱۷) اس حدیث میں ہے کہ لید ناپاک ہے اسلئے نجاست غلیظہ ہوگا کیونکہ اسکے مخالف کوئی اور نص نہیں ہے۔ اور گوبر کے سلسلے میں یہ حدیث ہے۔ عن سلمانؓ قال قیل له لقد علمکم نبیکم کل شیء حتی الخراء ة... و ان لایستنجی أحدنا بأقل من ثلاثة أحجار ، أو نستنجی برجیع أو عظم . (ابوداود شریف، باب کراهیة استقبال القبلة عند قضاء الحاجة، ص ۳، نمبر ۷ / ترمذی شریف، باب الاستنجاء بالحجارة، ص ۱۰، نمبر ۱۶) اس میں ہے کہ گوبر سے استنجاء کرنے سے منع فرمایا اور اسکی وجہ یہ ہے کہ گوبر نجاست ہے اور اسکے مخالف کوئی دلیل نہیں ہے اسلئے یہ نجاست غلیظہ ہوگا

**ترجمہ** : ۲؎ اور صاحبین فرماتے ہیں کہ انسان کو کافی ہوگا یہاں تک کہ بہت زیادہ ہو جائے اسلئے کہ اجتہاد کی اس میں گنجائش ہے، اور اتنے ہی سے صاحبین کے نزدیک تخفیف ثابت ہو جاتی ہے۔

**تشریح** : امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ ماکول اللحم کا پیخانہ جب تک بہت زیادہ نہ لگ جائے تب تک کپڑے کو پاک سمجھا جائے ، اسکی وجہ یہ ہے کہ جب ماکول اللحم کے پیشاب میں نص کی وجہ سے اختلاف ہے اور اجتہاد کی گنجائش ہے تو اسی پیٹ سے پیخانہ بھی نکلتا ہے اسلئے اس پر قیاس کر کے اسکا پیخانہ بھی نجاست خفیفہ ہونا چاہئے ۔ کیونکہ جس میں بھی تعارض نص ہو، یا اجتہاد کی گنجائش ہو صاحبین کے نزدیک اس میں تخفیف ہو جاتی ہے اور وہ نجاست خفیفہ ہو جاتی ہے ۔ (۲) اس حدیث کے مفہوم سے بھی یہ ٹپکتا ہے کہ ماکول اللحم کا پیخانہ نجاست خفیفہ ہے۔ قلت لام سلمة ان امرأة اطیل ذیلی و امشی فی المکان القذر؟ فقالت قال رسول الله ﷺ یطهره ما بعده (۳) وعن عبد الله ابن مسعود قال کنا نصلی مع رسول الله ﷺ ولا نتوضأ من الموطی (ترمذی شریف، باب ماجاء فی الوضوء من الموطئ ص ۳۶ نمبر ۱۴۳ / ابوداؤد شریف، باب فی الرجل یطأ الاذی برجله ص ۳۰ نمبر ۲۰۴) اس حدیث میں ہے کہ روندی ہوئی چیز سے وضو نہیں کرتے تھے، اور روندی ہوئی چیز ماکول اللحم کا پیخانہ بھی ہوسکتا ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ماکول اللحم کا پیخانہ نجاست خفیفہ ہے۔ (۴) اسکے لئے اثر بھی ہے . عن قتادة قال : کا ن لا یری بأرواث الدواب شیئا ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب ابوال الدواب وروثها، ج اول، ص ۳۷۷، نمبر ۱۴۷۸) اس

۳ ولان فيه ضرورة لامتلاء الطرق بها و هي موء ثرة في التخفيف، ۴ بخلاف بول الحمارلان الارض تنشفه ۵ قلنا: الضرورة في النعال و قد اثرت في التخفيف مرة حتى تطهر بالمسح فتكفي موء نتها ۶ و لا فرق بين مأكول اللحم و غيرما كول اللحم،

اثر میں ہے کہ جانوروں کے پیخانہ سے کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ نجاست خفیفہ ہے۔

**ترجمہ**: ۳ اور اسلئے کہ اس میں ضرورت ہے اس سے راستہ بھر جانے کی وجہ سے اور یہ تخفیف میں اثر انداز ہوتا ہے۔

**تشریح**: گوبر اور لید نجاست خفیفہ ہے اسکے لئے یہ بھی دلیل ہے کہ گوبر اور لید کو نجاست خفیفہ قرار دینے کی سخت ضرورت ہے، کیونکہ گوبر اور لید سے راستے بھرے ہوتے ہیں اور چلتے وقت وہ لگتے بھی ہیں اور عموم بلوی بھی ہے، اور ضرورت اور عموم بلوی سے تخفیف آتی ہے اسلئے اس میں بھی تخفیف آنی چاہئے۔ یہ پانچویں دلیل ہے۔

**ترجمہ**: ۴ بخلاف گدھے کے پیشاب کے اسلئے کہ زمین اسکو چوس لیتی ہے۔

**تشریح**: صاحبین کی جانب سے یہ ایک اشکال کا جواب ہے۔ اشکال یہ ہے کہ گدھے کے پیشاب کو حضرات صاحبین بھی اوپر نجاست غلیظہ کہہ آئے ہیں، حالانکہ اس سے بھی تو راستے بھرے ہوتے ہیں اور عموم بلوی بھی ہے تو اسکو نجاست خفیفہ کیوں قرار نہیں دیتے! تو اسکا جوب دے رہے ہیں کہ پیشاب میں جرم نہیں ہوتا وہ پتلا ہوتا ہے اسلئے زمین اسکو چوس لیتی ہے، اور اس سے راستہ بھرا نہیں ہوتا اسلئے اسکو نجاست خفیفہ قرار دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ اور لید اور گوبر جسم والے ہیں وہ راستے میں ہفتوں موجود ہوتے ہیں اسلئے ان میں تخفیف کرنے کی ضرورت ہے۔ تخفیف کی اصل وجہ تو اوپر کی حدیث ہے۔

**ترجمہ**: ۵ ہم کہتے ہیں کہ کہ ضرورت جوتے میں ہے اور اس میں ایک مرتبہ تخفیف اثر انداز ہو چکی ہے یہی وجہ ہے کہ جوتا رگڑنے سے پاک ہو جاتا ہے، بس اتنا ہی تخفیف کافی ہے۔

**تشریح**: یہ امام ابو حنیفہؒ کی جانب سے صاحبین کو جواب ہے۔ کہ ٹھیک ہے کہ لید اور گوبر سے راستے بھرے ہوتے ہیں لیکن اسکے لئے تخفیف کی ضرورت کپڑے میں نہیں ہے بلکہ اسکے لئے جوتے میں سہولت دینے کی ضرورت ہے کیونکہ راستے کی لید اور گوبر جوتے میں لگتے ہے، اور جوتے میں یہ سہولت دی جا چکی ہے کہ اسکو زمین سے رگڑنے سے پاک ہو جاتا ہے، اور اتنا ہی کافی ہے اسلئے لید اور گوبر کو نجاست خفیفہ قرار دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۶ اور جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہو اور جن جانووں کا گوشت نہیں کھایا جاتا ہو ان میں کوئی فرق نہیں ہے۔

**تشریح**: جن جانور کا گوشت کھایا جاتا ہو اور جن جانور کا گوشت نہیں کھایا جاتا ہو دونوں کا پاخانہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک نجاست غلیظہ ہے اس میں کوئی فرق نہیں ہے۔ یہ نہیں ہے کہ جنکا گوشت کھایا جاتا ہو اسکا پاخانہ نجاست خفیفہ ہو اور جسکا گوشت نہیں

**ے و زفرؒ فرق بینهما فوافق ابا حنیفۃؒ فی غیر ماکول اللحم، ووافقهما فی الماکول، ۸ وعن محمدؒ انه لما دخل الریّ و رأی البلوی افتی ان الکثیر الفاحش لا یمنع ایضاً، ۹ وقاسوا علیها طین بخارا وعندذالک رجوعه فی الخف یروی**

کھایا جاتا ہو اسکا نجاست غلیظہ ہو ایسا نہیں ہے۔ اور صاحبین کے نزدیک دونوں کا پاخانہ نجاست خفیفہ ہے، دونوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔

**ترجمہ:** ے اور زفرؒ نے فرق کیا دونوں کے درمیان پس غیر ماکول اللحم میں امام ابو حنیفہؒ کی موافقت کی، اور ماکول اللحم میں صاحبین کی موافقت کی۔

**تشریح:** امام زفرؒ نے گوشت نہ کھائے جانے والے جانور میں امام ابو حنیفہؒ کی موافقت کی اور فرمایا کہ غیر ماکول اللحم کا پاخانہ نجاست غلیظہ ہے۔ اور ماکول اللحم کے بارے میں صاحبین کی موافقت کی اور فرمایا گوشت کھائے جانے والے جانور کا پاخانہ نجاست خفیفہ ہے۔

**ترجمہ:** ۸ اور امام محمدؒ سے منقول ہے کہ جب وہ ری تشریف لے گئے اور بلوی عام دیکھا تو فتوی دیا کہ کثیر فاحش بھی نماز سے نہیں روکے گا۔

**تشریح:** امام محمدؒ جب ریّ تشریف لے گئے اور راستوں کو دیکھا کہ گوبر اور لید سے بھرے ہوئے ہیں اور بلوی عام میں لوگ مبتلا ہیں تو یہ فتوی دینے لگے کہ مٹی میں ملے ہوئے گوبر اور لید کتنے ہی لگ جائے پھر بھی نماز جائز ہے، شاید انہوں نے اس حدیث اور اثر سے استدلال فرمایا جس میں ہے کہ روندنے والی گندگی سے ہم لوگ وضو نہیں کرتے۔ یا اثر میں ہے کہ جانور کی لید سے حضرت قتادہ نماز کو ممنوع نہیں سمجھتے، حدیث اور اثر یہ ہیں۔ **وعن عبد الله ابن مسعود قال کنا نصلی مع رسول الله ﷺ ولا نتوضأ من الموطی** (ترمذی شریف، باب ماجاء فی الوضوء من الموطی ص ۳۶ نمبر ۱۴۳ ابوداؤد شریف، باب فی الرجل یطأ الاذی برجلہ ص ۳۰ نمبر ۲۰۴) اس حدیث میں ہے کہ روندی ہوئی چیز سے وضو نہیں کرتے تھے، اور روندی ہوئی چیز ماکول اللحم کا پیخانہ بھی ہوسکتا ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ماکول اللحم کا پیخانہ نجاست خفیفہ ہے۔ (۴) اسکے لئے اثر بھی ہے۔ **عن قتادة قال: کان لا یری بأرواث الدواب شیئاً**۔ (مصنف عبد الرزاق، باب ابوال الدواب وروثها، ج اول، ص ۳۷۷، نمبر ۱۴۷۸) اس اثر میں ہے کہ جانور کے پیخانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**ترجمہ:** ۹ اور اس پر بخارا کی مٹی کو قیاس کیا، اور اسی وقت موزے کے بارے میں ان سے رجوع ثابت ہے۔

**تشریح:** بخارا کی مٹی میں بھی گوبر اور لید ملی ہوئی ہوتی ہے اسلئے بخارا کی مٹی کو بھی ریّ کے راستے پر قیاس کیا کہ وہ بھی کثیر فاحش

(۱۷۲)واصابه بول الفرس لم یفسده حتی یفحش عندابی حنیفۃ وابی یوسفؒ وعندمحمدؒلاتمنع وان فحش ﴿۱﴾ لان بول ما یوء کل لحمه طاهر عنده مخفف نجاسته عند ابی یوسفؒ، و لحمه ماکول عندهما

لگ جائے تب بھی اس میں نماز جائز ہے۔ غالبا پہلے امام محمدؒ فرمایا کرتے تھے کہ رگڑنے سے موزہ پاک نہیں ہوگا لیکن جب ری تشریف لے گئے اور وہاں کے بلوی عام کو دیکھا تو اس سے رجوع کر گئے اور فرمایا کہ موزے پر نجاست لگ جائے تو اسکو رگڑنے پاک ہو جائیگا۔

**لغت** : . روث:لید۔ اخثاء: گوبر۔ رکس: ناپاکی۔ یفحش: اتنا زیادہ لگ جائے کہ لوگ سمجھے کہ یہ واقعی زیادہ ہے،دوسرا ترجمہ یہ ہے کہ چوتھائی کپڑے کو فاحش کہتے ہیں۔ امتلاء: ملء سے مشتق ہے بھرنا۔ تنشف :چوس لینا۔ مئونۃ :کارگزاری، محنت۔ الری: پچھلے زمانے میں مشہور شہر رہا ہے جہاں حضرت امام محمدؒ کی وفات ہوئی ہے،اس وقت یہ شہر روس میں ہے۔ بلوی: جس کام میں لوگ بہت مبتلا ہوں اسکو بلوی کہتے ہیں۔

**ترجمہ**: (۱۷۲) اور اگر کپڑے کو گھوڑے کا پیشاب لگ گیا تو امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک ناپاک نہیں کرے گا یہاں تک کہ فاحش ہو جائے ،اور امام محمدؒ کے نزدیک ناپاک نہیں کرے گا چاہے فاحش ہو جائے۔

**تشریح** : گھوڑے کا گوشت حلال ہے لیکن جہاد کی وجہ سے منع فرمایا ہے اسلئے اور ماکول اللحم جانور کی طرح اسکے دونوں نصوص میں تعارض ہو گیا،اور تعارض نصین کی وجہ سے امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک نجاست خفیفہ ہو جاتی ہے اسلئے گھوڑے کا پیشاب نجاست خفیفہ ہے۔ گھوڑے کے بارے میں دونوں قسم کی احادیث یہ ہیں۔ حرمت کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن خالد بن ولید انه سمع رسول الله ﷺ یقول لا یحل اکل لحوم الخیل والبغال والحمیر۔ (نسائی شریف، باب تحریم اکل لحوم الخیل ص ۶۰۲ نمبر ۴۳۳۶/ ابن ماجہ شریف، باب لحوم البغال ص ۴۶۴ نمبر ۳۱۹۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ گھوڑا کھانا حرام ہے۔

حلت کی حدیث یہ ہے۔ عن جابر بن عبد الله قال نهی النبی ﷺ یوم خیبر عن لحوم الحمر ورخص فی لحوم الخیل۔ (بخاری شریف، باب لحوم الخیل ص ۸۲۹ نمبر ۵۵۲۰/ مسلم شریف، باب اباحۃ اکل لحوم الخیل ص ۱۵۰ نمبر ۱۹۴۱) اسی کی دوسری روایت میں یہ بھی ہے۔ سمع جابر بن عبد الله یقول اکلنا زمن خیبر الخیل وحمر الوحش. (مسلم شریف، نمبر ۵۰۲۳/۱۹۴۱/ بخاری شریف، نمبر ۵۵۱۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ گھوڑے کا گوشت کھانا حلال ہے۔

**ترجمہ**: ۱ اسلئے کہ جس جانور کا گوشت کھایا جاتا ہے اسکا پیشاب امام محمدؒ کے نزدیک پاک ہے،اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک نجاست خفیفہ ہے،اور گھوڑے کا گوشت دونوں کے نزدیک کھایا جائے گا۔

۲؎ و اما عند ابی حنیفہؒ فالتخفیف لتعارض الآثار (۱۷۳)و ان اصابه خرء مالا یوکل لحمه من الطیور اکثر من قدر الدرهم اجزأت الصلوة فیه عندابی حنیفہؒ وابی یوسفؒ ، و قال محمدؒ لا یجوز﴾

**تشریح** : یہاں دو باتیں عرض کر رہے ہیں، ایک تو یہ کہ امام محمدؒ کے نزدیک گھوڑے کا گوشت حلال ہے چاہے اس وقت نہ کھاتے ہوں۔ اور جب گوشت حلال ہے تو اوپر کی احادیث کی وجہ سے حلال جانور کا پیشاب امام محمدؒ کے نزدیک حدیث عرینہ کی وجہ سے پاک ہے اسلئے گھوڑے کا پیشاب کتنا ہی لگ جائے امام محمد کے نزدیک کپڑا پاک رہے گا۔ گھوڑے کا حلال ہونے کی دلیل اوپر حدیث گزر گئی۔

اور دوسری بات یہ ہے کہ امام محمدؒ اور امام ابو حنیفہؒ کے درمیان اختلاف ہو گیا، اور مجتہدین میں اختلاف کی وجہ سے امام ابو یوسفؒ کے نزدیک تخفیف ہو جاتی ہے اسلئے گھوڑے کا پیشاب نجاست خفیفہ ہوگا۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک تخفیف احادیث کے تعارض کی بنا پر ہوگی۔

**تشریح** : اوپر قاعدہ گزرا کہ ایک چیز کے بارے میں دو قسم کے احادیث آجائے تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک تخفیف ہو جاتی ہے، اور اوپر گھوڑے کے گوشت کے بارے میں دونوں قسم کی احادیث آگئیں اسلئے نجاست خفیفہ ہو جائے گا۔ پھر حلال جانور کے پیشاب کے بارے میں دو قسم کی احادیث گزری اسلئے وہ نجاست خفیفہ ہوگا۔ دونوں احادیث یہ ہیں ۔پاک ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے(۱)عن انس ان ناسا من عرینة قدموا المدینة فاجتووها فبعثهم رسول الله ﷺ فی ابل الصدقة وقال اشربوا من البانها و ابوالها ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی بول مایوکل لحمہ ص ۲۱ نمبر ۷۲) آپؐ نے اہل عرینہ کو اونٹ کا پیشاب پینے کا حکم دیا۔ وہ پاک ہوگا تب ہی تو پیشاب پینے کا حکم دیا ہوگا؟ (۲)عن البراء قال قال رسول الله ﷺ لا بأس ببول ما اکل لحمه ۔(دار قطنی ، باب نجاسۃ البول والامر بالتنزہ منہ والحکم فی بول مایوکل لحمہ ص ۱۳۵ نمبر ۴۵۴) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مأکول اللحم کا پیشاب پاک ہے۔ پیشاب کے ناپاک ہونے کی دلیل (۱)عن ابن عباس... فقال النبی ﷺ یعذبان وما یعذبان فی کبیر ثم قال بلی کان احدهما لا یستتر من بوله و کان الآخر یمشی بالنمیمة ۔(بخاری شریف، باب من الکبائر ان لا یستتر من بولہ ص ۳۵ نمبر ۲۱۶ / ترمذی شریف، باب التشدید فی البول ص ۱۳ نمبر ۷۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کوئی بھی پیشاب لگنا گناہ کبیرہ ہے۔ اس لئے وہ ناپاک ہے(۲) عن انس قال قال رسول الله ﷺ تنزهوا من البول فان عامة عذاب القبر منه ۔(دار قطنی ، باب نجاسۃ البول والامر بالتنزہ منہ ج اول ص ۱۳۵ نمبر ۴۵۳) یہ دونوں قسم کی احادیث مأکول اللحم کے پیشاب کے بارے میں ہیں۔ اس لئے اس کے پیشاب کے بارے میں ائمہ کا اختلاف ہو گیا۔ اس لئے اس کا پیشاب امام ابو حنیفہ کے نزدیک نجاست خفیفہ ہے۔

۱؎ فقد قیل ان الاختلاف فی النجاسة، و قد قیل فی المقدار و هو الاصح

**ترجمہ**: (۱۷۳) اور اگر کپڑے کو گوشت نہ کھائے جانے والے پرندے کی بیٹ درہم کی مقدار سے زیادہ لگ گئی تب بھی اس میں امام ابو حنیفہ اور امام یوسفؒ کے نزدیک نماز جائز ہو جائے گی، اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ نماز جائز نہیں ہوگی۔

**تشریح**: امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک ایسے پرندے کی بیٹ نجاست خفیفہ ہے جسکا گوشت نہیں کھایا جاتا ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ پرندہ اڑتے ہوئے اوپر سے آدمی پر بیٹ کر دیتا ہے، یہ مجبوری ہے اسلئے ایک درہم سے زیادہ بھی ہو تو نماز جائز ہو جائے گی (۲) عن الحسن قال : سقطت هائمة علی الحسن فذرقت علیه فقال له بعض القوم : نأتیک بماء تغسله فقال : لا، و جعل یمسحه عنه ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۴۵ الذی یصلی و فی ثوبہ خرء الطیر، ج اول، ص ۱۱۰، نمبر ۱۲۵۶ مصنف عبد الرزاق، باب خرء الدجاج وطین المطر، ج اول، ص ۳۷۶، نمبر ۱۴۷۴) اس اثر میں ہے کہ پرندے کی بیٹ پاک ہے، یا نجاست خفیفہ ہے۔

اور امام محمدؒ کے نزدیک پرندے کی بیٹ درہم کی مقدار سے زائد لگ جائے تو اس میں نماز جائز نہیں ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ انکے یہاں یہ نجاست غلیظہ ہے۔ اور نجاست غلیظہ ہونے کی دلیل (۱) ایک تو یہ ہے کہ اسکا گوشت نہیں کھایا جاتا ہے، اور پہلے گزر چکا ہے کہ جس جانور کا گوشت نہیں کھایا جاتا ہو اسکا پیخانہ نجاست غلیظہ ہے اسلئے اسکا پیخانہ بھی نجاست غلیظہ ہونا چاہئے (۲) پرندے بلی کی طرح گھر میں نہیں رہتے اور ہر وقت برتن میں منہ نہیں ڈالتے یہ تو کبھی کبھار اوپر سے پیخانہ کر دیتے ہیں اسلئے اس میں اتنی مجبوری نہیں ہے کہ اسکے پیخانہ کو نجاست غلیظہ کے بجائے نجاست خفیفہ قرار دیا جائے، اسلئے اسکا پیخانہ نجاست غلیظہ ہی رہے گا۔ (۳) اسکے لئے اثر بھی ہے عن اسرائیل بن موسی قال : کنت مع ابن سیرین فسقط علیه بول الخفاش فنضحه ، وقال : ما کنت اری النضح شیئا حتی بلغنی عن ستة من أصحاب محمد ﷺ ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب بول الخفاش، ج اول ص ۳۷۶، نمبر ۱۴۷۲) اس اثر میں چمگادڑ کا پیشاب دھویا گیا جو پرندے کی قسم میں سے ہے جس سے معلوم ہوا کہ پرندے کی بیٹ نجاست غلیظہ ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ بعض لوگوں نے کہا کہ اختلاف نجاست کے بارے میں ہے۔ اور کہا گیا کہ اختلاف مقدار میں ہے اور وہی صحیح ہے۔

**تشریح**: امام کرخیؒ سے منقول ہے کہ ان دونوں حضرات کے درمیان اختلاف نجاست اور عدم نجاست کے بارے میں ہے، یعنی امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک پرندے کی بیٹ پاک ہے اور امام محمدؒ کے نزدیک ناپاک ہے۔ لیکن صحیح بات یہ ہے کہ تینوں حضرات کے یہاں پرندے کی بیٹ ناپاک ہے، البتہ امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک نجاست خفیفہ ہے جس کی بنا پر

۲؎ هو يقول ان التخفيف للضرورة و لا ضرورة لعدم المخالطة فلا يخفف، ۳؎ و لهما انها تذرق من الهواء و التحامی عنه متعذر فتحققت الضرورة، ۴؎ و لو وقع فی الاناء قيل يفسد و قيل لا يفسد لتعذر صون الاوانی عنه، (۱۷۴) و ان اصابه من دم السمک، او من لعاب البغل، او الحمار اکثر من قدر الدرهم اجزأت الصلوة فيه﴾

درھم کی مقدار سے زیادہ بھی لگ جائے تو ناپاک نہیں کیونکہ نجاست خفیفہ چوتھائی کپڑے تک معاف ہے۔ اور امام محمدؒ کے نزدیک نجاست غلیظہ ہے اسلئے درھم کی مقدار لگ جائے تو معاف نہیں دھونا پڑے گا ۔

**ترجمہ**: ۲؎ امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ تخفیف ضرورت کی بنا پر ہوتی ہے اور یہاں کوئی ضرورت نہیں ہے اختلاط نہ ہونے کی وجہ سے اسلئے تخفیف نہیں کی۔

**ترجمہ**: ۳؎ اور امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ یہ پرندے ہوا میں اڑتے ہوئے بیخانہ کرتے ہیں اور اس سے بچنا مشکل ہے اسلئے ضرورت متحقق ہوگئی۔

**تشریح**: یہ دونوں حضرات یہ فرماتے ہیں کہ پرندے ہوا میں اڑتے ہوئے لوگوں پر بیٹ کر دیتے ہیں اور اس سے بچنا مشکل ہے اسلئے ضرورت متحقق ہوگئی، اور اسکی نجاست میں تخفیف کرنے کی ضرورت ہے۔ اسلئے یہ نجاست خفیفہ ہوگی۔ باقی دلائل اوپر گزر گئے۔

**ترجمہ**: ۴؎ اور اگر بیٹ برتن میں گر گئی تو بعض حضرات نے فرمایا کہ اسکو ناپاک کردے گی، اور بعض حضرات نے فرمایا کہ اسکو ناپاک نہیں کرے گی، اسلئے کہ برتنوں کو بھی اس سے بچانا مشکل ہے۔

ان اقوال کا مدار اس بات پر ہے کہ برتن کو پرندے کی بیٹ سے بچانا متعذر ہے یا نہیں۔ امام ابوبکر اعمشؒ نے فرمایا کہ برتن گھر کے اندر محفوظ رہتا ہے اس میں اڑتے ہوئے پرندے بیٹ نہیں کر سکتے اور اسکو بیٹ سے بچانا بہت آسان ہے اسلئے اس میں تخفیف کی ضرورت نہیں، اگر برتن میں بیٹ کردے تو برتن ناپاک ہو جائے گا۔ اور امام کرخیؒ نے فرمایا کہ برتن کو بھی بیٹ سے نہیں بچا سکتے اسلئے اس میں بھی تخفیف کی ضرورت ہے، اگر برتن میں بیٹ کردیا تو وہ ناپاک نہیں ہوگا۔ اسلئے کہ برتن کو بچانا متعذر ہے۔

**لغت**: خرء: پرندے کی بیٹ۔ المخالطة: اختلاط سے مشتق ہے: گھل مل جانا۔ تذرق: بیٹ کرنا، اڑتے ہوئے بیٹ کرنے کو تذرق کہتے ہیں۔ التحامی: بچنا۔ صون: بچنا، محفوظ رکھنا۔ اوانی: آنیة سے مشتق ہے، برتن۔

**ترجمہ**: (۱۷۴) اگر کسی کو درھم کی مقدار سے زیادہ مچھلی کا خون لگ گیا، یا خچر کا تھوک لگ گیا، یا گدھے کا تھوک لگ گیا تو اس میں نماز جائز ہے۔

**تشریح**: اس مسئلے کا مدار اس بات پر ہے کہ مچھلی کا خون پاک ہے، اور گدھے اور خچر کا لعاب یا تو پاک ہے، یا مشکوک ہے اسلئے

درھم سے زیادہ بھی لگ جائے تو کپڑا پاک رہے گا اور اس میں نماز پڑھنا جائز رہے گا۔

مچھلی کا خون اسلئے پاک ہے کہ مچھلی کو بغیر ذبح کئے ہوئے بھی کھانا حلال ہے ۔اور بغیر ذبح کے کھائے گا تو خون بھی اسکے ساتھ کھائے گا تو جب تک اسکا خون پاک نہیں ہے تو کھائے گا کیسے! اسلئے مچھلی کا خون پاک ہے اور کپڑے میں لگ جاے تو وہ ناپاک نہیں ہوگا۔ بغیر ذبح کے کھانا حلال ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے۔ **عن ابی ھریرة قال رسول الله ﷺ ھو الطھور ماء ہ الحل میتتہ** ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی ماء البحر انہ طھور ص ۲۱ نمبر ۶۹ ر ابوداود، باب الوضوء بماء البحر، ص ۱۳ نمبر ۸۳) اس حدیث میں ہے کہ مردہ یعنی مچھلی حلال ہے۔(۲) حدیث میں ہے۔ **عن عبد اللہ بن عمر ان رسول اللہ ﷺ قال احلت لنا میتتان الحوت و الجراد**۔(ابن ماجہ شریف، باب صید الحیتان والجراد ص ۴۶۷ نمبر ۳۲۱۸ ر دار قطنی، کتاب الاشربۃ ج رابع ص ۱۸۴ نمبر ۴۶۸۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مچھلی بغیر ذبح کے حلال ہے اسلئے اسکا خون بھی پاک ہوگا ۔

اورگدھے اور خچر کا لعاب پاک ہے اسلئے کہ اسکا گوشت پاک اور حلال ہے۔ اسکے گوشت حلال ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے۔ **عن غالب ابن أبجر قال : أصابتنا سنة .....فقالؐ : أطعم أھلک من سمین حمرک فانما حرمتھا من أجل جوال القریة ، یعنی الجلالة** ۔(ابوداود شریف، باب فی أکل لحوم الحمر الاھلیة، ص ۵۴۳، نمبر ۳۸۰۹) اس حدیث میں ہے کہ گدھے کا گوشت اصل کے اعتبار سے حلال ہے صرف گندگی پر پھرنے کی وجہ سے حرام کیا ہے اسلئے اسکا تھوک پاک ہوگا۔ اور یہی حال خچر کا بھی ہوگا کیونکہ وہ بھی گدھے کی ہی نسل ہے۔

یا زیادہ سے زیادہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اسکا لعاب مشکوک ہے کیونکہ لعاب گوشت سے پیدا ہوتا ہے گوشت کے سلسلے میں جہاں حلال کی حدیث ہے وہاں حرام ہونے کی بھی حدیث ہے، وہ یہ ہے ۔ **عن ابن عمرؓ نھی النبی ﷺ عن لحوم الحمر الاھلیة یوم خیبر** . (بخاری شریف، باب لحوم الحمر الانسیة ص ۸۲۹ نمبر ۵۵۲۱ ر مسلم شریف، باب تحریم اکل لحم الحمر الانسیة، ص ۱۴۹، نمبر ۱۹۳۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ گھریلو گدھے کا گوشت حلال نہیں ہے۔ پہلے جائز تھا، جنگ خیبر میں حرام ہوگیا۔ اور خچر کا گوشت حرام ہے اس کی دلیل یہ حدیث ہے۔ **عن خالد بن الولید ان رسول اللہ ﷺ نھی عن اکل لحوم الخیل و البغال و الحمیر و کل ذی ناب من السباع** . (نسائی شریف، باب تحریم اکل لحوم الخیل ص ۶۰۲ نمبر ۴۳۳۷ ر ابن ماجہ شریف، باب لحوم البغال ص ۴۶۴ نمبر ۳۱۹۸) اس حدیث سے معلوم ہوا خچر کا گوشت حلال نہیں ہے (۲) **عن خالد بن ولید انہ سمع رسول اللہ ﷺ یقول لا یحل اکل لحوم الخیل و البغال و الحمیر** ۔(نسائی شریف، باب تحریم اکل لحوم الخیل ص ۶۰۲ نمبر ۴۳۳۶ ر ابن ماجہ شریف، باب لحوم البغال ص ۴۶۴ نمبر ۳۱۹۸) ان دونوں حدیثوں کو ملانے سے یہ ہوتا ہے کہ گدھے اور خچر کا گوشت مکروہ ہے اور اصل کے اعتبار سے اسکا گوشت حلال ہے اسلئے زیادہ سے زیادہ اسکا لعاب مشکوک ہے اسلئے کپڑے پر لگنے سے کپڑا ناپاک نہیں ہو

۱ اما دم السمک فلانه لیس بدم علی التحقیق فلا یکون نجساً، ۲ و عن ابی یوسفؒ انه اعتبر فیه الکثیر الفاحش فاعتبره نجساً ۳ و اما لعاب البغل و الحمار فلانه مشکوک فیه فلا یتنجس به الطاهر

گا۔

**ترجمہ**: ۱ بہر حال مچھلی کا خون تو تحقیق یہ ہے کہ وہ خون ہی نہیں ہے اسلئے وہ نجس نہیں ہے۔

**تشریح** : خون کی خاصیت یہ ہے کہ دھوپ میں رکھنے سے کالا ہو جاتا ہے اور مچھلی کے خون کو دھوپ میں رکھیں تو وہ کالا نہیں ہوگا بلکہ سفید مائل ہو جائے گا جس سے معلوم ہوا کہ وہ خون نہیں ہے ، دوسری بات یہ ہے کہ خون والا جانور پانی میں نہیں رہ سکتا، اور مچھلی پانی میں رہتی ہے جس سے معلوم ہوا کہ مچھلی میں خون نہیں ہوتا۔ اور جب خون نہیں ہے تو اس سے کپڑا ناپاک نہیں ہوگا۔ باقی دلائل اوپر گزرے۔

**ترجمہ**: ۲ امام ابو یوسفؒ سے ایک روایت ہے کہ انہوں نے اس میں کثیر فاحش کا اعتبار کیا ہے، تو گویا کہ انہوں نے اسکو ناپاک قرار دیا۔

**تشریح**: امام ابو یوسفؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ بہت زیادہ ہو تو اسکو دھونا چاہئے ، انکا متدل یہ اثر ہے۔ عن الحسن قال : لا بأس بدم السمک الا ان یقذر۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ ،۲۳۰ فی دم السمک ، ج اول ،ص ۱۷۵، نمبر ۲۰۲۴) اس اثر میں ہے کہ عام حالات میں مچھلی کے خون سے کوئی حرج نہیں ہے البتہ بہت زیادہ ہو جائے تو دھونا چاہئے۔ اس مسلک کا حاصل یہ ہوگا کہ کسی نہ کسی درجے میں مچھلی کا خون ناپاک ہے۔

**ترجمہ**: ۳ بہر حال خچر اور گدھے کا تھوک تو وہ مشکوک ہے تو اس سے پاک چیز ناپاک نہیں ہوگی۔

**تشریح**: گدھے اور خچر کے تھوک کے بارے میں ابھی حدیث گزری کہ وہ مشکوک ہے اسلئے وہ پاک کپڑے پر لگ جائے تو چونکہ وہ یقینی طور پر پاک ہے اسلئے ایک مشکوک چیز پاک چیز کو ناپاک نہیں کرے گی۔ اس اثر میں اسکا ثبوت ہے عن عطاء انہ کان لایری بأسا بسور الحمار (مصنف ابن ابی شیبۃ ،۳۲ من قال: لابأس بسوء ر الحمار ، ج اول ،ص ۳۵، نمبر ۳۱۲) اس اثر میں ہے کہ گدھے کے جوٹھے سے کوئی حرج کی بات نہیں ہے۔ اور مکروہ ہونے کی دلیل یہ اثر ہے عن ابن عمر انہ کان یکرہ سور الحمار (مصنف ابن ابی شیبۃ ،۳۱ فی الوضوء بسور الحمار و الکلب ، من کرھہ ، ج اول ،ص ۳۵، نمبر ۳۰۴) اس اثر میں گدھے کے جوٹھے کو مکروہ قرار دیا ہے۔ اور دونوں اثروں کو ملا کر تھوک مشکوک ہوگا۔

خچر کے بارے میں یہ اثر ہے۔ عن ابی عامر قال : لا بأس بسور البغل (مصنف ابن ابی شیبۃ ،۳۲ من قال: لابأس بسوء ر

(۱۷۵)فان انتضح عليه البول مثل رؤوس الابر فذالک ليس بشیء﴾ ۱؎ لانه لايستطاع الامتناع عنه

---

الحمار، ج اول، ص۳۵، نمبر ۳۱۶) اس اثر میں ہے کہ خچر کے جوٹھے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اور دوسرا اثر یہ ہے۔ عن ابراهيم قال كان يكره سور البغل و الحمار ۔( مصنف ابن ابی شیبۃ، ۳۱ فی الوضوء بسوء الحمار والکلب، من کرھہ ، ج اول، ص۳۵، نمبر۳۰۷) اس اثر میں ہے کہ خچر کا جوٹھا مکروہ سمجھتے تھے۔ دونوں کو ملا کر خچر کا جوٹھا مشکوک ہوا۔

**ترجمہ**: (۱۷۵) اگر انسان پر پیشاب کا چھینٹا پڑ جائے سوئی کے ناکے کے برابر تو یہ کوئی چیز نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ اس سے بچنا ممکن نہیں۔

**تشریح**: انسان کے کپڑے یا بدن پر پیشاب کے بہت سے چھینٹے پڑ گئے تو اس سے نماز جائز ہو جائے گی بشرطیکہ کثیر فاحش نہ ہو جائے ، یا ایک درھم کے برابر نہ ہو جائے۔

**وجہ**: اسکی وجہ یہ ہے کہ پیشاب کا باریک باریک چھینٹا نظر نہیں آتا اسلئے اسکو بار بار دھونے میں مشقت شدیدہ ہے اور اس میں حرج ہے اسلئے وہ معاف ہے۔

(۲) اس اثر سے استدلال کیا جا سکتا ہے۔ عن ابی جعفر و عطاء أنهما لم يريا بدم البراغيث و البعوض بأسا (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۲۲۹ فی دم البراغیث والذباب، ج اول، ص ۱۷۵، نمبر ۲۰۱۹) اس اثر میں ہے کہ مکھی کے خون سے کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے اسکی ایک وجہ یہ ہے کہ اسکا خون باریک باریک چھینٹے کی طرح ہوتا ہے اسلئے یہ معاف ہے (۳) عن ابراهيم قال : لا بأس بأبوال البهائم الا المستنقع . اى المجتمع ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب ابوال الدواب وروثھا، ج اول، ص ۳۷۷، نمبر ۱۴۸۰) اس اثر میں ہے کہ جانور کے پیشاب کے چھینٹے پڑ جائے تو کوئی حرج نہیں ہے البتہ بہت زیادہ ہو جائے تو پھر دھویا جائے گا ۔ (۴) سألت الزهرى عن رجل يغتسل من الجنابة فينتضح فى الاناء من جلده ، فقال : لا بأس به (مصنف عبد الرزاق، باب الماء یمسہ الجنب أو یدخلہ، ج اول، ص ۹۲، نمبر ۳۱۱) اس اثر میں ہے کہ جنبی کے غسل کا چھینٹا پڑ جائے تو کوئی حرج نہیں

(۱۷۶)والنجاسة ضربان، مرئية، وغير مرئية، فما كان منها مرئيافطهارتها بزوال عينها ﴾

ہے۔

﴿ نجاست پاک کرنے کا طریقہ ﴾

**ترجمہ:** (۱۷۶) نجاست کی دوقسمیں ہیں(۱) نظر آنے والی (۲) اور نظر نہ آنے والی، پس جو نظر آنے والی ہے تو اسکی طہارت عین کے زائل کرنے سے ہو جائے گی

**تشریح:** نجاست کی دوقسمیں ہیں۔ایک تو نظر آنے والی اور دوسری نظر نہ آنے والی۔پس جو نظر آنے والی ہے اسکو پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ عین نجاست کو دھوکر زائل کردے وہ جگہ پاک ہو جائیگی چاہے ایک مرتبہ میں دھولے چاہے پانچ مرتبہ میں۔پھر اگر اسکا رنگ وغیرہ باقی رہ جائے تب بھی کوئی حرج نہیں ہے، کیونکہ اسکا زائل کرنا بعض مرتبہ مشکل ہوتا ہے۔

**وجہ:** (۱) نجاست مرئیہ کے عین کے زائل ہونے سے پاک ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے عن اسماء بنت ابی بکر انها قالت سمعت امرأة تسأل رسول الله ﷺ كيف تصنع احدانا بثوبها اذا رأت الطهر اتصلى فيه قال تنظر فان رأت فيه دما فلتقرصه بشىء من ماء ولتنضح ما لم ترى وتصلى فيه (ج)(ابوداؤد شریف، باب المرأۃ تغسل ثوبها الذی تلبسہ فی حیضہا ص ۵۸ نمبر ۳۶۱) اس حدیث میں ہے کہ پانی ڈالو جب تک کہ نجاست نظر آئے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ نجاست مرئیہ زائل ہونے تک دھویا جائے گا(۲) مستحاضہ کے سلسلے میں یہ حدیث ہے عن عائشة قالت جائت فاطمة بنت ابى حبيش ... فاذا ادبرت فاغسلى عنک الدم وصلى. (مسلم شریف، باب المستحاضہ وغسلها وصلوا تها ص ۱۵۱ نمبر ۳۳۳) اس میں یہ بتایا کہ خون کو دھوؤ اور نماز پڑھو۔کتنی مرتبہ دھوؤ یہ نہیں بتایا جس کا مطلب یہ ہے کہ نجاست مرئیہ کے زائل ہونے تک دھوؤ۔

نجاست زائل ہو جائے مگر اس کی رنگت زائل کرنے کے لئے صابون وغیرہ کی زحمت کرنے پڑے تو اس کی چنداں ضرورت نہیں ہے کپڑا پھر بھی پاک ہو جائے گا۔جیسے گوبر لگنے کے بعد عام پانی سے دھونے سے گوبر زائل ہو جاتا ہے لیکن اس کا داغ باقی رہتا ہے تو اس کے زائل کرنے کے لئے صابون وغیرہ کی زحمت ضروری نہیں ہے۔عن ابی هريرة .....قال: اذا طهرت فاغسليه ثم صلى فيه . فقالت : فان لم يخرج الدم ؟ قال : يكفيک غسل الدم و لا يضرک أثره (ابوداؤد شریف، باب المرأۃ تغسل ثوبها الذی تلبسہ فی حیضہا ص ۵۸ نمبر ۳۶۵ رمسند امام احمد۔مسند ابی ھریرۃ، ج ثالث، ص ۵۲، نمبر ۸۵۴۹) اس حدیث میں ہے ولا یضرک اثرہ، جس سے معلوم ہوا کہ اثر باقی رہ جائے تو کوئی حرج نہیں ہے(۲) یہ حدیث بھی ہے۔ سألت عائشة عن الحائض يصيب ثوبها الدم؟ قالت تغسله فان لم يذهب اثره فلتغيره بشىء من صفرة (ابوداؤد شریف، باب

ل لان النجاسة حلت المحل باعتبار العين فتزول بزواله ۲ الا ان يبقى من اثرهامايشق ازالته لان الحرج مدفوع، ۳ و هذا يشير الى انه لايشترط الغسل بعد زوال العين و ان زال بالغسل مرة واحدة، وفيه كلام (۱۷۶) وماليس بمرئی فطهارتها ان يغسل حتى يغلب على ظن الغاسل انه قد طهر ﴾

المرأة تغسل ثوبها الذی تلبسہ فی حیضھا ص ۵۸ نمبر ۳۵۷) حدیث سے معلوم ہوا کہ داغ اور رنگت نہ جائے تو کوئی حرج نہیں ہے اس کو صفرہ سے بدل دیا جائے (۲) شریعت یوں بھی مشقت شدیدہ کی مکلّف نہیں بناتی۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ نجاست عین کے اعتبار سے محل میں گھس چکی ہے اسلئے عین کو زائل کرنے سے نجاست زائل ہو جائے گی۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے کہ نجاست لگی ہوئی جگہ پر گویا کہ عین کے اعتبار سے گھس چکی ہے اسلئے عین نجاست کو زائل کر دیں تو نجاست زائل ہو جائے گی اور عین نجاست کے زائل ہونے سے جگہ پاک ہو جائے گی۔ اوپر حدیث میں ۔ یکفیک غسل الدم و لا یضرک أثرہ (ابوداؤد شریف نمبر ۶۵) تھا جسکا مطلب تھا کہ عین خون کا زائل ہونا طہارت کے لئے کافی۔

**ترجمہ**: ۲ مگر یہ کہ اسکا اثر باقی رہے جسکا زائل کرنا مشکل ہو کیونکہ حرج شریعت میں دور کیا گیا ہے۔

**تشریح**: ابھی اوپر گزرا کہ عین نجاست زائل ہو جائے لیکن رنگت اور داغ زائل نہ ہوتے ہوں تو کوئی حرج کی بات نہیں ہے اسلئے اسکے زائل کرنے میں مشقت شدیدہ ہے اور شریعت میں حرج سے بچنے کے لئے کہا گیا ہے اسلئے کپڑا اور جگہ رنگ کے باوجود بھی پاک ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ۳ یہ عبارت اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ عین نجاست کے زائل ہونے کے بعد پھر دھونے کی ضرورت نہیں چاہے ایک ہی مرتبہ دھونے سے زائل ہو جائے، اور اس میں کلام ہے۔

**تشریح**: اوپر یہ عبارت گزری کہ عین کا زائل ہونا کافی ہے یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اگر ایک مرتبہ دھونے سے نجاست زائل ہو گئی تو پاک ہو گیا دوبارہ دھونے کی ضرورت نہیں ہے۔ فقیہ ابو جعفرؒ نے فرمایا کہ عین نجاست کے زائل ہونے کے بعد دو مرتبہ مزید دھوئے، کیونکہ عین زائل ہونے کے بعد گویا کہ وہ غیر مرئی نجاست ہو گئی اور غیر مرئی نجاست کو تین مرتبہ دھوتے ہیں اسلئے اسکو بھی دو مرتبہ دھو دے تاکہ ملا کر تین مرتبہ ہو جائے۔

**ترجمہ**: (۱۷۶) جو نجاست نظر نہیں آتی اس کی طہارت کا طریقہ یہ ہے کہ دھوتے رہے یہاں تک کہ دھونے والے کو غالب گمان ہو جائے کہ وہ پاک ہو گیا ہوگا۔

**تشریح**: جو ناپاکی خشک ہونے کے بعد نظر نہ آتی ہو جیسے پیشاب، شراب اس کو اتنی مرتبہ دھوئے اور ہر مرتبہ نچوڑے کہ دھونے والے کو گمان ہونے لگے کہ تمام نجاست نکل کر اب کپڑا پاک ہو گیا ہے۔

**۱** ان التکرار لابد منه للاستخراج ولا یقطع بزواله فاعتبر غالب الظن کما فی امر القبلة، **۲** وانما قدروا بالثلاث لان غالب الظن یحصل عنده فاقیم السبب الظاهر مقامه تیسیراً، و یتأید ذالک بحدیث المستیقظ من منامه

---

**وجه**: دھونے کی تکرار سے نجاست نکلتی چلی جائے گی اور آخر تمام نجاست نکل جائے گی اور زیلان نجاست ہی سے کپڑا یا بدن پاک ہوجاتا ہے (۲) علماء نے کہا ہے کہ تین مرتبہ دھویا جائے اور وہ اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں عن ابی ھریرۃ ان النبی ﷺ قال اذا استیقظ احدکم من نومه فلا یغمس یده فی الاناء حتی یغسلها ثلاثا فانه لا یدری این باتت یده۔ (مسلم شریف، باب کراھۃ غمس المتوضی وغیرہ یدہ المشکوک فی نجاستھا فی الاناء قبل غسلھا ثلاثا ص ۱۳۶ نمبر ۲۷۸) یہاں نجاست غیر مرئیہ ہے تو تین مرتبہ دھونے کے لئے کہا گیا تو اور نجاست غیر مرئیہ میں بھی تین مرتبہ دھویا جائے۔ (۲) عن ابی ھریرۃ قال اذا ولغ الکلب فی الاناء فاھرقه ثم اغسله ثلاث مرات (دار قطنی، باب ولوغ الکلب فی الاناء ج اول ص ۶۶ نمبر ۱۹۳ مصنف عبد الرزاق، باب الکلب یلغ فی الاناء، ج اول ص ۹۷ نمبر ۳۳۶) اس حدیث میں کتے کا جوٹھا غیر مرئی نجاست ہے جسکو تین مرتبہ دھونے سے پاک قرار دیا اس سے استدلال کیا کہ کسی بھی غیر مرئی نجاست کو تین مرتبہ دھونے سے پاک ہوجائے گا۔

**ترجمہ**: **۱** اسلئے کہ کپڑے سے نجاست نکالنے کے لئے تکرار ضروری ہے اور زائل ہونے کا یقین نہیں کیا جاسکتا اسلئے گمان غالب کا اعتبار کیا جائے گا، جیسے قبلے کے معاملے میں ہے۔

**تشریح**: جو نجاست نظر نہیں آتی ہو اسکو دھونے کے لئے تکرار ضروری ہے تاکہ آہستہ آہستہ نجاست نکلتی جائے کیونکہ ایک مرتبہ دھونے سے پوری نجاست نہیں نکلے گی اسلئے بار بار دھونا ضروری ہے اور وہ تین مرتبہ ہے۔ پھر کئی بار دھونے سے واقعی تمام نجاست نکل ہی گئی یہ یقین کے ساتھ نہیں کہا جاسکتا، اسلئے گمان غالب کا اعتبار کیا جائے گا، کہ گمان غالب ہوجائے کہ نجاست نکل گئی اتنا ہی کافی ہے۔ جیسے دور والے بالکل عین قبلہ کی طرف منہ کر لے یہ ضروری نہیں ہے صرف گمان غالب ہوجائے کہ سمت قبلہ کی طرف منہ کرلیا ہے اتنا ہی کافی ہے۔

**ترجمہ**: **۲** فقہاء نے تین مرتبہ کے ساتھ متعین کیا اسلئے دھل جانے کا غالب گمان اسی سے حاصل ہوتا ہے اسلئے آسانی کے لئے سبب ظاہر کو گمان غالب کے قائم مقام قرار دیا اور اسکی تائید نیند سے بیدار ہونے والی حدیث ہے۔

**تشریح**: اصل مقصد تو یہ تھا کہ اتنی بار دھوئے کہ غالب گمان ہوجائے کہ نجاست زائل ہوچکی ہوگی، تو پھر تین مرتبہ دھونے کو کیوں متعین کیا؟ تو اسکی وجہ بتارہے ہیں کہ تین مرتبہ میں گمان غالب ہوجاتا ہے کہ نجاست زائل ہوچکی ہوگی، اسلئے ظاہری سبب تین

۳ ثم لا بد من العصر في كل مرة في ظاهر الرواية لانه هو المستخرج

---

مرتبہ دھونے کو گمان غالب کے قائم مقام کر دیا۔ اور اسکی تائید اوپر کی حدیث سے بھی ہوتی ہے جس میں ہے کہ بیدار ہونے والا اپنے ہاتھ کو پانی میں نہ ڈالے جب تک اسکو تین مرتبہ نہ دھو ڈالے۔ حدیث یہ گزری۔ عن ابی ہریرۃ ان النبی ﷺ قال اذا استيقظ احدكم من نومه فلا يغمس يده في الاناء حتى يغسلها ثلاثا فانه لا يدري اين باتت يده۔ (مسلم شریف، باب کراهة غمس المتوضی وغیرہ یدہ المشکوک فی نجاستھا فی الاناء قبل غسلھا ثلاثا ص ۱۳۶ نمبر ۲۷۸)

**ترجمه**: ۳ پھر ظاہر روایت میں یہ ہے کہ ہر مرتبہ نچوڑے، کیونکہ وہی نجاست کو نکالنے والا ہے۔

**تشریح**: ظاہر روایت میں یہ ہے کہ جب جب پانی ڈالے تو ہر بار اسکو نچوڑے، کیونکہ نچوڑنے سے ہی نجاست نکلے گی، ورنہ صرف پانی ڈالنے سے نجاست نہیں نکلے گی اسلئے نچوڑنا بھی ضروری ہے۔ اس حدیث میں اسکا اشارہ ہے۔ عن اسماء قالت : جائت امرأة الى النبي ﷺ فقالت احدانا يصيب ثوبها من دم الحيضة ، كيف تصنع به ؟ قال : تحته ، ثم تقرصه بالماء ثم تنضحه ثم تصلي فيه ۔ (مسلم شریف، باب نجاسة الدم وکیفیة غسلہ، ص ۱۴۰، نمبر ۶۷۵/۲۹۱ رترمذی شریف، باب ماجاء فی غسل دم الحیض من الثوب، ص ۳۵، نمبر ۱۳۸) اس حدیث میں حیض کے خون کو پانی سے رگڑنے کا ذکر ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ نجاست کو نکالنے کے لئے نچوڑنا پڑے گا تا کہ پورے طور پر نجاست نکل جائے۔

## ﴿فصل فی الاستنجاء﴾

(۱۷۷) الاستنجاء سنة لان النبی علیه السلام واظب علیه، و یجوز فیه الحجر و ما قام مقامه یمسحه حتی ینقیه﴾

## ﴿ استنجاء کا بیان ﴾

**ضروری نوٹ** : استنجاء: نجو سے مشتق ہے، اسکا ترجمہ ہے پاخانہ اور باب استفعال میں جاکر اسکا ترجمہ ہوگیا پاخانہ صاف کرنا۔ پاخانہ یا پیشاب پانی سے بھی صاف کیا جا سکتا ہے اور ڈھیلے سے بھی، البتہ ڈھیلے سے صاف کرنے کے بعد پانی سے صاف کرنا زیادہ بہتر ہے، اور دونوں کو نہ ملا سکے تو پانی سے صاف کرنا بہتر ہے، اور پانی سے بھی صاف نہ کر سکے تو پھر ڈھیلا سے صاف کرے۔ اگر نجاست درھم کی مقدار سے زیادہ پھیل گئی ہو تو اب ڈھیلے سے صاف کرنا کافی نہیں ہوگا پانی سے دھونا ہوگا، کیونکہ درھم کی مقدار تو معاف ہے اس سے زیادہ نہیں۔ درھم کی مقدار معاف ہونے کی دلیل یہ ہے ۔عن ابی هریرة عن النبی ﷺ قال : تعاد الصلوة من قدر الدرهم من الدم (دار قطنی، باب قدر النجاسة التی تبطل الصلوۃ ص ۳۸۵ نمبر ۱۴۷۹ رسنن للبیھقی، باب ما یجب غسلہ من الدم، ج اول، ص ۵۶۶، نمبر ۴۰۹۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ درہم سے کم ہو تو معاف ہے اور درہم یا اس سے زیادہ ہو تو نماز جائز نہیں ہے۔

پانی سے صاف کرنا زیادہ بہتر ہے اسکی دلیل یہ آیت ہے کہ اھل قباء پانی سے دھوتے تھے تو انکی تعریف میں یہ آیت اتری۔ عن ابی هریرة عن النبی ﷺ قال :نزلت هذه الآیة فی اهل قباء ﴿فیه رجال یحبون أن یتطهروا ﴾ آیت ۱۰۸ سورة التوبة ۹) قال کانوا یستنجون بالماء فنزلت فیهم هذه الآیة ۔(ابوداود شریف، باب فی الاستنجاء بالماء، ص ۷، نمبر ۴۴ رسنن للبیھقی، باب الاستنجاء بالماء، ج اول ص ۱۷۰، نمبر ۵۱۱) اس حدیث میں ہے کہ پانی سے استنجاء کرنے کی وجہ سے اھل قبا کی اللہ تعالی نے تعریف کی ہے۔ اسلئے پانی سے دھونا زیادہ بہتر ہے۔ لیکن چونکہ جنگل اور صحراوں میں انسان کی مجبوری ہوتی ہے اسلئے پتھر سے بھی صاف کرے تو جائز ہے۔ استنجاء صحیح ہونے کے لئے تین پتھر ہونا واجب نہیں ہے اس سے کم میں بھی جائز ہو جائے گا، البتہ حدیث کی وجہ سے تین پتھر لینا سنت ہے۔

**ترجمہ**: (۱۷۷) استنجاء سنت ہے اسلئے کہ نبی علیہ السلام اس پر ہمیشگی کی ہے اور اس میں پتھر بھی جائز ہے اور جو اسکے قائم مقام ہو اسکو اتنا پونچھے کہ مقام صاف کردے۔

**تشریح**: اس عبارت میں تین باتیں بتائیں، ایک تو یہ کہ استنجاء سنت ہے اور اسکی وجہ یہ ہے کہ حضورؐ نے اس پر ہمیشگی کی ہے اور ہمیشگی کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن عائشة قالت : ما رأیت رسول الله ﷺ خرج من غائط قط الا مس ماء۔ (ابن ماجہ شریف، باب الاستنجاء

لِلان المقصود هو الانقاء فیعتبر ما هو المقصود (۱۷۸) و لیس فیه عدد مسنون﴾

بالماء، ص ۵۲، نمبر ۳۵۴) اس حدیث میں ہے کہ پیخانہ کے بعد آپؐ نے مقعد کو ہمیشہ پانی سے دھویا۔
دوسری بات یہ فرمائی کہ پتھر سے بھی صفائی ہو جائے گی اور اسکے قائم مقام جو چیز بھی ہو مثلاً ڈھیلا، لکڑی وغیرہ اس سے بھی استنجاء ہو جائے گا۔ اس حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔ عن عبد اللہ قال : خرجت مع رسول اللہ ﷺ لحاجته فقال : ایتنی بشیء استنجی به و لا تقربنی حائلاً و لا رجیعاً ۔ (سنن للبیہقی باب الاستنجاء بمایقوم مقام الحجارة فی الانقاء دون ما نھی عن الاستنجاء بہ، ج اول، ص ۱۷۵، نمبر ۵۲۷) اس حدیث میں ہے کہ کوئی بھی ایسی چیز لاؤ جس سے میں استنجاء کر سکوں جس سے معلوم ہوا کہ پتھر کی طرح کسی بھی چیز سے استنجاء ہو سکتا ہے (۲) اثر میں ہے عن طاوس قال : الاستنجاء بثلاثة أحجار أو بثلاثة أعواد قلت : فان لم أجد ؟ قال : ثلاث حفنات من التراب ۔ (سنن للبیہقی باب ماورد فی الاستنجاء بالتراب، ج اول ص ۱۷۸، نمبر ۵۳۲) اس اثر میں ہے کہ پتھر نہ ملے تو لکڑی سے بھی استنجاء ہو جائے گا، اور وہ بھی نہ ہو تو تین مٹھی مٹی سے بھی استنجاء ہو جائے گا۔
اور تیسری بات یہ کہی کہ اتنی مرتبہ پونچھے کہ مقام صاف ہو جائے، کیونکہ اصل مقصود مقام صاف کرنا ہے، چاہے تین مرتبہ میں ہو یا اس سے زیادہ میں ہو جائے۔ اسکی دلیل یہ حدیث ہے عن عائشة قالت ان رسول اللہ قال : اذا ذهب احدکم الی الغائط فلیذهب معه بثلثة احجار یستطیب بهن فانها تجزئ عنه ۔ (ابوداؤد شریف، باب الاستنجاء بالاحجار ص ۷ نمبر ۴۰) حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی کہ پتھر اور ڈھیلا استنجاء کے لئے کافی ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ تین پتھر اس لئے ہونا چاہئے کہ ان سے عموماً پاکی ہو جاتی ہے۔ اسی لئے کہا فانها تجزئ عنها.

**ترجمہ** : لِ اسلئے کہ مقصود مقام کو صاف کرنا ہے تو اسکا اعتبار کیا جائے گا جو مقصود ہے۔

**تشریح** : اصل مقصود مقام کو صاف کرنا ہے اسلئے جب وہ صاف ہو گیا تو مقصود حاصل ہو گیا۔

**ترجمہ** : (۱۷۸) اور اس میں عدد مسنون نہیں ہے۔

**تشریح** : استنجاء کرنے کے لئے تین پتھر ہونا کوئی ضروری نہیں ہے اس سے کم سے بھی صفائی ہو جائے تو استنجاء ہو جائے گا۔ البتہ حدیث کی وجہ سے تین پتھر لینا بہتر ہے۔ اور اگر تین سے بھی صاف نہیں ہوا تو جتنے میں صاف ہو جائے اتنا پتھر استعمال کرنا ہوگا۔ (۱) عن ابی هریرة عن النبی ﷺ قال ... ومن استجمر فلیوتر من فعل فقد احسن ومن لا فلا حرج (ابوداؤد شریف، باب الاستتار فی الخلاء ص ۶ نمبر ۳۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جتنے پتھر سے صاف ہو جائے اتنے سے صاف کرے۔ (۲) عن عبد اللہ قال : خرج النبی ﷺ لحاجته فقال : التمس لی ثلاثة أحجار، قال : فأتیته

۱ و قال الشافعیؒ : لا بد من الثلث لقوله علیه السلام : و لیستنج منکم بثلاثة احجار، ۲ و لنا قوله علیه السلام : من استجمر فلیوتر، فمن فعل فحسن و من لا فلا حرج، ۳ و ما رواه متروک الظاهر، فانه لو استنجی بحجر له ثلاثة احرف جاز بالاجماع،

---

بحجرین و روثة، فأخذ الحجرین و ألقی الروثة وقال انها رکس ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی الاستنجاء بالحجرین ،ص ۱۰،نمبر ۱۷ بخاری شریف، باب: لا یستنجی بروث، ص ۲۷،نمبر ۱۵۶) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ نے صرف دو پتھروں سے استنجاء فرمایا اور گوبر کو پھینک دیا، اس سے معلوم ہوا کہ تین پتھر ہونا ضروری نہیں ہے ورنہ ضرور تیسرے پتھر کو تلاش کرواتے۔ پھر امام ترمذیؒ نے الاستنجاء بالحجرین، باب باندھ کر کے یہ اشارہ فرمایا کہ دو پتھر سے بھی استنجاء ہوسکتا ہے تین پتھر ضروری نہیں ہے۔

**فائدة ترجمه**: ۱ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ تین پتھر ضروری ہیں۔ حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ تمکو تین پتھر سے استنجاء کرنا چاہئے۔

**تشریح**: امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اگر تین پتھر سے کم میں مقام صاف ہوجائے پھر بھی تین پتھر پورا کرے کیونکہ حدیث میں تین پتھر کا حکم ہے، موسوعة میں عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ : فمن تخلی أو بال ، لم یجزه الا ان یتمسح بثلاثة احجار ثلاث مرات ۔(موسوعة للامام الشافعی، باب فی الاستنجاء، ج اول، ص ۹۵،نمبر ۳۴۲) اس عبارت میں ہے کہ تین پتھر سے استنجاء کرے۔

**وجه** : اسکے لئے حدیث یہ ہے۔ عن سلمان قال قیل له قد علمکم نبیکم صلی الله علیه وسلم کل شیء حتی الخرائة قال فقال اجل لقد نهانا ان نستقبل القبلة لغائط او بول او ان نستنجی بالیمین او ان نستنجی باقل من ثلثة احجار او ان نستنجی برجیع او بعظم ۔(مسلم شریف، باب الاستطابة ص ۱۳۰ نمبر ۲۶۲ / ۶۰۶ ترمذی شریف ،باب الاستنجاء بالحجارة، ص ۱۰،نمبر ۱۶) اس حدیث میں استنجا کرنے کے بہت سے آداب مذکور ہیں۔ ساتھ ہی یہ ہے کہ تین پتھر سے کم سے استنجاء نہ کرے۔

**ترجمه** : ۲ اور ہماری دلیل حضور علیہ السلام کا قول: جو استنجاء کرے تو طاق پتھر سے کرے جس نے ایسا کیا تو اچھا کیا اور جس نے نہیں کیا تو کوئی حرج نہیں ہے۔ یہ حدیث اوپر گزر گئی۔ عن ابی هریرة عن النبی ﷺ قال... ومن استجمر فلیوتر من فعل فقد احسن و من لا فلا حرج (ابوداؤد شریف، باب الاستتار فی الخلاء ص ۶ نمبر ۳۵ / ابن ماجة، باب الارتیاد للغائط و البول، ص ۵۱،نمبر ۳۳۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تین پتھر ضروری نہیں ہے البتہ دوسری حدیث کی وجہ سے مستحب ہے۔

**ترجمه**: ۳ اور امام شافعیؒ نے جو روایت کیا ہے ظاہر اعتبار سے وہ متروک ہے اسلئے کہ کسی نے تین کونے والے سے استنجاء کر

(۱۷۹) و غسله بالماء افضل ﴾ لـ لقوله تعالى : فيه رجال يحبون ان يتطهروا انزلت فى اقوام كانوا يتبعون الحجارة الماء، ۲ ثم هو ادب، و قيل: سنة فى زماننا

لیا تو بالاجماع جائز ہو جائے گا۔ حالانکہ وہ ایک ہی پتھر ہے۔

**تشریح**: یہ امام شافعیؒ کو عقلی جواب ہے کہ آپ فرماتے ہیں کہ تین پتھر ہونا چاہئے حالانکہ اگر ایک ہی پتھر ہو اور اسکے تین کونے ہوں اور تینوں کونوں سے مقام صاف کر لے تو آپ کے یہاں بھی استنجاء ہو جاتا ہے، حالانکہ پتھر تو ایک ہی ہے تین تو نہیں ہے، اس سے معلوم ہوا کہ آپ کے یہاں بھی ظاہری حدیث پر عمل نہیں ہے۔

**لغت**: المدر : ڈھیلا، ینقیہ : صاف کر دے۔ استجمر : جمر سے مشتق ہے پتھر سے مقام صاف کرنا۔ یوتر : طاق مرتبہ کسی کام کو کرنا۔ احرف: حرف سے مشتق ہے کنارہ۔ استنجاء: نجو سے مشتق ہے، نجو کا معنی ہے پیخانہ اور باب استفعال میں جا کر استنجاء کا ترجمہ ہے پیخانہ، یا پیشاب صاف کرنا۔

**ترجمہ**: (۱۷۹) مقام کو پانی کے ساتھ دھونا افضل ہے۔

**ترجمہ**: ۱ اللہ تعالی کے قول کی وجہ سے کہ صحابہ میں کچھ لوگ ہیں جو بہت زیادہ پاکی کو پسند کرتے ہیں۔ یہ آیت ایسے حضرات کی شان میں نازل ہوئی ہے جو پتھر کے بعد پانی استعمال کرتے تھے۔

**وجہ** : (۱) اوپر کی آیت یہ ہے۔ ﴿فيه رجال يحبون أن يتطهروا و الله يحب المطهرين ﴾ آیت ۱۰۸ سورۃ التوبۃ ۹) (۲) اور حدیث یہ ہے۔ عن ابی هريرة عن النبی ﷺ قال: نزلت هذه الآية فى اهل قباء ﴿فيه رجال يحبون أن يتطهروا ﴾ آیت ۱۰۸ سورۃ التوبۃ ۹) قال كانوا يستنجون بالماء فنزلت فيهم هذه الآية۔ (ابوداود شریف، باب فی الاستنجاء بالماء، ص ۷، نمبر ۴۴ رسنن للبیہقی، باب الاستنجاء بالماء، ج اول ص ۱۷۰، نمبر ۵۱۱) اس آیت اور حدیث میں اہل قباء کی تعریف کی گئی ہے جو استنجاء کے لئے پتھر کے بعد پانی بھی استعمال کیا کرتے تھے۔ (۳) یہ حدیث بھی ہے۔ سمعت انس بن مالک يقول كان النبی ﷺ اذا خرج لحاجته اجیء انا و غلام معنا اداوة من ماء يعنى يستنجى به. (بخاری شریف، باب الاستنجاء بالماء ص ۲۷ نمبر ۱۵۰ رترمذی شریف، باب ما جاء فی الاستنجاء بالماء، ص ۱۱، نمبر ۱۹) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ پانی استعمال کرتے تھے۔ اور یہ افضل ہے۔

**ترجمہ**: ۲ پھر دھونا ادب ہے۔ اور کہا گیا کہ ہمارے زمانے میں سنت ہے۔

**تشریح**: پتھر سے بھی استنجاء ہو جائے گا لیکن پانی سے دھونا ادب ہے۔ اور علماء نے فرمایا کہ اس زمانے میں سنت ہے، کیونکہ حضورؐ کے زمانے میں لوگ عموماً کھجور استعمال کرتے تھے یا خشک غذا استعمال کرتے تھے جسکی وجہ سے پیخانہ خشک ہوتا تھا اور پتھر سے تقریباً پورا صاف ہو جاتا تھا لیکن ہمارے زمانے میں لوگ تر غذائیں استعمال کرتے ہیں اسلئے پتھر سے پورا صاف نہیں ہوگا اسلئے پانی کا

۳؎ و يستعمل الماء الى ان يقع فى غالب ظنه انه قد طهر، ولا يقدر بالمرات الا اذا كان موسوساً فيقدر بالثلاث فى حقه، وقيل بالسبع (۱۸۰) و لو جاوزت النجاسة مخرجها لم يجز الا الماء ﴾

استعمال کرنا سنت ہے، اسکے لئے یہ اثر دلیل ہے۔ قال علی بن ابی طالب انهم كانوا يبعرون بعرا و انتم تثلطون ثلطا فاتبعوا الحجارة الماء۔ (سنن للبیھقی، باب الجمع فی الاستنجاء بین المسح بالاحجار والغسل بالماء، ج اول، ص ۱۷۲، نمبر ۵۱۷) اس اثر میں ہے کہ تم لوگ پتلا پیخانہ کرتے ہو اسلئے پانی سے دھویا کرو۔

**ترجمہ:** ۳؎ اور اس وقت تک پانی استعمال کرتا رہے کہ غالب گمان ہو جائے کہ وہ پاک ہو چکا ہے۔ کتنی مرتبہ دھوئے اسکو متعین نہیں کیا گیا، مگر وسوسہ والا ہو تو اسکے حق میں تین کے ساتھ متعین کیا، اور بعض حضرات نے کہا کہ سات کے ساتھ۔

**تشریح:** پانی استعمال کرنے کے لئے کوئی متعین تعداد سنت نہیں ہے، بس اتنی بار دھوئے کہ ظن غالب ہو جائے کہ مقام پاک ہو گیا ہوگا۔

حدیث میں ہے کہ نجاست زائل کرو۔ عن اسماء بنت أبی بکر الصدیق : أن امرأة سألت النبی ﷺ عن الثوب یصیبه الدم من الحیضة ؟ فقال رسول الله ﷺ : حتیه ، ثم اقرصیه بالماء ثم رشیه ، و صلی فیه۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء فی غسل دم الحیض من الثوب، ص ۳۵، نمبر ۱۳۸) اس حدیث میں ہے کہ کوشش کر کے خون زائل کرو اور پانی کی تعداد نہیں بتائی اسلئے تعداد ضروری نہیں صرف نجاست کا زائل ہونا کافی ہے۔

البتہ اگر وسوسہ اور شک والا ہو تو اسکو کہا جائے کہ تین مرتبہ دھولیں، کیونکہ کئی احادیث میں اعضاء کو تین مرتبہ دھونے کا تذکرہ گزر چکا ہے۔

اس حدیث میں ہے کہ آپؐ تین مرتبہ استنجاء کے لئے پانی لیتے تھے۔ عن عائشة أن النبی ﷺ کان یغسل مقعدته ثلاثا، قال ابن عمر: فعلناه فوجدناه دواء وطهورا۔ (ابن ماجہ شریف، باب الاستنجاء بالماء، ص ۵۳، نمبر ۳۵۶) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ اپنے مقعد کو تین مرتبہ دھوتے تھے۔ (۲) دوسری حدیث میں بھی اسکا تذکرہ ہے ۔عن ابی هریرة قال اذا ولغ الكلب فى الاناء فاهرقه ثم اغسله ثلاث مرات (دار قطنی، باب ولوغ الکلب فی الاناء ج اول ص ۶۶ نمبر ۱۹۳ رمصنف عبد الرزاق، باب الکلب یلغ فی الاناء، ج اول ص ۹۷ نمبر ۳۳۶) اس حدیث میں تین مرتبہ دھونے کا تذکرہ ہے۔ اور بعض حضرات نے فرمایا کہ وسوسہ والے سات مرتبہ دھوئے، انکا استدلال یہ ہے کہ کتے کے جوٹھے میں سات مرتبہ دھونے کا تذکرہ ہے۔

**ترجمہ:** (۱۸۰) اگر نجاست مخرج سے زیادہ پھیل جائے تو اس میں جائز نہیں ہے مگر پانی ،

**تشریح:** شیخین کے نزدیک مخرج کے علاوہ ایک درہم کی مقدار سے زیادہ نجاست پھیل جائے اور امام محمدؒ کے نزدیک مخرج کے

۱ او فی بعض النسخ الا المائع، و ھذا یحقق اختلاف الروایتین فی تطھیر العضو بغیر الماء علی ما بینا

ساتھ ایک درہم کی مقدار سے زیادہ نجاست پھیل جائے تو پانی سے دھونا ضروری ہے۔اب پتھر سے صاف کرنا کافی نہیں ہوگا

**وجہ** : (۱) مخرج کو مجبوری کے درجہ میں پتھر سے صاف کرنا کافی قرار دیا اس لئے اس سے زیادہ پھیل جائے تو پانی سے دھونا ضروری ہوگا (۲) حضرت علیؓ کے قول سے تائید ہوتی ہے۔ قال علی بن ابی طالب انھم کانوا یبعرون بعرا و انتم تثلطون ثلطا فاتبعوا الحجارة الماء۔ (سنن للبیھقی، باب الجمع فی الاستنجاء بین المسح بالاحجار والغسل بالماء، ج اول، ص ۱۷۲، نمبر ۵۱۷) اس سے معلوم ہوا کہ پتھر اس وقت کافی ہوگا جب نجاست مخرج تک ہو جیسا کہ صحابہ خشک پاخانہ کرتے تھے تو مخرج تک ہوتا تھا۔لیکن مخرج سے زیادہ ہو تو پانی استعمال کرنا ہوگا۔(۲) اس حدیث میں ہے کہ درھم کی مقدار سے زیادہ ہو تو نماز لوٹانی ہوگی اسلئے پیخانہ نکلنے کے مخرج سے زیادہ ہو تو وہ درھم کی مقدار سے زیادہ ہو جائے گا اسلئے اب پانی سے دھونا ہوگا، حدیث یہ ہے۔عن ابی ھریرة قال : قال رسول اللہ ﷺ اذا کان فی الثوب قدر الدرھم من الدم غسل الثوب و أعیدت الصلاة (دار قطنی، باب قدر النجاسة التی تبطل الصلوة ص ۳۸۵ نمبر ۱۴۸۰ رسنن للبیھقی، باب ما یجب غسلہ من الدم، ج اول، ص ۵۶۶، نمبر ۴۰۹۳) اس حدیث میں ہے کہ درھم کے برابر نجاست ہو تو نماز لوٹائے گا، اسلئے یہاں بھی مخرج سے زیادہ نجاست پھیل جائے تو وہ درھم سے زیادہ ہو جائے گا اسلئے پانی سے دھونا ہوگا۔

**ترجمہ** : ۱ اور بعض نسخے میں ہے مگر بہنے والی چیز۔ یہ دو روایتوں کا اختلاف ہے عضو کے پاک کرنے کے بارے میں، جیسا کہ ہم نے پہلے بیان کیا۔

**تشریح** : پیخانہ کے مقام کو پانی سے دھو سکتے ہیں، اور بعض روایت میں ہے کہ ہر اس بہنے والی چیز سے دھو سکتے ہیں جو نجاست کو زائل کر دے، مسئلہ نمبر ۱۶۱ میں یہ بحث گزر چکی ہے کہ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک پانی کے علاوہ بہنے والی نجاست کو اکھیڑنے اور زائل کرنے والی ہو تو اس سے نجاست پاک کرنا جائز ہے۔اسی طرح اس سے پاخانہ کا مقام دھونا بھی جائز ہے۔انکا استدلال اس حدیث سے ہے۔قالت عائشة ما کان لاحدانا الا ثوب واحد تحیض فیہ فاذا اصابہ شیء من دم قالت بریقھا فقصعتہ بظفرھا . (بخاری شریف، باب ھل تصلی المرأة فی ثوب حاضت فیہ ص ۴۵ نمبر ۳۱۲ رابو داؤد شریف، باب المرأة تغسل ثوبھا الذی تلبسہ فی حیضھا ص ۵۸ نمبر ۳۶۴) اس حدیث میں ہے کہ حیض کا خون تھوک سے پاک کیا کرتیں تھیں اور تھوک پانی نہیں ہے، جس سے معلوم ہوا کہ پانی کے علاوہ سے بھی نجاست پاک کی جا سکتی ہے۔

اسی دونوں روایتوں کی بنیاد پر بعض نسخے میں صرف ماء، کا لفظ ہے اور بعض نسخے میں ماء کے ساتھ مائع، یعنی ہر وہ بہنے والی چیز بھی ہے۔

۲و هذا لان المسح غیر مزیل الا انه اکتفی به فی موضع الاستنجاء فلا یتعداه ۳ ثم یعتبر بالمقدار المانع وراء موضع الاستنجاء عند ابی حنیفۃ وابی یوسف لسقوط اعتبار ذالک الموضع، ۴و عند محمد مع موضع الاستنجاء اعتباراً بسائر المواضع (۱۸۱)ولا یستنجی بعظم ولا بروث﴾ ۱لان النبی ﷺ نهی عن ذالک

**ترجمه**: ۲ مخرج سے زیادہ میں دھونے کی ضرورت اسلئے ہے کہ پونچھنا نجاست کو زائل کرنے والا نہیں ہے مگر یہ کہ اسکے ذریعہ سے استنجاء کی جگہ میں اکتفاء کیا پس اس سے متعدی نہیں ہوگا۔

**تشریح**: پیخانہ نکلنے کی جگہ سے زیادہ نجاست لگ جائے تو اسکو دھونے کا حکم ہے اسکی وجہ بیان کر رہے ہیں۔ کہ پتھر سے پونچھنے سے نجاست مکمل طور پر ختم نہیں ہوگی، کچھ نہ کچھ باقی ہی رہ جائے گی، اسلئے پیخانہ نکلنے کی جگہ کو معاف کر دیا گیا کہ اتنا پیخانہ لگ جائے تو دھونے کی ضرورت نہیں کیونکہ ابھی حدیث گزری کہ درہم کے برابر معاف ہے اور اس سے زیادہ لگے تو دھونا پڑے گا۔

**ترجمه**: ۳ پھر معاف کی ہوئی مقدار کا اعتبار کیا جائے گا استنجاء کی جگہ کے علاوہ کے ساتھ امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک اس جگہ کے اعتبار کے ساقط ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح**: امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کی رائے یہ ہے کہ پیخانہ نکلنے کی جو جگہ ہے اس پر لگے اور اسکے علاوہ ایک درہم کے برابر لگ جائے تو بھی معاف ہے تو گویا کہ تقریباً دو درہم کے برابر معاف ہوا یعنی پیخانہ نکلنے کی جگہ میں نجاست لگ جائے اور اسکے علاوہ ایک درہم اور کے برابر پیخانہ لگ جائے اور اسکو پتھر سے پونچھ لے تب بھی نماز جائز ہے دھونے کی ضرورت نہیں، اس سے زیادہ لگے گی تو دھونے کی ضرورت ہوگی ۔اسکی وجہ یہ ہے کہ پیخانہ کی جگہ شریعت نے حدیث استنجاء کی وجہ سے ساقط کر دی اسلئے درہم والی حدیث کی وجہ سے درہم کی مقدار اسکے علاوہ ہوگی۔ گویا کہ انکے یہاں سہولت زیادہ ہے۔

**ترجمه**: ۴ اور امام محمدؒ کے نزدیک استنجاء کی جگہ کے ساتھ ہے دوسری جگہ پر قیاس کرتے ہوئے ۔

**تشریح**: امام محمدؒ فرماتے ہیں پیخانہ کی جگہ کے ساتھ کل ایک درہم معاف ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ پیخانہ کے علاوہ دوسری جگہ نجاست لگ جائے تو کل ایک درہم معاف ہے تو اس پر قیاس کرتے ہوئے یہاں بھی پیخانہ کی جگہ کے ساتھ کل ایک درہم ہی معاف ہے۔ یہ حدیث گزر چکی ہے۔

**ترجمه**: (۱۸۱) نہ استنجا کرے ہڈی سے، نہ لید سے۔

**ترجمه**: ۱ اسلئے کہ حضورؐ نے اس سے منع فرمایا ہے۔

**وجه** : (۱) یہ ہے کہ کوئی ایسی چیز جو خود ناپاک ہو جیسے لید، سوکھا گوبر تو وہ دوسرے کو کیسے پاک کرے گی۔ اس لئے ناپاک چیز سے

۲؎ و لو فعل یجزیه لحصول المقصود، ۳؎ و معنی النهی فی الروث النجاسة، و فی العظم کونه زاد الجن (۱۸۲) و لا بطعام ۱؎ لانه اضاعة و اسراف

استنجا کرنا جائز نہیں ہے (۲) ایسی چیز جو چکنی ہو جیسے ہڈی اس سے مقام صاف نہیں ہوگا صرف نجاست مزید پھیل جائے گی اس لئے اس سے بھی استنجا جائز نہیں ہے (۳) اسکے لئے حدیث یہ ہے عن ابی هريرة قال: اتبعت النبی ﷺ و خرج لحاجته فكان لا يلتفت ، فدنوت منه فقال : ((ابغنی احجاراً أستنفض بها ، او نحوه . و لا تأتينی بعظم و لا روث)) - (بخاری شریف، باب الاستنجاء بالحجارۃ، ص ۲۷، نمبر ۱۵۵ / مسلم شریف، باب الاستطابۃ ص ۱۳۰ نمبر ۶۰۷/۲۶۲) اس حدیث میں ہے کہ ہڈی اور لید نہ لانا اس سے معلوم ہوا کہ لید اور ہڈی سے استنجاء کرنا صحیح نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور اگر استنجاء کر لیا تو کافی ہو جائے گا مقصود حاصل ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح**: ہڈی اور لید سے استنجاء کرنا اچھا نہیں ہے لیکن اگر کر لیا تو استنجاء ہو جائے گا اسلئے کہ اس سے صفائی کرنے سے صفائی ہو جائے گی، اور مقصود حاصل ہو جائے گا۔

**ترجمہ**: ۳؎ لید کے بارے میں روکنے کی وجہ نجاست ہے، اور ہڈی کے بارے میں یہ ہے کہ جنات کی خوراک ہے۔

**تشریح**: لید سے استنجاء کرنے سے اسلئے منع فرمایا کہ وہ ناپاک چیز ہے، اور ناپاک چیز تو اور مقام کو ناپاک کرے گی اسلئے اس سے استنجاء کرنا اچھا نہیں۔ حدیث میں اسکا ثبوت ہے، حدیث یہ ہے۔ انه سمع عبد الله يقول : أتى النبی ﷺ الغائط فأمرنی ان أتيه بثلاثة احجار فوجدت حجرين و التمست الثالث فلم أجد ، فأخذت روثة فأتيته بها فأخذ الحجرين و ألقى الروثة و قال هذا ركس - (بخاری شریف، باب لا یستنجی بروث، ص ۲۷، نمبر ۱۵۶ / ترمذی شریف، باب ماجاء فی الاستنجاء بالحجرین، ص ۱۰، نمبر ۱۷) اس حدیث میں ہے کہ لید ناپاک ہے۔

اور ہڈی ایک تو چکنی ہوتی ہے اس سے پونچھے گا تو نجاست اور پھیل جائے گی، اور دوسری بات یہ ہے کہ وہ جنات کی خوراک ہے اور حضورؐ نے اس سے استنجاء کرنے سے منع فرمایا ہے۔ حدیث یہ ہے۔ عن عبد الله بن مسعود قال : قال رسول الله ﷺ : لا تستنجو بالروث و لا بالعظام فانه زاد اخوانكم من الجن - (ترمذی شریف، باب ماجاء فی کراھیۃ ما یستنجی بہ، ص ۱۱، نمبر ۱۸ / بخاری شریف، باب ذکر الجن، ص ۶۴۷، نمبر ۳۸۶۰) اس حدیث میں ہے کہ ہڈی جن کی خوراک ہے۔

**ترجمہ**: (۱۸۲) اور نہ کھانے سے استنجاء صحیح ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ اس میں مال کو ضائع کرنا ہے اور اسراف کرنا ہے۔

**تشریح**: کھانے کی چیز مثلا روٹی سے استنجاء کرنا اچھا نہیں ہے۔ ایک وجہ یہ ہے کہ وہ محترم چیز ہے اور محترم چیز کو استنجاء صاف

(۱۸۳) ولا بیمینہ ﴾ ۱؎ لان النبی علیہ السلام نھی عن الاستنجاء بالیمین.

کے لئے استعمال کرنا اچھا نہیں ہے۔اور دوسری وجہ صاحب ھدایہ نے بیان کی کہ اس میں کھانے کو ضائع کرنا ہے اور اسکا اسراف کرنا ہے (۲) اوپر حدیث گزری کہ جنات کا کھانا ہڈی سے بھی استنجاء نہ کرو تو انسان کے کھانے سے استنجاء کرنا کیسے جائز ہوگا! حدیث یہ ہے۔ عن عبد اللہ بن مسعود قال : قال رسول اللہ ﷺ : لا تستنجو بالروث و لا بالعظام فانہ زاد اخونکم من الجن ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی کراھیۃ ما یستنجی بہ، ص ۱۱، نمبر ۱۸ ر بخاری شریف، باب ذکر الجن، ص ۶۴۷، نمبر ۳۸۶۰) ہڈی جن کا کھانا ہے اس سے استنجاء جائز نہیں تو انسان کے کھانے سے کیسے جائز ہوگا۔

**ترجمہ**: (۱۸۳) اور دائیں ہاتھ سے استنجاء کرنا جائز نہیں۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ حضورؐ نے دائیں ہاتھ سے استنجاء کرنے سے منع فرمایا ہے۔

**تشریح**: دائیں ہاتھ سے آدمی کھانا کھاتا ہے اب اس سے استنجاء بھی صاف کرے یہ اچھا نہیں ہے البتہ مجبوری ہو تو اور بات ہے۔ اسکے لئے حدیث یہ ہے۔عن سلمان ... لقد نھانا ان نستقبل القبلۃ لغائط او بول او ان نستنجی بالیمین او ان نستنجی باقل من ثلاثۃ احجار او ان نستنجی برجیع او بعظم (مسلم شریف، باب الاستطابۃ ص ۱۳۰ نمبر ۲۶۲/۶۰۶ر ترمذی شریف، باب الاستنجاء بالحجارۃ، ص ۱۰، نمبر ۱۶) اس حدیث میں دائیں ہاتھ سے اور لید سے اور ہڈی سے استنجا کرنے سے منع فرمایا ہے۔

## ﴿كتاب الصلوة﴾

## ﴿باب المواقيت﴾

(۱۸۴) اوّل وقت الفجر اذطلع الفجر الثانی وھو المعترض فی الافق وآخر وقتھا مالم تطلع

## ﴿ کتاب الصلوة ﴾

**ضروری نوٹ**: صلوۃ کے لغوی معنی دعا ہے۔شریعت میں ارکان معہودہ کو صلوۃ کہتے ہیں۔صلوۃ کے فرض ہونے کی دلیل قرآن کی بہت سی آیتیں ہیں۔مثلا ان الصلوۃ کانت علی المؤمنین کتابا موقوتا۔ (آیت ۱۰۳ سورۃ النساء ۴)(۲) نماز فرض ہونے کی دلیل حدیث میں یہ ہے۔ کان ابو ذر یحدث أن رسول اللہ ﷺ قال فرج عن سقف بیتی و أنا بمکۃ .....قال النبی ﷺ : ففرض اللہ علی امتی خمسین صلاۃ فرجعت بذالک حتی مررت علی موسی .... قال : ھن خمس و ھن خمسون ، لا یبدل القول لدیّ۔(بخاری شریف، باب کیف فرضت الصلاۃ فی الاسراء، ص ۵۰، نمبر ۳۴۹) اس حدیث میں ہے کہ پانچوں نمازیں کیسے فرض ہوئیں

**نوٹ** : نماز اہم عبادت ہے اور طہارت اس کے لئے شرط ہے۔اس لئے طہارت کو مقدم کیا۔اب طہارت کے ابحاث ختم ہونے کے بعد نماز کے مسائل کو شروع فرمایا

**وقت** : وقت نماز کے لئے شرط ہے اگر وقت نہ ہوا ہو تو نماز ہی واجب نہیں ہوتی۔وقت آنے پر ہی نماز واجب ہوتی ہے۔وجوب کی اصل وجہ تو اللہ کا حکم ہے لیکن ہم اللہ کے ہر وقت کے حکم کو نہیں سن پاتے اس لئے علامت کے طور پر وقت کو رکھ دیا کہ جب وقت آئے تو سمجھ لو کہ حکم آگیا اور نماز شروع کرو۔وقت کی دلیل اوپر کی آیت ہے۔

**ترجمہ**: (۱۸۴) فجر کا اول وقت جب کہ صبح صادق طلوع ہو جائے، فجر ثانی وہ افق میں پھیلی ہوئی سفید روشنی ہے اور فجر کا آخری وقت جب تک کہ سورج طلوع نہ ہو جائے۔

**تشریح** :اوپر کی آیت سے پتہ چلا کہ پانچوں نمازیں وقت کے ساتھ فرض ہیں اسلئے وقت کی بحث کو لا رہے ہیں اور پانچوں اوقات کا تعین کر رہے ہیں۔ان میں سے سب سے پہلے فجر کے وقت کو بتا رہے ہیں کہ جب صبح صادق شروع ہو جائے اس وقت سے فجر کا وقت شروع ہوتا ہے اور جب سورج نکل جائے تو اسکا وقت ختم ہو جاتا ہے

**وجہ** : فجر کی نماز فرض ہونے کی دلیل یہ آیت ہے وسبح بحمدک ربک قبل طلوع الشمس و قبل غروبھا و من انائ اللیل فسبح واطرافھا النھار لعلک ترضی (آیت ۱۳۰ سورہ طہ ۲۰) بلکہ اس آیت میں تمام نمازوں کے اوقت کی طرف اشارہ ہو گیا۔اور نماز فجر کے وقت کی طرف بھی اشارہ ہو گیا۔باقی دلیل آگے آرہی ہے۔

الشمس ﴿۱﴾ لحدیث امامۃ جبریل علیہ السلام انہ امّ رسولَ اللّٰہ علیہ السلام فیہا فی الیوم الاوّل حین طلع الفجر وفی الیوم الثانی حین اَسفر جدا وکادت الشمس تطلع ثم قال فی اٰخر الحدیث مابین ھذین الوقتین وقتٌ لک ولامتک ﴿۲﴾ ولا معتبر بالفجر الکاذب وھو البیاض الذی یبدو طولا ثم یعقبہ الظّلامُ لقولہ

**ترجمہ**: ﴿۱﴾ جبریل علیہ السلام کی حدیث کی بناء پر کہ انہوں نے رسول اللہ علیہ السلام کی فجر میں امامت کی، پہلے دن میں جس وقت فجر طلوع ہوا اور دوسرے دن میں جس وقت بہت اسفار ہوگیا اور سورج طلوع ہونے کے قریب ہوگیا، پھر اس حدیث کے آخیر میں فرمایا کہ ان دونوں وقتوں کے درمیان آپ کا اور آپ کی امت کا وقت ہے۔

**تشریح**: حضرت جبرائیل علیہ السلام حضورؐ کے پاس تشریف لائے اور دو دن تک حضورؐ کی امامت فرماتے رہے اور پانچوں نمازوں کا وقت بتاتے رہے، پہلے دن میں تمام نمازیں اول وقت میں پڑھی اور دوسرے دن میں تمام نمازیں اخیر وقت میں پڑھی اور اسکے آخیر میں فرمایا کہ ان دونوں وقتوں کے درمیان آپ کے لئے اور آپکی امت کے لئے وقت ہے۔ اس میں یہ بھی ہے کہ پہلے دن میں فجر کی نماز صبح صادق کے وقت پڑھی اور دوسرے دن میں اسفار کے وقت پڑھی، حدیث یہ ہے۔ اخبرنی ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال امنی جبرئیل عند البیت مرتین فصلی الظھر فی الاولی منھما حین کان الفیء مثل الشراک ثم صلی العصر حین کان کل شیء مثل ظلہ ثم صلی المغرب حین وجبت الشمس وافطر الصائم ثم صلی العشاء حین غاب الشفق ثم صلی الفجر حین برق الفجر وحرم الطعام علی الصائم وصلی المرۃ الثانیۃ الظھر حین کان ظل کل شیء مثلہ لوقت العصر بالامس ثم صلی العصر حین کان ظل کل شیء مثلیہ ثم صلی المغرب لوقتہ الاول ثم صلی العشاء الآخرۃ حین ذھب ثلث اللیل ثم صلی الصبح حین اسفرت الارض ثم التفت الی جبرئیل فقال یا محمد ھذا وقت الانبیاء من قبلک والوقت فیما بین ھذین الوقتین. (ترمذی شریف، باب ماجاء مواقیت الصلوۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ص ۳۸ ابواب الصلوۃ نمبر ۱۴۹/ ابوداؤد شریف، باب المواقیت، ص ۶۲، نمبر ۳۹۳) اس حدیث میں ہے کہ پہلے دن میں فجر کی نماز صبح صادق کے وقت پڑھی، اور دوسرے دن میں اسفار کے وقت فجر کی نماز پڑھی۔

**ترجمہ**: ﴿۲﴾ اور فجر کاذب کا اعتبار نہیں ہے، اور وہ سفیدی ہے جو لمبائی میں ظاہر ہوتی ہے پھر اسکے بعد اندھیرا ہوتا ہے۔ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ تمکو حضرت بلال کی اذان دھوکے میں نہ ڈالے اور نہ لمبی فجر صرف افق میں پھیلی ہوئی فجر، یعنی منتشر فجر کا اعتبار ہے۔

**تشریح**: فجر کی دو قسمیں ہیں (۱) صبح کاذب (۲) صبح صادق۔ صبح کاذب: مشرقی افق میں بھیڑئے کی دم کی طرح لمبی سی روشنی

علیہ السلام لا یغرنکم اذان بلالؓ ولا الفجر المستطیل وانما الفجر المستطیر فی الافق ای المنتشر فیھا

(۱۸۵) واوّل وقت الظھر اذا ازالت الشمس ﴾ لـ لا مامۃ جبریل علیہ السلام فی الیوم حین زالت الشمس

(۱۸۶) واخر وقتھا عند ابی حنیفۃ اذا صار ظل کل شیئ مثلیہ سوی فیئ الزوال وقالا اذا صار الظل مثلہ وھو روایۃ عن ابی حنیفۃؒ ﴾

ہوتی ہے جو بہت مشکل سے نظر آتی ہے حدیث میں اسی کو فجر مستطیل کہتے ہیں۔اس کے تھوڑی دیر کے بعد محرابی شکل میں پھیلی ہوئی روشنی ہوتی ہے جس کو صبح صادق کہتے ہیں۔بعض ماہرین فلکیات اس کو اٹھارہ ڈگری پر بتاتے ہیں اور بعض پندرہ ڈگری پر بتاتے ہیں۔دلائل دونوں طرف ہیں۔اسی صبح صادق کے وقت فجر کی نماز واجب ہوتی ہے۔اسی کی طرف مصنفؒ نے البیاض المعترض کہ کر اشارہ کیا ہے۔حدیث میں اس کی دلیل یہ ہے عن سمرۃ بن جندبؓ قال قال رسول اللہ ﷺ لا یغرنکم من سحورکم اذان بلال ولا بیاض الافق المستطیل ھکذا حتی یستطیر ھکذا (مسلم شریف، باب بیان ان الدخول فی الصوم تحصل بطلوع الفجر، کتاب الصوم ص ۴۵۰ نمبر ۱۰۹۴/۲۵۴۶ رابوداود شریف، باب وقت السحو ر،ص ۳۴۱ نمبر ۲۳۴۶ رترمذی شریف، باب ما جاء فی بیان الفجر، ص ۱۷۹، نمبر ۷۰۵) حدیث سے پتہ چلا کہ روشنی جو لمبائی میں ہو وہ صبح صادق نہیں ہے۔ بلکہ یستطیر یعنی افق میں پھیلی ہوئی روشنی صبح صادق ہے۔(۲) آیت میں بھی اس طرف اشارہ ہے وکلوا واشربوا حتی یتبین لکم الخیط الابیض من الخیط الاسود من الفجر (آیت ۱۸۷ سورۃ البقرۃ ۲) تبین سے مراد فجر کا خوب واضح ہونا ہے جو صبح صادق کے وقت ہوتا ہے۔

لغت: معترض : اعترض سے مشتق ہے پھیلی ہوئی۔ اسفر: صبح کا بہت واضح ہونا۔ کاذب : جھوٹا۔صبح کی پہلی روشنی، جس سے دھوکا ہوتا ہے کہ شاید یہ صبح صادق ہو۔ یبدو: ظاہر ہوتا ہے۔ یعقبہ : عقب سے مشتق ہے، اسکے بعد آتا ہے. یغرنکم : غر سے مشتق ہے، دھوکا دے. مستطیر : طار سے مشتق ہے پھیلا ہوا ہونا، متفرق ہونا۔ منتشر : انتشر سے مشتق ہے پھیلا ہوا ہونا۔

**ترجمہ**: (۱۸۵) ظہر کا اول وقت جب سورج ڈھل جائے۔

**ترجمہ**: لـ جبریل علیہ السلام کی پہلے دن میں امامت کی وجہ سے جب سورج ڈھل گیا)

**ترجمہ**: (۱۸۶) اوراس کا آخری وقت امام ابوحنیفہ کے نزدیک جب ہر چیز کا سایہ دو مثل ہو جائے سایہ اصلی کے علاوہ۔اور صاحبین کے نزدیک جب کہ ہر چیز کا سایہ ایک مثل ہو جائے۔امام ابوحنیفہؒ کی بھی ایک روایت یہی ہے

**تشریح** : ظہر کا اول وقت زوال کے فوراً بعد سے شروع ہوتا ہے۔اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔البتہ اس کے آخری وقت

**۱** وفيء الزوال هو الفيء الذي يكون للاشياء وقت الزوال **۲** لهما امامة جبريل في اليوم الاوّل للعصر في هذا الوقت

کے بارے میں امام ابوحنیفہؒ کی رائے یہ ہے کہ سایہ اصلی کے علاوہ دو مثل تک رہتا ہے۔ اور اس کے بعد عصر کا وقت شروع ہوتا ہے۔ ان کی دلیل یہ حدیث ہے

**وجه** : (۱) عن ابی ذر قال كنا مع رسول الله ﷺ في سفر فاراد المؤذن ان يؤذن للظهر فقال النبي ﷺ ابرد، ثم اراد ان يؤذن فقال له ابرد، حتى رأينا فيء التلول فقال النبي ﷺ ان شدة الحر من فيح جهنم فاذا اشتد الحر فابردوا بالصلوة . (بخاری شریف، باب الابراد بالظہر فی السفر ص ۷۷ نمبر ۵۳۹ / ابوداود شریف، باب وقت صلاۃ الظہر ،۶۴، نمبر ۴۰۱) ٹیلہ پستہ قد ہوتا ہے اس کا سایہ نیچے نظر آنے لگے یہ اسی وقت ہو سکتا ہے جب ہر چیز کا سایہ ایک مثل سے زیادہ ہو چکا ہو۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ظہر کی نماز ایک مثل کے بعد پڑھی گئی ہے۔ اس لئے ظہر کا وقت دو مثل تک ہے (۲) عن عبد الله بن عمر أنهما حدثاه عن رسول الله ﷺ أنه قال : اذا اشتد الحر فأبردوا بالصلوة ، فان شدة الحر من فيح جهنم . (بخاری شریف، باب الابراد بالظہر فی شدۃ الحر، ص ۷۷ نمبر ۵۳۳ / ابوداود شریف، باب وقت صلاۃ الظہر ،۶۴، نمبر ۴۰۲) اس حدیث میں بھی ہے کہ گرمی میں ظہر کی تاخیر کی، اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ظہر کی نماز دو مثل پر پڑھی ہوگی کیونکہ عرب میں دو مثل تک گرمی رہتی ہے۔

**ترجمه** : **۱** اور فیء زوال وہ سایہ ہے جو چیزوں کا زوال کے وقت میں ہوتا ہے۔

**تشريح** : جب سورج دوپہر کے وقت سر پر آجائے، اور پورب اور پچھم کے درمیان ٹھیک اتر یا دکھن کی طرف سورج ہو تو اس وقت کے سایہ کو فیء زوال، یا سایہ اصلی کہتے ہیں۔ اس سے تھوڑا سا ہٹ جائے تو وہ وقت زوال ہے اور اس وقت سے تمام ائمہ کے نزدیک ظہر کی نماز کا وقت شروع ہو جاتا ہے۔

**ترجمه** : **۲** اور صاحبین کی دلیل حضرت جبرائیل کی امامت والی حدیث ہے، پہلے دن میں عصر کے لئے اسی وقت میں۔

**تشريح** : صاحبین فرماتے ہیں کہ جب سایہ ایک مثل ہو جائے تو ظہر کا وقت ختم ہو جاتا ہے، اور عصر کا وقت شروع ہو جاتا ہے۔ کیونکہ حضرت جبرائیل نے پہلے دن میں حضورؐ کی عصر کی امامت ایک مثل پر کی ہے جس سے معلوم ہوا کہ ایک مثل پر عصر کا وقت شروع ہو جاتا ہے، اور دوسرے دن ظہر کی امامت ایک مثل پر کی ہے جس سے معلوم ہوا کہ ظہر کا وقت ایک مثل پر ختم ہو جاتا ہے۔ حدیث یہ ہے۔ اخبرني ابن عباس ان النبي ﷺ قال امني جبرئيل عند البيت مرتين فصلى الظهر في الاولى منهما حين كان الفيء مثل الشراك ثم صلى العصر حين كان كل شيء مثل ظله ثم صلى المغرب حين

۳؎ ولابی حنیفةؒ قول ﷺ ابردوا بالظهر فان شدة الحر من فيح جهنم واشد الحر فی دیارهم فی هذا الوقت ۴؎ واذا تعارضت الآثار لاينقضی الوقت بالشک

وجبت الشمس وافطر الصائم ثم صلى العشاء حين غاب الشفق ثم صلى الفجر حين برق الفجر وحرم الطعام على الصائم وصلى المرة الثانية الظهر حين كان ظل كل شیء مثله لوقت العصر بالامس ثم صلى العصر حين كان ظل كل شیء مثليه ثم صلى المغرب لوقته الاول ثم صلى العشاء الآخرة حين ذهب ثلث الليل ثم صلى الصبح حين اسفرت الارض ثم التفت الى جبرئيل فقال يا محمد هذا وقت الانبياء من قبلك والوقت فيما بين هذين الوقتين. (ترمذی شریف، باب ماجاء مواقیت الصلوۃ عن النبی ﷺ ص ۳۸ ابواب الصلوۃ نمبر ۱۴۹/ابوداؤدشریف، باب المواقیت، ص ۶۲، نمبر ۳۹۳) اس حدیث میں تمام نماز کے اوقات بیان کئے گئے ہیں۔اور ظہر کا آخری وقت ایک مثل بتایا گیا ہے۔اور ایک مثل کے بعد عصر کا وقت شروع ہوجاتا ہے۔اسی حدیث کی بنا پر صاحبین بھی اس طرف گئے ہیں کہ ایک مثل تک ظہر کا وقت رہتا ہے۔تاہم احتیاط اسی میں ہے کہ ایک مثل کے بعد ظہر نہ پڑھے اور دو مثل سے پہلے عصر کی نماز نہ پڑھے کیونکہ امام ابوحنیفہؒ کی ایک روایت بھی صاحبین کے مطابق ہے۔

**ترجمہ** : ۳؎ اور ابوحنیفہؒ کی دلیل حضور علیہ السلام کا قول ظہر کو ٹھنڈا کر کے پڑھو اسلئے کہ گرمی کی شدت جہنم کی گرمی میں سے ہے ،اور عرب میں گرمی کی شدت ایک مثل پر بہت ہوتی ہے۔

**تشریح**: اوپر کی حدیث یہ ہے۔عن عبد الله بن عمر أنهما حدثاه عن رسول الله ﷺ أنه قال : اذا اشتد الحر فأبردوا بالصلوة ، فان شدة الحر من فيح جهنم . (بخاری شریف، باب الابراد بالظہر فی شدۃ الحر، ص ۷۷ نمبر ۵۳۳/ابوداؤدشریف، باب وقت صلاۃ الظہر ،۶۴، نمبر ۴۰۲) اس حدیث میں ہے کہ نماز کو ٹھنڈا کر کے پڑھو،اور عرب میں ایک مثل پر گرمی بہت زیادہ ہوتی ہے اسلئے ٹھنڈا کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ایک مثل کے بعد نماز پڑھو اسلئے اشارۃ النص سے پتہ چلا کہ دو مثل تک ظہر کا وقت ہونا چاہئے۔

**ترجمہ**: ۴؎ اور جب دونوں حدیثیں متعارض ہوگئیں تو شک کی وجہ سے وقت ختم نہیں ہوگا۔

**تشریح** :۔حضرت جبرئیلؑ کی امامت والی حدیث اور ٹھنڈا کر کے نماز پڑھنے والی حدیث متعارض ہوگئیں،تو شک ہوگیا کہ نماز کا وقت نکلا یا نہیں!اور پہلے سے ظہر کا وقت چل رہا تھا اسلئے شک کی بنا پر ظہر کا وقت ختم نہیں ہوگا بلکہ دو مثل تک باقی رہے گا۔

**لغت** : فی الزوال : ٹھیک دوپہر کے وقت جب سورج سر پر ہو تو اس وقت جو تھوڑا سا سایہ ہوتا ہے اس کو سایہ اصلی اور فی الزوال کہتے ہیں۔اس کو چھوڑ کر ہر چیز کا سایہ اس کے قد کے برابر ہو تو وہ ایک مثل سایہ کہلاتا ہے۔مثلا ایک آدمی کا قد ساڑھے پانچ فٹ

(۱۸۷)واول وقت العصر اذا خرج وقت الظهر على القولين واخروقتها ما لم تغرب الشمس ﴾

ل لقوله علیه السلام من ادرک رکعةً من العصر قبل ان تغرب الشمس فقدادرکها

ہے۔تو سایہ اصلی کے علاوہ سایہ ساڑھے پانچ فٹ تک چلا جائے تو ایک مثل ہو گیا۔اور سایہ اصلی کے علاوہ گیارہ فٹ تک سایہ لمبا ہو گیا تو دومثل ہو گیا۔فیح :گرمی کی شدت۔لاینقضی: ختم نہیں ہوگا۔

**ترجمه**:(۱۸۷) عصر کا اول وقت جب کہ ظہر کا وقت نکل جائے دونوں قول پر۔اور اس کا آخری وقت جب تک سورج غروب نہ ہو جائے۔

**ترجمه**: ل حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ جس نے عصر کی ایک رکعت پائی تو اس نے عصر پالی۔

**تشریح**: صاحبین کے قول کے مطابق مثل اول کے بعد عصر کا وقت شروع ہوگا۔اور امام ابوحنیفہ کے قول کے مطابق دومثل کے بعد عصر کا وقت شروع ہوگا۔اور بعض ائمہ نے دونوں حدیثوں کو دیکھتے ہوئے فرمایا کہ ایک مثل کے بعد اور دومثل سے پہلے وقت مہمل ہے یعنی نہ ظہر کا وقت ہے اور نہ عصر کا وقت ہے۔

**نوٹ** : احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ ظہر کے بعد فوراً عصر کا وقت شروع ہوتا ہے نہ دونوں کے درمیان وقت مہمل ہے اور نہ مشترک ہے۔پہلی حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ عصر کی آخری نماز دومثل پر پڑھی گئی لیکن دوسری حدیث میں موجود ہے کہ غروب آفتاب تک عصر کا وقت موجود ہے۔البتہ آفتاب زرد ہونے کے بعد نماز مکروہ ہونے لگتی ہے۔اس لئے آفتاب زرد ہونے سے پہلے عصر کی نماز پڑھنی چاہئے۔تاہم غروب سے پہلے عصر کی نماز پڑھیگا تو ادا ہوگی قضا نہیں ہوگی۔ کیونکہ ابھی وقت باقی ہے۔غروب آفتاب سے پہلے تک عصر کے وقت ہونے کی دلیل۔

**وجه**: (۱) وسبح بحمد ربک قبل طلوع الشمس وقبل غروبها (آیت ۱۳۰ سورۂ طہ ۲۰)غروب سے پہلے نماز پڑھنے کا مطلب یہ ہے کہ نماز عصر کا وقت سورج غروب ہونے سے پہلے تک ہے(۲) حدیث میں ہے عن ابی هريرة ان رسول الله ﷺ قال من ادرک من الصبح رکعة قبل ان تطلع الشمس فقد ادرک الصبح و من ادرک رکعة من العصر قبل ان تغرب الشمس فقدادرک العصر ( بخاری شریف،باب من ادرک من الفجر رکعۃ،ص ۸۲، نمبر ۵۷۹ /ترمذی شریف، باب ماجاء فیمن ادرک رکعۃ من العصر قبل ان تغرب الشمس ص ۴۵ نمبر ۱۸۶) سورج غروب ہونے سے پہلے عصر کی ایک رکعت پالے تو گویا کہ پوری عصر کی نماز پالی۔اس کا مطلب یہ ہے کہ غروب آفتاب سے پہلے تک عصر کا وقت ہے آفتاب زرد ہونے کے بعد نماز عصر ہو جائے گی البتہ مکروہ ہوگی،اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔قال : دخلنا على انس بن مالک بعد الظهر فقام يصلي العصر ....تلک صلوة المنافقين ، يجلس أحدهم حتى اذا اصفرت الشمس ،

(۱۸۸)واول وقت المغرب اذا غربت الشمس وآخر وقتها مالم يغب الشفق ﴾ لـ اوقال الشافعي مقدارمايصلي فيه ثلث ركعات لان جبريل عليه السلام امَّ في يومين في وقت واحد.

فكانت بين قرني شيطان أو على قرني الشيطان ، قام فنقر أربعا لا يذكر الله عز وجل فيها الا قليلاً ۔(ابوداود شریف، باب وقت العصر، ص ۶۴، نمبر ۴۱۳) اس حدیث میں ہے کہ سورج زرد ہو جائے تو اس وقت منافق کی نماز ہوتی ہے اسلئے سورج زرد ہوتے وقت نماز مکروہ ہے۔ البتہ نماز ہو جائے گی۔ اسلئے کہ ابھی وقت ہے۔ دوسری حدیث بھی ہے عن عبد الله بن عمران النبی ﷺ قال اذا صليتم الفجر ... فاذا صليتم العصر فانه وقت الى أن تصفر الشمس (مسلم شریف، باب اوقات الصلوات الخمس ص ۲۲۲ نمبر ۶۱۲ رترمذی شریف، باب ماجاء فی مواقیت الصلوۃ ص ۴۰ نمبر ۱۵۱) اس حدیث میں سورج زرد ہونے تک مستحب وقت بتایا ہے۔

**ترجمه**: (۱۸۸) مغرب کا اول وقت جب سورج ڈوب جائے اور اس کا آخر وقت جب تک کہ شفق غائب نہ ہو جائے۔

**تشریح** : مغرب کے اول وقت کے بارے میں حدیث گزر چکی ہے۔ اور حضرت جبرئیل علیہ السلام نے مغرب کی نماز دونوں دن سورج غروب ہونے کے بعد ہی پڑھائی اس لئے کہ مستحب وقت وہی ہے۔ لیکن مغرب کا آخری وقت حقیقت میں شفق کے غروب ہونے تک ہے۔

**وجه** : اس کی دلیل یہ حدیث ہے عن عبد الله بن عمران النبی ﷺ قال اذا صليتم الفجر ... فاذا صليتم المغرب فانه وقت الى ان يسقط الشفق (مسلم شریف، باب اوقات الصلوات الخمس ص ۲۲۲ نمبر ۶۱۲/۱۳۸۵ رترمذی شریف، باب ماجاء فی مواقیت الصلوۃ ص ۴۰ نمبر ۱۵۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مغرب کا وقت شفق کے غروب ہونے تک رہتا ہے۔ شفق کی دو قسمیں ہیں۔ شفق احمر۔ اور شفق ابیض۔ یہاں شفق سے کون سی شفق مراد ہے اسکی تفصیل آگے آرہی ہے۔

**ترجمه**: لـ امام شافعیؒ نے فرمایا کہ مغرب کا وقت اتنی مقدار ہے جس میں تین رکعت پڑھ سکے۔ اسلئے کہ حضرت جبریلؑ نے دونوں دنوں میں مغرب کی امامت ایک ہی وقت میں کی ہے۔

**تشریح** : چونکہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے دونوں دنوں میں ایک ہی وقت میں مغرب کی امامت کی ہے اسلئے امام شافعیؒ کے نزدیک مغرب کا وقت صرف اتنا ہے کہ آدمی صرف مغرب کی تین رکعتیں پڑھ سکے۔ موسوعہ میں ہے۔ قال الشافعیؒ : لا وقت للمغرب الا واحد ، و ذالک حين تجب الشمس ، و ذالک بين في حديث امامة جبريل النبی ﷺ و في غيره ۔(موسوعہ، باب وقت المغرب، ج ثانی ص ۲۹، نمبر ۱۰۰۱) حدیث یہ ہے۔ عن عباس ان النبی ﷺ قال امنى جبرئيل عند البيت مرتين .... ثم صلى المغرب حين وجبت الشمس وافطر الصائم ..... ثم صلى المغرب

۲ ولنا وقوله ﷺ اوّل وقت المغرب حين تغرب الشمس وآخر وقته حين يغيب الشفق ۳ و ما رواه كان للتحرز عن الكراهية

---

لوقته الاول ثم صلى العشاء الآخرة حين ذهب ثلث الليل ثم صلى الصبح حين اسفرت الارض ثم التفت الى جبرئيل فقال يا محمد هذا وقت الانبياء من قبلك و الوقت فيما بين هذين الوقتين. (ترمذی شریف، باب ماجاء مواقیت الصلوۃ عن النبی ﷺ ص ۳۸ ابواب الصلوۃ نمبر ۱۴۹ / ابوداؤد شریف، باب المواقیت، ص ۶۲، نمبر ۳۹۳) اس حدیث میں ہے کہ دوسرے دن مغرب کی نماز اس وقت پڑھی جس وقت پہلے دن پڑھی تھی۔ اسلئے مغرب کا وقت ایک ہی رہے گا۔ (۲) عن سلمة قال كنا نصلي مع النبي ﷺ المغرب اذا توارت بالحجاب ۔ (بخاری شریف، باب وقت المغرب، ص ۷۹، نمبر ۵۶۱ / ابوداود شریف، باب وقت المغرب، ص ۶۴، ۴۱۷) اس حدیث میں ہے کہ سورج ڈوبتے ہی نماز پڑھتے تھے جس سے معلوم ہوا کہ سورج ڈوبنے کے فورا بعد مغرب کا وقت ہے۔

**ترجمہ**: ۲ اور ہماری دلیل حضور علیہ السلام کا قول کہ مغرب کا اول وقت جب سورج ڈوب جائے، اور اسکا آخر وقت جب شفق غائب ہو جائے۔ حدیث یہ ہے۔ عن ابی هريرة قال : قال رسول الله ﷺ ان للصلاة أولا و آخراً ....و ان اول وقت المغرب حين تغرب الشمس و ان آخر وقتها حين يغيب الشفق ۔ (ترمذی شریف، باب منہ (یعنی ماجاء فی مواقیت الصلوۃ) ص ۳۸، نمبر ۱۵۱ / مسلم شریف، باب اوقات الصلوۃ الخمس، ص ۲۲۱، نمبر ۶۱۲ / ۱۳۸۹) اس حدیث میں ہے کہ مغرب کا وقت شفق غائب ہونے تک ہے۔

**ترجمہ**: ۳ اور جو روایت کی ہے وہ کراہیت سے بچنے کے لئے ہے۔

**تشریح**: ہم یہ کہتے ہیں کہ مغرب کا اصلی وقت تو شفق ڈوبنے تک ہے، یعنی شفق ڈبنے تک بھی پڑھے گا تو ادا ہوگی قضا نہیں ہوگی البتہ بغیر عذر کے موخر کرنے سے مکروہ ہوگا، اسلئے امامت جبرئیل میں موخر اسلئے نہیں کیا کہ مکروہ نہ ہو۔ موخر کرنے سے مکروہ ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے۔ قدم علينا ابو ايوب غازيا و عقبه عامر يومئذ على مصر ، فأخر المغرب فقام اليه ابو ايوب فقال : أما سمعت رسول الله ﷺ يقول : لا تزال أمتي بخير ، أو قال : على الفطرة ، ما لم يوء خر واالمغرب الى أن تشتبک النجوم ۔ (ابوداود شریف، باب وقت المغرب، ص ۶۴، نمبر ۴۱۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مغرب کی نماز موءخر کرنا مکروہ ہے۔

(۱۸۹)ثم الشفق هو البياض الذی فی الافق بعدالحمرة عندابی حنیفة وعندهما هو الحمرة﴾
لـ وهو رایة عن ابی حنیفة وهو قول الشافعی لقوله علیه السلام الشفق الحمرة

﴿شفق ابیض یا شفق احمر﴾

**ترجمہ** : (۱۸۹) شفق وہ سفید روشنی ہے جو افق میں سرخی کے بعد دیکھی جاتی ہے امام ابو حنیفہ کے نزدیک۔اور صاحبین کے نزدیک شفق وہ سرخی ہے۔

**ترجمہ** : لـ اور یہی ایک روایت امام ابوابو حنیفہ کا ہے،اور یہی قول امام شافعی کا ہے حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ شفق وہ سرخی ہے۔

**تشریح** : آفتاب ڈوبنے کے بعد پہلے سرخی آتی ہے پھر سفید روشنی پھیلی ہوئی ہوتی ہے۔پھر سفید روشنی لمبی سی ہوتی ہے۔جس کو بیاض مستطیر اور پھر بیاض مستطیل کہتے ہیں۔اس کے بعد افق پر مکمل اندھیرا چھا جاتا ہے۔امام ابو حنیفہ کے نزدیک سرخی کے بعد جو بیاض مستطیر ہوتی ہے وہاں تک مغرب کا وقت ہے۔اس کے بعد عشا کا وقت شروع ہوتا ہے

شفق کیا ہے:۔افق کے قریب بھاپ اور نمی بہت ہوتی ہے،سورج جب ڈوب جاتا ہے تو اسکی روشنی بھاپ اور نمی سے گزر کر ہماری طرف آنے لگتی ہے اور قاعدہ یہ ہے کہ بھاپ کے درمیان سے گزر کر روشنی آئے تو وہ لال نظر آتی ہے اور تھوڑی پھیلی ہوئی نظر آتی ہے، اسی لئے سورج ڈوبنے کے بعد جو روشنی نظر آتی ہے وہ لال ہوتی ہے جسکو شفق احمر کہتے ہیں۔لیکن سورج جب بارہ ڈگری نیچے چلا جاتا ہے تو افق کے پاس جو بھاپ اور نمی ہے اس سے گزر کر روشنی نہیں آتی بلکہ سورج کی روشنی آسمان کی طرف لمبی ہوتی ہوئی نظر آتی ہے، چونکہ وہ بھاپ اور نمی سے گزر کر نہیں آتی اسلئے وہ روشنی سفید نظر آتی ہے،اور بہت ہلکی ہوتی ہے شفق احمر کے بعد مسلسل دیکھتے رہیں تب اس کا پتہ چلے گا ورنہ جلدی پتہ نہیں چلتا۔اسی کو شفق ابیض کہتے ہیں۔

**وجہ** : (۱) فجر میں بیاض مستطیر فجر کا وقت ہے۔اسی طرح بیاض مستطیر مغرب کا وقت ہونا چاہئے۔کیونکہ دونوں ایک ہی طرح ہیں (۲) حدیث میں ہے سمعت ابا مسعود الانصاری یقول ... ویصلی المغرب حین تسقط الشمس ویصلی العشاء حین یسود الافق وربما اخرها حتی یجتمع الناس ۔ (ابو داؤد شریف، باب فی المواقیت ص ۶۲/۶۳ نمبر ۳۹۴) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ عشا کی نماز افق کالا ہونے کے بعد پڑھا کرتے تھے۔ اور افق مکمل کالا اس وقت ہوگا جب سفید شفق بھی باقی نہ رہے،جس کا مطلب یہ ہے کہ بیاض مستطیر تک مغرب کا وقت ہے۔جو سرخی کے بعد آتی ہے۔کیونکہ افق کالا سفیدی غائب ہونے کے بعد ہی ہوگا۔(۳) اس کی تائید اس اثر سے ہوتی ہے۔کتب عمر بن عبد العزیز ان صلوا صلوة العشاء اذا ذهب بیاض الافق فیما بینکم و بین ثلث اللیل (مصنف عبد الرزاق، باب وقت العشاء الاخرة، ج اول ،ص ۵۵۶،نمبر

۲ ولابی حنفیةؒ قوله ﷺ واخر وقت المغرب اذا اسودّ الافق ۳ وما رواه موقوف علی ابن عمرؓ ذکره

۲۱۱۰) اس اثر سے معلوم ہوا کہ افق کے بیاض جانے یعنی شفق ابیض کے ڈوبنے کے بعد نماز عشاء کا وقت ہوتا ہے۔(۴) اس آیت کے کنایہ سے استدلال کیا جاسکتا ہے۔أقم الصلوة پڑھو جس سے کنایہ ہے کہ شفق ابیض ڈوبنے کے بعد جب مکمل اندھیرا ہو جائے وہاں سے عشاء کا وقت شروع ہوتا ہے۔

**فائدہ** : صاحبین اور جمہور ائمہ کے نزدیک بیض مستطیر کے پہلے جو سرخی ہے وہاں تک مغرب کا وقت ہے۔ان کی دلیل یہ حدیث ہے عن ابن عمر قال قال رسول الله ﷺ: الشفق الحمرة ،فاذا غاب الشفق وجبت الصلوة . (دار قطنی ،باب فی صفة المغرب والصبح ،ج اول ص ۲۷۶ نمبر ۱۰۴۴ رسنن للبیھقی ،باب دخول وقت العشاء بغیبوبة الشفق ،ج اول ،ص ۵۴۸ ،نمبر ۱۷۴۴)اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سرخ شفق تک مغرب کا وقت ہے اس کے غروب ہونے کے بعد عشا کا وقت شروع ہوجاتا ہے۔(۲) اثر میں ہے۔عن ابن عمر قال : الشفق الحمرة ۔(دار قطنی ،باب فی صفة المغرب والصبح ج اول ص ۲۷۶ نمبر ۱۰۴۵ رسنن للبیھقی ،باب دخول وقت العشاء بغیبوبة الشفق ،ج اول ،ص ۵۴۸ ،نمبر ۱۷۴۲)اس اثر میں بھی ہے کہ شفق وہ سرخی ہے۔

**ترجمہ** :۲ اور امام ابو حنیفہؒ کی دلیل حضور علیہ السلام کا قول مغرب کا آخر وقت جبکہ افق کالا ہو جائے۔

**تشریح** : اس معنی کی روایت اوپر گزری۔سمعت ابا مسعود الانصاری یقول ... ویصلی المغرب حین تسقط الشمس ویصلی العشاء حین یسود الافق وربما اخرها حتی یجتمع الناس ۔(ابو داؤد شریف ،باب فی المواقیت ص ۶۲ ر۶۳ نمبر ۳۹۴)اس حدیث میں ہے کہ افق کالا ہونے کے بعد عشاء کی نماز پڑھتے تھے اور مکمل کالا اسی وقت ہوگا جب شفق ابیض بھی ڈوب جائے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ شفق ابیض تک مغرب کا وقت ہے اور شفق ابیض ڈوبنے کے بعد عشاء کا وقت شروع ہوتا ہے۔

**ترجمہ** : ۳ اور صاحبین نے جس حدیث کو روایت کی وہ حضرت ابن عمرؓ پر موقوف ہے حضرت امام مالکؒ نے اپنے موطاء میں ذکر کی ہے۔

**تشریح** : امام ابو حنیفہؒ کی جانب سے صاحبین کو جواب ہے کہ الشفق الحمرة ،کا جملہ حضرت ابن عمرؓ کا قول ہے اسلئے اس پر شفق احمر کا فیصلہ نہیں کیا جاسکتا۔قول یہ ہے۔عن ابن عمر قال : الشفق الحمرة ۔(دار قطنی ،باب فی صفة المغرب والصبح ج اول ص ۲۷۶ نمبر ۱۰۴۵ رسنن للبیھقی ،باب دخول وقت العشاء بغیبوبة الشفق ،ج اول ،ص ۵۴۸ ،نمبر ۱۷۴۲) یہ دار قطنی اور بیہقی میں ہے۔اور موطاء امام مالک میں عبارت اس طرح ہے قال مالک : الشفق الحمرة التی فی المغرب فاذا ذھبت الحمرة فقد وجبت صلوة العشاء، و

مالک فی الموطأ ﷺ وفیه اختلاف الصحابة (۱۹۰) واوّل وقت العشاء اذا غاب الشفق وآخر وقتها مالم یطلع الفجر ﴾

خرجت من وقت المغرب۔ (موطاء امام مالک، باب جامع الوقوت، ص ۸) موطاء میں حضرت ابن عمر کے بجائے خود حضرت امام مالکؒ کا قول ہے۔ البتہ اس عبارت کے ساتھ اوپر حدیث بھی گزر گئی۔

**ترجمہ**: ﷺ شفق کے سلسلے میں صحابہ کرام کا بھی اختلاف ہے۔

**ترجمہ**: (۱۹۰) عشا کا اول وقت جب شفق غائب ہو جائے اور اس کا آخر وقت جب تک کہ فجر نہ طلوع ہو جائے۔

**تشریح** : امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک شفق ابیض غائب ہونے کے بعد اور صاحبین کے نزدیک شفق احمر غائب ہونے کے بعد عشاء کا وقت شروع ہوتا ہے، اور اسکا آخری وقت صبح صادق طلوع ہونے سے پہلے تک ہے۔

**وجہ**: شفق کے غائب ہونے کے بعد عشاء کا وقت شروع ہوتا ہے اسکی دلیل یہ ہے۔ عن عباس ان النبی علیہ السلام قال امنی جبرئیل عند البیت مرتین ....ثم صلی العشاء حین غاب الشفق .... ثم صلی العشاء الآخرة حین ذهب ثلث اللیل ثم صلی الصبح حین اسفرت الارض ثم التفت الی جبرئیل فقال یا محمد هذا وقت الانبیاء من قبلک والوقت فیما بین هذین الوقتین. (ترمذی شریف، باب ماجاء مواقیت الصلوۃ عن النبی ﷺ ص ۳۸ ابواب الصلوۃ نمبر ۱۴۹ رابوداؤد شریف، باب المواقیت، ص ۶۲، نمبر ۳۹۳) اس حدیث میں ہے کہ عشاء کی نماز شفق غائب ہونے کے بعد پڑھی (۲) عن ابی هريرة قال : قال رسول اللہ علیہ السلام ان للصلاة أولا و آخراً ....و ان أول وقت العشاء الآخرة حین یغیب الافق، و ان آخر وقتها حین ینتصف اللیل ۔ (ترمذی شریف، باب منہ (یعنی ما جاء فی مواقیت الصلوۃ) ص ۳۸، نمبر ۱۵۱ رمسلم شریف، باب اوقات الصلوۃ الخمس، ص ۲۲۱، نمبر ۶۱۴ ر ۱۳۹۳) اس حدیث میں ہے کہ عشاء کا وقت افق غائب ہونے کے بعد شروع ہوتا ہے یعنی شفق غائب ہونے کے بعد شروع ہوتا ہے۔

اور آخر وقت صبح صادق سے پہلے تک ہے اسکی دلیل اس حدیث کا اشارہ ہے۔ عن عائشة قالت اعتم النبی علیہ السلام ذات لیلة حتی ذهب عامة اللیل وحتی نام اهل المسجد (مسلم شریف، باب وقت العشاء وتأخیرها ص ۲۲۹ نمبر ۶۳۸ ر ۱۴۴۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عامۃ اللیل رات کا ایک بڑا حصہ چلا گیا۔ دوسری حدیث میں ہے کہ آدھی رات چلی گئی تھی۔ اس لئے آدھی رات تک نماز پڑھنے کا ثبوت صحیح حدیث سے ثابت ہے۔ (۲) اور آخر رات تک عشا کے وقت ہونے کی دلیل صحابہ کا قول ہے ۔روینا عن ابن عباس انه قال : وقت العشاء الی الفجر۔ و عن عبد الرحمن بن عوف فی امرأة تطهر قبل طلوع الفجر صلت المغرب والعشاء ۔قال لابی هريرة ما افراط صلوة العشاء؟ قال طلوع الفجر (السنن

لِقوله علیه السلام واخر وقت العشاء حين لم يطلع الفجر ۲ وهو حجة على الشافعيؒ فی تقديره بذهاب ثلث الليل (۱۹۱) واول وقت الوتر بعدالعشاء واخره مالم يطلع الفجر لِقوله علیه السلام في الوتر فصلوها مابين العشاء الى طلوع الفجر

للبیھقی، باب آخر وقت الجواز لصلوۃ العشاء، ج اول، ص ۵۵۳، نمبر ۱۷۶۳) صحابی کے اس قول سے معلوم ہوا کہ عشا کا وقت طلوع فجر سے پہلے تک ہے۔ تمام ائمہ کا یہی مسلک ہے۔

**ترجمہ**: لِ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے عشاء کا آخری وقت جب تک کہ فجر نہ طلوع ہو جائے۔

**تشریح**: یہ عبداللہ ابن عباس کا قول ہے رویـنـا عـن ابـن عباس انه قال : وقت العشاء الى الفجر۔ (السنن للبیھقی ،باب آخر وقت الجواز لصلوۃ العشاء، ج اول، ص ۵۵۳، نمبر ۱۷۶۳) اس اثر میں ہے کہ عشاء کا وقت فجر تک ہے۔

**ترجمہ**: ۲ یہ اثر امام شافعیؒ پر حجت ہے کہ انہوں نے تہائی رات جانے تک عشاء کا وقت متعین فرمایا۔

**تشریح**: امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ صرف تہائی رات تک عشاء کا وقت ہے۔ موسوعۃ میں ہے۔ و آخـر وقتها الى أن يمضى ثـلـث الـلـيـل (موسوعۃ للامام الشافعی، باب وقت العشاء، ج الثانی، ص ۳۲، نمبر ۱۰۱۰) اس عبارت میں ہے کہ عشاء کا وقت تہائی رات تک ہے۔ انکی دلیل یہ حدیث ہے (۱) عـن ابـى هـريـرة قـال قـال رسـول الـلـه ﷺ لو لا ان اشق على امتى لامـرتـهـم ان يؤخروا العشاء الى ثلث الليل او نصفه۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء فی تاخیر العشاء الآخرۃ ص ۴۲ نمبر ۱۶۷/ ابوداؤد شریف، باب ماوقت العشاء الآخرۃ ص ۶۶ نمبر ۴۲۲) (۲) عباس ان الـنـبـى ﷺ قـال امنى جبرئيل عند البيت مـرتـيـن .... ثـم صـلـى العشاء حين غاب الشفق .... ثم صلى العشاء الآخرة حين ذهب ثلث الليل ثم صلى الصبح حين اسفرت الارض ثم التفت الى جبرئيل فقال يا محمد هذا وقت الانبياء من قبلك و الوقت فيما بـيـن هـذيـن الوقتين. (ترمذی شریف، باب ماجاء مواقیت الصلوۃ عن النبی ﷺ ص ۳۸ ابواب الصلوۃ نمبر ۱۴۹/ ابوداؤد شریف، باب المواقیت، ص ۶۲، نمبر ۳۹۳) ان دونوں حدیثوں میں ہے کہ عشاء کا وقت تہائی رات تک ہے۔

**ترجمہ**: (۱۹۱) وتر کا اول وقت عشا کے بعد ہے اور اس کا آخر وقت جب تک صبح صادق طلوع نہ ہو۔

**ترجمہ**: لِ وتر کے بارے میں حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے، اسکو عشاء اور صبح صادق کے درمیان پڑھو۔

**وجہ**: اوپر کی حدیث یہ ہے (۱) عـن خـارجـة بـن حـذافة انـه قـال خـرج علينا رسول الله ﷺ فقال ان الله امـدكـم بصلوة هي خير لكم من حمر النعم الوتر جعله الله لكم فيما بين صلوة العشاء الى ان يطلع الفجر۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء فی فضل الوتر ص ۱۰۳ نمبر ۴۵۲/ ابوداؤد شریف، ابواب الوتر، باب استحباب الوتر ص ۲۰۸ نمبر ۱۴۱۸) اس

۲ قال هذا عندهما ۳ وعندابی حنیفةؒ وقته وقت العشاء الا انه لایقدم علیه عند التذکیر للترتیب

---

سے معلوم ہوا کہ وتر کی نماز کا وقت عشا کے بعد سے لیکر صبح صادق طلوع ہونے تک ہے۔ اور حدیث میں امدکم یعنی ایک نماز زیادہ کی اس سے معلوم ہوا کہ وتر کی نماز واجب ہے۔ تب ہی تو پانچ نماز پر زیادتی ہوگی۔ ایک اور حدیث ہے عن مسروق انه سأل عائشة عن وتر النبی ﷺ فقالت من کل اللیل قد اوتر اوله واوسطه وآخره فانتهی وتره حین مات فی وجه السحر۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء فی الوتر اول اللیل وآخرہ ص ۱۰۳ نمبر ۴۵۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وتر کی نماز اول، اوسط اور آخر رات میں پڑھی جا سکتی ہے۔

**ترجمہ**: ۲ فرمایا یہ صاحبین کے نزدیک ہے۔

**تشریح**: صاحبین کے نزدیک یہ ہے کہ وتر کا وقت عشاء کی نماز کے بعد ہے کیونکہ اوپر کی حدیث میں فرمایا کہ عشاء کی نماز کے بعد فجر تک حدیث یہ گزری۔ فیما بین صلوۃ العشاء الی ان یطلع الفجر۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء فی فضل الوتر ص ۱۰۳ نمبر ۴۵۲ / ابوداؤد شریف، ابواب الوتر، باب استحباب الوتر ص ۲۰۸ نمبر ۱۴۱۸) اس حدیث میں ہے کہ عشاء اور فجر کے درمیان وتر پڑھو، جسکا مطلب یہ ہوا کہ عشاء کے بعد وتر کا وقت ہے۔ چنانچہ اگر بھول کر یا جان کر وتر عشاء سے پہلے پڑھ لی تو وتر لوٹانی ہوگی، کیونکہ اسکا وقت عشاء کی نماز کے بعد شروع ہوتا ہے، دوسری بات یہ ہے کہ صاحبین کے نزدیک وتر عشاء کے بعد کی سنت ہے اسلئے اسکے تابع کر کے پڑھنی چاہئے۔

**ترجمہ**: ۳ اور امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک وتر کا وقت وہی ہے جو عشاء کا وقت ہے، لیکن یاد کے وقت ترتیب کی وجہ سے عشاء پر مقدم نہ کرے۔

**تشریح**: جو وقت عشاء کا ہے وہی وقت وتر کا بھی ہے، البتہ اتنی بات ضرور ہے کہ اگر یاد ہو کہ عشاء کی نماز نہیں پڑھی ہے تو عشاء سے پہلے وتر نہیں چاہئے تاکہ عشاء اور وتر کے درمیان ترتیب باقی رہے، چنانچہ اگر جان کر وتر عشاء سے پہلے پڑھ لی تو عشاء کے بعد وتر دوبارہ پڑھنی ہوگی کیونکہ ترتیب واجب ہے، اور بھول کر وتر پہلے پڑھ لی تو وتر کو لوٹانے کی ضرورت نہیں۔

وتر واجب ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے عن عبد اللہ بن بریدة عن ابیه قال: سمعت رسول الله ﷺ یقول: الوتر حق فمن لم یوتر فلیس منا، الوتر حق فمن لم یوتر فلیس منا، الوتر حق فمن لم یوتر فلیس منا (ابوداود شریف، باب فیمن لم یوتر، ص ۲۱۲ نمبر ۱۴۱۹) اس حدیث میں ہے کہ وتر حق ہے اور جو وتر نہ پڑھے وہ ہم میں سے نہیں ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وتر واجب ہے۔ (۲) ایک حدیث اوپر بھی گزری۔ عن خارجة بن حذافة انه قال خرج علینا رسول الله ﷺ فقال ان الله امدکم بصلوۃ هی خیر لکم من حمر النعم الوتر جعله الله لکم فیما بین صلوۃ العشاء الی

## ﴿فصـــــل اوقات مستحب﴾

**(١٩٢) ويستحب الاسفار بالفجر﴾ ل لقوله ﷺ اسفروا بالفجر فانه اعظم للاجر ٢ وقال الشافعيؒ يستحب التعجيل فی کل صلوٰۃ والحجۃ علیه مارویناہ وما نرویه**

---

ان یطلع الفجر ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی فضل الوتر ص ١٠٣ نمبر ٤٥٢ رابوداؤد شریف، ابواب الوتر، باب استحباب الوتر ص ٢٠٨ نمبر ١٤١٨) اس حدیث میں ہے کہ فرض نماز پر ایک اور نماز کا اضافہ کیا اور وہ وتر ہے، تو یقینی بات ہے کہ وہ بھی فرض ہی ہوگی، جسکو ہم واجب کہتے ہیں۔اسلئے وتر ہمارے نزدیک واجب ہے۔

## ﴿فصل اوقات مستحب﴾

**ترجمه:** (١٩٢) فجر میں اسفار کرنا مستحب ہے۔

**ترجمه:** ل حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ: فجر کو اسفار کر کے پڑھو اسلئے کہ اس میں اجر زیادہ ہے۔

**تشریح** :فجر کا اصل وقت تو طلوع صبح صادق سے شروع ہو جاتا ہے۔لیکن مستحب یہ ہے کہ اسفار کر کے فجر کی نماز شروع کرے۔

**وجه:** (١) اوپر کی حدیث یہ ہے۔عن رافع بن خدیج قال سمعت رسول اللہ یقول اسفروا بالفجر فانه اعظم للاجر. (ترمذی شریف، باب ماجاء فی الاسفار بالفجر ص ٤٠ نمبر ١٥٤ رابوداؤد شریف، باب وقت الصبح ص ٦٧ نمبر ٤٢٤) اس میں الفاظ یوں ہیں اصبحوا بالصبح اس سے معلوم ہوا کہ فجر کو اسفار کر کے پڑھنا مستحب ہے۔(٢) جماعت بڑی ہوگی ورنہ لوگ غلس اور اندھیرے میں کم آئیں گے اور جماعت کی قلت ہوگی۔

**ترجمه:** ٢ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ ہر نماز میں جلدی کرنا مستحب ہے۔اور ان پر وہ حدیث حجت ہے جو ہمنے روایت کی اور جو روایت کریں گے۔

**فائده:** امام شافعی اور دیگر ائمہ کے نزدیک ہر نماز کو اول وقت میں پڑھنا مستحب ہے۔اور فجر کو غلس اور اندھیرے میں پڑھنا مستحب ہے۔ان کی دلیل یہ حدیث ہے ان عائشة اخبرته قالت کن نساء المؤمنات یشهدن مع رسول اللہ ﷺ صلوة الفجر متلفعات بمروطهن ثم ینقلن الی بیوتهن حین یقضین الصلوة لا یعرفهن احد من الغلس.

(۱۹۳)والابراد بالظھر فی الصیف وتقدیمہ فی الشتاء ﴾ لما رویناولروایۃ انسؓ قال کان رسول اللہ ﷺ اذا کان فی الشتاء بکّر بالظھر و اذا کان فی الصیف ابردبھا

(بخاری شریف، باب وقت الفجر ص۸۲ نمبر ۵۷۸ مسلم شریف، باب استحباب التبکیر بالصبح ص ۲۳۰ نمبر ۱۴۵۸/۶۴۵) اس حدیث میں دیکھئے غلس اور اندھیرے میں نماز پڑھی گئی۔ (۲) اور ہر نماز کو اول وقت میں پڑھنے کی دلیل یہ حدیث ہے ۔عن ام فروۃ قالت : سئل رسول اللہ ﷺ ای الاعمال أفضل ؟ قال : الصلوۃ فی اول وقتھا ۔(ابوداود شریف، باب المحافظۃ علی الصلوات، ص ۶۷، نمبر ۴۲۶ ترمذی شریف، باب ما جاء فی الوقت الاول من الفضل، ص ۴۲ نمبر ۱۷۰) اس حدیث میں ہے کہ تمام نمازیں اول وقت میں پڑھنا افضل ہے۔

ہمارا جواب یہ ہے کہ اوپر حدیث میں ہے کہ فجر کی نماز اسفار کر کے پڑھو، (۲) اور آگے دوسری حدیث آرہی ہے کہ ٹھنڈی میں نماز جلدی پڑھتے اور گرمی میں نماز ٹھنڈا کر کے پڑھتے۔ سمعت انس بن مالک یقول کان النبی ﷺ اذا اشتد البرد بکر بالصلوۃ واذا اشتد الحر ابرد بالصلوۃ یعنی الجمعۃ ۔(بخاری شریف، باب اذا اشتد الحر یوم الجمعۃ ص ۱۲۴ کتاب الجمعۃ نمبر ۹۰۶) اس سے معلوم ہوا کہ تمام نمازیں بالکل اول وقت میں پڑھنا مستحب نہیں ہے بلکہ بعض نماز عذر کی وجہ سے تاخیر کر کے پڑھنا بھی افضل ہے۔ و ما نرویہ سے یہی حدیث مراد ہے۔ (۳) ہاں اگر مدینہ طیبہ کی طرح لوگ غلس میں مسجد میں آجاتے ہوں جیسے رمضان میں آجاتے ہیں تو غلس میں مستحب ہے اور اگر لوگ سوئے رہتے ہوں تو اسفار مستحب ہے۔

**ترجمہ**: (۱۹۳) مستحب ہے گرمی میں ظہر کو ٹھنڈا کر کے پڑھنا اور سردی میں اس کو مقدم کرنا۔

**ترجمہ**: ل اس حدیث کی بنا پر جو ہم نے پہلے روایت کی۔ اور حضرت انس کی روایت کی بنا پر کہ رسول اللہ ﷺ جب سردی ہوتی تو ظہر کو جلدی پڑھتے، اور جب گرمی ہوتی ظہر کی نماز ٹھنڈا کر کے پڑھتے۔

**تشریح** : گرمی میں ظہر کی نماز اس وقت پڑھے جب دھوپ کم ہو جائے اور تھوڑی ٹھنڈی ہو جائے کیونکہ آدمی کو گرمی میں پریشان کرنا اچھا نہیں ہے اور جب سردی کا موسم ہو تو جلدی پڑھ لے کیونکہ اس میں آدمی کو کوئی تکلیف نہیں، اور تاخیر کرنے سے ممکن ہے کہ ظہر کا وقت نکل جائے۔ ماقبل کی روایت اور حضرت انسؓ کی روایت یہ ہیں۔

**وجہ**: (۱) ماقبل کی روایت یہ ہے) عن عبد اللہ بن عمر حدثاہ عن رسول اللہ ﷺ انہ قال اذا اشتد الحر فابردوا بالصلوہ فان شدۃ الحر من فیح جھنم (بخاری شریف، باب الابراد بالظہر فی شدۃ الحر ص ۷۶ نمبر ۵۳۳ ترمذی شریف، باب ما جاء فی تاخیر الظہر فی شدۃ الحر، ص ۴۰، نمبر ۱۵۷) حدیث سے معلوم ہوا کہ گرمی ہو تو ظہر کی نماز مؤخر کر کے پڑھنا مستحب ہے

(۱۹۴)وتاخیر العصر مالم تتغیر الشمس فی الصیف والشتاء ﴾ لے لما فیه من تکثیر النوافل لکراهتها بعده

---

(۲) حضرت انس کی روایت یہ ہے۔ سمعت انس بن مالک یقول کان النبی ﷺ اذا اشتد البرد بکر بالصلوۃ واذا اشتد الحر ابرد بالصلوۃ یعنی الجمعة . (بخاری شریف، باب اذ اشتد الحر یوم الجمعۃ ص ۱۲۴ کتاب الجمعۃ نمبر ۹۰۶)
اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سردی میں ظہر کی نماز جلدی پڑھے اور گرمی میں دیر کر کے پڑھے۔
(۳) سردی میں ظہر کی نماز جلدی پڑھے اسکے لئے ایک روایت یہ بھی ہے۔ عن انس بن مالک ان رسول الله ﷺ خرج حین زاغت الشمس فصلی الظهر. (بخاری شریف، باب وقت الظہر عند الزوال ص ۷۷ نمبر ۵۴۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سردی ہو تو نماز جلدی پڑھی جائے۔

**ترجمه**: (۱۹۴) عصر مؤخر کرے جب تک سورج میں زردی نہ آجائے۔ چاہے گرمی میں ہو چاہے سردی میں۔

**وجه**: (۱) حدیث میں ہے علی بن شیبان قال قدمنا علی رسول الله ﷺ الی المدینة فکان یؤخر العصر مادامت الشمس بیضاء نقیة (ابوداؤد شریف، باب فی وقت صلوۃ العصر ص ۶۵ نمبر ۴۰۸) (۲) دوسری حدیث میں ہے سمعت ابا مسعود الانصاری یقول ... ورأیته یصلی العصر والشمس مرتفعة بیضاء قبل ان تدخلها الصفرة ۔(دار قطنی، باب ذکر بیان المواقیت واختلاف الروایات فی ذلک ج اول ص ۲۵۹ نمبر ۹۷۵) ان دونوں احادیث سے معلوم ہوا کہ آفتاب زرد ہونے سے پہلے تک عصر کی نماز مؤخر کرنا مستحب ہے۔

**ترجمه**: لے اسلئے کہ اس صورت میں نوافل کی کثرت ہے، اسلئے کہ نوافل اسکے بعد مکروہ ہے۔

**تشریح**: عصر کو موخر کر کے پڑھنے کی وجہ بتا رہے ہیں کہ عصر کے بعد نوافل پڑھنا مکروہ ہے، اسلئے عصر کو موخر کر کے پڑھے تا کہ اس سے پہلے زیادہ سے زیادہ نوافل پڑھ سکے۔ عصر کے بعد نوافل مکروہ ہے اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابی هریرة قال : نهی رسول الله ﷺ عن صلاتین : بعد الفجر حتی تطلع الشمس ، و بعد العصر حتی تغرب ۔(بخاری شریف، باب لاتتحری الصلاۃ قبل غروب الشمس، ص ۸۲، نمبر ۵۸۸ر مسلم شریف، باب الاوقات التی نھی عن الصلوۃ فیھا، ص ۳۳۳ نمبر ۸۲۵ر ۱۹۲۰) اس حدیث میں ہے کہ عصر کے بعد نوافل مکروہ ہے۔ اسلئے عصر تاخیر سے پڑھے تا کہ اس سے پہلے زیادہ سے زیادہ نوافل پڑھ سکے۔ تا کہ عصر سے پہلے سنن اور نوافل پڑھ سکے۔ کیونکہ عصر کی نماز کے بعد نوافل نہیں پڑھ سکیں گے۔

۲ والمعتبر تغير القُرص وهوان يصير بحال لاتحار فيه الاعيُن هو الصحيح والتاخير اليه مكروه

(۱۹۵) ویستحب تعجیل المغرب﴾

**ترجمه** : ۲ اور اعتبار ٹکیے کا بدلنا ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ اس حال میں ہو کہ آنکھیں اس پر نہ چوندھیاویں، یہی صحیح ہے، اور وہاں تک تاخیر مکروہ ہے۔

**تشریح** : عصر کو موءخر کرنا افضل تو ہے لیکن اتنی تاخیر افضل ہے کہ سورج کے ٹکیہ پر زردی نہ آجائے وہاں تک موءخر کرنا افضل ہے لیکن اگر سورج کے ٹکیے پر زردی آگئی، اور اس پر نظر جمائیں تو اب آنکھیں نہ چوندھیائیں تو یہاں تک موءخر کرنا مکروہ ہے صحیح یہی ہے اسکے لئے حدیث یہ ہے۔

**وجه**: (۱) سمعت ابا مسعود الانصاری یقول ... ورأیته یصلی العصر والشمس مرتفعة بیضاء قبل ان تدخلها الصفرة ۔ (دار قطنی، باب ذکر بیان المواقیت واختلاف الروایات فی ذلک ج اول ص ۲۵۹ نمبر ۹۷۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آفتاب زرد ہونے سے پہلے تک عصر کی نماز مؤخر کرنا مستحب ہے۔ (۲) قال : دخلنا علی انس بن مالک بعد الظهر فقام یصلی العصر .... تلک صلوة المنافقین ، یجلس أحدهم حتی اذا اصفرت الشمس ، فکانت بین قرنی شیطان أو علی قرنی الشیطان ، قام فنقر أربعا لا یذکر الله عز وجل فیها الا قلیلاً ۔ (ابوداود شریف، باب وقت العصر، ص ۶۴، نمبر ۴۱۳) اس حدیث میں ہے کہ سورج زرد ہو جائے تو اس وقت منافق کی نماز ہوتی ہے اسلئے سورج زرد ہوتے وقت نماز مکروہ ہے۔ البتہ نماز ہو جائے گی۔ اسلئے کہ ابھی وقت ہے۔ (۳) دوسری حدیث بھی ہے عن عبد الله بن عمران النبی ﷺ قال اذا صلیتم الفجر ... فاذا صلیتم العصر فانه وقت الی أن تصفر الشمس ( مسلم شریف، باب اوقات الصلوات الخمس ص ۲۲۲ نمبر ۶۱۲ رترمذی شریف، باب ماجاء فی مواقیت الصلوۃ ص ۴۰ نمبر ۱۵۱) اس حدیث میں سورج زرد ہونے تک مستحب وقت بتایا ہے۔

**ترجمه**: (۱۹۵) مغرب کو جلدی پڑھنا (مستحب ہے)۔

**وجه**: (۱) اوپر کی حدیث میں دیکھا کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے دونوں دن ایک ہی وقت میں مغرب کی نماز پڑھائی اس کا مطلب یہ ہے کہ اول وقت میں مغرب کی نماز پڑھنا مستحب ہے اخبرنی ابن عباس ان النبی ﷺ قال امنی جبرئیل عند البیت مرتین .... ثم صلی المغرب حین وجبت الشمس وافطر الصائم .... ثم صلی المغرب لوقته الاول ثم صلی العشاء الآخرة حین ذهب ثلث اللیل ثم صلی الصبح حین اسفرت الارض ثم التفت الی جبرئیل فقال یا محمد هذا وقت الانبیاء من قبلک والوقت فیما بین هذین الوقتین. (ترمذی شریف، باب ماجاء

ل لان تاخيرهامكروه لمافيه من التشبه باليهود ۲ وقال عليه السلام لا تزال امتى بخير ماعجلوا المغرب واخر والعشاء (۱۹۶)وتاخير العشاء الى ماقبل ثلث الليل ﴾ ل لقوله عليه السلام لولاان اشقّ علىٰ امتى لاخرت العشاء الى ثلث الليل ۲ ولان فيه قطع السمر المنهى عنه بعده

مواقيت الصلوة عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ص ۳۸ ابواب الصلوة نمبر ۱۴۹ / ابوداؤد شریف، باب المواقیت، ص ۶۲، نمبر ۳۹۳) اس حدیث میں ہے کہ مغرب کی نماز سورج ڈوبتے ہی پڑھے۔(۲) حدیث میں ہے فقام اليه ابو ايوبؓ ... وقال اما سمعت رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم يقول لا تزال امتى بخير او قال على الفطرة مالم يؤخروا المغرب الى ان تشتبک النجوم ۔(ابوداؤد شریف، باب فی وقت المغرب ص ۶۶ نمبر ۴۱۸ / ابن ماجہ، باب وقت صلاۃ المغرب، ص ۹۷، نمبر ۶۸۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مغرب کو جلدی پڑھنا خیر کی چیز ہے۔

**لغت**: قرص: سورج کا ٹکیہ۔ تحار: آنکھ کا چوندھیانا، حیران سے مشتق ہے۔ اعین: عین کی جمع ہے۔ آنکھ

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ مغرب کا موخر کرنا مکروہ ہے، اسلئے کہ اس میں یہود کے ساتھ مشابہ ہے۔

**تشریح**: یہود تاخیر کر کے عبادت کرتے ہیں، اسلئے اگر ہم بھی تاخیر کر کے مغرب کی نماز پڑھیں تو یہود کے ساتھ مشابہت ہو جائے گی اسلئے جلدی سے مغرب کی نماز پڑھنی چاہئے۔ یہ دلیل عقلی ہے۔

**ترجمہ**: ۲ اور حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ میری امت اس وقت تک خیر پر رہے گی جب تک مغرب جلدی پڑھتی رہے گی، اور عشاء موخر کر کے پڑھتی رہے گی۔ یہ حدیث اوپر گزر گئی۔

**ترجمہ**: (۱۹۶) عشاء کو تہائی رات سے پہلے پہلے تک مؤخر کرنا مستحب ہے۔

**ترجمہ**: ل حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ، اگر امت پر مشقت کا خوف نہ ہوتا تو عشاء کو تہائی رات تک موخر کرتا۔

**وجه**: اوپر کی حدیث یہ ہے عن ابى هريرة قال قال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم لو لا ان اشق على امتى لامرتهم ان يؤخروا العشاء الى ثلث الليل او نصفه۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی تاخیر العشاء الآخرۃ ص ۴۲ نمبر ۱۶۷ / ابوداؤد شریف، باب ماوقت العشاء الآخرۃ ص ۶۶ نمبر ۴۲۲) اس سے معلوم ہوا کہ عشا کی نماز کو تہائی رات تک مؤخر کرنا مستحب ہے۔ عام حالات میں تہائی رات، رات کا دس بجے گا، دیہات کے لوگ اس وقت سونا چاہتے ہیں۔

**ترجمہ**: ۲ اور اسلئے کہ اس صورت میں گپ شپ کو منقطع کرنا ہے جو عشاء کے بعد روکا گیا ہے۔

حدیث یہ ہے۔ عن ابى برزة أن رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم كان يكره النوم قبل العشاء و الحديث بعدها ۔(بخاری شریف، باب ما یکرہ من النوم قبل العشاء، ص ۸۰، نمبر ۵۶۸ / ترمذی شریف، باب ماجاء فی کراھیۃ النوم قبل العشاء والسمر بعدھا، ص ۴۲ نمبر

۳؎ وقيل فی الصيف تعجل كيلاتتقلل الجماعة ۴؎ والتاخير الیٰ نصف الليل مباح لان دليل الكراهة وهو تقليل الجماعة عارضهٔ دليل الندب وهو قطع السمر بواحد فيثبت الاباحة الى النصف

۱۶۸) اس حدیث میں ہے کہ عشاء کے بعد گپ شپ کرنا مکروہ ہے اسلئے عشاء کو موءخر کر کے پڑھے تا کہ عشاء کے بعد فوراً سو جائے اور گپ شپ کرنے کی ضرورت نہ پڑے۔

**ترجمہ**: ۳؎ اور یہ بھی کہا گیا کہ گرمی میں جلدی کرے تا کہ جماعت کی قلت نہ ہو۔

**تشریح**: گرمی میں سورج دیر سے ڈوبتا ہے اور آدمی جلدی سونا چاہتا ہے۔ اب اگر عشاء کی نماز کافی دیر کر کے پڑھے تو جماعت میں لوگ کم شریک ہونگے، اسلئے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ گرمی کے زمانے میں عشاء کی نماز تھوڑی جلدی کر کے پڑھے۔ اس حدیث میں اسکا اشارہ ہے۔ سألنا جابر بن عبد الله عن صلوة النبی ﷺ فقال : كان النبی ﷺ يصلی الظهر بالهاجرة، و العصر و الشمس حية، و المغرب اذا وجبت، و العشاء اذا كثر الناس عجل، و اذا قلوا تأخر، و الصبح بغلس۔ (بخاری شریف، باب وقت العشاء اذا اجتمع الناس أو تأخروا، ص ۸۰، نمبر ۵۶۵) اس حدیث میں ہے کہ لوگ زیادہ جمع ہو جاتے تو عشاء جلدی پڑھتے، اور کم ہوتے تو تاخیر کرتے تا کہ لوگ کثرت سے جمع ہو جائے، اس سے معلوم ہوا کہ نماز تھوڑی مقدم یا موءخر کرنے میں لوگوں کے جمع ہونے کا بھی اعتبار کیا جائے گا۔ بشرطیکہ مکروہ وقت میں نہ چلا جائے۔

**ترجمہ**: ۴؎ اور آدھی رات تک موءخر کرنا مباح ہے، اسلئے کہ مکروہ ہونے کی دلیل جماعت کا کم ہونا ہے۔ اور آدھی رات تک مستحب ہونے کی دلیل اسکے معارض ہے، اور وہ ہے کہ بالکلیہ گپ شپ بند ہو جائے، اسلئے آدھی رات تک موءخر کرنا مباح ثابت ہوا۔

**تشریح**: تہائی رات تک عشاء کی نماز موءخر کرنا مستحب ہے اور آدھی رات تک موءخر کرنا مباح ہے، یہاں دو قسم کی دلیلیں ہیں۔ آدھی رات تک موءخر کرے گا تو رات کے دس بجے اور بارہ بجے کے درمیان ہوگا اسلئے اسکے بعد گپ شپ کا کوئی موقع نہیں رہے گا ہر آدمی سونا چاہے گا، اسلئے گپ شپ مکمل ختم کرنے کے لئے آدھی رات تک موءخر کرنا مستحب ہونا چاہئے۔ لیکن اس وقت کافی آدمی سو چکے ہونگے اسلئے جماعت میں بہت کمی واقع ہو جائے گی، اور اتنی تاخیر جس سے جماعت میں انتہائی کمی واقع ہو جائے مکروہ ہے۔ اب مکروہ اور مستحب دونوں ایک دوسرے کے مقابل ہو گئے، اسلئے مستحب کے بجائے آدھی رات تک یعنی دس بجے کے بعد اور بارہ بجے سے پہلے پہلے تک موءخر کرنا مباح رہ گیا۔ یہ دلیل عقلی ہے۔ (۲) آدھی رات موءخر کرنے کے لئے حدیث یہ ہے۔ عن انس قال : أخر النبی ﷺ صلاة العشاء الی نصف الليل، ثم صلی، ثم قال : قد صلی الناس و ناموا، أما

۵ والی النصف الاخیر مکروہ لما فیه تقلیل الجماعة وقد انقطع السمر قبله (۱۹۷)ویستحب فی الوتر لمن یألف صلوٰۃ اللیل اٰخر اللیل فان لم یثق بالانتباہ اوتر قبل النوم ﴾ ۱ لقوله علیه السلام من خاف ان لایقوم اٰخر اللیل فلیوتر اوله ومن طمع ان یقوم اٰخر اللیل فلیوتر اٰخر اللیل

انکم فی صلوۃ ما انتظر تموھا ۔(بخاری شریف، باب وقت العشاء الی نصف اللیل، ص ۸۱، نمبر ۵۷۲ رمسلم شریف، باب وقت العشاء وتاخیرھا، ص ۲۲۸، نمبر ۶۴۰/۱۴۴۹) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ نے آدھی رات تک عشاء موخر کی، پھر آپؐ نے نماز کے بعد جو معذرت پیش کی کہ لوگ سو گئے اور تم لوگ ابھی نماز میں ہو، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آدھی رات تک موخر کرنا صرف مباح ہے مستحب نہیں ہے، پھر اس کو مستحب قرار دیں تو بارہ بجے تک کون جگے گا!

**ترجمه**: ۵ اور نصف آخیر تک موخر کرنا مکروہ ہے اسلئے کہ اس میں جماعت کا کم ہونا ہے، اور گپ شپ کرنا تو اس سے بہت پہلے ختم ہو چکا ہے۔

**تشریح**: نصف آخیر رات کے بارہ بجے کے بعد سے شروع ہوگا، اس وقت نماز عشاء پڑھے گا تو بہت کم لوگ شریک ہوسکیں گے جو مکرہ ہے، اور گپ شپ کرنا تو بہت پہلے ختم ہو چکا ہے، اسلئے بارہ بجے کے بعد نماز عشاء پڑھنا مکروہ ہے، البتہ چونکہ وقت باقی ہے اسلئے نماز ادا ہی ہوگی

**لغت**: ثلث اللیل: تہائی رات، پوری رات کو بارہ گھنٹہ مانیں تو تہائی رات مغرب کے بعد چار گھنٹہ ہوگا، اور تقریبا دس بجے رات ہوگی۔ السمر: رات میں گپ شپ لگانا۔ ندب: مستحب، افضل۔ مباح: جائز تو ہو لیکن افضل نہیں۔

**ترجمه**: (۱۹۷) وتر میں مستحب اس شخص کے لئے جس کو تہجد پڑھنے کا شوق ہو یہ ہے کہ مؤخر کرے رات کے اخیر حصہ تک، اور اگر اعتماد نہ ہو جاگنے پر تو وتر پڑھے سونے سے پہلے۔

**ترجمه**: ۱ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ جسکو خوف ہو کہ آخیر رات میں نہ اٹھ سکے تو وہ شروع رات میں وتر پڑھ لے، اور جسکو امید ہو کہ آخیر رات میں اٹھ جائے گا تو آخیر رات میں وتر پڑھے۔

**تشریح**: جس کو تہجد پڑھنے کا شوق اور عادت ہو وہ وتر رات کے اخیر حصہ میں پڑھے۔ اور جسکو جاگنے پر اعتماد نہ ہو تو اس کو سونے سے پہلے وتر پڑھ لینا چاہئے۔

**وجه**: اوپر کی حدیث یہ ہے۔ عن جابر قال قال رسول الله ﷺ من خاف ان لا یقوم من آخر اللیل فلیوتر اوله ومن طمع ان یقوم آخرہ فلیوتر آخر اللیل فان صلوۃ آخر اللیل مشھودۃ و ذلک افضل. (مسلم شریف، باب من خاف ان لا یقوم من آخر اللیل فلیوتر اوله، ص ۲۵۸، نمبر ۷۵۵/۱۷۶۶ ر ابن ماجه، باب ما جاء فی الوتر آخر اللیل، ص ۱۶۶، نمبر

**(۱۹۸)واذا كان يوم غيم فالمستحب في الفجر والظهر والمغرب تاخيرها في العصر والعشاء تعجيلها ﴾ لے لان في تاخير العشاء تقليل الجماعة علىٰ اعتبار المطروفي تاخير العصر توهم الوقوع في الوقت المكروه ولا توهم في الفجر لان تلك المدة مديدة**

۱۱۸۷)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وتر اخیر میں پڑھنا چاہئے۔لیکن اگر سو جانے کا خطرہ ہوتو سونے سے پہلے پڑھ لینا چاہئے۔

**لغت**: یثق بالانتباہ : جاگنے پر اعتماد ہو۔یألف :جسکو الفت ہو،امید ہو۔طمع: لالچ ہو،امید ہو۔

**ترجمہ** : (۱۹۸) اگر بادل کا دن ہوتو فجر،اورظہر اور مغرب میں مستحب ہے کہ اسکو موخر کرے،اورعصر اور عشاء میں اسکو جلدی کرے۔

**تشریح** :اس مسئلے کا تعلق اس بات پر ہے کہ جن عذروں سے جماعت میں کمی واقع ہوتی ہو وہ موجود ہوں تو وقت کے اندر رہتے ہوئے تاخیر کے ساتھ یا جلدی نماز پڑھنا مستحب ہے تا کہ جماعت میں مصلی کی کثرت ہو۔اب بادل کا دن ہوتو فجر اور ظہر،اور مغرب میں تاخیر کر کے نماز پڑھے تا کہ بارش کے باوجود زیادہ سے زیادہ لوگ جماعت میں شریک ہوسکے

**وجہ** : اس حدیث میں اسکا اشارہ ہے (ا)عن جابر قال : كنا مع النبي ﷺ في سفر فأصابنا مطر فقال النبي ﷺ : من شاء فليصل في رحله ۔(ترمذی شریف،باب ماجاء اذا کان المطر فالصلاۃ فی الرحال،۹۴نمبر ۴۰۹) اس حدیث میں بارش کی وجہ سے اپنی منزل پر نماز پڑھنے کے لئے کہا تو جماعت کی کمی کی وجہ سے مقدم موخر بھی کیا جا سکتا ہے۔(۲) سمعت انس بن مالک یقول کان النبي ﷺ اذا اشتد البرد بكر بالصلوة واذا اشتد الحر ابرد بالصلوة يعني الجمعة . (بخاری شریف،باب اذا اشتد الحر یوم الجمعۃ ص۱۲۴ کتاب الجمعۃ نمبر ۹۰۶)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سردی میں ظہر کی نماز جلدی پڑھے اور گرمی میں دیر کر کے پڑھے۔اسی سے یہ قاعدہ نکلا کہ جس وقت میں جماعت زیادہ ہو اس وقت میں نماز پڑھے۔ اورعصر اور عشاء میں جلدی کر کے نماز پڑھے۔اسکی وجہ یہ ہے کہ عشاء میں تاخیر کرے گا تو بارش کی وجہ سے لوگ نہیں آئیں گے اسلئے عشاء میں جلدی کرے۔اورعصر میں جلدی اسلئے کرے کہ تاخیر کرنے سے کہیں مکروہ وقت نہ داخل ہو جائے اور بادل کی وجہ سے آدمی کو پتہ بھی نہ چلے۔حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔عن بريدة الاسلمي قال : كنا مع رسول الله ﷺ في غزوة فقال : بكروا بالصلوة في اليوم الغيم فانه من فاتته صلاة العصر حبط عمله ۔(ابن ماجہ شریف،باب میقات الصلاۃ فی الغیم،ص۹۸،نمبر ۶۹۴)اس حدیث میں ہے کہ بادل کے دن عصر کی نماز جلدی پڑھنی چاہئے،تاخیر کی وجہ سے کہیں نماز فوت ہی نہ ہو جائے،یا مکروہ وقت نہ داخل ہو جائے۔

**ترجمہ**: لے اسلئے کہ عشاء کو موخر کرنے میں جماعت کی کمی ہوگی بارش کی وجہ سے،اور عصر کو موخر کرنے میں مکروہ وقت میں

۲ وعن ابی حنیفةؒ التاخیر فی الکل للاحتیاط الا تری انه یجوز الا داء بعد الوقت لاقبل

---

داخل ہونے کا وہم ہے، اور فجر میں کوئی وہم نہیں ہے اسلئے کہ یہاں وقت لمبا ہے۔

**تشریح** : یہ نماز موخر اور مقدم کرنے کی دلیل ہے۔ کہ عشاء کو موخر کریں تو بارش کی وجہ سے جماعت میں کمی واقع ہوگی اسلئے بادل کے دن عشاء کو جلدی پڑھیں۔ اور عصر کو جلدی اسلئے کریں کہ کہیں مکروہ وقت نہ داخل ہو جائے۔ اور فجر کا وقت لمبا ہے اسلئے موخر کرنے سے مکروہ وقت میں داخل ہونے کا خطرہ کم ہے۔

**ترجمہ** : ۲ امام ابوحنیفہؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ احتیاط کے لئے تمام نمازوں میں تاخیر مستحب ہے، کیا آپ نہیں دیکھتے ہیں کہ وقت کے بعد ادا جائز ہے اس سے پہلے نہیں۔

**تشریح** : امام ابوحنیفہؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ بادل کے دن تمام نمازوں کو موخر کر کے پڑھے، اسکی وجہ یہ ہے کہ جلدی کرنے میں جماعت کی کمی ہوگی، زیادہ سے زیادہ یہ ہوگا کہ بادل کی وجہ سے وقت نکل جائے گا اور آدمی کو پتہ نہیں چلے گا۔ لیکن اس میں کوئی حرج نہیں ہے، کیونکہ وقت نکلے گا تو نماز قضا ہو جائے گی، اور مان لیا جائے کہ بادل کی وجہ سے وقت سے پہلے پڑھ لیا تو نماز ہی نہیں ہوگی، اسلئے تمام نمازوں میں موخر کرنا مستحب ہے۔

## ﴿فصل فی الاوقات التی تکرہ فیھا الصلوٰۃ﴾

**(۱۹۹) لا تجوز الصلوٰۃ عند طلوع الشمس ولا عندقیامھا فی الظھیرۃ ولاعند غروبھا ﴾ ۱؎ الحدیث عقبۃبن عامرؓقال ثلثۃ اوقات نھانارسول اللّٰہ علیہ السلام ان نصلی وان نقبرفیھا موتاناعندطلوع الشمس حتی ترتفع وعندزوالھاحتی تزول وحین تضیّف للغروب حتی تغرب ۲؎ والمراد بقولہٖ وان نقبر صلوٰۃ الجنازۃ لان الدفن غیر مکروہ**

## ﴿فصل فی الاوقات التی تکرہ فیھا الصلوۃ﴾

**ترجمہ**: (۱۹۹) نماز جائزنہیں ہے آفتاب کے طلوع ہوتے وقت، اور نہ ٹھیک دوپہر کے وقت، اور نہ اسکے غروب ہوتے وقت۔

**ترجمہ**: ۱؎ عقبہ بن عامر کی حدیث کی وجہ سے فرمایا کہ تین اوقات میں ہمیں رسول اللہؐ نے روکا ہے کہ ہم اس میں نماز پڑھیں اوراپنے مردے کا نماز جنازہ پڑھیں: سورج طلوع ہوتے وقت، یہاں تک کہ بلند ہوجائے، اور ٹھیک دوپہر کے وقت میں یہاں تک کہ سورج ڈھل جائے، اور غروب کے لئے جائے، جب تک کہ غروب نہ ہوجائے۔

**تشریح**: ان تین اوقات میں نماز پڑھنا بھی مکروہ ہے اور نماز جنازہ پڑھنا بھی مکروہ ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ حدیث میں ان اوقات میں نماز پڑھنے سے روکا ہے۔

**وجہ**: حدیث یہ ہے۔ سمعت عقبۃ بن عامر الجھنی یقول : ثلاث ساعات کان رسول اللہ ﷺ ینھانا أن نصلی فیھن ، أو أن نقبر فیھن موتانا : حین تطلع الشمس بازغۃ حتی ترتفع ، و حین یقوم قائم الظھیرۃ حتی تمیل الشمس ،و حین تضیّف الشمس للغروب حتی تغرب (مسلم شریف، باب الاوقات التی نھی عن الصلاۃ، ص ۳۳۴، نمبر ۸۳۱/۱۹۲۹/ابو داود شریف، باب الدفن عند طلوع الشمس وغروبھا، ص ۴۶۶ نمبر ۳۱۹۲/ترمذی شریف، باب ما جاء فی کراھیۃ الصلوۃ علی الجنازۃ، ص ۲۴۹، نمبر ۱۰۳۰) اس حدیث میں ہے کہ تین اوقات میں نماز پڑھنا مکروہ ہے۔(۲) دوسری وجہ یہ ہے کہ ان اوقات میں کفار سورج کی پوجا کرتے ہیں، اگر مسلمان نماز پڑھے تو شبہ ہوسکتا ہے کہ مسلمان بھی سورج کی پوجا کررہے ہیں اسلئے مسلمانوں کو ان اوقات میں نماز پڑھنے سے روک دیا گیا۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور حدیث میں ان نقبر فیھن موتانا ، سے مراد نماز جنازہ ہے، اسلئے کہ دفن کرنا مکروہ نہیں ہے۔

**تشریح**: اوپر حدیث میں ان نقبر فیھن موتانا ہے، اس کا ترجمہ تو یہ ہوتا ہے کہ ان تین اوقات میں مردے کو دفن کرنا بھی مکروہ ہے۔ اسلئے اس حدیث کا مطلب بیان فرمارہے ہیں کہ، اسکا مطلب یہ ہے کہ ان اوقات میں نماز جنازہ نہیں پڑھ سکتے، کیونکہ

۳ والحديث باطلاقه حجة على الشافعیؒ فی تخصيص الفرائض بمكة ۴ وحجة علىٰ ابی یوسفؒ فی اباحة النفل يوم الجمعة وقت الزوال (۲۰۰) قالو لاصلوٰة جنازة ۱ لما روينا

وہ بھی نماز ہے، باقی مردے کوتو دفن کر سکتے ہیں۔ و قال ابن المبارک : معنى هذا الحديث أن نقبر فيهن موتانا ، يعني الصلاة على الجنازة و كره الصلاة على الجنازة عند طلوع الشمس و عند غروبها . (ترمذی شریف، باب ماجاء فی کراهية الصلاة علی الجنازة عند طلوع الشمس وعند غروبھا، ص ۲۴۹، نمبر ۱۰۳۰) اس اثر میں ہے کہ نقبر کا مطلب جنازے پر نماز پڑھنا مکروہ ہے

**ترجمہ** : ۳ اور حدیث اپنے مطلق ہونے کی وجہ سے امام شافعیؒ پر حجت ہے فرض کے خاص کرنے میں مکہ مکرمہ میں۔

**تشریح** : امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ مکہ مکرمہ میں اوقات مکروہ میں بھی فرض پڑھ سکتا ہے۔

**وجه** :انکی دلیل یہ حدیث ہے۔عن جبير بن مطعم : أن النبي ﷺ قال : يا بني عبد مناف ! لا تمنعوا أحداً طاف بهذ البيت و صلى أية ساعة شاء من ليل و نهار ۔ (سنن نسائی، باب اباحة الصلاة فی الساعات کلھا بمکة، ص ۸۰، نمبر ۵۸۶) اس حدیث میں ہے کہ مکہ مکرمہ میں کسی وقت میں بھی نماز پڑھ سکتا ہے اسلئے اوقات مکروہ میں فرض بھی پڑھ سکتا ہے۔۔اوپر کی حدیث انکے خلاف حجت ہے۔

**ترجمہ** : ۴ اور امام ابو یوسفؒ پر حجت ہے نفل کے مباح قرار دینے میں جمعہ کے دن زوال کے وقت میں۔

**تشریح** :امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ جمعہ کے دن نفل ٹھیک دوپہر کے وقت بھی پڑھ سکتا ہے۔انکا استدلال اس حدیث سے ہے۔عن جابر بن عبد الله قال : كنا نصلي مع رسول الله ﷺ الجمعة ثم نرجع فنريح نواضحنا قلت : اية ساعة ؟ قال : زوال الشمس ۔ (سنن نسائی، باب وقت الجمعة، ص ۱۹۷، نمبر ۱۳۹۱) اس حدیث میں ہے کہ زوال کے وقت جمعہ پڑھتے تھے تو جمعہ کے دن زوال کے وقت نفل بھی پڑھنا جائز ہے۔(۲) اس حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔عن ابی قتادة أن النبي ﷺ نهى عن الصلاة نصف النهار الا يوم الجمعة لان جهنم تسعر كل يوم الا يوم الجمعة ۔ (سنن بیھقی ،باب الصلاة یوم الجمعة نصف النھار الخ، ج الثالث، ص ۲۷۴، نمبر ۵۶۸۸) اس حدیث میں ہے کہ جمعہ کے دن ٹھیک دوپہر کو نماز پڑھ سکتا ہے۔۔اوپر کی حدیث انکے خلاف بھی حجت ہے۔

**ترجمہ** : (۲۰۰) ان تین اوقات میں نماز جنازہ بھی جائز نہیں۔

**ترجمہ** : ۱ اس حدیث کی بنا پر جو ہمنے روایت کی۔

**تشریح** : ان تین اوقات مکروہ میں نماز جنازہ جائز نہیں ہے، کیونکہ یہ حدیث اوپر گزر گئی ہے۔ سمعت عقبة بن عامر

(۲۰۱) ولا سجدة تلاوة﴾ لانها فی معنی الصلوٰة (۲۰۲)الا عصریومه عند الغروب﴾

الجهنی یقول : ثلاث ساعات کان رسول الله ﷺ ینهانا أن نصلی فیهن ، أو أن نقبر فیهن موتانا : حین تطلع الشمس بازغة حتی ترتفع ، و حین یقوم قائم الظهیرة حتی تمیل الشمس ،و حین تضیّف الشمس للغروب حتی تغرب (مسلم شریف، باب الاوقات التی نھی عن الصلاۃ،ص ۳۳۴،نمبر ۱۹۲۹/۸۳۱/ابو داود شریف، باب الدفن عند طلوع الشمس وغروبھا،ص ۴۶۶،نمبر ۳۱۹۲/ترمذی شریف، باب ما جاء فی کراھیۃ الصلوۃ علی الجنازۃ،ص ۲۴۹،نمبر ۱۰۳۰) اس حدیث میں ہے کہ وقت مکروہ میں قبر میں دفن نہ کریں، یعنی نماز جنازہ نہ پڑھیں۔ لیکن اگر ان وقتوں میں نماز جنازہ پڑھ لی تو ہو جائے گی البتہ مکروہ ہوگی۔

**ترجمہ**: (۲۰۱) ان وقتوں میں سجدہ تلاوت بھی نہ کرے۔

**ترجمہ**: لے اسلئے کہ یہ بھی نماز کے معنی میں ہے۔

**وجہ** :ان وقتوں میں سجدہ تلاوت بھی نہ کرے اسکی اصل وجہ یہ ہے کہ ان وقتوں میں کفار سورج کی پوجا کرتے ہیں اور شیطان اسکے سامنے کھڑا ہو جاتا ہے۔ اسلئے اگر مسلمان ان وقتوں میں سجدہ تلاوت کرے تو چونکہ سجدہ ہے اسلئے ایسا محسوس ہو سکتا ہے کہ سورج کو سجدہ کر رہا ہے، اسلئے ان وقتوں میں سجدہ تلاوت سے بھی منع فرمایا (۲) اس لمبی حدیث کے ٹکڑے میں اسکا ثبوت ہے۔ قال عمرو بن عبسة السلمی ....فقلت : یا نبی الله أخبرنی عما علمک الله و أجهله ، أخبرنی عن الصلاة ؟ قال : صل صلاة الصبح ، ثم اقصر عن الصلاة حتی تطلع الشمس حتی ترتفع ، فانها تطلع حین تطلع بین قرنی شیطان ، و حینئذ یسجد لها الکفار ، ثم صل ، فان الصلاة مشهودة محضورة ، حتی یستقل الظل بالرمح ، ثم أقصر عن الصلاة فان حینئذ تسجر جهنم ، فاذا اقبل الفیء فصل ، فان الصلاة مشهودة محضورة حتی تصلی العصر ، ثم اقصر عن الصلاة حتی تغرب الشمس فانها تغرب بین قرنی الشیطان و حینئذ یسجد لها الکفار ۔(مسلم شریف، باب اسلام عمرو بن عبسۃ۔ ابواب صلاۃ المسافرین ،ص ۳۳۴،نمبر ۱۹۳۰/۸۳۲/سنن نسائی ، باب النھی عن الصلاۃ بعد العصر،ص ۷۹،نمبر ۵۷۳) اس حدیث میں ہے کہ اس وقت کفار سورج کو سجدہ کرتے ہیں اسلئے مسلمانوں کو سجدہ نہیں کرنا چاہئے، چاہے سجدہ تلاوت ہی کیوں نہ ہو۔

**ترجمہ**: (۲۰۲) مگر اس دن کی عصر سورج غروب ہوتے وقت۔

**تشریح** : سورج غروب ہوتے وقت کوئی بھی نماز پڑھنا مکروہ ہے، لیکن اسی دن کی عصر ابھی نہیں پڑھی ہے تو آفتاب کے غروب کے وقت بھی پڑھ سکتا ہے، نماز ہو جائے گی البتہ چونکہ مکروہ وقت میں پڑھ رہا ہے اسلئے مکروہ ہوگی۔

لے لان السبب ھو الجزء القائم من الوقت لانه لوتعلق بالکل لوجب الاداء بعده ولوتعلق بالجزء

**وجہ** : (۱) حدیث میں ہے کہ غروب سے پہلے ایک رکعت بھی پایا تو گویا کہ نماز عصر پالی، اور یہ یقینی بات ہے کہ ایک رکعت کے بعد جب مزید تین رکعتیں پڑھنے جائے گا تو آفتاب غروب ہو چکا ہوگا، تو اسکا مطلب یہ نکلا کہ عصر کی باقی تین رکعتیں غروب کے وقت پڑھنا جائز ہے، اسلئے اس حدیث کے اشارے سے معلوم ہوا کہ اس دن کی عصر سورج کے غروب کے وقت بھی پڑھنا جائز ہے۔حدیث یہ ہے۔عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ ﷺ قال من ادرک من الصبح رکعة قبل ان تطلع الشمس فقد ادرک الصبح و من ادرک رکعة من العصر قبل ان تغرب الشمس فقدادرک العصر ( بخاری شریف، باب من ادرک من الفجر رکعۃ، ص ۸۲، نمبر ۵۷۹/ترمذی شریف، باب ما جاء فیمن ادرک رکعۃ من العصر قبل ان تغرب الشمس ص ۴۵ نمبر ۱۸۶) اس حدیث میں ہے کہ غروب سے پہلے ایک رکعت پالے تو عصر پالی، جس سے پتہ چلتا ہے کہ غروب کے وقت عصر پڑھنا جائز ہے (۲) قال : دخلنا علی انس بن مالک بعد الظھر فقام یصلی العصر ....تلک صلوۃ المنافقین ، یجلس أحدھم حتی اذا اصفرت الشمس ، فکانت بین قرنی شیطان أو علی قرنی الشیطان ، قام فنقر أربعا لا یذکر اللہ عز وجل فیھا الا قلیلاً ۔(ابوداود شریف، باب وقت العصر، ص ۶۴، نمبر ۴۱۳) اس حدیث میں ہے کہ سورج شیطان کے سینگ کے درمیان ہوتا ہے اور منافق عصر کی نماز پڑھتا ہے، اس سے اشارہ ہوتا ہے کہ سورج ڈوبنے جارہا ہے، کیونکہ ڈوبنے کے وقت ہی سورج شیطان کے سینگ کے درمیان ہوتا ہے، اور اس وقت منافق کی نماز ہو جاتی ہے، جس سے اشارہ ہوتا ہے کہ اس دن کی عصر غروب کے وقت بھی ہو جائے گی۔البتہ یہ منافق کی نماز ہے اور وقت مکروہ میں ہے اسلئے نماز بہر حال مکروہ ہوگی۔

ایک بات اور یاد رکھنے کی ضرورت ہے کہ اس حدیث سے پتہ چلا کہ عصر کی نماز میں آخیر میں مکروہ وقت ہوتا ہے اور یہی وقت نماز کا سبب بنا، تو چونکہ مکروہ وقت نماز کا سبب بنا اسلئے غروب کے وقت مکروہ نماز پڑھی تو نماز ہو جائے گی۔

**نوٹ** : اس دن کی عصر کی نماز کے علاوہ کوئی اور نماز غروب کے وقت پڑھے گا تو روکنے والی حدیث کی وجہ سے فاسد ہو جائے گی۔

چونکہ اس حدیث سے اوپر کی حدیث۔من ادرک رکعة من العصر قبل ان تغرب الشمس فقدادرک العصر ( بخاری شریف، باب من ادرک من الفجر رکعۃ، ص ۸۲، نمبر ۵۷۹/ کی تائید ہوتی ہے کہ عصر کی نماز ہو جائے گی اسلئے حنفیہ عصر کی نماز کے بارے میں قائل ہوئے کہ ہو جائے گی ، اور فجر کے بارے میں کوئی تائید نہیں ہوئی اسلئے فجر کے بارے میں یہ ہے کہ آفتاب کے طلوع کے وقت اسی دن کی فجر پڑھے گا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: لے اسلئے کہ نماز کا سبب وقت کا وہ جز ہے جو ابھی موجود ہے، اسلئے کہ اگر سبب پورے وقت کے ساتھ متعلق ہو تو ادا کرنا

الماضی فالمؤدی فی اٰخر الوقت قاض واذا کان کذلک فقد اداھا کما وجبت

وقت کے بعد واجب ہونا چاہئے ، اور اگر گزرے ہوئے وقت کے ساتھ سبب متعلق ہوتو جو آخری وقت میں ادا کرنے والا ہوگا وہ قضا کرنے والا ہوگا ۔ اور جب ایسا ہے تو جیسا واجب ہوا ویسا ادا کر دیا۔

**تشریح** : غروب کے وقت میں اس دن کی عصر ادا کرے تو وہ ادا ہو جائے گی اسکی یہ دلیل عقلی ہے۔ عصر میں تین قسم کا وقت ہے (۱) سورج کے زرد ہونے سے پہلے پہلے تک بہتر اور افضل وقت ہے (۲) اور سورج کے زرد ہونے کے بعد سے غروب ہونے سے پہلے پہلے تک مکروہ وقت ہے، (۳) اور سورج غروب ہونے کے وقت فساد کا وقت ہے۔

ایک اور قاعدہ یاد رکھنے کی ہے۔ کہ نماز واجب ہونے کا سبب نماز شروع کرنے سے پہلے جو اس سے متصل وقت ہے وہ اسکا سبب ہے ۔ اگر وہ وقت مکروہ ہو، تو مکروہ واجب ہوگا اور مکروہ ہی ادا کر دیا تو ادا ہو جائے گا۔ پورا وقت وہ بھی سبب نہیں ہے۔ اور نماز سے دس منٹ پہلے جو وقت ہے وہ بھی سبب نہیں ہے۔ ۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ اگر پورا وقت سبب ہوتو پورا وقت گزرنے کے بعد ہمیشہ نماز پڑھنی چاہئے ، کیونکہ سبب آنے کے بعد ہی مسبب واجب ہوتا ہے، حالانکہ لوگ وقت کے بعد نماز نہیں پڑھتے بلکہ وقت کے درمیان ہی نماز پڑھتے ہیں۔ اسلئے پورا وقت نماز کا سبب نہیں ہے۔ اور نماز سے دس منٹ پہلے جو وقت گزر گیا ہے وہ وقت بھی سبب نہیں ہے، اسلئے کہ مثلا تین بجے ظہر کا وقت ختم ہو رہا ہو اور کسی نے دو بجکر پچپن منٹ پر نماز شروع کی تو وہ نماز ادا نہیں قضا ہونی چاہئے کیونکہ سبب پانچ منٹ پہلے گزر چکا ہے، حالانکہ ایسا نہیں ہے وہ ادا ہی ہے اس سے معلوم ہوا کہ نماز پہلے جو وقت گزر گیا ہے وہ بھی اسکا سبب نہیں ہے، بلکہ نماز سے جو وقت متصل ہے وہ اسکا سبب ہے۔ ۔ اور جب نماز پہلے جو متصل وقت ہے وہ اسکا سبب ہے، تو سورج کے غروب سے پہلے مکروہ وقت ہے، وہ مکروہ وقت نماز عصر کے واجب ہونے کا سبب بنا ، اور مکروہ وقت سبب بنا اسلئے مکروہ اور فساد کے وقت ، یعنی غروب کے وقت میں ادا کر دیا تو نماز عصر ادا ہوگئی۔ اسلئے اس دن کی عصر غروب کے وقت ادا کرے گا تو نماز ہو جائے گی۔ ۔ اصل تو اوپر کی حدیث ہے جس سے نماز ادا ہوئی۔

**نوٹ** : فجر کا پورا وقت کامل ہے، اسکے آخیر میں مکروہ وقت نہیں ہے اسلئے اگر چہ یہ حدیث ہے کہ جس نے فجر کی ایک رکعت سورج کے طلوع سے پہلے پایا اس نے فجر پالی اسکے باوجود سورج نکلتے وقت فجر پڑھے گا تو فجر فاسد ہو جائے گی ، اسلئے کہ اسکا پورا وقت کامل ہے اسلئے کامل ہی ادا کرنا ہوگا۔ پھر عصر کی نماز صحیح ہونے میں جو اوپر حدیث گزری وہ فجر کی نماز کے بارے میں نہیں ہے اسلئے یہاں فاسد ہو جائے گی۔ فجر کے سلسلے میں یہ حدیث گزری۔ عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ ﷺ قال من ادرک من الصبح رکعۃ قبل ان تطلع الشمس فقد ادرک الصبح و من ادرک رکعۃ من العصر قبل ان تغرب الشمس فقد ادرک العصر ( بخاری شریف ، باب من ادرک من الفجر رکعۃ ، ص ۸۲ ، نمبر ۵۷۹ ر ترمذی شریف ، باب ما جاء فیمن ادرک

۲؎ بخلاف غيرها من الصلوات لانها وجبت كاملة فلا تتاذى بالناقص ۳؎ قالؒ والمراد بالنفى المذكورفى صلوٰة الجنازة وسجدة التلاوة الكراهة حتى لو صلاها فيه اوتلا سجدة فيه وسجدها جاز لانها اديت ناقصة كما وجبت اذالوجوب بحضور الجنازة والتلاوة

---

رکعۃ من العصر قبل ان تغرب الشمس ص ۴۵ نمبر ۱۸۶) فجر کے سلسلے میں اس حدیث کا مطلب یہ ہوگا سورج کے طلوع ہونے سے کوئی بالغ ہوا، یا حائضہ پاک ہوئی تو ان پر فجر کی نماز واجب ہو جائے گی

**ترجمہ**: ۲؎ بخلاف اسکے علاوہ اور نمازوں کے اسلئے کہ وہ کامل واجب ہوئی ہے تو ناقص کے ذریعہ ادا نہیں کی جائے گی۔

**تشریح**: عصر کے علاوہ جتنی نمازیں ہیں ان سبھوں کا وقت پورا پورا کامل ہے، اسلئے کامل ہی ادا کرنا ہوگا مکروہ وقت میں ادا کرے گا تو ادا نہیں ہوگا۔ مثلا فجر کا وقت پورا کامل ہے اسلئے سبب کامل ہوا، اسلئے ناقص وقت میں، یعنی سورج کے طلوع ہوتے وقت میں نماز پڑھے گا تو نماز فاسد ہو جائے گی، ادا نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: ۳؎ مصنف نے فرمایا کہ نماز جنازہ اور سجدہ تلاوت کے بارے میں جو اوپر نفی مذکور ہوئی اس سے مراد کراہیت ہے، یہاں تک کہ اگر اس وقت میں نماز جنازہ پڑھ لیا، یا سجدے کی آیت اس وقت میں تلاوت کی اور اسی میں سجدہ کر لیا تو جائز ہے، اسلئے کہ ناقص ادا کی جیسا کہ ناقص واجب ہوا تھا۔ اسلئے کہ نماز واجب ہوتی ہے جنازے کے حاضر ہونے سے، اور سجدہ واجب ہوتا ہے تلاوت کرنے سے۔

**تشریح**: اوپر گزرا کہ ان اوقات مکروہ میں نماز جنازہ جائز نہیں ہے اور نہ سجدہ تلاوت جائز ہے، اور اسکے لئے حدیث پیش کی، تو اسکا مطلب بتلاتے ہیں کہ جائز نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ یہ مکروہ ہیں، چنانچہ اگر کسی نے اوقات مکرہ میں نماز جنازہ پڑھ لی تو نماز ہو جائے گی البتہ مکروہ ہوگی، یا اوقات مکروہ میں آیت سجدہ تلاوت کی اور اسی وقت مکروہ میں سجدہ بھی کر لیا تو سجدہ ہو جائے گا البتہ مکروہ ہوگا۔

**وجہ**: نماز جنازہ اور سجدہ تلاوت ہو جانے کی وجہ یہ ہے کہ جب جنازہ آجاتا ہے تب نماز جنازہ واجب ہوتی ہے اور وہ آیا کروہ وقت میں تو مکروہ وقت نماز کا سبب بنا اسلئے مکروہ وقت ہی میں ادا کر دیا تو ادا ہو جائے گا، کیونکہ ناقص واجب ہو تو ناقص ادا کر دینے سے ادا ہو جاتا ہے۔ (۲) حدیث میں اسکی تاکید ہے کہ جنازہ تیار ہو جائے تو جلدی نماز پڑھ کر دفن کرو اسلئے مکروہ وقت میں جنازہ آگیا تو مکروہ وقت ہی میں

نماز پڑھ کر دفن کر دینا جائز ہوگا۔ حدیث یہ ہے۔ عن علیؓ بن أبی طالب، أن النبی ﷺ قال له : يا علی ، ثلاث لا

(۲۰۳)ویکرہ ان یتنفل بعد الفجر حتی تطلع الشمس وبعد العصر حتی تغرب ﴾ ا لما روی انه علیه السلام نھی عن ذلک (۲۰۴)ولا بأس بان یصلی فی ھذین الوقتین الفوائت ویسجد للتلاوۃ ویصلی علی الجنازۃ﴾

توخرھا : الصلاۃ اذا آنت ، و الجنازۃ اذا حضرت ، و الایم اذا وجدت لھا کفوا ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی الوقت الاول من الفضل، ص۴۲، نمبر۱۷۱)اس حدیث میں ہے کہ جنازہ آجائے تو جلدی نماز پڑھ دو۔

اسی طرح سجدہ تلاوت کا سبب آیت سجدہ کا تلاوت کرنا ہے۔ پس اگر مکروہ وقت میں تلاوت کی تو مکروہ وقت ہی سبب بنا اسلئے مکروہ وقت میں ادا کر دیا تو ادا ہو جائے گا۔ البتہ مکروہ ہوگا۔(۲) پھر یہ کہ آیت سجدہ مکمل نماز نہیں ہے اسلئے بھی سجدہ کرنا جائز ہوگا۔

**اصول** : مکروہ وقت سبب بنے تو مکروہ وقت میں ادا کی جا سکتی ہے۔۔اور صحیح وقت سبب بنے تو صحیح وقت میں ہی ادا کرنا ہوگا۔

**ترجمہ** : (۲۰۳) اور مکروہ ہے کہ فجر کی نماز کے بعد نفل پڑھے یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جائے، اور عصر کی نماز کے بعد یہاں تک کہ سورج ڈوب جائے۔

**ترجمہ**: ا اسلئے کہ حضور علیہ السلام سے روایت ہے کہ اس نماز سے روکا ہے۔

**تشریح** : صبح کے فرض کے بعد سورج طلوع ہونے تک نفل نماز مکروہ ہے اسی طرح عصر کے فرض کے بعد سورج غروب ہونے تک نفل نماز مکروہ ہے۔ اسلئے کہ حضور ﷺ نے اس سے روکا ہے۔ حدیث یہ ہے۔

**وجہ** : عن ابن عباس ....أن النبی ﷺ نھی عن الصلاۃ بعد الصبح حتی تشرق الشمس ، و بعد العصر حتی تغرب (بخاری شریف، باب الصلاۃ بعد الفجر حتی ترتفع الشمس، ص۸۲، نمبر۵۸۱ر مسلم شریف، باب اسلام عمرو بن عبسۃ، ص ۳۳۴، نمبر۸۳۲/۱۹۳۰) اس حدیث میں ہے کہ صبح کی فرض نماز کے بعد نماز نہ پڑھے یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جائے، اور عصر کی فرض کے بعد نماز نہ پڑھے یہاں تک کہ سورج ڈوب جائے۔

**ترجمہ**: (۲۰۴) اور کوئی حرج نہیں ہے کہ ان دونوں وقتوں میں فوت شدہ نماز پڑھیں، اور سجدہ تلاوت کریں، اور جنازے پر نماز پڑھیں۔

**تشریح** : اوپر بتایا کہ ان دو وقتوں میں نوافل پڑھنا مکروہ ہے، لیکن اگر پہلے کے فرائض قضا ہوں، یا نماز جنازہ ہو، یا کوئی واجب نماز ہو، یا سجدہ تلاوت ہو، یا کوئی ایسی نماز ہو جسکا سبب واجب ہو، جیسے نذر کی نماز، یا طواف ختم کرنے کی وجہ سے رکعت طواف جو واجب ہے۔ تو ان تمام نمازوں کو فجر کے فرض کے بعد، اور عصر کے فرض کے بعد پڑھ سکتا ہے۔

**وجہ** :(ا) حدیث میں ہے کہ ظہر کے بعد جو دو رکعت سنت پڑھتے تھے وہ چھوٹ گئی تو آپ نے اسکو عصر کے بعد پڑھی کیونکہ ظہر

۱؎ لان الکراهة کانت لحق الفرض لیصیر الوقت کالمشغول به لالمعنی فی الوقت ۲؎ فلم تظهر فی حق الفرائض وفیها وجب لعینه کسجدة التلاوة، وظهر فی حق المنذور لانه تعلق وجوبه بسبب من جهته وفی حق رکعتی الطواف وفی الذی شرع فیه ثم افسده لان الوجوب لغیره وهو ختم الطواف وصیانة المؤدّی عن البطلان

کی سنت کی اہمیت تھی تو اسکو عصر کے بعد پڑھی، جس سے معلوم ہوا کہ اہم اور واجب نماز فجر اور عصر کے بعد پڑھی جا سکتی ہے۔ لمبی حدیث کا ٹکڑا یہ ہے۔ عن کریب مولی ابن عباس ....قالﷺ : یا ابنة أبی أمیة! سألت عن الرکعتین بعد العصر، انه أتانی أناس من بنی عبد القیس بالاسلام من قومهم، فشغلونی عن الرکعتین اللتین بعد الظهر، فهما هاتان ۔ (مسلم شریف، باب معرفۃ الرکعتین اللتین کان یصلیهما النبی ﷺ بعد العصر، ص ۳۳۶، نمبر ۱۹۳۳/۸۳۴ ربخاری شریف، باب مایصلی بعد العصر من الفوائت ونحوها، ص ۸۳، نمبر ۵۹۰) اس حدیث میں ہے کہ ظہر کی سنت قضا کے طور پر آپ ﷺ نے عصر کے بعد پڑھی ہے۔ جس سے اندازہ ہوا کہ فرائض اور واجبات فجر اور عصر کے بعد پڑھی جا سکتی ہے۔ (۲) ایک اور حدیث ہے عن عائشة قالت : ما ترک رسول الله ﷺ رکعتین بعد العصر عندی قط (مسلم شریف، باب معرفۃ الرکعتین اللتین کان یصلیهما النبی ﷺ بعد العصر، ص ۳۳۶، نمبر ۱۹۳۵/۸۳۴ ربخاری شریف، باب مایصلی بعد العصر من الفوائت ونحوها، ص ۸۳، نمبر ۵۹۱) اس حدیث میں ہے کہ آپ ﷺ عصر کے بعد نماز پڑھتے تھے جس سے معلوم ہوا کہ اسباب واجبہ والی نماز عصر کے بعد پڑھی جا سکتی ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ کراہیت فرض کے حق کے لئے ہے تا کہ وقت فرض کے ساتھ مشغول کی طرح ہو جائے، وقت میں کسی کراہیت کے معنی کی وجہ سے نہیں ۔

**تشریح** : عصر اور فجر کے بعد نوافل پڑھنا مکروہ ہے اور فرائض اور واجبات مکروہ نہیں ہیں اسکی یہ دلیل عقلی ہے ۔ قاعدہ یہ ہے کہ فرض پڑھنے کے بعد کوئی نماز نہ پڑھے تو ایسا سمجھو کہ وہ ابھی بھی فرض پڑھنے میں ہی مشغول ہے، اور فرض پڑھنے میں مشغول ہونا یہ اعلی درجہ ہے۔ اب اگر نفل پڑھنے میں مشغول ہو گیا تو گویا کہ ادنی درجہ میں مشغول ہو گیا، اسلئے ادنی درجہ میں مشغول ہونے سے روکا گیا ہے اور مکروہ قرار دیا گیا ہے۔ لیکن اگر واجبات اور فرائض میں مشغول ہوا تو یہ بھی اعلی درجہ ہی ہوا اسلئے واجبات اور فرائض میں مشغول ہو سکتا اس میں کوئی کراہیت نہیں ہے۔ تاہم خود وقت میں کوئی کراہیت نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۲؎ اسلئے فرض کے حق میں نہیں ظاہر ہوگا، اور اس میں بھی ظاہر نہیں ہوگا جو واجب لعینہ ہو جیسے سجدہ تلاوت، اور ظاہر ہوگا (۱) نذر کے حق میں، اسلئے کہ اسکے وجوب کا تعلق ایسے سبب سے ہے جو اپنی جانب سے ہے، (۲) طواف کے دو رکعت کے حق

میں، (۳) اور اس نفل میں جو شروع کیا ہو پھر اسکو فاسد کر دیا ہو اسلئے کہ وجوب غیر کی وجہ سے ہے، اور وہ ہے طواف کو ختم کرنا، اور ادا کئے ہوئے کو باطل ہونے سے بچانا۔

**تشریح** : یہاں سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ وجوب بھی دو قسم کے ہیں، ایک تو وہ جو شریعت کی جانب سے واجب ہوا ہو جیسے فرائض، واجبات، نماز جنازہ، کہ جنازہ آنے کی وجہ سے شریعت نے واجب کی کہ نماز جنازہ پڑھو، یا سجدہ تلاوت، کہ تلاوت کرنے کی وجہ سے شریعت نے سجدہ واجب کیا، تو ایسی چیز جو شریعت نے واجب کی ہو فجر اور عصر کے بعد ادا کرنا مکروہ نہیں ہے۔ لیکن ایسی عبادت جو اپنی طرف سے واجب کیا ہو اسکو فجر اور عصر کے بعد ادا کرنا مکروہ ہوگا، کیونکہ یہ وجوب شریعت کی جانب سے نہیں ہے اپنی جانب سے ہے، جو حقیقت میں نفل کے درجے میں ہے۔ مثلا (۱) نذر مانی کہ عصر کے بعد، یا فجر کے بعد دو رکعت پڑھونگا، اب نذر ماننے کی وجہ سے یہ دو رکعتیں واجب ہیں، لیکن اسکا پڑھنا مکروہ ہوگا، اسلئے کہ حقیقت میں وہ دو رکعتیں نفل تھیں، اسکے نذر ماننے کی وجہ سے واجب ہوئی۔ (۲) یا طواف عصر کی نماز کے بعد ختم کیا، تو اس پر طواف کی دو رکعت واجب ہوئی، لیکن عصر کے بعد اسکا پڑھنا مکروہ ہو گا، اسلئے وہ دو رکعتیں حقیقت میں نفل ہیں اسکے طواف کی وجہ سے واجب ہوئی ہے، یہ وجوب شریعت کی جانب سے نہیں ہے بلکہ خود اپنی جانب سے ہے، (۳) یا عصر کے بعد، یا فجر کے بعد نفل شروع کی پھر اسکو توڑ دیا، تو اب ٹوٹے ہوئے نماز کو ادا کرنا واجب ہو گیا، اسکو عصر کے بعد یا فجر کے بعد ادا کرنا مکروہ ہوگا، اسلئے کہ یہ حقیقت میں نفل ہے، نماز توڑ کر اپنی جانب سے اسکو واجب کیا ہے اسلئے عصر اور فجر کے بعد اسکا ادا کرنا مکروہ ہے۔

**اصول** : شریعت کی جانب سے وجوب تو عصر اور فجر کے بعد اسکا ادا کرنا مکروہ نہیں، اور اپنی جانب سے وجوب ہو تو اسکا ادا کرنا مکروہ ہے۔

**لغت**: لا لمعنی فی الوقت: خود وقت میں کوئی کراہیت نہیں ہے۔ وجب لعینہ: وہ وجوب جو خود ہو، یعنی شریعت کی جانب سے ہو، اپنی جانب سے واجب نہ کیا ہو، جیسے سجدہ تلاوت۔ تعلق وجوبہ بسبب من جهتہ: وہ عبادت جسکو اپنی جانب سے واجب کیا ہو، جیسے نماز کی نذر مانی ہو۔ رکعتی الطّواف: طواف پوری کرنے کے بعد دو رکعت پڑھنا واجب ہوتا ہے اسکو رکعتی الطّواف، کہتے ہیں۔ یہ خود طواف کرنے والے کی جانب سے واجب ہوتی ہے۔ شرع فیہ ثم افسد: نفل نماز شروع کی پھر اسکو توڑ دیا، تو اسکا ادا کرنا واجب ہوتا ہے، لیکن اسکا سبب بھی اپنی جانب سے ہے۔ وجوب لغیرہ: شریعت کی جانب سے واجب نہ ہو بلکہ اپنی جانب سے واجب کیا ہو، جیسے نذر ماننا۔ صیانۃ المودی عن البطلان : ادا کئے ہوئے کو باطل ہونے سے بچانا۔ مثلا نفل نماز کو شروع کیا پھر اسکو توڑ دیا، تو اسکو باطل ہونے سے بچانے کے لئے پھر سے پڑھنے کو صیانۃ المودی عن البطلان، کہتے ہیں۔

(۲۰۵)ویکرہ ان یتنفل بعد طلوع الفجر باکثر من رکعتی الفجر﴾ ۱ے لانه علیه السلام لم یزد علیهما مع حرصه علی الصلوۃ(۲۰۶)ولا یتنفل بعد الغروب قبل الفرض ﴾ ۱ے لما فیه من تاخیر المغرب

---

**ترجمه**: (۲۰۵) صبح صادق کے بعد فجر کی دوسنتوں کے علاوہ پڑھنا مکروہ ہے۔

**ترجمه**: ۱ے اسلئے کہ حضور علیہ السلام ان دونوں سے زیادہ نہیں پڑھی نماز پر حریص ہونے کے باوجود۔

**وجه**: عن ابن عمر أن رسول الله ﷺ قال: لا صلاۃ بعد الفجر الا سجدتین ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء لا صلاۃ بعد طلوع الفجر الا رکعتین ،ص ۹۵، نمبر ۴۱۹/ مسلم شریف ، باب استحباب رکعتی سنۃ الفجر الخ، ص ۲۹۳، نمبر ۱۶۷۸/۱۶۷۳/ابوداود شریف، باب من رخص فیھما اذا کانت الشمس مرتفعۃ، ص ۱۹۱، نمبر ۱۲۷۸) اس حدیث میں ہے کہ صبح صادق کے بعد دوسنتوں سے زیادہ نہ پڑھے، اسلئے دوسنتوں کے علاوہ نفل پڑھنا مکروہ ہے۔

**ترجمه**: (۲۰۶) اور غروب کے بعد مغرب کے فرض سے پہلے نفل نہ پڑھے۔

**ترجمه**: ۱ے اسلئے کہ اس میں مغرب کو موءخر کرنا ہے۔

**تشریح**: آفتاب کے غروب ہونے کے بعد اور فرض نماز سے پہلے نفل جائز تو ہے، لیکن نہ پڑھے۔اسکی وجہ یہ ہے

**وجه**: (۱) حدیث گزری کی حضرت جبریلؑ نے مغرب کی نماز اول وقت میں پڑھائی اب اگر نفل پڑھیں گے تو فرض نماز موءخر ہو گی اسلئے نفل نہ پڑھے (۲) یہ بھی حدیث گزری کہ ہماری امت اس وقت خیر میں ہوگی جب تک مغرب کو اول وقت میں پڑھتی رہے، اسلئے بھی نفل میں مشغول ہوکر فرض کو موءخر نہیں کرنا چاہئے۔ حدیث یہ ہے۔فقام الیه ابو ایوبؓ ... وقال اما سمعت رسول الله ﷺ یقول لا تزال امتی بخیر او قال علی الفطرۃ مالم یؤخروا المغرب الی ان تشتبک النجوم ۔(ابوداود شریف، باب فی وقت المغرب ص ۶۶ نمبر ۴۱۸/ابن ماجہ، باب وقت صلاۃ المغرب، ص ۹۷، نمبر ۶۸۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مغرب کو جلدی پڑھنا خیر کی چیز ہے۔(۳) حدیث میں ہے کہ حضورؐ کے زمانے میں صحابہ مغرب کے بعد اور فرض سے پہلے نفل نہیں پڑھتے تھے۔حدیث یہ ہے۔ سئل ابن عمر عن الرکعتین قبل المغرب فقال : ما رأیت أحدا علی عهد رسول الله ﷺ یصلیهما ، و رخص فی الرکعتین بعد العصر ۔(ابوداود شریف، باب الصلاۃ قبل المغرب، ص ۱۹۲، نمبر ۱۲۸۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مغرب سے پہلے نفل نہ پڑھے۔لیکن اگر پڑھ لیا تو جائز ہے کیونکہ حدیث میں اسکا ثبوت ہے ۔حدیث یہ ہے۔عن عبد الله المزنی قال: قال رسول الله ﷺ : صلوا قبل المغرب رکعتین ، ثم قال : صلوا قبل المغرب رکعتین لمن شاء . خشیة أن یتخذها الناس سنة ۔(ابوداود شریف، باب الصلاۃ قبل المغرب، ص ۱۹۲،

(۲۰۷) ولا اذا خرج الامام للخطبة یوم الجمعة الیٰ ان یفرغ من خطبته ﴾ ۱؎ لما فیه من الاشتغال عن استماع الخطبة.

---

نمبر۱۲۸۱) اس حدیث میں ہے کہ کوئی پڑھنا چاہے تو پڑھے۔

**ترجمہ** :(۲۰۷) اور نہ نفل پڑھے جب امام جمعہ کے دن خطبے کے لئے نکل جائے یہاں تک کہ اپنے خطبے سے فارغ ہو جائے۔

**تشریح** : جمعہ کے دن امام خطبہ کے لئے نکل جائے تو اس وقت بھی نفل نہ پڑھے۔

**وجہ** : آیت میں ہے کہ قرآن پڑھا جائے تو اسکو کان لگا کر سنو اور چپ رہو اور خطبے کے وقت بھی قرآن پڑھا جاتا ہے اسلئے اس وقت بھی کان لگا کر سننا ہوگا اور چپ رہنا ہوگا، اور نماز بھی نہیں پڑھنا ہوگا، کیونکہ نماز پڑھے گا تو نہ چپ رہ سکے گا اور نہ سن سکے گا۔ آیت یہ ہے۔اذا قرء القرآن فاستمعوا له و انصتوا لعلكم ترحمون ۔(آیت ۲۰۴،سورۃ الاعراف ۷) (۲) حدیث میں ہے کہ امام خطبے کے لئے نکل جائے تو کلام اور نماز دونوں منقطع ہو جاتی ہے۔حدیث یہ ہے۔عن ابی هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : خروج الامام یوم الجمعة للصلاة یعنی یقطع الصلاة و كلامه يقطع الكلام ۔(سنن بیہقی، باب الصلاۃ یوم الجمعۃ نصف النہار وقبلہ وبعدہ حتی یخرج الامام، ج ثالث، ص ۲۷۴، نمبر ۵۶۸۷) اس حدیث میں ہے کہ امام کا نکلنا کلام اور نماز دونوں کو منقطع کر دیتا ہے۔اسلئے اس وقت نماز بھی نہ پڑھے۔

تاہم اگر پڑھ لیا تو جائز ہے اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔سمع جابر قال دخل رجل یوم الجمعة و النبی ﷺ یخطب فقال اصلیت ؟ قال لا! قال ثم فصل ركعتين . (بخاری شریف، باب من جاء والامام یخطب صلی رکعتین خفیفتین ص ۱۲۷ نمبر ۹۳۱) مسلم شریف اور ابوداؤد کی روایت میں اس طرح حدیث ہے سمعت جابر بن عبد الله ان النبی ﷺ خطب فقال اذا جاء احدکم یوم الجمعة وقد خرج الامام فلیصل رکعتین ۔(مسلم شریف، فصل من دخل المسجد والامام یخطب فلیصل رکعتین ص ۲۸۷ نمبر ۸۷۵ / ۲۰۲۲ / ابوداؤد شریف، باب اذا دخل والامام یخطب ص ۱۶۶ نمبر ۱۱۱۷) اس حدیث میں ہے کہ امام خطبہ دے رہے ہوں اور سنت نہ پڑھی ہو تو دو رکعت پڑھ لے، اسلئے پڑھنا جائز تو ہے البتہ نہ پڑھے اچھا نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ نفل میں مشغول ہونے سے خطبہ نہیں سن سکے گا۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے کہ نفل اور سنت میں مشغول ہوگا تو خطبہ نہیں سن سکے گا اسلئے خطبہ کے وقت نفل نہ پڑھے۔

## ﴿باب الاذان﴾

(۲۰۸) الاذان سنة للصلوات الخمس والجمعة لاسواها ﴾ ‏۱؎ للنقل المتواتر ‏۲؎ وصفة الاذان معروفة وهو كما اذَّن الملك النازل من السماء

## ﴿ باب الاذان ﴾

**ضروری نوٹ:** الاذان کے معنی اعلان کے ہیں، اذان میں نماز کا اعلان کیا جاتا ہے اس لئے اس کو اذان کہتے ہیں۔ اس کا ثبوت اس آیت سے ہے یایها الذین آمنوا اذا نودی للصلوة من یوم الجمعة فاسعوا الی ذکر الله. (آیت ۹ سورة الجمعة ۶۲)

**ترجمه:** (۲۰۸) اذان سنت ہے پانچوں نمازوں کے لئے اور جمعہ کے لئے، نہ اس کے علاوہ کے لئے۔

**ترجمه:** ۱؎ احادیث متواترہ کی وجہ سے۔

**تشريح:** پانچوں نمازوں اور جمعہ کے علاوہ اذان سنت نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ (۱) وتر (۲) عیدین (۳) جنازہ (۴) کسوف (۵) استسقاء (۶) تراویح (۷) سنن زوائد کے لئے اذان دینا سنت نہیں ہے۔

**وجه:** اذان سنت ہونے کے لئے احادیث متواترہ یہ ہیں۔ عن ابن عمر کان یقول کان المسلمون حین قدموا المدینة یجتمعون فیتحینون الصلوة لیس ینادی لها فتکلموا یوما فی ذلک فقال بعضهم اتخذوا ناقوسا مثل ناقوس النصاری وقال بعضهم بل بوقا مثل قرن الیهود فقال عمر اولا تبعثون رجلا ینادی بالصلوة؟ فقال رسول الله یا بلال! قم فناد بالصلوة. (بخاری شریف، باب بدأ الاذان ص ۸۵ نمبر ۶۰۴ / مسلم شریف، باب بداء الاذان ص ۱۶۴ نمبر ۳۷۷ / ۸۳۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز کے لئے اذان دینا سنت ہے۔

**ترجمه:** ۲؎ آذان کی صفت مشہور ہے جیسا کہ آسمان سے اترنے والے فرشتے نے آذان دی۔

آسمان سے اترنے والے فرشتے نے جو آذان دی ہے اسکی حدیث یہ ہے۔ حدثنی ابی عبد الله بن زید قال: لما امر رسول الله ﷺ بالناقوس یعمل لیضرب به للناس لجمع الصلوة، طاف بی، و أنا نائم، رجل یحمل ناقوساً فی یده، فقلت: یا عبد الله! أتبیع الناقوس؟ قال: ما تصنع به؟ فقلت: ندعو به الی الصلوة، قال: افلا أدلک علی ما هو خیر من ذالک؟ فقلت له بلی، قال: فقال تقول: الله اکبر، الله اکبر : الله اکبر، الله اکبر، اشهد ان لا اله الا الله، اشهد ان لا اله الا الله، اشهد ان محمدا رسول الله، اشهد ان محمدا رسول الله، حی علی الصلاة، ، حی علی الصلاة، حی علی الفلاح، حی علی الفلاح، الله اکبر، الله اکبر

(۲۰۹)ولا ترجيع فيه ﴾ ۱؎ وهو ان يُرجّع فيرفع صوته بالشهادتين بعدما خفض بهما ۲؎ وقال الشافعي فيه ذٰلك لحديث ابی محذورةؓ ان النبی علیه السلام امره بالترجيع

، لا اله الا الله. (ابوداود شریف، باب کیف الاذان، ص ۷۸، نمبر ۴۹۹/ابن ماجہ شریف، باب بدء الاذان، ص ۱۰۰، نمبر ۷۰۶)
اس حدیث میں ہے کہ فرشتے نے آذان کے کلمات سکھلائے، اور اس آذان میں ترجیع بھی نہیں ہے۔

**ترجمہ**: (۲۰۹) اذان میں ترجیع نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ ترجیع کا مطلب یہ ہے کہ دوبارہ شہادتین کہے، اسکے بعد کہ اسکو آہستہ سے کہا ہو۔

**تشریح**: ترجیع کا مطلب یہ ہے کہ اشهد ان لا اله الا الله اور اشهد ان محمدا رسول الله کو دو دو مرتبہ آہستہ آہستہ کہے پھر ان دونوں کلمات کو دو دو مرتبہ زور زور سے کہے۔ تو ان دونوں کلمات کو دوبارہ لوٹانا ہے اس لئے اس کو ترجیع کہتے ہیں۔ حنفیہ کے نزدیک اذان میں ترجیع نہیں ہے۔

**وجہ**: (۱) عبد اللہ بن زید جس نے فرشتے کو خواب میں اذان دیتے ہوئے دیکھا اور حضرت بلال کو اذان کے کلمات کی تلقین کی اس میں ترجیع نہیں ہے۔ حدیث یہ ہے۔ حدثنی ابی عبد الله بن زيد قال: لما امر رسول الله ﷺ بالناقوس يعمل ليضرب به للناس لجمع الصلوة، طاف بی، و أنا نائم، رجل يحمل ناقوساً في يده، فقلت: يا عبد الله! أتبيع الناقوس؟ قال: ما تصنع به؟ فقلت: ندعو به الى الصلوة، قال: افلا أدلک علی ما هو خير من ذالک؟ فقلت له بلى، قال: فقال تقول: الله اكبر، الله اكبر : الله اكبر، الله اكبر، اشهد ان لا اله الا الله، اشهد ان لا اله الا الله، اشهد ان محمدا رسول الله، اشهد ان محمدا رسول الله، حی علی الصلاة، ، حی علی الصلاة، حی علی الفلاح، حی علی الفلاح، الله اكبر، الله اكبر ، لا اله الا الله. (ابوداود شریف، باب کیف الاذان، ص ۷۸، نمبر ۴۹۹/ابن ماجہ شریف، باب بدء الاذان، ص ۱۰۰، نمبر ۷۰۶) اس حدیث میں ہے کہ فرشتے نے آذان کے کلمات سکھلائے، اور اس آذان میں ترجیع بھی نہیں ہے۔

(۲) عن عبد الله بن زيد قال كان اذان رسول الله ﷺ شفعا شفعا فی الاذان والاقامة۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء فی ان الاقامة مثنی مثنی ص ۴۸ نمبر ۱۹۴/ابوداود شریف، باب کیف الاذان ص ۷۸ نمبر ۴۹۹) اس حدیث میں بھی ترجیع کا تذکرہ نہیں ہے اسلئے ترجیع نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۲؎ امام شافعیؒ نے فرمایا کہ آذان میں ترجیع ہے حضرت ابو محذورہؓ کی حدیث کی بنا پر کہ نبی علیہ السلام نے انکو ترجیع کا حکم دیا۔ حدیث یہ ہے ان ابا محذورة قال: خرجت فی نفر فكنا ببعض الطريق، فأذن موء ذن رسول الله

۳ ولنا انه لاترجيع في المشاهير وكان مارواه تعلما فظنه ترجيعا (۲۱۰)ويزيد في اذان الفجر بعد الفلاح الصلوٰة خير من النوم مرتين﴾

ﷺ بالصلاة عند رسول الله ﷺ فسمعنا صوت المؤذن و نحن عنه متنكبون ، فصرخنا نحكيه ، نهزأ به ، فسمع رسول الله ﷺ فأرسل الينا قوماً فأقعدونا بين يديه ، فقال : ايكم الذى سمعت صوته قد ارتفع ؟ فأشار الى القوم كلهم ، و صدقوا فأرسل كلهم و حبسني، و قال : لي قم فأذن ، فقمت ، و لا شيء أكره الى من رسول الله ﷺ و لا مما يأمرني به ، فقمت بين يدي رسول الله ﷺ فألقى على رسول الله ﷺ التأذين هو بنفسه فقال : قال : الله اكبر ، الله اكبر : الله اكبر ، الله اكبر ، اشهد ان لا اله الا الله ، اشهد ان لا اله الا الله ،اشهد ان محمدا رسول الله، اشهد ان محمدا رسول الله ،ثم قال لي : ارفع من صوتك اشهد ان لا اله الا الله ، اشهد ان لا اله الا الله ،اشهد ان محمدا رسول الله، اشهد ان محمدا رسول الله ، حى على الصلاة ، ، حى على الصلاة ،حى على الفلاح ،حى على الفلاح ،الله اكبر ، الله اكبر ، لا اله الا الله )) ( ابن ماجہ شریف، باب الترجیع فی الآذان، ص ۱۰۱، نمبر ۷۰۸؍ مسلم شریف، باب صفۃ الاذان ص ۱۶۵ نمبر ۳۷۹/۸۴۲؍ ترمذی شریف، باب ماجاء فی الترجیع فی الاذان ص ۴۸ نمبر ۱۹۲) اس حدیث میں ہے کہ آپ ؐ نے ترجیع سکھایا، جس سے استدلال کرتے ہیں کہ آذان میں ترجیع ہے۔

**ترجمہ** : ۳ اور ہمارا جواب یہ ہے کہ مشہور حدیث میں ترجیع نہیں ہے۔ اور حضرت ابو محذورہ سے جو کچھ روایت ہے وہ تعلیم کے لئے تھی جسکو انہوں نے ترجیع سمجھا۔

اوپر حضرت عبد اللہ بن زید کی حدیث میں ترجیع نہیں تھی جس سے معلوم ہوا کہ مشہور حدیثوں میں ترجیع کا تذکرہ نہیں ہے۔ اسلئے یہی کہا جا سکتا ہے کہ حضرت ابو محذورہ ؓ کو ترجیع سکھائی ہے وہ صرف اسلئے تھی کہ وہ دھیمی آواز میں شہادتین بول رہے تھے تو انکو زور سے بولنے کی تعلیم دی جسکو انہوں نے ترجیع سمجھا، حالانکہ وہ صرف تعلیم کے لئے تھی۔ دار قطنی میں حضرت ابو محذورہ ؓ کی بعض حدیث بھی ترجیع نہیں ہے۔ (دار قطنی ، باب فی ذکر اذان ابی محذورۃ واختلاف الروایات فیہ ص ۲۴۱ نمبر ۸۹۲) اس حدیث میں ترجیع کے کلمات نہیں ہیں۔

**نوٹ**: تطویل کی وجہ سے حدیث نقل نہیں کر رہا ہوں۔ تاہم کوئی ترجیع والی آذان دے دے تو حدیث کی بنا پر مکروہ نہیں ہے۔

**ترجمہ**: (۲۱۰) فجر کی اذان میں حی علی الفلاح کے بعد دو مرتبہ الصلوۃ خیر من النوم زیادہ کریں۔

**وجہ** : حدیث میں ہے عن بلال قال قال رسول اللہ ﷺ لا تثوبن فی شیء من الصلوات الا فی صلوۃ

ل لان بلالاً قال الصلوٰة خير من النوم حين وجد النبی ﷺ راقدا فقال ﷺ ما احسن هذا يا بلال اجعله فی اذانک ۲ وخص الفجر به لانه وقت نوم وغفلة، (۲۱۱) والاقامة مثل الاذان الا انه يزيد فيها بعد الفلاح قدقامت الصلوٰة مرتين ﴾ ل هكذا فعل الملک النازل من السماء وهو المشهور

الفجر. (ترمذی شریف، باب ماجاء فی التثویب فی الفجر ص۴۹ نمبر ۱۹۸) اور دار قطنی میں سمعت ابا محذورة يقول كنت غلاما صبيا فاذنت بين يدی رسول الله ﷺ الفجر يوم حنين فلما بلغت حی علی الصلوة، حی علی الفلاح قال رسول الله الحق فيها الصلوة خير من النوم ۔ (دار قطنی، باب ذکر الاقامة واختلاف الروایات فیہا ص۲۴۴ نمبر ۸۹۹) اس سے معلوم ہوا کہ صبح کی نماز میں الصلوٰة خیر من النوم کہنا چاہئے۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ حضرت بلال نے کہا الصلوة خير من النوم جس وقت حضور ﷺ کو سویا ہوا پایا، تو حضورؐ نے فرمایا: یہ کلمے کتنے اچھے ہیں! اے بلال اسکو اپنی اذان میں داخل کردو۔

حدیث یہ ہے۔ عن بلال أنه اتی النبی ﷺ يوذنه بصلاة الفجر ، فقيل : هو نائم ، فقال : الصلاة خير من النوم ، الصلاة خير من النوم ، فأقرت فی تأذين الفجر فثبت الامر علی ذالک ، (ابن ماجہ شریف، باب السنۃ فی الاذان ص۱۰۳، نمبر ۷۱۶/ سنن بیھقی، باب التثویب فی اذان الصبح، ج اول، ص۶۲۳، نمبر ۱۹۸۳) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے حضرت بلالؓ کو الصلاة خیر من النوم، کہنے کے لئے کہا اور یہ ہمیشہ کے لئے ہوگیا۔

**ترجمہ**: ۲ اور فجر کو اسلئے خاص کیا کہ وہ وقت نیند اور غفلت کا ہے۔

**ترجمہ**: (۲۱۱) اقامت اذان کی طرح ہے مگر یہ کہ زیادہ کیا جائے گا حی علی الفلاح کے بعد قد قامت الصلوٰة دو مرتبہ۔

**ترجمہ**: ل آسمان سے اترنے والے فرشتے نے ایسے ہی اذان کہلایا، اور یہی مشہور ہے۔

**تشریح**: حنفیہ کے نزدیک اذان کی طرح اقامت بھی مثنی مثنی یعنی دو دو مرتبہ ہے۔ ایک ایک مرتبہ نہیں ہے۔

**وجه** : (۱) اس کی دلیل یہ حدیث ہے عن عبد الله بن زيد قال كان اذان رسول الله ﷺ شفعا شفعا فی الاذان والاقامة ۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء فی ان الاقامة مثنی مثنی ص۴۸ نمبر ۱۹۴) اس حدیث میں ہے کہ اذان کی طرح اقامت بھی مثنی مثنی ہے (۲) ابوداؤد میں ابن ابی لیلۃ کی لمبی حدیث نقل کی ہے اس کے درمیان یہ لفظ ہے ۔ سمعت ابن ابی ليلی .... فاذن ثم قعد قعدة ثم قام فقال مثلها الا انه يقول قد قامت الصلوة (ابوداؤد شریف، باب کیف الاذان ص۸۱ نمبر ۵۰۶) (۳) ایک تیسری حدیث ہے عن ابن ابی ليلة عن معاذ بن جبل ....ثم امهل هنية ثم قام فقال مثلها الا انه قال: زاد بعد ماقال : حی علی الفلاح۔ قد قامت الصلوة ، قد قامت الصلوة ، قال : فقال رسول الله

۲ ثم هو حجة علی الشافعیؒ فی قوله انها فرادی فرادی الاقوله قدقامت الصلوٰة (۲۱۲)ویترسّل فی الاذان ویحدر فی الاقامة ﴾ ۱ لقوله ﷺ اذا اذّنتَ فترسّلْ واذا قمتَ فاحدُر وهذا بیان الاستحباب

ﷺ : لقنها بلال . ۔(ابوداؤد شریف، باب کیف الاذان ص۸۲ نمبر ۵۰۷) ابومحذورۃ کی حدیث میں اقامت مثنی مثنی ہے۔ ان ابا محذورة حدثه : أن رسول الله ﷺ علمه الاذان تسع عشرة کلمة ، و الاقامة سبع عشرة کلمة ....و الاقامة : الله اکبر ، الله اکبر : الله اکبر ، الله اکبر ، اشهد ان لا اله الا الله ، اشهد ان لا اله الا الله ،اشهد ان محمدا رسول الله، اشهد ان محمدا رسول الله ، حی علی الصلاة ، ، حی علی الصلاة ،حی علی الفلاح ،حی علی الفلاح ، قد قامت الصلوة، قد قامت الصلوة ، الله اکبر ، الله اکبر ، لا اله الا الله. (ابوداود شریف، باب کیف الاذان، ص ۷۹، نمبر ۵۰۲) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ اذان کی طرح اقامت بھی مثنی مثنی ہے۔ کیونکہ مثلها کا مطلب ہے کہ اذان کی طرح اقامت بھی مثنی مثنی ہو۔

**ترجمہ** : ۲ پھر وہ امام شافعیؒ پر حجت ہے اس بارے میں کہ اقامت فرادی فرادی ہو، سوائے قد قامت الصلوۃ، کے قول کے۔

**فائدہ**: امام شافعی اور دوسرے ائمہ کے نزدیک اقامت فرادی فرادی یعنی ایک ایک مرتبہ تمام کلمات ہیں سوائے قد قامت الصلوۃ کے۔ ان کی دلیل بہت سی احادیث ہیں۔ مثلا عن انس قال امر بلال ان یشفع الاذان و ان یوتر الاقامة الا الاقامة ۔(بخاری شریف، باب الاقامۃ واحدۃ الاقولہ قد قامت الصلوۃ ص ۸۵ نمبر ۶۰۷ رمسلم شریف، باب الامر بشفع الاذان وایتار الاقامۃ ص ۱۶۴ نمبر ۸۳۷ ر ۸۳۸) ان احادیث کی وجہ سے جمہور ائمہ اقامت کے فرادی فرادی کے استحباب کے قائل ہیں۔ حنفیہ کہ یہاں بھی اگر اقامت فرادی دے دے تو اقامت میں کوئی کراہیت نہیں ہے۔ صرف افضلیت کا فرق ہے۔ ۔ اور اوپر کی حدیث ان پر حجت ہے۔

**ترجمہ**: (۲۱۲) ٹھہر ٹھہر کر کرے اذان میں اور جلدی کرے اقامت میں۔

**ترجمہ**: ۱ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ جب اذان دو تو ٹھہر ٹھہر کر دو، اور جب اقامت کہو تو جلدی کہو۔ اور یہ استحباب کا بیان ہے۔

**تشریح** :اذان دے تو ٹھہر ٹھہر کر دے، تاکہ دور کے لوگ سن لے، اور اقامت کہے تو تھوڑی جلدی کرے ، اور ایسا کرنا مستحب ہے، اگر کسی نے جلدی سے اذان دے دی تب بھی ہو جائے گی۔

**وجه**: (۱) اذان میں آواز دور تک پہنچانا ہے اس لئے تھوڑا ٹھہر ٹھہر کر کلمات ادا کرے اور اقامت میں مسجد تک آواز پہنچانا ہے اس لئے مسلسل کہتا چلا جائے ٹھہر ٹھہر کر نہ کہے (۲) اوپر کی حدیث یہ ہے۔ عن جابر ان رسول الله ﷺ قال لبلال یا بلال!

(۲۱۳)ویستقبل بهما القبلة ﴾ ۱ لان النازل من السماء اذن مستقبل القبلةولوترک الاستقبال جاز لحصول المقصود ویکره لمخالفة السنة، (۲۱۴) ویحوّل وجهه للصلوٰة والفلاح یمنة ویسرة ﴾

---

اذااذنت فترسل فی ذلک واذا اقمت فاحدر ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی الترسل فی الاذان ص ۴۸ نمبر ۱۹۵)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اذان ٹھہر ٹھہر کر دے اور اقامت میں جلدی کرے۔ یہ مستحب ہے۔

**لغت**: ترسل : ٹھہر ٹھہر کر بات کرنا، یحدر : مسلسل بات کہے جانا۔

**ترجمہ**: (۲۱۳) اذان اور اقامت کہتے وقت قبلہ کا استقبال کرے۔

**ترجمہ**: ۱ اسلئے کہ آسمان سے اترنے والے فرشتے نے قبلے کی طرف استقبال کر کے اذان دی ۔اور اگر استقبال قبلہ کو چھوڑ دیا پھر بھی جائز ہے مقصود کے حاصل ہونے کی وجہ سے، اور مکروہ ہے سنت کی مخالفت کی وجہ سے۔

**تشریح** : اذان اور اقامت کہتے وقت قبلے کا استقبال کرنا سنت ہے۔ لیکن اگر اس کے خلاف کیا تو اذان اور اقامت کی ادائیگی ہو جائے گی۔ البتہ سنت کی مخالفت ہوگی۔

**وجہ** :(۱) حدیث میں اس کا ثبوت ہے ابوداؤد میں معاذ بن جبل کی لمبی حدیث ہے اس میں ایک عبارت اس طرح ہے فجاء عبد الله بن زیدالی رجل من الانصار وقال فیه فاستقبل القبلة،قال : الله اکبر (ابوداؤد شریف، باب کیف الاذان ص ۸۲ نمبر ۵۰۷ رسنن بیہقی ، باب استقبال القبلۃ بالاذان والاقامۃ ، ج اول، ص ۵۷۶، نمبر ۱۸۳۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ فرشتے نے استقبال قبلہ کر کے اذان دی تھی اس لئے استقبال قبلہ کر کے اذان واقامت کہنا سنت ہے۔

**ترجمہ**: (۲۱۴) پس جب کہ حی علی الصلوۃ اور حی علی الفلاح پر پہنچے تو اپنے چہرے کو دائیں اور بائیں پھیرے۔

**تشریح**: حی علی الصلوۃ میں دائیں جانب چہرہ پھیرے تا کہ دائیں جانب والوں کو اذان کی خبر پہنچ جائے اور حی علی الفلاح میں بائیں طرف چہرہ پھیرے تا کہ بائیں جانب والوں کو اذان کی خبر پہنچ جائے۔

**وجہ** : اس کی وجہ حدیث میں یہ ہے(۱)عن عون بن جحیفة عن ابیه قال اتیت النبی ﷺ بمکة وهو فی قبة حمراء من ادم فخرج بلال فاذن فکنت اتتبع فمه ههنا و ههنا... فلما بلغ حی علی الصلوة حی علی الفلاح لوی عنقه یمینا و شمالا ولم یستدر ۔(ابوداؤد شریف، باب فی المؤذن یستدیر فی اذانہ ص ۸۴ نمبر ۵۲۰ رسنن بیہقی ، باب الالتواء فی حی علی الصلاۃ ، حی علی الفلاح ، ج اول ،ص ۵۸۰ ،نمبر ۱۸۵۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حی علی الصلوۃ اور حی علی الفلاح میں چہرہ دائیں اور بائیں پھرانا چاہئے۔

ل لانه خطاب للقوم فيواجههم (۲۱۵)وان استدار في صومعته فحسن ﴾ ل ومراده اذا لم يستطع تحوّل الوجه يميناوشمالامع ثبات قدميه مكانهما كماهوالسنةبان كانت الصومعة متسعةفامامن غيرحاجة فلا (۲۱۶)والافضل للمؤذّن ان يجعل اصبعيه في اذنيه ﴾

**ترجمه**: ل اسلئے بھی کہ خطاب قوم سے ہے اسلئے انکی جانب مخاطب ہونا چاہئے۔

**ترجمه**: (۲۱۵) اگرموءذن اپنے صومعہ میں گھوم گیا تو اچھا ہے۔

**تشریح**: اذان گاہ کے اوپر چھوٹا سا گول کمرہ ہوتا ہے اسکوصومعہ کہتے ہیں، وہ تھوڑا سا بڑا ہواوردائیں، بائیں منہ کرنے سے آواز باہر نہ جاتی ہوجسکی بناپرتھوڑا سا گھومنا پڑے تو گھوم جانا بہتر ہے، تا کہ آواز باہر چلی جائے، اس صورت میں قدم کوبھی اپنی جگہ سے ہٹانا پڑے تو ہٹا سکتا ہے۔ لیکن بغیر ضرورت کے ایسا نہ کرے، کیونکہ اوپر کی حدیث میں ہے کہ حضرت بلال دائیں بائیں منہ کرتے تو تھے لیکن گھومتے نہیں تھے۔ عن عون بن جحيفة عن ابيه قال اتيت النبى ﷺ بمكة وهو في قبة حمراء من ادم فخرج بلال فاذن فكنت اتتبع فمه ههنا و ههنا... فلما بلغ حي على الصلوة حي على الفلاح لوى عنقه يمينا و شمالا ولم يستدر ۔ (ابوداؤدشریف، باب فی المؤذن یستدیر فی اذانہ ص ۸۴ نمبر ۵۲۰ رسنن بیہقی، باب الالتواء فی حی علی الصلاۃ، حی علی الفلاح، ج اول، ص ۵۸۰، نمبر ۱۸۵۱) اس حدیث میں ہے کہ حضرت بلالؓ گھومتے نہیں تھے۔

لیکن اگر آواز دورتک پہونچانے کے لئے گھومنے کی ضرورت پڑ جائے تو گھوم سکتا ہے۔ اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن عون بن ابی جحيفة وعن ابيه قال: رأيت بلالا يوء ذن و يدور و يتبع فاه هاهنا، ها هنا، و اصبعاه في أذنيه، و رسول الله ﷺ في قبة حمراء ( ترمذی شریف، باب ماجاء فی ادخال الاصبع فی الاذن عندالاذان، ص ۴۹، نمبر ۱۹۷ ابن ماجہ شریف، باب السنۃ فی الاذان، ص ۱۰۲، نمبر ۷۱۱ رسنن بیہقی، باب الالتواء فی حی علی الصلاۃ، حی علی الفلاح، ج اول، ص ۵۸۰، نمبر ۱۸۵۳) اس حدیث میں ہے کہ حضرت بلالؓ گھومتے تھے۔ جس سے معلوم ہوا کہ ضرورت کے موقع پر گھوم سکتا ہے۔

**ترجمه**: ل گھومنے کا مطلب یہ ہے کہ قدم کو اپنی جگہ پر رکھتے ہوئے دائیں بائیں جانب نہیں گھوم سکتا ہو، جیسا کہ سنت ہے اس طرح کہ صومعہ بڑا ہو تو گھوم سکتا ہے، بہرحال بغیر کسی ضرورت کے تو گھومنا اچھا نہیں ہے۔ جیسا کہ اوپر کی حدیث میں گزرا۔

**تشریح**: موءذن اپنے قدم کو اپنی جگہ پر رکھتے ہوئے دائیں بائیں جانب نہیں گھوم سکتا ہو تو ایسی صورت میں آواز دورتک پہونچانے کے لئے وہ صومعہ میں گھوم جائے تو کوئی حرج نہیں ہے، جیسا کہ حدیث میں گزرا، البتہ بغیر کسی ضرورت کے تو اچھا نہیں ہے۔

**ترجمه**: (۲۱۶) موءذن کے لئے افضل یہ ہے کہ اپنی دونوں انگلیوں کو کان میں کرے۔

ا بذلک امر النبی ﷺ بلالاً و لانه ٢ ابلغ فی الاعـــلام (٢١٧) وان لم یفعل فحسن ﴾ ا الا انهـــا لیست بسنة اصلیــة (٢١٨) والتثویب فی الفجر حیّ علی الصلوٰة حیّ علی الفلاح مرتین بین الاذان والاقامة حسن لانه وقت نوم وغفلة و کره فی سائر الصلوات﴾

**ترجمه**: ا حضرت بلالؓ کو نبی ﷺ نے اسی کا حکم فرمایا تھا ٢ اور یہ اعلان پہونچانے میں زیادہ بلیغ ہے ۔

**تشریح** : اذان کا مقصد لوگوں تک آواز پہونچانا ہے اور کان میں انگلی ڈالنے سے آواز کان میں کم جاتی ہے اسلئے آدمی اور زور سے آواز نکالتا ہے اسلئے کان میں انگلی ڈالنا زیادہ بہتر ہے۔ اسکے لئے اوپر کی حدیث ہے۔

**وجه** : عمار بن سعد ....أن رسول الله ﷺ أمر بلالا أن یجعل اصبعیه فی أذنیه ، و قال : انه ارفع لصوتک (ابن ماجہ شریف، باب السنة فی الاذان، ص ۱۰۲، نمبر ۷۱۰ ر ترمذی شریف، باب ماجاء فی ادخال الاصبع فی الاذن عند الاذان، ص ۴۹، نمبر ۱۹۷) اس حدیث میں آپؐ نے حضرت بلالؓ کو کان میں انگلی ڈالنے کا حکم فرمایا، اور یہ بھی فرمایا کہ اس سے آواز زیادہ ہوگی۔

**ترجمه**: (٢١٧) اور اگر کان میں انگلی نہ ڈالی تو بھی ٹھیک ہے۔

**ترجمه**: ا اس لئے کہ یہ سنت اصلیہ نہیں ہے۔

**وجه** :اگر کان میں انگلی نہ ڈالی تب بھی اذان ہوجائے گی، اور یہ بھی ٹھیک ہے، اسلئے حضرت زیدؓ اور حضرت محذورہؓ کی حدیث میں کان میں انگلی ڈالنے کا تذکرہ نہیں ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ اصلی سنت نہیں ہے ورنہ ضرور ان حضرات کی حدیث میں اسکا تذکرہ ہوتا۔ (۲) اوپر کی حدیث میں کان میں انگلی ڈالنے کے لئے حضرت بلال کو فرمایا تو یہ بھی فرمایا کہ اس سے آواز بلند ہوگی جس علت سے معلوم ہوا کہ یہ آواز بلند کرنے کے لئے ہے، اذان کی سنت اصلی نہیں ہے۔ اسلئے کرلے تو بہتر ہے۔

**ترجمه**: (٢١٨) اور فجر میں حی علی الصلوۃ، حی علی الفلاح، دو مرتبہ کہنا اذان اور اقامت کے درمیان بہتر ہے، اسلئے کہ یہ نیند اور غفلت کا وقت ہے، اور باقی نمازوں میں مکروہ ہے۔

**تشریح** : فجر کا وقت نیند اور غفلت کا وقت ہے اسلئے اذان کے بعد اور اقامت سے پہلے نیند سے بیدار کرنے کے لئے دو مرتبہ اور حی علی الصلوۃ، حی علی الفلاح، کی آواز لگائے تاکہ مصلی اٹھ جائے، اسی کو تثویب، کہتے ہیں۔ باقی نمازوں میں لوگ بیدار ہوتے ہیں اسلئے ایسا کرنا مکروہ ہے۔ اور آگے بعض ائمہ نے جائز بھی قرار دیا ہے۔

**وجه** :یہ حدیث ہے۔عن بلال قال : قال لی رسول الله ﷺ : لا تثوبنّ فی شیء من الصلوات الا فی صلوة الفجر ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی التثویب فی الفجر، ص ۴۹، نمبر ۱۹۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ فجر میں تثویب بہتر ہے، اور

۱؎ ومعناه العود الى الاعلام وهو على حسب ماتعارفوه ۲؎ وهذا تثويب احدثه علماء الكوفةبعدعهدالصحابةؓ لتغيراحوال الناس وخصواالفجربه لماذكرناه ۳؎ والمتاخرون استحسنوه في الصلوٰة كلها لظهور التّواني في الامور الدينية ۴؎ وقال ابويوسفؒ لااری بأسًا ان يقول المؤذن

اسی حدیث سے معلوم ہوا کہ باقی نمازوں میں اچھا نہیں ہے۔

(۲) باقی نماز میں تھویب مکروہ ہونے کی دلیل یہ اثر بھی ہے۔ عن مجاهد قال : كنت مع ابن عمر فثوب رجل في الظهر أو العصر ، قال : اخرج بنا فان هذه بدعة ۔ (ابوداؤد شریف، باب فی التثویب، ص ۸۶، نمبر ۵۳۸) اس اثر میں حضرت ابن عمر نے ظہر یا عصر میں تھویب کو بدعت فرمایا ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ تھویب کا مطلب یہ ہے کہ نماز پڑھنے کی دوبارہ یاد دہانی کرائے۔ وہ لوگوں میں جیسا متعارف ہے اسکے مطابق کرے۔

**تشریح** : تھویب: ثوب سے مشتق ہے، جسکا ترجمہ ہے لوٹنا۔ تھویب کا مطلب یہ ہے کہ ایک مرتبہ فجر کی اذان میں الصلوۃ خیر من النوم، کہا ہی، اب دوبارہ لوگوں کو نماز کی یاد دہانی کرائے۔ اور یہ کوئی ضروری نہیں ہے کہ حی علی الصلوۃ، حی علی الفلاح، ہی کہے بلکہ لوگوں کے بیدار ہونے کے لئے وہاں کے محاورے میں جو جملے متعارف ہو اس جملے سے آواز لگائے۔ جیسے لڑکو اٹھ جاوء۔ اسی کو تھویب کہتے ہیں۔

**ترجمہ**: ۲؎ اس تھویب کو صحابہ کے زمانے کے بعد علمائے کوفہ نے ایجاد کیا ہے، کیونکہ لوگوں کے احوال بدل گئے۔ اور فجر میں اسکو غفلت کی وجہ سے خاص کیا۔

**تشریح** : صحیح بات یہ ہے کہ خود حدیث میں فجر میں تھویب کا تذکرہ ہے۔ جو اوپر گزر گئی۔ (۲) دوسری حدیث میں واضح ہے کہ حضرت بلال اذان کے بعد حضورؐ کو الصلاة خير من النوم ، الصلاة خير من النوم ، کہہ کر بیدار کرنے کے لئے گئے تھے جس سے بھی تھویب ثابت ہوتی ہے۔ حدیث یہ ہے۔ عن بلال أنه اتى النبي ﷺ يوذنه بصلاة الفجر ، فقيل : هو نائم ، فقال : الصلاة خير من النوم ، الصلاة خير من النوم ، فأقرت في تأذين الفجر فثبت الامر على ذالك ، (ابن ماجة شریف، باب السنۃ فی الاذان، ص ۱۰۳، نمبر ۷۱۶ / سنن بیہقی، باب التثویب فی اذان الصبح، ج اول، ص ۶۲۳، نمبر ۱۹۸۳ ) اس حدیث میں تھویب کا تذکرہ ہے

**ترجمہ**: ۳؎ متاخرین علماء نے تھویب کو تمام نمازوں میں اچھا سمجھا امور دینیہ میں سستی کے ظاہر ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح** : بعد کے علماء نے دیکھا کہ دینی معاملات میں بہت سستی آگئی ہے اسلئے تمام نمازوں میں ہی تھویب کرلے تو اچھا ہے۔

**ترجمہ** : ۴؎ امام ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ میں کوئی حرج نہیں سمجھتا ہوں کہ موءذن ہر نماز میں امیر سے کہے، السلام علیکم ایھا الامیر

لـلامير فـي الـصلوٰة كلها السلام عليک ايها الامير ورحمة اللّٰه وبر كاته حيّ على الصلوٰة حيّ على الـفـلاح الصلوٰة يرحمک اللّٰه ۵ واستبعـده مـحمدؒ لان الناس سواسية في امر الجماعة ۶ وابو يوسفؒ خـصهـم بذلک لزيادة اشتغالهم بامور المسلمين كيلا تفوتهم الجماعة وعلى هذا القاضي والمفتي (۲۱۹) ويجلس بين الاذان والاقامة الافي المغرب ﴾ ا وهذا عند ابي حنيفةؒ

،ورحمۃ اللہ،وبرکاتہ،حی علی الصلوۃ،حی علی الفلاح،الصلوۃ،یرحمک اللہ۔

**تشریح:** حضرت امام ابو یوسفؒ قاضی تھے،کام میں بہت مشغول رہتے تھے اسلئے نماز کے وقت میں موءذن یہ چند جملے کہہ کر نماز کی طرف توجہ دلائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔تا کہ وہ نماز میں شریک ہو جائے ۔یہ عبارت جامع صغیر،باب الاذان ص۸۳۔کی ہے۔

**ترجمہ:** ۵ اور امام محمدؒ نے اسکو مستبعد سمجھا اسلئے کہ جماعت کے معاملے میں سب لوگ برابر ہیں۔

**تشریح:** امام ابو یوسفؒ نے امیر کو خاص کیا کہ اسکو ہر نماز میں یاد دہانی کرائے،اس بات کو امام محمدؒ نے اچھا نہیں سمجھا،کیونکہ ہر آدمی کا حق برابر ہے اسلئے امیر کو خاص کرنا اچھا نہیں معلوم ہوتا۔

**ترجمہ:** ۶ امام ابو یوسفؒ امیر کو یاد دہانی کے ساتھ اسلئے خاص فرمایا کہ وہ مسلمانوں کے کام میں مشغول رہتے ہیں تا کہ ان سے جماعت نہ فوت ہو جائے،اور یہی یاد دہانی کرائی جائے قاضی اور مفتی کو بھی۔

**تشریح:** امام ابو یوسفؒ نے امیر،اور قاضی،اور مفتی کو تھویب کے ساتھ اسلئے خاص کیا کہ وہ ہمہ وقت مسلمانوں کے کام میں مشغول رہتے ہیں دوسرے لوگ نہیں رہتے اسلئے ان لوگوں کو یاد دہانی کرائی جائے۔اسی قاعدے پر ہر وہ آدمی جو مسلمانوں کے کام میں مشغول رہتے ہیں انکو بھی نماز کی یاد دہانی کرائی جا سکتی ہے۔اس سب کی دلیل یہ اثر ہے۔عن ابراهيم قال : كانوا يثوبون في العتمة و الفجر ، و كان موءذن ابراهيم يثوب في الظهر و العصر فلا ينهاه ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ،٦ فی التثویب فی ای صلاۃ ھو؟،ج اول،ص ١٩٠،نمبر ٢١٧٥،مصنف عبد الرزاق،باب التثویب فی الاذان والاقامۃ،ج اول،ص ٤٧٥،نمبر ١٨٣١) اس اثر میں ہے کہ دوسری نمازوں میں بھی یاد دہانی کرواتے تھے۔اسلئے اس دور میں وقت ضرورت یہ مستحسن ہے۔ خاص طور پر مدرسے کے طلبہ جلدی مسجد میں نہیں جاتے اسلئے انکے لئے ضروری ہے۔

**ترجمہ:** (۲۱۹) اذان اور اقامت کے درمیان بیٹھے مگر مغرب میں۔

**ترجمہ:** ١ یہ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک ہے۔

**وجہ:** عن ابي بن كعب قال : قال رسول الله ﷺ : يا بلال اجعل بين اذانک و اقامتک نفسا يفرغ الآ

**۲؎ وقالا يجلس في المغرب ايضًا جلسة خفيفة لانه لابد من الفصل اذا لوصل مكروه ولايقع الفصل بالسكتة لوجودها بين كلمات الاذان فيفصل بالجلسة كما بين الخطبتين**

كل من طعامه في مهل ، و يقضي المتوضي حاجته في مهل ۔(مسند احمد،حدیث المشائخ عن ابی بن کعب،ج سادس، ۳۷ا،نمبر ۲۰۷۸۸) اس حدیث میں ہے کہ اذان اور اقامت کے درمیان فصل کرنا چاہئے۔(۲) ایک دوسری حدیث میں ہے کہ اترنے والے فرشتے نے اذان کے بعد تھوڑی دیر کی اسکے بعد اقامت کہی۔حدیث یہ ہے۔فجاء عبد الله بن زيدالى رجل من الانصار وقال فيه فاستقبل القبلة،قال : الله اكبر ....ثم امهل هنية ، ثم قام فقال مثلها . (ابوداؤد شریف، باب کیف الاذان ص۸۲نمبر ۵۰۷رسنن بیہقی ، باب استقبال القبلۃ بالاذان والاقامۃ ، ج اول،ص ۵۷۶،نمبر ۱۸۳۸) اس حدیث میں ہے کہ اذان کے بعد تھوڑی دیر رک کر اقامت کہی۔

البتہ مغرب کی نماز چونکہ ایک ہی وقت میں پڑھنی ہے اور تاخیر اچھی نہیں ہے اسلئے مغرب میں اذان اور اقامت کے درمیان فصل نہ کرے، اذان کے بعد جب مصلی کی طرف آئے گا بس اتنا ہی فصل کافی ہے۔

**ترجمہ** : ۲؎ اور صاحبین نے فرمایا کہ مغرب میں تھوڑی دیر بیٹھے اسلئے کہ فصل ضروری ہے اسلئے کہ وصل مکروہ ہے۔ اور سکتے سے فصل نہیں ہوگا اسلئے کہ اتنا تو اذان کے جملوں میں بھی پایا جاتا ہے اسلئے بیٹھ کر فصل کیا جائے گا جیسے کہ دو خطبے کے درمیان کیا جاتا ہے۔

**تشریح** :صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ مغرب میں بھی تھوڑی دیر بیٹھ کر فصل کرے۔ جیسے کے جمعے کے دو خطبوں کے درمیان بیٹھ کر فصل کرتے ہیں۔ اسکی ایک وجہ تو یہ ہے کہ اذان اور اقامت کے درمیان صرف تھوڑی دیر چپ رہ کر فصل کرنا کافی نہیں ہے اسلئے کہ اتنا فصل تو خود اذان کے جملوں کے درمیان بھی ہو جاتا ہے، اسلئے تھوڑی دیر بیٹھ جائے اور فصل کرے۔

**وجہ** :(۱) حدیث میں اسکا ثبوت ہے کہ اترنے والے فرشتے نے اذان دی پھر تھوڑی دیر بیٹھا اسکے بعد اقامت کہی۔حدیث یہ ہے۔

۔سمعت ابن ابی لیلی رأیت رجلا كأن عليه ثوبين أخضرين فقام على المسجد فأذن ثم قعد قعدة ثم قام فقال مثلها . (ابوداؤد شریف، باب کیف الاذان ص۸۲نمبر ۵۰۶ر) اس حدیث میں ہے کہ اذان کے بعد تھوڑی دیر بیٹھے پھر اقامت کہی۔اور یہ چونکہ تمام نمازوں میں ہے اسلئے مغرب کی نماز میں بھی تھوڑی دیر بیٹھے۔ (۲) اوپر مسند احمد کی حدیث میں بھی ہے کہ اذان اور اقامت میں فصل کرے .عن ابی بن كعب قال : قال رسول الله ﷺ : يا بلال اجعل بين اذانک و اقامتک نفسا يفرغ الآكل من طعامه في مهل ، و يقضي المتوضي حاجته في مهل ۔(مسند احمد،حدیث

۳ ولابی حنیفۃؒ ان التاخیر مکروہ فیکتفی بادنی الفصل احترازًا عنه ۴ والمکان فی مسألتنا مختلف وکذا النغمة فیقع الفصل بالسکتة ولا کذلک الخطبة ۵ وقال الشافعی یفصل برکعتین اعتبارا بسائر الصلوٰۃ والفرق قد ذکرناہ

---

المشائخ عن ابی بن کعب، ج سادس، ۱۷۳، نمبر ۲۰۷۷۸) اسلئے تھوڑی دیر بیٹھ کر فصل کرے۔

**ترجمہ**: ۳ اور امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ مغرب میں تاخیر مکروہ ہے اسلئے ادنی فصل پر اکتفا کیا جائے گا، کراہیت سے بچنے کے لئے۔

**تشریح**: امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں کہ اوپر گزر چکا کہ مغرب کی نماز جلدی پڑھنی چاہئے، اسلئے تاخیر مکروہ ہے اسلئے تھوڑا سا چپ رہ کر جو فصل ہوگا اتنا ہی کافی ہے تاکہ تاخیر کرنے کی کراہیت نہ ہو۔ حدیث یہ ہے۔ فقام الیہ ابو ایوبؓ ... وقال اما سمعت رسول اللہ ﷺ یقول لا تزال امتی بخیر او قال علی الفطرة مالم یؤخروا المغرب الی ان تشتبک النجوم ۔ (ابوداؤد شریف، باب فی وقت المغرب ص ۶۶ نمبر ۴۱۸/ ابن ماجہ، باب وقت صلاۃ المغرب، ص ۹۷، نمبر ۶۸۹) اس حدیث میں ہے کہ مغرب کی نماز میں تاخیر مکروہ ہے۔

**ترجمہ**: ۴ اور مکان ہمارے مسئلے میں مختلف ہے، اور ایسے ہی اقامت کہنے کا اسلوب بھی مختلف ہے، اسلئے سکتہ ہی سے فصل ہو جائے گا۔ اور خطبے میں ایسا نہیں ہے۔

**تشریح**: یہاں سے امام صاحبین کو امام ابوحنیفہؒ کی جانب سے جواب ہے ۔ فرماتے ہیں کہ خطبہ اور اقامت کے درمیان دو فرق ہیں ۔ ایک فرق یہ ہے کہ دونوں خطبوں کا مقام ایک ہی ہے۔ جبکہ اذان کی جگہ مسجد سے باہر ہے، اور اقامت کی جگہ مسجد کے اندر ہے، تو دو جگہ ہونے کی وجہ سے فصل ہو گیا۔ دوسرا فرق یہ ہے کہ دونوں خطبوں کے پڑھنے کا انداز ایک ہی ہے، اسلئے درمیان میں بیٹھ کر فصل کرے، اور اذان پڑھنے کا انداز زور زور سے ہے اور آہستہ آہستہ ہے، جبکہ اقامت کہنے کا انداز جلدی جلدی ہے اور کم آواز سے ہے، اسلئے اس طرح بھی فصل ہو جائے گا، اور اتنا ہی فصل کافی ہے۔ نغمہ کا ترجمہ ہے ، بولنے کا انداز، بولنے کا اسلوب۔

**ترجمہ**: ۵ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ دو رکعت پڑھ کر فصل کرے اور نمازوں پر قیاس کرتے ہوئے۔ اور دونوں کے درمیان جو فرق ہے وہ میں نے بیان کر دیا۔

**تشریح**: امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ دو رکعت نفل پڑھ کر فصل کرے ، جس طرح اور نمازوں میں نفل پڑھ کر فصل کرتے ہیں۔

**وجہ**: (۱) مغرب کی اذان کے بعد نفل پڑھنے کی دلیل یہ حدیث ہے ا۔ عن عبد اللہ المزنی قال : قال رسول اللہ ﷺ : صلوا قبل المغرب رکعتین ، ثم قال : صلوا قبل المغرب رکعتین لمن شاء . خشیة أن یتخذها الناس

٦ قال يعقوب رأيت ابا حنيفةؒ يؤذن في المغرب ويقيم ولايجلس بين الاذان و الاقامة وهذا يفيد ما قلناه ٧ وان المستحب كون المؤذن عالما بالسنة لقوله ﷺ ويؤذن لكم خياركم (۲۲۰) ويؤذن للفائتة ويقيم ﴾ ا لانه ﷺ قضى الفجر غداة ليلة التعريس باذان واقامة ۲ وهو حجة على الشافعي

سنة ۔(ابوداود شریف، باب الصلاۃ قبل المغرب، ص۱۹۲، نمبر ۱۲۸۱ر بخاری شریف، باب کم بین الاذان والاقامۃ ومن ینتظر اقامۃ الصلاۃ، ص۸۷، نمبر ۶۲۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مغرب کی اذان کے بعد نفل پڑھے (۲) حدیث میں ہے۔ عن عبد الله بن مغفل عن النبی ﷺ قال : بين كل اذانين صلوة لمن شاء ۔(ترمذی شریف، باب ما جاء فی الصلوۃ قبل المغرب، ص۴۵، نمبر ۱۸۵) اس حدیث میں ہے کہ اذان اور اقامت کے درمیان نفل ہے اسلئے نفل پڑھ کر فصل کرے۔

**ترجمہ:** ٦ یعقوب یعنی حضرت امام ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ میں نے امام ابو حنیفہؒ کو دیکھا کہ مغرب کی اذان دیتے اور اقامت کہتے اور اذان اور اقامت کے درمیان نہیں بیٹھتے، اور یہ وہی بات ہے جو امام ابو حنیفہؒ نے اوپر کہی۔ یہ عبارت جامع صغیر، باب الاذان، ص۸۴، کی ہے

**ترجمہ:** ٧ اور مستحب یہ ہے کہ موءذن سنت کو جاننے والا ہو۔ حضور کے قول کی وجہ سے کہ تمہارے لئے تم میں سے اچھا آدمی اذان دے۔

**تشریح** : اذان کے سنتوں اور مسائل سے واقف ہوا ایسا آدمی اذان دے تو بہتر اور مستحب ہے۔ اسلئے کہ حدیث میں ہے کہ تم سے جو دین کے اعتبار سے اچھا آدمی ہو وہ آذان دے۔ حدیث یہ ہے۔ عن ابن عباس قال : قال رسول الله ﷺ : ليوء ذن لكم خياركم و ليوء مكم قراوء كم ۔(ابوداود شریف، باب من أحق بالامامۃ، ۹۴، نمبر ۵۹۰ر ابن ماجہ شریف، باب فضل الاذان وثواب الموءذنین، ص۱۰۴، نمبر ۷۲۶) اس حدیث میں ہے کہ تم میں سے جو اچھا ہو وہ اذان دے۔

**ترجمہ:** (۲۲۰) اذان دے گا فوت شدہ نماز کے لئے اور اقامت کہے گا۔

**ترجمہ:** ا اسلئے کہ حضور علیہ السلام نے لیلۃ التعریس کی صبح کو فجر قضا کی اذان اور اقامت کے ساتھ۔

**تشریح** : نماز فوت ہو جائے تو جب اسکو ادا کرے گا تو اذان بھی دے گا اور اقامت بھی کہے گا۔ حدیث یہ ہے۔ عن أبی هريرة فی هذا الخبر قال : فقال رسول الله ﷺ : تحولوا عن مكانكم الذی أصابتكم فيه الغفلة ، قال فأمر بلالا فأذن و أقام و صلى ۔(ابوداود شریف، باب فی من نام عن صلوۃ أو نسیھا، ص۶۹، نمبر ۴۳۶) غزوہ خیبر میں فجر کی نماز قضا ہو گئی تھی جس میں حضرت بلال کو اذان اور اقامت کا حکم دیا۔ جس سے معلوم ہوا کہ فوت شدہ نماز کے لئے اذان بھی دے گا اور اقامت بھی کہے گا۔

فی اکتفائه بالاقامة (۲۲۱) فان فاتته صلوٰت اذن للاولیٰ واقام ﴾ لما روینا (۲۲۲) وکان مخیّرًا فی الباقی ان شاء اذن واقام ( لیکون القضاء علی حسب الاداء) وان شاء اقتصر علی الاقامة ﴾

**وجه** : تعریس: کا ترجمہ ہے مسافر کارات کے آخیر میں آرام کے لئے اترنا، لیلۃ التعریس کا ترجمہ ہوگا مسافر جو رات کے آخیر میں آرام کے لئے اترے تھے اسکا واقعہ۔ یہ غزوہ خیبر میں پیش آیا تھا۔

**ترجمہ** : ۲ے اور یہ امام شافعیؒ پر حجت ہے صرف اقامت پر اکتفاء کرنے کے سلسلے میں۔

امام شافعیؒ یہ فرماتے ہیں کہ فوت شدہ نماز کے لئے صرف اقامت کہی جائے گی، اور اذان نہیں کہی جائے گی۔

**وجہ** : انکی دلیل یہ حدیث ہے جس میں فوت شدہ نماز کے لئے صرف اقامت کہی گئی ہے۔ حدیث یہ ہے۔ عن ابی ہریرة حین قفل من غزوة خیبر سار لیلة ...... ثم توضأ رسول الله ﷺ ، و امر بلالا فأقام الصلوة فصلی بهم الصبح ۔ (مسلم شریف، باب قضاء الصلوۃ الفائتۃ واستحباب تعجیل قضائھا ص ۲۳۸ نمبر ۶۸۰/۱۵۶۰) اس حدیث میں صرف اقامت کا تذکرہ ہے اسلئے امام شافعیؒ کے نزدیک فائتہ نماز کے لئے صرف اقامت کہی جائے گی۔۔ ہماری اوپر کی حدیث انکے خلاف حجت ہے۔

**ترجمہ**: (۲۲۱) بہت سی فائتہ نمازوں میں پہلی کے لئے اذان دے اور اقامت کہے۔

**ترجمہ**: لے اس حدیث کی بنا پر جو میں نے پہلے روایت کی۔

**تشریح**: اور اگر بہت سی نمازیں ہوں تو اختیار ہے چاہے ہر ایک کے لئے اذان دے اور ہر ایک کے لئے اقامت کہے اور چاہے تو صرف پہلی کے لئے اذان دے اور باقی ہر ایک کے لئے اقامت کہے۔

**وجہ**: اوپر کی حدیث یہ ہے۔ قال عبد الله ان المشرکین شغلوا رسول الله ﷺ عن اربع صلوات یوم الخندق حتی ذهب من اللیل ماشاء الله فامر بلالا فاذن ثم اقام فصلی الظهر ثم اقام فصلی العصر ثم اقام فصلی المغرب ثم اقام فصلی العشاء (ترمذی شریف، باب ماجاء فی الرجل تفوتہ الصلوات بایتھن یبدأ ص ۴۳ نمبر ۱۷۹ / نسائی شریف، باب کیف یقضی الفوائت من الصلوۃ ص ۷۲ نمبر ۶۲۳) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ ایک مرتبہ اذان دے اور باقی کے لئے اقامت کہے۔

(۲) اذان کا مقصد لوگوں کو باہر سے بلانا ہے اور ہر ایک اذان میں سب جمع ہو چکے ہیں اس لئے باقی نمازوں کے لئے اذان دینے کی چنداں حاجت نہیں ہے۔

**ترجمہ**: (۲۲۲) اور اختیار ہے باقی میں چاہے تو اذان دے اور اقامت کہے ( لے تاکہ قضا ادا کے مطابق ہو جائے ) اور

ل لان الاذان للاستحضار وهم حضور ۲ قال وعن محمدؒ انه یقام لما بعدها قالوا یجوز ان یکون هذا قولهم جمیعا، (۲۲۳) وینبغی ان یؤذن ویقیم علیٰ طهر فان اذن علی غیر وضوء جاز﴾

چاہے تو اقامت پر اکتفاء کرے

**تشریح** : بہت سی نماز فوت ہوگئی ہوں تو دو قسم کے اختیار ہیں، ایک تو ہر ایک کے لئے اذان دے اور ہر ایک کے لئے اقامت کہے، اور یہ بھی ہے کہ پہلی کے لئے اذان دے اور باقی ہر ایک کے لئے اقامت کہے۔

**وجه** : ہر ایک کے لئے اذان دینے کی وجہ یہ بتائی کہ ادا نماز میں ہر ایک کیلئے اذان دیتے ہیں تو قضا نماز میں بھی ہر ایک کے لئے اذان دے تا کہ قضا نماز ادا کے مطابق ہو جائے۔

اور پہلی نماز کے لئے اذان دے اور باقی کے لئے صرف اقامت کہے، اسکی وجہ اوپر حدیث گزر چکی کہ غزوہ خندق کے موقع پر ایک نماز کے لئے اذان دی اور باقی کے لئے اقامت کہی۔

**ترجمه** : ل اسلئے کہ اذان لوگوں کو حاضر کرنے لئے ہے، اور یہاں سب لوگ حاضر ہی ہیں۔ (اسلئے دوبارہ اذان دینے کی ضرورت نہیں۔)

**ترجمه** : ۲ اور امام محمدؒ سے روایت ہے کہ باقی کے لئے بھی صرف اقامت ہی کہی جائے گی۔ علماء فرماتے ہیں کہ ہوسکتا ہے کہ یہ سبھی ائمہ کا قول ہو۔

**تشریح** : امام محمدؒ سے روایت ہے کہ صرف پہلی کے لئے اذان دی جائے اور باقی ہر ایک کے لئے صرف اقامت کہی جائے۔
امام ابوبکر رازیؒ نے فرمایا کہ حنفیہ کے تینوں اماموں کا قول یہی ہے۔ اور اسکی بڑی وجہ یہ ہے کہ اسکے مطابق اوپر کی حدیث بھی ہے۔

**ترجمه** : (۲۲۳) مناسب ہے کہ اذان اور اقامت وضو کے ساتھ کہے۔ پس اگر اذان بغیر وضو کے دیدی تو جائز ہے۔

**وجه** : (۱) اذان میں نماز کی طرف بلانا ہے اور ذکر ہے اس لئے وضو کے ساتھ اذان کہے۔ اور اقامت کے بعد تو نماز ہی پڑھنا ہے تو دوسرے لوگ نماز میں مشغول ہوں اور خود نماز کی طرف بلانے والا وضو کرنے جائے تو کتنا برا معلوم ہوگا! اس لئے اقامت بغیر وضو کے کہنا مکروہ ہے۔ البتہ اگر کہہ دیا تو اقامت ادا ہو جائے گی (۲) حدیث میں ہے عن ابی هریرة عن النبی ﷺ قال لا یؤذن الا متوضئ۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء فی کراہیۃ الاذان بغیر وضوء ص ۵۰ نمبر ۲۰۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بغیر وضو کے اذان اور اقامت کہنا اچھا نہیں۔ (۲) اور اذان دینا جائز ہے اسکی دلیل یہ اثر ہے۔ عن ابراهیم قال : لا بأس أن یوء ذن علی غیر وضوء۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۹ فی الموءذن یوءذن وهو علی غیر وضوء، ج اول، ص ۱۹۱، نمبر ۲۱۸۹) اس اثر سے معلوم ہوا کہ اذان بغیر وضو کے دے تو جائز ہے۔

لانہ ذکر ولیس بصلوٰۃ فکان الوضوء فیہ استحبابا کما فی القراءۃ (۲۲۴) ویکرہ ان یقیم علی غیر وضوء ﴾ ۱؎ لما فیہ من الفصل بین الاقامۃ والصلوٰۃ ۲؎ ویروی انہ لاتکرہ الاقامۃ ایضًا لانہ احدالاذانین ۳؎ ویروی انہ یکرہ الاذان ایضا لانہ یصیر داعیًا الی مالا یجیب بنفسہ،

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ اذان ذکر ہے نماز نہیں ہے اسلئے وضو اس میں مستحب ہے، جیسے کہ قرآن پڑھنے میں وضو مستحب ہے۔

**ترجمہ** (۲۲۴) اور مکروہ ہے کہ اقامت کہے بغیر وضو کے۔

**تشریح**: حدث کی حالت ہلکی ناپاکی ہے اسلئے اذان میں اتنا حرج نہیں، کیونکہ اسکے بعد جاکر وضو کر سکتا ہے۔لیکن اقامت کے بعد فورا نماز ہے اسلئے اقامت بغیر وضو کے مکروہ ہوگی، البتہ ہو جائے گی۔اور جنابت کی حالت غلیظ ناپاکی ہے اسلئے اذان مکروہ ہوگی، اور اقامت تو کچھ زیادہ ہی مکروہ ہوگی، تاہم اگر نہیں لوٹایا تو نماز بہر حال ہو جائے گی کیونکہ نماز بغیر اذان اور اقامت کے بھی ہو جاتی ہے۔اسی قاعدے پر آگے کے مسئلوں کی تفصیل ہے۔

**وجہ**: (۱) اوپر گزر چکی ہے کہ دوسروں کو نماز کی طرف بلائے اور خود نماز چھوڑ کر وضو کے لئے جائے تو کتنی بری بات ہے؟ (۲) اقامت بھی اذان کا ہی حصہ ہے اور جب اذان بغیر وضو کے نہ دے تو اقامت تو بدرجہ اولی بغیر وضو کے نہ دے، اسکے لئے حدیث یہ گزری۔ عن ابی ھریرۃ عن النبی ﷺ قال لا یؤذن الا متوضئ ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی کراہیۃ الاذان بغیر وضوء ص ۵۰ نمبر ۲۰۰)

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ وضو نہ کرنے کی صورت میں اقامت اور نماز کے درمیان فصل پیدا ہوگا۔

**تشریح**: اقامت بغیر وضو کے کہے گا تو اسکے بعد وضو کرنے جائے گا تو اقامت اور نماز کے درمیان کافی فاصلہ ہو جائے گا جو اچھی بات نہیں ہے، اسلئے اقامت بغیر وضو کے ہو تو جائے گی البتہ مکروہ ہے۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور روایت یہ بھی ہے کہ اقامت بھی مکروہ نہیں ہے، اسلئے کہ وہ بھی دو اذان میں سے ایک ہے۔

**تشریح**: ایک روایت یہ بھی ہے کہ جس طرح بغیر وضو کے اذان دینا مکروہ نہیں، البتہ اچھا نہیں ہے اسی طرح بغیر وضو کے اقامت کہنا مکروہ نہیں ہے البتہ اچھا نہیں ہے۔اور اسکی وجہ یہ بتاتے ہیں کہ وہ بھی ایک قسم کی اذان ہی ہے، اور اذان مکروہ نہیں تو یہ بھی مکروہ نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۳؎ اور یہ بھی روایت ہے کہ اذان بھی مکروہ ہے، اسلئے کہ وہ ایسی چیز کی طرف بلانے والا ہوگا جو وہ خود نہیں کر رہا ہے۔

**تشریح**: اس روایت میں یہ ہے کہ اذان بھی بغیر وضو دینا مکروہ ہے۔ (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ اذان کے ذریعہ لوگوں کو بلا رہا ہے اور خود وضو کرنے جا رہا ہے، اسلئے مکروہ ہے۔ (۲) اثر میں ہے۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۰ من کرہ أن یؤذن وھو غیر طاھر، ج اول

(٢٢٥) ویکرہ ان یؤذن وھو جنب ﴾ ١ روایۃً واحدۃ ٢ ووجہ الفرق علیٰ احدی الروایتین ھوان للاذان شبھا بالصلوٰۃ فیشترط الطھارۃ عن اغلظ الحدیث دون اخفھما عملاً بالشبھین ٣ وفی الجامع الصغیر اذا اذن علیٰ غیر وضوء واقام لایعید والجنب احب الیّ ان یعیدوان لم یعد اجزاہ

،ص۱۹۲،نمبر۲۱۹۶ عن عطاء أنہ کرہ أن یوء ذن الرجل و ھو علی غیر وضوء رمصنف عبدالرزاق، باب الاذان علی غیر وضوء، ج اول،ص ۴۶۵،نمبر۱۷۹۹) اس اثر میں ہے کہ بغیر وضو کے اذان مکروہ ہے۔(۳)اور حدیث بھی گزر چکی کہ بغیر وضو کے اذان نہ دے۔عن ابی ھریرۃ عن النبی ﷺ قال لا یؤذن الا متوضئ ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی کراہیۃ الاذان بغیر وضوء ص ۵۰ نمبر ۲۰۰) اسلئے مکروہ ہے۔

**ترجمہ**: (۲۲۵) اورمکروہ ہے کہ جنابت کی حالت میں اذان دے۔

**ترجمہ**: ١ یہ ایک روایت ہے۔

**وجہ**: جب بغیر وضو کے اذان دینا مکروہ ہے تو جنابت کی حالت میں اذان دینا بدرجۂ اولی مکروہ ہوگا(۲) عن ابی ھریرۃ عن النبی ﷺ قال لا یؤذن الا متوضئ ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی کراہیۃ الاذان بغیر وضوء ص ۵۰ نمبر ۲۰۰) اسلئے جنابت کی حالت میں بدرجہ اولی مکروہ ہوگا۔

**ترجمہ**: ٢ دو روایتوں میں سے ایک کے مطابق فرق کی وجہ یہ ہے کہ اذان کو نماز کی بھی مشابہت ہے اسلئے دو حدثوں میں سے اغلظ سے پاکی کی شرط لگائی جائے گی نہ کہ اخف کی دونوں مشابہتوں پر عمل کرتے ہوئے۔

**تشریح**: اوپر وضو کے بارے میں دو روایتیں گزریں، ایک تو یہ کہ بغیر وضو کے اذان میں کوئی حرج نہیں، البتہ اچھا نہیں ہے، اور دوسری رویت یہ ہے کہ بغیر وضو کے اذان مکروہ ہے، جس میں ہے کہ کوئی حرج نہیں اس روایت کے سلسلے میں یہ فرق بتا رہے ہیں کہ بغیر وضو کے اذان کیوں جائز ہے اور جنابت کی حالت میں مکروہ کیوں ہے؟ فرماتے ہیں۔اذان کی دو حیثیتیں ہیں۔(۱) ایک تو یہ کہ یہ حقیقت میں نماز نہیں ہے اسلئے اس میں اخف طہارت یعنی وضو کی ضرورت نہیں۔اور دوسری حیثیت یہ ہے کہ یہ نماز کے مشابہ ہے کیونکہ اس میں تکبیر وغیرہ ہے اسلئے اغلظ طہارت یعنی جنابت سے پاک ہونا چاہئے۔اس طرح اذان عملا دونوں کے مشابہ ہوگیا، یعنی نماز ہے بھی اور نہیں بھی ہے۔یہ دلیل عقلی ہے، اصل تو اوپر کی حدیث اور اثر ہے جس سے جنابت کی حالت میں اذان مکروہ ہے۔

**ترجمہ**: ٣ اور جامع صغیر میں ہے کہ اگر بغیر وضو کے اذان دی اور اقامت کہی تو نہ لوٹائے، اور جنابت کی حالت میں اذان یا اقامت کہی تو پسندیدہ یہ ہے کہ لوٹا لے۔پھر بھی اگر نہیں لوٹایا تو کافی ہے۔

**تشریح**: جامع صغیر میں عبارت یہ ہے۔موء ذن أذن علی غیر وضوء و أقام قال : لا یعید ، و الجنب أحب الی

**۴** اما الاول فلخفة الحدث، **۵** واما الثانی ففی الاعادة بسبب الجنابة روایتان **۶** والاشبه ان یعاد الاذان دون الاقامة لان تکرار الاذان مشروع دون الاقامة **۷** وقوله ان لم یعد اجزاه یعنی الصلوٰة لانها جائزة بدون الاذان والاقامة، (۲۲۶)قال: وکذلک المرأة تؤذن **۱** معناه یستحب ان یعاد

أن یعید. (جامع صغیر باب الاذان، ص۸۴،) اسکا حاصل یہ ہے کہ بغیر وضو کے اذان دی، یا اقامت کہی تو اذان اور اقامت ہوگئی ،اسلئے دوبارہ لوٹانے کی ضرورت نہیں ہے۔ کیونکہ بغیر کراہیت کے ہوگئی ہے لیکن جنابت کی حالت میں اذان، یا اقامت کہی تو کراہیت کے ساتھ ہوئی، اسلئے بہتر یہ ہے کہ دونوں کو لوٹالے، کیونکہ کراہیت کے ساتھ ہوئی ہے۔ تاہم اگر نہیں لوٹائی تو ہوگئی ہے اسلئے کافی ہوجائے گی۔

**ترجمہ** : **۴** بہر حال پہلا یعنی وضو، تو حدث کے ہلکے ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح** : پہلے سے مراد ہے کہ بغیر وضو کے اذان، یا اقامت کہی تو لوٹانے کی ضرورت نہیں ہے اسلئے کہ یہ حدث شدید نہیں ہے خفیف ہے۔

**ترجمہ** : **۵** بہر حال دوسرا، تو جنابت کے سبب سے لوٹانے میں دو روایتیں ہیں۔

**تشریح** : دوسرا سے مطلب یہ ہے کہ جنابت کی حالت میں اذان، یا اقامت کہی تو دونوں کو لوٹائے یا نہیں اس بارے میں دو روایتیں ہیں۔ ظاہری روایت یہ ہے کہ لوٹانا مستحب ہے اور امام کرخیؒ کی روایت میں ہے کہ لوٹانا واجب ہے۔

**ترجمہ**: **۶** فقہ سے لگتی ہوئی بات یہ ہے کہ اذان لوٹائے، اقامت نہ لوٹائے، اسلئے کہ اذان میں تکرار مشروع ہے اقامت میں نہیں۔

**تشریح** : جنابت کی حالت میں اذان، یا اقامت کہہ دی تو مکروہ تو دونوں ہوئے، البتہ فقہ سے مناسب بات یہ ہے کہ اذان دہرا لے، کیونکہ اذان میں تکرار مشروع ہے۔ کیونکہ جمعہ میں دو مرتبہ اذان دی جاتی ہے تو اس پر قیاس کرتے ہوئے یہاں بھی دو مرتبہ اذان ہوجائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ لیکن اقامت نہ دہرائے، کیونکہ ایک ہی نماز میں دو مرتبہ اقامت کہنے کی مثال نہیں ہے۔

**ترجمہ** : **۷** اور جامع صغیر کا یہ قول ۔وان لم یعد اجزاہ۔ کہ اذان، یا اقامت نہ لوٹائے تب بھی کافی ہے، کا مطلب یہ ہے کہ نماز جائز ہوجائے گی۔ اسلئے نماز بغیر اذان اور اقامت کے بھی جائز ہوجاتی ہے۔

**تشریح** : اتنی سی بات ہے کہ بغیر اذان، اور بغیر اقامت کے نماز پڑھے گا تو خلاف سنت ہوگی۔ اسلئے نماز جائز ہوجائے گی۔

**ترجمہ**: (۲۲۶) جامع صغیر میں فرمایا کہ ایسے ہی عورت اذان دے تو لوٹائی جائے گی۔

**ترجمہ**: **۱** اسکا معنی یہ ہے کہ مستحب یہ ہے کہ لوٹالے تاکہ اذان سنت کے طریقے پر واقع ہو۔

**ليقع علىٰ وجه السنة(۲۲۷) ولا يؤذن لصلوٰة قبل دخول وقتها ويعاد في الوقت﴾**

تشریح: عورت اپنے لئے اذان دے تو بعض ائمہ کے یہاں گنجائش ہے۔انکی دلیل یہ اثر ہے۔عن عائشة أنها كانت تؤذن و تقيم و تؤم النساء و تقوم وسطهن ۔(سنن بیہقی، باب أذان المرأة واقامتها لنفسها وصواحبتها، ج اول، ص ۶۰۰، نمبر ۱۹۲۲ رمصنف ابن ابی شیبة، ۳۳ من قال علیھن ان یوءذن ویقمن، ج اول، ص ۲۰۲، نمبر ۲۳۲۲) اس اثر سے معلوم ہوا کہ عورتوں کے لئے اذان، اور اقامت کہنے کی گنجائش ہے۔لیکن مرد کے ہوتے ہوئے عورت اذان کہے تو بہتر نہیں ہے اسلئے اسکو دہرا لے تو مستحب ہے۔

**وجه** : یہ حدیث ہے۔عن أسماء قالت قال رسول الله ﷺ : ليس على النساء أذان و لا اقامة و لا جمعة و لا اغتسال جمعة و لا تقدمهن امرأة و لكن تقوم وسطهن ۔(سنن بیہقی، باب لیس علی النساء أذان ولا اقامة، ج اول ص ۶۰۰، نمبر ۱۹۲۱ رمصنف ابن ابی شیبة، ۳۲ فی النساء من قال لیس علیھن اذان ولا اقامة، ج اول، ص ۲۰۲، نمبر ۲۳۱۳) اس حدیث میں ہے کہ عورتوں پر اذان نہیں ہے اسلئے اسکی اذان مردوں کے لئے مکروہ ہے اسلئے لوٹا لے تو بہتر ہے۔

**ترجمه** :(۲۲۷) نہیں اذان دی جائے نماز کے لئے اس کے وقت سے پہلے، اور وقت آنے پر لوٹائی جائے۔

**تشریح** :امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کی رائے یہ ہے کہ کسی بھی نماز میں وقت سے پہلے اذان صحیح نہیں ہے۔اور اگر اذان دے دی تو دوبارہ لوٹائی جائیگی۔

**وجه**: (۱)اذان دینے کا مقصد وقت بتانا ہے۔لیکن وقت سے پہلے اذان دینے سے وقت کی تجہیل ہوگی۔اس لئے وقت سے پہلے اذان نہ دی جائے (۲) مدینہ طیبہ میں فجر کی اذان وقت سے پہلے دی جاتی تھی وہ تہجد والوں کو بیدار کرنے کے لئے اور جو تہجد پڑھ چکے ہیں ان کو آرام کرنے کی اطلاع دینے کے لئے تھی۔چنانچہ مدینہ طیبہ اور مکہ مکرمہ کی طرح تہجد پڑھنے والے کثرت سے ہوں تو ان کو بیدار کرنے کے لئے اذان دی جاسکتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ فجر کی نماز کے لئے عبد اللہ بن مکتوم دوسری اذان دیا کرتے تھے۔ حدیث میں ہے عن عبد الله بن مسعود عن النبي ﷺ قال لايمنعن احدكم او احدا منكم اذان بلال من سحوره فانه يؤذن او ينادى بليل ليرجع قائمكم ولينبه نائمكم . (بخاری شریف، باب الاذان قبل الفجر ص ۸۷ نمبر ۶۲۱ رنسائی شریف، باب الاذان فی غیر وقت الصلوۃ ص ۷۵ نمبر ۶۴۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رات میں حضرت بلال کی اذان فجر کی نماز کے لئے نہیں تھی، تہجد والوں کو بیدار کرنے کے لئے تھی۔اسی لئے نماز کے وقت حضرت عبد اللہ ابن مکتوب دوبارہ اذان دیا کرتے تھے۔حدیث میں ہے (۳) عن عائشة عن النبي ﷺ انه قال ان بلالا يؤذن بليل فكلوا و اشربوا حتى يؤذن ابن ام مكتوم. (بخاری شریف، باب الاذان قبل الفجر ص ۸۷ نمبر ۶۲۲ رترمذی شریف، باب ما جاء فی الاذان باللیل ص ۵۰ نمبر ۲۰۳) (۴) وقت سے پہلے اذان دینے سے اذان لوٹانی پڑے گی حدیث میں ہے عن ابن عمر ان بلالا اذن بليل

**۱ لان الاذان للاعلام وقبل الوقت تجهيل ۲ وقال ابويوسفؒ وهو قول الشافعیؒ يجوز للفجر فی النصف الاخير من الليل لتوارث اهل الحرمين ۳ والحجة على الكل قوله عليه السلام لبلالؓ لاتؤذن حتى يستبين لک الفجر هكذا ومديديه عرضًا،**

---

فامره النبی ﷺ ان ينادی ان العبد قد نام۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء فی الاذان باللیل ص ۵۰ نمبر ۲۰۳ / ابوداؤد شریف، باب فی الاذان قبل دخول الوقت ص ۸۶ نمبر ۵۳۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وقت سے پہلے حضرت بلال نے اذان دی تو حضورؐ نے ان کولوگوں کے سامنے معذرت کرنے کے لئے کہا کہ 'ان العبد قد نام' کہو (۵) ان رسول الله ﷺ قال له لا تؤذن حتى يستبين لک الفجر هكذا ومد يديه عرضا. (ابوداؤد شریف، باب فی الاذان قبل دخول الوقت ص ۸۶ نمبر ۵۳۴) اس حدیث میں ہے کہ جب تک فجر پھیل کر ظاہر نہ ہو جائے اذان نہ دے، اس سے معلوم ہوا کہ فجر میں بھی وقت سے پہلے اذان نہ دے۔

**ترجمہ:** ۱ اسلئے کہ اذان اطلاع دینے کے لئے ہے اور وقت سے پہلے اذان دینے سے لوگوں کو جہالت میں ڈالنا ہے۔

**تشریح** : وقت سے پہلے اذان نہ دینے کی یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ اذان اسلئے ہے کہ لوگوں کو اطلاع ہو جائے کہ اب نماز کا وقت ہو گیا ہے۔ اور وقت سے پہلے اذان دینے سے لوگ شبہ میں پڑ جائیں گے اور جہالت ہوگی، اسلئے وقت سے پہلے اذان دینا اچھا نہیں ہے۔

**ترجمہ:** ۲ اور امام ابو یوسفؒ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ فجر کے لئے رات کے نصف آخیر میں اذان دینا جائز ہے، اھل حرمین کے توارث کی وجہ سے حضورؐ کے زمانے سے آج تک اھل حرمین صبح صادق سے پہلے اذان دیتے ہیں، اس توارث کی وجہ سے امام ابو یوسفؒ اور امام شافعیؒ کی رائے ہے کہ رات کے دوسرے حصے میں فجر کی اذان دے سکتا ہے۔ (۲) حدیث میں بھی ہے کہ حضرت بلال صبح صادق سے پہلے اذان دیتے تھے، حدیث یہ گزر گئی۔ عن عائشة عن النبی ﷺ أنه قال : ان بلالا يوء ذن بليل فكلوا و اشربوا حتى يوء ذ ن ابن أم مكتوم ۔ (بخاری شریف، باب الاذان قبل الفجر، ص ۸۲، نمبر ۶۲۳) اس حدیث میں ہے کہ فجر سے پہلے اذان دینا جائز ہے۔

**ترجمہ** : ۳ اور کل پر حجت حضرت بلال کو حضور علیہ السلام کا قول ہے کہ اذان نہ دو یہاں تک کہ فجر اس طرح واضح ہو جائے، اور حضورؐ نے اپنے ہاتھ کو چوڑائی میں پھیلایا۔

**تشریح:** اوپر حدیث گزر گئی ہے کہ جب تک صبح صادق خوب واضح نہ ہو جائے فجر کی اذان نہ دے۔ حدیث یہ ہے ۔ ان رسول الله ﷺ قال له لا تؤذن حتى يستبين لک الفجر هكذا ومد يديه عرضا. (ابوداؤد شریف، باب فی

**(۲۲۸) والمسافر يؤذن ويقيم ﴾ لقوله عليه السلام لابنى ابى مليكة اذا سافرتما فاذّنا واقيما،**
**(۲۲۹) فان تركهما جميعًا يكره ﴾ ولو اكتفى بالاقامة جاز**

الاذان قبل دخول الوقت ص ۸۶ نمبر ۵۳۴) اس حدیث میں ہے کہ جب تک صبح صادق پھیل نہ جائے اذان نہ دو ۔

**ترجمه** (۲۲۸) اور مسافر اذان بھی دے گا اور اقامت بھی کہے گا۔

**ترجمه**: ل ابی ملیکہ کے دو بیٹوں سے حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ جب تم سفر کرو تو دونوں اذان دو اور اقامت کہو۔

**تشریح**: جس طرح مقیم آدمی اذان اور اقامت کہہ کر نماز پڑھے گا، اسی طرح مسافر بھی اذان اور اقامت کہہ کر نماز پڑھے گا۔

**وجه**: (۱) اوپر کی حدیث یہ ہے۔ عن مالک بن الحویرث قال : أتى رجلان النبى ﷺ يريدان السفر فقال النبى ﷺ : اذا انتما خرجتما فأذنا ثم ليوء مكما أكبر كما۔ (بخاری شریف، باب الاذان للمسافرین اذا کانوا جماعة الخ، ص ۸۷، نمبر ۶۳۰ / ترمذی شریف، باب ماجاء فی الاذان فی السفر، ص ۵۰ نمبر ۲۰۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسافر اذان دے اور اقامت کہے۔ (۲) غزوہ خیبر والے سفر میں تھے اور نماز قضا ہو گئی تو بھی آپ نے اذان دلوائی اور اقامت کہلوائی ۔ حدیث یہ ہے۔ عن أبى هريرة فى هذا الخبر قال : فقال رسول الله ﷺ : تحولوا عن مكانكم الذى أصابتكم فيه الغفلة ، قال فأمر بلالا فأذن و أقام و صلى ۔ (ابوداود شریف، باب فی من نام عن صلوة أو نسيها، ص ۶۹، نمبر ۴۳۶) اس حدیث میں سفر میں اذان اور اقامت کہی گئی ہے۔ جس سے معلوم ہوا کہ سفر میں بھی اذان اور اقامت کہی جائے گی۔

**ترجمه**: (۲۲۹) پس اگر اذان اور اقامت دونوں کو چھوڑ دیا تو مکروہ ہے۔

**ترجمه**: ل اور اگر اقامت پر اکتفاء کیا تب بھی جائز ہے۔

**تشریح**: اذان اور اقامت دونوں کو چھوڑ دے تو مکروہ ہے۔ اسکی وجہ اوپر کی حدیث ہے جس میں باضابطہ صحابیؓ کو حکم فرمایا کہ سفر کرو تو اذان اور اقامت کہہ لیا کرو۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء فی الاذان فی السفر، ص ۵۰ نمبر ۲۰۵) اور اگر اذان تو نہیں دی البتہ اقامت کہہ لی تو چل جائے گا اور جائز ہے۔

**وجه**: (۱) اثر میں ہے کہ حضرت ابن عمرؓ سفر میں صرف اقامت پر اکتفاء کرتے تھے اور صبح کی نماز میں اذان بھی دیتے تھے۔ اثر یہ ہے۔ أن ابن عمر كان لا يزيد على الاقامة فى السفر فى الصلاة الا فى الصبح ، فانه كان يوء ذن فيها و يقيم و يقول : انما الاذان للامام الذى يجتمع اليه الناس ۔ (سنن بیہقی، باب باب قول من اقتصر علی الاقامة فی السفر، ج اول، ص ۶۰۶، نمبر ۱۹۴۴ / مصنف ابن ابی شیبة ۲۳، فی المسافرین یوء ذنون أو تجزئهم الاقامة؟، ج اول، ص ۱۹۷، نمبر ۲۲۵۸)

٢ لان الاذان لاستحضار الغائبين والرفقة حاضرون والاقامة لاعلام الافتتاح وهم اليه محتاجون، (٢٣٠) فان صلى في بيته في المصر يصلى باذان واقامة﴾ ١ ليكون الاداء علىٰ هيأة الجماعة ٢ وان تركهما جاز لقول ابن مسعودؓ اذان الحيّ يكفينا.

---

اس اثر میں ہے کہ صرف صبح کی نماز میں اذان دی جاتی تھی، باقی میں اقامت پر اکتفاء کرتے تھے، اسلئے اقامت کو بھی چھوڑ دینا مکروہ ہے۔

**ترجمہ** : ٢ اسلئے کہ اذان غائب لوگوں کو حاضر کرنے کے لئے ہے، اور ساتھی لوگ حاضر ہیں۔ اور اقامت نماز شروع کرنے کی اطلاع کے لئے ہے، اور ان لوگوں کو اسکی ضرورت ہے۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے جو اوپر اثر میں اسکا تذکرہ تھا۔ کہ اذان کا مقصد یہ ہے کہ جو لوگ غائب ہیں انکو اذان دیکر حاضر کیا جائے، اور یہاں تو تمام رفیق سفر حاضر ہی ہیں اسلئے اذان کی چنداں ضرورت نہیں ہے۔ اور اقامت کا مقصد یہ ہے کہ مصلیوں کو اسکی اطلاع دی جائے کہ نماز شروع ہو رہی ہے۔ اور رفیق سفر کو بھی اسکی ضرورت ہے کہ انکو نماز شروع ہونے کی اطلاع دی جائے اسلئے اقامت کی ضرورت باقی ہے اسلئے اقامت کہی جائے۔ جیسا کہ اثر میں تھا۔

**ترجمہ** : (٢٣٠) پس اگر شہر میں اپنے گھر میں نماز پڑھی تو اذان اور اقامت کے ساتھ نماز پڑھے۔

**ترجمہ**: ١ تاکہ ادا جماعت کی ترتیب پر ہو جائے۔

**وجہ** : (١) شہر کی مسجد میں اذان اور اقامت ہو چکی ہے اب یہ گھر میں نماز پڑھ رہا ہے، اسلئے کسی کو بلانے کی ضرورت نہیں ہے اسلئے اذان دینے کی اتنی ضرورت نہیں ہے، تاہم اذان دے دے تو اچھا ہے تاکہ جس طرح مسجد میں اذان اور اقامت کے ساتھ نماز ہوتی ہے اسی طرح گھر میں بھی اذان اور اقامت کے ساتھ نماز ہو جائے۔ (٢) حدیث میں ہے۔ عن ام ورقة الانصاری أن رسول الله ﷺ کان یقول : انطلقوا بنا الی الشهدة فنزورها ،فأمر أن یوء ذن لها و یقام و یوء م اهل دارها فی الفرائض ۔ (سنن بیہقی، باب سنة الاذان والاقامة فی البیوت وغیرها، ج اول، ص ٥٩٧، نمبر ١٩٠٩ / مصنف ابن ابی شیبة، ٢٦ فی الرجل یصلی فی بیته یوءذن ویقیم أم لا، ج اول، ص ١٩٩، نمبر ٢٢٨٤) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے گھر میں اذان اور اقامت کے ساتھ نماز پڑھی۔

**ترجمہ**: ٢ اور اگر اذان اور اقامت دونوں کو چھوڑ دیا تو جائز ہے۔ حضرت ابن مسعودؓ کے قول کی وجہ سے کہ گاؤں کی اذان ہمیں کافی ہے۔

**وجہ**: (١) حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ کا عمل اس طرح ہے عن الاسود وعلقمة قالا اتینا عبد الله بن مسعود فی فقال: أصلی هوء لاء خلفکم؟

فقلنا : لا ، قال :فقوموا فصلوا ،فلم یأ مرنا باذان ولا اقامۃ ۔ ( مسلم شریف ، باب الندب الی وضع الایدی علی الرکب فی الرکوع ، ونسخ التطبیق ،ص ۲۰۱ ،نمبر ۱۱۹۱/۵۳۴ ) اس حدیث میں ہے کہ حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ نے بغیر اذان اور اقامت کے نماز پڑھی ۔ (۲) صاحب ھدایہ نے جو اثر پیش کی اسکی عبارت اس طرح ہے ۔عن عکرمة قال : اذا صلیت فی منزلک أجزأک موء ذن الحی . ( مصنف ابن ابی شیبۃ ، من کان یقول تجزءان یصلی بغیر اذان ولا اقامۃ ، ج اول ،ص ۲۰۰ ،نمبر ۲۲۹۱ ) اس اثر میں ہے کہ گاؤں کی اذان تمکو کافی ہے۔

## ﴿باب شروط الصلوة التی تتقدمها﴾

(۲۳۱)یجب علی المصلی ان یقدم الطهارة من الاحداث والانجاس ﴾ ۱؎ علی ماقدمناه قال اللّٰہ تعالیٰ وثیابک فطهّر ۲؎ وقال اللّٰہ تعالیٰ وان کنتم جنبًافاطهروا (۲۳۲)ویستر عورته﴾

## ﴿باب شروط الصّلوٰۃ التی تتقدمہا﴾

**ضروری نوٹ:** شروط : شرط کی جمع ہے۔وہ فرائض جونماز سے پہلے ادا کئے جائیں۔جوفرائض نماز کے اندرلازم ہیں ان کو ارکان کہتے ہیں۔جیسے مصلی کا بدن پاک ہونا۔یہ شروط چھ ہیں (۱) بدن پاک ہونا حدث اورنجس دونوں سے (۲) جگہ پاک ہونا (۳) سترعورت ہونا (۴) کپڑا پاک ہونا (۵) نماز کی نیت کرنا (۶) قبلہ کی طرف متوجہ ہونا۔ تفصیل آگے آرہی ہے۔

## ﴿(۱) بدن پاک ہو (۲) جگہ پاک ہو﴾

**ترجمہ:** (۲۳۱) واجب ہے نماز پڑھنے والے پر کہ پہلے پاکی حاصل کرے حدث سے اورنجس سے۔جیسا کہ پہلے ہم نے بیان کیا۔

**تشریح:** حدث کی دوقسمیں ہیں۔حدث اصغر جیسے وضو کرنے کی ضرورت ہو اور حدث اکبر جیسے غسل کرنے کی ضرورت ہو جیسے جنابت ہو یا حیض یا نفاس سے پاک ہوئی ہو۔تو مصلی کو ان دونوں حدثوں سے پاک ہونا ضروری ہے۔حدث اصغر سے پاک ہونے کی دلیل یہ آیت ہے واذا قمتم الی الصلوة فاغسلوا وجوهکم وایدیکم الی المرافق الخ (آیت ۶ سورۃ المائدۃ ۵) اورحدث اکبر سے پاک ہونے کی دلیل یہ آیت ہے وان کنتم جنبا فاطهروا (آیت ۶ سورۃ المائدۃ ۵) اورنجس سے پاک ہونے کی دلیل یہ آیت ہے وثیابک فطهر (آیت ۴ سورۃ المدثر ۷۴) ظاہر ہے کہ کپڑے میں نجس لگی ہوتی ہے اس لئے نجس سے پاک ہونے کی دلیل اس آیت میں موجود ہے۔اس حدیث سے بھی اس کا پتہ چلتا ہے یا عمار انما یغسل الثوب من خمس من الغائط والبول والقیء والدم والمنی (دار قطنی ، باب نجاسۃ البول والامر بالتنزہ منہ ج اول ص ۱۳۴ نمبر ۴۵۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بدن، کپڑا اور مکان ان نجاستوں سے پاک ہونا ضروری ہے۔باقی تفصیل باب الانجاس میں دیکھیں۔

**ترجمہ:** ۱؎ اللہ تعالی نے فرمایا، کہ اے رسول اللہ ﷺ اپنے کپڑے کو پاک کرو۔

**ترجمہ:** ۲؎ اور اللہ تعالی نے فرمایا، کہ اگر تم جنبی ہو تو خوب خوب پاکی حاصل کرو۔۔دونوں آیتیں اوپر گزر گئیں۔

## ﴿(۳) سترعورت ہو﴾

**ترجمہ:** :(۲۳۲) مصلی اپنا سترعورت کرے۔

مرد یا عورت کا جو جو عضو عورت ہے نماز کی حالت میں انکا چھپانا ضروری ہے ورنہ نماز نہیں ہوگی۔عضو کی تفصیل آگے ہے۔

ا لقوله تعالیٰ خذوازینتکم عند کل مسجد ای مایواری عورتکم عند کل صلوٰۃ ۲ وقال علیہ السلام لا صلوٰۃ لحائض الا بخمار ای لبالغة (۲۳۳) وعورۃ الرجل ماتحت السرّۃ الی الرکبة

**وجه** : آیت میں ہے یا بنی آدم خذ وازینکم عند کل مسجد. (آیت ۳۱ سورۃ الاعراف ۷) اورحدیث میں ہے عائشة قال رسول الله ﷺ لا تقبل صلوۃ حائض الا بخمار ۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء لاتقبل صلوۃ المرأۃ الحائض الابخمار ص ۸۶ نمبر ۳۷۷ ابواب الصلوۃ /ابوداؤد شریف، باب المرأۃ تصلی بغیر خمار ص ۱۰۱ کتاب الصلوۃ نمبر ۶۴۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نمازی کوستر ڈھانکنا ضروری ہے۔

**ترجمه** : ا اللہ تعالی کا قول، ہرنماز کے وقت میں زینت اختیار کرو۔ یعنی نماز کے وقت اتنا کپڑا پہنو جوتمہاری ستر ڈھانک دے۔

**تشریح** : یا بنی آدم خذ وازینکم عند کل مسجد. (آیت ۳۱ سورۃ الاعراف ۷) اس آیت کا ظاہری مطلب یہ ہے کہ مسجد کے وقت زینت اختیار کرو۔ اسلئے اسکی تفسیر بتاتے ہیں کہ مسجد سے نماز مراد ہے، کہ نماز کے وقت زینت اختیار کرو یعنی اتنا کپڑا پہنو جو ستر ڈھانک دے۔

**ترجمه** : ۲ اور حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ حائضہ، یعنی بالغہ عورت کی نماز نہیں ہوتی مگر دوپٹے سے۔

**تشریح** : اوپر کی حدیث یہ ہے۔ عن عائشة قالت :قال رسول الله ﷺ :لا تقبل صلوۃ حائض الا بخمار ۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء لاتقبل صلوۃ المرأۃ الحائض الابخمار ص ۸۶ نمبر ۳۷۷ ابواب الصلوۃ /ابوداؤد شریف، باب المرأۃ تصلی بغیر خمار ص ۱۰۱ کتاب الصلوۃ نمبر ۶۴۱) یعنی آزاد عورت کا سر بھی عورت ہے اسلئے دوپٹہ اوڑھے گی تو نماز ہوگی ورنہ نہیں ہوگی۔

**ترجمه** : (۲۳۳) مرد کا ستر ناف کے نیچے سے گھٹنے تک ہے۔

**تشریح** : گھٹنا ستر میں داخل ہے اور ناف ستر میں داخل نہیں ہے اس لئے نماز میں ناف کھل جائے تو نماز نہیں ٹوٹے گی۔ لیکن اگر گھٹنا کا چوتھائی کھل جائے تو نماز ٹوٹ جائے گی۔

**وجه** : حدیث میں ہے کہ ناف ستر میں نہیں ہے اور گھٹنا ستر میں داخل ہے۔ سمعت علیا یقول قال رسول الله ﷺ الرکبة من العورۃ . (دار قطنی، باب الامر بتعلیم الصلوۃ والضرب علیها وحد العورۃ التی یجب سترها ج اول کتاب الصلوۃ ص ۲۴ نمبر ۸۷۸) (۲) عن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده قال قال رسول الله ﷺ مرو صبیانکم بالصلوۃ فی سبع سنین واضربوهم علیها فی عشر و فرقوا بینهم فی المضاجع واذا زوج احدکم خادمه من عبده او اجیره فلا ینظرون الی شیء من عورته فان کل شیء اسفل من سرته الی رکبته من عورته. (سنن للبیهقی، باب

لے لقولہ علیہ السلام عورة الرجل ما بین سرته الیٰ رکبته ویروی مادون سرته حتی تجاوز رکبته وبھذایتبین ان السرة لیست من العورة ۲ے خلافًا لمایقول الشافعیؒ

عورۃ الرجل ج ثانی ص۳۲۴ ،نمبر۳۲۲۵ ،دارقطنی ، باب الامر بتعلیم الصلوۃ والضرب علیھا وحد العورۃ التی یجب سترھا ص ۲۳۷ نمبر ۸۷۶ ) حضرت علیؓ کی حدیث میں تھا کہ گھٹنا ستر ہے۔اس لئے ابن شعیب کی حدیث میں الی رکبته کا ترجمہ گھٹنا سمیت کیا ہے۔ جیسے کہ وایدیکم الی المرافق کا ترجمہ کہنیوں سمیت کہا تھا۔اس لئے گھٹنا ستر میں داخل ہوگا۔اور عمر ابن شعیب کی حدیث اسفل من سرته ہے۔جس کا مطلب یہ ہے کہ ناف سے نیچے نیچے ستر ہے ناف ستر میں داخل نہیں ہے۔

**ترجمہ**: لے حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ مرد کا ستر عورت ناف سے لیکر گھٹنے تک ہے۔اور یہ بھی روایت کی جاتی ہے کہ ناف کے نیچے سے لیکر یہاں تک کہ دونوں گھٹنے تجاوز کر جائے۔اس سے ظاہر ہوا کہ ناف ستر عورت میں سے نہیں ہے۔

**تشریح** : یہ دونوں حدیثیں کئی حدیثوں کا مجموعہ ہیں۔اوپر وہ حدیثیں گزر گئیں۔مثلا ناف کے نیچے سے ستر شروع ہوتا ہے،اور خود ناف ستر میں سے نہیں ہے اسکے لئے یہ حدیث ہے۔ عن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده قال قال رسول الله ﷺ ... فلا ینظر الی مادون السرة و فوق الرکبة فان ما تحت السرة الی الرکبة من العورة . (دار قطنی ، باب الامر بتعلیم الصلوات والضرب علیھا وحد العورۃ التی یجب سترھا ص ۲۳۷ نمبر ۸۷۶ ،ابوداؤد شریف ، باب متی یؤمر الغلام بالصلوۃ ص ۷۸ نمبر ۴۹۶ ) اس حدیث میں ہے کہ ناف ستر نہیں ہے۔البتہ اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ گھٹنے سے اوپر ستر ہے،خود گھٹنہ ستر عورت نہیں ہے۔

اور گھٹنہ ستر عورت ہے اسکے لئے یہ حدیث گزری۔ سمعت علیا یقول قال رسول الله ﷺ الرکبة من العورة . (دار قطنی ، باب الامر بتعلیم الصلوۃ والضرب علیھا وحد العورۃ التی یجب سترھا ج اول کتاب الصلوۃ ص ۲۳ نمبر ۸۷۸ ) اس حدیث میں ہے کہ گھٹنہ ستر عورت میں سے ہے۔(۲) مسند احمد میں عبارت یہ ہے۔عن عمر وبن شعیب ....فلا ینظرن الی شیء من عورته ، فانما أسفل من سرته الی رکبتیه من عورته ۔ (مسند احمد ، مسند عبداللہ بن عمرو ، ج ثانی ، ص ۳۸۷ ،نمبر ۶۷۱۷ ) اس حدیث میں ہے کہ ناف کے نیچے سے ستر ہے اور گھٹنے تک ہے،یعنی گھٹنے سمیت ہے۔

**فائدہ ترجمہ**: ۲ے خلاف اسکے جو امام شافعیؒ فرماتے ہیں۔

**تشریح** : یعنی امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ ناف ستر ہے۔ممکن ہے کہ امام شافعیؒ کا یہ بھی ایک قول ہو۔ورنہ انکا اصل قول یہ ہے کہ ناف ستر عورت نہیں ہے۔موسوعۃ میں عبارت یہ ہے۔قال الشافعیؒ : و عورة الرجل ما دون سرته الی رکبتیه ، لیس سرته و لا رکبتاه من عورته . (موسوعۃ للامام شافعیؒ ، باب جماع لبس المصلی ، ج ثانی ، ص ۸۴ ،نمبر ۱۱۵۷ ) اس عبارت سے

٣ والركبة من العورة خلافاله ايضًا ٤ وكلمة الى نحملها علىٰ كلمة مع عملا بكلمة حتى وعملابقوله عليه السلام: الركبة من العورة

---

معلوم ہوا کہ انکے یہاں نہ ناف ستر ہے اور نہ گھٹنہ ستر ہے۔ اگر ناف ستر ہوتو یہ اثر دلیل بن سکتی ہے۔ عن ابی العلاء مولی الاسلميين ، قال : رأيت علياً يتزر فوق السرة ۔(سنن بیہقی، باب عورۃ الرجل، ج ثانی، ۳۲۸، نمبر ۳۲۴۹) اس اثر میں ہے کہ حضرت علیؓ ناف کے اوپر ازار باندھتے تھے، جسکا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ ناف ستر عورت ہے۔ اوپر کی حدیث انکے خلاف ہے۔

**ترجمہ**: ۳ اور گھٹنا ستر عورت ہے، اسکے خلاف بھی امام شافعیؒ ہیں۔

**تشریح** : اوپر گزرا کہ حنفیہ کے نزدیک گھٹنہ ستر عورت ہے، اسکی دلیل اوپر گزر گئی۔ اور امام شافعیؒ کے نزدیک گھٹنہ ستر عورت نہیں ہے۔

**وجہ** :ان کی دلیل یہ حدیث ہے عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده قال قال رسول الله ﷺ ... فلا ينظر الى مادون السرة و فوق الركبةفان ما تحت السرة الى الركبة من العورة . (دار قطنی، باب الامر بتعلیم الصلوات والضرب علیہا وحد العورۃ التی یجب سترھا ص ۲۳۷ نمبر ۸۷۶) (۲) ابو داود میں عبارت یہ ہے۔ عن عمرو بن شعيب .... فلا ينظر الى ما دون السرة و فوق الركبة ۔ (ابو داؤد شریف، باب متی یؤمر الغلام بالصلوۃ ص ۷۸ نمبر ۴۹۶) اس حدیث میں گھٹنا سے اوپر ستر کہا گیا ہے۔ اس لئے ان کے یہاں گھٹنا ستر نہیں ہے۔ (۲) دوسری حدیث میں ہے کہ حضورؐ کی ران کھلی ہوئی نظر آرہی تھی جسکا مطلب یہ ہوا کہ ران ستر عورت نہیں ہے تو گھٹنہ بدرجہ اولی ستر نہیں ہوگا، لمبی حدیث کا ٹکڑا یہ ہے۔ عن انس بن مالك ان رسول الله ﷺ غزا خيبر ....و ان ركبتي لتمس فخذ نبي الله ﷺ ثم حسر الازار عن فخذه حتى انى انظر الى بياض فخذنبي الله ﷺ ۔(بخاری شریف، باب ما یذکر فی الفخذ، ص ۵۳، نمبر ۳۷۱ / مسلم، باب غزوۃ خیبر ص ۸۰۳، نمبر ۱۳۶۵ / ۴۶۶۵) اس حدیث میں ہے حضورؐ کی ران نظر آرہی تھی تو گھٹنہ اس سے نیچے ہوتا ہے اسلئے وہ بدرجہ اولی کھلا رہا ہوگا جس سے معلوم ہوا کہ گھٹنہ ستر نہیں ہے۔۔ ہمارا جواب اوپر کی حدیث ہے الركبة من العورة . (دار قطنی، نمبر ۸۷۸)

**ترجمہ** : ۴ اور کلمہ۔الی۔ کو کلمہ۔مع۔ پر حمل کریں گے کلمہ۔حتی۔ پر عمل کرتے ہوئے، اور حضور علیہ السلام کا قول: (( الركبة من العورة )). پر عمل کرتے ہوئے۔

**تشریح** :ضرور صاحب ھدایہ کے ذہن میں مسند احمد، اور سنن بیہقی کی حدیث ہے جس میں الی رکبتہ، کا لفظ ہے۔ عن عمرو بن شعيب ....فلا ينظرن الى شيء من عورته ، فانما أسفل من سرته الى ركبتيه من عورته ۔(مسند احمد، مسند

(٢٣٣) وبدن الحرة كلها عورة الا وجهها و كفيها﴾ ١ لقوله ﷺ: المرأة عورة مستورة،

---

عبداللہ بن عمرو، ج ثانی، ص ٣٨٧، نمبر ١٧٦٧) اس حدیث میں الی رکبتہ، ہے، مصنف اس ۔الی۔ کا ترجمہ۔مع۔ کر رہے ہیں یعنی گھٹنے کے ساتھ ستر عورت ہے، کیونکہ حضرت علیؓ کی حدیث میں ہے کہ گھٹنہ بھی عورت ہے۔ سمعت عليا يقول قال رسول الله ﷺ الركبة من العورة . (دار قطنی، باب الامر بتعلیم الصلوۃ والضرب علیھا وحد العورۃ التی یجب سترھا ج اول کتاب الصلوۃ ص ٢٣ نمبر ٨٧٨) اسلئے۔الی۔مع۔ کے معنی میں ہوسکتا ہے۔البتہ حتی تجاوز رکبتیہ۔ کا جملہ مجھے نہیں ملا۔

**نوٹ**: ان احادیث کی وجہ سے حنفیہ کے بعض حضرات کا قول ہے کہ گھٹنا نماز میں کھل جائے تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔یہ بھی فرمایا کہ گھٹنا کا ستر ہلکا ہے اور ران کا اس سے زیادہ سخت ہے اور شرمگاہ کا ستر اس سے بھی زیادہ سخت ہے۔

**لغت**: السرۃ : ناف، الرکبۃ : گھٹنا۔

**ترجمہ**: (٢٣٣) آزاد عورت کا بدن کل کا کل ستر ہے سوائے اس کے چہرے اور اس کی دونوں ہتھیلیاں۔

**تشریح**: آزاد عورت کا چہرہ اور ہتھیلی ستر نہیں ہے۔یعنی اگر یہ نماز میں کھل جائے تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**وجہ**: آیت میں ہے ولا يبدين زينتهن الا ما ظهر منها۔ (آیت ٣١ سورۃ النور ٢٣) آیت کا مطلب یہ ہے کہ عورتیں اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں لیکن جو زینت خود بخود ظاہر ہو جائے اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔اور حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ چہرہ اور ہاتھ خود بخود ظاہر ہو جاتے ہیں اس لئے وہ ستر نہیں ہیں۔عن ابن عباس في قوله ولا يبدين زينتهن الا ماظهر، الآية قال الكحل و الخاتم (سنن للبیہقی، باب عورۃ المرأۃ الحرۃ، ج ثانی، ص ٣١٩، نمبر ٣٢١٦) اس اثر میں الکحل سے مراد سرمہ لگانے کی جگہ یعنی چہرہ ہے اور خاتم انگوٹھی پہننے کی جگہ یعنی ہاتھ مراد ہے۔کہ ہاتھ اور چہرہ کھلے ہوں تو یہ ستر نہیں ہیں (٢) ان دونوں کے ظاہر کرنے میں ضرورت بھی ہے اس لئے نماز میں یہ دونوں ستر نہیں ہیں (٢) حدیث میں ہے عن عائشة ... قال رسول الله ﷺ يا اسماء ان المرأة اذا بلغت المحيض لم يصلح لها ان يرى منها الا هذا وهذا واشار الى وجهه و كفيه. (ابوداؤد شریف، باب فی ماتبدی المرأۃ من زینتھا ج ثانی ص ٢٢٣ انمبر ٣١٠٣ کتاب اللباس) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آزاد عورت کا چہرہ اور ہتھیلی ستر نہیں ہیں۔

**ترجمہ**: ١ حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ عورت چھپی ہوئی ستر ہے۔

**تشریح**: اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ آزاد عورت کا پورا بدن ستر ہے۔حدیث یہ ہے۔ عن عبد الله عن النبي ﷺ قال : المرأة عورة ، فاذا خرجت استشرفها الشيطان ۔(ترمذی شریف، با استشراف الشیطان المرأۃ اذا خرجت، ص ٢٨٣، نمبر ١١٧٣) اس حدیث میں ہے کہ عورت ستر عورت ہے۔

۲ واستثناء العضوين للابتلاء بابدائهما ۳ قالؓ: وهذا تنصيص على ان القدم عورة ويروى انها ليست بعورة، وهو الاصح (۲۳۵) فان صلت وربع ساقها مكشوف اوثلثها تعيد الصلوٰة ﴾ ۱ عند ابى حنيفة ومحمد وان كان اقل من الربع لا تعيد

**ترجمہ**: ۲ اوردونوں عضو(ہاتھ اور چہرہ) کا استثناء ظاہر کرنے کی مجبوری کی وجہ سے ہے۔

**تشریح** : اوپر کی حدیث کہ عورت چھپا ہوا ستر ہے اس سے معلوم ہوا کہ عورت کا پورا عضو ستر ہے لیکن ہاتھ اور چہرے کو کھولنے کی مجبوری ہے، کیونکہ ہاتھ سے پکڑے گی اور چہرے سے دیکھے گی اسلئے ان دونوں کو کھولنے کی اجازت دی۔ اسکے لئے اوپر حدیث اور آیت گزر گئی۔

**ترجمہ**: ۳ مصنف فرماتے ہیں کہ یہ حدیث اس بات پر نص ہے کہ قدم ستر عورت ہے۔ اور ایک روایت یہ بھی ہے کہ عورت کا قدم ستر عورت نہیں ہے، اور صحیح یہی ہے۔

**تشریح** : عورت کا قدم نماز میں ستر ہے یا نہیں اس میں اختلاف ہے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ قدم کو ہتھیلی سے زیادہ کھولنے کی ضرورت ہے اس لئے ہتھیلی ستر نہیں ہے تو قدم بھی ستر نہیں ہونا چاہئے، پھر قدم بھی مقام زینت ہے۔ لیکن بعض دوسرے حضرات فرماتے ہیں کہ قدم ستر ہے اور وہ اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں عن ام سلمة انها سألت النبی ﷺ اتصلی المرأة فی درع وخمار ليس عليها ازار؟ قال اذا كان الدرع سابغا يغطی ظهور قدميها . (ابوداؤد شریف، باب فی کم تصلی المرأة ص ۱۰۱ کتاب الصلوة نمبر ۶۴۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورت کے دونوں قدم چھپے ہوئے ہوں تب ہی نماز جائز ہے۔ اس لئے عورت کے دونوں قدم ستر ہیں۔ (۲) اس اثر میں اسکی پوری وضاحت ہے۔ عن محمد ابن زيد بن قنفذ ، عن امه أنها سألت أم سلمة : ماذا تصلی فيه المرأة من الثياب ؟ فقالت : تصلی فی الخمار والدرع السابغ الذی يغيب ظهور قدميها . (ابوداؤد شریف، باب فی کم تصلی المرأة ص ۱۰۱ کتاب الصلوة نمبر ۶۳۹) اس اثر میں ہے کہ عورت کے قدم کا اوپر کا حصہ چھپ جائے جسکا مطلب ہے کہ قدم کے اوپر کا حصہ ستر عورت ہے۔

**نوٹ**: ان احادیث اور ضرورت کی وجہ سے بعض علماء فرماتے ہیں کہ نماز میں ستر ہیں لیکن باہر ستر نہیں ہیں۔

**ترجمہ**: (۲۳۵) پس اگر اس حال میں نماز پڑھی کہ عورت کی چوتھائی پنڈلی کھلی ہوئی تھی، یا ایک تہائی کھلی ہوئی تھی تو نماز لوٹائے گی۔

**ترجمہ**: ۱ امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک، اور اگر چوتھائی سے کم ہو تو نہیں لوٹائے گی۔ (یہ عبارت جامع صغیر، باب فی صلوة المرأة وربع ساقیہا مکشوف، ص ۸۲، کی ہے)

۲؎ وقال ابویوسفؒ لاتعید. ان کان اقل من النصف لان الشئ انما یوصف بالکثرۃ اذا کان مایقابله اقل منه اذهما من اسماء المقابلة

**تشریح** : عورت کی پنڈلی ستر عورت ہے۔ اسلئے اگر اسکی چوتھائی، یا تہائی کھل گئی تو نماز نہیں ہوئی اسلئے نماز دوبارہ پڑھے گی۔ اور اگر چوتھائی سے کم کھلی تو نماز ہو جائے گی، اتنا معاف ہے۔

**وجه** : یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ ستر عورت کثیر کھل جائے تو نماز نہیں ہوگی دہرانی پڑے گی۔

پھر کثیر ہونے میں چار اقوال ہیں (۱) چوتھائی عضو کثیر ہے۔ اور اس حدیث کے اشارۃ النص سے استدلال فرمایا کہ چوتھائی سر مسح کرنے کو پورا سر کافی سمجھا گیا۔ حدیث یہ ہے۔ عن عروۃ بن المغیرۃ بن شعبة، عن ابیه قال : تخلف رسول اللہ ﷺ و تخلفت معه، فلما قضی حاجته ..... ومسح بناصیته، و علی العمامة، و علی خفیه، (مسلم شریف، باب المسح علی الناصیۃ، والعمامۃ، ص ۱۳۴ نمبر ۲۷۴/۶۳۳، ابو داود شریف باب المسح علی الخفین، ص ۲۲ نمبر ۱۵۰) اس حدیث میں پورے سر کے بجائے پیشانی کی مقدار، یعنی چوتھائی سر مسح کر لینا کافی قرار دیا۔

امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک چار مقامات پر چوتھائی کو کل کے درجے میں رکھا گیا ہے (۱) ستر عورت، (۲) سر کے مسح، (۳) اور احرام کی حالت میں سر کے حلق کرانے میں چوتھائی عضو پورے عضو کے درجے میں ہے۔ چنانچہ احرام کی حالت میں چوتھائی سر منڈوالیا تو گویا کہ پورا سر منڈوالیا، اور پورے سر کا دم دینا پڑے گا۔ (۴) چوتھائی کپڑا پاک ہے اور تین چوتھائی ناپاک ہے اور دوسرا کپڑا نہیں ہے تو چوتھائی پاک کو پورا کپڑا پاک مانا جائے گا، اور اس کپڑے کو پہن کر نماز پڑھنی ہوگی۔

(۲) تہائی عضو کھل جائے تو یہ کثیر ہے۔ اور استدلال اس حدیث سے فرمایا کہ: تہائی مال وصیت کرے تو اسکو حدیث میں کثیر فرمایا ہے جس سے معلوم ہوا کہ تہائی بھی کثیر ہے اسلئے تہائی عضو کے کھلنے سے نماز لوٹائی جائے گی۔ حدیث یہ ہے۔ عن عامر بن سعد عن ابیه قال : مرض مرضا ..... قال : الثلث، قال: ((الثلث، الثلث کثیر)) (ابو داود شریف، باب ماجاء فیما یجوز للموصی فی ماله، ص ۴۱۶، نمبر ۲۸۶۴) اس حدیث میں تہائی کو کثیر کہا ہے اسلئے تہائی عضو کے کھلنے سے امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک نماز نہیں ہوگی۔

**اصول** : ستر عورت میں چوتھائی عضو پورے عضو کے درجے میں ہے۔ یا تہائی عضو پورے عضو کے درجے میں ہے۔

(۳) تیسرا قول امام ابو یوسفؒ کا ہے کہ آدھا کثیر ہے، کیونکہ برابر ہو گیا تو وہ قلیل کی حد سے نکل گیا تو گویا کہ کثیر ہو گیا۔

(۴) چوتھا قول بھی امام ابو یوسفؒ کا ہے کہ آدھا سے زیادہ ہو گیا تو اب کثیر ہو گیا۔ کیونکہ کھلا ہوا حصہ آدھا سے زیادہ ہو گیا تو چھپا ہوا حصہ کم رہ گیا، اسلئے کھلا ہوا حصہ کثیر ہو گیا۔

**ترجمه** : ۲؎ اور امام ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ اگر آدھے سے کم ہو تو نماز نہیں لوٹائے گی۔ کیونکہ کسی چیز کو زیادہ بیان کرتے ہیں

۳؎ وفی النصف عنه روایتان فاعتبر الخروج عن حدالقلة ۴؎ اوعدم الدخول فی ضده ۵؎ ولهما الربع یحکی حکایة الکمال کما فی مسح الراس والحلق فی الاحرام ومن رأی وجه غیره یخبر عن رؤیته وان لم یر الاحد جوانبه الاربعة

---

جبکہ اسکے مقابلے میں اس سے کم ہو۔اسلئے کہ کم،اورزیادہ مقابلہ کے ناموں میں سے ہیں۔

**تشریح** :حضرت امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ آدھی پنڈلی سے کچھ کم کھلی ہوئی ہوتو نماز ہوجائے گی،لوٹانے کی ضرورت نہیں،انکا اصول یہ ہے کہ کثیر کھلے تب نماز نہیں ہوگی،اور کثیر اس وقت کہتے ہیں جب آدھے سے زیادہ ہو،اگر دونوں طرف آدھا آدھا ہے تو برابر ہوا،تو کم سے کم برابر ہوتو نماز ٹوٹے گی،اسلئے آدھے سے کم پنڈلی کھلی تو نماز نہیں ٹوٹے گی۔کیونکہ کثیر اور قلیل یہ ایک دوسرے کے مقابلے کی چیز ہے۔

**ترجمہ**: ۳؎ اورآدھے کے کھلنے میں حضرت امام ابو یوسفؒ سے دوروایتیں ہیں۔پس اعتبار کیا نکلنے کا قلت کی حد سے۔

**تشریح** :آدھا عضو کھل گیا تو امام ابو یوسفؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ نماز ٹوٹ گئی۔اسکی وجہ یہ ہے کہ جب دونوں طرف برابر برابر ہیں تو کھلا ہوا حصہ قلیل نہیں رہا ،وہ قلت کی حد سے نکل گیا،اور جب قلت کی حد سے نکل گیا تو گویا کہ وہ کثیر ہوگیا۔تو اس صورت میں امام ابو یوسفؒ نے قلت کی حد سے نکلنے کا اعتبار کر کے کثیر کہہ دیا۔(فاعتبر الخروج عن حد القلة ) کا یہی مطلب ہے،کہ جب کھلا ہوا حصہ آدھا ہوگیا تو وہ اب قلیل نہیں رہا،قلیل کے حد سے نکل کر گویا کہ کثیر کی حد میں آگیا۔

**ترجمہ**: ۴؎ یا اسکی ضد میں داخل نہ ہونے کا اعتبار کیا۔

**تشریح**: اور دوسری روایت یہ ہے کہ آدھا عضو کے کھلنے سے نماز نہیں ٹوٹے گی،کیونکہ ابھی تو دونوں طرف برابر برابر ہوئے، کثیر کہاں ہوا اس سے تھوڑا سا زیادہ کھلے گا تب نماز ٹوٹے گی۔کیونکہ جب آدھا سے زیادہ کھلے گا تو چھپا ہوا حصہ آدھا سے کم رہ جائے گا اس وقت کھلا ہوا حصہ کثیر ہوا اب نماز ٹوٹے گی۔تو برابر،برابر ہونے سے قلیل کی ضد کثیر میں داخل نہیں ہوا،جب آدھا سے زیادہ ہوجائے گا تب قلیل کی ضد یعنی کثیر میں داخل ہوگا ( او عدم الدخول فی ضده ) کا یہی مطلب ہے۔کہ جب تک برابر ،برابر ہے تو قلیل کی ضد یعنی کثیر میں داخل نہیں ہوا،اور جب کثیر نہیں ہوا تو نماز نہیں ٹوٹے گی۔اور جب آدھے سے زیادہ کھلے گا تب قلیل کی ضد یعنی کثیر میں داخل ہوگا اور تب جا کر نماز ٹوٹے گی۔

**اصول** : (۱) نصف کثیر ہے۔(۲) نصف سے زیادہ ہو تب کثیر ہے۔

**ترجمہ**: ۵؎ امام ابو حنیفہؒ اور امام محمد کی دلیل یہ ہے کہ چوتھائی بھی کبھی پورا مانا جاتا ہے،جیسے (۱) سر کے مسح میں،(۲) احرام کی حالت میں سر منڈوانے میں،(۳) کسی نے دوسرے کے چہرے کو دیکھا تو اسکے بارے میں بتاتے ہیں کہ پورے آدمی کو دیکھا،

(۲۳۶) والشعر، والبطن، والفخذ كذالک ﴾ ۱ يعني على هذا الاختلاف لان كل واحد عضو على حدة

---

حالانکہ چار جانب میں سے صرف ایک ہی جانب کو دیکھا ہے۔

**تشریح** : یہاں تین مثالیں ہیں جہاں جو حکم کل کا ہے وہی حکم چوتھائی کا ہے (۱) سر کے مسح میں چوتھائی سر کا مسح کر لیں تو پورے کا مسح شمار کیا جاتا ہے، جس سے معلوم ہوا کہ چوتھائی کا حکم کل کا حکم ہے۔ (۲) احرام کی حالت میں پورا سر منڈوائیں تب بھی ایک دم یعنی ایک بکرا دینا پڑتا ہے، اور چوتھائی سر منڈوائیں تب بھی ایک ہی دم دینا پڑتا ہے، جس سے معلوم ہوا کہ یہاں بھی چوتھائی کل کے حکم میں ہے۔ (۳) آدمی کے چہرے کے چار جانب ہوتے ہیں۔ دائیں، بائیں، سامنے کا حصہ، اور ٹھوڑی سے نیچے کا حصہ۔ لیکن ان چاروں جانب میں سے ایک جانب کو دیکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ پورے چہرے کو دیکھا، جس سے معلوم ہوا کہ ایک جانب جو پورے چہرے کی چوتھائی ہے پورے چہرے کے درجے میں ہے۔ اسی طرح ستر عورت میں چوتھائی ستر کا کھلنا پورے ستر کے کھلنے کے درجے میں ہے۔ یعنی چوتھائی ستر کے کھلنے سے ہی نماز ٹوٹ جائے گی۔

**لغت** : ساق: پنڈلی۔ مکشوف: کھلا ہوا۔ تعید: عاد سے مشتق ہے، لوٹانا۔ الربع یحکی حکایۃ الکمال: چوتھائی پورے کی حکایت کرتی ہے، یعنی چوتھائی ہی کو کل مان لیتے ہیں۔ الحلق: سر منڈوانا۔

**ترجمہ**: (۲۳۶) اور بال اور پیٹ اور ران کے بارے میں بھی اسی طرح اختلاف ہے۔ یہ عبارت جامع صغیر، باب فی صلوۃ المراۃ وربع ساقها مکشوف، ص ۸۲، کی ہے۔

**ترجمہ**: ۱ یعنی اسی اختلاف پر ہے کیونکہ یہ عضو بھی الگ الگ ہیں۔

**تشریح** : یہ تو طے ہے کہ آزاد عورت کا بال، اور پیٹ، اور ران ستر عورت ہے اور اسکے کھلنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے، البتہ کتنا کھلنے سے نماز ٹوٹے گی اس بارے میں اوپر والا اختلاف ہے۔ یعنی امام ابو حنیفہؒ، اور امام محمدؒ کے نزدیک بال، یا پیٹ، یا ران کی چوتھائی کھل جائے تو نماز ٹوٹ جائے گی، یا تہائی کھل جائے تو نماز ٹوٹ جائے گی۔ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک آدھا، یا آدھا سے زیادہ کھل جائے تو نماز ٹوٹ جائے گی۔ اور بال اور پیٹ، اور ران الگ الگ عضو ہیں، اسلئے بال کی چوتھائی کھلے گی تو نماز ٹوٹ جائے گی۔ اسی طرح پیٹ کی چوتھائی کھلے گی تو نماز ٹوٹ جائے گی، اسی طرح ران کی چوتھائی کھلے گی تو نماز ٹوٹ جائے گی۔

آزاد عورت کی ہتھیلی اور چہرے کے علاوہ پورا بدن ستر عورت ہے اسکی دلیل یہ حدیث گزر چکی ہے۔ عن عائشة ... قال رسول الله ﷺ يا اسماء ان المرأة اذا بلغت المحيض لم يصلح لها ان يرى منها الا هذا وهذا واشار الى وجهه

۲ والمراد به النازل من الرأس، هو الصحيح ۳ وانما وضع غسله في الجنابة لمكان الحرج

و كفيه. (ابوداؤد شریف، باب فی ماتبدی المرأۃ من زینتھا ج ثانی ص ۲۲۳ نمبر ۴۱۰۴ کتاب اللباس) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آزاد عورت کا چہرہ اور ہتھیلی کے علاوہ پورا بدن ستر عورت ہے، اور پیٹ بھی ستر عورت ہے۔

اور بال ستر عورت ہے اسکی دلیل یہ حدیث ہے (۱)۔ عن عائشة عن النبي ﷺ أنه قال : لا يقبل الله صلاة حائض الا بخمار ابوداودشریف، باب المرأۃ تصلی بغیر خمار، ص ۱۰۱، نمبر ۶۴۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بغیر اوڑھنی کے نماز جائز نہیں، اسکا مطلب یہ ہے کہ سر اور بال ستر ہے۔ (۲) عن أم سلمة قالت : لما نزلت ﴿يدنين عليهن من جلا بيبهن﴾ خرج نساء الانصار كأن على رؤ سهن الغربان من الاكسية۔ (ابوداودشریف، باب فی قول اللہ تعالی یدنین علیھن من جلابیبھن، ص ۵۶۶، نمبر ۴۱۰۱) اس حدیث میں ہے کہ انصار کی عورتیں سر پر اتنا کپڑا باندھتی تھیں کہ کوا سا بیٹھا معلوم ہوتا تھا، جس سے معلوم ہوا کہ سر اور بال ستر عورت ہے۔

اور ران ستر عورت ہے اسکی دلیل یہ حدیث ہے . كان جرهد هذا من أصحاب الصفة أنه قال : جلس رسول الله ﷺ عند نا و فخذی منكشفة فقال : أما علمت أن الفخذ عورة . (ابوداودشریف، باب النہی عن التعری، ص ۵۶۷، نمبر ۴۰۱۴ ربخاری شریف، باب مایذکر فی الفخذ، ص ۵۳، نمبر ۳۷۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ران ستر عورت ہے۔

**ترجمہ**: ۲ اور بالوں سے مراد وہ ہیں جو سر سے نیچے لٹکتے ہوئے ہوں، صحیح یہی ہے۔

**تشریح**: جو بال سر کے ساتھ ہے وہ تو ستر عورت ہے ہی، لیکن جو بال سر سے نیچے لٹک رہا ہے وہ بھی ستر عورت ہے، اور اسکی بھی چوتھائی کھل جائے تو نماز ٹوٹ جائے گی۔ صحیح بات یہی ہے۔ یہ اثر اسکی دلیل ہے۔ عن عكرمة قال : لو أخذت المرأة ثوبا فتقنعت به حتى لا يرى من شعرها شيء أجزأ عنها مكان الخمار ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب فی کم تصلی المرأۃ من الثیاب، ج ثالث، ص ۱۲۹، نمبر ۵۰۴۳) اس اثر میں ہے کہ پورا بال چھپ جائے تب نماز جائز ہے، جس سے معلوم ہوا کہ لٹکتا ہوا بال بھی ستر عورت ہے۔

بعض حضرات نے فرمایا کہ سر کے ساتھ جو لگا ہوا بال ہے وہ ستر عورت ہے، اور جو بال سر سے نیچے لٹکا ہوا ہے اسکے بارے میں دو روایتیں ہیں۔ ایک روایت میں ہے کہ وہ ستر عورت نہیں ہے۔ اور دوسری روایت میں ہے کہ وہ ستر عورت ہے۔

**ترجمہ**: ۳ اور جنابت میں اسکا دھونا ساقط کیا گیا ہے حرج کی وجہ سے۔

**تشریح**: یہ جملہ ایک اشکال کا جواب ہے۔ اشکال یہ ہے کہ لٹکتا ہوا بال ستر عورت ہے اور جسم کا حصہ ہے تو عورت کو کیوں کہا گیا کہ جنابت کے غسل میں اسکو نہ بھی دھوو تو غسل ہو جائے گا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ نہ ستر ہے اور نہ وہ جسم کا حصہ شمار کیا گیا ہے۔ اسکا جواب یہ ہے کہ وہ جسم کا حصہ ہے لیکن اسکو بار بار دھونے میں عورت پر حرج ہے اسلئے جنابت میں اسکا دھونا ساقط کر دیا گیا ہے

٤ والعورة الغلیظة علیٰ هذا الاختلاف ٥ والذکر یعتبر بانفراده وکذا الانثیان، وهذا هو الصحیح دون الضم (٢٣٧)وما کان عورة من الرجل فهو عورة من الامة وبطنها وظهرها عورة وما سوی ذٰلک من بدنها لیس بعورة﴾

**ترجمه**: ٤ پیشاب اور پیخانے کا مقام بھی اسی اختلاف پر ہے۔

**تشریح**: عورت غلیظہ سے مراد پیشاب اور پیخانے کا مقام ہے۔ یہ دونوں بھی الگ الگ ستر ہیں۔ اور امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک چوتھائی کھلنے سے نماز ٹوٹ جائے گی، اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک آدھا، یا آدھا سے زاید کھلنے سے نماز ٹوٹے گی۔

**ترجمه**: ٥ ذکر کا اعتبار الگ ہے، اور ایسے ہی دونوں خصیوں کا اعتبار الگ ہے۔ یہی صحیح ہے۔ دونوں کو ملا کر ایک عضو نہیں ہے۔

**تشریح**: عضو تناسل اور دونوں خصیوں کو ملا کر ایک عضو شمار نہیں کیا جائے گا۔ بلکہ عضو تناسل الگ عضو ہے۔ اور اسکی چوتھائی کھلے گی تو نماز ٹوٹ جائے گی، اور دونوں خصیے ملا کر الگ عضو ہے، ان دونوں کی چوتھائی کھلے گی تو نماز ٹوٹ جائے گی۔ صحیح بات یہی ہے۔ بعض حضرات نے فرمایا کہ تینوں کو ملا کر ایک عضو ہے، یہ بات صحیح نہیں ہے۔

**ترجمه**: (٢٣٧) مرد کے جتنے اعضاء ستر ہیں وہ باندی کے بھی ستر ہیں اور اس کا پیٹ اور اس کی پیٹھ ستر ہیں اور اس کے علاوہ اس کے بدن میں سے ستر نہیں ہے۔

**تشریح**: باندی کے کندھے سے لیکر گھٹنے تک ستر ہیں۔ لیکن سر، گردن، بازو، پنڈلی اور پاؤں ستر نہیں ہیں۔

**وجه**: باندی مولی کے کام کے لئے باہر نکلتی ہے اس لئے ان اعضاء کو ستر قرار دینے سے حرج لازم ہوگا۔ اس لئے یہ اعضاء ستر نہیں ہیں۔ نماز میں یہ اعضاء کھل جائیں تو نماز فاسد نہیں ہوگی (۲) ان صفیة بنت ابی عبید حدثته قالت خرجت امرأة مختمره متجلببة فقال عمر من هذه المرأة فقیل له هذه جاریة لفلان رجل من بنیه فارسل الی حفصة فقال ما حملک علی ان تخمری هذه الامة و تجلببیها تشبهیها بالمحصنات حتی هممت ان اقع بها لا احسبها الا من المحصنات لاتشبهوا الاماء بالمحصنات (سنن للبیهقی، باب عورة الامة، ج ثانی، ص ٣٢٠، نمبر ٣٢٢١) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ باندی کا ستر اتنا نہیں ہے جتنا آزاد عورت کا ہے۔ لیکن پستان اور سینہ موضع شہوت ہیں اس لئے وہ تمام جگہیں ستر میں شامل ہونگی۔ (۲) اس اثر سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ باندی کا سر ستر عورت نہیں ہے۔ عن الشعبی عن شریح قال: تصلی الامة بغیر خمار، تصلی کما تخرج۔ (مصنف عبد الرزاق، باب الخمار، ج الثالث، ص ١٣٥، نمبر ٥٠٥٦) اس اثر میں ہے کہ بغیر اوڑھنی کے نماز پڑھ سکتی ہے جسکا مطلب یہ ہے کہ اسکا سر ستر عورت نہیں ہے۔

**۱** لقوله عمرؓ الق عنکِ الخمار یاد فارُ اتتشبهین بالحرائر **۲** ولانها تخرج لحاجة مولاها فی ثیاب مهنتها عادة فاعتبر حالها بذوات المحارم فی حق جمیع الرجال دفعًا للحرج

**ترجمه** : ۱ حضرت عمرؓ کے قول کی وجہ سے اے گندی اپنے سے اوڑھنی ہٹادے، کیا تو آزاد عورتوں کے ساتھ مشابہت کرنا چاہتی ہے۔

**تشریح** : اثر یہ ہے۔عن انس أن عمر ضرب أمة لآل انس رآها متقنعة ، قال : اکشفی رأسک لا تشبهین بالحرائر ۔(مصنف عبدالرزاق، باب الخمار، ج الثالث ،ص ۱۳۶، نمبر ۵۰۶۴) اس اثر میں ہے کہ سر پر کپڑا ڈالنے سے حضرت عمرؓ باندیوں کو روکتے تھے، جس سے معلوم ہوا کہ اسکا سر ستر عورت نہیں ہے۔

باندی کا سر ستر عورت تو نہیں ہے پھر بھی سر پر کپڑا رکھ کر نماز پڑھنی چاہئے۔حضورؐ کے زمانے میں باندیاں سر پر کپڑا رکھ کر نماز پڑھا کرتی تھیں۔اثر یہ ہے۔عن ابن جریج قال : قلت لعطاء : أتصلی المرأة فی درّاعة ؟ قال : نعم ! أخبرت أن الاماء علی عهد رسول الله ﷺ و بعده کن لا یصلین حتی تجعل احداهن أزارها علی رأسها متقنعة ، أو خمارا ، أو خرقة یغیب فیها رأسها ۔(مصنف عبدالرزاق، باب الخمار، ج الثالث ،ص ۱۳۶، نمبر ۵۰۶۴) اس اثر میں ہے کہ باندی بغیر کپڑا سر پر لئے نماز نہیں پڑھتی تھی ۔۔ یہ تو جاسوسی نہ کرے اور آزاد عورتوں کا تشبہ اختیار نہ کرے اسلئے حضرت عمرؓ روکتے تھے۔

**باندی کو مارنے کی وجه** : حضرت عمرؓ باندیوں کو بے پردہ کرنا نہیں چاہتے تھے لیکن جو باندیاں آزاد عورت کی طرح چادر میں اپنے آپ کو چھپا کر آزاد عورت کی مشابہت اختیار کرتی تھی اس مشابہت سے باندیوں کو روکتے تھے، یا ڈانٹتے تھے، خصوصا اگر باندی غیر مسلمہ ہو اور آزاد عورت کی طرح باہر نکلے تو لوگ اسکو سلام کریں گے اور اسلامی آداب بجالائیں گے جو اسلامی حکومت میں صحیح نہیں ہے اسلئے حضرت عمر روکتے تھے۔دوسری وجہ یہ ہے کہ بعض مرتبہ غیر مسلمہ باندی آزاد عورت کا لباس پہن کر امہات المؤمنین کے گھروں میں آتی اور جاسوسی کرتی تھی ، اور یہ سمجھ کر کہ یہ آزاد عورت ہے کوئی اسکو روکتا نہیں تھا اسلئے حضرت عمرؓ نے باندیوں کو آزاد کی طرح کپڑا پہننے سے منع فرمایا۔لمبے اثر کا ٹکڑا یہ ہے۔أن صفیة بنت ابی عبید حدثته أن عمر رأی ۔ هو یخطب الناس ۔ أمة خرجت من بیت حفصة تجوس الناس ملتبسة لباس الحرائر ....فقد دخلت علیک و لا أراها الا حرة فأردت أن أعاقبها ۔(مصنف عبدالرزاق، باب الخمار، ج الثالث ،ص ۱۳۶، نمبر ۵۰۶۲) اس اثر میں ہے کہ باندی آزاد کا لباس پہن کر جاسوسی کرتی تھی اسلئے آزاد کا لباس پہننے سے منع فرمایا انکا مقصد باندیوں کو بے پردہ کرنا نہیں تھا۔

**ترجمه** : ۲ اور اسلئے کہ وہ اپنے آقا کی خدمت کے لئے عام طور پر خدمتی کپڑے میں نکلے گی اسلئے اسکا حال تمام مردوں کے حق میں ذی رحم محرم کا اعتبار کیا گیا، حرج کو دفع کرنے لئے۔

**(۲۳۸) قال ولو لم یجد ما یزیل بہ النجاسۃ صلی معہا ولم یُعد** ﴾ ۱ وھذا علیٰ وجھین ۲ ان کان ربع الثوب اواکثر منہ طاھرًا یصلی فیہ ولوصلی عریانا لایجزیہ لان ربع الشیٔ یقوم مقام کلہ

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ باندی آقا کی ضرورت کے لئے عموما خدمتی کپڑے میں باہر نکلتی ہے اور خدمتی کپڑا کندھے سے لیکر گھٹنے تک ہوتا ہے تو جس طرح بار بار ذی رحم محرم مردوں کے سامنے آنے کی وجہ سے ذی رحم محرم عورتوں کا ستر کندھے سے لیکر گھٹنے تک قرار دیا، اسی طرح بار بار بازار جانے کی وجہ سے باندی کا ستر اجنبی مردوں کے سامنے کندھے سے لیکر گھٹنے تک قرار دیا تا کہ باندیوں کو آقا کی خدمت کے لئے بازار جانے میں حرج نہ ہو۔

**نوٹ**: خالص باندی : مدبرہ، ام ولد سب خالص باندی میں شامل ہیں۔

## ﴿(۴) کپڑا پاک ہو﴾

**ترجمہ**: (۲۳۸) اگر کوئی ایسی چیز نہ پائے جس سے نجاست زائل کر سکے تو ایسی نجاست کے ساتھ ہی نماز پڑھے گا اور بعد میں نہیں لوٹائے گا۔

**تشریح**: کپڑے پر یا جسم پر نجاست لگی ہوئی ہے لیکن نجاست کو زائل کرنے کے لئے اور اس کو دھونے کے لئے اس کے پاس پانی یا بہنے والی چیز نہیں ہے تو وہ اس کپڑے میں اور اسی جسم کے ساتھ نماز پڑھ لے گا۔

**وجہ**: اس کی طاقت میں اس سے زائد نہیں ہے اور شریعت طاقت سے زیادہ مکلّف نہیں بناتی۔ اس لئے اس کی نماز جائز ہو جائے گی۔ لوٹانے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ (۲) آیت تیمّم میں ہے کہ بیوی سے صحبت کرے اور پانی نہ پائے تو تیمّم کرے، ظاہر ہے کہ نجاست تو اسکے جسم پر لگی رہی لیکن پانی نہ ہونے کی وجہ سے نجاست کے ساتھ ہی نماز پڑھنے کا حکم دیا گیا۔ اسی طرح کپڑا دھونے کے لئے پانی نہ ہو، اور کوئی دوسرا کپڑا بھی نہ ہو تو اسی کپڑے کے ساتھ نماز پڑھنا جائز ہوگا۔ آیت تیمّم یہ ہے۔ **و ان کنتم جنبا فاطھروا و ان کنتم مرضیٰ أو علی سفر أو جاء أحد منکم من الغائط او لٰمستم النساء فلم تجدو ماء فتیمموا صعیدا طیبا فامسحوا بوجوھکم وایدیکم منہ ما یرید اللہ لیجعل علیکم من حرج و لکن یرید لیطھرکم و لیتم نعمتہ علیکم لعلکم تشکرون** ۔ (آیت ۶ سورۃ المائدۃ ۵) اس آیت میں حرج کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔ اور نماز لوٹانے کی ضرورت اسلئے نہیں ہے کہ جس وقت میں جو حکم تھا وہی اس نے پورا کر دیا اسلئے نماز دہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔

**ترجمہ** : ۱ کپڑا ناپاک ہونے کی دو صورتیں ہیں۔

**تشریح** : کپڑا کتنی مقدار ناپاک ہے اسکی دو صورتیں ہیں۔ (۱) چوتھائی کپڑا، یا اس سے زیادہ پاک ہو، اور باقی ناپاک ہو اس صورت میں کپڑا پہن کر نماز پڑھنا ہوگا، ننگا ہو کر نماز پڑھنا کافی نہیں ہے۔ (۲) دوسری صورت یہ ہے کہ چوتھائی سے کم پاک ہے اور

۳ وان کان الطاھر اقل من الربع فکذلک عند محمدؒ وھو احد قولی الشافعیؒ لان فی الصلوٰۃ فیه ترک فرض واحدوفی الصلوٰۃعریانا ترک الفروض ۴ وعندابی حنیفةؒ وابی یوسفؒ یتخیربین ان

تین چوتھائی سے زیادہ ناپاک ہے، اس صورت میں امام محمدؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک کپڑا پہن کر ہی نماز پڑھے، اور امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک اختیار ہے چاہے کپڑا پہن کر نماز پڑھے، اور چاہے تو ننگا نماز پڑھے۔ تفصیل آگے ہے۔

(ب) اگر چوتھائی کپڑا، یا اس سے زیادہ پاک ہے تو اسی میں نماز پڑھے، اور اگر ننگا ہو کر نماز پڑھی تو اسکو کافی نہیں ہوگی، اسلئے کہ چوتھائی چیز کل کے قائم مقام ہے۔

**تشریح**: یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ چوتھائی چیز کل کے درجے میں ہے۔ اسلئے چوتھائی کپڑا پاک ہے تو گویا کہ پورا کپڑا پاک ہے اسلئے اسکے بغیر ننگا ہو کر نماز پڑھے گا تو نماز نہیں ہوگی۔ چوتھائی کپڑا پاک ہے تو گویا کہ پورا کپڑا پاک ہے۔ اس حدیث کے اشارۃ النص سے استدلال فرمایا کہ چوتھائی سر مسح کرنے کو پورا سر کافی سمجھا گیا۔ حدیث یہ ہے۔ عن عروۃ بن المغیرۃ بن شعبة، عن ابیه قال: تخلف رسول اللہ ﷺ و تخلفت معه، فلما قضی حاجته ..... ومسح بناصیته، و علی العمامة، و علی خفیه، (مسلم شریف، باب المسح علی الناصیۃ، والعمامۃ، ص ۱۳۴ نمبر ۲۷۴/۶۳۳، ابو داود شریف باب المسح علی الخفین، ص ۲۲ نمبر ۱۵۰) اس حدیث میں پورے سر کے بجائے پیشانی کی مقدار، یعنی چوتھائی سر مسح کر لینا کافی قرار دیا۔ اس لئے چوتھائی کپڑا پاک ہے تو گویا کہ پورا کپڑا پاک ہے، اسلئے اس کے بغیر نماز پڑھنا کافی نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۳ اور اگر چوتھائی سے کم پاک ہو تو ایسے ہی کپڑا پہننا پڑے گا امام محمدؒ، اور امام شافعیؒ کے دو قول میں سے ایک میں، اسلئے کہ ناپاک کپڑے میں نماز کی صورت میں ایک فرض (طہارت) کو چھوڑنا ہے، اور ننگے نماز پڑھنے میں بہت سے فرضوں کو چھوڑنا ہے۔

**تشریح**: اگر چوتھائی کپڑے سے کم پاک ہے پھر بھی امام محمدؒ اور امام شافعیؒ کے ایک قول میں یہی ہے کہ یہ ناپاک کپڑا پہن کر ہی نماز پڑھنی ہوگی۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ اگر ناپاک کپڑا پہن کر نماز پڑھتے ہیں تو صرف ایک فرض چھوٹے گا کہ پاکی نہیں ہوگی۔ اور ننگا نماز پڑھے گا تو چار فرض چھوڑنا ہوگا (۱) قیام چھوڑے گا کیونکہ ننگا آدمی بیٹھ کر نماز پڑھے گا، کیونکہ قیام کرے گا آگے پیچھے سب کو نظر آئے گا (۲) رکوع چھوڑے گا کیونکہ ننگا آدمی رکوع کا اشارہ کر کے نماز پڑھے گا، (۳) سجدہ چھوڑے گا کیونکہ ننگا آدمی سجدے کا اشارہ کر کے نماز پڑھے گا، کیونکہ اگر سجدے میں گیا تو اسکا پچھلا حصہ سب کو نظر آئے گا، (۴) خود ستر عورت کو چھوڑا کیونکہ ننگا ہو کر نماز پڑھ رہا ہے۔ اسلئے چار فرضوں کو چھوڑنے کے بجائے صرف طہارت کو چھوڑے اور ناپاک کپڑا پہن کر نماز پڑھ لے۔

**ترجمہ**: ۴ اور امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک اختیار ہے چاہے ننگا نماز پڑھے، اور چاہے تو اس ناپاک کپڑے

یصلی عریاناوبین ان یصلی فیہ وھوالافضل ۵؎ لان کل واحدمنھما مانع جواز الصلوٰۃ حالۃالاختیار ویستویان فی حق المقدار فیستویان فی حکم الصلوٰۃ ۶؎ وترک الشیٔ خلف لایکون ترکا

میں نماز پڑھے،اور ناپاک کپڑے میں نماز پڑھنا افضل ہے۔

**وجہ :ترجمہ** : ۵؎ اسلئے کہ اختیار کی حالت میں کپڑے کا ناپاک ہونا اور ستر عورت کا کھلنا دونوں نماز کو روکنے والے ہیں۔ اور مقدار کے حق میں بھی برابر ہیں اسلئے نماز کے حکم بھی برابر ہونگے۔

**تشریح** : اوپر گزرا کہ چوتھائی کپڑے سے کم پاک ہوتو ننگا ہوکر نماز پڑھنے کا بھی اختیار ہےاور کپڑا پہن کر بھی نماز پڑھنے کا اختیار ہے اسکی یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ کپڑا پاک کرنے کا موقع ہو پھر بھی ناپاک کپڑے سے نماز پڑھے تو جائز نہیں ۔اسی طرح ستر چھپانے کا موقع ہو پھر بھی ننگا نماز پڑھے تو جائز نہیں ہے،اس سے معلوم ہوا کہ ستر عورت اور نجاست دونوں کا درجہ برابر ہے۔اسی طرح مقدار کے سلسلے میں بھی دونوں ایک ہیں۔ کہ قلیل نجاست معاف ہے،مثلا ایک درھم کی مقدار معاف ہے، یا نجاست خفیفہ میں چوتھائی ناپاک ہوتو معاف ہے، اور کثیر نجاست مانع نماز ہے۔اسی طرح قلیل ستر عورت چوتھائی عضو سے کم ہوتو معاف ہےاور اسکے ساتھ نماز پڑھ سکتا ہے،اور کثیر ستر عورت چوتھائی عضو سے زیادہ ہوتو نماز کو روکتا ہےاور مانع نماز ہے،اس سے بھی معلوم ہوا کہ نجاست اور ستر عورت دونوں کا حکم برابر درجے کا ہے۔

اب یہاں دونوں میں سے ایک کو لیتے ہیں تو دوسرا چھوٹ جاتا ہے۔اگر ستر چھپاتے ہیں تو پاکی چھوٹ جاتی ہے،ناپاک کپڑا پہننا پڑتا ہے، کیونکہ اسکے علاوہ کوئی کپڑا ہی نہیں ہے۔اور اگر پاکی پر عمل کرتے ہیں اور ناپاک کپڑا نہیں پہنتے ہیں تو ستر چھوٹ جاتا ہے ننگا ہوکر نماز پڑھنی پڑتی ہے ۔اور ابھی بتایا کہ ستر عورت اور نجاست سے پاکی دونوں کا درجہ برابر ہے اسلئے نمازی کو یہاں دونوں میں سے ایک کو لینے کا اختیار ہوگا۔اور دونوں صورتوں میں نماز ہو جائے گی،البتہ افضل یہ ہے کہ ناپاک کپڑا پہن کر نماز پڑھے، کیونکہ ننگا نماز پڑھنا اچھا نہیں ہے۔

**ترجمہ** : ۶؎ کسی چیز کو اسکا خلیفہ بنا کر چھوڑنا گویا کہ اسکو چھوڑنا نہیں۔

**تشریح** : یہ امام محمد اور امام شافعیؒ کو جواب ہے۔انہوں نے فرمایا تھا کہ ناپاک کپڑا پہن کر نماز پڑھیں تو صرف ایک فرض پاکی کو چھوڑنا پڑتا ہے،اور ننگا ہوکر نماز پڑھے تو چار فرض چھوڑنا پڑتا ہے: قیام، رکوع، سجدہ، اور ستر عورت۔اسکا جواب دے رہے ہیں کہ قیام، رکوع، اور سجدہ کا خلیفہ موجود ہے یعنی قیام کا اشارہ، اور رکوع کا اشارہ، اور سجدے کا اشارہ، پس جب خلیفہ موجود ہے تو اس عمل کو چھوڑنا کہاں ہوا! بس ایک فرض ستر عورت کو چھوڑنا ہوا، اور اسکے مقابلے میں طہارت کو چھوڑنا ہوتا ہے اسلئے دونوں میں سے کوئی ایک اختیار کرلے۔

ے والافضلیۃُ لعدم اختصاص الستر بالصلوٰۃ واختصاص الطہارۃ بہا (۲۳۹) ومن لم یجد ثوباً صلّی عریاناً قاعدا یؤمی بالرکوع والسجود ﴾ ل ھکذا فعلہ اصحاب رسول اللّٰہ ﷺ (۲۴۰) فان صلی قائمًا اجزاہ﴾

**ترجمہ:** ے اورناپاک کپڑا پہن کرنماز پڑھناافضل ہے،اسلئے کہ ستر چھپانا نماز کے ساتھ خاص نہیں ہے۔اور پاک کپڑا پہنناتو نماز کے ساتھ خاص ہے۔

**تشریح** : اوپر فرمایا کہ ننگا نماز پڑھنااورناپاک کپڑا پہن کرنماز پڑھنادونوں کا اختیار ہے لیکن افضل یہ ہے کہ کپڑا پہن کرنماز پڑھے،اس افضل کی وجہ بتارہے ہیں کہ ستر کو چھپانا نماز میں بھی ضروری ہےاورنماز سے باہربھی ضروری ہے ننگا رہنا کوئی بھی اچھانہیں سمجھتا۔اسلئے کپڑا پہننا افضل ہے۔اور پاک رہنا، یا پاک کپڑا پہننا صرف نماز میں ضروری ہے،نماز سے باہرناپاک رہے،یاناپاک کپڑا پہنےتو کوئی حرج نہیں ہے،اسلئے طہارت ہوناستر عورت سے افضل نہیں ہے۔

**لغت** :یعد: عاد سے مشتق ہے،لوٹانا۔عریان: ننگا ہونا۔یستویان:سوی سے مشتق ہے،برابر ہے۔

**ترجمہ:** (۲۳۹) جوکپڑا نہ پائےتو ننگا ہی نماز پڑھے گا۔بیٹھ کررکوع اورسجدہ کا اشارہ کرے گا۔

**وجہ:** ان کے پاس بالکل کپڑا نہیں ہے یا کپڑا ہے لیکن تین چوتھائی سے زیادہ ناپاک ہےتو گویا کہ اس کے پاس کپڑا ہے ہی نہیں ۔اس لئے وہ ننگا ہوکرنماز پڑھے گا۔البتہ کھڑا ہونے میں ستر دورتک نظر آئے گا اور برامعلوم ہوگا اس لئے قیام چھوڑے گا اور بیٹھ کر نماز پڑھے گا۔اوررکوع اورسجدے کے لئے اشارہ کرے گا۔کیونکہ یہی اس کے بس میں ہے(۲) عن ابن عباس قال الذی یصلی فی السفینۃ والذی یصلی عریانا یصلی جالسا ۔(مصنف عبدالرزاق،باب صلوۃ العریان ج ثانی ص۵۸۴نمبر ۴۵۶۵)اس اثر سے معلوم ہوا کہ ننگا آدمی مجبوری کی وجہ سے بیٹھ کرنماز فرض ادا کرے گا اوراس سے قیام ساقط ہوجائے گا۔

**ترجمہ:** ل اسی طرح اصحاب رسول اللہ ﷺ نے کیا۔

**تشریح** : اس کے قریب یہ اثر ہے۔عن قتادہ قال ۔ اذا خرج ناس من البحر عراۃ فأمہم أحدہم صلوا قعودا ، و کان امامہم معہم فی الصف و یومئون ایماءً ۔(مصنف عبدالرزاق،باب صلوۃ العریان ج ثانی ص۵۸۴نمبر ۴۵۶۵)
اس اثر سے معلوم ہوا کہ ننگا آدمی بیٹھ کرنماز پڑھے گا اور اشارہ سے نماز پڑھے گا،اورصف کے درمیان کھڑا ہوگا۔

**لغت**: یؤمی : اشارہ کرے گا۔

**ترجمہ** : (۲۴۰) پس اگر ننگے نے کھڑے ہوکرنماز پڑھی تو کافی ہوجائے گی۔

**وجــہ** : مرض کی مجبوری کے وقت کھڑے ہونے کا نائب بیٹھنا ہےاوررکوع اورسجدے کا نائب ان کواشارہ سے ادا کرنا ہے۔اس

ل لان فی القعود ستر العورۃ الغلیظۃ وفی القیام اداء ھذہ الارکان فیمیل الٰی ایھما شاء (۲۴۱) الا ان الاوّل افضل ﴾ ل لان الستر وجب لحق الصلوٰۃ وحق الناس ولانہ لا خلف لہ والایماء خلف عن الارکان (۲۴۲) قال وینوی الصلوٰۃ التی یدخل فیھا بنیۃ لا یفصل بینھا وبین التحریمۃ بعمل ﴾

لئے ان سب ارکان کا نائب ہوگیا۔ لیکن کھڑے ہونے میں ستر کھلنے کی بدنمائی واضح ہے اس کا کوئی نائب بھی نہیں ہوا اس لئے بیٹھ کر نماز پڑھنا افضل ہے تاکہ عند اللہ اور عند الناس بدنمائی سے بچ جائے۔ تاہم کھڑے ہوکر نماز پڑھے گا تو نماز ادا ہوجائے گی۔ کیونکہ یہ مجبور ہے (۲) اثر میں ہے۔ عن میمون بن مھران قال سئل علیؓ عن صلوۃ العریان فقال ان کان حیث یراہ الناس صلی جالسا، وان کان حیث لایراہ الناس صلی قائما (مصنف عبد الرزاق، باب صلوۃ العریان، ج ثانی، ص ۵۸۴، نمبر ۴۵۶۶) اس اثر سے کھڑے ہوکر نماز پڑھنے کی گنجائش معلوم ہوتی ہے۔

**ترجمہ:** ل اسلئے کہ بیٹھنے میں عورت غلیظہ کا ستر ہے۔ اور کھڑے ہونے میں ان ارکان کو ادا کرنا ہے، اسلئے دونوں میں سے جدھر چاہے مائل ہوجائے۔

**تشریح:** ننگے آدمی کو بیٹھ کر بھی نماز پڑھنے کا اختیار ہے اور کھڑا ہوکر بھی نماز پڑھنے کا اختیار ہے۔ کیونکہ دونوں میں کچھ کچھ فائدے ہیں۔ بیٹھ کر نماز پڑھے گا تو آگے اور پیچھے کی عورت غلیظہ چھپی رہے گی اسلئے بیٹھ کر پڑھنا زیادہ بہتر ہے۔ اور کھڑا ہوکر نماز پڑھے گا تو عورت غلیظہ کھلے گی، لیکن قیام، رکوع، اور سجدہ پورے طور پر ادا کر سکے گا۔ اسلئے دونوں کا اختیار ہے۔

**ترجمہ:** (۲۴۱) لیکن پہلا افضل ہے (یعنی بیٹھ کر نماز پڑھنا)

**وجہ: ترجمہ:** ل اسلئے کہ ستر واجب ہے نماز کے حق کے لئے بھی اور لوگوں کے حق کے لئے بھی۔ اور اسلئے بھی کہ اسکا کوئی خلیفہ نہیں ہے اور ارکان کا خلیفہ اشارہ ہے۔

**تشریح:** بیٹھ کر نماز پڑھنا افضل ہے اسکی دو دلیل عقلی ہیں۔ (۱) ایک تو یہ کہ ستر کو چھپانا صرف نماز کا ہی حق نہیں ہے عام انسانوں کا بھی حق ہے کہ ان سے ستر غلیظہ کو چھپایا جائے، اسلئے بیٹھ کر نماز پڑھی جائے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ بیٹھنے میں قیام، رکوع، سجدہ چھوٹیں گے لیکن انکا خلیفہ اشارہ موجود ہے اسلئے گویا کہ وہ ارکان نہیں چھوٹے، اسلئے بیٹھنا بہتر ہے۔ (۳) اصل تو حضرت عبد اللہ ابن عباس کا قول ہے۔ عن ابن عباس قال الذی یصلی فی السفینۃ والذی یصلی عریانا یصلی جالسا۔ (مصنف عبد الرزاق، باب صلوۃ العریان ج ثانی ص ۵۸۴ نمبر ۴۵۶۵) اس اثر سے معلوم ہوا کہ ننگا آدمی بیٹھ کر نماز پڑھے گا۔

## ﴿(۵) نماز کی نیت کرے﴾

**ترجمہ:** (۲۴۲) اس نماز کی نیت کرے جس میں داخل ہو رہا ہے ایسی نیت کہ اس کے درمیان اور تحریمہ کے درمیان کسی عمل

۱؎ والاصل فیه قوله ﷺ : الاعمال بالنیات ۲؎ ولان ابتداء الصلوۃ بالقیام وهو متردد بین العادة والعبادة ولا یقع التمیز الابالنیة ۳؎ والمتقدم علی التکبیر کالقائم عنده اذالم یوجد ما یقطعه وهو

سے فصل نہ ہو۔

**ترجمہ**: ۱؎ اصل اس میں حضور علیہ السلام کا قول، کہ عملوں کا مدار نیتوں پر ہے۔

**نوٹ**: مصنف اس شرح میں چار باتیں بیان کرنا چاہتے ہیں۔ (۱) نیت کس حدیث سے فرض ہے۔ اسکے لئے آگے والی حدیث ہے۔ (۲) نیت کس وقت کرے۔ تو فرماتے ہیں کہ تحریمہ سے پہلے، تحریمہ کے بعد کافی نہیں ہے۔ (۳) نیت کیا چیز ہے! تو فرماتے ہیں کہ ارادے کا نام نیت ہے (۴) نیت کی کیفیت کیا ہے۔ یعنی نفل کی نیت ہے یا فرض کی۔ پھر امام کی اقتداء میں ہے یا تنہا نماز پڑھ رہا ہے۔ چونکہ ہر ایک کی نیت الگ الگ طور پر ہے اسلئے مصنف اسکی بھی کیفیت بتائیں گے۔

**تشریح**: (۱) نیت کیوں فرض ہے اسکو بیان کر رہے ہیں۔ نیت ارادے کا نام ہے۔ تحریمہ کے ساتھ ساتھ ارادہ ہو کہ میں فلاں نماز پڑھ رہا ہوں۔ اگر دل کے ارادہ کے بغیر نماز پڑھ لی یا تحریمہ باندھ لیا تو نماز نہیں ہوگی اگر نیت کی پھر کوئی عمل کیا اور عمل کے بعد دوبارہ نیت کئے بغیر احرام باندھ لیا تو چونکہ احرام کے وقت نیت نہیں تھی احرام اور نیت کے درمیان فصل ہو گیا اس لئے احرام نہیں ہوا۔

**وجہ**: صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ سمعت عمر بن خطاب علی المنبر یقول سمعت رسول الله ﷺ یقول انما الاعمال بالنیات۔ (بخاری شریف، باب کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ ص ۲ نمبر ۱ رمسلم شریف، باب قولہ انما الاعمال بالنیۃ الخ، ص ۸۵۳ نمبر ۱۹۰۷/۴۹۲۷) اس حدیث میں ہے کہ اعمال کا دارومدار نیت پر ہے اسلئے نماز میں داخل ہونے کی نیت کرے گا تو نماز ہوگی ورنہ نہیں۔ (۲) اس اثر میں بھی اسکا ثبوت ہے۔ عن عبد الله بن مسعودؓ قال : تعودوا الخیر فانما الخیر بالعادة، و حافظوا علی نیاتکم فی الصلوۃ ۔ (الطبرانی فی الکبیر، ج تاسع ، نمبر ۸۷۵۵ راعلاء السنن، باب اشتراط النیۃ للصلاۃ، ج الثانی، ص ۱۶۳، نمبر ۶۴۲) اس اثر سے معلوم ہوا کہ نماز میں نیت ضروری ہے۔

**ترجمہ**: ۲؎ اسلئے کہ نماز کی ابتداء قیام سے ہے اور وہ عادت اور عبادت دونوں میں ہے، اسلئے نیت کے بغیر تمیز نہیں ہوگی۔

**تشریح**: نماز میں نیت فرض ہونے کی یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ نماز جب شروع کریں گے تو کھڑے ہونے سے شروع ہوگی، اور کھڑا ہونا کھانے پینے کے لئے بھی ہوتا ہے اور نماز کے لئے بھی ہوتا ہے۔ اب نیت کے بغیر تو پتہ ہی نہیں چلے گا کہ یہ کھڑا ہونا کھانے پینے کے لئے ہے، یا نماز کے لئے ہے، اب نماز کی نیت کرے گا تب پتہ چلے گا کہ یہ کھڑا ہونا نماز کے لئے تھا اسلئے نماز کے شروع میں نیت فرض ہے۔

**ترجمہ**: ۳؎ اور جو نیت تکبیر تحریمہ سے پہلے ہو وہ ایسا کہ تکبیر کے ساتھ ہی قائم ہو، جب کہ کوئی ایسا عمل نہ پایا گیا ہو جو نیت کو

عمل لا یلیق بالصلوٰۃ ۴؎ ولامعتبر بالمتأخرۃ منھا عنہ لان مامضی لا یقع عبادۃ لعدم النیۃ ۵؎ وفی الصوم جوزت للضرورۃ

قطع کردے، اور وہ ایسا عمل ہے جو نماز کے مناسب نہ ہو۔

**تشریح** : (۲) یہاں سے بتاتے ہیں کہ کس وقت نیت کرے گا تو کافی ہوگی۔ نیت کرنے کا تین وقت ہے، (۱) تکبیر تحریمہ سے بہت پہلے (۲) تکبیر تحریمہ کے ساتھ، (۳) تکبیر تحریمہ کے بعد نیت کرے۔

(۱) تکبیر تحریمہ سے بہت پہلے نماز پڑھنے کی نیت کرے۔ لیکن نیت اور تحریمہ کے درمیان کوئی ایسا عمل نہ کرلے جو نماز کے منافی ہو تو اس نیت سے بھی نماز ہو جائے گی۔ وہ نیت ایسا سمجھو کہ تکبیر کے ساتھ ہی قائم ہے۔ مثلا وضو کرتے وقت نماز کی نیت کی پھر دس منٹ تک تسبیح وغیرہ پڑھتا رہا پھر بغیر نیت کئے ہوئے نماز کی تکبیر کہہ لی تو نماز ہو جائے گی، دس منٹ پہلے والی نیت کافی ہے اسلئے کہ درمیان میں تسبیح وغیرہ پڑھنا منافی نماز عمل نہیں ہے، تو گویا کہ نیت تکبیر کے ساتھ متصل اور قائم ہے۔ لیکن اگر وضو کے بعد کھانا کھالیا، یا پانی پی لیا تو اب وضو کے وقت کی نیت سے نماز نہیں پڑھ سکتا، کیونکہ کھانا پینا منافی نماز عمل ہے جو کرلیا، اسلئے نیت منقطع ہو گئی، تکبیر کے ساتھ دوبارہ نیت کرنی ہوگی۔

(۲) اور تکبیر کے ساتھ نیت کرے گا تو نماز ہوگی ہی۔

**ترجمہ**: ۴؎ (۳) اور اس نیت کا اعتبار نہیں جو تکبیر کے بعد ہو۔ اسلئے کہ نماز کا جو جز گزر چکا ہے وہ نیت نہ ہونے کی وجہ سے عبادت نہیں ہوئی (اسلئے اسکے بعد جو اس پر بناء کر کے آئے گا وہ بھی عبادت نہیں ہوگی۔

**تشریح** : تیسری صورت یہ ہے کہ تکبیر تحریمہ کے بعد نماز کی نیت کرے، اس نیت سے نماز نہیں ہوگی، نماز باطل ہو جائے گی۔ اسکی (۱) ایک وجہ یہ ہے کہ نیت سے پہلے تکبیر تحریمہ گزر گئی جو فرض ہے، اور بغیر نیت کے گزری اسلئے وہ ہوئی ہی نہیں اسلئے ایک فرض چھوٹنے کی وجہ سے نماز باطل ہوگی۔ (۲) دوسری وجہ صاحب ھدایہ نے بیان کی ہے۔ کہ نماز کا جو حصہ گزر گیا نیت نہ ہونے کی وجہ سے وہ عبادت نہیں بنی، اب نماز کا جو حصہ نیت کرنے کے بعد آئے گا اسکی بنیاد پہلے حصے پر ہوگی جو عبادت نہیں ہے اسلئے بعد والا حصہ بھی عبادت نہیں ہوگی، کیونکہ بعد والے کی بنا پہلے والے پر ہے، اور پہلے والا باطل ہے اسلئے بعد والا بھی باطل ہو جائے گا، اسلئے پوری نماز باطل ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ۵؎ اور روزے میں ضرورت کی بنا پر جائز کردی گئی ہے۔

**تشریح** :یہ جملہ ایک اشکال کا جواب ہے۔ اشکال یہ ہے کہ روزے میں دوپہر سے پہلے پہلے نیت کریگا تب بھی روزہ ہو جاتا ہے، حالانکہ صبح صادق سے لیکر گیارہ بجے تک بغیر نیت کے گزرا اور بعد کا وقت پہلے پر بنا ہوگا پھر بھی روزہ درست ہے؟ اسکا جواب دیتے

۳ والنیۃ هی الارادۃ والشرط ان یعلم بقلبه ای صلوٰۃ یصلی اماالذکر باللسان فلامعتبر به ویحسن ذٰلک لاجتماع عزیمته ۴ ثم ان کانت الصلوۃ نفلا یکفیه مطلق النیۃ، وکذا اذاکانت سنۃ فی الصحیح، وان کانت فرضًا فلا بدمن تعین فرض کالظهر مثلاً لاختلاف الفروض

ہیں کہ روزے میں صبح صادق کا وقت نیند اور غفلت کا ہے اسلئے اول وقت میں نیت کرنا فرض قرار نہیں دیا، اسلئے کہ وہاں مجبوری اور ضرورت ہے۔ اور نماز میں تحریمہ سے پہلے بیداری کا وقت ہے اسلئے یہاں تحریمہ سے پہلے نیت کرنا فرض قرار دیا، یہاں کوئی مجبوری نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۳ (۳) نیت ارادہ کرنے کا نام ہے۔ اور شرط یہ ہے کہ دل سے یہ جان لے کہ کون سی نماز پڑھ رہا ہے۔ بہر حال زبان سے ذکر کر لینا تو اسکا اعتبار نہیں ہے، البتہ یہ اچھا ہے اسکا پختہ ارادہ کے جمع ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح**: یہاں سے بتا رہے ہیں کہ خود نیت کا کیا معنی ہے۔ فرماتے ہیں کہ ارادہ کرنے کا نام نیت ہے، اور دل جانتا ہو کہ کون سی نماز پڑھ رہا ہے۔ مثلا اچانک کوئی پوچھے کہ کون سی نماز پڑھ رہے ہو؟ تو بتادے کہ فلاں نماز پڑھ رہا ہوں، اسی کا نام نیت ہے۔ زبان سے نیت کرنا، اور بولنا کہ فلاں نماز پڑھ رہا ہوں کوئی ضروری نہیں ہے۔ البتہ اگر بول بھی لے کہ فلاں نماز پڑھ رہا ہوں تو اچھا ہے، تا کہ دل کا پختہ ارادہ اور زبان کا بول دونوں جمع ہو جائے، اور بات پکی ہو جائے۔

**ترجمہ**: ۴ (۴) پھر اگر نماز نفل ہو تو مطلق نماز کی نیت کافی ہے، ایسے ہی اگر سنت ہو تو، صحیح روایت یہی ہے۔ اور اگر فرض ہو تو فرض کا تعین ضروری ہے، جیسے مثلا ظہر، کیوں کہ فرض مختلف ہیں۔

**تشریح**: یہاں سے یہ بتا رہے ہیں کہ کس نماز کے لئے کس طرح نیت کی جائے گی! اسکی کیفیت کیا ہوگی! کیونکہ نماز فرض بھی ہے اور نفل بھی۔ پھر فرض تنہا پڑھ رہا ہو تو اسکے لئے الگ نیت ہے اور امام کے پیچھے پڑھ رہا ہو تو امام کی اقتداء کی نیت ضروری ہے۔

فرماتے ہیں کہ اگر نماز نفل ہو تو صرف اتنی نیت کر لینا کافی ہے کہ میں نماز پڑھ رہا ہوں، اس میں نفل کا تعین کرنا ضروری نہیں ہے، کیونکہ مطلق نماز سے نفل نماز ہی مراد ہوتی ہے۔ اور ظہر یا عصر وغیرہ کی سنت نماز پڑھنی ہو تو اس میں بھی صرف نماز کی نیت کرنا کافی ہے، سنت رسول اللہ، لگانے کی ضرورت نہیں ہے، اسلئے کہ مطلق نماز کی نیت سے سنت نماز مراد ہو جاتی ہے۔ صحیح روایت یہی ہے۔

بعض حضرات نے فرمایا کہ سنت میں نفل سے زائد صفت ہے، اور وہ نفل سے تھوڑا اہم ہے اسلئے سنت رسول اللہ کی نیت کرے گا تب سنت نماز ہوگی۔ لیکن یہ اصح روایت نہیں ہے۔

اور اگر فرض نماز پڑھنی ہو تو نماز کے ساتھ فرض کی نیت کرنی پڑے گی اور یہ بھی تعین کرنا ہوگا کہ کون سا فرض پڑھ رہا ہے، ظہر کا یا عصر کا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ فرض کی بہت اہمیت ہے، دوسری وجہ یہ ہے کہ دن میں پانچ فرض ہیں، تو یہ تعین کرے کہ کون سے وقت کا فرض پڑھ

(۲۴۳) وان كان مقتديا بغيره ينوى الصلوٰة ومتابعته ﴾ ل لانه يلزمه فساد الصلوة من جهته فلا بد من التزامه (۲۴۴) قال ويستقبل القبلة﴾ ل لقوله تعالىٰ: فولُّوا وجوهكم شطره.

---

رہا ہے، کیونکہ اسکے بغیر اس وقت کے فرض کی ادائیگی کیسے ہوگی!۔اس ادائیگی کے لئے بھی وقت کا تعین کرنا ضروری ہے ۔

**ترجمہ** : (۲۴۳) اور اگر دوسرے کا مقتدی ہو تو نماز کی بھی نیت کرے اور امام کی متابعت کی بھی نیت کرے۔

**تشریح** : اگر امام کی اقتدا کر رہا ہو تو فرض نماز کی نیت کے ساتھ یہ بھی نیت کرنی پڑے گی کہ میں اس امام کی اقتدا میں نماز پڑھ رہا ہوں۔ کیونکہ مقتدی کی نماز امام کی نماز کے ساتھ متضمن ہے۔

**وجہ**: عن ابی هريرة ان رسول الله ﷺ قال انما جعل الامام ليؤتم به فلا تختلفوا عليه فاذا كبر فكبرو . (مسلم شریف، باب ائتمام الماموم بالامام، ص ۱۷۷، کتاب الصلوۃ، نمبر ۹۳۰/۴۱۴ / بخاری شریف، باب انما جعل الامام لیوتم بہ ص ۹۵ نمبر ۶۸۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مقتدی کو امام کی مکمل اقتدا کرنی چاہئے۔ اور اس سے انحراف نہیں کرنا چاہئے۔ اس لئے امام کی اقتدا کی نیت ضروری ہے۔ عن ابی هريرة قال قال رسول الله ﷺ الامام ضامن والمؤذن مؤتمن (ترمذی شریف، باب ماجاء ان الامام ضامن والمؤذن مؤتمن ص ۵۱ نمبر ۲۰۷) جب امام ضامن ہوا تو اس کی اقتدا کی نیت بھی کرنی چاہئے۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ مقتدی کو امام کی جانب سے نماز کا فساد ہوتا ہے، اسلئے متابعت کا التزام ضروری ہے۔

**تشریح** : امام کی نماز فاسد ہو تو اسکی وجہ سے مقتدی کی نماز بھی فاسد ہو جاتی ہے، اسلئے مقتدی کو چاہئے کہ امام کی اتباع اپنے اوپر لازم کرے، تا کہ اس اتباع کی وجہ سے امام کی نماز فاسد ہونے سے مقتدی کی نماز فاسد ہو۔ اتباع کی نیت کے لئے یہ دلیل عقلی ہے۔

## ﴿(۶) قبلہ کا استقبال کرے﴾

**ترجمہ** : (۲۴۴) نماز میں قبلہ کا استقبال کرے۔

**ترجمہ**: ل اللہ تعالی کا قول: فولوا وجوهكم شطره) نماز میں اپنے چہرے کو قبلے کی طرف پھیرو، کی وجہ سے۔

**وجہ** : آیت میں ہے۔ فول وجهک شطر المسجد الحرام وحيث ما كنتم فولوا وجوهكم شطره ۔(آیت ۱۴۴ سورة البقرة ۲) اس آیت سے معلوم ہوا کہ نماز میں قبلہ کی طرف چہرہ کرنا چاہئے۔ (۲) حدیث یہ ہے۔ عن عبدالله بن عمر قال : بينا الناس بقباء فى صلاة الصبح اذ جائهم آت فقال : ان رسول الله ﷺ قد انزل عليه الليلة قرآن ، قد أمر أن يستقبل الكعبة ، فاستقبلوها ، و كانت وجوههم الى الشام فاستداروا الى الكعبة ۔ بخاری شریف، باب ماجاء فی القبلة ، الخ، ص ۵۷، نمبر ۴۰۳) اس حدیث میں ہے کہ نماز میں قبلہ کی طرف توجہ کرنی چاہئے۔

۲ ثم من كان بمكة ففرضه اصابة عينها ۳ ومن كان غائبافغرضه اصابة جهتها، هو الصحيح، لان التكليف بحسب الوسع

**ترجمه**: ۲ پھر جو مکہ مکرمہ میں ہو اسکا فرض عین بیت اللہ کی طرف چہرہ کرنا ہے۔

**تشریح**: جس آدمی کو بیت اللہ نظر آرہا ہو اسلئے فرض یہ ہے کہ عین بیت اللہ کی طرف چہرہ کرے۔(۱) کیونکہ اسکو بیت اللہ نظر آرہا ہے اسلئے عین بیت اللہ کی طرف رخ کرنے میں حرج نہیں ہے۔حدیث میں ہے کہ حضورؐ مسجد حرام میں تشریف رکھتے تھے تو عین بیت اللہ کی طرف چہرہ کر کے نماز پڑھی، حدیث یہ ہے۔قال أتی ابن عمر فقیل له : هذا رسول الله ﷺ دخل الكعبة، ...ثم خرج فصلى فى وجه الكعبة ركعتين ۔(بخاری شریف، باب قولہ تعالی ﴿و اتخذوا من مقام ابراهيم مصلى ﴾ آیت ۱۲۵،سورۃ البقرۃ ۲)ص ۷۵،نمبر ۳۹۷) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ نے عین کعبہ کی طرف رخ کر کے نماز پڑھی۔

**ترجمه**: ۳ اور جو کعبہ سے دور ہو اسکا فرض کعبہ کی جانب چہرہ کرنا ہے، صحیح یہی ہے، اسلئے کہ تکلیف طاقت کے مطابق ہوتی ہے۔

**تشریح**: جسکو بیت اللہ نظر نہ آتا ہو اس سے دور ہو تو اسکے لئے فرض یہ ہے کہ بیت اللہ کی جانب رخ کرلے، چاہے بالکل کعبہ کے طرف رخ ہو جائے تب بھی نماز درست ہے، اور چاہے اس سے تھوڑا دائیں، یا بائیں ہو جائے تب بھی نماز ہو جائے گی۔

**وجه**: (۱) اسکی ایک وجہ تو یہ ہے کہ دور ہونے کی وجہ سے اسکی طاقت میں عین کعبہ کی طرف توجہ کرنا ممکن نہیں ہے، اور شریعت کی تکلیف طاقت کے مطابق ہوتی ہے اسلئے عین کعبہ کی طرف توجہ اس پر شرط نہیں ہے۔(۲) آیت میں ہے کہ مسجد حرام کی جانب چہرہ کرلو تب بھی نماز ہو جائے گی، آیت یہ ہے۔ فول وجهک شطر المسجد الحرام وحيث ما كنتم فولوا وجوهكم شطره ۔(آیت ۱۴۴ سورۃ البقرۃ ۲) اس آیت میں ہے کہ مسجد حرام کی طرف چہرہ پھیرو۔فلکیات والے کہتے ہیں کہ چار اطراف ہیں۔(۱) مشرق (۲) مغرب (۳) شمال (۴) اور جنوب۔اور ہر جہت 90 ڈگری کا ہوتا ہے، اس اعتبار سے چار طرفوں کا مجموعہ 360 ڈگری ہوئے۔اب مسجد حرام کی طرف رخ کرے گا تو 90 ڈگری چوڑائی تک قبلہ ہوگا، اور عین کعبہ سے 45 ڈگری دائیں اور 45 ڈگری بائیں تک انحراف کرے گا اور مائل ہوگا تب بھی نماز جائز ہو جائے گی۔شطر المسجد الحرام ، سے اسکا اشارہ ملتا ہے۔(۳) اس حدیث میں بھی اسکا اشارہ ہے،عن ابی هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : ما بين المشرق و المغرب قبلة ۔(ترمذی شریف، باب ما جاء ما بین المشرق والمغرب قبلۃ،ص ۷۹،نمبر ۳۴۲) اس حدیث میں ہے کہ اہل مدینہ کے لئے مشرق اور مغرب کے درمیان قبلہ ہے، اور مشرق اور مغرب کے درمیان جنوب ہوتا ہے، اسلئے جنوب کی 90 ڈگری قبلہ ہوگا اور عین کعبہ سے 45 ڈگری دائیں، اور 45 ڈگری بائیں تک انحراف ہو جائے تب بھی نماز جائز ہو جائے گی (۴) اس

(۲۴۵) ومن كان خائفا يصلي الى اى جهة قدر﴾ ل لتحقق العذر فاشبه حالة الاشتباه

(۲۴۶) فان اشتبهت عليه القبلة وليس بحضرته من يسأله عنها اجتهد﴾

حدیث سے اسکی تائید ہوتی ہے۔عن ابن عباس أن رسول الله ﷺ قال : البيت قبلة لاهل المسجد ، و المسجد قبلة لأهل الحرم ، و الحرم قبلة لأهل الارض في مشارقها و مغربها من أمتي ۔(سنن بیہقی ،باب من طلب باجتهاد وجهة الكعبة ، ج ثانی ،ص ۱۶، نمبر ۲۲۳۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مکہ مکرمہ کے اردگرد جہاں شکار کرنا حرام ہے جسکو حرم کہتے ہیں اسکی جہت کر لینا بھی دور والوں کے لئے کافی ہے۔۔(45 ڈگری کی بحث کے لئے احسن الفتاوی جلد دوم، رسالہ المشر فی علی الشرقی ،ص ۳۲۴، دیکھیں)

**ترجمہ**: (۲۴۵) اور جسکو خوف ہو وہ جس جانب قدرت رکھتا ہو ادھر ہی نماز پڑھے۔

وجہ:۔اور خوف کے وقت جدھر ممکن ہو اس طرف چہرہ کرنے سے نماز ادا ہو جائے گی۔(۱) اس کی دلیل یہ آیت ہے ۔ولله المشرق والمغرب فاينما تولو فثم وجه الله ۔(آیت ۱۱۵ سورۃ البقرۃ ۲) اس آیت سے معلوم ہوا کہ مجبوری کے موقع پر کسی اور طرف توجہ کر کے نماز پڑھ لی تو نماز ہو جائے گی۔کیونکہ وہاں اللہ کا چہرہ ہے۔(۲) اس اثر میں ہے۔أن عبد الله بن عمر كان اذا سئل عن صلوة الخوف قال .... فان كان خوف هو اشد من ذالك صلوا رجالا قياما على اقدامهم ، أو ركبانا مستقبلي القبلة أو غير مستقبليها ۔(بخاری شریف، کتاب التفسیر، باب قولہ فان خفتم فرجالا أو ركبانا ،ص ۷۱، نمبر ۴۵۳۵) اس اثر میں ہے کہ خوف زیادہ ہو تو قبلہ کے علاوہ کی طرف بھی نماز پڑھے گا تو نماز جائز ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ل عذر کے متحقق ہونے کی وجہ سے تو قبلہ مشتبہ ہونے کے مشابہ ہو گیا۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے۔کہ خوف بہت زیادہ ہے اس عذر کی بنا پر قبلہ کی طرف متوجہ نہیں ہو سکتا، تو ایسا ہوا کہ قبلہ مشتبہ ہو گیا اور جس پر قبلہ مشتبہ ہو گیا ہو وہ جدھر نماز پڑھے جائز ہے۔دلیل اوپر بھی گزر گئی اور قبلہ مشتبہ ہونے کی دلیل آگے آرہی ہے۔

**ترجمہ**: (۲۴۶) اگر نماز پڑھنے والوں پر قبلہ مشتبہ ہو جائے اور وہاں کوئی موجود نہیں ہے جس سے اس کے بارے میں پوچھ سکے تو اجتہاد کریگا ۔

**تشریح**: قبلہ کا پتہ نہ چلے اور کوئی آدمی بھی نہ ہو کہ اس سے پوچھ سکے تو تحری کرے گا اور جدھر دل کا رجحان ہو اسی طرف نماز پڑھ لیگا۔اور نماز کے بعد معلوم ہوا کہ غلط جہت میں نماز پڑھی ہے تب بھی نماز لوٹانے کی ضرورت نہیں ہے نماز ہو گئی۔اس لئے کہ اس کی وسعت میں جتنا تھا وہ کر گزرا۔

**وجہ**: (۱) حدیث میں ہے۔عن جابر قال كنا مع النبي ﷺ في مسير او سرية فاصابنا غيم فتحرينا و اختلفنا

۱ لان الصحابة تحروا و صلوا ولم ينكر عليهم رسول الله ﷺ ۲ ولان العمل بالدليل الظاهر واجب عند انعدام دليل فوقه والاستخبار فوق التحری (۲۴۷) فان علم انه اخطأبعد ماصلی لا يعيدها﴾

فی القبلة فصلی كل رجل منا علی حدة فجعل احدنا يخط بين يديه لنعلم امكنتنا فلما اصبحنا نظرناه فاذا نحن قد صلينا علی غير القبلة فذكرنا ذلک للنبی ﷺ فقال قد اجزأت صلواتكم ۔(سنن للبیہقی، باب الاختلاف فی القبلة عند التحری، ج ثانی، ص ۱۶، نمبر ۲۲۳۵ رترمذی شریف، باب ماجاء فی الرجل یصلی لغیر القبلة فی الغیم، ص ۸۰ نمبر ۳۴۵)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تحری کر کے نماز پڑھی تو قبلہ غلط بھی ہو جائے تو نماز لوٹانے کی ضرورت نہیں ہے۔اس لئے کہ تحری ہی اس کا قبلہ ہو گیا۔

**ترجمه** : ۱ اسلئے کہ صحابہؓ نے تحری فرمائی اور نماز پڑھی اور حضور ﷺ نے ان پر انکار نہیں فرمایا۔حدیث یہ ہے .عن عبد الله بن عامر بن ربيعة عن أبيه قال : كنا مع النبی ﷺ فی سفر فی ليلة مظلمة ، فلم ندر أين القبلة فصلی كل رجل منا علی حياله ، فلما أصبحنا ذكرنا ذالک للنبی ﷺ فنزل : ﴿فأينما تولوا فثم وجه الله ﴾آیت ۱۱۵،سورۃ البقرۃ ۲)( ترمذی شریف، باب ماجاء فی الرجل یصلی لغیر القبلة فی الغیم، ص ۸۰ نمبر ۳۴۵ رابن ماجہ شریف، باب من یصلی لغیر القبلة وھو لایعلم، ص ۱۴۳، نمبر ۱۰۲۰)اس حدیث میں ہے کہ اندھیری رات میں قبلہ مشتبہ ہو گیا اور قبلے کا کچھ پتہ نہیں چلا تو صحابہ نے تحری کر کے نماز پڑھی تو آپؐ نے انکار نہیں فرمایا بلکہ اسکے ٹھیک ہونے پر آیت نازل ہوئی، جس سے معلوم ہوا کہ اشتباہ کے وقت تحری ہی قبلہ ہے۔ البتہ اگر تحری کئے بغیر نماز پڑھ لی تو نماز نہیں ہوگی، نماز لوٹانی ہوگی۔

**ترجمه** : ۲ اسلئے کہ دلیل ظاہر پر عمل کرنا اس وقت واجب ہے جبکہ اس سے اوپر کی دلیل نہ ہو۔اور لوگوں سے قبلہ کی خبر معلوم کرنا تحری سے اوپر ہے۔

**تشریح** :یہ جملہ( ليس بحضرته من يسأله عنها اجتهد ) کی تفسیر ہے۔تحری کر کے نماز پڑھنا یہ دلیل ظاہر ہے۔اور یہ کم درجے کی ہے۔اور کسی سے صحیح قبلہ کی خبر معلوم کرنا یہ دلیل ظاہر یعنی تحری سے اوپر کی چیز ہے۔کہنا یہ چاہتے ہیں کہ قبلہ معلوم کرنے کی کوئی صورت نہ ہو اور نہ کوئی آدمی ہو جس سے قبلہ کے بارے میں پوچھ سکیں تب جا کر تحری سے نماز پڑھنا جائز ہوگی۔

**ترجمه** : (۲۴۷) پس اگر نماز پڑھنے کے بعد جانا کہ غلطی ہوگئی ہے تو نماز کو نہیں لوٹائے گا۔

**تشریح** : تحری کر کے نماز پڑھی تھی بعد میں معلوم ہوا کہ قبلہ کسی اور جانب تھا اور نماز دوسری جانب پڑھ لی ہے تو نماز کو دہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔اسکی وجہ یہ ہے کہ اوپر ترمذی شریف کی حدیث میں صحابہؓ نے غلط قبلے کی طرف نماز پڑھی لیکن نماز نہیں لوٹائی ۔حدیث یہ ہے۔ عن جابر قال كنا مع النبی ﷺ فی مسير او سرية فاصابنا غيم فتحرينا و اختلفنا فی القبلة

لے وقال الشافعیؒ یعیدها اذا استدبر لتیقنه بالخطا ۲ے ونحن نقول لیس فی وسعه الا التوجه الیٰ جهةالتحری و التکلیف مقید بالوسع (۲۴۸) وان علم ذلک فی الصلوٰۃ استدار الی القبلة

---

فصلی کل رجل منا علی حدۃ فجعل احدنا یخط بین یدیه لنعلم امکنتنا فلما اصبحنا نظرناه فاذا نحن قد صلینا علی غیر القبلة فذکرنا ذلک للنبی ﷺ فقال قد اجزأت صلواتکم۔ (سنن للبیهقی، باب الاختلاف فی القبلة عند التحری، ج ثانی، ص ۱۶، نمبر ۲۲۳۵ر ترمذی شریف، باب ماجاء فی الرجل یصلی لغیر القبلة فی الغیم، ص ۸۰ نمبر ۳۴۵) اس حدیث میں غلط قبلے کی طرف نماز پڑھی لیکن نہیں لوٹائی۔

**فائدہ :ترجمہ**: لے اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ اگر قبلہ بالکل ہی پیچھے ہوگیا تو نماز لوٹائے گا، غلطی کے یقینی ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح** : امام شافعیؒ کا مسلک یہ ہے کہ اگر عین قبلہ سے دائیں، یا بائیں انحراف ہوا تو اس خطاء کے باوجود نماز جائز ہو جائے گی ۔لیکن اگر خطاء یقینی ہو یعنی بالکل الٹ جانب نماز پڑھ لی ہو تو معلوم ہونے کے بعد نماز دہرانی ہوگی۔عبارت یہ ہے۔ قال : ولو افتتح الصلاۃ علی اجتهاده ، ثم رأی القبلة فی غیرہ. (موسوعة للامام الشافعیؒ، باب فی من استبان الخطاء بعد الاجتهاد، ج ثانی، ص ۱۰۶، نمبر ۱۲۰۶) انکا استدلال یہ حدیث ہے ۔ عن عبد الله بن عمر قال بین الناس بقباء فی صلوۃ الصبح اذ جاء هم آت فقال ان رسول الله ﷺ قد انزل علیه اللیلة قرآن وقد امر ان یستقبل الکعبة فاستقبلوها وکانت وجوههم الی الشام فاستداروا الی الکعبة (بخاری شریف، باب ماجاء ومن لم یر الاعادۃ علی من سہی فصلی الی غیر القبلة ص ۵۸ کتاب الصلوۃ نمبر ۴۰۳ر مسلم شریف، باب تحویل القبلة من القدس الی الکعبة، ص ۲۰۱، نمبر ۵۲۶/۱۱۷۸) اس حدیث میں ہے کہ اہل مدینہ کا قبلہ پہلے بیت المقدس تھا، جو مدینہ طیبہ سے شمال جانب ہے، درمیان نماز میں قبلہ تبدیل ہوکر بیت اللہ ہوگیا جو مدینہ طیبہ سے جنوب کی جانب ہے، تو چونکہ قبلہ بالکل الٹ جانب ہوگیا اسی لئے وہ حضرات نماز ہی میں گھوم گئے، اگر صرف دائیں یا بائیں جانب تھوڑا سا انحراف ہوتا تو وہ حضرات نماز میں نہ گھومتے، اس سے معلوم ہوا کہ قبلہ بالکل الٹ جانب ہو تو نماز دہرانی ہوگی۔

**ترجمہ** : ۲ے ہم کہتے ہیں کہ اسکی وسعت میں تحری کی جانب متوجہ ہونے کے علاوہ کچھ اور نہیں ہے۔اور تکلیف وسعت کے ساتھ مقید ہے۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔، کہ اللہ کی جانب سے وسعت اور طاقت کے مطابق مکلّف بنایا جاتا ہے اور اس نمازی کے پاس تحری کر کے نماز پڑھنے کے علاوہ کوئی اور صورت نہیں ہے اتنا ہی اسکی طاقت میں ہے اسلئے تحری ہی کا مکلّف ہوگا، پس جب تحری کر کے نماز پڑھ لی نماز ہوگئی اب غلطی جاننے کے بعد دہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔۔اصل تو اوپر کی ترمذی والی حدیث ہے۔

**ترجمہ** : (۲۴۸) اور اگر نماز میں ہی غلطی کا علم ہوگیا تو قبلے کی طرف گھوم جائے۔

۱؎ لان اهل قباء لما سمعوا بتحول القبلة استداروا كهيأتهم في الصلوة واستحسنها النبي عليه السلام ۲؎ وكذا اذا تحول رأيه الى جهة اخرى توجه اليها لوجوب العمل بالاجتهاد فيما يستقبل من غير نقض المؤدّى قبله (۲۴۹) ومن امّ قومًا في ليلة مظلمة فتحرى القبلة وصلى الى المشرق وتحرى من خلفه فصلى كل واحد منهم الى جهة وكلهم خلفه ولا يعلمون ما صنع الامام اجزاهم ﴾

**ترجمه** : ۱؎ اسلئے کہ اہل قباء نے جب قبلے کی تبدیل کے بارے میں سنا تو وہ اسی حال میں نماز ہی میں گھوم گئے، اور نبی علیہ السلام نے اسکو اچھا قرار دیا۔

**وجه** : صحابہ بیت المقدس کی طرف نماز پڑھتے تھے۔ سولہ یا سترہ ماہ کے بعد قبلہ بدل گیا۔ کچھ صحابہ نماز میں تھے اور اطلاع دی گئی کہ قبلہ بدل گیا ہے تو وہ لوگ نماز کے درمیان ہی گھوم گئے۔ اور نماز پر بنا کی اور نماز پڑھتے رہے۔ صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن عبد الله بن عمر قال بين الناس بقباء في صلوة الصبح اذ جاء هم آت فقال ان رسول الله ﷺ قد انزل عليه الليلة قرآن وقد امر ان يستقبل الكعبة فاستقبلوها وكانت وجوههم الى الشام فاستداروا الى الكعبة (بخاری شریف، باب ماجاء ومن لم یر الاعادة علی من سہی فصلی الی غیر القبلة ص ۵۸ کتاب الصلوة نمبر ۴۰۳ رمسلم شریف، باب تحویل القبلة من القدس الی الکعبة، ص ۲۰۱، نمبر ۵۲۶/۱۱۷۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تحری کر کے غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھ رہا ہو اور درمیان میں صحیح قبلہ کا علم ہو گیا تو اس طرف پھر جائے اور پہلی نماز پر بنا کرے۔ پہلی نماز بھی تحری کی بنا پر صحیح ہے۔

**ترجمه** : ۲؎ ایسے ہی اگر اسکی رائے بدل گئی دوسری جانب تو اسکی طرف توجہ کرے گا اگلے اجتہاد پر عمل واجب ہونے کی وجہ سے اس سے پہلے ادا کئے ہوئے کو توڑے بغیر۔

**تشریح** : قبلہ معلوم نہیں تھا اسلئے تحری سے نماز پڑھ رہا تھا، اب دو رکعت کے بعد اسکا اجتہاد بدل گیا اور خیال آیا کہ دوسری جانب قبلہ ہے تو اسی وقت دوسری جانب گھوم جائے، اور پہلے جو دو رکعت پڑھی ہے اسی پر بنا کر لے، کیونکہ پہلی دو رکعت بھی صحیح ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ پہلے اس پر تحری لازم تھی اسلئے تحری ہی کر کے نماز پڑھ رہا تھا اسلئے وہ نماز بھی صحیح تھی اسکو توڑنے کی ضرورت نہیں ہے، اب اسکی تحری بدل گئی اسلئے یہ نماز بھی صحیح، اور اس نماز کی بنا پہلی نماز پر بھی صحیح ہے

**لغت** : استدار: گھوم جائے، مشتق دور سے ہے۔ تحول: بدل جائے، گھوم جائے۔ کھیئتھم: اپنی پہلی ہیئت اور حالت پر رہتے ہوئے۔ بنی : بنا کرے۔ غیر نقض المودی: ادا کئے ہوئے نماز کو توڑے بغیر۔

**ترجمه** : (۲۴۹) کسی نے اندھیری رات میں ایک قوم کی امامت کی پس قبلے کی تحری کی اور نماز مشرق کی طرف پڑھی، اور اسکے پیچھے والے نے تحری کی اور ہر ایک نے اپنی اپنی جہت کی طرف نماز پڑھ لی، لیکن سبھی امام کے پیچھے تھے، اور یہ انکو پتہ نہیں تھا کہ امام

۱؎ لوجود التوجه الى جهة التحرى ۲؎ وهذه المخالفة غير مانعة كما فى جوف الكعبة (۲۵۰) ومن علم منهم بحال امامه تفسد صلاته ۱؎ لانه اعتقدا مامه على الخطا

نے کیا کیا تو سب کی نماز ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ۱؎ تحری کی جانب توجہ ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح**: یہ مسئلہ اس قاعدے پر ہے کہ امام سے آگے نماز پڑھی تو نماز نہیں ہوگی، کیونکہ امام سے آگے بڑھ گیا۔ اسی طرح نماز پڑھتے وقت مقتدی کو امام کی غلطی کا یقین ہے تو اس مقتدی کی نماز نہیں ہوگی، کیونکہ اپنے اعتقاد میں امام کو غلط مان رہا ہے۔۔ اب مسئلے کی تشریح یہ ہے کہ کچھ لوگ اندھیری رات میں نماز پڑھ رہے تھے، قبلہ معلوم نہ ہونے کی وجہ سے ہر ایک نے اپنی اپنی جہت میں نماز پڑھی، اور امام نے امامت کروائی۔ تو جو لوگ امام سے پیچھے رہے اسکی نماز ہو جائے گی، لیکن جو لوگ امام سے آگے رہے اسکی نماز نہیں ہوگی، اسکی وجہ یہ ہے کہ مقتدی کا فرض امام سے پیچھے رہنا تھا، اس نے فرض چھوڑ دیا اور امام سے آگے ہو گیا اسلئے اسکی نماز نہیں ہوگی۔ اسی طرح جسکو یقین کے ساتھ معلوم ہو گیا کہ امام غلط رخ پر نماز پڑھ رہے ہیں اسکی بھی نماز نہیں ہوگی۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ امام کو خطا پر یقین کرنے سے اسکی اقتداء نہیں ہوئی اسلئے اسکی نماز بھی نہیں ہوگی۔ اور دوسروں کی نماز اسلئے ہو جائے گی کہ انکے ذمے تحری کرنا تھا اور وہ کر لیا چاہے جدھر توجہ ہو اسلئے انکی نماز ہو جائے گی۔ اور امام کی غلطی کا پتہ نہیں ہے اسلئے انکی اقتداء بھی درست ہے، اور ہر ایک کی جہت مختلف ہونے کے باوجود بھی نماز اسلئے ہو جائے گی، کہ کعبہ کے اندر ہر ایک کی توجہ الگ الگ ہو تب بھی نماز ہو جاتی ہے اسی طرح یہاں بھی ہر ایک کی توجہ الگ الگ ہو تب بھی نماز ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور یہ مخالفت مانع نماز نہیں ہے جیسے کعبہ کے اندر نماز۔

**تشریح**: اندھیری رات میں ہر ایک کی جہت الگ الگ ہو گئی تو اس مخالفت سے بھی نماز ہو جائے گی کوئی مانع نہیں ہے اسلئے کہ مجبوری کی وجہ سے کی ہے، اور تحری کا حکم تھا وہ کر لیا ہے اسلئے ہر ایک کی نماز ہو جائے گی۔ باقی رہی جہت میں مخالفت تو اسکی مثال موجود ہے کہ کعبہ کے اندر ہر ایک کی جہت الگ الگ ہوتی ہے پھر بھی سب کی نماز ہو جاتی ہے۔

**ترجمہ**: (۲۵۰) مقتدیوں میں سے جس نے امام کی حالت جان لی اسکی نماز فاسد ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ امام کو غلطی پر ہونے کا اعتقاد کیا۔

**تشریح**: مقتدی میں سے کسی نے امام کی حالت جان لی کہ وہ خطاء پر ہے تو اسکی نماز نہیں ہوگی، اسلئے کہ امام کو غلط سمجھا اسلئے اسکی اقتدا ہی صحیح نہیں ہوئی اسلئے اس مقتدی کی نماز صحیح نہیں ہوئی۔

(۲۵۱)وكذالوكان متقدماعلى الامام﴾ ‌لے لتركه فرض المقام

**ترجمه**: (۲۵۱) ایسے ہی نماز نہیں ہوگی اگر امام سے آگے بڑھ گیا۔

**ترجمه**: لے اسلئے کہ اپنے مقام کے فرض کو چھوڑ دیا۔

**تشریح**: اندھیری رات میں جو مقتدی امام سے آگے کھڑا ہو گیا اسکی بھی نماز نہیں ہوگی، کیوں کہ اسکا فرض امام کے پیچھے کھڑا ہونا تھا، اس نے اپنے فرض کو چھوڑ دیا اسلئے اسکی بھی نماز نہیں ہوگی۔

﴿باب صفة الصلوة﴾

(۲۵۲)فرائض الصلوٰةستةالتحريمة﴾ ١ لقوله تعالىٰ(وربّک فکبر) ٢ والمراد به تکبيرة الافتتاح

(۲۵۳) والقيام﴾ ١ لقوله تعالىٰ ((وقوموا للّٰه قانتين))

---

﴿ باب صفة الصلوة ﴾

**ضروری نوٹ**: صفۃ الصلوۃ سے مراد نماز کی ہیئت ہے کہ نماز کس طرح پڑھی جائے اور اس میں کیا کیا ہو۔

نماز کے فرائض چھ ہیں [۱] تکبیر تحریمہ کہنا، [۲] کھڑا ہونا، [۳] قرأت کرنا، [۴] رکوع کرنا، [۵] سجدہ کرنا، [۶] قاعدہ آخیرہ۔

**ترجمہ**: (۲۵۲) [۱] تکبیر تحریمہ کہنا فرض ہے۔

**ترجمہ**: ١ اللہ تعالیٰ کا قول (( وربک کبر)) کی وجہ سے۔

**وجہ**: (۱) تکبیر تحریمہ فرض ہے اسکی دلیل یہ آیت ہے وربک کبر ( آیت ۳ سورۃ المدثر ۷۴) کہ اپنے رب کی بڑائی بیان کیجئے۔(۲) حدیث میں ہے عن ابی سعید قال قال رسول اللہ مفتاح الصلوۃ الطھور وتحریمھا التکبیر وتحلیلھا التسلیم ولاصلوۃ لمن لم یقرأ بالحمد وسورۃ فی فریضۃ او غیرھا. (ترمذی شریف، باب ماجاء فی تحریم الصلوۃ وتحلیلھا ص ۵۵ نمبر ۲۳۸ ابوداؤد شریف، باب الامام یحدث بعد ما یرفع رأسہ من آخر رکعۃ ص ۹۸ نمبر ۶۱۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز شروع کرنے کے لئے تکبیر تحریمہ کہنا فرض ہے۔ آیت میں ہے وذکر اسم ربہ فصلی ( آیت ۱۵ سورۃ الاعلی ۸۷) اس آیت سے بھی تحریمہ ثابت ہوتا ہے۔ اس لئے کہ اس ذکر سے مراد تحریمہ باندھنے کی تکبیر ہے۔(۳) اس اثر میں ہے ۔عن ابراھیم قال : اذا نسی تکبیرۃ الافتتاح استأنف ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ،۸ فی الرجل ینسی تکبیرۃ الافتتاح، ج اول ،ص ۲۱۵، نمبر ۲۴۶۵ رمصنف عبد الرزاق، باب من نسی تکبیرۃ الافتتاح، ج ثانی، ص ۷۲، نمبر ۲۵۴۷) اس اثر میں ہے کہ تکبیر افتتاح بھول جائے تو نماز دہرائے جس سے معلوم ہوا کہ تکبیر تحریمہ فرض ہے

**ترجمہ**: ٢ آیت میں تکبیر سے مراد شروع نماز کی تکبیر ہے۔ یعنی جسکو تکبیر تحریمہ کہتے ہیں۔

**ترجمہ**: (۲۵۳) [۲] کھڑا ہونا۔ اسکو عربی میں قیام کہتے ہیں۔

**وجہ ترجمہ**: ١ (۱) کھڑا ہونے کی دلیل یہ آیت ہے۔ وقوموا للہ قانتین. ( آیت ۲۳۸ سورۃ البقرۃ ۲) اس آیت سے نماز میں چپ چاپ کھڑے ہو، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ قیام فرض ہے۔(۲) حدیث میں قیام کا ثبوت ہے، حدیث یہ ہے۔ أن ابن عمر قال : کان رسول اللہ ﷺ ، اذا قام للصلوۃ رفع یدیہ حتی تکونا بحذو منکبیہ ثم کبر ۔(مسلم شریف، باب استحباب رفع الیدین حذو المنکبین مع تکبیرۃ الاحرام، ص ۱۶۶ نمبر ۳۹۰/۸۶۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز کے

(۲۵۴) والقراءة﴾ ۱؎ لقوله تعالىٰ ((فاقرء وا ماتيسر من القران)) (۲۵۵) والركوع﴾
(۲۵۶) والسجود﴾ ۱؎ لقوله تعالىٰ ((فاركعوا واسجدوا)) (۲۵۷) والقعدة فى اٰخر الصلوٰة مقدار التشهد﴾

---

لئے کھڑا ہو۔

**ترجمه:** (۲۵۴) [۳] قرأت کرنا فرض ہے۔

**ترجمه:** ۱؎ اللہ تعالیٰ کا قول ((فأقرء وا ما تيسر من القرء ان)) کی وجہ سے۔

**وجه:** (۱) فاقرء وا ما تيسر منه واقيموا لصلوة واتوالزكوة (آیت ۲۰ سورۃ المزمل ۷۳) اس آیت سے معلوم ہوا کہ نماز میں قرأت پڑھنا فرض ہے (۲) اس حدیث میں بھی ہے کہ قرأت کے بغیر نماز نہیں ہوگی۔ عن ابى سعيد قال قال رسولُ الله مفتاح الصلوة الطهور وتحريمها التكبير وتحليلها التسليم ولاصلوة لمن لم يقرأ بالحمد وسورة فى فريضة او غيرها. (ترمذی شریف، باب ماجاء فی تحریم الصلوۃ وتحلیلھا ص ۵۵ نمبر ۲۳۸ / ابوداؤد شریف، باب الامام یحدث بعد مایرفع رأسہ من آخر رکعۃ ص ۹۸ نمبر ۶۱۸) اس حدیث میں ہے کہ قرأت کئے بغیر نماز نہیں ہوگی۔

**ترجمه:** (۲۵۵) [۴] رکوع فرض ہے

**ترجمه:** (۲۵۶) [۵] سجدہ فرض ہے۔

**وجه ترجمه:** ۱؎ دونوں کی دلیل یہ آیت ہے يا ايها الذين آمنوا اركعوا واسجدوا واعبدوا ربكم. (آیت ۷۷ سورۃ الحج ۲۲) اور واقيموا الصلوة وآتوا الزكوة واركعوا مع الراكعين (آیت ۴۳ سورۃ البقرۃ ۲) اس آیت سے معلوم ہوا کہ رکوع، اور سجدہ فرض ہیں۔

**ترجمه:** (۲۵۷) [۶] اور قعدۂ اخیرہ تشہد کی مقدار (فرض ہے)

**تشريح:** تشہد پڑھنا تو واجب ہے لیکن تشہد کی مقدار قعدۂ اخیرہ میں بیٹھنا فرض ہے۔

**وجه:** (۱) عن ابن مسعود قال: كنا نقول قبل أن يفرض التشهد، السلام على الله، السلام على جبرئيل و ميكائيل الخ۔ (سنن بیہقی، باب مبدأ فرض التشہد، ج ثانی، ص ۱۹۸، نمبر ۲۸۱۹) اس حدیث میں ہے کہ تشہد کے فرض ہونے سے پہلے یہ کہتے تھے، اسکا مطلب یہ نکلا کہ بعد میں تشہد فرض ہو گیا۔ (۲) یہ حدیث ہے وہ صحابی جس نے نماز جلدی جلدی پوری کی اور تین مرتبہ حضورؐ کی خدمت میں آئے ان کو آپؐ نے نماز پڑھنے کا طریقہ بتایا۔ اس حدیث کے آخر میں آپؐ نے چار کام کرنے پر زور دیا ہے۔ ان میں سے تین کام تو آیت کی وجہ سے فرض ہیں۔ اس لئے چوتھا کام بھی فرض ہی ہونا چاہئے۔ حدیث میں ہے عن

۱؎ لقوله ﷺ لابن مسعودؓ حین علّمه التشهد اذا قلت هذا او فعلت هذا فقد تمت صلاتک

۲؎ علّق التمام بالفعل قرأ اولم یقرأ

رفاعة بن رافع ان رسول الله ﷺ بينما هو جالس في المسجد يوما ... فان كان كان معك قرآن فاقرء والا فاحمد الله وكبر ه وهلله ثم اركع فاطمئن راكعا ثم اعتدل قائما ثم اسجد فاعتدل ساجدا ثم اجلس فاطمئن جالسا ثم قم فاذا فعلت ذلک فقد تمت صلوتک وان انتقصت منه شيئا انتقصت من صلوتک۔ (ترمذی شریف، باب ما جاء فی وصف الصلوۃ ص ۶۶ نمبر ۳۰۲) اس حدیث میں (۱) قرأت (۲) رکوع (۳) سجدہ (۴) اور تشہد میں بیٹھنے کے لئے کہا گیا ہے۔ پھر یہ بھی کہا کہ ان میں سے کسی چیز کی کمی رہ گئی تو تمہاری نماز میں کمی رہ گئی۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ قعدۂ اخیرہ میں کمی رہ گئی تو نما میں کمی رہ جائے گی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ قعدۂ اخیرہ تشہد کی مقدار فرض ہے (۳) ترمذی کے اسی باب میں حضرت ابو ہریرہ کی حدیث ہے جس کے اخیر میں یہ جملہ ہے ثم ارفع حتى تطمئن جالسا وافعل ذلک في صلوتک كلها۔ (ترمذی شریف، باب ما جاء وصف الصلوۃ ص ۶۷ نمبر ۳۰۳) اس سے بھی معلوم ہوا کہ قعدۂ اخیرہ میں بیٹھنا فرض ہے (۴) آپؐ نے کوئی بھی نماز بغیر تشہد کی مقدار بیٹھے ہوئے پوری نہیں کی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تشہد کی مقدار بیٹھنا فرض ہے (۵) عن ابن عمر ان رسول الله ﷺ قال اذا قضى الامام الصلوة وقعد فاحدث قبل ان يتكلم فقد تمت صلوته ومن كان خلفه ممن اتم الصلوة (ابوداؤد شریف، باب الامام یحدث بعد ما یرفع رأسہ ص ۹۸ نمبر ۶۱۷) اس حدیث میں ہے کہ بیٹھنے کے بعد حدث ہوا ہو تو نماز پوری ہوگئی، جس سے معلوم ہوا کہ تشہد کی مقدار بیٹھنا فرض ہے وہ کر لیا تو گویا کہ فرض پورا کرلیا اسلئے اسکے بعد حدث ہوا تو نماز پوری ہوگئی۔

**ترجمہ**: ۱؎ حضور علیہ السلام جب حضرت عبد اللہ ابن مسعودؓ کو تشہد سکھا رہے تھے تو فرمایا کہ اس تشہد کو کہہ لوگے، یا کر لوگے تو تمہاری نماز پوری ہوگئی۔

**تشریح**: (۶) عبد اللہ بن مسعود کی حدیث یہ ہے۔ وان رسول الله ﷺ اخذ بيد عبد الله بن مسعود فعلمه التشهد في الصلوة فذكر مثل دعاء حديث الاعمش اذا قلت هذا او قضيت هذا فقد قضيت صلوتک ان شئت ان تقوم فقم وان شئت ان تقعد فاقعد۔ (ابوداؤد شریف، باب التشہد ص ۱۴۶ نمبر ۹۷۰) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ تشہد کی مقدار بیٹھے گا تو نماز پوری ہوگی ورنہ نہیں۔

**ترجمہ**: ۲؎ تشہد کے کرنے پر نماز کے پورے ہونے کو معلق کیا، چاہے تشہد پڑھے یا نہ پڑھے۔

**تشریح**: یہ جملہ ابو داود والی اس حدیث کی تشریح ہے۔ (اذا قلت هذا او قضيت هذا فقد قضيت صلوتک) اس میں ہے کہ آپ تشہد کہہ لیں، یا پوری کرلیں تو آپ کی نماز پوری ہوگئی، تشہد کہے گا تو بیٹھ کر پوری کرے گا، اسلئے اس حدیث کے

(۲۵۸) قال وما سوى ذلک فهو سنة ﴾ ۱ اطلق اسم السنة وفيها واجبات كقراءة الفاتحة وضم السورة معها ومراعات الترتيب فيما شرع مكررا من الافعال والقعدة الاولىٰ وقراءة التشهد فى الاخيرة والقنوت فى الوتر وتكبيرات العيدين والجهر فيما يجهر فيه والمخافتة فيما تخافت فيه ولهذا يجب عليه سجدتا السهو بتركها هٰذا هو الصحيح وتسميتها سنة فى الكتاب لما انه ثبت وجوبها بالسنة (۲۵۹) واذا شرع فى الصلوٰة كبَّر ﴾ ۱ لماتلونا

---

اشارۃ النص سے تشہد میں بیٹھنا ثابت ہوا، اسلئے تشہد کی مقدار بیٹھنا فرض ہے۔

**ترجمہ** : (۲۵۸) اور جو ان سے زیادہ ہو وہ سنتیں ہیں۔

**ترجمہ** : ۱ ان تمام پر سنت کا نام استعمال کیا، حالانکہ ان میں واجبات بھی ہیں، جیسے سورہ فاتحہ کا پڑھنا، اسکے ساتھ سورت ملانا، جو مکرر افعال مشروع ہیں ان میں ترتیب کی رعایت رکھنا، قاعدہ اولی، قاعدہ آخیرہ میں تشہد پڑھنا، وتر میں دعاء قنوت پڑھنا، عیدین میں تکبیرات زائدہ پڑھنا، جس رکعت میں قرأت جہری ہو اس میں جہری کرنا، اور جس میں قرأت سری ہو اس میں سری کرنا، اسی لئے اسکو چھوڑنے سے سجدہ سہو واجب ہوتا ہے، یہی صحیح ہے، لیکن اسکا نام سنت رکھنا اسلئے ہے کہ وہ سب واجب حدیث سے ثابت ہیں۔

**تشریح** : مصنف نے ان کے علاوہ کو سنت کہا ہے حالانکہ نماز میں کچھ چیزیں واجب بھی ہیں۔ لیکن سب کو سنت اس لئے کہا کہ وہ سنت اور حدیث سے ثابت ہیں۔ اس لئے ان کو سنت کہا ہے۔ ورنہ اس میں کچھ واجبات بھی ہیں۔ مثلا (۱) قرأت فاتحہ (۲) سورۃ ملانا (۳) مکرر افعال میں ترتیب کی رعایت رکھنا (۴) قعدۂ اولی (۵) قعدۂ اخیرہ میں تشہد پڑھنا (۶) جن رکعتوں میں قرأت جہری ہے اس کو جہری پڑھنا اور جن رکعتوں میں سری ہے اس کو سری پڑھنا (۷) وتر میں دعائے قنوت پڑھنا (۸) تکبیرات عیدین، یہ سب واجبات ہیں۔

## ﴿ترتیب نماز﴾

**ترجمہ** : (۲۵۹) اگر آدمی نماز میں داخل ہو تو تکبیر کہے۔

**ترجمہ** : ۱ اس آیت کی وجہ سے جو میں نے تلاوت کی۔

**تشریح** : آدمی جب نماز شروع کرے تو تکبیر تحریمہ کہے اور تحریمہ باندھتے وقت، تکبیر تحریمہ کہنے کی دلیل یہ آیت ہے۔ (۱) کیونکہ آیت میں ہے وربک فکبر (آیت ۳ سورۃ المدثر ۷۴) اس لئے تحریمہ کے ساتھ ہی تکبیر کہے۔ (۲) اس آیت میں ہے کہ اللہ کا ذکر کرو، یعنی تکبیر کہو، جس سے تکبیر تحریمہ ثابت ہوتا ہے۔ آیت یہ ہے۔ وذكر اسم ربه فصلى . (آیت ۱۵ سورۃ الاعلی ۸۷) اس آیت میں کہا گیا ہے کہ اللہ کا ذکر کرو پھر نماز پڑھو یعنی تکبیر کہو۔ (۳) حدیث آگے آرہی ہے۔

۲ وقال علیہ السلام :تحريمها التكبير ۳ وهو شرط عندنا خلافا للشافعیؒ حتى ان من يحرم للفرض كان له ان يؤدى بها التطوع ۴ وهو يقول انه يشترط لها مايشترط لسائر الاركان وهذا اية الركنية

**ترجمه**: ۲ اور حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ نماز کا تحریمہ باندھنا تکبیر کی وجہ سے ہوگا۔

**تشریح** : اس تکبیر کو تکبیر تحریمہ اسلئے کہتے ہیں کہ اس تکبیر کے بعد نماز کا تحریمہ باندھتے ہیں، اور دنیاوی تمام باتیں حرام ہو جاتیں ہیں۔ صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابی سعید قال قال رسولؐ الله مفتاح الصلوة الطهور وتحريمها التكبير وتحليلها التسليم ولا صلوة لمن لم يقرأ بالحمد وسورة فى فريضة او غيرها. (ترمذی شریف، باب ما جاء فی تحریم الصلوۃ وتحلیلها ص ۵۵ نمبر ۲۳۸ / ابو داؤد شریف، باب الامام یحدث بعد ما یرفع رأسہ من آخر رکعۃ ص ۹۸ نمبر ۶۱۸)
اس حدیث میں ہے کہ نماز کا تحریمہ باندھنا تکبیر تحریمہ سے ہوتا ہے۔

**ترجمه**: ۳ تکبیر تحریمہ ہمارے یہاں شرط ہے، خلاف امام شافعیؒ کے، یہاں تک کہ کوئی فرض کا احرام باندھے تو جائز ہے کہ اس سے نفل ادا کرے۔

**تشریح** : رکن اور شرط میں فرق یہ ہے کہ نماز میں رکن اس فرض کو کہتے ہیں جو نماز کے اندر رہو۔ اور شرط اس فرض کو کہتے ہیں جو ہو تو ضروری لیکن نماز سے باہر ہو۔ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک تکبیر تحریمہ شرط ہے اور نماز سے باہر ہے، یہی وجہ ہے کہ کوئی آدمی فرض نماز کے لئے تکبیر تحریمہ کہے اور اس سے نفل نماز پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے، اسکی وجہ یہ ہے کہ تکبیر کہنے کی وجہ سے وہ نماز کے اندر داخل نہیں ہوا اسلئے تبدیل کر سکتا ہے۔ اور امام شافعیؒ کے یہاں تکبیر تحریمہ نماز کا رکن ہے اور نماز کے اندر داخل ہے اسلئے کوئی فرض کا تحریمہ باندھے اور اس سے نفل پڑھنا چاہے تو نہیں پڑھ سکتا، اسلئے کہ وہ نماز میں داخل ہو گیا، اسلئے اب تبدیل کرنا چاہے تو نہیں کر سکتا ۔موسوعہ میں عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ : فمن أحسن التكبير لم يكن داخلا فى الصلوة الا بالتكبير نفسه ۔ (موسوعہ للامام الشافعی، باب ما یدخل بہ فی الصلوۃ من التکبیر ، ج ثانی ص ۱۲۵، نمبر ۱۲۶۲) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ تکبیر کہنے سے نماز میں داخل ہو جائے گا۔

**وجه** : انکی دلیل یہ ہے کہ اوپر کی حدیث میں (( تحريمها التكبير )) ۔(ترمذی شریف، نمبر ۲۳۸ / ابو داؤد شریف، نمبر ۶۱۸) ہے، جسکا مطلب یہ ہے کہ تکبیر کہنے سے نماز کا تحریمہ بندھ جائے گا اور نماز شروع ہو جائے گی، اور جب نماز شروع ہو گئی تو معلوم ہوا کہ تحریمہ نماز کے اندر داخل ہے اور اسکا رکن ہے۔

**ترجمه**: ۴ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ تحریمہ کے لئے بھی وہی شرطیں ہیں جو باقی رکنوں کے لئے شرطیں ہیں اور یہ رکن ہو نے کی دلیل ہے۔

**۵** ولنا انه عطف الصّلوة عليه في قوله تعالىٰ وذكر اسم ربه فصلى ومقتضاه المغايرة **۶** ولهٰذا لا يتكرر كتكرار الاركان **۷** ومراعاة الشرائط لما يتصل به من القيام (۲۶۰) ويرفع يديه مع التكبير ﴾

**تشریح** : یہ امام شافعیؒ کی دلیل عقلی ہے کہ پاک ہونا ستر عورت ہونا وغیرہ جو شرطیں رکوع، سجدے وغیرہ رکن کے لئے ہیں وہی شرطیں تحریمہ کے لئے بھی ہیں جس سے پتہ چلتا ہے کہ تحریمہ بھی نماز کا رکن ہے اور نماز میں داخل ہے۔

**ترجمہ**: **۵** ہماری دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالی کا قول (( وذکر اسم ربه فصلی )). ( آیت ۱۵ سورۃ الاعلی ۸۷) میں نماز کا عطف اللہ کے ذکر پر کیا جسکا تقاضا مغایرت ہے، اسی لئے اور ارکان کی طرح مکرر نہیں ہے۔

**تشریح** : امام ابو حنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ اوپر کی آیت میں فصلی ہے جسکا عطف اللہ کے ذکر پر ہے جس کا مطلب یہ ہوا کہ پہلے اللہ کا ذکر کرو پھر نماز پڑھو، اسلئے اللہ کا ذکر یعنی تکبیر پہلے ہوئی اور نماز بعد میں شروع ہوئی، اسلئے تکبیر نماز میں داخل نہیں ہے اور اسکا رکن بھی نہیں ہے، بلکہ شرط ہے اور نماز سے باہر ہے۔

**لغت** : مقتضاہ المغائرۃ:۔ اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ عطف کا قاعدہ یہ ہے کہ جس پر عطف کیا جاتا ہے وہ اور چیز ہوتی ہے اور جس چیز کا عطف کیا جاتا ہے وہ دوسری چیز ہوتی ہے اس سے مغائر ہوتی ہے، آیت مذکورہ میں صلی کا عطف ذکر اسم ربہ پر ہے، اس سے معلوم ہوا کہ ذکر اسم اور چیز ہے جو صلی سے باہر ہے اور صلی دوسری چیز ہے جو ذکر اسم سے مغایر ہے اسلئے وہ صلی سے باہر ہوگا، اور رکن نہیں شرط ہوگا۔ مقتضاہ المغائرۃ، کا یہی معنی ہے۔

**ترجمہ**: **۶** اسی لئے اور ارکان کی طرح مکرر نہیں ہوتا۔

**تشریح** : نماز میں جتنے رکن ہیں، مثلا قیام، رکوع، سجدہ قرأت یہ سب مکرر ہوتے ہیں، اور تکبیر تحریمہ شروع میں ایک بار ہی ہوتا ہے، اگر یہ رکن ہوتا تو یہ بھی مکرر ہوتا، لیکن ایک ہی بار ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ رکن نہیں ہے، شرط ہے۔

**ترجمہ**: **۷** اور نماز کی ساری شرطوں کی رعایت اس وجہ سے ہے کہ وہ قیام سے متصل ہے۔

**تشریح** : یہ جملہ حضرت امام شافعیؒ کو جواب ہے، انکی دلیل یہ تھی کہ طہارت وغیرہ جو شرطیں رکن کے لئے وہی شرطیں تکبیر تحریمہ کے لئے بھی ہیں، یہ رکن ہونے کی دلیل ہے، اسکا جواب یہ ہے کہ طہارت وغیرہ تکبیر کے لئے شرط نہیں ہے، بلکہ تکبیر قیام سے متصل ہے اور یہ ساری شرطیں قیام کے لئے ہے اسلئے تکبیر کے لئے بھی یہ شرطیں ہو جاتیں ہیں، حقیقت میں تکبیر کے لئے یہ شرطیں نہیں ہیں، اسلئے طہارت، ستر عورت وغیرہ شرطوں کا پایا جانا رکن ہونے کی دلیل نہیں ہے۔

**ترجمہ** : (۲۶۰) دونوں ہاتھوں کو تکبیر کے ساتھ اٹھائے۔

**تشریح**: تکبیر کہنے کے ساتھ دونوں ہاتھوں کو اتنا اٹھائے کہ دونوں انگوٹھے کان کی لو کے برابر ہو جائے۔

ل وهو سنة لان النبی علیہ السلام واظب علیه ۲ وهذا اللفظ یشیر الیٰ اشتراط المقارنة وهو المروی عن ابی یوسفؒ والمحکی عن الطحاوی

---

**وجه** : حدیث میں ہے کہ حضورؐ تکبیر کے ساتھ ہی ہاتھ اٹھایا کرتے تھے۔حدیث یہ ہے۔(۱) أن ابن عمرؓ کان اذا دخل فی الصلوة کبر و رفع یدیه ....و رفع ذالک ابن عمر الی النبی ﷺ۔(بخاری شریف، باب رفع الیدین اذا قام من الرکعتین ،ص ۱۰۲،نمبر ۷۳۹رمسلم شریف، باب استحباب رفع الیدین حذو المنکبین مع تکبیرة الاحرام،ص ۱۶۶،نمبر ۸۶۵/۳۹۱رابو داؤد شریف ، باب رفع الیدین ص ۱۱۱ نمبر ۷۲۳) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ تکبیر کے ساتھ ہی ہاتھ اٹھاتے تھے۔(۲) اس حدیث میں اسکی صراحت ہے۔حدثنی أهل بیتی عن أبی أنه حدثهم أنه رأی رسول الله ﷺ یرفع یدیه مع التکبیر ۔(ابوداؤد شریف، باب رفع الیدین ص ۱۱۱ نمبر ۷۲۵)اس حدیث میں صراحت ہے کہ ہاتھ اٹھانے کے ساتھ تکبیر کہتے تھے۔

حدیث میں دوسرے دوطریقے بھی ہیں یعنی پہلے ہاتھ اٹھائے پھر تکبیر کہے اور یہ بھی ہے کہ پہلے تکبیر کہے پھر ہاتھ اٹھائے۔حنفیہ کے نزدیک بہتر یہ ہے کہ پہلے ہاتھ اٹھائے تا کہ عمل سے بھی اللہ کے علاوہ کا انکار ہو جائے پھر تکبیر کہے تا کہ اللہ کی وحدانیت کا اقرار ہو جائے۔اس کی دلیل یہ حدیث ہے ان ابن عمر قال: کان رسول الله ﷺ اذا قام للصلوة رفع یدیه حتی تکونا حذو منکبیه ثم کبر . (مسلم شریف، باب رفع الیدین حذو المنکبین مع تکبیرة الاحرام ص ۱۶۸ نمبر ۸۶۲/۳۹۰ ابوداؤد شریف، باب رفع الیدین ص ۱۱۱ نمبر ۷۲۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پہلے ہاتھ اٹھائے پھر تکبیر کہے تو بہتر ہے۔اور اگر پہلے تکبیر کہے پھر ہاتھ اٹھائے تب بھی کچھ حرج نہیں ہے۔حدیث میں اس کا بھی ذکر ہے۔ انه رأی مالک بن الحویرث اذا صلی کبر ثم رفع یدیه ... وحدث ان رسول الله ﷺ کان یفعل هکذا (مسلم شریف، باب رفع الیدین حذو المنکبین مع تکبیرة الاحرام ص ۱۶۸ نمبر ۸۶۴/۳۹۱ رابوداؤد شریف، باب رفع الیدین فی الصلوة ص ۱۱۱ نمبر ۷۲۶)اس حدیث میں پہلے تکبیر کہی پھر ہاتھ اٹھائے۔

**ترجمه** : ل تکبیر کے ساتھ ہاتھ اٹھانا سنت ہے اسلئے کہ حضورؐ نے اس پر ہمیشگی کی ہے۔

**تشریح** : تکبیر تحریمہ کہنا فرض ہے جیسا کہ اوپر گزرا،اور تکبیر کے ساتھ یا بعد میں ہاتھ اٹھانا سنت ہے کوئی نہیں اٹھائے گا تب بھی نماز ہو جائے گی،البتہ سنت چھوٹ جائے گی۔کیونکہ حضورؐ نے ہمیشہ تکبیر کے وقت اٹھایا ہے۔دلیل اوپر حدیث گزر گئی۔

**ترجمه** : ۲ یہ لفظ ،مع التکبیر ،مقارنت کی شرط کی طرف اشارہ ہے،اور یہی روایت ہے حضرت امام ابو یوسفؒ سے اور حضرت طحاویؒ سے بھی حکایت ہے۔

۳؎ والاصح انه يرفع يديه اولاثم يكبر لان فعله نفى الكبرياء عن غير الله تعالىٰ والنفى مقدم

(۲۶۱) ويرفع يديه حتى يحاذى بابهامَيه شحمة اذنيه﴾

**تشریح** : متن میں ،یرفع یدیه مع التکبیر ، ہے اسلئے مع کے لفظ سے پتہ چلتا ہے کہ تکبیر کے ساتھ ہی ہاتھ اٹھانا مستحب ہے ،چنانچہ حضرت امام ابو یوسفؒ اور امام طحاویؒ سے بھی یہی روایت ہے۔دلیل یہ حدیث ہے۔أن ابن عمرؓ کان اذا دخل فی الصلوة کبر و رفع یدیه ....و رفع ذالک ابن عمر الی النبی ﷺ ۔(بخاری شریف،باب رفع الیدین اذا قام من الرکعتین ،ص ۱۰۲،نمبر ۷۳۹رمسلم شریف،باب استحباب رفع الیدین حذو المنکبین مع تکبیرة الاحرام،ص ۱۶۶،نمبر ۸۶۵/۳۹۱رابوداؤد شریف،باب رفع الیدین ص ۱۱۱نمبر ۷۲۳) اس حدیث میں ہے کہ حضور تکبیر کے ساتھ ہی ہاتھ اٹھاتے تھے۔

**نوٹ** : طحاوی شریف میں یہ بحث تو ہے کہ ہاتھ کندھے تک اٹھائے یا کان تک اٹھائے ،اور باب یہ باندھا ہے(باب رفع الیدین فی افتتاح الصلوة الی این یبلغ بھما،ص ۱۴۳) لیکن یہ بحث نہیں ہے کہ ہاتھ کب اٹھائے تکبیر کے ساتھ،یا تکبیر سے پہلے،یا تکبیر کے بعد۔

**ترجمہ**: ۳؎ صحیح بات یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کو پہلے اٹھائے پھر تکبیر کہے،اسلئے کہ اسکا ایسا کرنا اللہ کے علاوہ سے بڑائی کی نفی کرنا ہے،اورنفی مقدم ہوتا ہے۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔فرماتے ہیں کہ بہتر یہ ہے کہ پہلے ہاتھ اٹھائے پھر تکبیر کہے ،کیونکہ ہاتھ اٹھانے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ کے علاوہ سے بڑائی کی نفی کرتا ہوں،اور اسکے بعد اللہ اکبر کا مطلب یہ ہوگا،بس صرف اللہ کی بڑائی بیان کرتا ہوں،اورنفی پہلے ہوتا ہے،اسلئے ہاتھ کا اٹھانا پہلے ہونا چاہئے۔(۲)حدیث اوپر گزرگئی رفع یدیه حتی تکونا حذو منکبیه ثم کبر . (مسلم شریف،نمبر ۸۶۲/۳۹۰رابوداؤد شریف،نمبر ۷۲۲)

**لغت** : واظب:ہمیشہ فرمایا۔مقارنة: ساتھ ساتھ۔محکی:بیان کیا گیا ہے۔کبریاء:بڑائی۔

**ترجمہ** :(۲۶۱) دونوں ہاتھوں کو اٹھائے یہاں تک کہ دونوں انگوٹھوں کو دونوں کانوں کی لو کے مدمقابل کردے۔

**تشریح** : ہاتھ کان کی لوتک اٹھائے اس طرح کہ انگلیاں کان کی لو کے مدمقابل ہوں اور باقی ہاتھ گلے اور مونڈھے کے قریب ہوتا کہ تمام احادیث پر عمل ہو جائے۔

**وجه** : (۱)عن عبد الجبار بن وائل عن ابیه : أنه أبصر النبی ﷺ حین قام الی الصلاة رفع یدیه حتی کانتابحیال منکبیه و حاذی بابهامیه أذنیه ثم کبر . (ابوداود شریف،باب رفع الیدین فی الصلوة،ص ۱۱۳،نمبر ۷۳۴)اس حدیث میں ہے کہ ہتھیلی مونڈھے کے پاس ہو اور انگوٹھے کان کے پاس ہو اس طرح ہاتھ اٹھائے،اسی پر حنفیہ عمل کرتے ہیں تا کہ

ل وعند الشافعیؒ یرفع الی منکبیہ، وعلیٰ تکبیرۃ القنوت، والاعیاد، والجنازۃ لہ حدیث ابی حُمید الساعدیؓ قال کان النبی علیہ السلام: اذا کبر رفع یدیہ الی منکبیہ

---

تمام احادیث پر عمل ہوجائے۔ (۲) کان کی لوتک انگلیاں رکھنے کی دلیل یہ حدیث ہے عن مالک بن الحویرث ان رسول اللہ ﷺ کان اذا کبر رفع یدیہ حتی یحاذی بھما اذنیہ۔ (مسلم شریف، باب استحباب رفع الیدین حذو المنکبین ص ۱۶۸ نمبر ۸۶۵/۳۹۱) (۳) اسی کے آگے حدیث میں ہے عن قتادۃ بھذا الاسناد انہ رأی نبی اللہ ﷺ وقال حتی یحاذی بھما فروع اذنیہ۔ (مسلم شریف ص ۱۶۸ نمبر ۸۶۶/۳۹۱) (۴) عن وائل بن حجر قال رأیت النبی ﷺ حین افتتح الصلوۃ رفع یدیہ حیال اذنیہ۔ (ابوداؤد شریف، باب رفع الیدین کی آخری حدیث ہے ص ۱۱۲ نمبر ۷۲۸) ان سب احادیث سے معلوم ہوا کہ تکبیر کے وقت ہاتھ کان کی لوتک مرد اٹھائے گا۔ (۵) مونڈھے تک اٹھانے کی جو حدیث ہے ہم کہتے ہیں کہ وہ عورتوں کے لئے ہے۔ اور اس کی دلیل یہ حدیث ہے عن وائل بن حجر قال قال رسول اللہ ﷺ یا ابن حجر اذا صلیت فاجعل یدیک حذاء اذنیک والمرأۃ تجعلی یدیھا حذاء ثدییھا (رواہ الطبرانی، اعلاء السنن، باب افتراض التحریمہ وسنتھا ج ثانی ص ۱۷۱، نمبر ۶۵۶) اس حدیث میں عورتوں کے بارے میں آیا کہ وہ اپنے پستان تک ہاتھ اٹھائے۔ کیونکہ اس کے لئے یہی زیادہ ستر کی چیز ہے۔

**فائدہ: ترجمہ:** ل اور امام شافعیؒ کے نزدیک اپنے مونڈھے تک اٹھائے گا، اور اسی طرح قنوت کی تکبیر میں، اور عیدین کی تکبیر میں، اور نماز جنازہ کی تکبیر میں۔ انکی دلیل ابوحمید ساعدیؓ کی حدیث ہے کہ نبی علیہ السلام جب تکبیر کہتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے دونوں مونڈھے تک اٹھاتے۔

**تشریح**: امام شافعیؒ اور دیگر ائمہ کے نزدیک تکبیر تحریمہ میں، اور دعاء قنوت، اور عیدین کی تکبیر، اور نماز جنازہ میں بھی ہاتھ مونڈھے تک اٹھائیں گے۔ ان کی دلیل یہ احادیث ہیں۔ عن محمد بن عمرو بن عطاء أنہ کان جالسا فی نفر من أصحاب النبی ﷺ فقال ابو حمید الساعدی: أنا کنت أحفظکم لصلاۃ رسول اللہ ﷺ، رأیتہ اذا کبر جعل یدیہ حذو منکبیہ۔ (بخاری شریف، باب سنۃ الجلوس فی التشھد، ص ۱۱۴، نمبر ۸۲۸/ مسلم شریف، باب استحباب رفع الیدین حذو المنکبین ص ۱۶۸ نمبر ۸۶۱/۳۹۰/ ابوداود شریف، باب رفع الیدین فی الصلاۃ، ص ۱۱۳، نمبر ۷۲۲) (۲) عن سالم بن عبد اللہ عن ابیہ ان رسول اللہ و کان یرفع یدیہ حذو منکبیہ اذا افتتح الصلوۃ (بخاری شریف، باب رفع الیدین فی التکبیرۃ الاولی ص ۱۰۲ نمبر ۷۳۵/ مسلم شریف، باب استحباب رفع الیدین حذو المنکبین ص ۱۶۸ نمبر ۳۹۰) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ ہاتھ مونڈھے تک اٹھاتے تھے۔ حنفیہ اس طرح عمل کرتے ہیں کہ تمام احادیث پر عمل ہوجائے۔

۲ ولنا رواية وائل بن حجر و البراء وانسؓ ان النبیﷺ کان اذا کبر رفع یدیه حذاء اذنیه ۳ ولان رفع الیدلاعلام الاصم وهو بما قلناه ۴ ومارواه یحمل علی حالة العذر

**ترجمہ:** ۲ اور ہماری دلیل وائل ابن حجر، اور براء بن عازب، اور انسؓ کی حدیث ہے کہ نبی علیہ السلام جب تکبیر کہتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو کان تک اٹھاتے ۔۔ یہ احادیث اوپر گزر چکیں ہیں۔

**ترجمہ:** ۳ اور اسلئے کہ ہاتھ کا اٹھانا بہرے کو بتلانے کے لئے ہے اور وہ اسی صورت میں ہوگا جو ہمنے کہا۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ تحریمہ میں ہاتھ اٹھانا اسلئے بھی ہے کہ بہرے کو بھی پتہ چل جائے کہ نماز شروع ہو رہی ہے، اسکے لئے کان تک اٹھائے تب ہی اچھی طرح پتہ چلے گا اسلئے کان تک اٹھانا ہی بہتر ہوگا۔ اصل تو اوپر کی حدیث ہے۔

**ترجمہ** : ۴ اور جو امام شافعیؒ نے حدیث روایت کی وہ عذر کی حالت پر محمول کی جائے گی۔

**تشریح**: یہ بھی عذر ہو سکتا ہے کہ سردی تھی اور کپڑے اوڑھے ہوئے تھے اسلئے ہاتھ کچھ کم اٹھائے، اسکا ثبوت حدیث میں ہے۔ عن وائل ابن حجر قال رأیت النبی ﷺ حین افتتح الصلوة رفع یدیه حیال اذنیه ، قال : ثم أتیتهم فرأیتهم یرفعون ایدیهم الی صدور هم فی افتتاح الصلوة و علیهم برانس و أکسیة ۔(ابو داود شریف، باب رفع الیدین فی الصلاۃ، ص ۱۱۳، نمبر ۷۲۸) اس حدیث میں ہے کہ پہلے ہاتھ کان تک اٹھاتے تھے لیکن سردی میں واپس گیا تو دیکھا کہ کپڑے کی وجہ سے ہاتھ سینے تک اٹھاتے ہیں۔

**لغت** :یحاذی: سامنے ہو جائے، برابر میں ہو جائے۔ ابہام : انگوٹھا، شحمتہ کان کا نرما، کان کی لو۔ منکب: مونڈھا۔ اصم: بہرا

**نوٹ**: رکوع کے وقت میں ہاتھ اٹھانا جائز ہے۔ احادیث سے ثابت ہے۔ البتہ حنفیہ اس پر عمل اس لئے نہیں کرتے ہیں کہ اس کے خلاف حدیث موجود ہے۔ (۱) اور اصل بات یہ ہے کہ حضرت امام اعظم کی نگاہ قوموا لله قانتین کی طرف گئی ہے۔ اس لئے دوسری احادیث پر عمل کیا۔ حدیث یہ ہے (۲) قال عبد الله بن مسعود الا اصلی بکم صلوة رسول الله ﷺ فصلی فلم یرفع یدیه الا فی اول مرة . (ترمذی شریف، باب ان النبی لم یرفع الا فی اول مرۃ، ص ۵۹ نمبر ۲۵۷) (۳) عن البراء ان رسول الله ﷺ کان اذا افتتح الصلوة رفع یدیه الی قریب من اذنیه ثم لا یعود . (ابو داؤد شریف، باب من لم یذکر الرفع عند الرکوع ص ۱۱۶ نمبر ۷۴۹ رنسائی شریف، باب رفع الیدین حذو المنکبین عند الرفع من الرکوع والرخصۃ فی ترک ذلک ص ۱۲۰ نمبر ۱۰۵۹) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ رکوع کے وقت رفع یدی کے چھوڑنے کی گنجائش ہے

**فائدہ** : امام شافعیؒ اور دیگر ائمہ کے یہاں رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع یدین ہے۔ ان کی دلیل یہ حدیث ہے عن عبد الله بن عمر قال رأیت رسول الله ﷺ اذا قام فی الصلوة رفع یدیه حتی تکونا حذو منکبیه

(۲۶۲)والمرأة ترفع يديها حذاء منكبيها ﴾ لـ هو الصحيح لانه استرلها (۲۶۳) فان قال بدل التكبير، الله اجل، او اعظم، اوالرحمن اكبر، اولا اله الّا الله، اوغيره من اسماء الله تعالى اجزاه عند ابى حنيفة ومحمدؒ، وقال ابويوسفؒ ان كان يحسن التكبير لم يجز الاقوله الله اكبر، او الله

وكان يفعل ذلك حين يكبر للركوع و يفعل ذلك اذا رفع رأسه من الركوع ويقول سمع الله لمن حمده ولا يفعل ذلك فى السجود (بخاری شریف، باب رفع الیدین اذا کبرواذا رکع واذا رفع ص ۱۰۲ نمبر ۷۳۶ر مسلم شریف، باب استحباب رفع الیدین حذو المنکبین مع تکبیرة الاحرام والرکوع وفی الرفع من الرکوع وانہ لا یفعلہ اذا رفع من السجود ص ۱۶۸ نمبر ۸۶۲/۳۹۰) اس سے معلوم ہوا کہ رکوع کے وقت ہاتھ اٹھانا مستحب ہے۔ اور نہ کرنے کی بھی گنجائش ہے اس لئے اس مسئلہ پر جھگڑا نہیں کرنا چاہئے صرف استحباب کا اختلاف ہے۔

**ترجمہ** : (۲۶۲) اورعورت اپنے ہاتھ کو مونڈھے تک اٹھائے۔

**ترجمہ**: لـ صحیح یہی ہے اسلئے کہ یہ اسکے لئے ستر کی چیز ہے۔

**تشریح** :عورت ستر ہے اسلئے اسکے لئے مناسب یہی ہے کہ ہاتھ کانوں تک نہ اٹھائے بلکہ مونڈھے تک ہی اٹھائے یہی ستر کے مناسب ہے۔

**وجہ** : (۱) ایک تو اوپر والی حدیث ہے جس میں ہے کہ حضور مونڈھے تک ہاتھ اٹھاتے تھے، یہ اگر چہ دوسرے ائمہ کے یہاں مردوں کے لئے ہے لیکن ہمارے یہاں اس حدیث پر عورت عمل کرے گی رأيت رسول الله ﷺ اذا قام فى الصلوة رفع يديه حتى تكونا حذو منكبيه (بخاری شریف، نمبر ۷۳۶ر مسلم شریف، نمبر ۸۶۲/۳۹۰) اس حدیث میں ہے کہ ہاتھ مونڈھے تک اٹھائے۔ (۲) اوراس کی دلیل یہ حدیث ہے عن وائل بن حجر قال قال رسول الله ﷺ يا ابن حجر اذا صليت فاجعل يديك حذاء اذنيك والمرأة تجعلى يديها حذاء ثديها (رواہ الطبرانی، اعلاء السنن، باب افتراض التحریمہ وسننھا ج ثانی ص ۱۷۱، نمبر ۶۵۶) اس حدیث میں ہے کہ عورتیں مونڈھے تک بلکہ پستان تک ہاتھ اٹھائے۔ (۳) اثر میں ہے۔ عن الزهرى قال : ترفع يديها حذو منكبيها ۔مصنف ابن ابی شیبۃ، ۹ فی المرأۃ اذا افتتحت الصلوۃ الی این ترفع یدیھا، ج اول، ص ۲۱۶، نمبر ۲۴۷۲) اس اثر میں ہے کہ عورت مونڈھے تک اپنے ہاتھوں کو اٹھائے گی۔

**ترجمہ** : (۲۶۳) اگر اللہ اکبر کے بجائے اللہ اجل کہا یا اللہ اعظم کہا یا الرحمٰن الاکبر کہا یا لا الہ الا اللہ کہا، یا اسکے علاوہ اللہ کے ناموں میں سے کوئی اور کہا تو امام ابوحنیفہ اور امام محمد کے نزدیک کافی ہو جائے گا۔ اور امام ابو یوسف نے فرمایا کہ اگر وہ اچھی طرح تکبیر کہہ سکتا ہے تو جائز نہیں ہے مگر یہ کہ الله اكبر اور الله الاكبر اور الله الكبير، کہے۔

**الاكبر، اوالله الكبير﴾ ۱؎ وقال الشافعیؒ لايجوز الا بالاوّلين وقال مالکؒ لايجوز الا بالاوّل لانه هو المنقول والاصل فيه التوقيف**

**تشــريـح:** امام طرفین کے نزدیک تکبیر تحریمہ کے وقت اللہ کی تعظیم کا کوئی بھی کلمہ کہے گا اور تحریمہ باندھے گا تو کافی ہو جائے گا بشرطیکہ تعظیم کا کلمہ ہو۔ استغفار وغیرہ نہ ہو۔ البتہ تکبیر کے علاوہ کسی اور کلمہ سے تحریمہ باندھنا مکروہ ہے۔

**وجه** : آیت میں ہے وذكر اسم ربه فصلى (آیت ۱۵ سورۃ الاعلیٰ ۸۷) آیت سے معلوم ہوا کہ نماز سے پہلے اللہ کا کوئی بھی نام لے، چاہے وہ تکبیر ہو یا تعظیم کا کوئی کلمہ (۲) آیت میں ہے وربک فکبر. (آیت ۳ سورۃ المدثر ۷۴) اس آیت سے بھی معلوم ہوا کہ اصل مقصود اللہ کی تعظیم کرنا ہے چاہے کوئی بھی کلمہ ہو (۳) حدیث میں ہے عن ابی سعید خدری قال كان رسول الله ﷺ اذا قام الى الصلوة بالليل كبر ۔ (ترمذی شریف، باب مایقول عند افتتاح الصلوۃ ص ۵۷ نمبر ۲۴۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تحریمہ کے وقت تکبیر کہے۔ اس لئے کسی بھی کلمات سے تعظیم کرنا کافی ہوگا۔ (۴) اثر میں ہے۔ عن الشعبی قال : بأی أسماء الله افتتحت الصلوة أجزاک ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۷ ما یجزی من افتتاح الصلوۃ، ج اول، ص ۲۱۵، نمبر ۲۴۶۴) اس اثر میں ہے کہ اللہ کے کسی نام سے بھی تکبیر شروع کرے گا تو تکبیر ہو جائے گی۔

**فائده:** امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ اللہ اکبر اچھی طرح کہہ سکتا ہو تو خاص طور پر الله اكبر، اور الله الاكبر، اور الله الكبير، کہنا ضروری ہوگا۔ اور اگر اچھی طرح نہیں کہہ سکتا ہو تو اسکے لئے اللہ کے دوسرے ناموں سے تکبیر شروع کرنا جائز ہے۔

**وجه** : اس لئے کہ یہی کلمات حدیث میں تکبیر تحریمہ کے لئے آئے ہیں۔ سمعت ابا حميد الساعدى يقول كان رسول الله ﷺ اذا قام الى الصلوة استقبل القبلة ورفع يديه وقال :الله اكبر، (ابن ماجہ شریف، باب افتتاح الصلوۃ، ص ۱۱۴، نمبر ۸۰۳، ابواب اقامۃ الصلوۃ رترمذی شریف، باب ما جاء فی وصف الصلوۃ، باب منہ ص ۶۶ نمبر ۳۰۴) اس حدیث میں خاص اللہ اکبر کا ذکر ہے۔ اس لئے اس کلمہ کے ساتھ تکبیر تحریمہ ہوگا۔ اللہ الاکبر میں اور اللہ الکبیر میں زیادہ مبالغہ ہے اس لئے ان دونوں کلمے سے بھی تحریمہ ادا ہو جائے گا۔

**تـرجـمـه:** ۱؎ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ نہیں جائز ہے مگر پہلے دو یعنی، الله اكبر، اور الله الاكبر، سے۔ اور امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ صرف اللہ اکبر تکبیر جائز ہے اسلئے کہ حدیث میں یہی منقول ہے۔ اور اصل اس میں حدیث اور قرآن کی معلومات ہی ہے۔

**تشریح** :امام شافعیؒ کے نزدیک صرف اللہ اکبر، سے تکبیر ہو سکتی ہے البتہ ,اللہ الاکبر، (الف لام کے ساتھ) سے معنی بدلتا نہیں ہے بلکہ الف لام کی زیادتی سے معنی میں مبالغہ ہو جاتا ہے اسلئے ,اللہ الاکبر، سے بھی تکبیر ہو جائے گی۔ موسوعۃ میں عبارت یہ ہے۔ ولو قال : الله اكبر، الله العظيم، أو الله الجليل، أو الحمدلله، أو سبحان الله، أو ما ذكر الله به .لم يكن

۲ والشافعیؒ یقول ادخال الالف واللام ابلغ فی الثناء فقام مقامه ۳ وابویوسفؒ یقول ان افعل وفعیلافی صفات اللّٰہ تعالیٰ سواء ۴ بخلاف ما اذا کان لایحسن لانه لایقدر الا علی المعنی

---

داخلاً فی الصلوة الا بالتکبیر نفسه ، و هو : الله أکبر .... و کذالک ان قال : الله الاکبر و هکذا التکبیر ، و زیادة الالف و اللام لا تحیل معنی التکبیر ۔(موسوعة للامام الشافعیؒ، باب مایدخل بہ فی الصلاۃ من التکبیر ،ج ثانی،ص ۱۲۶،نمبر۱۲۶۳/۱۲۶۴)اس عبارت میں ہے کہ صرف اللہ اکبر سے تکبیر ہوگی،اور اللہ الاکبر میں معنی نہیں بدلتا ہے اسلئے اس سے بھی ہوجائے گی،البتہ دوسرے الفاظ سے تکبیر کی ادائیگی نہیں ہوگی۔ اور امام مالکؒ کے نزدیک بھی صرف اللہ اکبر سے ہی تکبیر ہوگی۔

**وجه** : اسکی وجہ اوپر کی حدیث ہے جس میں صرف اللہ اکبر سے تکبیر کہنے کا ذکر ہے وقال : الله اکبر (ابن ماجہ شریف، نمبر۸۰۳/ ترمذی شریف،نمبر۳۰۴) اس حدیث میں ہے کہ اللہ اکبر کہہ کر نماز شروع کرے۔اور اصل قاعدہ یہ ہے کہ جو الفاظ حدیث اور قرآن سے معلوم ہو اسی کو استعمال کر سکتے ہیں،اور حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ آپؐ نے صرف اللہ اکبر سے نماز شروع کی ہے اسلئے صرف اللہ اکبر سے ہی تکبیر کہی جاسکتی ہے۔۔توقیف کا ترجمہ ہے، جو حدیث اور قرآن سے معلوم ہو۔

**ترجمه** : ۲ اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ الف اور لام تعریف کرنے میں زیادہ مبالغہ کرتے ہیں اسلئے اللہ الاکبر اللہ اکبر کے قائم مقام ہوگیا ۔

**تشریح** : حدیث سے پتہ چلا کہ صرف اللہ اکبر سے تکبیر کہے لیکن امام شافعیؒ کے یہاں اللہ الاکبر سے بھی تکبیر اسلئے ہوجائے گی کہ الف لام سے تعریف میں زیادہ مبالغہ ہوتا ہے اسلئے گویا کہ اللہ الاکبر بھی اللہ اکبر کی طرح ہوگیا۔

**ترجمه** : ۳ اور امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں افعل کا وزن اور فعیل کا وزن اللہ کی صفات میں برابر ہیں۔

**تشریح** : امام ابو یوسفؒ کے یہاں اللہ اکبر،اور اللہ الاکبر سے تکبیر ہوجاتی ہے اسکی دلیل تو اوپر امام شافعیؒ کی دلیل میں گزری، اور اللہ الکبیر سے تکبیر ہوجاتی ہے اسکی دلیل یہ ہے، کہ اکبر افعل کے وزن پر اور کبیر فعیل کے وزن پر اللہ کی صفات بیان کرنے میں اور مبالغہ ہونے میں دونوں کا ترجمہ ایک ہی ہے اسلئے جس طرح سے اللہ اکبر سے تکبیر ہوجائے گی اللہ الکبیر سے بھی تکبیر ہوجائے گی۔

**ترجمه** : ۴ بخلاف جبکہ اچھی طرح اللہ اکبر نہیں کہہ سکتا ہو، اسلئے کہ وہ معنی کے سوا کسی اور چیز پر قدرت نہیں رکھتا۔

**تشریح** : جو آدمی کسی وجہ سے اللہ اکبر نہیں بول سکتا ہو تو اسکے لئے گنجائش ہے کہ اللہ اکبر، اللہ الاکبر، اللہ الکبیر کے علاوہ کسی اور لفظ سے تکبیر کہہ لے تو ہوجائے گی۔ کیونکہ وہ صرف اللہ اکبر کے معنی پر قدرت رکھتا ہے اسلئے وہ مجبور ہے اسلئے اور الفاظ جو تعظیم پر دلالت کرتے ہوں ان سے بھی تکبیر ہوجائے گی۔

۵ ولهما ان التكبير هو التعظيم لغة وهو حاصل (۲۶۴) فان افتتح الصلوٰة بالفارسية، اوقرأ فيها بالفارسية، او ذبح وسمّى بالفارسية وهو يحسن العربية اجزاه عند ابی حنيفة، وقالا: لا يجزيه الا فی الذبيحة وان لم يحسن العربية اجزاه﴾

**ترجمه**: ۵ امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کی دلیل یہ ہے کہ تکبیر کا ترجمہ لغت میں تعظیم ہے، اور وہ دوسرے الفاظ سے بھی حاصل ہے اسلئے دوسرے الفاظ سے بھی تکبیر ہو جائے گی۔

**تشریح**: ان دونوں حضرات کی دلیل گزر چکی کہ تکبیر کا مطلب اللہ کی تعظیم کرنا ہے اسلئے جن الفاظ سے تعظیم ہو جائے ان سے تکبیر بھی ہو جائے گی۔ باقی دلیل اوپر گزر چکی ہے۔

**ترجمه**: (۲۶۴) پس اگر نماز فارسی زبان میں شروع کی، یا نماز میں فارسی زبان سے قرأت کی، یا ذبح کیا اور فارسی میں بسم اللہ پڑھی حالانکہ وہ عربی اچھا جانتا ہے تب بھی امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک کافی ہو جائے گا۔ اور صاحبین فرماتے ہیں کہ کافی نہیں ہوگا مگر صرف ذبح کرنے میں۔ اور اگر عربی اچھا نہیں جانتا ہو تو بالاتفاق جائز ہے۔

**تشریح**: یہاں چھ مسئلے کے بارے میں تفصیل ہے (۱) تکبیر تحریمہ فارسی زبان میں کہی، یا عربی کے علاوہ کسی اور زبان میں کہی تو تکبیر تحریمہ ہو جائے گی یا نہیں۔ (۲) نماز میں سورتوں کی قرأت فارسی زبان میں کی تو قرأت ہو جائے گی اور نماز ہو جائے گی یا نہیں۔ (۳) ذبح کرتے وقت بسم اللہ فارسی زبان میں پڑھی تو جانور حلال ہو جائے گا یا نہیں۔ ان تینوں کا تذکرہ متن میں ہے۔ (۴) جمعہ کا خطبہ فارسی زبان یا کسی دوسری زبان میں دیا تو خطبہ ادا ہو جائے گا، یا نہیں۔ (۵) نماز میں تشہد فارسی زبان میں پڑھی تو نماز ہو جائے گی یا نہیں (۶) اذان فارسی زبان میں دی تو اذان ہو جائے گی یا نہیں! تفصیل آگے دیکھیں۔

**اصول**: عربی اچھی نہ آتی ہو تب تو بالاتفاق نماز ہو جائے گی۔ لیکن اگر عربی اچھی آتی ہو تو اختلاف ہے کہ یہ سب ہو جائے گی یا نہیں۔ اختلاف کا مدار اس بات پر ہے کہ آیت کا معنی کسی دوسری زبان میں ادا کر دیا جائے تو آیت کی ادائیگی ہو گئی یا نہیں! امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک دوسری زبان میں معنی ادا کر دیا جائے تو ادائیگی ہو جائے گی البتہ سنت متوارثہ کی مخالفت کی وجہ سے گنہگار ہوگا۔

**وجه**: (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ عربی زبان کی اہمیت ضرور ہے لیکن آیت کا معنی اصل ہے جو کسی بھی زبان میں ادا ہو جائے کافی ہے (۲) کیونکہ بہت سی سورتیں دوسری کتاب تورات اور انجیل اور صحف ابراہیم میں تھیں جو عربی کے علاوہ دوسری زبان میں تھیں اور اس امت کے لوگ اسی کو اپنی نماز میں پڑھتے تھے جسکا مطلب یہ ہوا کہ دوسری زبان میں سورت پڑھ دینا جائز ہے۔ اس آیت میں اسکا ذکر ہے۔ و انه لفی زبر الاولین (آیت ۱۹۶، سورة الشعراء ۲۶) اس آیت میں ہے کہ آیت پہلے کتابوں میں تھی، (۲) اس آیت میں بھی ہے کہ قرآن پچھلی کتابوں میں تھا۔ ان هذا لفی الصحف الاولی صحف ابراهيم و موسی. (آیت ۱۹، سورة

الاعلی ۸۷)اس آیت میں ہے کہ قرآن پچھلی کتابوں میں تھا (۳)حدیث میں ہے۔عن معقل بن یسارؓ قال : قال رسول الله ﷺ : ....و انی أعطیت سورة البقرة من الذکر الاول و أعطیت طه ، و طواسین ،و الحوامین من الواح موسی، و اعطیت فاتحة الکتاب من تحت العرش ۔(مستدرک للحاکم ،باب ذکر فضائل سورو آی متفرقۃ ،ج اول ،ص ۷۵۷،نمبر ۲۰۸۷)اس حدیث میں ہے کہ یہ سورتیں پہلی کتابوں میں تھیں۔اور ظاہر ہے کہ وہ دوسری زبان میں ہی ہوگی اسلئے دوسری زبان میں آیت پڑھنا جائز ہوگا۔

اور صاحبین کا اصول یہ ہے کہ معنی کے ساتھ عربی کے الفاظ بھی ضروری ہیں،انکے یہاں معنی اور لفظ دونوں کے مجموعے کا نام قرآن ہے۔

**وجه** : (۱) انکی دلیل یہ ہے کہ آیت میں عربی الفاظ کو قرآن کہا ہے،آیت یہ ہے۔ انا أنزلناه قرآنا عربیا لعلکم تعقلون۔(آیت ۲،سورۃ یوسف ۱۲) ،و کذالک أنزلناه قرآنا عربیا و صرفنا فیه من الوعید ۔(آیت ۱۳،سورۃ طٰہٰ ۲۰) ، انا جعلناه قرآنا عربیا لعلکم تعقلون ۔(آیت ۳،سورۃ الزخرف ۴۳)ان آیتوں میں قرآن کو عربی کہا ہے اسلئے عربی لفظ اور معنی دونوں کے مجموعے کا نام قرآن ہے۔اسلئے جنکو عربی اچھی آتی ہو وہ دوسری زبان میں آیت کا معنی پڑھے گا تو جائز نہیں ہوگا (۲) آیت میں ہے. و رتل القرآن ترتیلا۔(آیت ۴،سورۃ المزمل ۷۳ ) کہ قرآن کو ترتیل سے پڑھو اور یہ اسی صورت میں ہو سکتا ہے جبکہ عربی میں ہو اسلئے قرآن عربی الفاظ کا نام ہے۔(۳) حدیث میں ہے کہ آپؐ نے اجازت مانگی تو عرب کے صرف سات لغت میں قرآن پڑھنے کی اجازت دی ،اس سے معلوم ہوا کہ انکے علاوہ دوسری زبان میں قرآن پڑھنا جائز نہیں ہوگا۔لمبی حدیث کا ٹکڑا یہ ہے۔عن ابی بن کعب أن النبی ﷺ کان عند أضاة بنی غفار قال : فأتاه جبریل علیه السلام فقال : ان الله یأمرک أن تقرأ أمتک القرآن علی حرف ....ان الله یأمرک أن تقرأ أمتک القرآن علی سبعة احرف ، فأیما حرف قرأوا علیه ، فقد أصابوا ۔(مسلم شریف ،باب بیان أن القرآن أنزل علی سبعۃ أحرف و بیان معناھا،ص ۳۲۹،نمبر ۸۲۱/۱۹۰۶/بخاری شریف ،باب أنزل القرآن علی سبعۃ أحرف،ص ۸۹۵،نمبر ۴۹۹۱)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عرب کے سات لغات پر ہی پڑھنا جائز ہوگا،اسکے علاوہ پر نہیں۔

**اصول** :امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک معنی کا نام قرآن ہے۔۔صاحبین کے نزدیک عربی عبارت اور معنی دونوں کے مجموعے کا نام قرآن ہے۔

البتہ اگر عربی نہیں آتی ہو تو اب مجبوری ہے اسلئے دوسری زبان میں آیت کا معنی پڑھ دے تو نماز ہو جائے گی۔

**وجه** : حدیث میں ہے کہ قرآن نہ پڑھ سکتا ہو تو تکبیر اور لا الہ الا اللہ،اور سبحان اللہ پڑھنے سے بھی نماز ہو جائے گی،لمبی حدیث کا ٹکڑا یہ ہے۔عن رفاعة بن رافع : أن رسول الله ﷺ بینما جالس فی المسجد ....فان کان معک قرآن

ل اما الكلام فی الافتتاح فمحمدؒ مع ابی حنیفةؒ فی العربیة و مع ابی یوسف فی الفارسیة لان لغة العرب لها من المزیّة مالیس لغیرها ٢ واما الکلام فی القراء ة فوجه قولهما ان القرآن اسم لمنظوم عربی کمانطق به النص الا ان عند العجز یکتفی بالمعنی کالایماء

فاقرأ، و الا فاحمد الله و کبره و هلله . (ترمذی شریف، باب ماجاء فی وصف الصلوة، ۶۶، نمبر ۳۰۲ رمستدرک للحاکم، کتاب الصلوة، ج اول، ص ۳۶۷، نمبر ۸۸۰ رابوداود شریف، باب ما تجزی ء الامی والاعجمی من القرائۃ، ص ۱۲۸، نمبر ۸۳۲) اس حدیث میں ہے کہ قرآن نہ پڑھ سکتا ہو تو تکبیر اور تہلیل پڑھ لے تو نماز ہو جائے گی، اور جب تکبیر وغیرہ کہنے سے نماز ہو جائے گی تو اسکے اشارۃ النص سے معلوم ہوا کہ دوسری زبان میں قرآن پڑھ لے تو نماز ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ل بہر حال نماز شروع کرنے کے بارے میں جو کلام ہے تو امام محمدؒ امام ابو حنیفہؒ کے ساتھ ہے، اور فارسی کے بارے میں امام ابو یوسفؒ کے ساتھ ہے، اسلئے کہ عربی زبان کی ایک اہمیت ہے جو دوسرے کی نہیں ہے۔

**تشریح**: افتتاح کا معنی ہے تکبیر تحریمہ۔ تکبیر تحریمہ عربی میں کہے لیکن اللہ اکبر کے بجائے اسکی تعظیم کے دوسرے الفاظ سے تکبیر شروع کرے تو امام ابو حنیفہؒ کی طرح امام محمدؒ بھی فرماتے ہیں کہ جائز ہو جائے گی، اور اس سلسلے میں امام محمدؒ امام ابو حنیفہؒ کے ساتھ ہیں۔ لیکن اگر تکبیر تحریمہ فارسی میں کہے تو امام محمدؒ امام ابو یوسفؒ کے ساتھ ہے کہ تکبیر نہیں ہوگی۔ اسلئے کہ عربی زبان کی ایک اہمیت ہے جو دوسری زبان کی نہیں ہے۔ دلیل اوپر گزر گئی کہ عربی الفاظ بھی قرآن میں شامل ہے، اسکے لئے آیت یہ ہے۔ انا جعلناه قرآنا عربیا لعلکم تعقلون ۔ (آیت ۳، سورۃ الزخرف ۴۳) اس آیت میں ہے کہ عربی میں قرآن ہے۔

**ترجمہ**: ٢ بہر حال کلام نماز میں قرأت کرنے کے بارے میں تو صاحبین کے قول کی وجہ یہ ہے کہ قرآن عربی عبارت کا نام ہے۔ جیسا کہ آیت سے پتہ چلتا ہے۔ مگر عاجزی کے وقت میں معنی پر اکتفاء کیا جائے گا، جیسے کے سجدے سے عاجزی کے وقت اسکے اشارے پر اکتفاء کیا جاتا ہے۔

**تشریح**: یہ دوسری بحث نماز میں قرأت کے سلسلے میں ہے۔ کہ عربی پر قادر ہے پھر بھی قرآن کے معنی کی قرأت فارسی زبان میں یا کسی اور زبان میں کر لے تو صاحبین کے نزدیک نماز جائز نہیں ہوگی۔ اسکی وجہ گزر گئی ہے کہ انکے یہاں معنی کے ساتھ عربی عبارت کا نام بھی قرآن ہے، اور اسنے عربی عبارت نہیں پڑھی تو گویا کہ قرآن نہیں پڑھا اسلئے نماز نہیں ہوگی۔ البتہ اگر عربی نہیں آتی ہو اور مجبور ہو تو کسی زبان میں آیت کا معنی پڑھ لے تو کافی ہو جائے گا۔ جیسے کہ کوئی رکوع اور سجدہ کرنے پر قدرت نہ رکھتا ہو تو اسکا اشارہ کر لے تو نماز ہو جاتی ہے اسی طرح یہاں آیت کا معنی کسی زبان میں پڑھ لے تو نماز ہو جائے گی۔ اسکی دلیل اوپر گزر چکی ہے۔ عن رفاعة بن رافع : أن رسول الله ﷺ بینما جالس فی المسجد .... فان کان معک قرآن فاقرأ، و

۳ بخلاف التسمية لان الذكر يحصل بكل لسان ۴ ولابی حنيفةؒ قوله تعالٰی ﴿انه لفی زبر الاولين﴾ ولم يكن فيها بهٰذه اللغة ولهٰذا يجوز عند العجز الا انه يصير مسيأ لمخالفة السنة المتوارثة ۵ ويجوز بایّ لسان كان سوی الفارسية، هو الصحيح لماتلونا، والمعنی لايختلف باختلاف اللغات

---

الا فاحمد الله و كبره و هلله . (ترمذی شریف، باب ماجاء فی وصف الصلوۃ، ۶۶، نمبر ۳۰۲ رمستدرک للحاکم، کتاب الصلوۃ، ج اول، ص ۳۶۷، نمبر ۸۸۰ رابوداود شریف، باب مایجزی ء الامی والاعجمی من القرائۃ، ص ۱۲۸، نمبر ۸۳۲) جب تکبیر اور تہلیل سے نماز ہوجائے گی تو قرآن کے معنی پڑھنے سے بھی نماز ہوجائے گی۔

**ترجمہ** : ۳ بخلاف ذبح کے وقت بسم اللہ، کے اسلئے کہ ذکر ہر زبان میں حاصل ہوجاتا ہے۔

**تشریح** : ذبح کرتے وقت عربی میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، پڑھنے کے بجائے اسکا ترجمہ کسی اور زبان میں پڑھ دیا تو صاحبینؒ کے نزدیک بھی ذبح درست ہوجائے گا، اسکی وجہ یہ ہے کہ آیت میں ہے . و لا تأكلوا مما لم يذكر أسم الله عليه و انه لفسق ۔ (آیت ۱۲۱، سورۃ الانعام ۶) کہ جس پر اللہ کا نام نہ ذکر کیا جائے اسکومت کھاو، اور اللہ کا نام کسی زبان میں بھی ہوسکتا ہے اسلئے کسی زبان میں بھی اللہ کا نام لے کر ذبح کرے گا تو جانور حلال ہوجائے گا۔

**ترجمہ** : ۴ اور امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالی کا قول (( و انه لفی زبر الاولين )) (آیت ۱۹۶، سورۃ الشعراء ۲۶) کہ قرآن پہلی کتابوں میں تھا اور وہ عربی زبان میں نہیں تھا۔ اسی لئے عاجزی کے وقت میں جائز ہے لیکن سنت متوارثہ کی مخالفت کی وجہ سے گنہگار ہوگا۔

**تشریح** : امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک دوسری زبانوں میں قرأت جائز ہے اسکی یہ دلیل ہے، کہ آیت میں ہے کہ قرآن پچھلی کتابوں میں تھا، اور ظاہر ہے کہ پچھلی کتابوں کی زبان عربی نہیں ہے اسلئے قرآن عربی میں نہیں تھا، اور پچھلی امتیں نماز پڑھتی تھیں اس سے معلوم ہوا کہ دوسری زبان میں قرآن پڑھنا جائز ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عربی نہ آتی ہو مجبوری اور عاجزی کے وقت دوسری زبان میں صاحبین کے یہاں بھی پڑھنا جائز ہے۔ اسلئے بغیر عاجزی اور مجبوری کے بھی جائز ہوجائے گا۔ البتہ چونکہ اسکا رواج نہیں ہے اسلئے سنت متوارثہ کی مخالفت کی وجہ سے برا ہوگا۔

**ترجمہ**: ۵ اور جائز ہے کہ فارسی کے علاوہ بھی کسی زبان میں ہو، صحیح یہی ہے اس آیت کی وجہ سے جو میں نے تلاوت کی، اور معنی زبان کے بدلنے سے نہیں بدلتا۔

**تشریح** : ابوسعید نے فرمایا کہ امام ابوحنیفہؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ صرف فارسی زبان میں آیت کا مفہوم پڑھنا جائز ہے دوسری

۶ والخلاف في الاعتداد ولا خلاف في انه لافساد ۷ ويروى رجوعه في اصل المسألة الى قولهما وعليه الاعتماد ۸ والخطبة والتشهد على هذا الاختلاف ۹ وفي الاذان يعتبر التعارف

زبان میں نہیں، اسلئے فرماتے ہیں کہ امام ابوحنیفہؒ کی صحیح روایت یہ ہے کہ کسی بھی زبان میں آیت کا مفہوم پڑھنا جائز ہے۔ اسکی ایک وجہ یہ ہے کہ آیت (و انه لفی زبر الاولین) (آیت ۱۹۶، سورۃ الشعراء ۲۶) سے پتہ چلتا ہے کہ قرآن پہلی کتابوں میں تھا، اور یقینی بات ہے کہ وہ فارسی میں نہیں تھا دوسری زبانوں میں تھا اسلئے دوسری زبانوں میں بھی قرآن پڑھنا جائز ہوگا۔ اور دوسری وجہ یہ ہے کہ زبان کے بدلنے سے مفہوم نہیں بدلے گا مفہوم تو قرآن ہی کا رہے گا اسلئے دوسری زبانوں میں پڑھنا جائز ہوگا۔

**ترجمہ** : ۶ اختلاف شمار کرنے میں ہے۔ اس بات میں اختلاف نہیں ہے کہ نماز فاسد نہیں ہوگی۔

تشریح :۔ امام ابوحنیفہؒ اور صاحبین کے درمیان یہ اختلاف ہے کہ کسی دوسری زبان میں قرأت کر دی تو یہ قرأت کافی ہو جائے گی یا نہیں! امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک کافی ہو جائے گی اور صاحبین کے نزدیک کافی نہیں ہوگی۔۔ البتہ اس بارے میں تینوں متفق ہیں کہ دوسری زبان میں پڑھنے سے نماز فاسد نہیں ہوگی، نماز باقی رہے گی۔

**ترجمہ**: ۷ اصل مسئلہ میں صاحبین کے قول کی طرف رجوع منقول ہے، اور اسی پر اعتماد ہے۔

**تشریح** : نوح بن ابی مریم سے منقول ہے کہ حضرت امام ابوحنیفہؒ نے آخیر وقت میں صاحبین کے قول کی طرف رجوع کیا کہ دوسری زبان میں قرأت کرے گا تو کافی نہیں ہوگا، اور اسی پر فتوی ہے، البتہ عربی نہ جاننے کی شکل میں بالاتفاق جائز ہے۔

**ترجمہ**: ۸ خطبہ اور تشہد اسی اختلاف پر ہے۔

**وجہ**: یعنی جمعہ کا خطبہ، اور نماز میں التحیات دوسری زبان میں پڑھ دے تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک ہو جائے گا اور صاحبین کے نزدیک نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: ۹ اور آذان میں تعارف کا اعتبار کیا جائے گا۔

**تشریح** :اذان چونکہ نماز نہیں ہے، صرف اعلان نماز ہے۔ اسلئے جس زبان میں لوگ سمجھتے ہوں کہ یہ اذان ہے اور نماز کے لئے بلایا جا رہا ہے اسی زبان میں اذان دے دینے سے اذان ہو جائے گی۔ البتہ مروج اذان نہ ہونے کی وجہ سے اچھا نہیں ہے۔

**لغت** : افتح: فتح سے مشتق ہے، شروع کیا، تکبیر تحریمہ کہا۔ سمی: بسم اللہ پڑھا۔ اجزاہ: کافی ہو گیا، جائز ہو گیا۔ المزیۃ: اہمیت، خصوصیت۔ منظوم: نظم سے مشتق ہے، عبارت، الفاظ۔ النص: قرآن اور حدیث کو نص کہتے ہیں۔ ایماء: اشارہ۔ تسمیہ: بسم اللہ پڑھنا۔ زبر: کتاب، صحیفہ۔ مسیأ: برا، گنہگار ہوگا۔ السنۃ المتوارثۃ: جو سنت اب تک آ رہی ہے۔ اعتداد: شمار کرنا۔ التعارف: لوگوں میں جو متعارف ہو۔

(۲۶۵) وان افتتح الصّلوة باللهم اغفرلی لاتجوز﴾ لے لانه مشوب بحاجته فلم یکن تعظیما خالصًا
۲و ان افتتح بقوله: اللهم، فقد قیل: یجزیه لان معناه یا الله، وقد قیل: لایجزیه لان معناه یا الله امنا بخیر فکان سوالا (۲۶۶) قال ویعتمدبیده الیمنی علی الیسری تحت السرة﴾

**ترجمه**: (۲۶۵) اگرنماز اللهم اغفرلی سےشروع کی تو جائزنہیں ہے۔

**ترجمه**: لے اسلئے کہ اس میں ضرورت شامل ہے،خالص تعظیم نہیں ہے۔

**تشریح**: اگرکسی نےنماز اللهم اغفرلی سےشروع کی تونماز جائزنہیں ہوگی،اسکی وجہ یہ ہے کہ آیت میں ہے کہ اللہ کی تعظیم سےتکبیرشروع کرے، آیت یہ ہے۔ وربک فکبر. (آیت ۳سورۃالمدثر۷۴) اور اللهم اغفرلی میں خالص تعظیم نہیں ہے، بلکہ اس میں تو مانگنا اورسوال کرنا ہے اسلئے اس سےتکبیرتحریمہ نہیں ہوگی ۔

**ترجمه**: ۲ اوراگر اللهم ،کے ذریعہ نمازشروع کی تو بعض حضرات نے فرمایا کہ ہوجائے گی،اسلئے کہ اسکا معنی ہےاے اللہ اوربعض حضرات نے فرمایا کہ نمازنہیں ہوگی اسکا معنی ہے یا الله آمنا بخیر : (اے اللہ مجھے خیریت سے رکھ) تو سوال ہوگیا۔ اسلئے نمازنہیں ہوگی۔

**تشریح**: یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ اگرتعظیم کے الفاظ سےتکبیر کہی توتکبیر ہوجائے گی۔اوراگرسوال کے الفاظ سےتکبیر کہی توتکبیر نہیں ہوگی۔اب اللھم کے دو معنی ہیں۔جن حضرات نے اللھم کا معنی یا اللہ لیا،انکے یہاں تکبیرتحریمہ ہوجائے گی اسلئے کہ یا اللہ تعظیم کا لفظ ہوا۔اورجن حضرات نے اللھم کا ترجمہ یا اللہ آمنا بخیر،(اے اللہ مجھے خیریت سے رکھ) لیا تو انکے یہاں تکبیرنہیں ہوگی اسلئے کہ یہ سوال کالفظ ہوگیا۔

(۲۶۶)اورپکڑےدائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر ناف کے نیچے۔

اس مسئلے میں چار بحثیں ہیں[۱] ہاتھ باندھے،یا چھوڑدے۔[۲] کس طرح باندھے۔[۳] کہاں باندھے،ناف کے نیچے،یا سینے پر ۔[۴] قرأت کے وقت،یاتکبیر کے بعد ہی سے۔چاروں کی تفصیل آگے دیکھیں۔

**تشریح**: حدیث میں یہ بھی ہے کہ دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر رکھے۔اور یہ بھی ہے کہ دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ کو پکڑ لے۔اس لئے حنفیہ کے نزدیک سنت طریقہ یہ ہے کہ دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اورچھوٹی انگلی سے بائیں ہاتھ کی کلائی کو پکڑلے اور باقی تین انگلیوں کو بائیں ہاتھ کی کلائی پر رکھے۔تاکہ دونوں حدیثوں پرعمل ہوجائے۔ اوررکھنا اورپکڑنا دونوں ہوجائے۔

**وجه**: (۱)عن وائل بن حجر انه رأی النبی ﷺ ... ثم وضع یده الیمنی علی الیسری. (مسلم شریف،باب وضع یده الیمنی علی الیسری ص ۱۷۳نمبر۴۰۱ر۸۹۶رابوداؤدشریف ،باب وضع الیمنی علی الیسری ص ۱۱۷نمبر۷۵۵ربخاری شریف

۱ لقوله عليه السلام:ان من السنة وضع اليمين على الشمال تحت السرة ۲ وهو حجة على مالك في الارسال وعلى الشافعیؒ في الوضع على الصدر

---

،باب وضع الیمنی علی الیسری فی الصلوۃ نمبر۷۴۰)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر رکھے(۲)قبیضة بن هلب عن ابيه قال كان رسول الله ﷺ يؤمنا فيأخذ شماله بيمينه ۔(ترمذی شریف،باب ماجاء فی وضع الیمین علی الشمال فی الصلوۃ ص۵۹ نمبر۲۵۲رنسائی شریف،باب وضع الیمین علی الشمال فی الصلوۃ،ص۱۲۳،نمبر۸۰۹)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ کو پکڑنا چاہئے۔اس لئے حنفیہ نے دونوں حدیثوں پر عمل کیا۔

**ترجمہ**: ۱ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ سنت میں سے یہ ہے کہ دائیں ہاتھ کو بائیں پر ناف کے نیچے رکھے۔

**تشریح** :صاحب ھدایہ کی حدیث مرسل یہ ہے (۳)عن علیؓ قال ان من السنة في الصلوة وضع الكف على الكف في الصلوة تحت السرة. (ابوداؤد شریف،باب وضع الیمنی علی الیسری فی الصلوۃ ص۱۱۷ نمبر۷۵۶ردار قطنی،باب فی اخذ الشمال بالیمین فی الصلوۃ ج اول ص۲۸۹ نمبر۱۰۸۹رسنن للبیہقی،باب وضع الیدین علی الصدر فی الصلوۃ من السنۃ ج ثانی ص۴۸،نمبر۲۳۴۱)اس حدیث مرسل سے معلوم ہوا کہ ہاتھ ناف کے نیچے رکھنا چاہئے۔

**فائدہ : ترجمہ** ۲ یہ حدیث امام مالکؒ پر حجت ہے ارسال کرنے میں اور امام شافعیؒ پر ہاتھ سینے پر رکھنے کے بارے میں۔

**تشریح** :امام مالکؒ کے یہاں تکبیر تحریمہ کے بعد ہاتھ چھوڑ دینا رخصت ہے اور ہاتھ کو باندھنا عزیمت ہے۔اور امام شافعیؒ کے نزدیک ہاتھ سینے پر باندھنا سنت ہے۔

**وجہ** : ان کی دلیل یہ حدیث ہے .عن طاوس قال : كان رسول الله ﷺ يضع يده اليمنى على يده اليسرى ثم يشد بينهما على صدره و هو في الصلوة . (ابوداؤد شریف،باب وضع الیمنی علی الیسری فی الصلوۃ،ص۱۱۷،۷۵۹رسنن للبیہقی،باب وضع الیدین علی الصدر فی الصلوۃ من السنۃ،ص ثانی ص۴۶،نمبر۲۳۳۵)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ہاتھ سینے پر رکھنا چاہئے۔

**نوٹ**: امام ترمذیؒ نے بہترین فیصلہ فرمایا ہے کہ دونوں کی گنجائش ہے۔ورأى بعضهم ان يضعها فوق السرة ورأى بعضهم ان يضعها تحت السرة وكل ذلك واسع عندهم . (ترمذی شریف،باب ماجاء فی وضع الیمین علی الشمال فی الصلوۃ ص۵۹ نمبر۲۵۲)

۳ ولان الوضع تحت السرة اقرب الى التعظيم وهو المقصود ۴ ثم الاعتماد سنة القيام عندابى حنيفةؒ وابى يوسفؒ حتى لايرسل حالة الثناء ۵ والاصل: ان كل قيام فيه ذكر مسنون يعتمد فيه ومالا فلا. هو الصحيح، فيعتمد فى حالة القنوت، وصلوة الجنازة، ويرسل فى القومة، وبين تكبيرات الاعياد (۲٦۷)ثم يقول: سبحانك اللّٰهم وبحمدك، الىٰ اٰخره ﴾

**ترجمه**: ۳ اوراسلئے کہ ناف کے نیچے ہاتھ رکھنا تعظیم کے زیادہ قریب ہے، اور تعظیم ہی مقصود ہے۔ اسلئے ناف کے نیچے ہاتھ رکھنا بہتر ہے۔

**ترجمه**: ۴ پھر ہاتھ باندھنا امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک قیام کی سنت ہے، اسلئے ثناء پڑھتے وقت بھی ہاتھ چھوڑا نہیں جائے گا۔

**تشریح**: امام محمدؒ کی ایک رویت یہ ہے کہ ہاتھ باندھنا قرأت کی سنت ہے اسلئے جس وقت قرأت کرے اسی وقت ہاتھ باندھے، اسکا حاصل یہ ہوگا کہ ثناء پڑھتے وقت ہاتھ چھوڑ دے کیونکہ وہ قرأت نہیں ہے۔ اور امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک ہاتھ باندھنا قیام کی سنت ہے اسلئے تکبیر تحریمہ کے بعد سے رکوع میں جانے تک ہاتھ باندھے رہے گا۔ باندھنے کی دلیل تو اوپر گزر چکی ہے۔

**ترجمه**: ۵ اصل قاعدہ یہ ہے کہ ہر وہ قیام جس میں ذکر مسنون ہے اس میں ہاتھ باندھا جائے گا۔ اور جہاں ذکر مسنون نہیں ہے وہاں نہیں باندھا جائے گا۔ صحیح یہی ہے۔ چنانچہ دعاء قنوت کی حالت میں، اور نماز جنازہ میں ہاتھ باندھا جائے گا۔ اور قومہ میں اور عیدین کی تکبیرات کے درمیان چھوڑ دیا جائے گا۔

**تشریح**: شیخین یہ قاعدہ بیان فرمارہے ہیں کہ قیام کے جن جن مقامات پر ذکر مسنون ہے وہاں ہاتھ کو باندھنا مسنون ہے اور جہاں ذکر مسنون نہیں ہے وہاں ہاتھ کو چھوڑ دینا مسنون ہے۔ چنانچہ دعاء قنوت کی حالت میں اور نماز جنازہ میں ذکر ہے اسلئے وہاں ہاتھ باندھنا مسنون ہے اور قومہ، یعنی رکوع سے اٹھتے وقت میں اور عیدین کی تکبیرات زوائد کے درمیان کوئی ذکر مسنون نہیں ہے اسلئے وہاں ہاتھ کو چھوڑ دینا مسنون ہے۔

**لغت**: یعتمد: پکڑیگا، الیسری: بائیں۔ السرۃ: ناف۔ ارسال: چھوڑنا، ہاتھ نہ باندھنے کو ارسال کہتے ہیں۔

**ترجمه**: (۲٦۷) تحریمہ باندھنے کے بعد پڑھے سبحانک اللهم وبحمدک، الی آخرہ۔

**تشریح**: تحریمہ باندھنے کے بعد اور بھی بہت سی دعائیں منقول ہیں۔ لیکن حنفیہ کے نزدیک سبحانک اللهم وبحمدک وتبارک اسمک وتعالی جدک ولا اله غیرک. پڑھنا زیادہ بہتر ہے

۱؎ وعن ابی یوسفؒ انه یضم الیه قوله:انی وجهت وجهی الی اٰخره، لروایة علیؓ ان النبی علیہ السلام کان یقول ذٰلک ۲؎ ولهما روایة انسؓ،ان النبی علیہ السلام کان اذا افتتح الصلوة کبروقرأ سبحانک اللهم وبحمدک الی اٰخره ولم یزد علیٰ هٰذا

**وجه**: یہ حدیث ہے عن ابی سعید الخدری قال کان رسول الله ﷺ اذا قام الی الصلوة باللیل کبر ثم یقول سبحانک اللهم وبحمدک وتبارک اسمک وتعالی جدک ولا اله غیرک. (ترمذی شریف، باب مایقول عند افتتاح الصلوۃ ص ۵۷ نمبر ۲۴۲ رابوداؤد شریف، باب من رأی الاستفتاح بسبحانک ص ۱۱۹ نمبر ۷۷۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سبحانک اللھم الخ پڑھنا چاہئے۔

**فائدہ: ترجمہ**: ۱؎ اور امام ابو یوسفؒ سے روایت ہے کہ سبحانک اللھم، الخ کے ساتھ اللهم انی وجهت وجهی، الی آخره، بھی ملائے حضرت علیؓ کی روایت کی وجہ سے کہ نبی علیہ السلام یہ دعاء کہا کرتے تھے۔

**تشریح**: حضرت ابو یوسفؒ کی روایت یہ بھی ہے کہ حضرت علیؓ کی روایت کی وجہ سے سبحانک اللھم کے ساتھ اللھم وجھت وجھی الخ بھی پڑھے تا کہ دونوں حدیثوں پر عمل ہو جائے۔ امام شافعیؒ کی روایت یہ ہے کہ اللھم وجھت وجھی الخ پڑھنا زیادہ بہتر ہے۔

**وجه**: صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن علی بن ابی طالب عن رسول الله ﷺ أنه کان اذا قام الی الصلوة قال وجهت وجهی للذی فطر السماوات و الارض حنیفاً و ما انا من المشرکین ان صلاتی ونسکی و محیای و مماتی لله رب العالمین لا شریک له و بذالک أمرت و أنا من المسلمین. (مسلم شریف، باب صلاۃ النبی ﷺ ودعاءہ باللیل، ص ۲۶۰، نمبر ۱۸۱۲/۷۷۱ رابوداؤد شریف، باب ما یستفتح بہ الصلوۃ من الدعاء ص ۱۱۷ نمبر ۷۶۰ رنسائی شریف، نوع آخر من الذکر بین افتتاح الصلاۃ وبین القرأۃ، ص ۱۲۵، نمبر ۸۹۸) امام ابو یوسف ان دونوں احادیث کی وجہ سے دونوں دعاؤں کے ملانے کے قائل ہیں۔ (۲) آیت میں بھی اسکا اشارہ ہے کہ اسکو پڑھنا چاہئے۔انی وجهت وجهی للذی فطر السماوات و الارض حنیفاً و ما انا من المشرکین ۔( آیت ۷۹ سورۃ الانعام ۶)

**ترجمہ**: ۲؎ اور امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کی دلیل حضرت انسؓ کی روایت ہے کہ نبی علیہ السلام جب نماز شروع کرتے تکبیر کہتے اور سبحانک اللھم وبحمدک، الی آخرہ پڑھتے اور اس سے زیادہ نہیں پڑھتے۔ اسلئے یہی دعاء پڑھنی چاہئے۔

**تشریح**: طرفین حضرت انسؓ کی حدیث سے استدلال کرتے ہیں کہ تکبیر تحریمہ کے بعد صرف سبحانک اللھم الخ پڑھنا چاہئے صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔عن انس قال کان رسول الله ﷺ اذا افتتح الصلوة کبر.... ثم یقول سبحانک اللهم وبحمدک وتبارک اسمک وتعالی جدک ولا اله غیرک. (دار قطنی، باب دعاء الاستفتاح بعد التکبیر، ج

۳ وما رواه محمول على التهجد ۴ وقوله ﴿ وجلَّ ثناؤک ﴾ لم يذكر في المشاهير فلا ياتي به في الفرائض ۵ والاولیٰ ان لا يأتي بالتوجه قبل التكبير ليتصل النية به، هو الصحيح

---

اول، ص ۳۰۰، نمبر ۱۱۳۵) ترمذی شریف نمبر ۲۴۲، اور ابو داود شریف نمبر ۷۷۵ میں یہ حدیث حضرت ابو سعد خدری سے مروی ہے۔ اس میں بھی اس سے زیادہ نہیں ہے اسلئے اس سے زیادہ پڑھنا بہتر نہیں ہے۔

**ترجمہ:** ۳ اور جو روایت کی ہے وہ تہجد پر محمول ہے۔

**تشریح:** حضرت امام ابو یوسفؒ نے جو روایت کی ہے، ہم یہ کہتے ہیں کہ آپؐ وجہت وجھی والی دعاء تہجد کی نماز میں پڑھتے تھے، اور یہ ہم بھی کہتے ہیں کہ اپنی نفل نماز میں جتنی دعائیں کرے کرسکتا ہے۔ چنانچہ حضرت امام مسلم نے اس دعاء کو تہجد کے باب میں نقل فرمایا ہے۔ باب یہ ہے عن علي بن ابي طالب عن رسول الله ﷺ أنه كان اذا قام الى الصلوة قال وجهت وجهي للذي فطر السماوات و الارض حنيفاً و ما انا من المشركين ان صلاتي ونسكي و محياي و مماتي لله رب العالمين لا شريك له و بذالك أمرت و أنا من المسلمين. (مسلم شریف، باب صلاۃ النبی ﷺ ودعاۂ باللیل، ص ۲۶۰، نمبر ۱۸۱۲/۷۷۱ رنسائی شریف، نوع آخر من الذکر بین افتتاح الصلاۃ وبین القرأۃ، ص ۱۲۵، نمبر ۸۹۸) مسلم شریف اور نسائی شریف کے باب سے معلوم ہوا کہ یہ دعاء تہجد کی ہے فرض نماز کی نہیں ہے۔

**ترجمہ:** ۴ اور اسکا قول ((و جل ثنائک)) مشہور حدیث میں نہیں ہے اسلئے اسکو فرض نماز میں نہ پڑھے۔

**تشریح:** ناچیز نے بھی اس جملے کو بہت تلاش کیا مجھے بھی نہیں ملا، اسلئے اسکو نوافل میں پڑھنا چاہے تو پڑھے، فرض نماز میں نہ پڑھے۔

**ترجمہ:** ۵ اور زیادہ بہتر یہ ہے کہ , وجهت وجهي، الخ ,تکبیر تحریمہ سے پہلے نہ پڑھے تا کہ نیت تحریمہ کے ساتھ متصل ہو جائے، صحیح یہی ہے۔

**تشریح:** بعض حضرات کی رائے ہے کہ تکبیر تحریمہ سے پہلے وجہت وجھی الخ، پڑھی جائے پھر تکبیر کہے، انکا استدلال یہ ہے کہ حدیث میں ہے کہ جب نماز میں کھڑا ہو تو یہ پڑھے جسکا مطلب یہ لیتے ہیں کہ کھڑا ہونے کے بعد تکبیر تحریمہ سے پہلے پڑھے۔ أنه كان اذا قام الى الصلوة قال وجهت وجهي للذي فطر السماوات و الارض حنيفاً (مسلم شریف ۱۸۱۲/) اس حدیث میں ہے، اذا قام الى الصلوة، کہ جب نماز کے لئے کھڑا ہو تو وجہت وجھی الخ پڑھے۔ لیکن دوسری حدیث میں تصریح ہے کہ تکبیر کے بعد آپؐ نے پڑھی ہے ۔حدیث یہ ہے۔ عن علي بن طالب قال كان رسول الله ﷺ اذا قام الى الصلوة كبر ثم قال : وجهت وجهي الخ (ابو داود شریف، باب ما یستفتح بہ الصلوۃ من الدعاء ص ۱۱۷ نمبر ۷۶۰ رنسائی شریف

(۲۶۸) ویستعیذباللّٰہ من الشیطن الرجیم ﴾ لے لقوله تعالیٰ فاذا قرأت القراٰن فاستعذباللّٰہ من الشیطن الرجیم ۲ے معناه اذا اردت قراءة القراٰن

،نوع آخر من الذکر بین افتتاح الصلاۃ وبین القراءۃ، ص ۱۲۵، نمبر ۸۹۸) اس حدیث میں ہے کہ تکبیر کے بعد وجھت وجھی الخ پڑھی۔ اسلئے تکبیر سے پہلے نہ پڑھے۔ اور دوسری دلیل عقلی یہ ہے کہ تا کہ نیت اور تکبیر تحریمہ ایک ساتھ ہو جائے اور درمیان میں وجھت وجھی الخ، نہ آئے۔

**ترجمہ**: (۲۶۸) اور اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم، پڑھے۔

**ترجمہ**: لے اللہ تعالی کے قول کی وجہ سے کہ جب قرآن پڑھا کرو تو مردود شیطان سے پناہ مانگ لیا کرو۔

**تشریح** : اعوذ باللہ، الخ۔ کے بارے میں تین بحثیں ہیں۔[ا] اعوذ باللہ پڑھنا واجب ہے، یا سنت، یا مستحب۔[۲] اعوذ باللہ کب پڑھے قرأت سے پہلے، یا قرأت کے بعد۔[۳] اسکے الفاظ کیا ہوں۔ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ ہو، یا قرآن کریم کے جواب میں استعیذ باللہ من الشیطان الرجیم، ہو۔ تفصیل آگے دیکھیں۔۔ ہمارے یہاں اعوذ باللہ پڑھنا حدیث کی بناء پر سنت ہے۔

**وجہ** :(۱) آیت یہ ہے۔فاذا قرأت القرآن فاستعذ باللہ من الشیطان الرجیم ۔ (آیت ۹۸ سورۃ النحل ۱۶) اس آیت سے معلوم ہوا کہ قرأت قرآن سے پہلے اعوذ باللہ الخ پڑھے۔ آیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اعوذ باللہ قرأت کے تابع ہے، ثناء کے تابع نہیں ہے (۲) حدیث میں ہے کہ قرأت کرنا ہو تو پہلے اعوذ باللہ الخ پڑھے۔ حدیث یہ ہے۔عن ابی سعید الخدری قال کان رسول اللہ ﷺ اذا قام من اللیل کبر ثم یقول سبحانک اللھم وبحمدک وتبارک اسمک وتعالی جدک ولا الہ غیرک. ثم یقول لا الہ الا اللہ ، ثلاثا ثم یقول : اللہ اکبر کبیراً ثلاثا ، اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم من ھمزہ و نفخہ و نفثہ ثم یقرأ ( ابوداؤد شریف، باب من رأی الاستفتاح بسبحانک ص ۱۱۹ نمبر ۷۷۵ رترمذی شریف، باب مایقول عند افتتاح الصلوۃ ص ۵۷ نمبر ۲۴۲) اس حدیث میں ہے کہ سبحانک الخ پڑھنے کے بعد اللہ اکبر کبیرا پڑھتے اسکے بعد اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم الخ پڑھتے پھر قرأت فرماتے ۔اس لئے حنفیہ کے نزدیک اعوذ باللہ قرأت قرآن کی سنت ہے۔ ثنا کی سنت نہیں ہے کیونکہ حدیث میں اللہ اکبر کبیرا، کے بعد اعوذ باللہ الخ پڑھی ہے۔ اور اعوذ باللہ کے بعد قرأت کی ہے۔ اس لئے ہر رکعت میں قرأت قرآن سے پہلے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے جائیں گے۔

**ترجمہ** ۲ے اور اس آیت کا معنی یہ ہے کہ جب قرآن پڑھنے کا ارادہ کرو۔ تو اعوذ باللہ پڑھ لیا کرو۔

**تشریح** : اصحاب ظواہر کے مذہب کا جواب ہے۔ آیت میں فعل ماضی کا صیغہ ہے جسکا مطلب یہ ہے کہ قرأت کر چکو تب اعوذ

۳؎ والا ولى ان يقول: استعيذ بالله ليوافق القران ويقرب منه، اعوذبالله ۴؎ ثم التعوذ تبع للقراءة دون الثناء عند ابى حنيفةؒ ومحمدؒ لما تلونا حتى يأتى به المسبوق دون المقتدى، ويؤخر عن تكبيرات العيد

باللہ پڑھو۔ آیت یہ ہے۔ فاذا قرأت القرآن فاستعذ بالله من الشيطان الرجيم ۔ ( آیت ۹۸ سورۃ النحل ۱۶) چنانچہ اس آیت کی بناء پر اصحاب ظواہر کا مذہب یہ ہے کہ قرأت کے بعد اعوذ باللہ پڑھے ۔ لیکن دوسرے ائمہ کے نزدیک حدیث کی بناء پر قرأت کرنے سے پہلے اعوذ باللہ پڑھے، اسلئے مصنفؒ نے آیت کا مفہوم بیان کیا کہ قرأت کا ترجمہ قرأت کر چکے فعل ماضی نہیں ہے بلکہ جب قرأت کرنے کا ارادہ ہو ہے ۔

**ترجمہ** : ۳؎ زیادہ بہتر یہ ہے کہ (( استعيذ بالله من الشيطان الرجيم ) کہے تا کہ قرآن کے موافق ہو جائے ۔ اور اس سے قریب اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ، ہے۔

**تشریح** : قرآن میں استعذ باللہ، امر کا صیغہ ہے کہ اللہ سے پناہ مانگو، تو اسکے جواب میں استعیذ باللہ، کہنا زیادہ بہتر ہے، کہ میں پناہ مانگتا ہوں لیکن اگر حدیث کے الفاظ کے مطابق اعوذ باللہ الخ کہہ لے تو بھی آیت کے قریب ہو جائے گا ۔ حدیث کا جملہ یہ گزر گیا ۔ اعوذبالله السميع العليم من الشيطان الرجيم ( ابوداؤد شریف، نمبر ۷۷۵ ر ترمذی شریف، نمبر ۲۴۲ ) اس حدیث میں اعوذ باللہ ہے۔

**ترجمہ** : ۴؎ پھر اعوذ باللہ قرأت کے تابع ہے ثناء کے تابع نہیں ہے امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک، اس آیت کی بناء پر جو ہمنے ابھی تلاوت کی ۔ یہی وجہ ہے کہ مسبوق اسکو کہے گا، مقتدی اسکو نہیں کہے گا، اور عیدین کی تکبیرات سے موخر کرے گا۔

**تشریح** : امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک اعوذ باللہ قرأت کے تابع ہے ثناء کے تابع نہیں ہے چنانچہ جہاں جہاں قرأت ہوگی اسکے پہلے اعوذ باللہ پڑھنا مسنون ہے اور جہاں قرأت نہیں ہے دوسری دعائیں ہیں وہاں اعوذ باللہ پڑھنا مسنون نہیں ہے ۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ آیت میں یہ ہے کہ جب قرآن پڑھو تو اعوذ باللہ پڑھ لیا کرو ۔ یہ آیت گزر گئی ۔ فاذا قرأت القرآن فاستعذ بالله من الشيطان الرجيم ۔ ( آیت ۹۸ سورۃ النحل ۱۶ ) اس آیت میں ہے کہ جب قرآن پڑھو تو اس سے پہلے اعوذ باللہ پڑھ لیا کرو (۱) حدیث میں ہے کہ پہلے اعوذ باللہ پڑھا پھر قرأت کی جس سے معلوم ہوا کہ اعوذ باللہ قرأت کے تابع ہے ۔ حدیث یہ ہے عن ابى سعيد الخدرى قال كان رسول الله ﷺ .... اعوذ بالله السميع العليم من الشيطان الرجيم من همزه و نفخه و نفثه ثم يقرأ ( ابوداؤد شریف، باب من رأى الاستفتاح بسبحانك ص ۱۱۹ نمبر ۷۷۵ ) اس حدیث میں ہے کہ اعوذ باللہ کے بعد قرأت کی ۔ اسلئے اعوذ باللہ قرأت کے تابع ہے ثناء تابع نہیں ہے

۵ خلافا لابی یوسفؒ (۲۶۹) ویقرأ: ﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾ ۱ هکذا نُقل فی المشاهیر (۲۷۰) ﴿ویُسِرُّ بهما﴾

مسبوق، جسکی نماز چھوٹ گئی ہے وہ اپنی نماز پوری کرتے وقت قرأت کرے گا اسلئے وہ قرأت سے پہلے اعوذ باللہ پڑھے گا، اور امام کے پیچھے جو مقتدی ہے وہ حنفیہ کے نزدیک قرأت نہیں کرے گا اسلئے وہ اعوذ باللہ نہیں پڑھے گا۔ عید کی تکبیرات زوائد سے پہلے قرأت نہیں ہے اسلئے تکبیرات سے پہلے اعوذ باللہ نہیں پڑھے گا۔ تکبیرات کے بعد قرأت ہے اسلئے تکبیرات کے بعد قرأت سے پہلے اعوذ باللہ پڑھے گا۔

**ترجمه:** ۵ خلاف حضرت امام ابو یوسفؒ کے۔

**تشریح:** امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ اعوذ باللہ ثناء کا تابع ہے قرأت کا تابع نہیں۔ اسکی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ (۱) یہ بھی ثناء کی طرح دعاء ہے اسلئے اسکو ثناء کے تابع ہونا چاہئے، (۲) دوسری وجہ یہ ہے کہ اعوذ باللہ ثناء کے بعد پڑھتے ہیں اسلئے اسکو ثناء کے تابع ہونا چاہئے۔

**ترجمه:** (۲۶۹) اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے۔

**ترجمه:** ۱ مشہور حدیث میں اسی طرح نقل کیا گیا ہے۔

**وجه:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، پڑھنے کی دلیل یہ حدیث ہے **عن ابن عباس قال کان النبی ﷺ یفتتح صلواته ببسم الله الرحمن الرحیم.** (ترمذی شریف، باب من رأی الجهر ببسم اللہ الرحمٰن الرحیم ص ۵۷ نمبر ۲۴۵ / نسائی شریف، باب قرأت (بسم اللہ الرحمٰن الرحیم) ص ۱۲۶، نمبر ۹۰۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قرأت سے پہلے بسم اللہ پڑھنا چاہئے۔

**ترجمه:** (۲۷۰) اعوذ باللہ، اور بسم اللہ الخ کو آہستہ پڑھے۔

**تشریح:** اس بارے میں اختلاف ہے کہ جہری نماز میں بسم اللہ آہستہ پڑھے یا زور سے پڑھے۔ دوسرا اختلاف یہ بھی ہے کہ بسم اللہ سورۃ کا جز ہے یا نہیں۔ تیسرا اختلاف یہ ہے کہ تمام سورتوں کا جز ہے یا صرف الحمد کا جز ہے۔ حنفیہ کے نزدیک بسم اللہ آہستہ پڑھے گا کیونکہ وہ کسی سورۃ کا جز نہیں ہے، البتہ چونکہ حدیث سے اسکا پڑھنا ثابت ہے اسلئے قرأت شروع کرنے سے پہلے اعوذ باللہ، اور بسم اللہ کو آہستہ پڑھے گا۔

**وجه:** (۱) اس کی دلیل یہ حدیث ہے **عن عبد الله بن مغفل قال سمعنی ابی وانا فی الصلوة اقول بسم الله الرحمن الرحیم فقال لی ای بنی محدث ایاک والحدث ... وقال وقد صلیت مع النبی ﷺ و مع ابی بکر وعمر ومع عثمان فلم اسمع احدا منهم یقولها فلا تقلها، اذا انت صلیت فقل الحمد لله رب العالمین** ۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء فی ترک الجهر ببسم اللہ الرحمان الرحیم ص ۵۷ نمبر ۲۴۴ / بخاری شریف، باب مایقول بعد التکبیر ص ۱۰۳

**۱** لقول ابن مسعودؓ :اربع يخفيهن الامام وذكر من جملتها التعوذ، والتسميةَ، وامين **۲** وقال الشافعيؒ :يجهر بالتسمية عند الجهر بالقراء ة لما روى ان النبی عليه السلام جهر فی صلاته بالستمية

---

نمبر۴۴۳ رمسلم شریف، باب حجۃ من قال لا یجہر بالبسملۃ ص ۱۷۲ نمبر ۸۹۰/۳۹۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صحابہ بسم اللہ نہیں پڑھتے تھے، اوراوپر کی حدیث سے معلوم ہوا کہ پڑھتے تھےتو دونوں حدیثوں کوملانے کے بعد یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ آہستہ پڑھتے تھے

**ترجمہ** : **۱** عبداللہ ابن مسعودؓ کےقول کی وجہ سے کہ امام چار دعاوں کو آہستہ پڑھے اوراس مجموعہ میں سے اعوذ باللہ، بسم اللہ، اور آمین فرمایا۔ یہ قول عبداللہ ابن مسعود کے بجائے حضرت ابراھیم نخعی کا ملا۔ اثر آگے ہے۔

**تشریح** : (۲) صاحب ھدایہ کا اثر یہ ہے۔عن ابراهيم قال : يخفی الامام: بسم الله الرحمن الرحيم ، و الاستعاذة ، و آمين ، و ربنا لک الحمد ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ،۱۹۴ من کان لا یجہر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، ج اول، ص ۳۶۰،نمبر ۴۱۳۶ رمصنف عبد الرزاق ، باب ما تخفی الامام، ج ثانی، ص ۸۷،نمبر ۲۵۹۶ ) اس اثر سے معلوم ہوا کہ اعوذ باللہ، اور بسم اللہ آہستہ پڑھنا چاہئے۔

**نوٹ**: یہ بھی معلوم ہوا کہ بسم اللہ الحمد للہ یا دوسری سورتوں کا جز نہیں ہے ورنہ بسم اللہ زور سے پڑھتے۔

**فائدہ ترجمہ** : **۲** حضرت امام شافعیؒ نے فرمایا کہ قرات جہری پڑھتے وقت بسم اللہ جہری پڑھے، کیونکہ روایت کی گئی ہے کہ نبی علیہ السلام نماز میں بسم اللہ زور سے پڑھتے تھے۔

**تشریح** : امام شافعیؒ کے نزدیک بسم اللہ زور سے پڑھی جائے گی۔ کیوں کہ وہ بسم اللہ کو الحمد کا جز مانتے ہیں اور سورت کا بھی جز مانتے ہیں۔ان کی دلیل یہ حدیث ہے (۱) عن انس بن مالک قال بينا رسول الله ذات يوم بين اظهرنا اذا غفى اغفاءة ثم رفع رأسه متبسما فقلنا ما اضحكك يا رسول الله قال انزلت على انفا سورة فقرء بسم الله ارحمن الرحيم انا اعطيناك الكوثر الخ ۔(مسلم شریف، باب حجۃ من قال البسملۃ آیۃ من اول کل سورۃ سوی برائۃ ص ۱۷۲نمبر ۴۰۰ رابوداؤد شریف، باب ما جاء من جہر بسم اللہ ص ۱۲۱ نمبر ۷۸۴ ) اس سے معلوم ہوا کہ بسم اللہ سورۃ کا جز ہے۔اس لئے اس کو جہری نماز میں جہر سے پڑھنا چاہئے۔(۲) اس سے بھی واضح دلیل دار قطنی میں ہے عن علیؓ قال : كان رسول الله ﷺ كان يجهر ببسم الله الرحمن الرحيم فی سورتين جميعا ۔(دار قطنی ،باب وجوب قراءۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ج اول ص ۳۰۲ نمبر ۱۱۴۳) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ بسم اللہ کو جہری نماز میں جہری پڑھنا چاہئے۔اور یہ بھی معلوم ہوا کہ تمام سورتوں کا جز ہےتب ہی تو دونوں سورتوں میں زور سے پڑھتے تھے۔(۳) عن ابی هريرة قال قال رسول الله ﷺ : اذا قرأتم

۳؎ قلنا هو محمول على التعليم لان انسا اخبرانه عليه السلام كان لايجهر بها ۴؎ ثم عن ابی حنيفة انه لايأتی بها فی اوّل كل ركعة كالتعوذ

الحمد لله فاقرئوا بسم الله الرحمن الرحيم ، انها أم القرآن و أم الكتاب و السبع المثانی ، و بسم الله الرحمن الرحيم احداها ۔ (دارقطنی ، باب وجوب قراءة بسم الله الرحمن الرحيم ج اول ص ۳۰۲ نمبر ۱۱۷۷ سنن بیہقی ، باب الدليل على ان بسم الله الرحمن الرحيم آية تامة من الفاتحة ، ج ثانی ، ص ۶۷ ، نمبر ۲۳۹۰) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ بسم اللہ سورتوں کا جز ہے۔

**نوٹ:** بسم اللہ ہر سورۃ سے پہلے آہستہ سے پڑھ لے تو بہتر ہے تا کہ اختلاف سے بچ جائے اور احتیاط پر عمل ہو جائے۔

**ترجمہ:** ۳؎ ہم یہ کہتے ہیں کہ بسم اللہ زور سے پڑھنا تعلیم دینے پر محمول ہے۔ اسلئے کہ حضرت انسؓ نے خبر دی حضور علیہ السلام زور سے نہیں پڑھتے تھے۔

**تشریح:** اوپر جو امام شافعیؒ کی جانب سے حدیث تھی جس میں تھا کہ بسم اللہ زور سے پڑھتے تھے۔ اسکا جواب یہ دیتے ہیں کہ کبھی کبھار تعلیم دینے کے لئے ایسا کر دیا، ورنہ عام طور پر زور سے نہیں پڑھتے تھے آہستہ پڑھتے تھے جسکے ہم بھی قائل ہیں۔ اور اسکی تائید اس بات سے ہوتی ہے کہ اوپر کی حدیث میں اور حضرت انسؓ کی حدیث میں ہے کہ حضورؐ اور صحابہ بسم اللہ زور سے نہیں پڑھتے تھے بلکہ حدیث کا انداز یہ ہے کہ پڑھتے ہی نہیں تھے۔ صاحب ھدایہ والی حدیث یہ ہے۔ عن انس بن مالك أنه حدثه قال : صليت خلف النبی ﷺ ، و ابی بكر ، وعمر ، وعثمان ، فكانوا يستفتحون بالحمد لله رب العالمين ، لا يذكرون بسم الله الرحمن الرحيم ، فی اول قراءة ، و لا فی آخره ۔ (مسلم شریف، باب حجة من قال لا تجهر بالبسملة ص ۱۷۲ نمبر ۳۹۹/۸۹۲ بخاری شریف، باب مایقول بعد التکبیر ص ۱۰۳ نمبر ۷۴۳) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ اور صحابہ بسم اللہ پڑھتے ہی نہیں تھے نہ شروع میں نہ آخر میں۔ ہم دونوں حدیثوں کو ملا کر کہتے ہیں کہ بسم اللہ سورۃ فاتحہ کے شروع میں پڑھے لیکن آہستہ پڑھے۔

**ترجمہ:** ۴؎ پھر امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک یہ ہے کہ بسم اللہ ہر رکعت کے شروع میں نہ پڑھے، جیسے اعوذ باللہ نہیں پڑھتے ہیں۔

**تشریح:** بسم اللہ کے بارے میں امام ابو حنیفہؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ نماز کے صرف پہلی رکعت میں بسم اللہ پڑھے، اور باقی رکعتوں میں بسم اللہ نہ پڑھے۔ جیسے اعوذ باللہ صرف پہلی رکعت میں پڑھتے ہیں۔

**وجہ :** (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ مسلم شریف کی حدیث سے پتہ چلا کہ صحابہ جب بسم اللہ پڑھتے ہی نہیں تھے، اور نہ کسی سورۃ کا جز ہے تو دوسری حدیث کی وجہ سے صرف ایک مرتبہ پڑھنا کافی سمجھا گیا۔ (۲) اثر میں ہے کہ صرف نماز کے شروع میں پڑھ لینا کافی ہوگا۔

۵ وعنه انه يأتي بها احتياطا وهو قولهما ٦ ولا يأتي بها بين السورة و الفاتحة الاعند محمدؒ فانه يأتي بها في صلوٰة المخافتة

اثر یہ ہے۔ عن ابراهيم أنه كان يقول : اذا قرأ الرجل في صلوته مرة واحدة ﴿بسم الله الرحمن الرحيم﴾ اجزاه ذالک ( ۔مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۹۵ الرجل یقرأ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، ج اول، ص ۳۶۲، نمبر ۴۱۵۸ رمصنف عبد الرزاق ،باب قراۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، ج ثانی، ص ۸۹، نمبر ۲۶۰۶) اس اثر میں ہے کہ بسم اللہ ایک مرتبہ یعنی شروع میں پڑھے۔

**ترجمہ** : ۵ اور انہیں سے ایک روایت یہ بھی ہے کہ احتیاطا ہر رکعت کے شروع میں پڑھے۔ یہی قول صاحبین کا ہے۔

**وجہ** : (۱) ہر رکعت میں بسم اللہ پڑھنے کی دلیل یہ ہے کہ اوپر حدیث سے پتہ چلا کہ بسم اللہ سورۃ فاتحہ کا جز ہے، اور فاتحہ ہر رکعت میں پڑھتے ہیں اسلئے اس سے پہلے بسم اللہ بھی ہر رکعت میں پڑھا جائے گا عن ابی هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : اذا قرأتم الحمد لله فاقرئوا بسم الله الرحمن الرحيم ، انها أم القرآن و أم الكتاب و السبع المثاني ، و بسم الله الرحمن الرحيم احداها ۔(دار قطنی ، باب وجوب قراءۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ج اول ص ۳۰۲ نمبر ۱۱۷۷ رسنن بیہقی ، باب الدلیل علی ان بسم اللہ الرحمٰن الرحیم آیۃ تامۃ من الفاتحۃ ، ج ثانی، ص ۶۷، نمبر ۲۳۹۰) اس حدیث میں ہے کہ بسم اللہ فاتحہ کا جز ہے، اسلئے فاتحہ کے ساتھ ہر رکعت میں بسم اللہ بھی پڑھا جائے گا۔ (۲) اثر میں اسکی تائید ہے۔ اثر یہ ہے۔ عن شعبة قال : سألت الحكم و حمادا و أبا اسحاق فقالوا اقرأ في كل ركعة بسم الله الرحمن الرحيم ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۹۵ الرجل یقرأ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، ج اول، ص ۳۶۲، نمبر ۴۱۶۱ رمصنف عبد الرزاق ، باب قراۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، ج ثانی، ص ۹۱، نمبر ۲۶۱۴) اس اثر میں ہے کہ ہر رکعت میں بسم اللہ پڑھے۔

**ترجمہ**: ٦ اور بسم اللہ نہ پڑھے سورت اور سورہ فاتحہ کے درمیان، مگر امام محمدؒ کے نزدیک، اسلئے کہ انکے نزدیک بسم اللہ کو سری نماز میں پڑھے گا۔

**تشریح** :سورہ فاتحہ اور جو سورت ملائے گا اسکے درمیان ہمارے یہاں بسم اللہ نہیں پڑھے گا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ (۱) حدیث سے قرأت سے پہلے بسم اللہ پڑھنے کا پتہ چلتا ہے، اور سورہ فاتحہ سے پہلے بسم اللہ پڑھ لیا تو قرأت شروع کرنے سے پہلے ہوگیا اتنا ہی کافی ہے (۲) دوسری وجہ یہ ہے کہ مان لیا جائے کہ یہ سورہ فاتحہ کا جز ہے تو فاتحہ سے پہلے پڑھنا مسنون ہوگا، سورہ فاتحہ اور سورت کے درمیان پڑھنا مسنون نہیں (۳) اوپر اثر گزرا جس سے معلوم ہوا کہ ہر رکعت میں بسم اللہ پڑھے اور وہ فاتحہ سے پہلے ہوگیا، اسلئے درمیان میں پڑھنا مسنون نہیں ہوگا۔

امام محمدؒ کے یہاں دونوں سورتوں کے درمیان مسنون ہے۔ اسکی وجہ (۱) یہ حدیث ہے ۔عن عليؓ قال : كان رسول الله

ﷺ کان یجهر ببسم اللہ الرحمن الرحیم فی سورتین جمیعا ۔(دار قطنی ، باب وجوب قراءۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ج اول ص ۳۰۲ نمبر ۱۱۴۳) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ دونوں سورتوں میں زور سے بسم اللہ پڑھتے تھے۔(۲) جس حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ بسم اللہ ہر سورت کا جز ہے تو ہر سورت پڑھنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا مسنون ہوگا۔

(۲۷۱) ثم یقرأ فاتحة الکتاب وسورة اوثلث ایات من ای سورةشاء ﴾ لے فقراء ة الفاتحة لا تتعین

**ترجمہ**: (۲۷۱) پھر سورۂ فاتحہ پڑھے۔ یا کوئی سورت پڑھے، یا کسی سورت کی تین آیتیں پڑھے۔

**تشریح** : حنفیہ کے نزدیک قرآن کی کسی جگہ سے ایک بڑی آیت یا تین چھوٹی آیتیں پڑھنا فرض ہے۔اگر اتنا بھی نہیں پڑھیگا تو نماز نہیں ہوگی۔البتہ اس پر سورۂ فاتحہ پڑھنا واجب ہے۔اگر نہیں پڑھے گا تو کمی رہ جائے گی اور سجدۂ سہو کرنا پڑے گا۔

**وجه** : (۱) کہیں سے بھی قرآن پڑھنے کی فرضیت کی دلیل یہ آیت ہے فاقرئوا ما تیسر من القرآن (آیت ۲۰ سورۃ المزمل ۷۳)(۲) حدیث میں ہے عن ابن سعید قال امرنا ان نقرء بفاتحة الکتاب وما تیسر۔ (ابوداؤد شریف، باب من ترک القراءۃ (الفاتحۃ) فی صلوتہ بفاتحۃ الکتاب، ص ۱۲۵ نمبر ۸۱۸ رنسائی شریف، باب ایجاب قراءۃ فاتحۃ الکتاب فی الصلوۃ ص ۱۰۵ نمبر ۹۱۲)(۳) بخاری شریف میں ہے آپؐ نے اس دیہاتی سے فرمایا جس نے جلدی جلدی نماز پڑھی ثم اقرء ما تیسر معک من القرآن (بخاری شریف، باب وجوب القراءۃ للامام والماموم فی الصلوۃ کلھا ص ۱۰۵ نمبر ۷۵۷ رمسلم شریف، باب وجوب قرائۃ الفاتحۃ فی کل رکعۃ ص ۱۷۰ نمبر ۳۹۷/۸۸۵) اس کا مطلب یہ ہوا کہ قرآن میں سے جو آسان ہو اس کا پڑھنا فرض ہے۔ چاہے سورۂ فاتحہ کے علاوہ ہو۔(۴) حدثنی ابو ہریرة قال : قال لی رسول اللہ ﷺ اخرج فناد فی المدینة أنه لا صلوة الا بقرآن و لو بفاتحة الکتاب فما زاد۔(ابوداؤد شریف، باب من ترک القراۃ فی صلوتہ بفاتحۃ الکتاب، ص ۱۲۶، نمبر ۸۱۹) اس حدیث میں ہے کہ سورہ فاتحہ ہو یا کوئی اور آیت ہو اس سے نماز ہو جائے گی جس سے معلوم ہوا کہ فاتحہ پڑھنا فرض نہیں ہے، البتہ واجب ہم بھی کہتے ہیں۔

**سورۂ فاتحه واجب ھونے کی دلیل**: (۱) عن عبادة بن صامت ان رسول اللہ ﷺ قال لا صلوة لمن لم یقرأ بفاتحة الکتاب۔(بخاری شریف، باب وجوب القراءۃ للامام والماموم فی الصلوۃ کلھا ص ۱۰۴ نمبر ۷۵۶ رمسلم شریف، باب وجوب قراءۃ الفاتحۃ فی کل رکعۃ ص ۱۶۹ نمبر ۳۹۴/۸۷۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سورۂ فاتحہ پڑھنا واجب ہے۔ نہیں پڑھیں گے تو کمی رہ جائے گی۔حدیث میں ہے(۲) عن ابی ہریرة عن النبی ﷺ قال من صلی صلوة لم یقرأ فیها بام القرآن فهی خداج ثلاثا غیر تمام۔(مسلم شریف، باب وجوب قراءۃ الفاتحۃ فی کل رکعۃ ص ۱۶۹ نمبر ۳۹۵/۸۷۸ رابوداؤد شریف، باب من ترک القراءۃ فی صلوتہ ص ۱۲۵ نمبر ۸۲۱) فهی خداج کا مطلب یہ ہے کہ فاتحہ چھوڑنے سے نماز میں کمی رہ جائے گی اور اس کا اتمام سجدۂ سہو سے کرنا پڑے گا۔ اسی لئے حنفیہ کے یہاں سورہ فاتحہ پڑھنا واجب ہے، اور چھوڑنے سے نماز ہو جائے گی لیکن سجدہ سہو کرنا ہوگا۔

**ترجمہ**: لے سورہ فاتحہ کا پڑھنا ہمارے نزدیک فرض کے طور پر متعین نہیں ہے۔اسی طرح سورت ملانا بھی فرض نہیں ہے۔

رکنا عندنا وکذاضم السورة الیها ۲؎ خلافا للشافعیؒ فی الفاتحة ولما لک فیهماله قوله علیه السلام :لا صلوٰة الابفاتحة الکتاب وسورة معها ۳؎ وللشافعیؒ قوله علیه السلام :لا صلوة الا بفاتحة الکتاب

**تشریح** : حنفیہ کے نزدیک نہ سورہ فاتحہ پڑھنا فرض ہے اور نہ سورت ملانا فرض ہے، بلکہ دونوں واجب ہیں۔ دلائل اوپر گزر گئے۔

**فائدہ :ترجمہ**: ۲؎ امام شافعیؒ کا اختلاف ہے سورہ فاتحہ کے بارے میں اور امام مالکؒ کا اختلاف ہے سورہ فاتحہ کے بارے میں بھی اور سورت ملانے کے بارے میں بھی، امام مالکؒ کی دلیل ہے۔ حضور علیہ السلام کا قول ﴿ لا صلوة الا بفاتحة الکتاب و سورة معها ﴾

**تشریح** :قرأت کے بارے امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کا اختلاف ہے امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ سورہ فاتحہ پڑھنا فرض ہے، اور امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ سورہ فاتحہ بھی فرض ہے اور اسکے ساتھ سورت ملانا بھی فرض ہے۔

**وجه** : (۱) امام مالک کی دلیل یہ حدیث ہے عن ابی سعیدقال قال رسول الله ﷺ ... ولا صلوة لمن لم یقرأ بالحمد و سورة فی فریضة او غیرها ۔(ترمذی شریف، باب ما جاء فی تحریم الصلوة وتحلیلها ص ۵۵ نمبر ۲۳۸ / ابن ماجة شریف ، باب القرأة خلف الامام، ص ۱۱۹، نمبر ۸۳۹ ) اس حدیث میں وسورة فی فریضة سے معلوم ہوتا ہے کہ سورۂ فاتحہ کی طرح سورۃ ملانا بھی فرض ہے (۲) حدیث میں ہے کہ ہر رکعت میں حضورؐ نے سورت ملایا جس سے معلوم ہوا کہ سورت ملانا بھی فرض ہے۔ حدیث یہ ہے ۔عن عبد الله بن ابی قتادة عن أبیه ، قال : کان رسول الله ﷺ یقرأ فی الرکعتین الاولیین من صلوة الظهر بفاتحة الکتاب و سورتین یطول فی الاولی و یقصر فی الثانیة و یسمع الآیة احیانا ، و کان یقرأ فی العصر بفاتحة الکتاب و سورتین و کان یطوّل فی الاولی ، و کان یطوّل فی الرکعة الاولی من صلوة الصبح ، و یقصر فی الثانیة (بخاری شریف، باب القرأة فی الظهر ،ص ۱۰۵، نمبر ۷۵۹ / مسلم شریف، باب القرأة فی الظهر العصر، ص ۱۸۵، نمبر ۴۵۱ / ۱۰۱۲) اس حدیث میں ہے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے ساتھ سورت بھی ملاتے تھے، اس سے امام مالکؒ ثابت کرتے ہیں کہ سورت ملانا بھی فرض ہے۔ حنفیہ اسی حدیث سے سورت ملانا واجب قرار دیتے ہیں۔

**ترجمہ**: ۳؎ امام شافعیؒ کی دلیل حضور علیہ السلام کا قول ہے :کہ نماز بغیر سورہ فاتحہ کے نہیں ہے

**وجه** : (۱) امام شافعیؒ کی دلیل اور صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن عبادة بن صامت ان رسول الله ﷺ قال لا صلوة لمن لم یقرأ بفاتحة الکتاب ۔(بخاری شریف، باب وجوب القراءة للامام والماموم فی الصلوة کلها ص ۱۰۴ نمبر ۷۵۶ /

۴؎ ولنا قوله تعالیٰ فاقرء وا ما تیسر من القران ۵؎ والزیادة علیه بخبر الواحد لایجوز لکنه یوجب العمل فقلنا بوجوبهما (۲۷۲) واذا قال الامام : ولا الضالین، قال : امین، ویقولها : المؤتم

مسلم شریف، باب وجوب قراءۃ الفاتحۃ فی کل رکعۃ ص ۱۶۹ نمبر ۳۹۴/۸۷۴) اس حدیث میں ہے کہ بغیر فاتحہ کے نماز ہی نہیں ہو گی، جسکا مطلب یہ ہے کہ فاتحہ فرض ہے (۲) دوسری حدیث میں ہے عن ابی هریرة عن النبی ﷺ قال من صلی صلوة لم یقرأ فیها بام القرآن فهی خداج ثلاثا غیر تمام۔ (مسلم شریف، باب وجوب قراءۃ الفاتحۃ فی کل رکعۃ ص ۱۶۹ نمبر ۳۹۵/۸۷۸/ابوداؤد شریف، باب من ترک القراءۃ فی صلوتہ ص ۱۲۵ نمبر ۸۲۱) امام شافعیؒ خداج کا ترجمہ کرتے ہیں کہ نماز ہوئی ہی نہیں، جسکا مطلب یہ ہوا کہ فاتحہ فرض ہے۔

**ترجمہ** : ۴؎ اور ہماری دلیل اللہ تعالی کا قول۔ فاقرئوا ما تیسر من القرآن (آیت ۲۰ سورۃ المزمل ۷۳) قرآن میں سے جتنا آسان ہو اتنا پڑھو۔

**تشریح** : ہماری دلیل اوپر گزر چکی ہے کہ آیت میں ہے کہ قرآن میں سے جتنا آسان ہو اتنا پڑھو، اس میں سورہ فاتحہ کی قید نہیں ہے، اسلئے قرآن کے کسی حصے میں سے تین آیتیں پڑھ دینا فرض ہوگا، البتہ چونکہ حدیث میں فاتحہ کی تاکید ہے اسلئے فاتحہ پڑھنا واجب ہے۔ (۲) اس حدیث سے بھی پتہ چلتا ہے کہ فاتحہ واجب ہے۔ حدثنی ابو هریرة قال : قال لی رسول الله ﷺ اخرج فناد فی المدینة أنه لا صلوة الا بقرآن و لو بفاتحة الکتاب فما زاد۔ (ابوداود شریف، باب من ترک القرأۃ فی صلوتہ بفاتحۃ الکتاب، ص ۱۲۶، نمبر ۸۱۹) اس حدیث میں ہے کہ سورہ فاتحہ ہو یا کوئی اور آیت ہو اس سے نماز ہو جائے گی جس سے معلوم ہوا کہ فاتحہ پڑھنا فرض نہیں ہے، البتہ واجب ہم بھی کہتے ہیں۔

**ترجمہ** : ۵؎ اور آیت پر احادیث کے ذریعہ زیادتی کرنا جائز نہیں لیکن احادیث پر عمل کرنا پھر بھی واجب ہے اسلئے ہم نے دونوں کو واجب کہا۔

**تشریح** : یہ امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کو عقلی جواب ہے۔ کہ سورہ فاتحہ اور سورت پڑھنا فرض نہ ہونے کے لئے آیت مذکورہ ہے، اور فرض ہونے لئے احادیث ہیں۔ اب احادیث کی بناء پر فرض قرار دے دیں تو احادیث کے ذریعہ آیت پر زیادتی کرنا لازم ہوگا جو خبر آحاد کے درجے میں ہیں، اسلئے ہم فرض قرار نہیں دیتے۔ البتہ چونکہ تاکیدی احادیث موجود ہیں اسلئے ہم ان پر بھی عمل کرتے ہیں اور فاتحہ پڑھنا اور سورت ملانا واجب قرار دیتے ہیں جو فرض کے قریب ہے۔

**ترجمہ** : (۲۷۲) اور جب امام کہے ولا الضالین تو وہ آمین کہے اور مقتدی بھی آمین کہے۔

**۱** لقوله عليه السلام: اذا امّن الامام فامِنوا **۲** ولا متمسك لمالكؒ في قوله عليه السلام اذا قال الامام و لاالضالين فقولوا آمين من حيث القسمة لانه قال في اخره فان الامام يقولها

**ترجمه** : **۱** حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ جب امام آمین کہے تو تم مقتدی بھی آمین کہو ۔

**تشریح** : امام سورۂ فاتحہ پڑھ کر آمین کہے اور مقتدی بھی آمین کہے۔

**وجه** : صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابی هريرة ان النبی ﷺ قال : اذا امّن الامام فأمّنوا فانه من وافق تأمينه تأمين الملائكة غفر له ما تقدم من ذنبه وقال ابن شهاب و كان رسول الله ﷺ يقول آمين (بخاری شریف، باب جهر الامام بالتأمین ص ۱۰۷ نمبر ۷۸۰ رمسلم شریف، باب التسمیع والتحمید والتأمین ص ۱۷۶ نمبر ۹۱۵/۴۱۰) اس حدیث سے معلوم ہوا امام اور مقتدی دونوں آمین کہے۔

**ترجمه** : **۲** حضور علیہ السلام کا قول، جب امام ﴿ولا الضالين﴾ کہے تو تم مقتدی آمین کہو، اس حدیث میں امام مالکؒ کے لئے تقسیم کی دلیل نہیں ہے، اسلئے کہ اسی حدیث کے آخیر میں ہے کہ امام بھی آمین کہتے ہیں۔

**تشریح** : حضرت امام مالکؒ کی ایک روایت ہے کہ امام صرف ولا الضالین، پڑھے آمین نہ کہے، اور مقتدی صرف آمین کہے۔ یعنی امام کے حصے میں ولا الضالین ہے، اور مقتدی کے حصے میں آمین ہے انکے یہاں امام اور مقتدی کے درمیان اس بارے میں تقسیم ہے۔

**وجه** : انکی دلیل یہ ہے کہ ایک حدیث میں ہے کہ امام جب ولا الضالین کہے تو تم مقتدی آمین کہو۔ حدیث یہ ہے۔ عن ابی هريرة : ان رسول الله ﷺ قال اذا قال الامام ﴿غير المغضوب عليهم و لا الضالين﴾ فقولوا آمين فانه من وافق قوله قول الملائكة غفر له ما تقدم من ذنبه ۔ (بخاری شریف، باب جهر المأموم بالتأمین ص ۱۰۷ نمبر ۷۸۲ رمسلم شریف، باب التسمیع والتحمید والتأمین ص ۱۷۶ نمبر ۹۲۰/۴۱۰) اس حدیث میں ہے کہ امام جب ولا الضالین کہے تو مقتدی آمین کہے۔

ہمارا جواب یہ ہے کہ (۱) اوپر کی حدیث میں ہے کہ امام جب آمین کہے تو تم مقتدی آمین کہو، اس سے معلوم ہوا کہ امام بھی آمین کہے گا اذا امّن الامام فأمّنوا (بخاری شریف، نمبر ۷۸۰ رمسلم شریف، نمبر ۹۱۵/۴۱۰)۔ (۲) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن عن ابی هريرة : ان رسول الله ﷺ قال اذا قال الامام ﴿غير المغضوب عليهم و لا الضالين﴾ فقولوا آمين فان الملائكة تقول آمين ، و ان الامام يقول : آمين فمن وافق تأمينه تأمينالملائكة غفر له ما تقدم من ذنبه ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب آمین، ج ثانی، ص ۹۷، نمبر ۲۶۴۴) اس حدیث میں ہے (وان الامام یقول) کہ امام بھی آمین کہتے ہیں۔

(۲۷۳) قال: ويخفونها ﴾ ۱؎ لما روينا من حديث ابن مسعودؓ ۲؎ ولانه دعاء فيكون مبناه على الاخفاء

**ترجمه:** (۲۷۳) اور آمین کو آہستہ پڑھے۔

**ترجمه:** ۱؎ اسلئے کہ حضرت عبداللہ ابن مسعود کی حدیث ہمنے روایت کی۔

**وجه:** (۱) صاحب ھدایہ کا اثر یہ ہے۔ عن ابراھیم قال : یخفی الامام: بسم الله الرحمن الرحیم ، و الاستعاذة ، و آمین ، و ربنا لک الحمد ۔ (مصنف ابن ابی شیبة، ۱۹۳ من کان لا تجھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، ج اول، ص ۳۶۰، نمبر ۴۱۳۶ر مصنف عبد الرزاق، باب ما تخفی الامام، ج ثانی، ص ۸۷، نمبر ۲۵۹۶) اس اثر سے معلوم ہوا کہ آمین آہستہ پڑھنا چاہئے۔ یہ حضرت ابراہیم نخعی کا اثر ہے

**ترجمه:** ۲؎ اور اس لئے بھی کہ آمین دعاء ہے، اسلئے اسکی بنیاد اخفاء اور پوشیدہ پر ہونی چاہئے۔

**تشريح** : (۲) حضرت امام اعظم کی نگاہ اس بات کی طرف گئی کہ آمین دعا ہے اور نماز میں قرأت کے علاوہ جتنی دعائیں کی جاتی ہیں سب آہستہ ہیں۔ اس لئے آمین بھی آہستہ ہونی چاہئے۔ چنانچہ حضرت نے آہستہ والی حدیث پر عمل کیا۔ آداب دعا یہ ہیں کہ گڑ گڑا کر آہستہ کی جائے۔ آیت یہ ہے ادعوا ربکم تضرعا و خفیة انه لا یحب المعتدین. (آیت ۵۵ سورۃ الاعراف ۷)

(۳) حدیث میں بھی ہے عن علقمة بن وائل عن ابیه ان النبی ﷺ قرء غیر المغضوب علیهم ولا الضالین فقال آمین و خفض بها صوته ۔ (ترمذی شریف، باب ما جاء فی التأمین ص ۵۸ نمبر ۲۴۸ ر دار قطنی، باب التأمین فی الصلوۃ بعد فاتحۃ الکتاب والجھر بہا، ج اول، ص ۳۲۸ نمبر ۱۲۵۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آمین آہستہ کہنا چاہئے۔ بخاری، مسلم وغیرہ میں زور سے آمین کہنے کی باضابطہ حدیث نہیں ہے۔

**فائده** : امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کے نزدیک آمین زور سے کہنا بہتر ہے۔ ان کی دلیل (۱) اوپر کی حدیث سے امام بخاری اور امام مسلم نے استدلال کیا ہے کہ زور سے آمین کہے (اگر چہ اس میں زور کا لفظ نہیں ہے) حدیث یہ ہے۔ عن ابی هریرة ان النبی ﷺ قال : اذا امّن الامام فأمّنوا فانه من وافق تأمینه تأمین الملائکة غفر له ما تقدم من ذنبه وقال ابن شهاب وکان رسول الله ﷺ یقول آمین (بخاری شریف، باب جھر الامام بالتأمین ص ۱۰۷ نمبر ۷۸۰ ر مسلم شریف، باب التسمیع والتحمید والتأمین ص ۱۷۶ نمبر ۴۱۰/ ۹۱۵) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ آمین کہتے تھے، زور سے کہتے ہونگے تب ہی تو راوی نے سنا ہوگا، اسلئے اس حدیث کے اشارۃ النص سے زور سے آمین کہنا ثابت ہوا۔ (۲) اس حدیث میں زور سے آمین کہنے کی صراحت ہے۔ عن ابی هریرة قال ترک الناس التأمین وکان رسول الله اذا قال غیر المغضوب علیهم ولا الضالین قال آمین حتی یسمعها اهل الصف الاول فیرتج بها المسجد (ابن ماجہ شریف، باب الجھر بآمین ص ۱۲۱، نمبر ۸۵۳ ر دار

**۳؎ والمد والقصر فيه وجهان والتشديد فيه خطأ فاحش (۲۷۴) قال ثم يكبر و يركع ﴾ ۱؎ وفي الجامع الصغير: ويكبر مع الانحطاط لان النبي عليه السلام يكبر عند كل خفض و رفع**

قطنی، باب التأمين في الصلوة ج اول ص ۳۲۸ نمبر ۱۲۵۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آمین زور سے کہنا چاہئے۔ لیکن خود ابو ہریرہ فرماتے ہیں کہ صحابہ نے زور سے آمین کہنا چھوڑ دیا تھا۔ عن ابی هريرة قال ﴿ ترك الناس التأمين ﴾ فرمایا

**نوٹ** : یہ استحباب کا اختلاف ہے۔ کوئی زور سے آمین کہتا ہو تو اس پر نکیر نہیں کرنا چاہئے۔ میرے استاذ حضرت مولانا انظر شاہ صاحب کشمیری کو دیکھا کہ وہ زور اور آہستہ کے درمیان میں آمین کہتے، جس سے صرف بغل والے سن لیتے تھے۔ تا کہ دونوں حدیثوں پر عمل ہو جائے۔

**ترجمه** : ۳؎ آمین کو مد کے ساتھ اور قصر کے ساتھ پڑھنا دونوں وجہیں ہیں، اور اسکو تشدید کے ساتھ پڑھنا بڑی غلطی ہے۔

**تشریح** : ﴿ آمین ﴾ کے الف کو مد کے ساتھ پڑھیں یہ بھی جائز ہے۔ اور الف کو قصر کے ساتھ ﴿ امین ﴾ پڑھیں یہ بھی جائز ہے۔ لیکن ﴿ امّین ﴾ میم کے تشدید کے ساتھ پڑھیں یہ غلط ہے، یہ کوئی لغت نہیں ہے۔

**ترجمه** : (۲۷۴) پھر تکبیر کہے اور رکوع کرے۔

**وجه** : حدیث میں ہے کہ آپؐ رکوع اور سجدے میں تکبیر کہتے سمع ابا هريرة يقول كان رسول الله ﷺ اذا اقام الى الصلوة يكبر حين يقوم ثم يكبر حين يركع. (بخاری شریف، باب التكبير اذا اقام من السجود ص ۱۰۹ نمبر ۷۸۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رکوع میں جاتے ہوئے تکبیر کہے۔

**ترجمه** : ۱؎ اور جامع صغیر میں ہے کہ جھکنے کے ساتھ تکبیر کہے، اسلئے کہ نبی علیہ السلام ہر جھکتے اور سر اٹھاتے وقت تکبیر کہتے تھے۔ جامع صغیر کی عبارت یہ ہے۔ عن ابی حنيفةؒ : يصلي و يكبر مع الانحطاط ۔ (جامع صغیر، باب فی تکبیر الرکوع و السجود، ص ۸۷)

**تشریح** : ایک شکل یہ ہے کہ پہلے تکبیر اللہ اکبر کہے اسکے بعد رکوع میں جائے، اور دوسری شکل یہ ہے کہ رکوع میں جا چکے اسکے بعد تکبیر کہے، اور تیسری شکل یہ ہے کہ رکوع کے لئے جھکتے ہوئے تکبیر کہے، مصنف فرماتے ہیں کہ یہی صحیح ہے کہ رکوع کے لئے جھکتے ہوئے تکبیر کہے۔

**وجه** : (۱) حدیث میں گزرا ۔ثم يكبر حين يركع. (بخاری شریف، نمبر ۷۸۹) اس حدیث میں ہے کہ جب رکوع کے لئے جھکتے تو تکبیر کہتے (۲) صاحب ہدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن عبد الله بن مسعودؓ قال : كان رسول الله ﷺ يكبر في كل خفض و رفع ، و قيام و قعود ، و أبو بكر و عمر ۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء فی التكبير عند الرکوع والسجود، ص ۵۹،

(۲۷۵) ويحذف التكبير حذفا ﴾ ل لان المد فی اوله خطأ من حيث الدين لكونه استفهاما وفی اخره لحن من حيث اللغة (۲۷۶)ويعتمد بيديه على ركبتيه ويفرج بين اصابعه ﴾ ل لقوله عليه السلام لانس رضی اللہ عنہ

نمبر۲۵۳ر نسائی شریف، باب التکبیر للسجود، ص۱۵۰، نمبر۱۰۸۲ر ابوداود شریف، باب تمام التکبیر ،ص۱۲۹، نمبر ۸۳۶) اس حدیث میں ہے کہ رکوع میں جاتے وقت آپؐ تکبیر کہتے۔ اوراس سے اٹھتے وقت بھی تکبیر کہتے۔

**ترجمه**: (۲۷۵) تکبیر اللہ اکبر کو پورے قصر کے ساتھ پڑھے۔

**ترجمه**: ل اسلئے کہ شروع میں مد دین کے اعتبار سے غلط ہے، اسلئے کہ وہ جملہ استفہام بن جائے گا، اور آخیر میں مد عربی لغت کے اعتبار سے لحن ہوجائے گا۔ (اسلئے قصر پڑھے)

**تشریح**: اللہ سے پہلے مد والا الف، لگائے، اور آاللہ. بولے تو یہ استفہام ہوجائے گا اور ترجمہ ہوجائے گا، کیا اللہ بڑا ہے؟ یہ اللہ کی بڑائی بیان کرنے کے بجائے سوال ہوجائے گا کہ کیا اللہ بڑا ہے؟ اسلئے مد کے بجائے قصر کے ساتھ، اللہ، بولے، اور اکبر کے آخیر میں الف بڑھائے گا تو، اکبأر، ہوجائے گا، یہ لحن جلی ہے جو عربی لغت کے اعتبار سے ٹھیک نہیں ہے، اسلئے اکبر کے آخیر میں بھی الف مدہ نہ بڑھائے۔

**ترجمه**: (۲۷۶) دونوں ہاتھوں سے دونوں گھٹنے پر ٹیکے اور انگلیوں کو کشادہ رکھے۔

**تشریح**: رکوع میں ہاتھ سے گھٹنوں کو اس طرح پکڑے جیسے اس پر ٹیک لگائے ہوئے ہو۔ اور انگلیوں کو گھٹنے پر پھیلائے ہوئے رکھے۔

**وجه**: (۱) یہ حدیث ہے فذكروا صلوة رسول الله ﷺ فقال ابو حميد انا اعلمكم بصلوة رسول الله ﷺ ان رسول الله ﷺ ركع فوضع يديه على ركبتيه كانه قابض عليهما و وتر يديه فنحاهما عن جنبيه. (ترمذی شریف، باب ماجاء یجافی یدیہ عن جنبیہ فی الرکوع ص ۶۰ نمبر ۲۶۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ہاتھ سے گھٹنوں کو اس طرح پکڑے کہ کمان کی رسی کی طرح معلوم ہو (۲) حدیث میں ہے۔ قال: أتينا عقبة بن عمرو الانصاری أبا مسعود فقلنا له: حدثنا عن صلوة رسول الله ﷺ، فقام بين ايدينا فی المسجد فكبر، فلما ركع وضع يديه على ركبتيه و جعل أصابعه أسفل من ذالک و جافی بين مرفقيه حتی استقر كل شیء منه۔ (ابوداؤد شریف، باب صلوۃ من لا یقیم صلبہ فی الرکوع والسجود ص ۱۳۲ نمبر ۸۶۳ ر نسائی شریف، باب مواضع أصابع الیدین فی الرکوع ص ۱۴۳ نمبر ۱۰۳۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رکوع میں دونوں ہاتھوں کو دونوں گھٹنوں پر پھیلا کر رکھے۔

**ترجمه**: ل حضورؐ کا قول حضرت انسؓ کے لئے کہ جب تم رکوع کرو تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے دونوں گھٹنوں پر رکھو، اور

اذا ركعت فضع يديك علىٰ ركبتيك وفرّج بين اصابعك ۲؎ ولا يندب الى التفريح الافى هٰذه الحالة ليكون امكن من الاخذولا الى الضم الافى حالة السجودوفيماوراء ذٰلك يترك على العادة

(۲۷۷) ويبسط ظهره ۱؎ لان النبى عليه السلام كان اذا ركع بسط ظهره

انگلیوں کوکشادہ رکھو۔

**تشریح** : حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ کی حدیث میں ہے کہ رکوع میں تطبیق کیا جائے، تطبیق کا مطلب یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کو دونوں گھٹنوں کے درمیان میں رکھا جائے، لیکن وہ منسوخ ہو گیا اور اب یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کو دونوں گھٹنوں پر اس طرح پھیلا کر رکھا جائے کہ گویا کہ گھٹنوں کو پکڑ رکھا ہو۔اسکے ثبوت کے لئے اوپر کی حدیث ہے اور صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔عن ابن عمر : أن رسول الله ﷺ قال لرجل : اذا قمت الى الصلوة فركعت فضع يديك على ركبتيك ، و افرج بين أصابعك ارفع رأسك حتى يرجع كل عضو الى مفصله ۔(مصنف عبدالرزاق، باب کیف الرکوع والسجود، ج ثانی، ص ۱۵۱، نمبر ۲۸۵۹)اس حدیث میں ہے کہ رکوع میں ہاتھ گھٹنے پر رکھو اور انگلیاں پھیلا کر رکھو۔

**ترجمہ** : ۲؎ اور انگلیاں پھیلا کر رکھنا اس حالت میں ہی مستحب ہے تا کہ گھٹنوں کو پکڑنا ممکن ہو سکے، اور نہ ملا کر رکھنا مستحب ہے مگر سجدے کی حالت میں، اور اسکے علاوہ میں اپنی عادت پر چھوڑ دی جائے۔

**تشریح** : رکوع کی حالت میں انگلیاں پھیلا کر رکھنا مستحب ہے تا کہ گھٹنوں کو پکڑنا ممکن ہو سکے، اور سجدے کی حالت میں انگلیاں ملا کر رکھنا مستحب ہے تا کہ تمام انگلیاں قبلے کی طرف ہو سکے۔ان دونوں حالتوں کے علاوہ انگلیوں کو اپنی حالتوں پر چھوڑ دینا مستحب ہے۔

**لغت** : تحذف: حذف کرے، مد نہ کرے۔استفہام: سوال کرنا۔یعتمد: ٹیک لگائے۔پکڑے۔یفرج: پھیلا کر رکھے۔

**ترجمہ** : (۲۷۷) اور پیٹھ کو برابر کرے۔

**ترجمہ** : ۱؎ اسلئے کہ نبی علیہ السلام جب رکوع فرماتے تو پیٹھ کو ہموار کرتے

**تشریح** : رکوع میں سر کو نہ اٹھائے نہ زیادہ جھکائے، پیٹھ کو ہموار رکھے، اور برابر رکھے۔

**وجہ** :(۱) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ قال سمعت وابصة بن معبد يقول : رأيت رسول الله ﷺ يصلي ، فكان اذا ركع سوّى ظهره ، حتى لو صب عليه الماء لاستقر ۔(ابن ماجہ شریف، باب الرکوع فی الصلوۃ، ص ۱۲۳، نمبر ۸۶۹)اس حدیث میں ہے کہ رکوع میں پیٹھ برابر اور ہموار رکھے۔(۲) دوسری حدیث میں ہے۔ عن ابى حميد الساعدى قال كان النبى ﷺ اذا ركع اعتدل فلم ينصب رأسه ولم يقنعه ووضع يديه على ركبتيه . (نسائی شریف، باب

(۲۷۸)ولا يرفع راسه ولا ينكسه ﴾ لان النبی ﷺ كان اذا ركع لا يصوّب رأسه ولايقنعه
(۲۷۹)ويقول سبحان ربی العظيم ثلثا وذلک ادناه ﴾ لقوله ﷺ اذا ركع احدكم فليقل فی ركوعه سبحان ربی العظيم ثلثا وذلک ادناه ۲ای ادنی كمال الجمع

الاعتدال فی الرکوع ص ۱۱۸ نمبر ۱۰۴۰) اس حدیث میں ہے کہ سر نہ اونچا رکھے اور نہ جھکا کر رکھے، بلکہ ہموار رکھے۔

**ترجمه** : (۲۷۸) اور رکوع میں سر کو نہ اٹھائے اور نہ جھکائے۔

**ترجمه**: ۱ اسلئے کہ نبی علیہ السلام جب رکوع فرماتے تو نہ سر کو جھکاتے اور نہ اسکو اٹھاتے۔

**وجه** : صاحب ہدایہ کی حدیث یہ ہے۔عن ابی حمید الساعدی قال سمعت و هو فی عشرة من أصحاب النبی ﷺ ....و ركع ، ثم اعتدل ، فلم يصوب رأسه و لم يقنع ، ووضع يديه علی ركبتيه ۔(ترمذی شریف، باب منہ ،(ای ماجاء فی وصف الصلوۃ )ص ۶۶ نمبر ۳۰۴ رنسائی شریف، باب الاعتدال فی الرکوع ص ۱۱۸ نمبر ۱۰۴۰) اس حدیث میں ہے کہ سر نہ اونچا رکھے اور نہ جھکا کر رکھے، بلکہ ہموار رکھے۔

**لغت** : لاینکسہ : نہ زیادہ جھکائے۔صوب: سر کو جھکانا۔یقنعہ: قنع سے سر اٹھانا۔

**ترجمه** : (۲۷۹) اور رکوع میں سبحان ربی العظیم تین مرتبہ کہے اور یہ اس کا ادنی درجہ ہے۔

**ترجمه** : ۱ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے، کہ جب تم میں سے کوئی رکوع کرے تو ﴿ سبحان ربی العظيم﴾ تین مرتبہ کہے، اور یہ ادنی درجہ ہے۔

**تشريح**: کم سے کم تین مرتبہ سبحان ربی العظیم کہنا سنت ہے۔اس سے زیادہ پانچ ،سات مرتبہ بھی کہہ سکتا ہے لیکن طاق مرتبہ کہنا افضل ہے۔

**وجه** : صاحب ہدایہ کی حدیث یہ ہے۔عن ابن مسعود قال : قال رسول الله ﷺ اذا ركع احدكم فليقل ثلاث مرات : سبحان ربی العظيم وذلک ادناه، فاذا سجد فليقل سبحان ربی الاعلی ثلاثا ، و ذالک ادناه . (ابوداؤد شریف، باب مقدار الرکوع، والسجود ص ۱۳۴ نمبر ۸۸۶ رترمذی شریف، باب ماجاء فی التسبیح فی الرکوع والسجود ص ۶۰ نمبر ۲۶۱ )اس حدیث میں ہے کہ تین مرتبہ سبحان ربی العظيم، کہے اور یہ ادنی مرتبہ ہے۔

**ترجمه**: ۲ یعنی کمال جمع کا ادنی مرتبہ ہے۔

**تشريح** :۔اس عبارت کا ایک مطلب تو یہ ہے کہ کمال جمع پانچ مرتبہ، اور سات مرتبہ اور نو مرتبہ سبحان ربی العظيم، پڑھنا ہے۔اور تین مرتبہ پڑھنا اسکا کم سے کم درجہ ہے۔اور دوسرا مطلب یہ ہے کہ جمع کے صیغے میں تو بہت ساری تعداد آتی ہے، لیکن تین

**(۲۸۰) ثم يرفع راسه ويقول سمع الله لمن حمده ويقول المؤتم ربنا لك الحمد ولا يقولها الامام عند ابی حنیفة وقالا يقولها في نفسه ﴾ ۱ لما روى ابوهريرة ان النبی ﷺ كان يجمع بين الذكرين ۲ ولانه حرّض غيره فلاينسى نفسه**

مرتبہ جمع کا کم سے کم درجہ ہے۔

**ترجمه** : (۲۸۰) پھر اپنے سر کو اٹھائے اور کہے سمع اللہ لمن حمدہ، اور مقتدی کہے، ربنا لک الحمد۔ اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک ربنا لک الحمد امام نہیں کہے گا، اور صاحبینؒ کے نزدیک امام اسکو اپنے دل میں کہے گا۔

**تشریح**: امام ابوحنیفہ کے نزدیک امام صرف سمع اللہ لمن حمدہ کہے اور مقتدی صرف ربنا لک الحمد کہے۔ امام ربنا لک الحمد نہیں کہے گا ، اور صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ امام بھی اپنے دل میں ربنا لک الحمد کہے گا۔

**وجه** : حدیث میں ہے عن ابی هريرة ان رسول الله ﷺ قال اذا قال الامام سمع الله لمن حمده فقولوا اللهم ربنا لک الحمد (بخاری شریف، باب فضل اللهم ربنا لک الحمد ص ۱۰۹ نمبر ۷۹۶ ترمذی شریف، باب آخر و باب مایقول الرجل اذا رفع رأسہ ص ۶۱ نمبر ۲۶۷) اس سے معلوم ہوا کہ امام سمع اللہ لمن حمدہ کہے اور مقتدی ربنا لک الحمد کہے۔ البتہ منفرد ہو تو چونکہ وہ امام اور مقتدی دونوں ہے اس لئے وہ دونوں کہے گا۔

**فائده ترجمه**: ۱ اسلئے کہ حضرت ابوھریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام دونوں ذکروں کو جمع کیا کرتے تھے۔

**تشریح** : یہ صاحبینؒ کی دلیل ہے کہ حضورؐ ﴿سمع اللہ لمن حمدہ ، اور ربنا لک الحمد﴾ دونوں ذکر کہا کرتے تھے اسلئے امام دونوں کہے۔ (۱) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے عن ابی هريرة قال كان النبی ﷺ اذا قال سمع الله لمن حمده قال اللهم لک الحمد۔ (بخاری شریف، باب مایقول الامام ومن خلفہ اذا رفع رأسہ من الرکوع ص ۱۰۹ نمبر ۷۹۵ ترمذی شریف، باب مایقول الرجل اذا رفع رأسہ من الرکوع ص ۶۱، نمبر ۲۶۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امام تسمیع اور تحمید دونوں کہے گا (۲)۔ عن ابی اوفی قال : کان رسول الله ﷺ اذا رفع ظهره من الركوع قال : سمع الله لمن حمده ، اللهم ربنا ! لک الحمد ، ملء السماوات و ملء الارض ، و ملء ما شئت من شيء بعد ۔ (مسلم شریف، باب مایقول اذا رفع رأسہ من الرکوع، ص ۱۹۰، نمبر ۴۷۶/۱۰۶۷) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ دونوں کہا کرتے تھے۔ اسلئے امام دونوں کہے۔

**ترجمه**: ۲ اور اسلئے کہ دوسرے کو ترغیب دے تو اپنے کو نہیں بھولنا چاہئے۔

**تشریح** : یہ صاحبینؒ کی دلیل عقلی ہے۔ کہ امام کو دونوں پڑھنا چاہئے۔ کیونکہ جب ﴿سمع اللہ لمن حمدہ﴾ کہہ کر مقتدی کو ربنا لک الحمد کہنے کی ترغیب دی تو خود کو بھی ربنا لک الحمد کہنا چاہئے۔ مقتدی کو ترغیب دیکر اپنے آپ کو بھلانا نہیں دینا چاہئے۔ اسلئے امام کو بھی

۳ ولابی حنیفةؒ قوله ﷺ اذا قال الامام سمع الله لمن حمده قولوا ربنا لک الحمد هذه قسمة وانهاتنافی الشرکة ۴ ولهذا لایأتی المؤتم بالتسمیع عندنا خلافا للشافعیؒ ۵ ولانه یقع تحمیده بعد تحمید المقتدی وهو خلاف موضوع الامامة ۶ ومارواه محمول علی حالة الانفراد

ربنا لک الحمد، کہنا۔

**ترجمه** : ۳ اور امام ابوحنیفہؒ کی دلیل حضور علیہ السلام کا قول کہ امام جب سمع الله لمن حمده کہے، تو تم ربنا لک الحمد، کہو۔ اس حدیث میں تقسیم ہے، اور یہ حدیث شرکت کے منافی ہے۔

**تشریح** : اور کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ امام اور مقتدی کے درمیان تقسیم ہے امام مقتدی کے ذکر میں شریک نہیں ہے کیونکہ فرمایا کہ جب امام سمع الله لمن حمده کہے تو مقتدی کو کہا کہ تم، اللهم ربنا لک الحمد، کہو اسلئے امام سمع الله لمن حمده، اور اللهم ربنا لک الحمد، دونوں نہیں کہیں گے اور دونوں ذکروں میں شرکت نہیں کریں گے، کیونکہ حدیث شرکت کے منافی ہے۔ حدیث یہ ہے۔ عن ابی هریرة ان رسول الله ﷺ قال اذا قال الامام سمع الله لمن حمده فقولوا اللهم ربنا لک الحمد (بخاری شریف، باب فضل اللهم ربنا لک الحمد ص ۱۰۹ نمبر ۷۹۶ / ترمذی شریف، باب آخر وباب مایقول الرجل اذا رفع رأسه ص ۶۱ نمبر ۲۶۷) اس حدیث میں ہے کہ جب امام سمع الله لمن حمده کہے تو مقتدی، اللهم ربنا لک الحمد، کہے

**ترجمه** : ۴ اسی لئے ہمارے یہاں مقتدی، سمع الله لمن حمده، نہیں کہے گا۔ خلاف امام شافعیؒ کے۔

**تشریح** : یہ امام ابوحنیفہؒ کی دلیل عقلی ہے، چونکہ حدیث میں شرکت نہیں ہے اسی لئے مقتدی سمع الله لمن حمده نہیں کہے گا۔ البتہ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ مقتدی بھی سمع الله لمن حمده، کہے گا۔

**ترجمه** : ۵ اور اسلئے بھی کہ امام کا، ربنا لک الحمد، مقتدی کے، ربنا لک الحمد، کے بعد ہو جائے گا، اور یہ امامت کے موضوع کے خلاف ہے۔

**تشریح** : یہ امام ابوحنیفہؒ کی دوسری دلیل عقلی ہے، کہ امام کے سمع الله لمن حمده کہنے کے فوراً بعد مقتدی ربنا لک الحمد، کہے گا اور امام مقتدی کے کہنے کے بعد ربنا لک الحمد، کہہ سکے گا تو امام مقتدی کے تابع ہو گیا۔ حالانکہ امام کو مقتدی سے پہلے ہونا چاہئے یہاں مقتدی پہلے ہو گیا اسلئے بھی امام ربنا لک الحمد، نہیں کہیں گے۔ یہ امام کے عہدے کے خلاف ہے۔

**ترجمه** : ۶ اور صاحبین نے جو روایت پیش کی ہے وہ منفرد ہونے کی حالت پر محمول ہے، اور منفرد دونوں ذکروں کو جمع کرے

**والمنفرد يجمع بينهما في الاصح وان كان يروى الاكتفاء بالتسميع ۷ ويروى بالتحميد ۸ والامام بالدلالة عليه اتى به معنى (۲۸۱) قال ثم اذا استوى قائما كبّر وسجد**

گا۔صحیح روایت یہی ہے،اگر چہ یہ بھی روایت ہے کہ منفرد صرف سمع اللہ لمن حمدہ، پر اکتفاء کرے گا۔

**تشریح** : یہ امام ابو حنیفہؒ کی جانب سے صاحبینؒ کو جواب ہے۔صاحبین نے جو حدیث پیش کی جس میں ہے کہ امام تسمیہ اور تحمید دونوں کہے،تو اسکا جواب یہ ہے کہ وہ حدیث منفرد ہونے کی حالت کی ہے۔اور یہ ہم بھی کہتے ہیں کہ آدمی تنہا نماز پڑھ رہا ہو تو چونکہ وہ اپنے لئے امام بھی ہے اور مقتدی بھی ہے اسلئے وہ امام ہونے کی حیثیت سے سمع اللہ لمن حمدہ بھی کہے گا اور مقتدی ہونے کی حیثیت سے ربنا لک الحمد بھی کہے گا۔اور یہ حدیث اسی منفرد ہونے کی حالت پر محمول ہے۔۔اگر چہ ایک روایت یہ ہے کہ منفرد صرف سمع اللہ لمن حمدہ، کہے گا۔اس روایت کے اعتبار سے یہ تاویل ممکن نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: ۷ اور ایک روایت یہ بھی ہے کہ منفرد صرف ربنا لک الحمد کہے گا۔سمع اللہ لمن حمدہ نہیں کہے گا ۔اسکی وجہ یہ ہے کہ سمع اللہ لمن حمدہ کہتے ہوئے منفرد کھڑا ہوگا،اب ربنا لک الحمد کہنے جائے گا تو وہ سیدھا کھڑا ہو چکا ہوگا،اور سیدھے کھڑا ہوتے وقت کوئی ذکر مسنون نہیں ہے اسلئے بہتر یہ ہے کہ منفرد صرف ربنا لک الحمد کہے تا کہ یہ کہتے کہتے وہ سیدھے کھڑے ہونے تک چلا جائے۔ لیکن یہ روایت کمزور ہے اسلئے کہ سیدھا کھڑا ہو جانے پر ربنا لک الحمد پڑھنے کا ثبوت حدیث میں ہے۔سمع ابا هريرة يقول : كان رسول الله ﷺ اذا قام الى الصلوة يكبر حين يقوم ثم يكبر حين يركع ، ثم يقول سمع الله لمن حمده ، حين يرفع صلبه من الركوع ، ثم يقول و هو قائم ربنا لك الحمد ۔(بخاری شریف،باب التکبیر اذا قام من السجود، ص ۱۰۹،نمبر ۷۸۹)اس حدیث میں ہے کہ سیدھا کھڑا ہونے کے بعد ربنا لک الحمد کہا۔صحیح بات یہ ہے کہ منفرد دونوں کہے گا۔

**ترجمہ**: ۸ اور امام نے ربنا لک الحمد پر رہنمائی کی تو گویا کہ اسکو معنوی طور پر لے آیا۔

**تشریح** :یہ امام ابو حنیفہؒ کی جانب سے صاحبین کو جواب ہے۔انہوں نے کہا تھا امام مقتدی کو سمع اللہ لمن حمدہ، کہہ کر ربنا لک الحمد کی ترغیب دی اور خود ربنا لک الحمد نہ کہے تو یہ اچھا نہیں ہے۔تو اسکا جواب دے رہے ہیں کہ جب امام نے ترغیب دے دی تو مقتدی کا ربنا لک الحمد کہنا گویا کہ امام کا بھی کہنا ہو گیا،اور معنوی طور پر امام نے بھی ربنا لک الحمد کہہ دیا،اسلئے اب امام کو ربنا لک الحمد کہنا ضروری نہیں رہا۔

**لغت** : موتم :مقتدی۔فی نفسہ :دل دل میں کہے۔حرض :دوسروں کو ترغیب دے۔ینسی : بھول جائے۔موضوع:مقام،عہدہ۔ تسمیع:سمع اللہ لمن حمدہ، کے مختصر کو تسمیع کہتے ہیں۔تحمید :ربنا لک الحمد، کے مختصر کو تحمید کہتے ہیں۔

**ترجمہ**: (۲۸۱) پس جب کہ سیدھا کھڑا ہو جائے تو تکبیر کہے اور سجدہ کرے۔

ل اما التكبير والسجود فلما بينا ۲ واما الاستواء قائما فليس بفرض وكذا الجلسة بين السجدتين والطمانينة في الركوع والسجود وهذا عندابي حنيفةؒ ومحمدؒ

**ترجمہ**: ل بہر حال تکبیر اور سجدہ کے مسئلے تو ہمنے پہلے بیان کیا ہے۔

**تشریح**: رکوع سے جب سیدھا کھڑا ہو جائے تو اللہ اکبر کہہ کر سجدے میں جائے۔ سجدے میں جاتے ہوئے تکبیر کہنے کی دلیل والی حدیث پہلے گزر چکی ہے (۱)۔عن عبد الله بن مسعودؓ قال : كان رسول الله ﷺ يكبر في كل خفض و رفع ، و قيام و قعود ، و أبو بكر و عمر ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی التکبیر عند الرکوع والسجود، ص ۵۹، نمبر ۲۵۳ رنسائی شریف، باب التکبیر للسجود، ص ۱۵۰، نمبر ۱۰۸۴ رابوداؤد شریف، باب تمام التکبیر ،ص ۱۲۹، نمبر ۸۳۶)۔اس حدیث میں ہے کہ ہر جھکتے وقت تکبیر کہے۔(۲)سمع ابا هريرة يقول : كان رسول الله ﷺ اذا قام الى الصلوة يكبر حين يقوم ....ثم يكبر حين يهوى ، ثم يكبر حين يرفع رأسه ، ثم يكبر حين يسجد ، ثم يكبر حين يرفع رأسه ۔(بخاری شریف، باب التکبیر اذا قام من السجود، ص ۱۰۹، نمبر ۷۸۹) اس حدیث میں ہے کہ سجدہ میں جاتے وقت تکبیر کہے۔
اور سجدہ کرے اسکی دلیل یہ آیت ہے۔ يأيها الذين آمنو اركعوا و اسجدوا و اعبدوا ربكم (آیت ۷۷، سورۃ الحج ۲۲)
اس آیت میں ہے کہ سجدہ کرو۔

**ترجمہ**: ۲ [۱] بہر حال قومہ میں سیدھا کھڑا ہونا تو فرض نہیں ہے۔[۲] ایسے ہی دو سجدوں کے درمیان جلسہ [۳] اور رکوع اور سجدے کو اطمینان سے کرنا فرض نہیں ہے، یہ امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک ہے۔

**تشریح** : رکوع سے سیدھا کھڑا ہونا جسکو قومہ کہتے ہیں اسکو اطمینان سے کرنا امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک فرض نہیں ہے۔ البتہ حدیث کی بنا پر سنت ہے۔[۲] اسی طرح دو سجدوں کے درمیان اطمینان سے بیٹھنا جسکو جلسہ کہتے ہیں سنت ہے [۳] اور رکوع اور سجدے کو اطمینان سے کرنا جسکو تعدیل ارکان کہتے ہیں۔ یہ فرض نہیں ہیں ایک روایت میں واجب ہے اور دوسری روایت میں سنت ہے۔

**وجہ**: (۱) آیت میں ہے کہ رکوع کرو اور سجدہ کرو اور صرف جھک جانے کو رکوع کہتے ہیں۔ اسی طرح پیشانی کو صرف زمین پر رکھ دینے کو سجدہ کہتے ہیں ۔اسکے لئے یہ اثر ہے۔سألت عطاء عن ادنى ما يجوز من الركوع و السجود فقال : اذا وضع جبهته على الارض . ووضع يديه على ركبتيه . دوسرے اثر میں ہے۔ عن عمر قال اذا وضع الرجل جبهته بالارض أجزأه (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۹ فی أدنی ما تجزیء من الرکوع والسجود، ج اول ص ۲۲۶، نمبر ۲۵۸۴ رنمبر ۲۵۸۰) اس اثر میں ہے کہ زمین پر پیشانی رکھ دی بس سجدے کے لئے اتنا ہی کافی ہے۔ اسی طرح گھٹنے پر ہاتھ رکھ دیا، رکوع کے لئے اتنا ہی کافی

۳ وقال ابویوسفؒ یفترض ذلک کلہٗ وھو قول الشافعیؒ لقولہ علیہ السلام قم فصلّ فانّک لم تصلّ قالہ لاعرابی حین اخفّ الصّلوة

ہے۔ اسلئے آیت کی بنا پر اتنا ہی فرض ہوگا، اور اس سے جو زیادہ ہے حدیث کی بنا پر وہ سنت ہوگا۔

البتہ حدیث کی بنا پر تعدیل ارکان واجب ہوگا۔ حدیث یہ ہے۔ عن ابی مسعود الانصاری قال قال رسول اللہ ﷺ لا تجزئ صلوة لا یقیم الرجل فیھا صلبہ فی الرکوع و فی السجود (ترمذی شریف، باب ماجاء فی من لا یقیم صلبہ فی الرکوع ولا السجود ص ۶۱ نمبر ۲۶۵ ر ابوداؤد شریف، باب صلوة من لا یقیم صلبہ فی الرکوع والسجود ص ۱۳۱ نمبر ۸۵۵ ر بخاری شریف، باب امر النبی ﷺ الذی لا یتم رکوعہ بالاعادة ص ۱۰۹ نمبر ۷۹۳) ان احادیث سے امام ابوحنیفہؒ تعدیل الارکان کو واجب قرار دیتے ہیں ۔ کیونکہ اس کے بغیر نماز کافی نہیں ہوگی۔ (۲) عن ابی ھریرة عن النبی ﷺ دخل المسجد فدخل رجل فصلی ثم جاء فسلم علی النبی ﷺ فرد النبی ﷺ علیہ السلام فقال: ارجع فصل فانک لم تصل ....ثم ارکع حتی تطمئن راکعاً ثم ارفع حتی تعتدل قائما ، ثم اسجد حتی تطمئن ساجداً ثم ارفع حتی تطمئن جالساً ، ثم اسجد حتی تطمئن ساجدا ، ثم افعل ذالک فی صلاتک کلھا ۔ (بخاری شریف، باب امر النبی ﷺ الذی لا یتم رکوعہ بالاعادة ص ۱۰۹ نمبر ۷۹۳ ر ترمذی شریف، باب ماجاء فی من لا یقیم صلبہ فی الرکوع ولا السجود ص ۶۱ نمبر ۲۶۵) ابوداؤد شریف میں اس حدیث کے آخر میں یہ بھی زیادہ ہے۔ و قال فی آخرہ : اذا فعلت ھذا فقد تمت صلاتک ، و ما انتقصت من ھذا شیئاً فانما انتقصتہ من صلاتک ۔ (ابوداؤد شریف، باب صلوة من لا یقیم صلبہ فی الرکوع والسجود ص ۱۳۱ نمبر ۸۵۵ ر) اس حدیث میں تعدیل ارکان نہ کرنے کی وجہ سے نماز لوٹانے کا حکم دیا۔ اس سے حنفیہ یہ ثابت کرتے ہیں کہ تعدیل ارکان واجب ہے، اور اسی حدیث سے حضرت امام ابویوسفؒ اور امام شافعیؒ ثابت کرتے ہیں کہ تعدیل ارکان فرض ہے۔ کیونکہ تعدیل ارکان نہ کرنے کی وجہ سے حضورؐ نے نماز لوٹانے کا حکم دیا۔

**ترجمہ**: ۳ اور امام ابویوسفؒ نے فرمایا کہ یہ سب فرض ہیں اور یہی قول امام شافعیؒ کا ہے۔ حضورؐ کے قول کی وجہ سے، کہ کھڑے ہو اور دوبارہ نماز پڑھو، اسلئے کہ تم نے نماز نہیں پڑھی۔ یہ بات حضورؐ نے ایک اعرابی سے فرمایا تھا جب انہوں نے تخفیف کے ساتھ نماز پڑھی۔

**تشریح**: حضرت امام ابویوسفؒ اور حضرت امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ قومہ، جلسہ، کو اطمینان کے ساتھ کرنا۔ اور رکوع اور سجدے کو اطمینان کے ساتھ کرنا یہ سب فرض ہیں۔ کیونکہ ایک دیہاتی مسجد میں تشریف لائے اور جلدی جلدی نماز پڑھی تو آپؐ نے تین مرتبہ انکو واپس فرمایا، اور فرمایا کہ جاؤ دوبارہ نماز پڑھو کیونکہ گویا کہ تم نے نماز ہی نہیں پڑھی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ بغیر اطمینان کے نماز

۴ ولهما ان الركوع هو الانحناء والسجود هو الانخفاض لغةً فيتعلق الركنية بالادنى فيهما وكذا في الانتقال اذهو غير مقصود ۵ وفي اٰخر ماروى تسميته اياه صلوٰة حيث قال وما نقصتَ من هٰذا شيئا

ہی نہیں ہوگی، کیونکہ وہ فرض ہے۔حدیث اوپر گزر گئی۔ حضرت امام شافعیؒ کا مسلک موسوعۃ میں اس طرح ہے۔ قال الشافعیؒ: و لا يجزى مصليا قدر على أن يعتدل قائماً اذا رفع رأسه من الركوع شيء دون أن يعتدل قائماً، اذا كان من قدر على القيام، و ما كان من القيام دون الاعتدال لم يجزئه ۔(موسوعۃ امام شافعی، باب کیف القیام من الرکوع، ج ثانی، ص ۲۴۷، نمبر ۱۴۱۱) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ تعدیل ارکان انکے یہاں فرض ہے۔

**نوٹ** : امام شافعیؒ کے یہاں فرض کے بعد سیدھا سنت کا درجہ ہے درمیان میں واجب کا درجہ نہیں ہے۔اس لئے جب کسی حدیث میں تاکید ہوتی ہے تو سیدھا وہ اس کی فرضیت کی طرف جاتے ہیں۔اور امام ابوحنیفہ کے یہاں فرض اور سنت کے درمیان واجب کا درجہ ہے اس لئے بہت زیادہ تاکید ہوتی ہے تو فرض ہوتا ہے۔اس سے کم تاکید ہوتی ہے تو واجب ہوتا ہے۔اور اس سے کم تاکید ہوتی ہے تو سنت ہوتا ہے۔اسی اصولی فرق کی بنا پر امام ابوحنیفہ اور شافعیؒ کے درمیان اختلاف ہوا ہے۔

**ترجمہ** : ۴ امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کی دلیل یہ ہے کہ رکوع لغت میں صرف جھکنے کا نام ہے، اور سجدہ صرف پست ہونے کا نام ہے، اسلئے فرض ان دونوں میں ادنی کے ساتھ تعلق رکھے گا، اور یہی حال ہے منتقل ہونے میں اسلئے کہ وہ مقصود نہیں ہے۔

**تشریح** : یہ طرفین کی دلیل ہے۔کہ آیت میں وارکعوا: رکوع کرنے کے لئے کہا ہے اسلئے صرف رکوع کرنا فرض ہوگا۔اور رکوع صرف جھک جانے کو کہتے ہیں عن مجاهد قال: اذا وضع يديه على ركبتيه أجزأه (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۹ فی اُدنی ما یجزی ءمن الرکوع والسجود، ج اول، ص ۲۲۶، نمبر ۲۵۸۰) اس اثر میں ہے کہ صرف ہاتھ گھٹنے پر رکھ دینے کو رکوع کہتے ہیں۔ اسلئے صرف جھک جانے سے رکوع ادا ہو جائے گا اور اتنا ہی فرض ہوگا۔اس سے زیادہ واجب ہوگا۔اسی طرح صرف پست ہونے کو سجدہ کہتے ہیں اسلئے آیت اسجدوا کے اعتبار سے صرف پست ہونے سے فرض ادا ہو جائے گا، اور اس سے زیادہ سنت ہوگا۔اثر میں ہے۔ عن عمر قال اذا وضع الرجل جبهته بالارض أجزأه (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۹ فی اُدنی ما یجزی ءمن الرکوع والسجود، ج اول، ص ۲۲۶، نمبر ۲۵۸۴ رنمبر ۲۵۸۰) اس اثر میں ہے کہ صرف پیشانی کو زمین پر رکھ دینے کو سجدہ کہتے ہیں۔باقی رہا قومہ اور جلسہ کے لئے منتقل ہونا تو یہ اصل مقصود نہیں ہیں، یہ تو ایک فرض سے دوسرے فرض کی طرف منتقل ہونے کے لئے ہیں اسلئے یہ بھی فرض نہیں ہونگے۔

**ترجمہ**: ۵ اور امام شافعیؒ نے جو روایت کی اسکے آخر میں اسکو نماز کہا ہے . و ما انتقصتَ من هذا شيئاً فانما انتقصته من صلاتک .: اس میں سے جو کم کیا تو نماز میں سے کم کیا۔

فقد نقصت من صلاتک ۶ ثم القومة والجلسة سنة عندهما وكذا الطمانينة في تخريج الجرجانيؒ ۷ وفي تخريج الكرخيؒ واجبة حتىٰ تجب سجدتا السهو بتركها عنده (۲۸۲) ويعتمد بيديه على الارض﴾

**تشریح** : یہ امام شافعیؒ کی حدیث کا جواب ہے۔ کہ امام شافعیؒ کی پیش کردہ حدیث میں اگر چہ آپؐ نے نماز جلدی پڑھنے پر دیہاتی کو نماز لوٹانے کے لئے فرمایا، تاہم اسکو آپؐ نے فرمایا کہ نماز، ہے، حدیث کا آخری ٹکڑا یہ ہے۔ و ما انتقصت مِن هذا شيئاً فانما انتقصته من صلاتک . (ابوداؤد شریف، باب صلوۃ من لایقیم صلبہ فی الرکوع والسجود ص ۱۳۱ نمبر ۸۵۵) اس حدیث میں اسکو نماز فرمایا، جس سے معلوم ہوا کہ بہر حال وہ نماز ہے، اسلئے اسکے اشارۃ النص سے معلوم ہوا کہ تعدیل ارکان فرض نہیں ہے۔

**ترجمہ** : ۶ پھر قومہ اور جلسہ امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک سنت ہیں۔ اور ایسے ہی اطمینان سے نماز پڑھنا حضرت ابوعبد اللہ جرجانی کی تخریج میں۔

**تشریح** : رکوع سے جب کھڑے ہوتے ہیں جسکو قومہ کہتے ہیں۔ اور دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھتے ہیں جسکو جلسہ کہتے ہیں یہ دونوں طرفین کے نزدیک سنت ہیں۔ اسکی وجہ اوپر گزر چکی ہے کہ صرف جھک جانے کا نام رکوع ہے جو فرض ہے اور اس سے جو زیادہ ہے وہ حدیث کی بنا پر سنت ہوگی۔ اسی طرح صرف زمین پر سر رکھ دینے کا نام سجدہ ہے جو فرض ہے اور اس سے جو زیادہ ہے وہ حدیث کی بنا پر سنت ہوگی۔

اور اطمینان سے رکوع سجدہ کرنا جسکو تعدیل ارکان کہتے ہیں، یہ حضرت ابوعبد اللہ جرجانی کی تخریج کے اعتبار سے سنت ہے، اسکی وجہ یہ ہے کہ یہ حدیث سے ثابت ہے اسلئے اسکو سنت ہونا چاہئے۔

**ترجمہ** : ۷ اور کرخیؒ کی تخریج میں تعدیل ارکان واجب ہے۔ یہاں تک کہ اسکے چھوڑنے سے انکے یہاں سجدہ سہو واجب ہو گا۔

**تشریح** : رجحان یہی ہے کہ تعدیل ارکان واجب ہو اسلئے کہ اعرابی نے تعدیل ارکان نہیں کی تو انکو نماز لوٹانے کا حکم فرمایا۔

**ترجمہ**: (۲۸۲) سجدہ میں دونوں ہاتھوں کے ذریعہ سے زمین پر ٹیکے۔

**تشریح** : سجدہ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پیشانی اور ناک زمین پر رکھے اور دونوں ہاتھوں کو بھی زمین پر رکھے اس طرح کہ چہرہ دونوں ہتھیلیوں کے درمیان ہو اور سرین اونچا ہو۔

**وجہ** : (۱) عن البراء قال قال رسول الله ﷺ اذا سجدت فضع كفيك وارفع مرفقيك (مسلم شریف،

ل لان وائل بن حجرؓ وصف صلوٰة رسول اللهﷺ فسجد وادّ عم على راحتيه ورفع عجيزته
(۲۸۳) ووضع وجهه بين كفيه ويديه حذاء اذنيه﴾ ل لما روى انه عليه السلام فعل كذلک

باب الاعتدال فی السجود وضع الکفین علی الارض ص ۱۹۴ نمبر ۴۹۴/۱۱۰۴) اس حدیث میں ہے کہ سجدہ کرے تو دونوں ہتھیلیوں کو زمین پر رکھے۔(۲) عن ابن عباسؓ قال قال النبی ﷺ : أمرت أن اسجد على سبعة أعظم على الجبهة و أشار بيده على أنفه و اليدين و الركبتين و أطراف القدمين ۔(بخاری شریف، باب السجود علی سبعة اعظم، ص ۱۱۴ نمبر ۸۱۲) اس حدیث میں ہے کہ سات عضو پر سجدہ کرے اور ان میں سے دونوں ہاتھ بھی ہیں۔

**ترجمه** : ل اسلئے کہ حضرت وائل ابن حجر نے حضورؐ کی نماز کی صفت بیان کی کہ حضورؐ نے سجدہ فرمایا، اور اپنے دونوں ہتھیلیوں کو ٹیکا، اور سرین کو اونچا کیا۔

**تشريح** : اس حدیث کا مفہوم تو اوپر کی حدیث میں گزر گیا، البتہ ان الفاظ کے ساتھ دو حدیثوں کا مجموعہ ہے۔

حدیث یہ ۔عن ابن عمر قال قال رسول الله ﷺ : لا تبسط ذراعيک و ادعم على راحتيک و تجاف عن ضبعيک ۔(مستدرک للحاکم، کتاب الصلوۃ، ج اول، ص ۳۵۰، نمبر ۸۲۷/ مصنف عبد الرزاق، باب السجود، ج ثانی، ص ۱۷۰، نمبر ۲۹۲۷) اس حدیث میں ہے وادعم علی راحتیک ۔کہ اپنے دونوں ہتھیلیوں پر ٹیک لگایا۔اور دوسرا ٹکڑا یہ ہے۔وصف لنا البراء ابن عاذب فوضع يديه و اعتمد على ركبتيه و رفع عجيزته و قال هكذا كان رسول الله ﷺ يسجد ۔(ابو داود شریف، باب صفة السجود، ص ۱۳۸، نمبر ۸۹۶) اس حدیث میں ہے ورفع عجيزته، کہ اپنے سرین کو بلند کیا۔اور ہاتھ زمین پر رکھنے کا بھی تذکرہ ہے۔

**لغت** : ادعم: اصل میں ادتعم ہے، ہتھیلی پر ٹیک لگانا۔راحۃ: ہتھیلی۔عجیزۃ: سرین، پچھلا حصہ۔

**ترجمه**: (۲۸۳) اور چہرے کو دونوں ہتھیلیوں کے درمیان رکھے اور دونوں ہاتھوں کو دونوں کانوں کے سامنے رکھے۔

**ترجمه**: ل اسلئے کہ روایت کی گئی ہے کہ حضور علیہ السلام نے ایسا کیا ہے۔

**وجه** : (۱) حدیث میں ہے۔قلت للبراء بن عازب اين كان النبى ﷺ يضع وجهه اذا سجد بين كفيه فقال بين كفيه (ترمذی شریف، باب ماجاء این وضع الرجل وجهه اذا سجد ص ۶۲ نمبر ۲۷۱/ مسلم شریف، باب وضع یده الیمنی علی الیسری بعد تکبیرة الاحرام، الخ ص ۱۷۳، نمبر ۴۰۱/ ۸۹۶) اس حدیث میں ہے کہ سجدے کے وقت چہرے کو دونوں ہتھیلیوں کے درمیان رکھے۔(۲) ابوداؤد شریف میں اس طرح ہے۔عن عبد الجبار بن وائل عن ابيه عن النبى ﷺ فلما سجد وضع جبهته بين كفيه وجافى عن ابطيه (ابوداؤد شریف، باب افتتاح الصلوۃ ص ۱۱۴ نمبر ۷۳۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سجدہ کے

(۲۸۴) قال وسجد علی انفه﴾ ل وجبهته لان النبی علیه السلام واظب علیه

(۲۸۵) فان اقتصر علیٰ احدهما جاز عند ابی حنیفة وقالا لایجوز الاقتصار علی الانف الامن عذر﴾

وقت چہرہ ہتھیلی کے درمیان رکھے۔اور ہاتھ کان کے سامنے رکھے اسکے لئے یہ حدیث ہے۔عن وائل بن حجر قال : رمقت رسول الله ﷺ فلما سجد کانت یداه حذو أذنیه (مصنف عبد الرزاق، باب موضع الیدین، ج ثانی، ص ۱۷۵، نمبر ۲۹۴۸ رترمذی شریف، باب ماجاء فی السجود علی الجبهة والانف، ص ۶۳، نمبر ۲۷۰) اس حدیث میں ہے کہ ہاتھ کان کے سامنے رکھے۔ اور ہتھیلی کو زمین پر رکھ کر دونوں کہنیوں کو زمین سے اونچی رکھیں اور بغل سے علیحدہ رکھیں۔اس کی دلیل یہ حدیث ہے عن البراء قال قال رسول الله ﷺ اذا سجدت فضع کفیک وارفع مرفقیک وفی حدیث آخر اذا صلی فرج بین یدیه حتی یبدو بیاض ابطیه مسلم شریف، باب الاعتدال فی السجود ووضع الکفین علی الارض ص ۱۹۴ نمبر ۴۹۵/۱۱۰۴/۱۱۰۵ر بخاری شریف، باب یبدی ضبعیه ویجافی فی السجود نمبر ۸۰۷) اس حدیث میں ہے کہ کہنیوں کو اونچا رکھے اور پہلو سے الگ رکھے۔

**ترجمه** : (۲۸۴) اپنی ناک پر اور پیشانی پر سجدہ کرے۔

**ترجمه** : ل اسلئے کہ نبی علیہ السلام نے ایسا کیا ہے۔

**وجه** : صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔(۱) عن ابی حمید الساعدی : أن النبی ﷺ کان اذا سجد أمکن أنفه و جبهته من الارض و نحی یدیه عن جنبیه ، ووضع کفیه حذو منکبیه . (ترمذی شریف، باب ماجاء فی السجود علی الجبهة والانف، ص ۶۳، نمبر ۲۷۰) اس حدیث میں ہے کہ ناک اور پیشانی پر سجدہ کرے۔(۲) عن ابن عباس قال قال النبی ﷺ امرت ان اسجد علی سبعة اعظم علی الجبهة۔واشار بیده علی انفه۔والیدین والرکبتین واطراف القدمین (بخاری شریف، باب السجود علی الانف ص ۱۱۲ نمبر ۸۱۲ رمسلم شریف، باب اعضاء السجود والنھی عن کفی الشعر ص ۱۹۳ نمبر ۱۰۹۹/۴۹۰) اس حدیث میں ہے کہ ناک اور پیشانی پر سجدہ کرے۔(۳) عن ابن عباس ، عن النبی ﷺ قال : لا صلوة لمن لم یضع أنفه علی الارض . (دار قطنی ، باب وجوب وضع الجبهة والانف، ج اول، ص ۳۴۱، نمبر ۱۳۰۳ رمستدرک للحاکم، کتاب الصلوۃ، ج اول، ص ۴۰۴، نمبر ۹۹۷) اس حدیث میں ہے کہ جب تک ناک زمین پر نہ لگائے نماز نہیں ہوگی۔

**ترجمه** : (۲۸۵) پس اگر دونوں میں سے ایک پر اکتفا کر لیا تو جائز ہے ابو حنیفہؒ کے نزدیک۔اور صاحبین نے فرمایا کہ ناک پر اکتفاء کرنا جائز نہیں ہے مگر عذر کی بنا پر۔

**تشریح**: ناک اور پیشانی دونوں پر سجدہ کرنا چاہئے۔لیکن اگر دونوں میں سے کسی ایک پر یعنی صرف ناک پر یا صرف پیشانی پر اکتفا کیا تب بھی سجدہ ادا ہو جائے گا۔البتہ کمی رہ جائے گی۔لیکن امام صاحبین کے نزدیک پیشانی اصل ہے اس لئے صرف پیشانی پر

ل وهو رواية عنه لقوله عليه السلام :امرت ان اسجد على سبعة اعظم، وعدمنها الجبهة

---

سجدہ کرلیا تو سجدہ ہو جائیگا۔ اور اگر صرف ناک پر سجدہ کیا اور پیشانی پر کوئی عذر نہیں ہے تو سجدہ ادا نہیں ہوگا۔ کیونکہ اس نے اصل پر سجدہ نہیں کیا۔

**وجہ**: امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے۔ (۱) وہ فرماتے ہیں کہ چہرے کو رکھ دینے سے سجدہ ادا ہو جائے گا چاہے پیشانی ٹیکے یا ناک ٹیکے سر کا زمین پر رکھنا پایا گیا، چہرہ رکھنے سے سجدہ ادا ہوگا اسکی دلیل یہ حدیث ہے قلت للبراء بن عازب این کان النبی ﷺ یضع وجهه اذا سجد فقال بین کفیه (ترمذی شریف، باب ماجاء این وضع الرجل وجهہ اذا سجد ص ۶۲ نمبر ۲۷۱ رمسلم شریف، باب وضع یدہ الیمنی علی الیسری بعد تکبیرۃ الاحرام، الخ ص ۱۷۳، نمبر ۸۹۶/۴۰۱) (۲) عن العباس بن عبد المطلب أنه سمع رسول الله ﷺ يقول : اذا سجد العبد سجد معه سبعة آراب : وجهه و كفاه و ركبتاه و قدماه ۔(ابوداود شریف، باب اعضاء السجود، ص ۱۳۷، نمبر ۸۹۱ رابن ماجۃ شریف، باب السجود، ص ۱۲۵، نمبر ۸۸۵) ان احادیث میں وجہ کا لفظ ہے جسکا مطلب ہوا کہ چہرہ رکھنے سے سجدہ ادا ہو جائے گا، چاہے ناک رکھے یا پیشانی۔ (۳) چنانچہ حدیث میں پیشانی اور ناک دونوں کے رکھنے کا تذکرہ موجود ہے۔ حدیث میں ہے عن ابن عباس قال قال النبی ﷺ امرت ان اسجد على سبعة اعظم على الجبهة۔ واشار بیده على انفه۔ واليدين والركبتين واطراف القدمين (بخاری شریف، باب السجود علی الانف ص ۱۱۲ نمبر ۸۱۲ رمسلم شریف، باب اعضاء السجود والنہی عن کفی الشعر ص ۱۹۳ نمبر ۱۰۹۸/۴۹۰ رترمذی شریف، باب ماجاء فی السجود علی الجبھۃ والانف ص ۶۱ نمبر ۲۷۰) اس حدیث میں سات عضو پر سجدہ کرنے کا حکم ہے، اب اگر پیشانی کو الگ عضو گنتے ہیں تو آٹھ عضو ہو جاتا ہے، اور حضورؐ نے پیشانی کا تذکرہ کرتے وقت ناک کی طرف اشارہ کیا جسکا مطلب یہ ہوا کہ ناک پیشانی کا بدل بن سکتی ہے، اسلئے اسکے اشارۃ النص سے ثابت ہوا کہ ناک، یا پیشانی دونوں میں سے کسی ایک پر بھی سجدہ کر لے تو سجدہ ہو جائے گا اگر چہ اچھا نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ل اور یہی ایک روایت حضرت امام ابوحنیفہؒ سے بھی ہے۔ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے، کہ مجھکو سات عضو پر سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا اور ان میں سے ایک پیشانی کو بھی شمار کیا۔

**تشریح**: صاحبین کا قول یہ ہے کہ کہ عذر نہیں ہے پھر بھی صرف ناک پر سجدہ کیا تو سجدہ جائز نہیں ہوگا، اور یہی ایک قول امام ابوحنیفہؒ کا ہے۔

**وجہ**: صاحبین فرماتے ہیں کہ سجدہ میں اصل پیشانی ہے۔ ناک فرع ہے اس لئے بغیر عذر کے پیشانی پر نہیں ٹکایا تو سجدہ ادا نہیں ہوگا (۱) انکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابن عباس قال قال النبی ﷺ امرت ان اسجد على سبعة اعظم على

۲ ولابی حنیفةؒ ان السجود یتحقق بوضع بعض الوجه وهو المأمور به الا ان الخد والذقن خارج بالاجماع ۳ والمذکور فیما روی الوجه فی المشهور ۴ ووضع الیدین والرکبتین سنة عندنا لتحقق السجود دونهما

---

الجبهة. (بخاری شریف، انمبر۸۱۲؍مسلم شریف،نمبر۴۹۰؍۱۰۹۸؍ترمذی شریف،نمبر۲۷۰) اس حدیث میں ہے کہ پیشانی پر سجدہ کرو۔ (۲) بعض حدیث میں صرف پیشانی کا تذکرہ ہے۔ عن ابن عباس قال امر النبی ﷺ ان یسجد علی سبعة اعضاء ولایکف شعرا ولاثوبا، الجبهة والیدین والرکبتین والرجلین (بخاری شریف، باب السجود علی سبعۃ اعظم ص۱۱۲ نمبر۸۰۹؍مسلم شریف، باب اعضاء السجود والنھی عن کف الشعرص۱۹۳نمبر۴۹۰؍۱۰۹۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پیشانی اصل ہے اس لئے بغیر عذر کے پیشانی پر سجدہ نہ کرنے سے سجدہ ادا نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: ۲ امام ابو حنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ سجدہ بعض چہرہ کے رکھنے سے متحقق ہوجاتا ہے، اور اسی کا آیت میں حکم دیا گیا ہے۔ مگر یہ کہ گال اور ٹھوڑی بالاتفاق اس میں داخل نہیں ہے۔

**تشریح**: یہ امام ابو حنیفہؒ کی دلیل عقلی ہے، کہ آیت میں سجدے کا حکم دیا گیا ہے اور اوپر حدیث سے پتہ چلا کہ چہرہ زمین پر رکھ دینے سے سجدہ ادا ہوجائے گا اور چہرے کا تمام حصہ رکھنا ضروری نہیں ہے یہی وجہ ہے کہ گال اور ٹھوڑی تمام ائمہ کے نزدیک سجدے میں داخل نہیں ہے، چنانچہ کوئی گال یا ٹھوڑی رکھے گا تو سجدہ ادا نہیں ہوگا، یہ بالاتفاق سے خارج ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ چہرے کا بعض حصہ ہی سجدے میں داخل ہے، اور جب کافی ہے تو ناک یا پیشانی کسی پر سجدہ کرلے گا تو سجدہ ادا ہوجائے گا۔

**ترجمہ**: ۳ اور جو کچھ صاحبین نے روایت کی ہے تو مشہور حدیث میں وجہ (چہرے) کا لفظ ہے۔

**تشریح**: صاحبینؒ نے حدیث پیش کی تھی کہ حدیث میں پیشانی رکھنے کا حکم ہے، تو اسکا جواب دے رہے ہیں کہ مشہور حدیث میں جبھۃ کا لفظ نہیں ہے، یہ بعض حدیث میں ہے، بلکہ مشہور حدیث میں وجه کا لفظ ہے، یعنی چہرے کا کوئی حصہ ناک، یا پیشانی رکھنے سے سجدہ ادا ہوجائے گا۔ حدیث یہ ہے۔ کان النبی ﷺ یضع وجهه اذا سجد (ترمذی شریف، نمبر۲۷۱؍مسلم شریف ا،نمبر۴۰۱؍۸۹۶)۔

**ترجمہ**: ۴ سجدہ کے وقت دونوں ہاتھوں اور دونوں گھٹنوں کو رکھنا ہمارے نزدیک سنت ہے۔ اسلئے کہ سجدہ انکو رکھے بغیر بھی متحقق ہوجائے گا۔

**تشریح**: سجدے کے وقت چہرہ رکھنا تو فرض ہے، لیکن دونوں ہاتھ اور دونوں گھٹنے زمین پر رکھنا سنت ہے، اگر کسی نے نہیں رکھا تو فرض کی ادائیگی ہو جائے گی البتہ سنت چھوڑنے کی وجہ سے کراہیت ہوگی۔

۵ؕ واما وضع القدمین فقد ذکر القدوریؒ انه فریضة فی السجود (۲۸۶) فان سجد علی کور عمامته اوفاضل ثوبه جاز﴾ ۱ؕ لان النبی ﷺ کان یسجد علی کور عما مته

**وجه** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ آیت میں سجدہ کرنے کا حکم ہے، اور اثر میں ہے کہ زمین پر پیشانی رکھ دینے سے سجدہ ادا ہو جاتا ہے ، اثر یہ ہے۔ عن عمر قال اذا وضع الرجل جبهته بالارض أجزأه (مصنف ابن ابی شیبة ،۱۹ فی أدنی ما تجزی من الرکوع والسجود، ج اول، ص ۲۲۶، نمبر ۲۵۸۴ رنمبر ۲۵۸۰) ، اسلئے اس سے زیادہ جو حدیث سے ثابت ہے وہ سنت ہوگی۔ (۲)۔ اسلئے کہ کوئی ہاتھ اور گھٹنے زمین پر نہ رکھے تب بھی سجدہ کرنا ممکن ہے، چونکہ ان دونوں کا رکھنا ضروری نہیں اسلئے یہ فرض بھی نہیں ہونگے۔ (۳) حدیث کے انداز سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ یہ دونوں سنت ہیں، کیونکہ حدیث میں ہے جب سجدہ کرتے ہیں تو یہ اعضاء بھی سجدہ کرتے ہیں، حدیث یہ ہے۔ عن العباس بن عبد المطلب أنه سمع رسول الله ﷺ یقول : اذا سجد العبد سجد معه سبعة آراب : وجهه ، و کفاه ، و رکبتاه ، و قدماه . (ابوداود شریف، باب أعضاء السجود، ص ۱۳۷، نمبر ۸۹۱) اس حدیث میں ہے کہ ہاتھ اور گھٹنے بھی سجدہ کرتے ہیں، جس سے معلوم ہوا کہ انکا رکھنا فرض نہیں ہے۔

**ترجمہ** : ۵ؕ بہر حال دونوں قدموں کا رکھنا تو قدوری نے ذکر کیا ہے کہ وہ سجدے میں فرض ہے۔

**تشریح** : دونوں قدموں کا زمین پر رکھنا فرض ہے قدوری میں نہیں ملا۔ البتہ نور الایضاح میں ہے، عبارت یہ ہے۔ وضع شیء من اصابع الرجلین حالة السجود علی الارض ، و لا یکفی وضع ظاهر القدم ۔ (نور الایضاح، باب شروط الصلوۃ و ارکانها، ص ۸۷) اس عبارت میں ہے کہ قدم کی انگلیوں کو زمین پر رکھنا فرض ہے۔ اور امام کرخیؒ کا بھی مسلک یہی ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ گھٹنا یا قدم دونوں میں سے ایک کو رکھے بغیر سجدہ کرنا ناممکن ہے اسلئے جو سجدے کے لئے ضروری ہو وہ فرض ہوگا، اور گھٹنے اور قدم میں سے قدم اصل ہے اور گھٹنا تابع ہے اسلئے قدم کا رکھنا فرض ہوا۔ قاضی خاں اور تمرتاشیؒ نے فرمایا کہ جس طرح گھٹنا رکھنا سنت ہے اسی طرح قدم کا رکھنا بھی سنت ہے۔ کیونکہ اوپر گزرا کہ سجدہ صرف چہرے کے رکھنے کا نام ہے۔

**لغت** : جبھۃ: پیشانی۔ خد: گال۔ ذقن: ٹھوڑی۔ رکبۃ: گھٹنا۔

**ترجمہ** : (۲۸۶) اگر پگڑی کے کنارے پر یا کپڑے کے زائد حصے پر سجدہ کیا تو جائز ہے۔

**وجه** : حدیث میں ہے عن انس بن مالک قال کنا نصلی مع النبی ﷺ فیضع احدنا طرف الثوب من شدة الحر فی مکان السجود ۔ (بخاری شریف باب السجود علی الثوب فی شدة الحر ص ۵۶ نمبر ۳۸۵ رنسائی شریف، باب السجود علی الثیاب ص ۱۲۵ نمبر ۱۱۱۷ رابوداؤد شریف، باب الرجل یسجد علی ثوبه ص ۱۰۳ نمبر ۶۶۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عمامہ کے کنارے پر سجدہ کرنے سے سجدہ ادا ہو جائے گا۔

**ترجمہ** : ۱ؕ اسلئے کہ حضور عمامے کے کنارے پر سجدہ کیا کرتے تھے۔ حدیث یہ ہے۔ أنه سمع ابا هریر یقول : کان

۲ ویروی انه علیہ السلام صلی فی ثوب واحد یتقی بفضوله حر الارض وبردها (۲۸۷) ویبدی ضبعیه ﴿
۱ لقوله علیہ السلام وابدضبعیک ۲ ویروی وابدّ من الابداد وهو المدّ والاول من الابداء وهو

رسول الله ﷺ یسجد علی کور عمامته۔ (مصنف عبدالرزاق، باب السجود علی العمامۃ، ج اول، ص ۴۰۰، نمبر ۱۵۶۴)

**ترجمہ**: ۲ روایت کی گئی ہے کہ حضور علیہ السلام ایک کپڑے میں نماز پڑھتے تھے اور اسکے باقی حصے سے زمین کی گرمی اور اسکی سردی سے بچتے تھے۔

**تشریح**: صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابن عباس أن النبی ﷺ صلی فی ثوب واحد یتقی بفضوله حر الارض و بردها. (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۴۲ فی الرجل یسجد علی ثوبہ من الحر والبرد، ج اول، ص ۲۴۱، نمبر ۲۷۷۰ رمسند احمد، مسند عبداللہ بن عباس، ج اول، ص ۴۲۴، نمبر ۲۳۱۶) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ ایک کپڑے میں نماز پڑھتے اور اسکے بقایا سے زمین کی سردی اور گرمی سے بچتے تھے

**لغت**: کور: عمامہ کا پیچ، کنارہ۔ یتقی: بچتا ہے۔ فضول: باقی ماندہ۔

**ترجمہ**: (۲۸۷) دونوں بغلوں کو کشادہ رکھیں۔

**تشریح** مرد اس طرح سجدہ کرے کہ بغل پیٹ سے دور رہے۔ اور ران بھی پیٹ سے الگ رہے۔

**وجہ**: حدیث میں اس کا ثبوت ہے عن مالک بن بحینة ان رسول الله ﷺ کان اذا صلی فرج بین یدیه حتی یبدو بیاض ابطیه. (بخاری شریف، باب یبدی ضبعیہ ویجافی جنبہ فی السجود ص ۵۶ نمبر ۸۰۷ رمسلم شریف، باب الاعتدال فی السجود ووضع الکفین علی الارض ص ۱۹۴ نمبر ۴۹۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بغل کو ران سے اور پیٹ سے اتنا الگ رکھے کہ آدمی پیچھے سے اس کی بغل کی سفیدی دیکھ سکے۔

**ترجمہ**: ۱ حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ بازو کو کشادہ کرو۔

**تشریح**: سجدے کی حالت میں بازو کو بغل سے اتنا دور رکھے کہ بازو کشادہ معلوم ہو۔ صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ قال رآنی ابن عمر و أنا اصلی .... و أبد ضبعیک فانک اذا فعلت ذالک سجد کل عضو منک ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب السجود، ج ثانی، ص ۱۷۰، نمبر ۲۹۲۷ رمستدرک للحاکم، کتاب الصلوۃ، ج اول، ص ۳۵۰، نمبر ۸۲۷) اس اثر میں اور مستدرک کے اعتبار سے حدیث میں ہے أبد ضبعیک۔ کہ پہلو کو ہاتھ سے دور رکھو، یا پہلو کو ظاہر کرو۔ اوپر کی حدیث سے بھی اسکی تائید ہو رہی ہے۔

**ترجمہ**: ۲ روایت کی گئی ہے ابدّ: ابداد سے، جسکا معنی ہے کھینچنا، اور پہلی روایت ہے ابداء، سے اسکا ترجمہ ہے ظاہر کرنا۔

الاظهار (٢٨٨) ويجافي بطنه عن فخذيه ﴾ ١ لانه عليه السلام كان اذا سجد جافى حتى ان بهمة لو ارادت ان تمرّ بين يديه لمرت ٢ وقيل اذا كان في صف لايجا في كيلا يؤذي جاره (٢٨٩) ويوجّه اصابع رجليه نحو القبلة ﴾ ١ لقوله عليه السلام اذا سجد المؤمن سجد كل عضو منه فليوجه من اعضائه القبلة ما استطاع

**تشریح** : اوپر میں حدیث کا جو جملہ ہے اَبِدْ ضبعیک، اسکے بارے میں لفظی تحقیق فرماتے ہیں کہ یہ اَبِدْ : ابداء سے مشتق ہے جسکا معنی ہے ظاہر کرنا۔ اور ایک روایت میں ابدّ : ابداد سے مشتق آیا ہے، اسکا ترجمہ ہوگا مد، یعنی کھینچنا۔ اور دونوں کا مطلب ہے کہ بازو کو بغل سے دور رکھو۔

**ترجمہ** : (٢٨٨) اور پیٹ کو رانوں سے الگ رکھے۔

**ترجمہ** : ١ اسلئے کہ حضور علیہ السلام جب سجدہ کرتے تو ہاتھ کو ران سے کشادہ رکھتے یہاں تک کہ بکری کا بچہ ہاتھ کے درمیان سے گزرنا چاہے تو گزر جائے۔

**تشریح** : مرد سجدے کی حالت میں پیٹ کو ران سے دور رکھے۔ صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن میمونة : أن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا سجد جافی بین یدیه حتی لو أن بهمة أرادت أن تمر تحت یدیه مرت ۔ (ابوداود شریف، باب صفة السجود، ص ١٣٨، نمبر ٨٩٨ رمسلم شریف، باب الاعتدال فی السجود، ص ١٩٣، نمبر ٤٩٦ / ١١٠٧) اس حدیث میں ہے کہ ہاتھ کو ران سے اتنا الگ رکھتے کہ بکری کا بچہ درمیان سے گزرنا چاہے تو گزر سکتا ہے۔ اور ہاتھ کو کتے کی طرح بچھا کر نہ رکھے۔

**ترجمہ** : ٢ کہا گیا ہے کہ اگر صف میں ہو تو بہت کشادہ نہ کرے تا کہ اپنے پڑوسی کو تکلیف نہ ہو۔

**تشریح** : اس حدیث سے استدلال کیا جا سکتا ہے۔ عن أنس قال : اذا سجد قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم : أعتدلوا فی سجودکم و لا یبسط أحدکم ذراعیه ۔ (مصنف ابن ابی شیبة، ١٢٨ التجافی فی السجود، ج اول، ص ٢٣٢، نمبر ٢٦٥٥) اس حدیث میں ہے کہ بانہوں کو بہت نہ پھیلائے بلکہ درمیانی انداز میں رکھے، یہ صف کی حالت میں زیادہ بہتر ہے۔

**لغت** : ضبع : ضبع تثنیہ کا صیغہ ہے بغل۔ یجافی : دور رکھے۔ بھمة : بکرے کا بچہ۔ مر : گزرے۔ یوذی : تکلیف دے۔

**ترجمہ** : (٢٨٩) (سجدہ کی حالت میں) دونوں پاؤں کی انگلیاں قبلہ کی طرف متوجہ کرے ۔

**ترجمہ** : ١ حضورؐ کے قول کی وجہ سے، جب مومن سجدہ کرتا ہے تو اسکا ہر عضو سجدہ کرتا ہے اسلئے اپنے اعضاء کو جتنا ہو سکے قبلے کی طرف متوجہ کرے۔

**تشریح** : سجدے کی حالت میں پیر کی انگلیاں زمین پر ٹکی ہوں اور قبلے کی طرف متوجہ ہوں، کیونکہ حضورؐ ایسا کیا کرتے تھے۔

**(۲۹۰) ویقول فی سجوده سبحان ربی الاعلیٰ ثلثاً وذٰلک ادناه ﴾ ۱ لقوله علیه السلام واذا سجد احدکم فلیقل فی سجوده سبحان ربی الاعلیٰ ثلثا وذٰلک ادناه ای ادنی کمال الجمع ۲ ویستحب**

**وجه** : صاحب ھدایہ کی حدیث کا مفہوم اس حدیث میں ہے۔(۱) یستقبل باطراف رجلیه القبلة قال ابو حمید عن النبی ﷺ. (بخاری شریف، باب یستقبل باطراف رجلیه القبلة ص۱۱۲، نمبر ۸۰۸) (۲) فقال ابو حمید الساعدی انا کنت احفظکم لصلوة رسول الله ﷺ..... فاذا سجد وضع یدیه غیر مفترش ولا قابضهما واستقبل باطراف اصابع رجلیه القبلة. (بخاری شریف، باب سنة الجلوس فی التشهد ص۱۱۴ نمبر ۸۲۸ رسنن للبیہقی، باب ینصب قدمیه و یستقبل باطراف اصابعهما القبلة، ج ثانی، ص ۱۶۷، نمبر ۲۷۱۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سجدہ کی حالت میں پاؤں کی انگلیاں قبلہ کی طرف رکھنا چاہئے۔

**ترجمہ**: (۲۹۰) سجدے میں سبحان ربی الاعلی تین مرتبہ کہے اور یہ ادنی درجہ ہے۔

**ترجمہ**: ۱ حضورؐ کے قول کی وجہ سے، کہ جب تم میں سے کوئی سجدہ کرے تو اپنے سجدے میں سبحان ربی الاعلی تین مرتبہ کہنا چاہئے، اور یہ ادنی درجہ ہے۔ یعنی جمع کے کمال کا ادنی درجہ ہے۔

**تشریح** : سجدے میں کم سے کم تین مرتبہ، سبحان ربی الاعلی، کہنا چاہئے، اس سے زیادہ پانچ مرتبہ، یا سات مرتبہ، یا نو مرتبہ کہے تو کہہ سکتا ہے البتہ اتنا خیال رکھے کہ طاق مرتبہ کہے، کیونکہ حضور کو یہی پسند تھا۔ جمع کے کم سے کم درجے کا مطلب یہ ہے کہ پانچ مرتبہ اور سات مرتبہ اور نو مرتبہ بھی جائز ہے، جو جمع کا اونچا مرتبہ ہے، اسکے مقابلے پر تین مرتبہ ادنی مرتبہ ہے۔

**وجہ** : صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔عن ابن مسعود ان النبی ﷺ قال ...اذا سجد فقال فی سجوده سبحان ربی الاعلی ثلث مرات فقد تم سجوده وذلک ادناه ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی التسبیح فی الرکوع والسجود ص۶۰ نمبر ۲۶۱ رابوداؤد شریف، باب مایقول الرجل فی رکوعه وسجوده ص۱۳۳ نمبر ۸۷۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تین مرتبہ سبحان ربی الاعلی کہنا چاہئے۔ اور یہ ادنی مرتبہ ہے اس سے زیادہ کہے تو بہتر ہے، اسلئے کہ حدیث میں ہے کہ تین مرتبہ کم سے کم درجہ ہے۔(۲) عن عقبه بن عامر قال: لما نزلت ﴿فسبح باسم ربک العظیم﴾ [آیت ۷۴، سورة الواقعة ۵۶] قال رسول الله ﷺ : اجعلوها فی رکوعکم ، فلما نزلت ﴿سبح اسم ربک الاعلی﴾ [آیت ۱ ، سورة الاعلی ۸۷] قال : اجعلوها فی سجودکم ۔(ابوداود شریف، باب مایقول فی رکوعه وسجوده، ص۱۳۴، نمبر ۸۶۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ یہ دونوں دعا آیت سے مستنبط ہیں۔

**ترجمہ** : ۲ اور مستحب ہے کہ رکوع اور سجدے میں تین سے زیادہ مرتبہ تسبیح کہے، بس اتنی بات ہے کہ طاق پر ختم کرے۔

ان يـزيد على الثلث في الركوع والسجود بعد ان يختم بالوتر ۳ لانه عليه السلام كان يختم بالوتر ۴ وان كـان امـامـالايـزيـدعـلـىٰ وجـه يُمِلُّ القوم حتى لايُؤدِي الى التنفير ۵ ثـم تسبيـحات الركوع والسجود سنة لان النص تناولهما دون تسبيحاتهما فلا يزاد على النص

---

**وجه** : (۱)اوپر حدیث میں تھا, و ذلک ادناہ ۔(ترمذی شریف نمبر۲۶۱)اس سے استدلال کرتے ہوئے فرمایا کہ تین سے زیادہ کہنا مستحب ہے (۲) اثر میں ہے۔عن الحسن أنه كان يقول : التام من السجود قدر سبع تسبيحات ، و المجزی ثلاث . (مصنف ابن ابی شیبۃ ،۸۱مایقول الرجل فی رکوعہ،وسجودہ، ج اول،ص ۲۲۵،نمبر ۲۵۶۸)اس اثر سے معلوم ہوا کہ سات مرتبہ تسبیح پڑھنا مستحب ہے (۳)ایک اوراثر میں دس مرتبہ کا تذکرہ ہے۔سمعت أنس بن مالک يقول : ما صليت وراء أحد بعد رسول الله ﷺ أشبه صلاة برسول الله ﷺ من هذا الفتى يعني عمر بن عبد العزيز ، قال فحزرنا في ركوعه عشر تسبيحات ، و في سجوده عشر تسبيحات ۔(ابوداود شریف، باب مقدار الرکوع و السجود،ص ۱۳۷،نمبر ۸۸۸/نسائی شریف، باب عدد التسبیح فی السجود،ص ۱۵۷،نمبر ۱۱۳۶) اس اثر میں ہے کہ دس مرتبہ تسبیح پڑھنا مستحب ہے۔

**ترجمه**: ۳ اسلئے کہ حضورؐ طاق پر ختم فرماتے تھے۔۔یہ حدیث نہیں ملی۔البتہ ,عن عبد الله ، عن النبی ﷺ قال :ان الله وتر يحب الوتر فأوتروا يا أهل القرآن ۔(سنن بیہقی ،باب ذکر البیان أن لافرض فی الیوم واللیلۃ من الصلوات أکثر من خمس وأن الوتر تطوع، ج ثانی،ص ۶۵۷،نمبر ۴۴۵۵)، ہے کہ اللہ وتر ہے اوروتر کو پسند فرماتے ہیں، اسلئے وتر اور طاق پر ختم کرے۔

**ترجمه** : ۴ اوراگر امام ہوتو اتنے مرتبہ سے زیادہ نہ کرے کہ لوگ اکتا جائیں تا کہ نفرت کا سبب نہ بنے۔

**تشریح** : اگر امام ہوتو اتنی مرتبہ تسبیح نہ پڑھے کہ مقتدی اکتا جائیں،اورنفرت کا سبب بنے ،اسکے لئے حدیث یہ ہے۔عن ابی هريرة أن النبی ﷺقال : اذا صلى أحدكم للناس فليخفف فان فيهم الضعيف ،و السقيم ، و الكبير ، و اذا صلى لنفسه فليطول ما شاء ۔(ابوداود شریف،باب تخفیف الصلوۃ،ص ۱۲۴،نمبر ۷۹۴) اس حدیث میں ہے کہ امام ہوتو نماز تخفیف کے ساتھ پڑھائے۔

**ترجمه**: ۵ پھر رکوع اور سجدے کی تسبیحات سنت ہیں۔اسلئے کہ آیت صرف رکوع اور سجدے کو شامل ہے تسبیحات کو شامل نہیں ہے،اسلئے نص پر زیادہ نہیں کیا جائے گا۔

**تشریح** : آیت ,وارکعوا واسجدوا، میں رکوع اور سجدہ کرنے کا حکم ہے، جو فرض ہے۔اور پہلے گزرا کہ صرف جھک جانے کا نام

**(۲۹۱) والمرأة تنخفض فی سجودها وتلزق بطنها بفخذیها ﴾ ل لان ذلک استرلها (۲۹۲)قال ثم یرفع راسه ویکبر ﴾ ل لماروینا**

رکوع ہے، اسلئے صرف جھک جانا فرض ہوگا اور تسبیح پڑھنا حدیث کی بنا پر سنت ہوگا۔ اسی طرح زمین پر چہرہ رکھ دینے کا نام سجدہ ہے جو فرض ہے۔ اسلئے تسبیحات پڑھنا سنت ہوگا۔ اسلئے کہ حدیث کے ذریعہ آیت پر زیادتی نہیں کی جاسکتی۔

**ترجمہ** : (۲۹۱) اور عورت اپنے سجدہ میں پست ہوکر رہے اور اپنے پیٹ کو اپنی ران سے ملائے

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ ایسا کرنا اسکے لئے زیادہ ستر ہے۔

**تشریح** : عورت چونکہ ستر ہے اسلئے وہ اپنے سجدے میں سکڑ کر رہے گی اور پیٹ کو ران سے ملائے رکھے گی، یہ اسکے ستر کے لئے بہتر ہے۔

**وجه** : (۱) اثر میں ہے۔ عن علی قال : اذا سجدت المرأة فلتحتفر و لتضم فخذیها ۲)عن ابن عباس أنه سئل عن صلوة المرأة فقال : تجتمع و تحتفر ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، ۴۳ المرأۃ کیف تکون فی سجودھا، ج اول، ص ۲۴۲، نمبر ۲۷۷۷/۲۷۷۸ رسنن بیھقی، باب مایستحب للمرأۃ من ترک التجافی فی الرکوع والسجود، ج ثانی ص ۳۱۴، نمبر ۳۱۹۷/۳۱۹۸) اس اثر سے معلوم ہوا کہ عورت سجدے کے اندر سکڑ کر رہے اور پیٹ کو ران سے ملا دے تاکہ زیادہ سے زیادہ ستر ہو سکے، یہی اسکے لئے بہتر ہے۔

**لغت** : تنخفض: خفض سے مشتق ہے، پست ہوگی۔ تلزق: لزق سے مشتق ہے، ملائے گی۔ فخذ: ران۔

**ترجمہ**: (۲۹۲) پھر سر اٹھائے اور تکبیر کہے۔

**تشریح** : سجدے سے سر اٹھاتے ہوئے تکبیر کہے۔

**وجه** : **ترجمہ**: ل (۱) حدیث میں ہے۔ انه سمع أبا هريرة يقول كان رسول الله ﷺ اذا قام الى الصلوة يكبر ....ثم يكبر حين يسجد ، ثم يكبر حين يرفع رأسه .(بخاری شریف باب التکبیر اذا قام من السجود، ص ۱۰۹، نمبر ۷۸۹) اس حدیث میں ہے کہ جب سجدہ سے سر اٹھاتے تو تکبیر کہتے (۲) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن عبد الله بن مسعودؓ قال : كان رسول الله ﷺ يكبر فى كل خفض و رفع ، و قيام و قعود ، و أبو بكر و عمر ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی التکبیر عند الرکوع والسجود، ص ۵۹، نمبر ۲۵۳ رنسائی شریف، باب التکبیر للسجود، ص ۱۵۰، نمبر ۱۰۸۴ رابوداود شریف، باب تمام التکبیر، ص ۱۲۹، نمبر ۸۳۶) اس حدیث میں ہے کہ ہر جھکتے اور اٹھتے تکبیر کہتے، اسلئے سجدہ سے سر اٹھاتے وقت بھی تکبیر ہوگی۔

**(۲۹۳) فاذا اطمأنَّ جالسًا كبَّر وسجد ﴾ ل لقوله عليه السلام فی حديث الاعرابی: ثم ارفع رأسک حتی تستوی جالسًا ۲ ولولم يستوجالسًا وكبر وسجدا خری اجزاه عند ابی حنيفةؒ ومحمدؒ وقد ذكرناه**

---

**ترجمہ** : (۲۹۳) پس جب اطمینان سے بیٹھے تو تکبیر کہے اور دوسرا سجدہ کرے۔

**تشریح**: دونوں سجدوں کے درمیان میں بیٹھنا، جسکو جلسہ کہتے ہیں، مسئلہ نمبر ۲۸۱ میں گزر چکا ہے کہ سنت ہے۔ اور دلائل بھی گزر چکے ہیں۔

**وجہ**: (۱) عن انس ... كان رسول الله ﷺ اذا قال سمع الله لمن حمده قام حتی نقول قد اوهم ثم يسجد و يقعد بين السجدتين حتی نقول قد اوهم (مسلم شریف، باب اعتدال ارکان الصلوۃ وتخفیفھا فی تمام ص ۱۸۹ نمبر ۴۷۳) یعنی آپ دونوں سجدوں کے درمیان اتنی دیر تک بیٹھتے کہ لوگوں کو خیال ہوتا کہ شاید آپ بھول گئے ہیں۔ جس سے معلوم ہوا کہ قومہ اور جلسہ میں اطمینان سے بیٹھنا چاہئے۔ ان ہی احادیث کی وجہ سے بعض ائمہ کے نزدیک تعدیل ارکان واجب ہے۔ (۲) عن ابی مسعود الانصاری قال قال رسول الله ﷺ لا تجزئ صلوة لا يقيم الرجل فيها صلبه فی الركوع و فی السجود (ترمذی شریف، باب ماجاء فی من لا یقیم صلبہ فی الرکوع والسجود ص ۶۱ نمبر ۲۶۵ / ابوداؤد شریف، باب صلوۃ من لا یقیم صلبہ فی الرکوع والسجود ص ۱۳۱ نمبر ۸۵۵ / بخاری شریف، باب امر النبی ﷺ الذی لا یتم رکوعہ بالاعادۃ ص ۱۰۹ نمبر ۷۹۳) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ جلسہ میں اطمینان سے بیٹھنا سنت ہے۔

**ترجمہ**: ل دیہاتی کی حدیث میں حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے، کہ اپنے سر کو اٹھاؤ یہاں تک کہ تم سیدھا بیٹھ جاؤ۔

**تشریح**: صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے (۳) عن ابی هريرة عن النبی ﷺ دخل المسجد فدخل رجل فصلی ثم جاء فسلم علی النبی ﷺ فرد النبی ﷺ عليه السلام فقال: ارجع فصل فانک لم تصل .... ثم اركع حتی تطمئن راكعاً ثم ارفع حتی تعتدل قائما، ثم اسجد حتی تطمئن ساجداً ثم ارفع حتی تطمئن جالساً، ثم اسجد حتی تطمئن ساجدا، ثم افعل ذالک فی صلاتک كلها۔ (بخاری شریف، باب امر النبی ﷺ الذی لا یتم رکوعہ بالاعادۃ ص ۱۰۹ نمبر ۷۹۳ / ترمذی شریف، باب ماجاء فی من لا یقیم صلبہ فی الرکوع والسجود ص ۶۱ نمبر ۲۶۵) اعرابی کی اس حدیث میں ہے کہ جلسے میں سیدھا ہو کر بیٹھ جاؤ۔

**ترجمہ**: ۲ اور اگر سیدھا نہیں بیٹھا اور تکبیر کہہ کر دوسرے سجدے میں چلا گیا تب بھی امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک کافی ہو جائے گا، جسکو پہلے ہمنے بیان کیا ہے۔

**تشریح**: یہ مسئلہ اس بات پر ہے کہ جلسہ کرنا اور جلسے میں اطمینان سے بیٹھنا ہمارے نزدیک سنت ہیں، اور امام ابو یوسف کے

۳ وتكلموا في مقدار الرفع والاصح انه اذا كان الى السجود اقرب لايجوز لانه يعد ساجدا وان كان الى الجلوس اقرب جاز لانه يعد جالسًا فتحقق الثانية　(۲۹۳) قال فاذا اطمأنَّ ساجدًا كبر﴾ ۱ وقد ذكرناه　(۲۹۴) واستوى قائما على صدور قدميه ولايقعد ولا يعتمد بيديه على الارض﴾

نزدیک فرض ہیں۔ چونکہ ہمارے نزدیک سنت ہیں اسلئے اگر انکو چھوڑ بھی دیا تو سجدہ ادا ہو جائے گا۔ دلائل مسئلہ نمبر ۲۸۱ میں گزر چکے ہیں۔ تاہم ایک دلیل یہ بھی ہے کہ ابوداود شریف کی حدیث میں فرمایا کہ قومہ جلسے میں سے کچھ کم رہ جائے گا تو نماز میں کمی رہ جائے گی جسکا مطلب یہ ہوا کہ قومہ اور جلسہ سنت ہیں۔ حدیث کا ٹکڑا یہ ہے۔ و قال في آخره : اذا فعلت هذا فقد تمت صلاتك ، و ما انتقصت مَن هذا شيئاً فانما انتقصته من صلاتك . (ابوداود شریف، باب صلوۃ من لایقیم صلبہ فی الرکوع والسجود ص ۱۳۱ نمبر ۸۵۵) اس حدیث میں ہے کہ قومہ اور جلسہ میں کمی رہ جائے تو نماز تو ہو جائے گی لیکن کمی رہ جائے گی۔

**ترجمہ** : ۳ سجدے سے سر اٹھانے کی مقدار کے بارے میں مشائخ نے بات کی۔ صحیح بات یہ ہے کہ سجدے سے زیادہ قریب ہو تو جائز نہیں اسلئے کہ وہ سجدہ کرنے والا ہی سمجھا جائے گا، اور اگر بیٹھنے کے زیادہ قریب ہو تو جائز ہے، اسلئے کہ بیٹھنے والا شمار کیا جاتا ہے، تو دوسرا سجدہ متحقق ہو گیا۔

**تشریح** : سجدے سے کتنا اونچا سر کرے گا تو قومہ شمار کیا جائے گا اور دوسرا سجدہ کرنا جائز ہو جائے گا۔ اس بارے میں مشائخ نے بات کی ہے، اسکا حاصل یہ ہے کہ اگر پہلے سجدے سے اتنا سر اٹھایا کہ بیٹھنے کے قریب ہے تو سمجھ لو کہ وہ بیٹھ گیا اور اب دوسرا سجدہ کرے گا تو دوسرا سجدہ ہو جائے گا۔ اور اگر تھوڑا سا سر اٹھایا کہ سجدے سے زیادہ قریب ہے تو گویا کہ اسنے سر نہیں اٹھایا، اسلئے اگر اب دوسرا سجدہ کرے گا تو دوسرا سجدہ نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: (۲۹۳) پس جب اطمینان سے سجدہ کر لے تو تکبیر کہے۔

**ترجمہ** : ۱ اور اسکو میں نے پہلے ذکر کیا۔

**تشریح** : دوسرے سجدے میں بھی اطمینان سے بیٹھے اور تکبیر کہتے ہوئے اس سے کھڑا ہو جائے۔

**وجہ** دوسرے سجدے کی دلیل بہت سی احادیث میں ہے مثلاً۔ عن ابی هريرة ان النبي ﷺ دخل المسجد فدخل رجل فصلى ... ثم اسجد حتى تطمئن ساجدا ثم ارفع حتى تطمئن جالسا ثم اسجد حتى تطمئن ساجدا ثم افعل ذلك في صلوتك كلها (بخاری شریف، باب امر النبی ﷺ الذی لایتم رکوعہ بالاعادۃ ص ۱۰۹ نمبر ۷۹۳) اس حدیث میں غلطی کرنے والے صحابی کو دوسرا سجدہ کرنے کی بھی تلقین کی ہے۔ اس لئے دوسرا سجدہ بھی فرض ہے جس طرح پہلا سجدہ فرض ہے۔

**ترجمہ** :(۲۹۴) اور دونوں قدموں کے سینے کے بل سیدھا کھڑا ہو جائے۔ اور بیٹھے نہیں اور نہ دونوں ہاتھوں سے زمین کا

ل وقال الشافعیؒ یجلس جلسة خفیفة ثم ینهض معتمدا علی الارض لان النبی علیہ السلام فعل ذلک

---

سہارا لے۔

**تشــــریح** : سجدہ سے کھڑے ہوتے وقت درمیان میں جلسۂ استراحت نہ کرے اور نہ زمین کا سہارا لے کر کھڑا ہو بلکہ دونوں ہاتھوں سے گھٹنے کا سہارا لے اور سیدھا کھڑا ہو جائے۔

**وجه** : (۱) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے عن ابی ھریرة قال کان النبی ﷺ ینهض فی الصلوة علی صدور قدمیه (ترمذی شریف، باب منہ ایضا (کیف النھوض من السجود) ص۶۴ نمبر ۲۸۸ رسنن للبیھقی، باب من قال یرجع علی صدور قدمیہ، ج ثانی، ص ۱۷۹، نمبر ۲۷۶۳) اس سے معلوم ہوا کہ آپ بیٹھتے نہیں بلکہ پاؤں کے بل کھڑے ہو جاتے (۲) عن ابن عمر قال: نھی رسول اللہ ﷺ ... وقال ابن عبد الملک: نھی أن یعتمد الرجل علی یدیہ اذا نھض فی الصلوة۔ (ابوداود شریف، باب کراھیة الاعتماد علی الید فی الصلوة، ص ۱۵۱، نمبر ۹۹۲) اس حدیث میں تو اٹھتے وقت ٹیک لگانے سے منع فرمایا ہے۔ (۳) أنہ حدیث محمد بن جحادة: اذا نهض نهض علی رکبتیه واعتمد علی فخذیه۔ (ابوداؤد شریف، باب افتتاح الصلوة ص ۱۱۴ نمبر ۷۳۶) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ آپ سیدھے کھڑے ہو جاتے تھے۔ (۴) فحدثت به عطیة العوفی فقال رأیت ابن عمر، و ابن عباس، و ابن الزبیر، و أبا سعید الخدریؓ یقومون علی صدور أقدامهم فی الصلوة۔ (سنن للبیھقی، باب من قال یرجع علی صدور قدمیہ، ج ثانی، ص ۱۷۹، نمبر ۲۷۶۳ رمصنف عبد الرزاق، باب کیف النھوض من السجدة الآخرة ومن الرکعة الاولی والثانیة، ج ثانی، ص ۱۷۹، نمبر ۲۹۶۷) اس اثر میں ہے کہ یہ صحابہ دوسری رکعت کے لئے اپنے قدموں پر زور دیکر اٹھتے تھے۔

**فائدة** :**ترجمه**: ل امام شافعیؒ نے فرمایا کہ دوسرے سجدے کے بعد تھوڑی دیر تک بیٹھے پھر زمین پر ٹیک لگا کر اٹھے، اسلئے کہ حضورؐ ایسا کرتے تھے۔

**تشریح** : جب دو سجدے کرنے کے بعد دوسری رکعت کے لئے کھڑے ہونے لگے تو فورا کھڑا نہ ہو جائے بلکہ تھوڑی دیر کے لئے بیٹھے جسکو جلسہ استراحت کہتے ہیں، اسکے بعد ہاتھ سے زمین پر ٹیکے اور ٹیک کر اٹھے۔ یہ امام شافعیؒ کے یہاں سنت ہے۔

**وجه** : صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ اخبرنی مالک بن الحویرث اللیثی انه رأی النبی ﷺ یصلی فاذا کان فی وتر من صلوته لم ینهض حتی یستوی قاعدا (بخاری شریف، من استوی قاعدا فی وتر من صلوتہ ثم نھض ص ۱۱۳ نمبر ۸۲۳ ر ترمذی شریف، باب کیف النھوض من السجود ص ۶۴ نمبر ۲۸۷) (۲) جاء نا مالک بن الحویرث ... واذا رفع رأسه عن السجدة الثانیة جلس واعتمد علی الارض ثم قام۔ (بخاری شریف، باب کیف یعتمد علی الارض اذا قام من الرکعة

۲ ولنا حديث ابی هريرةؓ ان النبی ﷺ كان ينهض فی الصلوة علی صدور قدميه ۳ وماروا ه محمول علیٰ حالة الكبر ۴ ولان هذه قعدة استراحة والصلوة ماوضعت لها (۲۹۵) ويفعل فی الركعة الثانية مثل مافعل فی الركعة الاولیٰ لانه تكرار الاركان الا انه لايستفتح ولا يتعوذ ۱ لانهما لم يشرعا الا مرة واحدة

ص۱۱۴ نمبر ۸۲۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جلسۂ استراحت سنت ہے۔

**ترجمہ**: ۲ اور ہماری دلیل حضرت ابوھریرہؓ کی حدیث ہے، کہ نبی علیہ السلام نماز میں پنجوں کے بل کھڑے ہوتے تھے۔

**تشریح**: صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے جو اوپر گزر گئی۔ عن ابی هريرة قال كان النبی ﷺ ينهض فی الصلوة علی صدور قدميه (ترمذی شریف نمبر ۲۸۸ رسنن للبیھقی، نمبر ۲۷۶۳) اس حدیث میں ہے کہ پنجوں کے بل کھڑا ہوتے تھے۔

**ترجمہ**: ۳ جو حدیث امام شافعیؒ نے بیان کیا وہ بڑھاپے کی حالت پر محمول ہے۔

**تشریح**: یہ امام شافعیؒ کو جواب ہے۔ کہ جو حدیث امام شافعیؒ نے روایت کی ہے وہ بڑھاپے کی حالت میں کی ہے کہ جب بوڑھے ہوگئے تو جلسہ استراحت بھی کی ہے اور زمین پر ہاتھ سے ٹیک لگا کر کھڑے ہوئے ہیں، ورنہ جوانی میں پنجوں کے بل کھڑے ہوا کرتے تھے۔

**ترجمہ**: ۴ اور اسلئے بھی کہ یہ جلسہ استراحت ہے، اور نماز اسکے لئے نہیں ہے۔

**تشریح**: نماز مشقت اٹھانے کی چیز ہے تاکہ ثواب زیادہ ملے، یہ آرام کی چیز نہیں ہے، اسلئے جلسہ استراحت سنت نہیں ہونا چاہئے۔ تاہم کوئی جلسۂ استراحت کرے گا تو سجدۂ سہو لازم نہیں ہوگا کیونکہ احادیث سے ثابت ہے۔

**لغت**: صدور قدمیہ: قدم کے اوپر کا حصہ جس کے بل پر آدمی کھڑا ہوتا ہے۔ جلسہ خفیفہ: ہلکا سا بیٹھنا۔ ینھض: سیدھا کھڑا ہو

**ترجمہ**: (۲۹۵) دوسری رکعت میں وہی کرے جو پہلی رکعت میں کیا جاتا ہے اسلئے کہ ارکان کا تکرار ہے۔ مگر یہ کہ ثنا نہ پڑھے اور اعوذ باللہ نہ پڑھے۔

**تشریح**: دوسری رکعت بھی پہلی رکعت کی طرح ہے اسلئے جو جو باتیں پہلی رکعت میں کرتے ہیں وہی دوسری رکعت میں کرے، البتہ دوسری رکعت میں سبحانک الخ، اور اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم، نہ پڑھے اسلئے کہ یہ پوری نماز میں ایک ہی مرتبہ مشروع ہیں۔

**ترجمہ**: ۱ اسلئے کہ سبحانک، اور اعوذ باللہ نماز میں ایک ہی مرتبہ مشروع ہیں۔

**وجہ**: ثنا صرف پہلی رکعت میں پڑھی جاتی ہے۔ اسی طرح اعوذ باللہ بھی پہلی رکعت میں پڑھی جاتی ہے۔ اس لئے دوسری رکعت میں یہ دونوں نہ پڑھے۔

(۲۹۶) ولا يرفع يديه الا فى التكبيرة الاولى ﴾

**نوٹ** : دوسری رکعت میں بسم اللہ آہستہ سے پڑھے گا۔ کیونکہ قرأت سے پہلے بسم اللہ آہستہ سے پڑھنا مسنون ہے۔(۱) حدیث میں ہے عن ابن عباس قال کان النبی ﷺ یفتتح صلوته ببسم اللہ الرحمن الرحیم (ترمذی شریف، باب من رأی الجہر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ص نمبر ۲۴۵) اس سے معلوم ہوا کہ ہر رکعت کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے شروع کرنا چاہئے (۲) عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ ﷺ : اذا قرأتم الحمد للہ فأقرء وا , بسم اللہ الرحمن الرحیم ، انھا ام القرآن و أم الکتاب و السبع المثانی ، و بسم اللہ الرحمن الرحیم احداھا ۔ (دار قطنی باب وجوب قرائۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم فی الصلوۃ، ج اول، ص ۳۱۰ نمبر ۱۱۷۷) اس حدیث میں تاکید ہے کہ جب جب الحمد پڑھے تو بسم اللہ پڑھے اسلئے بسم اللہ ہر رکعت میں آہستہ پڑھے۔

**ترجمہ** : (۲۹۶) ہاتھ نہیں اٹھائے گا مگر تکبیر اولی کے وقت۔

**تشریح** : حنفیہ کے نزدیک تکبیر اولی کے علاوہ میں ہاتھ اٹھانا مسنون نہیں ہے۔ نہ رکوع سے اٹھتے وقت اور نہ دوسری رکعت شروع کرتے وقت۔

**ترجمہ** : (۱) اصل بات یہ ہے کہ حضرت امام اعظمؒ کی نگاہ آیت قوموا للہ قانتین (آیت ۲۳۸، سورۃ البقرۃ) کی طرف گئی ہے، کہ نماز میں سکون سے کھڑے رہوا ور بار بار ہاتھ اٹھانا سکون کے خلاف ہے۔ اس لئے اس احادیث پر عمل کیا۔ حدیث یہ ہے (۲) قال عبد اللہ بن مسعود الا اصلی بکم صلوۃ رسول اللہ ﷺ فصلی فلم یرفع یدیہ الا فی اول مرۃ . (ترمذی شریف، باب ان النبی ﷺ لم یرفع الا فی اول مرۃ، ص ۵۹ نمبر ۲۵۷) (۳) عن البراء ان رسول اللہ ﷺ کان اذا افتتح الصلوۃ رفع یدیہ الی قریب من اذنیہ ثم لا یعود . (ابوداؤد شریف، باب من لم یذکر الرفع عند الرکوع ص ۱۱۶ نمبر ۷۴۹ رنسائی شریف، باب رفع الیدین حذو المنکبین عند الرفع من الرکوع والرخصۃ فی ترک ذلک ص ۱۲۰ نمبر ۱۰۵۹) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ رکوع کے وقت ہاتھ نہیں اٹھاتے تھے۔ (۴) عن جابر بن سمرۃ قال : خرج علینا رسول اللہ ﷺ فقال مالی اراکم رافعی ایدیکم کانھا اذ ناب خیل شمس؟ اسکنوا فی الصلوۃ (مسلم شریف، باب الامر بالسکون فی الصلوۃ والنھی عن الاشارۃ بالید ص ۱۸۱ نمبر ۴۳۰/۹۶۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز میں سکون اور اطمینان مطلوب ہے۔ اور بار بار ہاتھ اٹھانے میں سکون نہیں ہے۔ اس لئے بھی رفع یدین نہیں ہونا چاہئے (۵) عن علقمۃ عن عبد اللہ قال صلیت مع النبی ﷺ ومع ابی بکر و مع عمر فلم یرفع ایدیھم الا عند التکبیرۃ الاولی فی افتتاح الصلوۃ (دار قطنی، باب ذکر التکبیر ورفع الیدین الخ، ج اول، ص ۲۹۶ نمبر ۱۱۲۰ ر ترمذی شریف، باب ماجاء ان النبی ﷺ لم یرفع الا فی اول مرۃ، ج اول

**ا** خلافا للشافعیؒ فی الرکوع **۲** وفی الرفع منه لقوله ﷺ لاترفع الایدی الافی سبع مواطن: تکبیرۃالافتتاح، وتکبیرۃ القنوت، وتکبیرات العیدین، وذکرالاربع فی الحج

،ص ۵۰،نمبر ۲۵۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تکبیر اولی کے علاوہ کسی وقت بھی رفع یدین نہیں کرنا چاہئے۔

**فائدہ** : **ترجمہ**: ا خلاف امام شافعیؒ کے رکوع کے بارے میں۔

**تشریح** : امام شافعیؒ اور دیگر ائمہ کے یہاں رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع یدین ہے۔(موسوعۃ للامام شافعیؒ، باب رفع الیدین فی التکبیر ۃ فی الصلوۃ، ج ثانی، ص ۱۳۶،نمبر ۱۲۹۶) اس باب میں رکوع وغیرہ میں رفع یدین کی پوری تفصیل ہے۔

**وجہ**: (۱) ان کی دلیل یہ حدیث ہے عن عبد اللہ بن عمر قال رأیت رسول اللہ ﷺ اذا قام فی الصلوۃ رفع یدیہ حتی تکونا حذو منکبیہ، وکان یفعل ذلک حین یکبر للرکوع ،و یفعل ذلک اذا رفع رأسه من الرکوع ویقول سمع اللہ لمن حمدہ ولا یفعل ذلک فی السجود (بخاری شریف، باب رفع الیدین اذا کبرواذا رکع واذا رفع ص ۱۰۲ نمبر ۷۳۶ رمسلم شریف، باب استحباب رفع الیدین حذوالمنکبین مع تکبیرۃ الاحرام والرکوع وفی الرفع من الرکوع وانہ لایفعلہ اذا رفع من السجود ص ۱۶۸ نمبر ۳۹۰/۸۶۲) اس سے معلوم ہوا کہ رکوع کے وقت ہاتھ اٹھانا مستحب ہے۔

امام شافعیؒ دوسری رکعت کے شروع میں بھی رفع یدین کے قائل ہیں۔ان کی دلیل یہ حدیث ہے عن نافع ان ابن عمر کان اذا دخل فی الصلوۃ ... واذا قام من الرکعتین رفع یدیہ و رفع ذلک ابن عمر الی النبی ﷺ (بخاری شریف، باب رفع الیدین اذا قام من الرکعتین ص ۱۰۲،۷۳۹) اس لئے امام شافعیؒ کے نزدیک دوسری رکعت شروع کرتے وقت بھی رفع یدین ہے۔اور نہ کرنے کی بھی گنجائش ہے اس لئے اس مسئلہ پر جھگڑا نہیں کرنا چاہئے صرف استحباب کا اختلاف ہے۔

**ترجمہ**: **۲** رکوع میں ہاتھ اٹھانے کے بارے میں امام ابوحنیفہؒ کی جانب سے حضور علیہ السلام کا قول، ہاتھ مت اٹھاؤ مگر سات جگہوں میں [۱] نماز شروع کرتے وقت تکبیر کے وقت، [۲] دعاء قنوت کے وقت تکبیر کے وقت [۳] عیدین میں تکبیر زوائد کے وقت، [۴] اور چار جگہ ہاتھ اٹھانا ہے حج میں۔

**تشریح** : رکوع کی تکبیر کہتے وقت امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک ہاتھ نہیں اٹھایا جائے گا اسکی دلیل یہ حدیث بھی ہے صرف سات جگہ تکبیر کے وقت ہاتھ اٹھایا جائے گا باقی کے وقت نہیں۔اس حدیث میں رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت ہاتھ اٹھانا نہیں ہے اسلئے یہاں ہاتھ نہیں اٹھایا جائے گا۔اثر یہ ہے (سنن بیہقی میں یہ مرفوع حدیث ہے لیکن صرف سات کی قید نہیں ہے)۔

عن ابن عباس قال : لا ترفع الأیدی الا فی سبع مواطن : [اذا قام الی الصلوۃ [۲] و اذا رأی البیت [۳] و

۳؎ والذی یروی من الرفع محمول علی الابتداء کذا نقل عن ابن الزبیرؓ (۲۹۷) واذا رفع رأسه من السجدة الثانية فی الرکعة الثانية افترش رجله اليسریٰ فجلس عليها و نصب اليمنی نصبا ووجّه اصابعه نحو القبلة﴾

علی الصفا [۴] و المروة [۵] و فی عرفات [۶] و فی جمع [۷] و عند الجمار ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، ۵من کان یرفع یدیہ فی اول تکبیرۃ ثم لا یعود، ج اول، ص ۲۱۴، نمبر ۲۴۵۰ رسنن بیہقی ، باب رفع الیدین اذا رأی البیت، ج خامس، ص ۱۱۷، نمبر ۹۲۱۰)اس اثر میں ہے کہ سات جگہ تکبیر کہتے وقت ہاتھ اٹھایا جائے گا۔ جس میں رکوع نہیں ہے۔

**ترجمه** : ۳؎ اور ہاتھ اٹھانیکی جو روایت کی گئی ہے وہ ابتداء اسلام پر محمول کی گئی ہے۔ عبد اللہ ابن زبیر سے ایسے ہی نقل کیا گیا ہے۔

**تشریح** : یہ امام شافعیؒ کو جواب ہے، کہ انہوں نے جو حدیث پیش کی جس میں تھا کہ حضورؐ رکوع میں جاتے وقت اور اس سے سر اٹھاتے وقت ہاتھ اٹھاتے تھے۔ کہ یہ حدیث شروع میں تھی بعد میں اس پر عمل نہیں کرتے تھے۔ جیسا کہ عبد اللہ ابن زبیر سے منقول ہے۔ یہ اثر مجھے نہیں ملا، البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اوپر کی حدیث کی بنا پر حنفیہ کے یہاں رکوع وغیرہ میں ہاتھ اٹھانا مستحب نہیں ہے۔

**ترجمه** : (۲۹۷) پس جبکہ سر دوسری رکعت میں دوسرے سجدے سے اٹھائے تو اپنے بائیں پاؤں کو بچھائے اور اس پر بیٹھے اور دائیں پاؤں کو کھڑا رکھے۔ اور انگلیوں کو قبلے کی جانب متوجہ رکھے۔

**تشریح** : حنفیہ کے نزدیک دونوں تشہد میں دائیں پاؤں کو کھڑا کرے گا اور بائیں پاؤں کو بچھا کر اس پر بیٹھے گا۔ اور اس درمیان پاؤں کی انگلیاں قبلے کی طرف متوجہ رکھے۔

**وجه** : صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے (۱) فقال ابو حميد الساعدی.... فاذا جلس فی الرکعتين جلس علی رجله اليسری و نصب اليمنی واذا جلس فی الرکعة الآخرة قدم رجله اليسری ونصب الاخری وقعد علی مقعدته ۔(بخاری شریف، باب سنۃ الجلوس فی التشہد ص ۱۱۴ نمبر ۸۲۸ رمسلم شریف، باب ما یجمع صفۃ الصلوۃ وما یفتتح بہ ص ۱۹۴ نمبر ۴۹۸/۱۱۱۰) مسلم شریف میں یہ حدیث حضرت عائشہؓ سے منقول ہے(۲) عن وائل بن حجر قال قدمت المدينة قلت لانظرن الی صلوة رسول الله ﷺ فلما جلس يعنی للتشهد افترش رجله اليسری ووضع يده اليسری يعنی علی فخذه اليسری ونصب رجله اليمنی ۔(ترمذی شریف، باب کیف الجلوس فی التشہد ص ۶۵ نمبر ۲۹۲) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ تشہد میں دائیں پاؤں کو کھڑا رکھنا چاہئے اور بائیں پاؤں کو بچھا کر اس پر بیٹھنا چاہئے۔ اور دوسری حدیث میں قعدۂ اولی اور قعدۂ اخیرہ کی بھی قید نہیں ہے۔ اس لئے دونوں قعدہ میں حنفیہ کے نزدیک ایک طرح بیٹھنا مسنون ہے۔ (۳) اس حدیث میں

ل ھکذا وصفت عائشۃؓ قعود رسول اللہ ﷺ فی الصلوۃ (۲۹۸) ووضع یدیہ علیٰ فخذیہ وبسط اصابعہ وتشھد﴾ ل یروی ذٰلک فی حدیث وائلؓ

تورک سے روکا ہے۔ عن انسؓ بن مالک : ان رسول اللہ ﷺ نھی عن الاقعاء و التورک فی الصلوۃ .(مسند احمد، مسند انس بن مالک، ج رابع، ص ۱۱۲، نمبر ۱۳۰۲۵) اس حدیث میں تورک سے منع فرمایا ہے اسلئے حنفیہ کے یہاں تورک مسنون نہیں ہے۔

**فائدہ:** امام مالکؒ کے نزدیک آخری تشہد میں تورک مسنون ہے۔ تورک کا مطلب یہ ہے کہ دونوں پاؤں پیچھے کردے اور مقعد پر بیٹھے۔ ان کی دلیل بخاری والی اوپر کی حدیث ہے (۱) حدیث میں ہے فقال ابو حمید الساعدی.... واذا جلس فی الرکعۃ الآخرۃ قدم رجلہ الیسری ونصب الاخری وقعد علی مقعدتہ۔ (بخاری شریف، باب سنۃ الجلوس فی التشھد ص ۱۱۴ نمبر ۸۲۸) (۲) حتی اذا کانت السجدۃ التی فیھا التسلیم اخر رجلہ الیسری وقعد متورکا علی شقہ الایسر (ابوداؤد شریف، باب من ذکر التورک فی الرابعۃ ص ۱۴۵ نمبر ۹۶۳ رمسلم شریف، باب صفۃ الجلوس فی الصلوۃ وکیفیۃ وضع الیدین علی الفخذین (۲۱۶ نمبر ۵۷۹/۱۳۰۷) اس حدیث سے ثابت ہوا کہ قعدۂ اخیرہ میں تورک مسنون ہے۔

**ترجمہ:** ل اس طرح حضرت عائشہؓ نے نماز میں حضورؐ کے بیٹھنے کو ذکر فرمایا۔

**تشریح :** اوپر کے متن میں دو باتیں تھیں [۱] ایک تو دائیں پاؤں کو کھڑا کر کے بائیں پاؤں کو بچھا کر اس پر بیٹھنا، اسکے لئے حدیث اوپر گزر گئی [۲] اور دوسری بات تھی کہ بیٹھنے کی حالت میں انگلیاں قبلے کی طرف متوجہ کرنا۔ اسکے لئے (۱) حدیث یہ ہے۔ عن عبد اللہ بن عمر قال من سنۃ الصلوۃ ان تنصب القدم الیمنی استقبالہ باصابعھا القبلۃ والجلوس علی الیسری (نسائی شریف، باب الاستقبال باطراف اصابع القدم القبلۃ عند القعود للتشھد، ص ۱۶۱، نمبر ۱۱۵۹) (۲) واقبل بصدرۃ الیمنی علی قبلتہ (ابوداؤد شریف، باب من ذکر التورک فی الرابعۃ، نمبر ۹۶۷ اس باب کی آخری حدیث ہے) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تشہد میں بیٹھتے وقت پاؤں کی انگلیاں قبلہ کی طرف ہونی چاہئے۔

**ترجمہ :** (۲۹۸) اور دونوں ہاتھوں کو دونوں رانوں پر رکھے اور انگلیوں کو پھیلائے اور تشہد پڑھے۔

**ترجمہ:** ل حضرت وائل ابن حجر سے ایسی روایت ہے۔

**تشریح :** دونوں ہاتھوں کو رانوں پر رکھے یہ تو متفق علیہ ہے، البتہ ہاتھ کی تمام انگلیوں کو پھیلا کر رکھے یا انگوٹھے اور ابہام سے حلقہ بنائے اور شہادت کی انگلی سے اشارہ کرے۔ اس بارے میں صاحب ھدایہ یہ فرماتے ہیں کہ تمام انگلیوں کو پھیلا کر رکھے تا کہ انگلیاں قبلہ کی طرف متوجہ ہوں کیونکہ پچھلی کئی حدیثوں میں آیا کہ انگلیوں کو قبلے کی طرف رکھنا چاہئے۔ لیکن حنفیہ دونوں حدیثوں پر

ع وَلان فيه توجيه اصابع يديه الى القبلة

---

عمل کرتے ہیں کہ ہاتھ کی دس انگلیوں میں سے سات انگلیوں کو قبلے کی طرف پھیلا کر رکھتے ہیں، اور انگوٹھے اور ابہام سے حلقہ بناتے ہیں اور شہادت کی انگلیوں سے اشارہ کرتے ہیں، تا کہ دونوں حدیثوں پر عمل ہو جائے۔ اسکے لئے یہ حدیث ہے۔

**وجه**: (۱) دونوں ہاتھوں کو دونوں رانوں پر رکھے اور سات انگلیوں کو پھیلا کر رکھے اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابن عمر : ان رسول الله ﷺ كان اذا جلس فى الصلوة وضع يديه على ركبتيه و رفع أصبعه التى تلى الابهام فدعا بها ، و يده اليسرى على ركبته باسطها عليها ۔ (نسائی شریف، باب بسط الیسری علی الرکبۃ، ص ۱۷۶، نمبر ۱۲۷۰ رمسلم شریف، باب صفۃ الجلوس فی الصلوۃ، وکیفیۃ وضع الیدین علی الفخذین، ۲۱۷، نمبر ۱۳۰۹/۵۸۰) اس حدیث میں ہے کہ دائیں ہاتھ کی انگلی پھیلائی۔ (۲) ہاتھوں کی انگلیوں کو رانوں پر رکھنے کی دلیل اور دائیں ہاتھ کی انگلیوں سے حلقہ بنا کر اشارہ کرنے کی دلیل اس حدیث میں ہے۔ صاحب ہدایہ نے بھی اسی حدیث کی طرف اشارہ کیا ہے۔ عن وائل بن حجر قال ... ثم جلس فافترش رجله اليسرى ووضع يده اليسرى على فخذه اليسرى وحد مرفقه الايمن على فخذه اليمنى وقبض ثنتين و حلق حلقة ورأيته يقول هكذا وحلق بشر الابهام والوسطى واشار بالسبابة (ابو داؤد شریف، باب کیف الجلوس فی التشہد ص ۱۴۵ نمبر ۹۵۷) اس حدیث میں ہے کہ انگوٹھے اور درمیان کی انگلی سے حلقہ بنائے اور شہادت کی انگلی سے اشارہ کرے (۳) عاصم بن كليب الجرمى عن ابيه عن جده قال دخلت على النبى ﷺ وهو يصلى وقد وضع يده اليسرى على فخذه اليسرى ووضع يده اليمنى على فخذه اليمنى وقبض اصابعه وبسط السبابة (ترمذی شریف، باب ابواب الدعاء ج ثانی ص ۱۹۹ نمبر ۳۵۸۷ ابواب المناقب سے دو صفحے پہلے ہے رنسائی شریف، باب قبض الثنتين من اصابع اليد اليمنى وعقد الوسطى ص ۱۴۲ نمبر ۱۲۶۹) اس حدیث میں بھی ہے کہ حلقہ بنائے اور شہادت کی انگلی سے لا الہ الا اللہ کے وقت اشارہ کرے۔

**ترجمه**: ع اور اسلئے کہ اس میں انگلیوں کو قبلے کی جانب متوجہ کرنا ہے۔

**تشریح**: یہ جملہ اس بات کی دلیل عقلی ہے کہ انگلیوں کو رانوں پر اس طرح رکھیں کہ انگلیوں کا سرا قبلے کی طرف متوجہ رہے، گھٹنوں کو پکڑ کر اس طرح نہ رکھیں کہ انگلیاں زمین کی طرف متوجہ ہو جائیں، ایک حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ انگلیوں سے گھٹنوں کو پکڑ کر رکھے، اس صورت میں انگلیاں زمین کی طرف ہو جائیں گی، حدیث یہ ہے۔ عامر بن عبد الله بن زبير عن ابيه : أنه رأى النبى ﷺ يدعو كذالک ، يتحامل بيده اليسرى على رجله اليسرى . (نسائی شریف، باب بسط الیسری علی الرکبۃ، ص ۱۷۷، نمبر ۱۲۷۱) اس حدیث میں ہے کہ ہاتھ سے گھٹنے کو پکڑ کر رکھے، اس صورت میں انگلیاں زمین کی طرف متوجہ ہو جائیں گی۔

(۲۹۹) وان كانت امرأة جلست علىٰ اليتها اليسرى واخرجت رجليها من الجانب الايمن﴾ ۱؎ لانه استرلها(۳۰۰) والتشهد التحيات لِلّٰه والصلوات والطيبات السلام عليك ايها النبى الىٰ اٰخره﴾ ۱؎ وهذا تشهد عبداللّٰه بن مسعودؓ فانه قال اخذ رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وعلى اله وسلم بيدى وعلّمنى التشهد كما كان يعلّمنى سورة من القراٰن وقال :قل: التحيات للّٰهِ الىٰ اٰخره، والاخذ بهٰذا

مصنف نے اسکی نفی کرتے ہوئے فرمایا کہ باقی انگلیاں قبلے کی طرف متوجہ ہوں۔ تشہد پڑھنے کی دلیل آگے ہے۔

**ترجمہ** : (۲۹۹) اور اگر عورت ہو تو وہ بائیں سرین پر بیٹھے اور اپنے پاؤں کو دائیں جانب نکال دے۔

**ترجمہ** : ۱؎ اسلئے کہ یہ اسکے لئے زیادہ ستر کی چیز ہے۔

**تشریح** : عورت سکڑ کر بیٹھے گی تو یہ اسکے لئے زیادہ ستر کی چیز ہے اس لئے وہ تورک کر کے بیٹھے۔ اور تورک کی شکل یہی ہے کہ دونوں پاؤں کو پنڈلی کے نیچے سے دائیں جانب نکال دے، اور بائیں سرین پر بیٹھ جائے۔

**وجہ** : اوپر امام مالکؒ نے مرد کے بارے میں حدیث پیش کی تھی کہ تورک کرے ،حنفیہ اسکو عورتوں کے بارے میں مناسب سمجھتے ہیں۔ حدیث یہ ہے۔ فقال ابو حميد الساعدى....واذا جلس فى الركعة الآخرة قدم رجله اليسرى ونصب الاخرى وقعد على مقعدته۔ (بخاری شریف، باب سنۃ الجلوس فی التشہد ص ۱۱۴ نمبر ۸۲۸) (۲) حتى اذا كانت السجدة التى فيها التسليم اخر رجله اليسرى وقعد متوركا على شقه الايسر. ( ابوداؤد شریف، باب من ذکر التورک فی الرابعۃ ص ۱۴۵ نمبر ۹۶۳ رمسلم شریف ، باب صفۃ الجلوس فی الصلوۃ وکیفیۃ وضع الیدین علی الفخذین (۲۱۶ نمبر ۵۷۹/۱۳۰۷) اس حدیث سے ثابت ہوا کہ قعدۂ اخیرہ میں عورت کے لئے تورک مسنون ہے۔ (۳) اثر میں ہے۔ قلت لعطاء تجلس المرأة فى مثنا على شقها الايسر ؟ قال : نعم ، قلت : هو احب اليك من الايمن ؟ قال : نعم ،قال: تجتمع جالسة ما استطاعت ، قلت : تجلس جلوس الرجل فى مثنا أو تخرج رجلها اليسرى من تحت اليتها ؟ قال : لا يضرها أى ذالك جلست اذا اجتمعت ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ ،۳۴ فی المرأۃ کیف تجلس فی الصلوۃ، ج اول، ص ۲۴۳، نمبر ۲۷۹۱) اس اثر میں ہے کہ عورت بائیں جانب بیٹھے گی، اسلئے کہ اس میں اسکو آسانی بھی ہے اور سہولت بھی ہے۔

**ترجمہ**: (۳۰۰) اور تشہد: التحيات لله و الصلوات و الطيبات السلام عليك ايها النبى .الى آخره، ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ یہ حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ کا تشہد ہے، اسلئے کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا، اور مجھے اس طرح تشہد سکھلایا جس طرح مجھے قرآن کی سورت سکھلاتے تھے، اور فرمایا کہ کہو۔ التحیات للہ، الی آخرہ۔ اور اس عبداللہ بن مسعودؓ کے تشہد کو لینا بہتر ہے عبداللہ ابن عباس کے تشہد لینے سے ۔

**اولی من الاخذ بتشهد ابن عباسؓ ۲؎ وھو قولہ: التحیات المبارکات الصلوات الطیبات للّٰہ سلام علیک ایھاالنبی ورحمۃ اللّٰہ وبرکاتہ سلام علینا الیٰ اخرہ**

**تشریح** : حنفیہ کے یہاں حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ والا تحیات پڑھنا بہتر ہے، اسکی یہ وجہ ہیں [۱] اس میں امر کا صیغہ ہے جو کم سے کم استحباب پر دلالت کرتا ہے۔ [۲] السلام علیک، میں الف لام ہے جو استغراق پر دلالت کرتا ہے۔ [۳] جس طرح سورت سکھلاتے تھے اس طرح تشہد سکھلایا جس سے اسکی اہمیت کا پتہ چلا [۴] پھر ہاتھ پکڑ کر سکھلایا جس سے اور بھی اہمیت کا پتہ چلتا ہے، اسلئے یہ تشہد پڑھنا بہتر ہے۔

**وجہ** : یہ عبداللہ بن مسعودؓ کا تشہد ہے اور حنفیہ کے نزدیک اس کا پڑھنا افضل ہے۔ صاحب ھدایہ کی حدیث بھی یہی ہے۔ قال عبد اللہ بن مسعود کنا اذا صلینا خلف النبی ﷺ قلنا السلام علی جبرائیل ومکائیل السلام علی فلان وفلان فالتفت الینا رسول اللہ ﷺ فقال ان اللہ ھو السلام فاذا صلی احدکم فلیقل الیتحیات للہ، و الصلوات و الطیبات، السلام علیک أیھا النبی و رحمۃ اللہ و برکاتہ، السلام علینا، و علی عباداللہ الصالحین . الخ ۔(بخاری شریف، باب التشہد فی الآخرۃ ص ۱۱۵ نمبر ۸۳۱ رمسلم شریف، باب التشہد فی الصلوۃ ص ۱۷۳ نمبر ۴۰۲ /۸۹۷ رابوداود شریف، باب التشہد، ص ۱۴۷، نمبر ۹۶۸) اس حدیث میں ,  فلیقل ,امر کا صیغہ ہے جو وجوب پر دلالت کرتا ہے اس لئے عبداللہ ابن مسعود کا تشہد ہمارے یہاں زیادہ بہتر ہے۔

(۲) مسلم کی حدیث میں یہ بھی ہے ۔سمعت ابن مسعود یقول علمنی رسول اللہ ﷺ التشھد کفی بین کفیہ کما علمنی السورۃ من القرآن (مسلم شریف، باب التشہد فی الصلوۃ ص ۱۷۴ امبر ۴۰۲ /۹۰۱ رترمذی شریف، باب ما جاء فی التشہد ص ۶۵ نمبر ۲۸۹ رنسائی شریف، باب تعلیم التشھد کتعلیم السورۃ، ص ۱۷۸، نمبر ۱۲۷۹) اس حدیث سے اور زیادہ اہمیت ہوگئی ۔کیونکہ جس طرح قرآن سکھاتے تھے اس طرح عبداللہ بن مسعود کو حضورؐ نے تشہد سکھایا۔ پھر عبدابن مسعودؓ کا ہاتھ حضورؐ کے ہاتھ میں تھا جس سے اور اہمیت ہوئی۔ اس لئے ہمارے یہاں یہی تشہد بہتر ہے۔

**فائدہ : ترجمہ**: ۲؎ حضرت عبداللہ ابن عباسؓ کا تشہد یہ ہے۔ التحیات المبارکات الصلوات الطیبات للہ، السلام علیک أیھا النبی و رحمۃ اللہ و برکاتہ السلام علینا. الی آخرہ .

**تشریح** :امام شافعیؒ کے یہاں عبداللہ بن عباس کا تشہد بہتر ہے۔ حدیث یہ ہے۔ عن ابن عباس قال کان رسول اللہ ﷺ یعلمنا التشھد کما یعلمنا القرآن، فکان یقول: التحیات المبارکات الصلوات الطیبات للہ، سلام علیک أیھا النبی و رحمۃ اللہ و برکاتہ، سلام علینا و علی عباداللہ الصالحین ، اشھد أن لا الہ الا اللہ و

**۳ لان فيه الامر واقله الاستحباب والألف واللام وهما للاستغراق وزيادة الواو وهي لتجديد الكلام كما في القسم وتاكيد التعليم (۳۰۱) ولا يزيد على هذا في القعدة الاولى﴾**

أشهد ان محمدا رسول الله . (ترمذی شریف، باب منہ، باب ماجاء فی التشہد ص ۶۵ نمبر ۲۹۰ رنسائی شریف ،نوع آخر من التشہد ،ص ۱۶۴، نمبر ۱۱۷۵) اس حدیث میں ،سلام علیک ،بغیر الف لام کے ہے، اسلئے وہ استغراق کے لئے نہیں ہوگا۔(۲) لیکن عبد اللہ ابن عباس کی حدیث جو مسلم شریف میں ہے اس میں ،السلام، الف لام کے ساتھ ہے، جو استغراق کے لئے ہوجائے گا اور سلام میں تمام لوگوں کو گھیر لیگا۔ حدیث یہ ہے۔ عن ابن عباس انه قال كان رسول الله ﷺ **يعلمنا التشهد كما يعلمنا السورة من القرآن فكان يقول: التحيات المباركات الصلوات الطيبات لله ، السلام عليك أيها النبي و رحمة الله و بركاته، السلام علينا و على عبادالله الصالحين ، اشهد أن لا اله الا الله و أشهد ان محمدا رسول الله .** (مسلم شریف، باب التشہد فی الصلوۃ ص ۱۷۴ نمبر ۴۰۳ ر ۹۰۲ رابوداود شریف، باب التشہد ،ص ۱۴۸، نمبر ۹۷۴) اس حدیث سے ان کے یہاں عبد اللہ بن عباسؓ والا تشہد مسنون ہے۔

**ترجمہ** : ۳ [۱] اسلئے کہ عبد اللہ ابن مسعودؓ کے تحیات میں ،فلیقل ،امر کا صیغہ ہے، اور امر کا کم سے کم درجہ استحباب کا ہے۔[۲] اور ،السلام علیک ،میں الف لام دونوں استغراق کے لئے ہیں۔[۳] اور ،والصلوات میں واو کی زیادتی ہے جو بات کو نیا کرنے کے لئے ہے۔ جیسے کہ قسم میں نیا کرنے لئے ہوتا ہے [۴] اور اس تشہد کے تعلیم کی تاکید ہے۔

**تشریح** : حضرت عبد اللہ ابن مسعودؓ کا تشہد پڑھنا افضل ہے اسکے لئے مصنف چار وجہ بیان کر رہے ہیں جو پہلے بھی گزر چکی ہیں۔[۱] پہلی وجہ یہ ہے کہ اس تشہد میں امر کا صیغہ ،فلیقل ، جو کم سے کم استحباب دلالت کرتا ہے۔[۲] دوسری وجہ یہ ہے کہ عبد اللہ ابن عباس کی ترمذی والی حدیث میں ،سلام علیک ،بغیر الف لام کے ہے اسلئے یہ تمام کو گھیرنے پر دلالت نہیں کرے گا جبکہ عبد اللہ ابن مسعودؓ کی حدیث میں ،السلام علیک، الف لام کے ساتھ ہے جو تمام کو گھیرنے پر دلالت کرے گا اسلئے یہ بہتر ہے۔ لیکن عبد اللہ ابن عباسؓ کا تشہد جو مسلم شریف میں ہے اس میں ،السلام علیک، الف لام کے ساتھ ہے اسلئے اس تشہد میں یہ علت نہیں چلے گی۔[۳] عبد اللہ ابن مسعود کے تشہد میں ،والصلوات، واو کے ساتھ ہے جس سے کلام الگ ہوجاتا ہے، اور عبد اللہ ابن عباسؓ کے تشہد ،الصلوات ،بغیر واو کے جو کلام کو نیا نہیں کرتا۔[۴] اور حضورؐ نے اس تشہد کے سیکھنے پر تاکید کی اسلئے بھی یہ تشہد افضل ہے۔

**نوٹ** : تشہد پڑھنا واجب ہے چاہے کوئی بھی تشہد ہو۔ کیونکہ اوپر کی حدیث میں امر کا صیغہ ہے جس سے وجوب ثابت ہوتا ہے۔ اور سورۃ کی طرح سکھانے سے بھی تاکید ہوتی ہے۔

**ترجمہ** :(۳۰۱) قعدۂ اولی میں تشہد سے زیادہ نہ پڑھے۔

۱ لقول ابن مسعودؓ : علّمنی رسول الله ﷺ التشهد فی وسط الصلوٰة و اٰخرها، فاذا کان وسط الصلوٰة نهض اذا فرغ من التشهد و اذا کان اٰخر الصلوٰة دعا لنفسه بما شاء

**ترجمه**: ۱ حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ کے قول کی وجہ سے کہ حضورؐ نے مجھکو تشہد وسط نماز میں سکھایا اور آخر نماز میں بھی، پس جب درمیان نماز میں ہو تو تشہد سے فارغ ہونے کے بعد کھڑے ہو جاؤ، اور جب آخر نماز ہو تو جو چاہے اپنے لئے دعا کرے۔

**تشریح**: اگر چار رکعت والی نماز ہو تو قعدۂ اولی میں تشہد سے زیادہ درود شریف وغیرہ نہ پڑھے اتنا ہی پڑھ کر تیسری رکعت کے لئے کھڑا ہو جائے۔

**وجه**: (۱) حدیث میں ہے۔ عن عبد الله بن مسعود قال : علمنی رسول الله ﷺ التشهد فی وسط الصلوة و فی آخرها .... قال : ثم ان کان فی وسط الصلوة نهض حین فرغ من تشهده ، و ان کان فی آخرها دعا بعد تشهده بما شاء أن یدعو، ثم یسلم ۔ (مسند احمد، مسند عبداللہ بن مسعود، ج ثانی ص ۴۴، نمبر ۴۳۶۹) اس حدیث میں ہے کہ قعدہ اولی میں تشہد سے زیادہ نہ پڑھے۔ (۲) عن عبد الله بن مسعود قال کان النبی ﷺ فی الرکعتین کانه علی الرضف قلت حتی یقوم قال ذلک یرید (نسائی شریف، باب التخفیف فی التشهد الاول، ص ۱۶۴، نمبر ۱۱۷۷ رابو داؤد شریف، باب فی تخفیف القعود ص ۱۵۰ نمبر ۹۹۵) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ قعدۂ اولی میں اتنی جلدی اٹھتے تھے جیسے آپ گرم پتھر پر ہوں۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قعدۂ اولی میں تشہد سے زیادہ نہ پڑھے۔

**فائده**: امام شافعیؒ کے نزدیک قعدۂ اولی میں بھی تشہد کے بعد درود پڑھے گا۔ موسوعہ میں عبارت یہ ہے۔ و التشهد و الصلوة علی النبی ﷺ فی التشهد الاول فی کل صلوة . غیر. الصبح تشهدان ، تشهد اول ، و تشهد آخر، ان ترک التشهد الاول ، و الصلوة علی النبی ﷺ فی التشهد الاول ساهیا ، لا اعادة علیه ، و علیه سجدتا السهو لترکه ۔ (موسوعۃ امام شافعیؒ، باب التشہد والصلوۃ علی النبی ﷺ، ج ثانی، ص ۱۹۳، نمبر ۱۴۵۶) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ پہلے تشہد میں بھی درود شریف واجب ہے۔

**وجه**: ان کی دلیل وہ آیت اور احادیث ہیں جن میں تشہد کے بعد درود شریف کی فضیلت آئی ہے۔ (۱) دلیل یہ آیت ہے۔ ان الله و ملئکته یصلون علی النبی یا ایها الذین آمنوا صلوا علیه وسلموا تسلیما. (آیت ۵۶ سورۃ الاحزاب ۳۳) اس آیت سے زندگی میں ایک مرتبہ درود پڑھنا فرض ہے اور نماز میں پڑھنا سنت ہے (۲) حدیث میں ہے عن کعب بن عجرة .... فقلنا قد عرفنا کیف نسلم علیک فکیف نصلی علیک؟ قال قولوا اللهم صلی علی محمد الخ. (مسلم شریف، باب الصلوۃ علی النبی بعد التشہد ص ۱۷۵ نمبر ۴۰۶ رابو داؤد شریف، باب الصلوۃ علی النبی بعد التشہد ص ۱۴۷ نمبر

(۳۰۲) ويقرأ في الركعتين الاخريين بفاتحة الكتاب وحدها ﴾ لـحديث ابی قتادةؓ ان النبی عليه السلام قرأ في الاخريين بفاتحة الكتاب

۹۷۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تشہد کے بعد حضورؐ پر درود پڑھنا چاہئے (۳) عن سهل بن سعد ان النبی ﷺ قال لا صلوة لمن يصل على نبيه ﷺ . (دار قطنی، باب ذکر وجوب الصلوۃ علی النبی فی التشہد ص ۳۴۷ نمبر ۱۳۲۷) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ حضورؐ پر درود پڑھنا چاہئے۔ اسلئے امام شافعیؒ کے نزدیک پہلے تشہد کے بعد بھی درود شریف پڑھنا واجب ہے۔

**ترجمہ**: (۳۰۲) اور دوسری دو رکعتوں میں سورۂ فاتحہ پڑھے گا خاص طور پر۔

**ترجمہ**: ل حضرت ابو قتادہؓ کی حدیث کی وجہ سے، کہ نبی علیہ السلام دوسری دو رکعتوں میں صرف سورہ فاتحہ پڑھتے تھے۔

**تشریح**: ظہر اور عصر کی دوسری دو رکعتوں میں قرأت فرض نہیں ہے اس لئے سورۂ فاتحہ پڑھے تو یہ بہتر ہے۔ اور تسبیح پڑھے وہ بھی ٹھیک ہے۔

**وجہ**: صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن عبد الله بن ابی قتادة عن ابيه ان النبی ﷺ كان يقرأ في الظهر في الاولیين بام الكتاب وسورتين و في الركعتين الاخريين بام الكتاب ويسمعنا الآية و يطول في الركعة الاولى ما لا يطيل في الركعة الثانية وهكذا في العصر ۔ (بخاری شریف، باب یقرأ فی الآخرین بفاتحۃ الکتاب ص ۱۰۷ نمبر ۷۷۶ رمسلم شریف، باب القراۃ فی الظہر والعصر ص ۱۸۵ نمبر ۴۵۱/۱۰۱۲ رابو داود شریف، باب القرأت فی الظہر، ص ۱۲۴، نمبر ۷۹۸) اس حدیث میں ہے کہ فرض کی دوسری دو رکعتوں میں صرف سورہ فاتحہ پڑھتے تھے (۲) جابر بن سمرة قال قال عمر لسعد لقد شكوك في كل شيء حتى الصلوة قال اما انا فامد في الاولیين واحذف في الآخرين ولا آلو ما اقتديت به من صلوة رسول الله قال صدقت ذاك الظن بك ۔ (بخاری شریف، باب یطول فی الاولیین ویحذف فی الآخرین ص ۱۰۶ نمبر ۷۷۰ رمسلم شریف، باب القراۃ فی الظہر والعصر ص ۱۸۶ نمبر ۴۵۳/۱۰۱۸) پہلی حدیث سے معلوم ہوا کہ دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ پڑھنا کافی ہے۔ اور دوسری حدیث میں بھی اس کا اشارہ موجود ہے کہ دوسری دو رکعتوں میں اختصار کرتے تھے جس کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ صرف سورۂ فاتحہ پڑھتے تھے۔ اس لئے دوسری دو رکعتوں میں سورۂ فاتحہ پڑھنا حنفیہ کے نزدیک بعض روایت میں واجب ہے اور بعض روایت میں مستحب ہے۔

**فائدہ**: امام شافعیؒ کے نزدیک دوسری دو رکعتوں میں سورۂ فاتحہ پڑھنا فرض ہے (۱) اوپر کی حدیث کی بنا پر (۲) اور، لا صلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب، کی حدیث کی بنا پر حوالہ گزر چکا ہے۔ موسوعہ میں عبارت یہ ہے۔ و في الأخريين أم القرآن و آية ، و ما زاد كان احب الى ما لم يكن اماما فيثقل عليه ۔ (موسوعہ، امام شافعیؒ، باب القراءۃ أم القرآن، ج ثانی، ص ۱۶۲، نمبر ۱۳۷۹) اس عبارت میں ہے کہ دوسری دو رکعتوں میں سورہ فاتحہ پڑھنا ضروری ہے، اور ایک آیت بھی پڑھنا ضروری ہے، اس سے زیادہ

۲ وهذا بيان الافضل هو الصحيح لان القراءة فرض في الركعتين على ماياتيك من بعدان شاء الله
(۳۰۳) وجلس في الاخيرة كما جلس في الاولیٰ ﴾ ۱ لما روينا من حديث وائل و عائشة

---

پڑھے تو بہتر ہے۔

**ترجمہ**: ۲ یہ افضل کا بیان ہے، صحیح یہی ہے، اسلئے کہ قرأت پہلی دو رکعتوں میں فرض ہے۔ اسکی بحث انشاء اللہ آگے آئے گی۔

**تشریح** : فرض کی دوسری دو رکعتوں میں سورہ فاتحہ پڑھنا افضل ہے صحیح روایت یہی ہے، چنانچہ اگر کسی نے سورہ فاتحہ چھوڑ دی تو سجدہ سہو لازم نہیں ہوگا۔ عن علی و عبد الله أنهما قالا : اقرأ في الاوليين و سبح في الاخريين۔ (مصنف ابن شیبة، نمبر ۳۷۴۲)

**وجہ** : اسکی وجہ یہ ہے کہ پہلی ہی دو رکعتوں میں قرأت فرض ہے، دوسری دو رکعتوں میں فرض نہیں ہے اور نہ واجب ہے، اسکی بحث آگے آئے گی۔ حضرت حسن ابن زیاد نے حضرت امام ابو حنیفہؒ سے دوسری روایت کی ہے کہ دوسری دو رکعتوں میں بھی قرأت کرنا واجب ہے۔

**ترجمہ**: (۳۰۳) آخری قعدہ میں ایسے ہی بیٹھے جیسے پہلے قعدہ میں بیٹھے تھے۔

**تشریح** قعدۂ اولی میں بائیں پاؤں کو بچھا کر اس پر بیٹھتے ہیں اور دائیں پاؤں کو کھڑا رکھتے ہیں اسی طرح قعدۂ اخیرہ میں بھی بیٹھے گا۔ تورک نہیں کرے گا۔

**ترجمہ**: ۱ کیونکہ حضرت وائل بن حجرؓ اور حضرت عائشہؓ سے میں نے روایت پیش کی ہے۔ (۱) حدیث یہ ہے۔ فقال ابو حميد الساعدي.... فاذا جلس في الركعتين جلس على رجله اليسرى و نصب اليمنى و اذا جلس في الركعة الآخرة قدم رجله اليسرى و نصب الاخرى و قعد على مقعدته۔ (بخاری شریف، باب سنة الجلوس فی التشهد ص ۱۱۴ نمبر ۸۲۸ / مسلم شریف، باب ما تجمع صفة الصلوة وما يفتتح به ص ۱۹۴ نمبر ۴۹۸ / ۱۱۱۰) مسلم شریف میں یہ حدیث حضرت عائشہؓ سے منقول ہے (۲) عن وائل بن حجر قال قدمت المدينة قلت لانظرن الى صلوة رسول الله ﷺ فلما جلس يعني للتشهد افترش رجله اليسرى ووضع يده اليسرى يعني على فخذه اليسرى ونصب رجله اليمنى۔ (ترمذی شریف، باب کیف الجلوس فی التشہد ص ۶۵ نمبر ۲۹۲) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ تشہد میں دائیں پاؤں کو کھڑا رکھنا چاہئے اور بائیں پاؤں کو بچھا کر اس پر بیٹھنا چاہئے۔

۲ ولانها اشق على البدن فكان اولىٰ من التورک الذی یمیل الیه مالکؒ ۳ والذی یروی انه علیه السلام قعد متورکا ضعفه الطحاویؒ، اویحمل علیٰ حالة الکبر (۳۰۴) ویتشهد ﴾

**ترجمہ**: ۲ اور اسلئے کہ یہ بیٹھنا بدن پر بھاری ہے اسلئے یہ تورک سے زیادہ اولی ہوگا، جسکی طرف حضرت مالکؒ مائل ہوئے ہیں۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے کہ بائیں پاؤں بچھا کر اس پر بیٹھے اور دائیں پاؤں کھڑا رکھے اس میں تورک کی بنسبت مشقت زیادہ ہے اور نماز مشقت ہی کے لئے ہے کہ جتنی مشقت ہوگی اتنا ثواب زیادہ ہوگا اس لئے یہ بیٹھنا اولی ہوگا، اور امام مالکؒ نے جو تورک اختیار کیا وہ اولی نہیں ہوگا، تورک کا مطلب یہ ہے کہ دونوں پاؤں دائیں جانب ڈال دے اور بائیں سرین پر بیٹھ جائے۔

**ترجمہ**: ۳ اور وہ جو روایت کی ہے کہ حضورؐ متورک بیٹھے تھے، حضرت امام طحاویؒ نے اسکو کمزور قرار دیا ہے، یا بڑھاپے کی حالت پر محمول کیا جائے گا۔

**تشریح**: حضورؐ تورک بیٹھے تھے، حدیث یہ ہے (۱) فقال ابو حمید الساعدی....واذا جلس فی الرکعة الآخرة قدم رجله الیسری ونصب الاخری وقعد علی مقعدته ۔ (بخاری شریف، باب سنة الجلوس فی التشہد ص ۱۱۴ نمبر ۸۲۸ ) (۲) حتی اذا کانت السجدة التی فیها التسلیم اخر رجله الیسری وقعد متورکا علی شقه الایسر ( ابوداؤد شریف، باب من ذکر التورک فی الرابعة ص ۱۴۵ نمبر ۹۶۳ رمسلم شریف، باب صفة الجلوس فی الصلوة وکیفیة وضع الیدین علی الفخذین (۲۱۶ نمبر ۵۷۹ /۱۳۰۷) اس حدیث سے ثابت ہوا کہ امام مالکؒ کے یہاں قعدۂ اخیرہ میں تورک مسنون ہے۔۔ ہم اسکا دو جواب دیتے ہیں [۱] ایک یہ کہ امام طحاویؒ نے اس حدیث کو کمزور قرار دیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ محمد ابن عمر اس میں غیر معروف ہے، اور دوسری بات یہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو حمید ساعدی کی اصل حدیث میں تورک کا تذکرہ نہیں ہے بلکہ اضجع رجله الیسری ونصب الیمنی علی صدور قدمیه کا لفظ ہے، جس سے ہماری تائید ہوتی ہے۔ طحاوی کی عبارت یہ ہے۔ فاذا قعد للتشهد اضجع رجله الیسری و نصب الیمنی علی صدور قدمیه و یتشهد .فهذا اصل حدیث ابی حمیدؓ ، هذا لیس فیه ذکر القعود الا علی مثل ما فی حدیث وائل . و الذی رواه محمد بن عمرو فغیر معروف ، و لا متصل عندنا ۔ ( طحاوی شریف، باب صفة الجلوس فی الصلوة کیف ھو، ج اول ،ص ۱۸۵ ) اس عبارت میں ہے کہ محمد ابن عمرو غیر معروف ہے۔ اسلئے حدیث کمزور ہے۔ اور اصل حدیث میں یہ ہے کہ بائیں پیر کو بچھا کر اس پر بیٹھے اور دائیں کو کھڑا رکھے۔ [۲] دوسرا جواب یہ ہے کہ آپؐ نے بڑھاپے میں ایسا کیا ہے جو مجبوری کی وجہ سے ہے ورنہ اصل تو نصب الیمنی ہی ہے۔

**ترجمہ**: (۳۰۴) اور تشہد پڑھے۔

۱ وهو واجب عندنا (۳۰۵) وصلی علی النبی علیہ السلام

**ترجمه:** ۱ اور یہ ہمارے نزدیک واجب ہے۔

**تشریح:** قاعدہ آخیرہ میں بیٹھنا یہ تو فرض ہے، لیکن اس میں تشہد پڑھنا ہمارے نزدیک واجب ہے۔

**وجه:** (۱) واجب ہونے کی دلیل یہ ہے کہ حضرت عبد اللہ ابن مسعودؓ سے حضورؐ نے فرمایا تھا کہ اس تشہد کو کہو فلیقل، جو امر کا صیغہ ہے اور امر کے صیغہ سے وجوب ثابت ہوتا ہے اسلئے تشہد پڑھنا واجب ہوگا قال عبد الله بن مسعود کنا اذا صلینا خلف النبی ﷺ فقال ان الله هو السلام فاذا صلی احدکم فلیقل التحیات لله ۔(بخاری شریف، باب التشہد فی الآخرة ص ۱۱۵ نمبر ۸۳۱ر مسلم شریف، نمبر ۴۰۲ ر ۸۹۷ر ابو داود شریف، باب التشہد، ص ۱۴۷، نمبر ۹۶۸) اس حدیث میں , فلیقل ، امر کا صیغہ ہے جو وجوب پر دلالت کرتا ہے (۲) حدیث میں ہے کہ تشہد کہہ لو گے تو نماز ہو جائے گی جس سے معلوم ہوا کہ تشہد واجب ہے ۔حدیث یہ ہے ۔وان رسول الله ﷺ اخذ بید عبد الله بن مسعود فعلمه التشهد فی الصلوة فذکر مثل دعاء حدیث الاعمش اذا قلت هذا او قضیت هذا فقد قضیت صلوتک ان شئت ان تقوم فقم وان شئت ان تقعد فاقعد۔ (ابو داؤد شریف، باب التشہد ص ۱۴۶ نمبر ۹۷۰) اس حدیث میں ہے کہ تشہد کہہ لو گے تو نماز پوری ہو جائے گی۔جس سے معلوم ہوا کہ واجب ہے۔ (۳) آیت میں اسکا اشارہ ہے کہ تشہد پڑھنا چاہئے کیونکہ اس میں حضورؐ پر سلام ہے۔آیت یہ ہے۔ ان الله و ملئکته یصلون علی النبی یا ایها الذین آمنوا صلوا علیه وسلموا تسلیما (آیت ۵۶ سورۃ الاحزاب ۳۳) اس آیت میں سلموا تسلیما، سے تشہد پڑھنے کی طرف اشارہ ہے اسلئے کہ تشہد میں سلام ہوتا ہے۔ (۴) اثر میں ہے۔عن عمر بن الخطاب قال : لا تجوز الصلوة الا بتشهد ۔(مصنف عبد الرزاق، باب من نسی التشہد، ج ثانی، ص ۲۰۶، نمبر ۳۰۸۰) اس اثر میں ہے کہ بغیر تشہد کے نماز ہی نہیں ہوگی اسلئے تشہد واجب ہوگا۔

**ترجمه:** (۳۰۵) اور حضورؐ پر درود شریف پڑھے۔

**تشریح:** قعدۂ اخیرہ میں تشہد کے بعد حضورؐ پر درود شریف پڑھے۔درود پڑھنا سنت ہے اس کو پڑھنا چاہئے لیکن اگر نہیں پڑھے گا تب بھی سجدۂ سہو لازم نہیں ہوگا۔

**وجه:** نماز میں درود سنت ہونے کی دلیل یہ آیت ہے ان الله و ملئکته یصلون علی النبی یا ایها الذین آمنوا صلوا علیه وسلموا تسلیما (آیت ۵۶ سورۃ الاحزاب ۳۳) اس آیت سے زندگی میں ایک مرتبہ درود پڑھنا فرض ہے اور نماز میں پڑھنا سنت ہے (۲) حدیث میں ہے عن کعب بن عجرة ...... فقلنا قد عرفنا کیف نسلم علیک فکیف نصلی علیک؟ قال قولوا اللهم صل علی محمد الخ ۔(مسلم شریف، باب الصلوۃ علی النبی بعد التشہد ص ۱۷۵ نمبر ۴۰۶ر ابو داؤد شریف، باب الصلوۃ علی النبی بعد التشہد ص ۱۴۷ نمبر ۹۷۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تشہد کے بعد حضورؐ پر درود پڑھنا چاہئے

ل و هو ليس بفريضة عندنا خلافا للشافعيؒ فيهما

۔(۳) انه سمع فضالة ابن عبيد يقول : سمع النبی ﷺ رجلا يدعو فی صلوته فلم يصل علی النبی ﷺ فقال النبی ﷺ : عجل هذا ، ثم دعاه ، فقال له أو لغيره : اذا صلی أحدكم فليبدأ بتحميدالله و الثناء عليه ، ثم ليصل علی النبی ﷺ ثم ليدع بعد ما شاء ۔(ترمذی شریف، باب فی ایجاب الدعاء تقدیم الحمد والثناء والصلوۃ علی النبی قبلہ، ص ۷۹۴، نمبر ۳۴۷۷) اس حدیث میں ہے کہ تشہد کے بعد درود شریف پڑھے

**ترجمہ**: ل ہمارے نزدیک نماز میں درود شریف واجب نہیں ہے۔خلاف امام شافعیؒ کے تشہد اور درود شریف دونوں کے بارے میں۔

**تشریح**: ہمارے نزدیک نماز میں درود شریف پڑھنا فرض نہیں ہے۔اسکے برخلاف امام شافعیؒ کے نزدیک درود شریف بھی فرض ہے اور تشہد پڑھنا بھی فرض ہے۔

**وجہ** : (۱) اما شافعیؒ کے یہاں تشہد فرض ہونے دلیل وہ ساری حدیثیں ہیں جن میں اوپر تشہد پڑھنے کی تاکید گزری، جنکی بنا پر حنفیہ کے نزدیک تشہد واجب ہوا (۲) اثر میں ہے۔عن عمر بن الخطاب قال ۔: لا تجوز الصلوة الا بتشهد ۔(مصنف عبد الرزاق، باب من نسی التشہد، ج ثانی، ص ۲۰۶، نمبر ۳۰۸۰) اس اثر میں ہے کہ بغیر تشہد کے نماز ہی نہیں ہوگی اسلئے تشہد فرض ہوگا۔(۳) عن ابن مسعود قال : كنا نقول قبل أن يفرض التشهد ، السلام علی الله ، السلام علی جبرئيل و ميكائيل الخ ۔(دار قطنی، باب صفۃ التشہد ووجوبہ، ج اول، ص ۳۴۳، نمبر ۱۳۱۲ رسنن بیہقی، باب مبدأ فرض التشہد، ج ثانی، ص ۱۹۸، نمبر ۲۸۱۹) اس حدیث میں ہے کہ تشہد کے فرض ہونے سے پہلے یہ کہتے تھے، اسکا مطلب یہ نکلا کہ بعد میں تشہد فرض ہوگیا۔ان دلائل کی وجہ سے امام شافعیؒ کے نزدیک تشہد فرض ہے۔

اور درود شریف فرض ہونے کی دلیل یہ ہے۔(۱) ان الله و ملئكته يصلون علی النبی يا ايها الذين آمنوا صلوا عليه و سلموا تسليما (یت ۵۶ سورۃ الاحزاب ۳۳) اس آیت میں صلوا ، اور سلموا ، امر کے صیغے ہیں اسلئے نماز میں تشہد بھی فرض ہوگا اور درود شریف بھی فرض ہوگا (۲) عن سهل بن سعد ان النبی ﷺ قال لا صلوة لمن يصل علی نبيه ﷺ . (دار قطنی، باب ذکر وجوب الصلوۃ علی النبی فی التشہد ص ۳۴۷ نمبر ۱۳۲۷) اس حدیث میں ہے کہ بغیر درود کے نماز ہی نہیں ہوگی، اسلئے درود شریف فرض ہے۔(۳) اوپر جتنی حدیثیں سنت کے لئے گزریں ان سب سے امام شافعیؒ فرض پر استدلال کرتے ہیں۔۔ایک خاص بات یہ ہے کہ حضرت امام شافعیؒ کے یہاں فرض اور سنت کے درمیان واجب کا درجہ نہیں ہے اسلئے احادیث میں تاکید آتی ہے تو وہ سیدھے فرض پر لے جاتے ہیں، واجب پر نہیں لاتے۔اور امام ابو حنیفہؒ کے یہاں واجب کا درجہ ہے اسلئے کم تاکید ہو تو وہ واجب

**۲** لقوله علیہ السلام: اذا قلت هذا او فعلت فقد تمت صلاتک ان شئت ان تقوم فقم و ان شئت ان تقعد فاقعد **۳** و الصلوة علی النبی علیہ السلام خارج الصلوة واجبة اما مرة واحدة کما قاله الکرخی او کلما ذکر النبی علیہ السلام کما اختاره الطحاوی فکفینا مؤنة الامر

---

پر لے جاتے ہیں۔

**ترجمہ**: ۲ حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ جب تشہد کو کہہ دو، یا کرلو تو تمہاری نماز پوری ہوگئی، اب کھڑا ہونا چاہو تو کھڑے ہو جاؤ، اور بیٹھنا چاہو تو بیٹھ جاؤ

**تشریح**: یہ امام ابو حنیفہؒ کی دلیل ہے کہ حدیث میں ہے تشہد پڑھ لو یا تشہد کی مقدار بیٹھ جاؤ تو نماز پوری ہوگئی۔ اور پہلے یہ گزر چکا ہے کہ کہ اس حدیث سے تشہد کی مقدار بیٹھنا فرض ہے اسلئے تشہد پڑھنا فرض نہیں ہوگا اور نہ درود شریف پڑھنا فرض ہوگا۔ (۱) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ و ان رسول الله ﷺ اخذ بید عبد الله بن مسعود فعلمه التشهد فی الصلوة فذکر مثل دعاء حدیث الاعمش اذا قلت هذا او قضیت هذا فقد قضیت صلوتک ان شئت ان تقوم فقم و ان شئت ان تقعد فاقعد۔ (ابوداؤد شریف، باب التشہد ص ۱۴۶ نمبر ۹۷۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تشہد کی مقدار بیٹھنا فرض ہے اسلئے نہ تشہد پڑھنا فرض ہوگا اور نہ درود شریف پڑھنا فرض ہوگا۔ (۲) اثر میں ہے کہ تشہد ہی میں درود آ گیا اسلئے الگ سے درود شریف پڑھنا فرض نہیں ہوگا بلکہ سنت کی ادائیگی ہوگئی۔ اثر یہ ہے۔ عن ابراهیم قال: یجزیک التشهد من الصلوة علی النبی ﷺ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب القول بعد التشہد، ج ثانی، ص ۲۰۸، نمبر ۳۰۸۵) اس اثر میں ہے کہ تشہد میں درود آ گیا، اسلئے الگ سے درود شریف پڑھنا سنت ہوگا۔

**ترجمہ**: ۳ اور نبی علیہ السلام پر درود نماز سے باہر واجب ہے، یا ایک مرتبہ واجب ہے جیسا کہ امام کرخیؒ نے فرمایا، یا جب جب نبی علیہ السلام کا ذکر ہو، جیسا کہ امام طحاویؒ نے اختیار کیا، اسلئے آیت میں صیغہ امر کی بات ہمیں کافی ہوگئی۔

**تشریح**: یہ امام شافعیؒ کو جواب ہے۔ انہوں نے استدلال کیا تھا کہ آیت میں صلوا امر کا صیغہ ہے جسکی وجہ سے نماز میں درود شریف پڑھنا فرض ہوگا۔ اسکا جواب یہ ہے کہ نماز میں درود پڑھنا ضروری نہیں ہے بلکہ آیت کی بنا پر زندگی میں ایک مرتبہ حضور پر درود شریف پڑھنا فرض ہے۔ حضرت امام کرخیؒ نے یہی فرمایا، اسلئے ہر نماز میں پڑھنا فرض نہیں ہوگا بلکہ سنت ہوگی۔ اور امام طحاویؒ نے فرمایا کہ جب جب حضورؐ کا نام آئے تو درود شریف پڑھے۔ آیت میں صیغہ امر، کا تقاضا اتنا ہی ہے اسلئے نماز میں اسکی فرضیت ثابت نہیں ہوتی۔

، تکفینا موءنة الامر، کا مطلب یہ ہے کہ زندگی میں ایک مرتبہ حضورؐ پر درود پڑھ لے تو امر کا تقاضا پورا ہو جاتا ہے۔

ع والفرض المروی فی التشهد هو التقدير (۳۰۶) قال ودعا بما يشبه الفاظ القرآن والادعية الماثورة ﴾ لے لما روينا من حديث ابن مسعودؓ قال له النبی ﷺ ثم اختر من الدعا اطيبها و اعجبها

**ترجمہ**: ع اور تشہد کے بارے میں جو فرض کی حدیث روایت کی گئی ہے اسکا معنی تقدیر اور متعین کرنے کے ہیں۔

**تشریح**: یہ امام شافعیؒ کو جواب ہے۔ انہوں نے حدیث پیش کی تھی۔ عن ابن مسعود قال : کنا نقول قبل أن يفرض التشهد ، (دار قطنی، نمبر ۱۳۱۲ رسنن بیہقی، نمبر ۲۸۱۹) اس حدیث میں ہے کہ تشہد فرض ہونے سے پہلے ہم یہ کہا کرتے تھے، جسکا یہ مطلب یہ ہوا کہ بعد میں تشہد فرض ہو گیا۔ اسکا جواب دیتے ہیں کہ اس حدیث میں فرض کا معنی فرض کے نہیں ہے، بلکہ تقدیر اور متعین کرنے کے ہے اسلئے اس حدیث سے تشہد فرض نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: (۳۰۶) اور قرآن کے الفاظ کے مشابہ دعا کرے، اور وہ دعائیں جو حدیث میں منقول ہوں وہ دعا کرے۔

**ترجمہ**: لے اسلئے کہ عبداللہ ابن مسعودؓ کی حدیث میں میں نے روایت کی، کہ ان سے نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ پھر ایسی دعا منتخب کرو جو تمکو پاکیزہ لگے اور اچھی لگے۔

**تشریح**: درود کے بعد وہ دعا کرے جو قرآن میں ہو یا احادیث میں منقول ہو۔ کیونکہ حضورؐ نے حضرت ابن مسعودؓ سے فرمایا تھا کہ تشہد پڑھنے کے بعد اچھی اور پاکیزہ دعا کریں۔

**وجہ**: (۱) انسانی کلام کی دعا کرے گا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ اس لئے ایسی دعا نہ کرے جو انسانی کلام کے مشابہ ہو۔ اس حدیث میں اسکا اشارہ ہے۔ عن معاوية بن الحكم السلمی قال : بينا أنا اصلی مع رسول الله ﷺ ....قال : ان هذه الصلوة لا يصلح فيها شیء من كلام الناس ، انما هو التسبيح و التكبير و قراء ة القرآن ۔ (مسلم شریف، باب تحریم الکلام فی الصلوۃ ونسخ ما کان من اباحتہ، ص ۲۰۳، نمبر ۵۳۷ / ۱۱۹۹) اس حدیث میں ہے کہ نماز میں کلام الناس نہ کرے۔ (۲) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن عبد الله قال اذا كنا مع النبی ﷺ فی الصلوة ... ثم ليتخير من الدعاء اعجبه اليه فيدعو. (بخاری شریف، باب ما یتخیر من الدعاء بعد التشہد ولیس بواجب ص ۱۱۵ نمبر ۸۳۵ / ابوداؤد شریف، باب التشہد ص ۱۴۶ نمبر ۹۶۸) (۳) عن عائشة زوج النبی ﷺ اخبرته ان رسول الله ﷺ كان يدعو فی الصلوة اللهم انی اعوذبک من عذاب القبر ، الخ ۔ (بخاری شریف، باب الدعاء قبل السلام ص ۱۱۵ نمبر ۸۳۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سلام سے پہلے حدیث میں منقول دعائیں کرنی چاہئے۔ (۴) عن ابراهيم قال : كان يستحب أن يدعو فی المكتوبة بدعاء القرآن . (۵) عن محمد قال : كان يكره أن يدعو فی الصلوة بشیء من أمر الدنيا ۔ (مصنف ابن ابی شیبة ، باب ۳۷، من کان یستحب أن یدعو فی الفریضة بما فی القرآن، ج اول، ص ۲۶۵، نمبر ۳۰۳۴، نمبر ۳۰۳۹) اس اثر سے

الیک ۲؎ ویبدأ بالصلوة علی النبی ﷺ لیکون اقرب الی الاجابة (۳۰۷) ولایدعو بمایشبه کلام الناس ﴾ ۱؎ تحرزا عن الفساد ولهذا یاتی بالماثور المحفوظ

معلوم ہوا کہ قرآن کے مطابق دعا کرنی چاہئے، اور دنیاوی دعائیں نہیں کرنی چاہئے۔ لیکن یہ مسنون ہے واجب نہیں ہے۔

**ترجمہ:** ۲؎ دعا نبی علیہ السلام پر درود سے شروع کرے تاکہ قبول ہونے کے زیادہ قریب ہو۔

**تشریح:** پہلے گزر چکا ہے کہ پہلے تشہد پڑھے، پھر درود شریف پڑھے، پھر اپنے لئے دعا کرے۔ دعا سے پہلے حضور ﷺ پر درود اسلئے پڑھے تاکہ اسکے صدقے میں دعا قبول ہو جائے۔ اسکی ترتیب کے لئے یہ حدیث ہے۔

**وجہ:** انه سمع فضالة ابن عبید یقول : سمع النبی ﷺ رجلا یدعو فی صلوته فلم یصل علی النبی ﷺ فقال النبی ﷺ : عجل هذا ، ثم دعاه ، فقال له أو لغیره : اذا صلی أحدکم فلیبدأ بتحمید الله و الثناء علیه ، ثم لیصل علی النبی ﷺ ثم لیدع بعد ما شاء (ترمذی شریف، باب فی ایجاب الدعاء بتقدیم الحمد والثناء و الصلوۃ علی النبی قبلہ، ص ۹۴۷، نمبر ۳۴۷۷ رمستدرک للحاکم، باب التامین، ج اول، ص ۴۰۱، نمبر ۹۸۹) اس حدیث میں ہے کہ تشہد کے بعد درود شریف پڑھے پھر دعا کرے۔

**لغت:** الماثورۃ : جو احادیث میں یا قرآن میں منقول ہوں۔ اطیب: طیب سے مشتق ہے، پاکیزہ، اعجب: جو اچھا لگے۔ اجابۃ: قبول ہو۔

**ترجمہ:** (۳۰۷) اور وہ دعا نہ کرے جو لوگوں کے کلام کے مشابہ ہو۔

**ترجمہ:** ۱؎ فساد سے بچنے کے لئے اسلئے وہ دعا پڑھے جو حدیث میں منقول ہے اور محفوظ ہے۔

**تشریح:** نماز میں اللہ سے ایسی چیز مانگنا جو عام انسانوں سے مانگی جاتی ہو ایسی دعا نہ کرے، یا جو دعائیں حدیث میں منقول نہ ہوں ایسی دعا بھی نہیں کرنی چاہئے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ کلام الناس سے نماز فاسد ہو جائے گی۔ اسلئے ایسی دعا نہ کرے ایسی دعا کرے جو حدیث میں منقول ہے۔

**وجہ:** عن معاویة بن الحکم السلمی قال : بینا أنا اصلی مع رسول الله ﷺ ....قال : ان هذه الصلوة لا یصلح فیها شیء من کلام الناس ، انما هو التسبیح و التکبیر و قراءة القرآن۔ (مسلم شریف، باب تحریم الکلام فی الصلوۃ ونسخ ما کان من اباحتہ، ص ۲۰۳، نمبر ۵۳۷/۱۱۹۹) اس حدیث میں ہے کہ نماز میں کلام الناس نہ کرے۔ (۲) عن زید ابن ارقم قال : کنا نتکلم فی الصلوة : یکلم الرجل صاحبه و هو الی جنبه فی الصلوة ، حتی نزلت ﴿و قوموا الله قانتین﴾ آیت ۲۳۸ سورة البقرة ۲ ) فأمرنا بالسکوت ، و نهینا عن الکلام ۔ (مسلم شریف، باب تحریم الکلام فی

۲؎ ومالا يستحيل سواله من العباد كقوله اللهم زوجني فلانة يشبه كلامهم ومايستحيل كقوله اللهم اغفرلي ليس من كلامهم وقوله اللهم ارزقني من قبيل الاول لاستعمالها فيمابين العباديقال رزق الاميرُ الجيش (۳۰۸)ثم يُسلّم عن يمينه فيقول السلام عليكم ورحمة اللّٰه وعن يساره مثل ذٰلك﴾

۱؎ لماروى ابن مسعودؓ ان النبي ﷺ كان يسلم عن يمينه حتى يرى بياض خده الايمن وعن يساره

الصلوۃ ونسخ الکلام اباحتہ،ص ۲۰۳،نمبر ۵۳۷/۱۱۹۹رابوداود شریف، باب النھی عن الکلام فی الصلوۃ،ص ۱۴۴،نمبر ۹۴۹رترمذی شریف ،باب فی نسخ الکلام فی الصلوۃ ص ۹۲،نمبر ۴۰۵ )اس حدیث میں ہے کہ کلام کرنا ممنوع ہے اسلئے نماز میں کلام الناس کی دعا کرنے ست نماز فاسد ہوجائے گی اسلئے ایسی دعا نہ کرے۔

**ترجمہ**: ۲؎ انسان سے جس چیز کا مانگنا محال نہیں ہے ۔جیسے اے اللہ فلاں سے میری شادی کروادے۔یہ کلام الناس کے مشابہ ہے۔اور جوانسان سے مانگنا محال ہے۔جیسے ائے اللہ مجھے معاف کردے۔یہ کلام الناس نہیں ہے۔اورائے اللہ مجھے روزی دے۔اول یعنی کلام الناس کے قبیل سے ہے، اسلئے کہ یہ جملہ بندوں کے درمیان بھی استعمال ہوتا ہے، کیونکہ لوگ کہتے ہیں، امیر نے لشکر کوروزی دی۔

**تشریح**: یہاں سے یہ قاعدہ بتارہے ہیں کہ کس قسم کا جملہ کلام الناس ہے اور کس قسم کا جملہ کلام الناس نہیں ہے۔فرماتے ہیں کہ جن چیزوں کا سوال انسان سے کیا جاسکتا ہے وہ دعا کلام الناس ہے۔مثلا یہ کہے کہ ائے اللہ فلاں سے میری شادی کرادے، یہ کلام الناس ہے، کیونکہ لوگوں سے بھی کہتے ہیں کہ فلاں سے میری شادی کروادے۔اسلئے ایسی دعا نماز میں جائز نہیں ہے۔اور جن چیزوں کا انسان سے مانگنا محال ہے وہ دعا کلام الناس نہیں ہے، مثلا یہ کہے کہ ائے اللہ میری مغفرت کردے، تو یہ کلام الناس نہیں ہے اسلئے مغفرت اللہ کے علاوہ کسی سے مانگی نہیں جاتی۔یہ دعا نماز میں بھی جائز ہے۔اور جوسوال انسان سے بھی کرتے ہیں، اور عموما اللہ سے کرتے ہیں وہ کلام الناس میں ہی شمار کیا جائے گا۔مثلا روزی عموما اللہ سے مانگی جاتی ہے، لیکن کبھی کبھار انسان کے لئے بھی استعمال ہوجاتا ہے تو وہ کلام الناس میں شمار کیا جائے گا۔

لوگ بولتے ہیں کہ امیر نے لشکر کوروزی دی۔اسلئے یہ دعا بھی نماز میں مانگنا اچھا نہیں ہے۔

**اصول**: جوچیز انسان سے مانگی جاتی ہے وہ کلام الناس ہے اور جو چیز انسان سے نہیں مانگی جاتی وہ کلام الناس نہیں ہے۔

**ترجمہ**: (۳۰۸) پھر سلام کرے دائیں جانب اور کہے السلام علیکم ورحمۃ اللہ اور سلام کرے بائیں جانب اسی طرح۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ نے روایت کی ہے کہ نبی علیہ السلام دائیں جانب سلام کرتے یہاں تک کہ آپؐ کا دائیں گال کی سفیدی دیکھی جاتی، اور بائیں جانب سلام کرتے یہاں تک کہ بائیں گال کی سفیدی دیکھی جاتی تھی۔

حتی یری بیاض خده الایسر (۳۰۹) ونوی بالتسلیم الاولیٰ من علیٰ یمینه من الرجال والنساء والحفظة وکذلک فی الثانیة ﴿۱﴾ لان الاعمال بالنیات ﴿۲﴾ ولاینوی النساء فی زماننا ولا من لاشرکة له فی صلاته هو الصحیح لان الخطاب حظُّ الحاضرین

---

**تشریح**: یعنی سلام پھیرتے وقت دونوں جانب منہ اتنا پھیراتے کہ گال کی سفیدی دیکھی جاسکتی تھی ۔

**وجه**: صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے (۱) عن عبد الله ان النبی ﷺ کان یسلم عن یمینه وعن شماله حتی یری بیاض خده، السلام علیکم ورحمة الله ،السلام علیکم ورحمة الله (ابوداؤد شریف، باب فی السلام ص ۱۵۰ نمبر ۹۹۶ / بخاری شریف، باب التسلیم ص ۱۱۶ نمبر ۸۳۷ / ترمذی شریف، باب ماجاء فی التسلیم فی الصلوۃ ص ۶۵ نمبر ۲۹۵) اس حدیث سے ثابت ہوا کہ سلام پھیرنا چاہئے اس طرح کہ کنارے والوں کو گال نظر آنے لگے (۲) عن ابی سعید قال قال رسول الله ﷺ مفتاح الصلوة الطهور وتحریمها التکبیر وتحلیلها التسلیم۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء فی تحریم الصلوۃ وتحلیلھا ص ۵۵ نمبر ۲۳۸ / ابوداؤد شریف نمبر ۶۱۸) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ سلام پھیرنا چاہئے۔

**ترجمه**: (۳۰۹) اور پہلے سلام سے مردوں اور عورتوں میں ان مقتدیوں کی نیت کرے جو امام کے دائیں جانب ہیں، اور حفاظت کرنے والے فرشتے کی نیت کرے۔ اور ایسے ہی دوسرے سلام میں بائیں والوں کی نیت کرے۔

**وجه**: (۱) حدیث میں ہے۔ عن جابر بن سمرة .... انما یکفی احدکم أن یضع یده علی فخذه ، ثم یسلم علی أخیه من علی یمینه و شماله ۔ (مسلم شریف، باب الامر بالسکون فی الصلوۃ والنھی عن الاشارۃ بالید، ص ۱۸۱، نمبر ۴۳۱ / ۹۷۰ / ابوداود شریف، باب فی السلام، ص ۱۵۲، نمبر ۹۹۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سلام میں دائیں اور بائیں جانب مقتدی کی نیت کرے۔

**ترجمه**: ﴿۱﴾ اسلئے کہ اعمال کا مدار نیتوں پر ہے۔

**تشریح**: چونکہ اعمال کا مدار نیتوں پر ہے اسلئے سلام میں مقتدیوں اور فرشتوں کی نیت کرے گا تو انکو ثواب ملے گا۔

**ترجمه**: ﴿۲﴾ اور ہمارے زمانے میں عورتوں کی نیت نہ کرے، اور نہ اسکی نیت جو نماز میں شریک نہیں ہیں صحیح یہی ہے اسلئے کہ خطاب حاضرین کو ہے۔

**تشریح**: یہاں دو باتیں کہی ہے [۱] ایک تو یہ کہ اس زمانے میں سلام کرتے وقت عورتوں کی نیت نہ کرے، اسکی وجہ یہ ہے کہ امام نماز میں عورتوں کیطرف دھیان کو متوجہ کرے یہ اچھا نہیں ہے، دوسری وجہ یہ ہے کہ اس زمانے میں فساد کی وجہ سے عورتوں کو مسجد

(۳۱۰) ولا بدللمقتدی من نية امامه فان كان الامام من الجانب الايمن اوالا يسر نواه فيهم﴾ ۱؎ وان كان بحذائه نواه في الاولیٰ عندابی یوسفؒ ترجيحالجانب الايمن

میں جانا ہی نہیں چاہئے اسلئے اسکی نیت کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ فساد کی وجہ سے نہ جانے کی حدیث یہ ہے۔ أن عائشةؓ زوج النبی ﷺ قالت : لو أدرک رسول الله ﷺ ما أحدث النساء لمنعهن المسجد كما منعت نساء بنی اسرائيل . قال يحی : فقلت لعمرة : أمنعت نساء بنی اسرائيل ؟ قالت : نعم . (ابوداود شریف، باب التشدید فی ذالک (ای فی خروج النساء الی المسجد)، ص ۹۱، نمبر ۵۶۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اس زمانے میں عورتوں کو مسجد نہیں جانا چاہئے۔ اسلئے انکی نیت بھی نہ کرے۔[۲] اور دوسری بات یہ ہے کہ السلام علیکم میں خطاب حاضرین کو ہے اسلئے جو جماعت سے غائب ہے اسکی نیت کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

**ترجمہ**: (۳۱۰) اور مقتدی کے لئے ضروری ہے کہ اپنے امام کی نیت کرے، پس اگر امام دائیں جانب ہیں تو دائیں جانب انکی نیت کرے، یا بائیں جانب ہیں تو اس میں انکی نیت کرے۔

**تشریح**: جس طرح امام سلام پھیرتے وقت مقتدی کی نیت کرے اسی طرح مقتدی سلام پھیرتے وقت اپنے امام کی نیت کرے، پس اگر دائیں جانب ہوں تو دائیں جانب سلام پھیرتے وقت امام کی نیت کرے، اور اگر امام اس سے بائیں جانب ہو تو بائیں جانب سلام پھیرتے وقت امام کی نیت کرے، اور اگر امام سامنے ہو تو دونوں جانب سلام پھیرتے وقت امام کی نیت کرے کیونکہ امام گویا کہ دونوں جانب ہیں۔

**وجہ**: (۱) دلیل یہ حدیث ہے۔ عن سمرة بن جندب قال : أمرنا النبی ﷺ أن نرد على الامام، و أن نتحاب، و أن يسلم بعضنا على بعض۔ (ابوداود شریف، باب الرد علی الامام، ص ۱۵۲، نمبر ۱۰۰۱ ابن ماجہ شریف، باب رد السلام علی الامام، ص ۱۳۱، نمبر ۹۲۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اپنے امام کو بھی سلام کرنا چاہئے۔ (۱) اثر میں ہے۔ عن حماد قال : اذا كان الامام عن يمينک فسلمت عن يمينک ، و نويت الامام فی ذالک ، و اذا كان عن يسارک سلمت و نويت الامام فی ذالک ايضاً ، و اذا كان بين يديک فسلمت عليه فی نفسک ، ثم سلمت عن يمينک و عن شمالک۔ (مصنف عبد الرزاق، باب الرد علی الامام، ج ثانی، ص ۲۲۴، نمبر ۳۱۵۲) اس اثر سے معلوم ہوا کہ امام دائیں جانب ہو تو دائیں جانب اسکی نیت کرے، اور بائیں جانب ہو تو بائیں جانب اسکی نیت کرے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اور اگر امام اسکے سامنے ہو تو پہلی مرتبہ سلام کرنے میں اسکی نیت کرے امام ابو یوسفؒ کے نزدیک دائیں جانب کو ترجیح دینے کے لئے

۲؎ وعند محمدؒ و ھو روایۃ عن ابی حنیفۃؒ نواہ فیھما لانہ ذوحظ من الجانبین (۳۱۱) والمنفرد ینوی الحفظۃ لاغیر ﴾ ا؎ لانہ لیس معہ سواھم (۳۱۲) والامام ینوی بالتسلیمتین ھو الصحیح ﴾ ا؎ ولاینوی فی

**تشریح** : امام ابو یوسفؒ کی رائے ہے کہ دائیں جانب کو فضیلت ہے اسلئے دائیں جانب سلام کرتے وقت امام کی نیت کرے۔ دلیل یہ حدیث ہے۔ عن عائشہ قالت : کان النبی ﷺ یعجبہ التیمن فی تنعلہ ، و ترجلہ ، و طھورہ ، و فی شانہ کلہ۔ (بخاری شریف، باب التیمن فی الوضوء والغسل ، ص ۲۹ ،نمبر ۱۶۸) اس حدیث میں ہے کہ تمام چیزوں میں دائیں جانب پسند فرماتے تھے اسلئے دائیں جانب جب سلام کرے تو امام کی نیت کرے۔

**ترجمہ** : ۲؎ اور امام محمدؒ کے نزدیک اور وہی امام ابوحنیفہؒ کی ایک روایت ہے کہ دونوں جانبوں میں امام کی نیت کرے اسلئے کہ یہ دونوں جانب کے حصے دار ہیں۔

**تشریح** : امام محمدؒ کی رائے یہ ہے کہ دونوں جانب سلام کرتے وقت امام کی نیت کرے کیونکہ امام سامنے ہیں اسلئے گویا کہ دونوں جانب پڑ رہے ہیں۔ اسلئے دونوں جانب انکی نیت کرے۔

**ترجمہ** : (۳۱۱) اور منفرد صرف حفاظت کرنے والے فرشتے کی نیت کرے۔

**ترجمہ** : ا؎ اسلئے کہ اسکے ساتھ اسکے علاوہ کوئی نہیں ہے۔

**تشریح** : آدمی تنہا نماز پڑھ رہا ہو تو دونوں سلاموں میں دونوں طرف حفاظت کرنے والے فرشتے کی نیت کرے، اسلئے کہ السلام علیکم، میں خطاب حاضرین کو ہے اور اسکے ساتھ فرشتوں کے علاوہ کوئی نہیں ہے اسلئے انہی کی نیت کرے۔

**ترجمہ** : (۳۱۲) اور امام دونوں سلاموں میں مقتدی اور فرشتوں کی نیت کرے۔ صحیح یہی ہے۔

**تشریح** : صحیح یہ ہے کہ امام دونوں سلام کرتے وقت دونوں طرف کے فرشتے کی بھی نیت کرے گا اور مقتدیوں کی بھی نیت کرے گا، اسلئے کہ دونوں طرف فرشتے ہیں اور دونوں طرف مقتدی ہیں دلیل آگے کی حدیث ہے۔ بعض حضرات نے فرمایا کہ ایک طرف نیت کرنا کافی ہے۔

**وجہ** : عن جابر بن سمرۃ .... انما یکفی احدکم أن یضع یدہ علی فخذہ ، ثم یسلم علی أخیہ من علی یمینہ و شمالہ۔ (مسلم شریف، باب الامر بالسکون فی الصلوۃ والنھی عن الاشارۃ بالید، ص ۱۸۱، نمبر ۴۳۱ / ۹۷۰ رابوداؤد شریف، باب فی السلام، ص ۱۵۲، نمبر ۹۹۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سلام میں دائیں اور بائیں جانب مقتدی کی نیت کرے۔ اور چونکہ فرشتے بھی ہیں اسلئے انکی بھی نیت کرے۔

**ترجمہ** : ا؎ فرشتے میں متعین تعداد کی نیت نہ کرے۔ اسلئے کہ انکی تعداد کے بارے میں احادیث مختلف ہیں تو انبیاء علیھم السلام

الملائكة عددامحصورالان الاخبارفی عددهم قد اختلف فاشبه الايمان بالانبياء عليهم السلام ۲ ثم اصابة لفظة السلام واجبة عندنا وليس بفرض خلافا للشافعیؒ هويتمسک بقوله عليه السلام تحريمها التكبير وتحليلها التسليم ۳ ولنامارويـنا من حديث ابن مسعودؓ التخيير ينا فی الفرضية والوجوب الا انا اثبتنا الوجوب بمارواه احتياطا وبمثله لايثبت الفرضية والله اعلم

---

پر ایمان کے مشابہ ہوگیا۔

**تشریح** : ایک آدمی کے ساتھ کتنے فرشتے ہوتے ہیں اس بارے میں احادیث مختلف ہیں اسلئے کسی خاص تعداد کی نیت نہ کرے بلکہ سب فرشتوں کی نیت کر لے تا کہ جتنے بھی ہوں سب کی نیت ہو جائے۔ جیسے انبیاء علیہم السلام کی متعین تعداد معلوم نہیں اسلئے سب پر ایمان رکھنا ضروری ہے اسی طرح یہاں بھی سب کی نیت کرلیں۔

**ترجمہ** : ۲ پھر خاص لفظ سلام کا کہنا ہمارے نزدیک واجب ہے، اور فرض نہیں ہے خلاف امام شافعیؒ کے، وہ حضور علیہ السلام کے قول سے دلیل پکڑتے ہیں، کہ نماز کا تحریمہ تکبیر سے ہوتا ہے اور اسکا اختتام سلام سے ہوتا ہے۔

**تشریح** : امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک خروج بصنعہ، (یعنی کوئی بھی حرکت کر کے نماز کو پوری کرنا فرض ہے) البتہ لفظ سلام کر کے نکلنا فرض نہیں واجب ہے۔

**فائدہ** : امام شافعیؒ کے نزدیک آگے والی حدیث کی وجہ سے لفظ سلام کر کے نماز سے نکلنا فرض ہے۔ موسوعۃ میں عبارت یہ ہے۔ و اقل ما يكفيه من تسليمه أن يقول : السلام عليكم ، فان نقص من هذا حرفا ، عاد فسلم ، و ان لم يفعل حتى قام ، عاد فسجد للسهو ثم سلم . (موسوعۃ امام شافعیؒ، باب السلام فی الصلوۃ، ج ثانی، ص ۲۰۴، نمبر ۱۴۸۵) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ انکے یہاں لفظ سلام سے نکلنا فرض ہے۔

**وجہ** : (۱) انکی دلیل وہ تمام احادیث ہیں جن میں سلام کر کے نماز پوری کی ہے۔ (۲) صاحب ھدایہ کی پیش کردہ یہ حدیث بھی ہے۔ عن ابی سعيد قال قال رسول الله ﷺ مفتاح الصلوة الطهور وتحريمها التكبير وتحليلها التسليم ۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء فی تحریم الصلوۃ وتحلیلھا ص ۵۵ نمبر ۲۳۸ / ابو داؤد شریف نمبر ۶۱۸) اس حدیث میں ہے کہ سلام کر کے آدمی نماز سے نکلے گا۔

**ترجمہ** : ۳ اور ہماری دلیل جو ہمنے روایت کی عبد اللہ ابن مسعودؓ کی حدیث، جس میں اختیار دیا تھا، اور اختیار دینا فرض ہونے اور واجب ہونے کے منافی ہے، پھر بھی ہمنے اس روایت کی وجہ سے احتیاط کے طور پر وجوب ثابت کیا، اور اس قسم کی حدیث سے فرض ثابت نہیں کیا جا سکتا۔

**تشریح** : اوپر حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ کی حدیث گزری تھی جس میں تھا کہ تشہد کی مقدار بیٹھ لو یا تشہد کہہ لو تو نماز پوری ہو جائے گی اسکے بعد چاہو تو بیٹھو، اور چاہو تو کھڑے ہو جاؤ۔ جس سے معلوم ہوا کہ تشہد کی مقدار بیٹھنے سے یا تشہد کہنے سے نماز پوری ہو گئی اسلئے اب کوئی فرض باقی نہیں رہا، اسلئے امام شافعیؒ کی پیش کردہ حدیث , **تحریمها التكبير و تحليلها التسليم** ، سے ہم فرضیت ثابت نہیں کر سکتے ، پھر بھی چونکہ حدیث پیش کی ہے اسلئے احتیاط کے لئے اس سے واجب ثابت کرتے ہیں۔

**وجه** : صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے (۱)۔ **وان رسول الله ﷺ اخذ بيد عبد الله بن مسعود فعلمه التشهد في الصلوة فذكر مثل دعاء حديث الاعمش اذا قلت هذا اوقضيت هذا فقد قضيت صلوتك ان شئت ان تقوم فقم وان شئت ان تقعد فاقعد** ۔ (ابوداؤد شریف، باب التشہد ص ۱۴۶ نمبر ۹۷۰ رترمذی شریف، باب ماجاء فی وصف الصلوۃ ص ۶۶ نمبر ۳۰۲) تشہد کی مقدار بیٹھ گیا تو نماز پوری ہو گئی۔ اس سے معلوم ہوا کہ آگے سلام فرض نہیں ہے۔ (۲) اسی طرح طحاوی میں ہے **عن عمر بن العاص ان رسول الله ﷺ قال اذا قضى الامام الصلوة فقعد فاحدث هو واحد ممن اتم الصلوة معه قبل ان يسلم الامام فقدتمت صلاته فلايعود فيها** (طحاوی شریف، باب السلام فی الصلوۃ ھل ھو من فروضھا او من سننھا ص ۱۹۴ رسنن للبیھقی ، باب تحلیل الصلوۃ بالتسلیم ج ثانی ص ۲۵۰، نمبر ۲۹۷۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قعدۂ اخیرہ میں بیٹھ گیا اور حدث ہو گیا تو نماز پوری ہو گئی۔ چاہے سلام کرے یا نہ کرے تو معلوم ہوا کہ سلام کرنا فرض نہیں ہے۔ اگر سلام کرنا فرض ہوتا تو اس کی نماز پوری کیسے ہوتی۔ (۳) **عن ابن عمر ان رسول الله ﷺ قال اذا قضى الامام الصلوة وقعد فاحدث قبل ان يتكلم فقد تمت صلوته ومن كان خلفه ممن اتم الصلوة** (ابوداؤد شریف، باب الامام یحدث بعد ما یرفع رأسہ ص ۹۸ نمبر ۶۱۷) اس سے معلوم ہوا کہ سلام فرض نہیں ہے ورنہ حدث سے نماز کیسے پوری ہو جاتی! ۔ البتہ حدیث کی بنا پر احتیاط کے طور پر ہم سلام کہہ کر نماز سے نکلنا واجب کہتے ہیں......... واللہ اعلم

﴿فصل فی القراءة﴾

(۳۱۳) قال يجهر بالقراءة فی الفجر والركعتين الاوّليين من المغرب والعشاء ان كان اماما ويخفی فی الاخريين﴾

﴿فصل فی القراءة﴾

**ترجمہ:** (۳۱۳) جہری قرأت کرے فجر میں، مغرب کی پہلی دو رکعتوں میں اور عشا کی پہلی دونوں رکعتوں میں اگر امام ہو۔ اور قرأت پوشیدہ کرے گا پہلی دو کے بعد میں۔

**تشریح:** فجر کی دونوں رکعتوں میں، مغرب کی پہلی دو رکعتوں میں اور عشا کی پہلی دو رکعتوں میں قرأت زور سے پڑھے گا۔ اور مغرب کی تیسری رکعت میں اور عشاء کی دوسری دو رکعتوں میں قرأت آہستہ پڑھے گا۔

**وجہ:** (۱) عن انس أن جبرئيلؑ اتی النبی ﷺ بمكة حين زالت الشمس و أمره أن يوذن للناس بالصلوة حين فرضت عليهم ، فقام جبرئيلؑ امام النبی ﷺ و قامو الناس خلف رسول الله ﷺ قال : فصلی أربع ركعات لا يجهر فيها بقرأة....ثم امهل حتی اذا دخل وقت العصر ، صلی بهم أربع ركعات لا يجهر فيها بالقرأة ....ثم امهل حتی اذا وجبت الشمس صلی بهم ثلاث ركعات يجهر فی ركعتين بالقرأة و لا يجهر فی الثالثة ، ثم امهله حتی اذا ذهب ثلث الليل صلی بهم أربع ركعات يجهر فی الاولیين بالقرأة ، و لا يجهر فی الاخريين بالقرأة ، ثم امهل حتی اذا طلع الفجر صلی بهم ركعتين يجهر فيهما بالقرأة ۔(دار قطنی، باب امامة جبرئیل، ص ۲۶۸، نمبر ۱۰۱۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ فجر دونوں رکعتوں میں جہری قرأت کرے اور مغرب اور عشاء کی پہلی دو رکعتوں میں جہری قرأت کرے اور مغرب کی تیسری رکعت میں اور عشا کی تیسری اور چوتھی رکعت میں سری قرأت کرے۔

(۲) حدیث میں عن ابن عباس قال انطلق النبی ﷺ... وهو يصلی باصحابه صلوة الفجر فلما سمعوا القرآن استمعوا له. (بخاری شریف، باب الجهر بقراءة صلوة الصبح ص ۱۰۶ نمبر ۷۷۳ رمسلم شریف، باب الجهر بالقراءة فی الصبح والقراءة علی الجن ص ۱۸۴ نمبر ۴۴۹ر۱۰۰۶) اس باب میں جنات کے سامنے فجر کی نماز میں جہری قرأت کرنے کی کئی حدیثیں ذکر کی گئی ہیں۔ جن سے معلوم ہوتا ہے کہ فجر کی نماز میں جہری قرأت ہے اگر خود امام ہو تو۔ (۳) مغرب میں جہری قرأت کی دلیل یہ ہے ۔جبير بن مطعم عن ابيه قال سمعت رسول الله ﷺ قرء فی المغرب بالطور . (بخاری شریف، باب الجهر فی المغرب ص ۱۰۵ نمبر ۷۶۵) سمعت کے لفظ سے پتہ چلا کہ آپؐ نے قرأت جہری کی ہے تب ہی تو راوی نے سورۂ طور سنی۔

(۴) عشا کی نماز میں جہری قرأت کرنے کی دلیل یہ حدیث ہے سمعت البراء ان النبی ﷺ كان فی سفر فقرء فی

لےھذا ھو المتوارث (۳۱۴) وان کان منفردا فھو مخیر ان شاء جھر واسمع نفسہ ﴾لےلانہ امام فی حق نفسہ وان شاء خافت لانہ لیس خلفہ من یسمعہ

العشاء فی احدی الرکعتین بالتین والزیتون ۔ (بخاری شریف، باب الجہر فی العشاء ص ۱۰۵ نمبر ۷۶۷ رمسلم شریف، باب القراءۃ فی العشاء ص ۱۸۷ نمبر ۴۶۴) یہاں بھی سمعت کے لفظ سے معلوم ہوا کہ آپ نے عشا کی نماز میں قرأت جہری کی ہے۔

(۱) عشا کی دوسری دو رکعتوں میں جہری قرأت نہ کرنے کی دلیل یہ حدیث ہے قال عمر لسعد شکوک فی کل شیء حتی الصلوۃ قال اما انا فامد فی الاولیین واحذف فی الآخریین. (بخاری شریف، باب یطول فی الاولیین ویحذف فی الاخریین ص ۱۰۶ نمبر ۷۷۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دوسری دو رکعتوں میں قرأت نہ کرتے تھے یا آہستہ کرتے تھے۔ کیونکہ حذف کے ایک ہی معنی ہے قرأت چھوڑ دینا۔ اس لئے قرأت ہی نہیں کرتے تھے یا آہستہ کرتے تھے۔ اسی پر مغرب کی تیسری رکعت کو قیاس کرنا چاہئے۔ اور اس میں بھی یا قرأت نہیں ہے جیسا کہ پہلے گزرا یا قرأت آہستہ کرتے تھے۔

**ترجمہ**: لے یہی متوارث ہے۔ یعنی یہی حضور پاکؐ اور صحابہؓ اور تابعین کے زمانے سے منقول ہوتا چلا آیا ہے۔

**ترجمہ**: (۳۱۴) اور اگر تنہا نماز پڑھ رہا ہے تو اس کو اختیار ہے اگر چاہے تو زور سے پڑھے اور اپنے آپ کو سنائے کیونکہ وہ اپنے نفس کے حق میں امام ہے اور اگر چاہے تو آہستہ پڑھے۔

**ترجمہ**: لے اسلئے کہ اسکے پیچھے کوئی نہیں ہے جسکو وہ سنائے گا۔

**تشریح**: اگر تنہا نماز پڑھ رہا ہے تو وہ اپنے لئے امام بھی ہے اس لئے جہری نماز میں زور سے پڑھ سکتا ہے اور اپنے آپ کو سنا سکتا ہے۔ لیکن اس کے پیچھے کوئی نہیں ہے جس کو سنائے اس لئے وہ آہستہ بھی پڑھ سکتا ہے۔ بہتر یہ ہے کہ تھوڑا زور سے پڑھے تا کہ ہیئت جماعت پر نماز ادا ہو جائے ۔

**وجہ**: (۱) قلت لعطاء : ما یجھر بہ الصوت من القرأۃ من صلاۃ اللیل و النھار من المکتوبۃ ؟ قال : الصبح و الاولیین العشاء ، و الاولیین المغرب ، و الجمعۃ اذا کانت فی جماعۃ ، فاما اذا کان المرأ وحدہ فلا ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب ما تجھر من القرأۃ فیہ من الصلوۃ، ج ثانی، ص ۱۰۰، نمبر ۲۶۵۵) اس اثر میں ہے کہ آدمی جماعت کے ساتھ ہو تو جہر کرے اور تنہا ہو تو ضروری نہیں ہے اور زور سے پڑھے اور اپنے آپ کو سنائے (۲) اس کی دلیل یہ اثر بھی ہے عن نافع ان عبد اللہ بن عمر کان اذا فاتہ شیء من الصلوۃ مع الامام فیما جھر فیہ الامام بالقراءۃ انہ اذا سلم الامام قام عبد اللہ فقرء لنفسہ فیما یقضی و جھر (مؤطا امام مالک، باب العمل فی القراءۃ ص ۶۴) اس اثر سے معلوم ہوا کہ جہری نماز اکیلے پڑھتا ہو تو زور سے قرأت پڑھ سکتا ہے۔ کیونکہ عبد اللہ بن عمر زور سے پڑھتے تھے۔

۲؎ والافضل هو الجهر ليكون الاداء علىٰ هيأة الجماعة (۳۱۵) ويخفيها الامام فی الظهر والعصر وان كان بعرفة ﴾ ا؎ لقوله عليه السلام صلوة النهار عجماء ای ليست فيها قراءة مسموعة ۲؎ وفی عرفة

**ترجمہ:** ۲؎ اور افضل یہ ہے کہ زور سے پڑھے تا کہ ادا جماعت کے طور پر ہو جائے۔

**تشریح:** تنہا آدمی کے لئے فرض نماز میں آہستہ پڑھنا جائز تو ہے لیکن زور سے پڑھے تو افضل ہے تا کہ نماز جماعت کی ھیئت پر ہو جائے۔

**ترجمہ:** (۳۱۵) امام ظہر اور عصر میں قرأت آہستہ پڑھے چاہے عرفہ میں ہی کیوں نہ ہو۔

**وجہ:** (۱) عن انس أن جبرئيل اتی النبی ﷺ بمكة حين زالت الشمس و أمره أن يوذن للناس بالصلوة حين فرضت عليهم ، فقام جبرئيل امام النبی ﷺ و قاموا الناس خلف رسول الله ﷺ قال : فصلی أربع ركعات لا يجهر فيها بقرأة ....ثم امهل حتى اذا دخل وقت العصر ، صلی بهم أربع ركعات لا يجهر فيها بالقرأة ۔(دار قطنی ، باب امامة جبرئیل ،ص ۲۶۸ ،نمبر ۱۰۱۱) اس حدیث میں ہے کہ ظہر اور عصر میں قرأت آہستہ کی۔(۲) عن ابی قتادة عن ابيه قال كان النبی ﷺ يقرأ فی الركعتين من الظهر والعصر بفاتحة الكتاب وسورة سورة ويسمعنا الآية احيانا (بخاری شریف ، باب القراءۃ فی الظہر والعصر ص ۱۰۵ نمبر ۷۶۲ رمسلم شریف ، باب القراءۃ فی الظہر والعصر ص ۱۸۵ نمبر ۴۵۱) یسمعنا الآیۃ احیانا سے معلوم ہوا کہ آپ پہلی دونوں رکعتوں میں قرأت آہستہ کرتے تھے۔ لیکن کبھی کبھار ایک دو آیت سنا بھی دیتے تھے۔ اسی حدیث کے یقرأ فی الرکعتین سے معلوم ہوا کہ دوسری دو رکعتوں میں قرأت پڑھنا ضروری نہیں ہے۔ کیونکہ آپ پہلی دو رکعتوں ہی میں قرأت کرتے تھے (۳) عن الزهری قال عن رسول الله ﷺ ان يجهر بالقراءة فی الفجر فی الركعتين وفی الاولیين من المغرب والعشاء ويسر فيما عدا ذلك (اخرجہ ابوداؤد فی مراسلہ درایۃ ص ۹۱ ر اعلاء السنن ج رابع ص ۶ رمصنف ابن ابی شیبۃ ، ۱۳۹ فی قراءۃ النہار کیف ھی فی الصلوۃ ، ج اول ، ص ۳۰۲ ، نمبر ۳۶۶۱) اس سے بھی معلوم ہوا کہ ظہر اور عصر میں قرأت سری ہونی چاہئے۔

**ترجمہ:** ا؎ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ دن کی نماز گونگی ہے۔ یعنی اس میں ایسی قرأت نہیں ہے جسکو سن سکے۔

**تشریح:** اصل دلیل تو اوپر کی حدیث ہے۔ صاحب ھدایہ نے یہ اثر پیش کی ہے۔ عن الحسن قال : صلوة النهار عجماء و صلاة الليل تسمع اذنيك ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ، ۱۳۹ فی قرأۃ النہار کیف ھی فی الصلوۃ ، ج اول ، ص ۳۲۰ ، نمبر ۳۶۶۴ رمصنف عبد الرزاق باب قرأۃ النہار ، ج ثانی ، ص ۴۹۳ ، نمبر ۴۱۹۹) اس اثر میں ہے کہ دن کی نماز گونگی ہے۔

**ترجمہ:** ۲؎ اور عرفہ کے بارے میں حضرت امام مالک کا اختلاف ہے ، اور انکے اوپر حجت وہ ہے جو ہمنے روایت کی۔

خلاف لمالکؒ والحجة علیه ماروینا (۳۱۶) ویجهر فی الجمعة والعیدین ﴾ ل لورود النقل المستفیض بالجهر ۲ وفی التطوع بالنهار یخافت وفی اللیل یتخیر اعتبارا بالفرض فی حق المنفرد

---

**تشریح**: حضرت امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ نویں ذی الحجہ کو مقام عرفہ میں ظہر اور عصر میں قرأت زور سے کرے گا۔ لیکن ہمنے جو اثر بیان کیا کہ دن کی نماز گونگی ہے وہ ان پر حجت ہے کہ عرفہ میں ظہر اور عصر کی نماز سری پڑھی جائیگی۔

**ترجمہ**: (۳۱۶) اور زور سے قرأت پڑھی جائے گی جمعہ اور عیدین میں۔

**ترجمہ**: ل زور سے پڑھنے کے بارے میں مشہور حدیث وارد ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح**: جمعہ اور عیدین میں بھی زور سے قرأت کی جائے گی، اسلئے کہ اسکے بارے میں بہت سی احادیث وارد ہیں۔

**وجہ**: (۱) عن النعمان بن بشیر قال: کان رسول اللہ ﷺ یقرأ فی العیدین و فی الجمعة ﴿سبح اسم ربک الاعلی﴾ و ﴿هل أتاک حدیث الغاشیة﴾ (مسلم شریف، باب مایقرأ فی الجمعۃ، ص ۳۵۱، نمبر ۸۷۸/۲۰۲۸ / ابوداود شریف، باب مایقرأ فی الجمعۃ، ص ۱۶۹، نمبر ۱۱۲۲) اس حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ عیدین میں اور جمعہ میں سبح اسم، اور ھل اتاک حدیث الغاشیہ پڑھتے تھے جس سے معلوم ہوا کہ اس میں قرأت زور سے کرتے تھے تب ہی تو صحابہ نے حضور کی قرأت سنی۔

(۲) قلت لعطاء: ما یجهر به الصوت من القرأة من صلاة اللیل و النهار من المکتوبة؟ قال: الصبح و الاولیین العشاء، و الاولیین المغرب، و الجمعة اذا کانت فی جماعة، فاما اذا کان المرأ وحده فلا۔ (مصنف عبد الرزاق، باب ما تجہر من القرأۃ فیہ من الصلوۃ، ج ثانی، ص ۱۰۰، نمبر ۲۶۵۵) اس اثر میں ہے کہ جمعہ میں بھی قرأت زور سے کی جائے گی، اور اسی پر عیدین کو قیاس کیا جائے گا۔

**ترجمہ**: ۲ اور دن کے نفل میں آہستہ پڑھی جائے گی، اور رات کی نفل میں اختیار ہے منفرد کے حق میں فرض پر قیاس کرتے ہوئے۔

**تشریح**: دن میں نفل پڑھے تو قرأت آہستہ کرے گا، کیونکہ پہلے گزر چکا ہے کہ دن کی نماز گونگی ہے، اثر یہ گزرا۔ عن الحسن قال: صلوة النهار عجماء و صلاة اللیل تسمع اذنیک۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۳۹ فی قرأۃ النہار کیف ھی فی الصلوۃ، ج اول، ص ۳۲۰، نمبر ۳۶۶۴ / مصنف عبد الرزاق باب قرأۃ النہار، ج ثانی، ص ۴۹۳، نمبر ۴۱۹۹)) اس اثر میں ہے کہ دن میں جو بھی نماز ہو اس میں آہستہ قرأت کی جائے گی۔ اور رات میں نفل پڑھے تو اسکو اختیار ہے چاہے زور سے پڑھے، چاہے آہستہ پڑھے۔

**وجہ**: (۱) اسکی ایک وجہ تو یہ ہے کہ کوئی تنہا آدمی رات میں فرض پڑھے تو اسکو زور سے اور آہستہ پڑھنے کا اختیار ہے، اسی پر قیاس کر

۳؎ وهٰذا لانه مکمل له فیکون تبعا له (۳۱۷) ومن فاتته العشاء فصلاها بعدطلوع الشمس ان امّ فیها جهر کما ﴿۱؎ فعل رسول اللّٰہ ﷺ حین قضی الفجر غداة لیلة التعریس بجماعة

تے ہوئے کوئی تنہا آدمی نفل پڑھےتو اسکوزور سے اورآہستہ پڑھنے کااختیار ہے(۲)حدیث میں زور سے پڑھنے کااوراختیار کاثبوت ہے۔عن ابن عباس قال : کانت قراءة النبی ﷺ علی قدر ما یسمعه من فی الحجرة و هو فی البیت .(ابو داودشریف،باب رفع الصوت بالقراۃ فی صلوۃ اللیل،ص ۱۹۸،نمبر ۱۳۲۷)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رات کی نفل میں قرأت زور سے بھی پڑھی جاسکتی ہے۔(۳)اوراس حدیث میں ہے کہ پڑھنے والےکواختیار ہے۔قال : سألت عائشة کیف کانت قرأة النبی ﷺ باللیل ؟ [أ کان یسر بالقرأة أم یجهر ؟ ] فقالت : کل ذالک قد کان یفعل ، ربما اسر بالقرأة و ربما جهر فقلت : الحمد لله الذی جعل فی الامر سعة . (ترمذی شریف،باب ماجاءفی القراۃ باللیل،ص ۱۰۰،نمبر ۴۴۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سری اور جہری دونوں قرأت کرسکتا ہے۔

**ترجمه:** ۳؎ اور یہ اسلئے ہے کہ نفل فرض کومکمل کرنے والا ہےاسلئے نفل فرض کے تابع ہوگا۔

**تشریح:** نوافل فرض کومکمل کرنے کے لئے ہیں اسلئے وہ فرض کے تابع ہونگے۔اس حدیث میں اسکا ثبوت ہےفلقی ابو هریرة ......قال : انظروا هل لعبدی من تطوع ، فان کان له تطوع قال : اتموا لعبدی فریضته من تطوعه ، ثم توخذ الاعمال علی ذالکم ۔(سنن بیہقی،باب ماروی فی اتمام الفریضۃ من التطوع فی الاخرۃ،ج ثانی،ص ۵۴۰،نمبر ۴۰۰۰)اس حدیث میں ہے کہ نوافل فرض کے مکمل کرنے کے لئے ہیں۔ اوردن کے فرض میں قرأت سری ہےاسلئے اسکے نفل میں بھی قرأت سری ہوگی،اوررات کے فرض میں قرأت جہری ہےاسلئے اسکے نفل میں بھی قرأت جہری کرسکتا ہے۔اورسری کا بھی اختیار ہے۔

**ترجمه:** (۳۱۷) کسی کی عشاءفوت ہوجائے اوروہ اسکوسورج طلوع ہونے کے بعد پڑھے،اگراس میں امامت کررہاہوتو قرأت جہری کرے۔

**ترجمه:** ۱؎ جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے کیا جس وقت لیلۃ التعریس میں فجر جماعت کے ساتھ قضا کی۔

**تشریح:** کسی کی عشاءفوت ہوگئی اوراسکورات کے بجائے دن میں ادا کررہاہے،تواگر جماعت کے ساتھ ادا کررہاہےتواس میں قرأت جہری کرے گااوراگراکیلا پڑھ رہاہےتو قرأت سری کرے گا۔

**وجه:** (۱)لیلۃ التعریس میں فجر قضا ہوگئی اوراسکودن میں سورج نکلنے کے بعدادا کیاتو قرأت جہری کی ہے۔جس سے معلوم ہوا کہ قرأت جہری کرے گا۔لمبی حدیث کاٹکڑا یہ ہے اوریہی صاحب ھدایہ کامستدل حدیث ہے۔عن ابی قتادہ قال : خطبنا

(۳۱۸) وان كان وحده خافت حتما ولا يتخير ﴾ لـ هو الصحيح لان الجهر يختص أمابالجماعة حتما اوبالوقت فی حق المنفرد علی وجه التخيير ولم يوجد احدهما (۳۱۹)ومن قرأ فی العشاء فی الاوّليين السورة ولم يقرأ بفاتحة الكتاب لم يعد فی الاخريين وان قرأ الفاتحة ولم يزد عليها قرأفی

رسول الله ﷺ ....فصلی رسول الله ﷺ رکعتين ، ثم صلی الغداة فصنع کما کان يصنع کل يو م۔( مسلم شریف، باب قضاء الصلوۃ الفائتۃ واستحباب تعجیل قضائھا، ص ۲۳۸، نمبر ۶۸۱/۱۵۶۲) اس حدیث میں, کما کان یصنع کل یوم ، کے اشارۃ النص سے استدلال فرمایا ہے کہ ہر دن فجر میں جہری قرأت کرتے تھے تو اس دن بھی سورج طلوع ہونے کے بعد بھی جہری قرأت ہی کی ہے ،جس سے ثابت ہوا کہ رات کی نماز دن کو جماعت کے ساتھ قضا کرے تو جماعت کی ہیئت پر جہری قرأت کرے۔

**ترجمہ:** (۳۱۸) اور اگر اکیلا نماز پڑھ رہا ہو تو لازمی طور پر سری قرأت کرے اور اختیار نہیں ہوگا، صحیح یہی ہے۔

**تشریح** : رات کی نماز دن میں پڑھ رہا ہے، اور اکیلا پڑھ رہا ہے، جماعت کے ساتھ نہیں ہے تو یہ لازمی طور پر سری قرأت کرے۔ اگر وقت میں یعنی رات میں پڑھتا تو اسکو جہری اور سری دونوں قرأت کرنے کا اختیار ہوتا۔

ھو الصحیح: کہہ کر اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ حضرت شمس الائمہ سرخسی نے فرمایا کہ اس تنہا پڑھنے والے کو بھی اختیار ہوگا کہ چاہے تو آہستہ قرأت کرے اور چاہے تو زور سے قرأت کرے۔جس طرح یہ رات میں تنہا نماز پڑھتا تو اسکو دونوں قرأت کا اختیار ہو تا۔

**ترجمہ:** لـ اسلئے کہ جہری قرأت یا تو صرف جماعت کے ساتھ خاص ہے یا منفرد کے حق میں اختیار کے ساتھ وقت کے ساتھ خاص ہے اور دونوں میں سے کوئی نہیں پایا گیا۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے، پہلے یہ گزر چکا ہے کہ رات کی نماز وقت میں جماعت کے ساتھ پڑھ رہا ہو تو جہری قرأت کرنا واجب ہے، اور تنہا پڑھ رہا ہو تو اسکو اختیار ہے چاہے جہری پڑھے یا سری پڑھے، اس سے معلوم ہوا کہ جہری قرأت کرنے کی دو وجہ ہیں، یا تو جماعت ہو، یا وقت میں نماز پڑھ رہا ہو، اور یہاں آدمی تنہا نماز پڑھ رہا ہے، اسلئے جماعت بھی نہیں ہے اور رات کی نماز دن کو پڑھ رہا ہے اسلئے وقت بھی نہیں ہے، اسلئے دونوں میں سے کوئی وجہ نہیں ہے اسلئے یہ لازمی طور پر سری قرأت کرے گا۔

**ترجمہ:** (۳۱۹) کسی نے عشاء کی پہلی دو رکعتوں میں دوسری سورت تو پڑھی لیکن سورہ فاتحہ نہیں پڑھی، تو دوسری دو رکعتوں میں سورہ فاتحہ نہیں لوٹائے گا۔ اور اگر سورہ فاتحہ تو پڑھی لیکن دوسری سورت نہیں ملایا، تو دوسری دو رکعتوں میں سورہ فاتحہ پڑھے گا اور اسکے بعد سورت ملائے گا۔

**الاخرين الفاتحة والسورة وجهر﴾ ١ وهذا عند ابى حنيفةؒ ومحمدؒ ٢ وقال ابويوسفؒ لايقضى واحدة منهما لان الواجب اذا فات عن وقته لايقضى الا بدليل**

**ترجمہ:** ١ یہ امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک ہے۔

**تشریح:** کسی نے عشاء کی پہلی دو رکعتوں میں سورت تو ملایا لیکن سورہ فاتحہ نہیں پڑھی تو دوسری دو رکعتوں میں اس سورہ فاتحہ کی قضا نہیں کرے گا۔ البتہ استحبابی طور پر حنفیہ کے نزدیک سورہ فاتحہ پڑھنے کا حکم ہے وہ پڑھ سکتا ہے ۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ مشروع طریقہ یہ ہے کہ پہلے سورہ فاتحہ ہو پھر سورہ ملائی جائے، اور دوسری دو رکعتوں میں سورہ فاتحہ قضا کرنے سے صورت یہ ہو جائے گی کہ پہلے سورت ہوگی اور بعد میں سورہ فاتحہ ہوگی، اس صورت میں سورت ملانے کی ترتیب الٹ جائے گی۔ اسلئے بعد میں فاتحہ کی قضا نہ کرے۔ (۲) اسکے لئے اثر یہ ہے۔ عن الحسن فی رجل قرأ: ﴿ قل هو الله أحد ﴾ و نسی, فاتحة الكتاب، قال : يجزئه ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ ۱۷۲، ما قالو فیہ اذا نسی أن یقرأ بالحمد، ج اول، ص ۳۴۸، نمبر ۴۰۰۵) اس اثر میں ہے کہ فاتحہ بھول جائے تو نماز ہو جائے گی۔

اور اگر فاتحہ تو پہلی دو رکعتوں میں پڑھی، لیکن سورت نہیں ملائی تو دوسری دو رکعتوں میں سورت ملا سکتا ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ پہلی دو رکعتوں میں فاتحہ ہوگئی اور اسکے بعد سورت کا ملانا ہوا، تو مشروع ترتیب باقی رہی ، اسلئے یہ جائز ہوگا۔ دوسری صورت یہ ہے کہ دوسری دو رکعتوں میں استحبابی طور پر سورہ فاتحہ پڑھے اور اسکے بعد قضا کے طور پر سورت ملائے، تو فاتحہ کے بعد سورت کا ملانا ہوا جو مشروع ہے۔ اور صحیح ہوگا۔

**وجہ:** (۱) اثر میں ہے۔ عن عبد الله بن حنظلة بن الراهب قال : صلى بنا عمر بن الخطاب فنسى أن يقرأ فى الركعة الاولى فلما قام فى الركعة الثانية قرأ بفاتحة الكتاب مرتين و سورتين ، فلما قضى الصلاة سجد سجدتين . (ابن ابی شیبۃ، نمبر ۴۱۲۲) (۲) عن علیؓ قال : اذا نسى الرجل أن يقرأ فى الركعتين الاوليين من الظهر ، و العصر ، و العشاء فليقرأ فى الركعتين الاخريين و قد اجزأ عنه . (مصنف عبد الرزاق، باب من نسی القرأت، ج ثانی، ص ۱۲۳، نمبر ۲۷۵۱ رنمبر ۲۷۵۶ رمصنف ابن ابی شیبۃ ، ۱۹۱ من کان یقول : اذا نسی القرأۃ فی الاولیین قرأ فی الاخرین، ج اول، ص ۳۵۹، نمبر ۴۱۲۳) ان دونوں اثروں میں ہے کہ پہلی میں بھول جائے تو دوسری رکعتوں میں قضا کرے۔

**ترجمہ:** ٢ امام ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ سورت اور سورہ فاتحہ کچھ بھی نہیں ملائے گا۔ اسلئے کہ واجب اپنے وقت سے فوت ہو جائے تو قضا کی دلیل کے بغیر قضا نہیں کیا جاتا۔

**تشریح:** حضرت امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ عشاء کی پہلی دو رکعتوں میں چاہے سورہ فاتحہ چھوڑ دے، یا سورت ملانا چھوڑ

۳؎ ولهما وهو الفرق بين الوجهين ان قراء ة الفاتحة شرعت علىٰ وجه يترتب عليها السورة فلو قضاها في الاخريين تترتب الفاتحة على السورة وهذا خلاف الموضوع ۴؎ بخلاف ما اذا ترك السورة لانه امكن قضاؤها على الوجه المشروع ۵؎ ثم ذكر ههنا مايدل على الوجوب وفي الاصل بلفظة الاستحباب لانها ان كانت مؤخرة فغير موصولة بالفاتحة فلم يمكن مراعاة موضوعها من كل وجه

دے انکو دوسری دو رکعتوں میں قضا نہیں کرے گا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ اپنی جگہ سے فوت ہو گیا اسلئے جب تک حدیث سے قضا کرنے کا ثبوت نہ ہو قضا واجب نہیں ہوگی، اسلئے انکو دوسری دو رکعتوں میں قضا نہیں کریں گے۔

**ترجمہ**: ۳؎ اور امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کی دلیل یہ ہے۔ اور دونوں باتوں میں فرق کی وجہ بھی یہی ہے کہ فاتحہ کی قرأت اس طرح مشروع ہوئی ہے کہ اسکے بعد سورت کا ملانا ہو، پس اگر فاتحہ کو دوسری دو رکعتوں میں قضا کرے تو فاتحہ سورت کے بعد ہو جائے گا۔ اور یہ موضوع کے خلاف ہے۔

**تشریح**: طرفین کی دلیل اوپر گزر گئی کہ مشروع یہ ہے کہ سورہ فاتحہ پہلے ہو اور سورت کا ملانا اسکے بعد ہو، پس اگر فاتحہ کو دوسری دو رکعتوں میں قضا کریں تو فاتحہ سورت کے بعد ہو جائے گا، اور یہ خلاف مشروع ہے اسلئے فاتحہ چھوٹ جائے تو دوسری دو رکعتوں میں قضا نہیں کرے گا۔

**ترجم**: ۴؎ بخلاف جبکہ سورت چھوڑ دے، اسلئے کہ سورت کا قضا کرنا ممکن ہے مشروع طریقے پر۔

**تشریح**: عشاء کی پہلی دو رکعتوں میں فاتحہ تو پڑھی لیکن سورت ملانا بھول گیا۔ تو دوسری دو رکعتوں میں قضا کرے گا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ پہلے فاتحہ پڑھ چکا ہے اسلئے اب سورت ملائے گا تو سورت کا ملانا فاتحہ کے بعد ہوگا، اور یہی مشروع ہے کہ سورت کا ملانا فاتحہ کے بعد ہو۔

**ترجمہ**: ۵؎ پھر یہاں [جامع صغیر میں] دلالت کرتا ہے وجوب پر، اور اصل [مبسوط] میں استحباب کے لفظ کے ساتھ ہے، اسلئے کہ سورت اگر چہ موخر ہے لیکن پہلے فاتحہ کے ساتھ متصل نہیں ہے، اسلئے ہر اعتبار سے ترتیب کی رعایت ممکن نہیں ہوئی۔

**تشریح**: فصل فی القرأت میں اکثر عبارت جامع صغیر کی ہے، اسلئے فرما رہے ہیں کہ یہاں یعنی جامع صغیر کی عبارت سے پتہ چلتا ہے کہ پہلی دو رکعتوں میں سورت ملانا چھوٹ جائے تو دوسری دو رکعتوں میں سورت کا ملانا واجب ہے۔ جامع صغیر کی عبارت یہ ہے۔ رجل قرأ في العشاء في الاوليين سورة و لم يقرأ بفاتحة الكتاب لم يعد في الآخرين ، و ان قرأ في الاوليين بفاتحة الكتاب و لم يزد عليها ، قرأ في الآخرين بفاتحة الكتاب و سورة و جهر ۔ (جامع صغیر، باب فی القرأة فی الصلوة، ۹۶) اس عبارت میں ، قرأ في الآخرين، سے اشارہ ملتا ہے کہ سورت کی قضا ضروری ہے۔

(۳۲۰) ویجهر بهما ﴾ ا ہو الصحیح

**وجه** : حضرت علیؓ کے قول میں ہے کہ دوسری دو رکعتوں میں ضرور پڑھے، اسلئے قضا کرنا واجب ہے۔ اثر یہ ہے۔ عن علیؓ قال : اذا نسی الرجل أن یقرأ فی الرکعتین الاولیین من الظهر ، و العصر ، و العشاء فلیقرأ فی الرکعتین الاخریین و قد اجزأ عنه . (مصنف عبد الرزاق، باب من نسی القرأت، ج ثانی، ص۱۲۳، نمبر ۲۷۵۱/نمبر ۲۷۵۶/مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۹۱ من کان یقول: اذا نسی القرأۃ فی الاولیین قرأ فی الاخریین، ج اول، ص ۳۵۹، نمبر ۴۱۲۳) اس اثر میں ہے فلیقرأ فی الرکعتین الاخریین، جس سے معلوم ہوا کہ دوسری دو رکعتوں میں ضرور پڑھے۔

لیکن اصل یعنی مبسوط کی عبارت میں احب ان یقضیهما ، ہے یعنی مستحب ہے کہ دوسری دو رکعتوں میں اسکو قضا کرے۔ (۱) اور اسکی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ یہاں سورت اگر چہ فاتحہ کے بعد ہے، لیکن پہلی دو رکعت کے فاتحہ کے بعد نہیں ہے، بلکہ دوسری دو رکعتوں میں جو فاتحہ پڑھنا مستحب ہے اسکے بعد سورت کا ملانا ہوا، حالانکہ مشروع یہ ہے کہ پہلی دو رکعتوں میں فاتحہ کے فوراً بعد سورت ملائے، اسلئے چونکہ پورے طور پر ترتیب پر عمل نہیں کر سکتے اسلئے سورت کی قضا کرنا واجب نہیں مستحب ہوگی۔ (۲) حضرت عمر کے اس قول میں ہے کہ انہوں نے دہرائی، جس سے استحباب ثابت ہوتا ہے اسلئے مبسوط کی عبارت میں لوٹانا مستحب ہے۔ اثر یہ ہے۔ عن عبد اللہ بن حنظلۃ بن الراهب قال : صلی بنا عمر بن الخطاب فنسی أن یقرأ فی الرکعۃ الاولی فلما قام فی الرکعۃ الثانیۃ قرأ بفاتحۃ الکتاب مرتین و سورتین ، فلما قضی الصلاۃ سجد سجدتین . (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۹۱ من کان یقول: اذا نسی القرأۃ فی الاولیین قرأ فی الاخریین، ج اول، ص ۳۵۹، نمبر ۴۱۲۲ مصنف عبد الرزاق، باب من نسی القرأت، ج ثانی، ص۱۲۳، نمبر ۲۷۵۱/نمبر ۲۷۵۶) اس اثر میں ہے کہ حضرت عمر نے دہرائی جس سے مستحب ثابت ہوتا ہے۔

**ترجمه**: (۳۲۰) اور فاتحہ اور سورت دونوں کو جہری پڑھے۔

**ترجمه**: ا صحیح روایت یہی ہے۔

**تشریح** : عشاء کی دوسری دو رکعتوں میں پہلی دو رکعتوں کی چھوٹی ہوئی سورت کی قضا کرے گا، تو سورہ فاتحہ بھی زور سے پڑھے گا اور سورت بھی زور سے پڑھے گا۔ صحیح روایت یہی ہے۔ دوسری روایت یہ بھی ہے کہ دونوں کو سری پڑھے گا۔ اور تیسری روایت یہ ہے کہ فاتحہ کو سری پڑھے گا اور سورت کو جہری پڑھے گا۔ لیکن صحیح روایت پہلی ہے۔

**وجه** : (۱) عن عبد اللہ بن حنظلۃ بن الراهب قال : صلی بنا عمر بن الخطاب فنسی أن یقرأ فی الرکعۃ الاولی فلما قام فی الرکعۃ الثانیۃ قرأ بفاتحۃ الکتاب مرتین و سورتین ، فلما قضی الصلاۃ سجد سجدتین ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۹۱ من کان یقول: اذا نسی القرأۃ فی الاولیین قرأ فی الاخریین، ج اول، ص ۳۵۹، نمبر ۴۱۲۲) اس اثر میں

**۲** لان الجمع بین الجهر والمخافتة فی رکعة واحدة شنیع وتغیر النفل وهو الفاتحة اولی **۳** ثم المخافتة ان یُسْمِع نفسَه والجهر ان یُسمع غَیره وهٰذا عند الفقیه ابی جعفر الهندوانیؒ لان مجرد حرکة اللسان لایسمی قراء ة بدون الصوت

ہے کہ حضرت عمرؓ نے دوسری دو رکعتوں میں فاتحہ دو مرتبہ پڑھی اور سورت بھی دو مرتبہ پڑھی، اسکا مطلب یہ ہے کہ زور سے قرأت کی تب ہی تو راوی نے سنی ہوگی! اس سے ظاہر ہوا کہ فاتحہ اور سورت دونوں کو جہری پڑھے گا۔

**ترجمہ**: ۲ اسلئے کہ ایک ہی رکعت میں جہری اور پوشیدگی کو جمع کرنا اچھا نہیں ہے، اور فاتحہ جو نفل ہے اسکو بدل کر جہر کرنا بہتر ہے۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ دوسری دو رکعتوں میں سری فاتحہ پڑھنا ہمارے یہاں مستحب ہے۔ اور سورت کو جہری پڑھنا واجب تھا، اسلئے اسکی قضا بھی جہری ہی کرنی چاہئے، اسلئے جب سورت جہری پڑھیں گے تو فاتحہ جو مستحب ہے اسکو سری سے بدل کر جہری کرنا اولی ہوگا، کیونکہ مستحب کو تبدیل کرنا واجب کو تبدیل کرنے کی بنسبت آسان ہے۔ اسلئے فاتحہ ہی کو سری سے جہری کی طرف تبدیل کردیں، اور دونوں کو جہری پڑھیں۔ اور اگر ایک ہی رکعت میں فاتحہ کو سری پڑھیں اور سورت کو جہری پڑھیں تو یہ شنیع اور برا لگتا ہے اسلئے دونوں کو جہری ہی پڑھیں۔

## ﴿جہر اور سر کی تعریف﴾

**ترجمہ**: ۳ پھر سری قرأت یہ ہے کہ خود سنے، اور جہری یہ ہے کہ دوسرے کو سنائے۔ اور یہ فقیہ ابو جعفر ہندوانی کے نزدیک ہے۔ اسلئے کہ صرف زبان کی حرکت بغیر آواز کے اسکو قرأت کا نام نہیں دیا جاسکتا۔

**تشریح**: حضرت ابو جعفر ہندوانیؒ کے نزدیک سری قرأت اسکو کہیں گے کہ اتنا آہستہ ہو کہ خود سنے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ اس سے کم میں تو صرف زبان کی حرکت ہوگی اور آواز نہیں نکلے گی، عرف میں صرف زبان کی حرکت کو قرأت نہیں کہتے، اسلئے خود سننے کو سری قرأت کہیں گے۔

اور جہری قرأت اتنی زور سے ہو کہ دوسرے بھی سن لیں۔ کیونکہ دوسرے کے سننے کو جہر کہتے ہیں۔

**وجہ**: اس حدیث کے اشارے سے انکا استدلال ہے۔ سألنا خبابا ، أکان النبی علیہ السلام یقرأ فی الظهر و العصر ؟ قال : نعم قلنا : بأی شیء کنتم تعرفون ذالک ؟ قال : باضطراب لحیته ۔ (بخاری شریف، باب القراۃ فی الظہر و العصر، ص ۱۰۵، نمبر ۷۶۰) اس حدیث میں ہے کہ سری قرأت کرتے ہوئے داڑھی ہلتی تھی، جس کے اشارے سے معلوم ہوا کہ قرأت

۴ وقال الکرخی ادنی الجهر ان یسمع نفسه وادنی المخافتة تصحیح الحروف لان القراءة فعل اللسان دون الصماخ ۵ وفی لفظ الکتاب اشارة الیٰ هذا ٦ وعلیٰ هذا الاصل کل مایتعلق بالنطق کالطلاق والعتاق والاستثناء وغیر ذلک

کر کے خود کو سناتے تھے۔ اسلئے یہ سر کا ادنی درجہ ہوا، پھر جہر کا ادنی درجہ یہ ہوگا کہ دوسروں کو سنائے۔

**ترجمه:** ۴ اور حضرت کرخیؒ نے فرمایا کہ جہر کا ادنی درجہ یہ ہے کہ خود سنے، اور سری کا ادنی درجہ یہ ہے کہ حروف صحیح ہو جائے۔ اسلئے کہ قرأت زبان کا فعل ہے، کان کا فعل نہیں ہے۔

**تشریح:** حضرت امام کرخیؒ فرماتے ہیں کہ جہری قرأت کا ادنی درجہ یہ ہے کہ خود سن سکے۔ اور سری قرأت کا ادنی درجہ یہ ہے کہ جو قرأت کر رہے ہیں اسکے حروف صحیح نکلے۔ اور اسکی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ قرأت کرنا زبان کا کام ہے اسلئے زبان سے صحیح حروف نکل جائے تو سری قرأت ہوگئی۔ کان سے سننا کوئی ضروری نہیں ہے، کیونکہ قرأت کرنا کان کا کام نہیں ہے۔

**ترجمه:** ۵ اور متن کے لفظ میں اسی طرف اشارہ ہے۔

**تشریح:** اس کتاب کے متن میں مسئلہ نمبر ۳۱۴ پر قدوری کی عبارت یہ گزری، ان شاء جهر و اسمع نفسه، جس سے پتہ چلتا ہے کہ صاحب قدوری کے نزدیک بھی جہر کا ادنی درجہ یہ ہے کہ خود کو سنائے، تو سری کا ادنی درجہ یہ ہوگا کہ حروف صحیح ہو جائے، اس تعریف سے اشارہ ہوتا ہے کہ صاحب قدوری نے جہری اور سری کی تعریف میں امام کرخیؒ کی موافقت کی ہے۔

**ترجمه:** ٦ اسی قاعدے پر ہر وہ چیز متفرع ہوگی جو بولنے سے تعلق رکھتی ہے، جیسے [طلاق] ہے، [آزاد کرنا] ہے، [استثناء کرنا] ہے، اور اسکے علاوہ۔

**تشریح:** جہر اور سر کے بارے میں جو دو اماموں کے قاعدے بیان کئے انہیں دو قاعدوں پر ان تمام امور کی بنیاد ہوگی جنکا تعلق بولنے سے ہے۔ مثلا [طلاق] سری بولنے سے واقع ہوتی ہے اب کسی نے اتنا آہستہ سے انت طالق کہا کہ حروف کی تصحیح ہوگئی لیکن خود بھی نہ سن سکا، تو امام کرخیؒ کے نزدیک آہستہ بولنا پایا گیا، اسلئے انکے یہاں طلاق واقع ہو جائے گی۔ لیکن امام جعفرؒ کے یہاں جب خود بھی نہیں سن پایا ہے تو سری بولنا نہیں پایا گیا اسلئے انکے یہاں طلاق واقع نہیں ہوگی۔

یا مثلا [غلام کو آزاد کیا] اور اتنا آہستہ بولا کہ خود بھی نہ سن سکا تو امام کرخیؒ کے نزدیک سری بولنا پایا گیا اسلئے غلام آزاد ہو جائے گا۔ اور امام ابو جعفرؒ کے نزدیک سری بولنا بھی نہیں پایا گیا اسلئے غلام آزاد نہیں ہوگا۔

[یا استثناء کیا]، مثلا کہا کہ تمکو طلاق ہے، مگر ایک مہینے کے بعد۔ اور [تمکو طلاق ہے] زور سے بولا، اور استثنا کا جملہ [مگر ایک مہینے کے بعد] اتنا آہستہ بولا کہ خود بھی نہ سن سکا، تو امام کرخیؒ کے نزدیک استثناء صحیح ہے کیونکہ سری بولنا پایا گیا، اسلئے ایک مہینے کے بعد طلاق

(۳۲۱) وادنی مایجزئ من القراءۃ فی الصلوٰۃ ایۃ عند ابی حنیفۃ وقالا ثلث ایات قصار اوایۃ طویلۃ ﴾ ۱ لانہ لایسمی قاریابدونہ فاشبہ قراءۃ مادون الأیۃ ۲ ولہ قولہ تعالیٰ فاقرء وا ماتسیر من القران من غیر فصل

واقع ہوگی۔اورامام جعفر کے یہاں جب خود بھی نہیں سن سکا تو سری بولنا نہیں پایا گیا اور استثناء درست نہیں ہوا،اسلئے استثناء [مگر ایک مہینے کے بعد] والا جملہ بیکار گیا اور صرف [تمکو طلاق ہے] رہ گیا،اسلئے اس سے فوراً طلاق واقع ہو جائے گی۔

**لغت** : مخافتۃ: آہستہ بولنا،سری قرأت۔صوت: آواز۔ادنی: کم سے کم۔صماخ: کان۔نطق: بولنا۔استثناء: کوئی جملہ بول کر اسکو کاٹنا۔یا کسی عدد کو بول کر اسے کچھ کم کر دینا،اور نکال دینے کو استثنا کہتے ہیں۔

**ترجمہ**: (۳۲۱) نماز میں کم سے کم قرأت جو کافی ہے وہ ایک آیت ہے امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک۔اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ چھوٹی تین آیتیں،یا لمبی ایک آیت۔

**ترجمہ**: ۱ اسلئے کہ اس سے کم میں اسکو قاری نہیں سمجھا جاتا تو ایسا ہو گیا کہ ایک آیت سے کم پڑھی ہو۔

**تشریح** : نماز میں سورہ فاتحہ پڑھنا اور سورت ملانا تو واجب ہے۔لیکن کم سے کم کتنی آیت پڑھے گا تو فرض کی آدائیگی ہو جائے گی،اس بارے میں اختلاف ہے۔امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ چھوٹی ایک آیت سے بھی فرض کی ادائیگی ہو جائے گی،اور صاحبین فرماتے ہیں کہ چھوٹی تین آیتیں ہوں،یا ایک آیت اتنی لمبی ہو کہ چھوٹی تین آیتوں کے برابر ہو تب فرض کی ادائیگی ہوگی۔

**وجہ** : (۱) وہ فرماتے ہیں کہ چھوٹی سی ایک آیت پڑھنے سے یہ نہیں پتہ چلتا ہے کہ اس نے آیت پڑھی،مثلاً صرف, الرحمن ،یا صرف ,علم القرآن ، یاصرف ,طعام الاثیم ،آیت پڑھی تو صرف اتنے سے یہ پتہ نہیں چلتا کہ اس نے آیت پڑھی اسلئے یا تو لمبی آیت ہو،یا پھر چھوٹی تین آیتیں ہوں (۲) اثر میں اسکا اشارہ ہے۔قال عمرؓ : لا تجزی ء صلوۃ لا یقرأ فیھا بفاتحۃ الکتاب و آیتین فصاعدا ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ،۱۳۴من قال: لاصلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب،ومن قال: وشیء معھا،ج اول،ص ۳۱۷،نمبر ۳۶۲۴) یہ معلوم ہے کہ سورت ملانا واجب ہے،اور اس اثر میں دو ہی آیتوں کو سورت ملانے کے قائم مقام کر دیا جس سے معلوم ہوا کہ دو آیت کافی ہے اور احتیاطاً تین آیتیں کر دی۔

**ترجمہ**: ۲ اور امام ابو حنیفہؒ کی دلیل اللہ تعالیٰ کا قول ﴿ فاقرئوا ما تیسر من القرآن ﴾ آیت ۲۰ سورۃ المزمل ۷۳) ہے بغیر کسی تفصیل کے۔

**تشریح** : آیت فاقروا ما تیسر من القرآن میں یہ کہا گیا ہے کہ جتنا آسان ہو اتنا پڑھ لینے سے فرض کی ادائیگی ہو جائے گی، اسلئے ایک آیت پڑھنے سے بھی فرض کی ادائیگی ہو جائے گی۔اور ایک آیت سے کم ہو اگر چہ وہ بھی قرآن ہے لیکن اتنا پڑھنے سے

۳ الا ان مادون الآیۃ خارج والآیۃ لیست فی معناہ (۳۲۲) وفی السفر یقرأ بفاتحۃ الکتاب وایّ سورۃ شاء ۱ لما روی ان النبی ﷺ قرأفی صلوٰۃ الفجر فی سفرہ بالمعوذتین

بالاتفاق نماز نہیں ہوگی اسلئے ایک آیت سے فرض کی ادائیگی ہو جائے گی البتہ واجب کی کمی رہنے سے سجدہ سہو لازم ہوگا۔(۲) اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔عن جابر بن زید أنه قرأ ﴿مدهامتان﴾ (آیت ۶۴ سورہ الرحمٰن ۵۵) ثم رکع ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ۱۳۴ من قال: لاصلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب، ومن قال: وشیءمعھا، ج اول، ص ۳۱۷، نمبر ۳۶۳۱) اس اثر میں ہے کہ صرف چھوٹی سی آیت مدھامتان، پڑھی اور رکوع میں چلے گئے جسکا مطلب یہ ہے کہ ایک چھوٹی آیت سے بھی فرض پورا ہو جاتا ہے۔

**ترجمہ:** ۳ مگر ایک آیت سے کم یہ بالاتفاق خارج ہے۔اور پوری آیت آیت سے کم کے حکم میں نہیں ہے۔

**تشریح:** یہ جملہ صاحبین کو جواب ہے۔انہوں نے استدلال فرمایا تھا آیت سے کم میں فرض کی ادائیگی نہیں ہوگی اسی طرح چھوٹی پوری آیت سے بھی فرض کی ادائیگی نہیں ہوگی۔تو اسکا جواب دے رہے ہیں کہ آیت سے کم کا پڑھنا حائضہ اور نفساء کے لئے جائز ہے،اور پوری آیت انکے لئے پڑھنا جائز نہیں،اس سے معلوم ہوا کہ پوری آیت چاہے چھوٹی ہو اسکا حکم کچھ اور ہے اور پوری آیت سے کم کا حکم کچھ اور ہے،اسلئے آیت سے کم پڑھنے سے بالاتفاق فرض کی ادائیگی نہیں ہوگی،اور پوری آیت پڑھنے سے ہو جائے گی۔

**نوٹ:** آیتوں کی قرأت کی پانچ قسمیں ہیں (۱) فرض، جس سے جواز متعلق ہے وہ امام صاحب کے نزدیک ایک آیت تامہ ہے۔اب اگر وہ دو کلموں پر مشتمل ہو جیسے ثم نظر تب تو جائز ہے،اور اگر صرف ایک کلمہ ہو جیسے مدھامتان یا صرف ایک حرف ہو جیسے صٓ ، نٓ ، قٓ تو اس میں مشائخ کا اختلاف ہے۔اصح عدم جواز ہے (۲) واجب، قرأت فاتحہ اور قرأت سورۃ واجب ہیں (۳) مسنون، وہ فجر اور ظہر میں طوال مفصل ہے۔یعنی سورۂ حجرات ۴۹ سے سورۂ بروج ۸۵ تک،عصر اور عشاء میں اوساط مفصل یعنی سورۂ بروج ۸۵ سے سورۂ لم یکن سورہ البینہ ۹۸ تک، مغرب میں قصار مفصل یعنی سورۂ زلزال ۹۹ سے آخر قرآن تک ۱۱۴ (۴) مستحب، وہ فجر کی پہلی رکعت میں تیس آیتوں سے چالیس آیتوں تک اور دوسری رکعت میں بیس سے تیس آیتوں تک سورۂ فاتحہ کے علاوہ (۵) مکرو، وہ یہ ہے کہ صرف سورۂ فاتحہ پڑھے یا فاتحہ کے ساتھ ایک آدھ آیت ملائے یا سورۃ پڑھے اور فاتحہ نہ پڑھے یا پہلی رکعت میں ایک سورۃ پڑھے اور دوسری رکعت میں اس سے اوپر کی سورۃ پڑھے۔یہ سب صورتیں مکروہ کی ہیں۔

**ترجمہ:** (۳۲۲) سفر میں سورہ فاتحہ پڑھے اور جو سورت چاہے پڑھے۔

**ترجمہ:** ۱ اسلئے کہ روایت کیا ہے کہ نبی علیہ السلام نے سفر میں فجر کی نماز میں قل اعوذ برب الفلق،اور قل اعوذ برب الناس، پڑھی۔

۲ ولان للسفر اثرافی اسقاط شطرالصلوة فلان یؤثّرفی تخفیف القراءة اولی ۳وهذا اذاکان علی عجلة من السیر وان کان فی اَمَنة وقراریقرأ فی الفجر نحو سُورة البروج وانشقت لانه یمکنه مراعاة السنة مع التخفیف (۳۲۳) ویقرأ فی الحضر فی الفجر فی الرکعتین باربعین اٰیة اوخمسین اٰیة سوی فاتحة الکتاب ﴾

**وجه** : (۱) سفر میں مشقت ہوتی ہے، یہی وجہ ہے کہ چار رکعت والی نماز دو رکعت ہو جاتی ہے اسلئے لمبی قرأت جو حضر میں پڑھتے ہیں وہ بھی مختصر ہو جائے گی۔ البتہ اگر سفر میں آرام ہو اور چین ہو تو حضر والی لمبی قرأت کر سکتا ہے۔ (۲) سمعت البراء أن النبی ﷺ کان فی سفر، فقرأ فی العشاء فی احدی الرکعتین ﴿والتین و الزیتون﴾ (بخاری شریف، باب الجہر فی العشاء، ص ۱۰۵، نمبر ۷۶۷) اس حدیث میں ہے کہ عشاء میں اوساط مفصل کے بجائے سفر کی وجہ سے چھوٹی سورت, والتین و الزیتون، پڑھی (۳) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن عقبة بن عامر قال : کنت أقود برسول الله ﷺ ناقته فی السفر فقال لی : یا عقبة ! ألا أعلمک خیر سورتین قرئتا ، فعلمنی ﴿قل أعوذ برب الفلق﴾ و ﴿قل اعوذ برب الناس﴾ قال : فلم یرنی سررت بهما جدا ، قال : فلما نزل لصلوة الصبح صلی بهما صلوة الصبح للناس ، فلما فرغ رسول الله ﷺ من الصلوة التفت الی فقال : یا عقبة کیف رأیتَ ۔ (ابوداود شریف، باب فی المعوذتین، ص ۲۱۸، نمبر ۱۴۶۲ / نسائی شریف، کتاب الاستعاذہ، ص ۷۴۰، نمبر ۵۴۳۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سفر میں فجر میں بھی چھوٹی سورت پڑھی جا سکتی ہے۔

**ترجمہ**: ۲ اسلئے کہ سفر کو نماز کے حصے کے ساقط کرنے میں اثر ہے اسلئے قرأت کی تخفیف کرنے میں بدرجہ اولی اثر انداز ہوگا۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے کہ سفر کی مشقت کی وجہ سے چار رکعت والی نماز دو رکعت ہو جاتی ہے تو قرأت کی سنت بدرجہ اولی ساقط ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ۳ یہ چھوٹی سورتیں پڑھنا جب ہے کہ سفر کی جلدی ہو، اور اگر امن اور چین میں ہو تو فجر میں سورہ بروج، اور اذا السماء انشقت جیسی سورت پڑھے، اسلئے کہ تخفیف کے ساتھ سنت کی رعایت کرنا اسکو ممکن ہے۔

**ترجمہ**: (۳۲۳) اور حضر میں فجر کی دو رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے علاوہ چالیس آیت سے پچاس آیت تک پڑھے۔

**وجہ** : آدمی اپنی جگہ پر مقیم ہو تو فجر کی نماز کی دو رکعتوں میں چالیس سے لیکر پچاس آیت تک پڑھنا سنت ہے اسکی وجہ یہ حدیث ہے۔ عن جابر بن سمرة : أن النبی ﷺ کان یقرأ فی الفجر ﴿قٓ و القرآن المجید﴾ و کان صلوته بعد تخفیفا ۔ (مسلم شریف، باب القرأة فی الصبح، ۱۸۵، نمبر ۴۵۸ / ۱۰۲۷) اس حدیث میں ہے صبح کی نماز میں سورہ قٓ پڑھتے تھے،

ل ويروى من اربعين الى ستين ومن ستين الیٰ مائة وبكل ذلک ورد الاثر ۲ ووجه التوفيق انه يقرأ بالراغبين مائة وبالكسالى اربعين وبالاوساط ما بين خمسين الیٰ ستين، وقيل ينظر الى طول الليالى وقصرها والیٰ كثرة الاشْغَال وقلتها

---

اورسورہ قؔ میں ۴۵ آیتیں ہیں جس سے معلوم ہوا کہ سورہ فاتحہ کے علاوہ چالیس سے لیکر پچاس آیتیں پڑھنی چاہئے، یہ سنت ہے۔

**ترجمہ**: ل اور روایت ہے کہ چالیس سے لیکر ساٹھ تک، اور یہ بھی روایت ہے کہ ساٹھ سے لیکر سو تک، اور ہر ایک روایت کے بارے میں حدیث ہے۔

**تشریح**: ایک روایت میں یہ ہے کہ چالیس سے لیکر پچاس تک پڑھے، دوسری روایت یہ ہے کہ چالیس سے لیکر ساٹھ تک پڑھے، اور تیسری روایت یہ ہے کہ ساٹھ سے لیکر سو تک آیت فجر کی دونوں رکعتوں میں پڑھے۔

**وجہ**: چالیس آیت سے پچاس تک پڑھنے کی دلیل تو اوپر کی حدیث گزر گئی۔ (۲) اور ساٹھ سے لیکر سو آیت تک کی حدیث یہ ہے۔ عن ابی برزة أن رسول الله ﷺ كان يقرأ فی صلوة الغداة من الستين الى المأة ۔ (مسلم شریف، باب القراۃ فی الصبح، ۱۸۵، نمبر ۴۶۱/۱۰۳۱) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ صبح کی نماز میں ساٹھ سے لیکر سو آیتیں تک پڑھا کرتے تھے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ چالیس سے ساٹھ تک بھی پڑھنا سنت ہے۔ (۴) اس اثر میں ہے کہ فجر میں طوال مفصل پڑھے۔ عن ابی هريرة قال ما صليت وراء احد أشبه صلوة برسول الله ﷺ من فلان ..... يقرأ فی المغرب بقصار المفصل، و يقرأفی العشاء بوسط المفصل، و يقرأ فی الصبح بطوال المفصل ۔ (نسائی شریف، باب تخفیف القیام والقراۃ، ص ۱۳۷، نمبر ۹۸۳/ ترمذی شریف، باب ماجاء فی القراۃ فی صلوۃ الصبح، ۶۷، نمبر ۳۰۶) اس اثر میں ہے کہ فجر میں طوال مفصل پڑھے۔

**ترجمہ**: ۲ سب روایتوں کے درمیان ترتیب کا طریقہ یہ ہے کہ رغبت کرنے والے کے ساتھ سو آیتیں پڑھیں، اور سست لوگوں کے ساتھ چالیس آیتیں، اور درمیان والوں کے ساتھ پچاس سے ساٹھ آیتیں پڑھیں، اور فرمایا کہ یہ ترتیب بھی ہوسکتی ہے کہ لمبی رات اور چھوٹی رات کو دیکھ کر پڑھے تھے، پھر زیادہ مشغولیت اور کم مشغولیتوں کو بھی دیکھ کر پڑھے۔

**تشریح**: فجر میں کتنی آیتیں پڑھے اس بارے میں چار روایتیں آ گئیں اسلئے ان سبھوں میں تین توفیق اور ترتیب یہ دی گئی ہیں۔ کہ رغبت والے لوگ ہوں تو سو آیتیں پڑھے، اور اگر سست لوگ ہوں تو چالیس آیت پڑھے اور درمیان قسم کے لوگ ہوں تو پچاس یا ساٹھ آیت پڑھے، اسی طرح اگر سردی کی لمبی رات ہو تو لمبی قرأت کرے اور گرمی کی چھوٹی رات ہو تو کم آیتیں پڑھے، اسی طرح اگر مشغولیت کا زمانہ ہو تو کم قرأت کرے اور فرصت کا زمانہ ہو تو لمبی قرأت کرے۔ یہی سب رعایت کر کے حضورؐ نے مختلف

**(۳۲۴) قال وفی الظهر مثل ذلک** ﴾ ل لاستوائهما فی سعة الوقت ۲ وقال فی الاصل اودونه لانه وقت الاشتغال فینقص عنه تحرزا عن الملال

زمانے میں کم بیش آیتیں پڑھی ہیں۔

**ترجمه:** (۳۲۴) اورظہر میں اسی طرح لمبی قرأت کرے۔

**ترجمه:** ل اسلئے کہ دونوں کے وقت میں گنجائش ہے۔

**تشریح:** ظہر میں بھی فجر کی طرح لمبی قرأت کرے، (۱) اسکی ایک وجہ تو یہ بیان فرماتے ہیں کہ دونوں کا وقت لمبا ہے اسلئے دونوں کی قرأت یکساں ہونی چاہئے (۲) ایک حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ ظہر میں حضورؐ نے ساٹھ آیتیں پڑھی، اور اوپر گزرا کہ اتنی فجر میں پڑھی جاتی ہے اسلئے دونوں کا حکم برابر ہوگیا۔ حدیث یہ ہے۔ عن ابی سعید الخدری : أن النبی ﷺ کان یقرأ فی صلوة الظهر فی الرکعتین الاولیین فی کل رکعة قدر ثلاثین آیة ، و فی الاخریین قدر خمس عشرة آیة۔ (مسلم شریف، باب القرائۃ فی الظہر والعصر، ۱۸۵، نمبر ۴۵۲/۱۰۱۵) اس حدیث میں ہے کہ ظہر کی پہلی رکعت میں بھی تیس آیتیں پڑھی اور دوسری رکعت میں بھی تیس آیتیں پڑھی، اور دونوں ملکر ساٹھ آیتیں ہوئیں، اور یہی ساٹھ آیتیں فجر میں بھی ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ ظہر کا حکم بھی وہی ہے جو فجر کا ہے (۳) عن ابی سعید الخدری قال : کنا نحزر قیام رسول الله ﷺ فی الظهر و العصر ، فحزرنا قیامه فی الرکعتین الاولیین من الظهر قدر قرأة ﴿آلم تنزیل﴾ السجدة۔ (مسلم شریف، باب القرائۃ فی الظہر والعصر، ۱۸۵، نمبر ۴۵۲/۱۰۱۴) اس حدیث میں ہے کہ ہم نے آپؐ کے قیام کا اندازہ لگایا کہ ظہر کی پہلی دو رکعتوں میں سورہ سجدہ کے برابر تھا، اور سورہ سجدہ میں تیس آیتیں ہیں جس سے معلوم ہوا کہ ظہر فجر کے قریب قریب ہے۔

**ترجمه:** ۲ اور مبسوط میں فرمایا کہ یا فجر سے تھوڑا کم پڑھے اسلئے کہ ظہر کا وقت مشغولیت کا وقت ہے تو فجر سے تھوڑا کم کرے اکتاہٹ سے بچنے کے لئے۔

**تشریح:** مبسوط میں امام محمدؒ نے یہ بھی فرمایا کہ فجر میں جتنی لمبی قرأت کرتے ہیں ظہر میں اس سے کم کرے، اسکی وجہ یہ ہے کہ ظہر کا وقت وسیع تو ہے لیکن یہ مشغولیت کا وقت ہے اسلئے فجر سے تھوڑا کم کرے، تاکہ لوگ اکتا نہ جائیں۔ (۲) اوپر حدیث میں تھا کہ حضورؐ نے سورہ سجدہ کی مقدار ظہر میں پڑھی اور سورہ سجدہ میں تیس آیتیں ہیں، تو یوں بھی فجر سے کم کا ثبوت ہوگیا۔ (۳) اس روایت کی تائید اس اثر سے بھی ہوتی ہے۔ روی عن عمرؓ : أنه کتب الی ابی موسی ، أن اقرأ فی الظهر بأوساط المفصل۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء فی القراءۃ فی الظہر والعصر، ص ۶۷، نمبر ۳۰۷) اس اثر سے معلوم ہوا کہ ظہر میں اوساط المفصل پڑھنا اچھا ہے۔

(۳۲۵)والعصر والعشاء سواء يقرأ فيهما باوساط المفصل وفی المغرب دون ذٰلک يقرأ فيها بقصار المفصل ﴾ ا والاصل فيه كتاب عمرؓ الى ابی موسى الاشعریؓ ان اقرأ فی الفجر والظهر بطوال المفصل وفی العصر والعشاء باوساط المفصل وفی المغرب بقصار المفصل

**لغت** : استوا: برابر۔ دون: تھوڑا کم۔ تحرز: بچنے کے لئے۔ ملال: رنجیدگی، اکتاہٹ۔

**ترجمه**: (۳۲۵) اور عصر اور عشاء برابر ہیں، ان دونوں میں اوساط المفصل پڑھیں، اور مغرب میں اس سے کم اس میں قصار المفصل پڑھیں۔

**وجه** : عشاء میں اوساط مفصل، اور مغرب میں قصار مفصل پڑھنے کی دلیل یہ حدیث ہے (۱)۔ عن ابی هريرة قال ما صليت وراء احد أشبه صلوة برسول الله ﷺ من فلان .... يقرأ فی المغرب بقصار المفصل ، و يقرأ فی العشاء بوسط المفصل ، و يقرأ فی الصبح بطوال المفصل ۔ (نسائی شریف، باب تخفیف القیام والقراۃ ص ۱۳۷، نمبر ۹۸۳ / ترمذی شریف، باب ماجاء فی القراۃ فی صلوۃ العشاء، وصلوۃ المغرب ، ۶۷، نمبر ۳۰۹ نمبر ۳۰۸) اس حدیث مرسل میں ہے کہ فجر میں طوال مفصل پڑھے۔

اور عصر میں اوساط مفصل پڑھے اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابی سعيد الخدری : أن النبی ﷺ كان يقرأ فی صلوة الظهر فی الركعتين الاوليين فی كل ركعة قدر ثلاثين آية ، و فی الاخريين قدر خمس عشرة آية أو قال نصف ذالک ، و فی العصر فی الركعتين الاوليين فی كل ركعة قدر قرائة خمس عشرة آية ، و فی الاخريين قدر نصف ذالک . (مسلم شریف، باب القراءۃ فی الظہر والعصر، ۱۸۵، نمبر ۴۵۲ / ۱۰۱۵) اس حدیث میں ہے کہ عصر میں ظہر سے آدھی پندرہ آیت پڑھتے تھے، تو یہ اوساط مفصل ہوا۔

**ترجمه**: ا اور اس میں اصل ابو موسی اشعریؓ کو حضرت عمرؓ کا خط ہے، کہ فجر میں اور ظہر میں طوال مفصل پڑھو، اور عصر اور عشاء میں اوساط مفصل اور مغرب میں قصار مفصل پڑھو۔

**تشریح**: یہ اثر بالکل ان الفاظ کے ساتھ نہیں ہے، اسکے قریب قریب یہ ہے۔ قال كتب عمرؓ الى أبی موسى أن اقرأ فی المغرب بقصار المفصل ، و فی العشاء بوسط المفصل ، و فی الصبح بطوال المفصل ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب مایقرأ فی الصلوۃ، ج ثانی، ص ۱۰۴، نمبر ۲۶۷۲ / ترمذی شریف، باب ماجاء فی القراۃ فی صلوۃ الصبح نمبر ۳۰۶ / فی الظہر والعصر ۳۰۷ / فی المغرب، نمبر ۳۰۸) ترمذی شریف یہ اثر تین بابوں میں تھوڑا تھوڑا کر کے ذکر کیا ہے۔ (۲) اسکی تائید اس حدیث مرسل سے بھی ہوتی ہے۔ عن ابی هريرة قال ما صليت وراء احد أشبه صلوة برسول الله ﷺ من فلان .... يقرأ فی

۲ ولان مبنی المغرب علی العجلة والتخفیف الیق بها والعصر والعشاء یستحب فیهما التاخیر وقد یقعان بالتطویل فی وقت غیر مستحب فیوقّت فیهما بالاوساط (۳۲۶) ویطیل الرکعة الاولیٰ من الفجر علی الثانیة ﴾ ا اعانة للناس علیٰ ادراک الجماعات

---

المغرب بقصار المفصل ، و یقرأ فی العشاء بوسط المفصل ، و یقرأ فی الصبح بطوال المفصل ۔(نسائی شریف، باب تخفیف القیام والقرأۃ ،ص ۱۳۷،نمبر ۹۸۳)اس حدیث مرسل سے معلوم ہوتا ہے کہ صبح میں طوال مفصل،عشاء میں اوساط مفصل،اورمغرب میں قصار مفصل پڑھے۔ظہراورعصر کی دلیل پہلے گزرچکی ہے۔

**ترجمه**: ۲ اوراس لئے کہ مغرب کادارومدار جلدی پر ہے اسلئے اسکے ساتھ تخفیف زیادہ بہتر ہے،اورعصراورعشاء میں موءخرکر نا مستحب ہے اسلئے لمبی قرأت کرنے سے غیر مستحب وقت میں پڑجائیں گے اسلئے ان دونوں میں اوساط مفصل کے ساتھ متعین کیا جائے۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے۔کہ مغرب کی نماز جلدی ختم کرنی چاہئے تاکہ یہ نماز تاخیر کے ساتھ ادانہ ہو،اب اس میں لمبی قرأت کریں تو تاخیر ہوگی اسلئے چھوٹی سورتیں اورقصار مفصل اسکے زیادہ مناسب ہے۔اورعصر میں اورعشاء میں مستحب یہ ہے کہ تاخیر سے نماز پڑھے،اب اگراس میں لمبی قرأت کرے تو ایساممکن ہے کہ مکروہ وقت تک نماز لمبی ہوجائے جواچھی بات نہیں ہے اسلئے انکے مناسب یہی ہے کہ وسط مفصل قرأت کرے۔

## ﴿طوال مفصل،اوساط مفصل،اورقصار مفصل کیا ہیں﴾

سورہ حجرات ۴۹ سے لیکرسورہ بروج ۸۵ تک طوال مفصل ہے، کیونکہ یہ سورتیں لمبی لمبی ہیں،اورسورہ بروج ۸۵ سے لیکرسورہ البینۃ [لم یکن الذین کفرو] ۹۸ تک اوساط مفصل ہیں اسلئے کہ یہ سورتیں اوسط درجے کے ہیں نہ زیادہ لمبی ہیں اور نہ زیادہ چھوٹی ہیں،اورلم یکن الذین کفرو ۹۸ سے لیکرآخیر قرآن سورہ الناس ۱۱۴ تک قصار مفصل ہیں اسلئے کہ یہ سورتیں چھوٹی چھوٹی ہیں۔

**ترجمه**: (۳۲۶) اورفجر کی پہلی رکعت کودوسری رکعت پرلمبی کرے۔

**ترجمه**: ا تاکہ لوگوں کوجماعت پانے پراعانت ہوگی۔

**تشریح** : فجر کی پہلی رکعت میں دوسری رکعت کی بنسبت لمبی قرأت کرے،اسکا فائدہ یہ ہوگا کہ بعد میں آنے والےلوگوں کو جماعت مل جائے گی (۱)اس حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔عن عبد اللہ بن ابی قتادة ، عن ابیه قال : کان رسول الله

(۳۲۷)قال ورکعتا الظهر سواء﴾ ۱؎ وهذا عند ابی حنیفةؒ وابی یوسفؒ

ﷺ یقرأ فی الرکعتین الاولیین من صلاة الظهر بفاتحة الکتاب و سورتین ، یطول فی الاولی و یقصر فی الثانیة و یسمع الآیة احیانا ، و کان یقرأ فی العصر بفاتحة الکتاب و سورتین ، و کان یطول فی الاولی ، و کان یطول فی الرکعة الاولی من صلوة الصبح ، و یقصر فی الثانیة ۔(بخاری شریف، باب القرأة فی الظهر ،ص ۱۰۵، نمبر ۷۵۹ مسلم شریف، باب القرأة فی الظهر ،ص ۱۸۵، نمبر ۱۰۱۲/۴۵۱) اس حدیث میں ہے کہ پہلی رکعت کو لمبی کرتے اور دوسری رکعت کو اس سے مختصر کرتے تھے۔ (۲) اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔قال صلیت خلف عمرؓ فقرأ فی الرکعة الاولی بسورة یوسف ، ثم قرأ فی الثانیة , بالنجم ، فسجد ثم قرأ : ﴿اذا زلزلت الارض ﴾ آیت ۱ سورۃ نمبر ۹۹) ثم رکع ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۲۹، مایقرأ فی صلوۃ الفجر، ج اول ،ص ۳۱۱، نمبر ۳۵۶۴) اس اثر میں حضرت عمرؓ نے فجر کی پہلی رکعت میں سورہ یوسف پڑھی جس میں ۱۱۱ آیتیں ہیں اور دوسری رکعت میں سورہ نجم پڑھی جس میں ۶۲ آیت ہیں اور پھر اذا زلزلت، سورہ زلزلہ پڑھی جس میں ۸ آیتیں ہیں تو کل ملا کر ۷۰ آیتیں ہوئیں، تاہم ۱۱۱ آیتوں سے کم ہیں، جس سے پتہ چلا کہ دوسری رکعت میں پہلی رکعت سے کم پڑھنی چاہئے۔

**ترجمہ**: (۳۲۷) اور ظہر کی دونوں رکعتیں برابر ہیں۔

**ترجمہ**: ۱؎ یہ امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک ہے۔

**تشریح**: امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کی رائے ہے کہ ظہر کی پہلی رکعت کی قرأت کو دوسری رکعت کی بنسبت لمبی کرنا مستحب نہیں ہے بلکہ دونوں رکعتیں قرأت کے اعتبار سے برابر ہوں۔

**وجہ**: (۱) اس حدیث میں ہے کہ پہلی دونوں رکعتوں کو ایک ہی طرح پڑھتے تھے ۔عن ابی سعید الخدری : أن النبی ﷺ کان یقرأ فی صلوة الظهر فی الرکعتین الاولیین فی کل رکعتین قدر ثلاثین آیة ، و فی الاخریین قدر خمس عشرة آیة ۔(مسلم شریف، باب القرائۃ فی الظہر والعصر، ۱۸۵، نمبر ۱۰۱۵/۴۵۲) اس حدیث میں ہے کہ ظہر کی پہلی رکعت میں بھی تیس آیتیں پڑھی اور دوسری رکعت میں بھی تیس آیتیں پڑھی، تو دونوں رکعتیں ایک طرح کی ہوگئیں۔(۲) اس حدیث میں بھی اسکا ثبوت ہے۔ قال عمرؓ لسعدؓ : قد شکوک الناس فی کل شیء حتی فی الصلوة .قال : أما انا فأمد فی الاولیین و أحذف فی الاخریین و ما الو ما اقتدیت به من صلوة رسول الله ﷺ . قال: ذاک الظن بک ۔(ابوداود شریف، باب تخفیف الاخریین ،ص ۱۲۴، نمبر ۸۰۳/مسلم شریف، باب القرأۃ فی الظہر والعصر، ص ۱۸۵، نمبر ۴۵۳/۱۰۱۸) اس حدیث میں ہے کہ پہلی دو رکعتوں کو لمبی کرتا ہوں اور دوسری دو رکعتوں کو مختصر کرتا ہوں، اس سے معلوم ہوا کہ ظہر کی پہلی

**۲ وقال محمدؒ احبُّ الیّ ان یطیل الرکعۃ الاولیٰ علی الثانیۃ فی الصلوٰۃ کلھا لما روی ان النبی علیہ السلام کان یطیل الرکعۃ الاولیٰ علی غیرھا فی الصلوات کلھا ۳ ولھما ان الرکعتین استویا فی استحقاق القراءۃ فیستویان فی المقدار بخلاف الفجر لانہ وقت نوم وغفلۃ ۴ والحدیث محمول علی الاطالۃمن حیث الثناء والتعوذ والتسمیۃ**

دونوں رکعتیں قرأت کے اعتبار سے ایک طرح ہوئیں۔

**ترجمہ**: ۲ حضرت امام محمدؒ نے فرمایا کہ مجھے یہ پسند ہے کہ تمام نمازوں میں پہلی رکعت کو دوسری رکعت پر لمبی کرے۔ اسلئے کہ نبی علیہ السلام تمام نمازوں میں پہلی رکعت کو اسکے علاوہ پر لمبی کرتے تھے۔

**وجہ**: امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ تمام ہی نمازوں میں پہلی رکعت کو دوسری پر لمبی کرے۔ انکی دلیل یہ حدیث ہے جسکی طرف صاحب ھدایہ نے اشارہ کیا ہے۔ عن عبد اللہ بن ابی قتادۃ، عن ابیہ قال: کان رسول اللہ ﷺ یقرأ فی الرکعتین الاولیین من صلاۃ الظھر بفاتحۃالکتاب و سورتین، یطول فی الاولی و یقصر فی الثانیۃ و یسمع الآیۃ احیانا، و کان یقرأ فی العصر بفاتحۃ الکتاب و سورتین، و کان یطول فی الاولی، و کان یطول فی الرکعۃ الاولی من صلوۃ الصبح، و یقصر فی الثانیۃ۔ (بخاری شریف، باب القرأۃ فی الظھر، ص۱۰۵، نمبر ۷۵۹ مسلم شریف، باب القرأۃ فی الظھر، ص ۱۸۵، نمبر ۱۰۱۲/۴۵۱) اس حدیث میں ہے کہ پہلی رکعت کو لمبی کرتے اور دوسری رکعت کو اس سے مختصر کرتے تھے۔

**ترجمہ**: ۳ امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ دونوں رکعتیں قرأت کے استحقاق کے حق میں برابر ہیں تو مقدار میں بھی برابر ہونی چاہئے بخلاف فجر کے اسلئے کہ وہ سونے اور غفلت کا وقت ہے۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے، طرفین فرماتے ہیں کہ ظہر کی دونوں رکعتوں کو حق ہے کہ ان میں قرأت کی جائے، جب دونوں کا حق برابر ہے تو آیت کی مقدار بھی برابر ہونی چاہئے۔ باقی رہا کہ فجر کی پہلی رکعت میں لمبی قرأت کرنے کو مستحب کہا تو اسکی وجہ یہ ہے کہ وہ وقت نیند اور غفلت کا ہے اسلئے پہلی رکعت لمبی کرے گا تو لوگوں کو جماعت مل جائے گی۔ اور ظہر کا وقت ایسا نہیں ہے اسلئے اسکی دونوں رکعتیں برابر ہونی چاہئے۔ اسکے لئے حدیث اوپر گزر چکی ہے۔

**ترجمہ**: ۴ اور حدیث محمول ہے ثناء، اور اعوذ باللہ، اور بسم اللہ کی وجہ سے لمبی ہونے پر۔

**تشریح**: یہ امام محمدؒ کی حدیث کا جواب ہے۔ انہوں نے اوپر بخاری شریف کی حدیث پیش کی تھی کہ حضورؐ ظہر کی پہلی رکعت کو لمبی کرتے تھے۔ اسکا جواب دے رہے ہیں کہ دونوں رکعتیں قرأت کے اعتبار سے برابر ہوتیں تھی، البتہ پہلی رکعت میں ثناء بھی

**۵ ولامعتبر بالزيادة والنقصان بمادون ثلث ايات لعدم امكان الاحتراز عنه من غير حرج (۳۲۸)وليس في شئ من الصلوات قراءة سورة بعينها لايجوز غيرها ﴿ لِ الاطلاق ماتلونا (۳۲۹)ويكره ان يوقت بشئ**

ہے،اوراعوذ باللہ بھی ہےاور بسم اللہ بھی ہےانکی وجہ سے وہ لمبی معلوم ہوتی تھی،ورنہ قرأت کے اعتبار دونوں برابر ہوتی تھیں۔

**ترجمہ** : ۵ اورتین آیتوں سے کم میں کمی زیادتی کا اعتبار نہیں ہے،اسلئے کہ بغیر حرج کے اس سے بچنا ممکن نہیں ہے۔

**تشریح** : اوپر یہ فرمایا کہ ظہر کی دونوں رکعتیں برابر ہوں۔اب یہ فرمایا رہے ہیں کہ کتنی کمی زیادتی معاف ہے! فرماتے ہیں کہ پہلی رکعت سے دوسری رکعت میں ایک، یا دو آیت زیادہ ہو جائے تو یہ زیادہ نہیں سمجھا جائے گا برابر ہی سمجھا جائے گا، ہاں تین آیت زیادہ ہو جائے تب زیادہ سمجھا جائے گا۔کیونکہ ایک دو آیت کو بھی زیادہ کہیں تو اس سے بچنا مشکل ہےاور حرج لازم آئے گا۔اسلئے تین آیت کو زیادتی کا معیار بنایا۔(۱) حدیث میں ہے کہ حضور نے فجر کی پہلی رکعت میں قل اعوذ برب الفلق ، پڑھی اور دوسری رکعت میں قل اعوذ برب الناس ،پھر بھی دونوں کو برابر سمجھا گیا، حالانکہ قل اعوذ برب الفلق ، میں ۵ ہی آیتیں ہیں اور قل اعوذ برب الناس ، میں ۶ آیتیں ہیں یعنی ایک آیت زیادہ ہے،لیکن چونکہ تین آیتوں سے کم ہے اسلئے دونوں کو برابر سمجھا گیا۔حدیث یہ ہے ۔عن عقبة بن عامر قال : كنت أقود برسول الله ﷺ ناقته في السفر فقال لي : يا عقبة ! ألا أعلمك خير سورتين قرئتا ، فعلمني ﴿قل أعوذ برب الفلق﴾و ﴿قل اعوذ برب الناس﴾قال : فلم يرني سررت بهما جدا ، قال : فلما نزل لصلوة الصبح صلى بهما صلوة الصبح للناس ، فلما فرغ رسول الله ﷺ من الصلوة التفت الى فقال : يا عقبة كيف رأيت ۔(ابوداود شریف،باب فی المعوذتین،ص ۲۱۸،نمبر ۱۴۶۲رنسائی شریف، کتاب الاستعاذہ،ص ۷۴۰،نمبر ۵۴۳۸)اس حدیث میں ہے کہ ایک میں ۵ اور دوسری میں ۶ آیتیں پڑھیں پھر بھی دونوں رکعتوں کو برابر سمجھا گیا۔

**ترجمہ** : (۳۲۸) نماز میں کوئی ایسی متعین سورت پڑھنا ضروری نہیں ہے کہ اسکے علاوہ جائز نہ ہو۔

**ترجمہ** : لِ اس آیت کی وجہ سے جسکو میں نے پہلے تلاوت کی

**تشریح** : ایسا سمجھے کہ کسی نماز کے لئے کوئی متعین سورت ہی ہے اسکے بغیر نماز ہوگی ہی نہیں، ایسا نہیں ہے۔کسی بھی سورت، یا کسی بھی آیت سے کوئی بھی نماز درست ہے، کسی نماز کے لئے کوئی متعین سورت نہیں ہے۔اسکی وجہ یہ ہے کہ قرآن میں ﴿ فاقرؤا ما تيسر من القرآن ﴾ کہ قرآن میں سے جو بھی آسان ہو وہ پڑھو تو خود قرآن نے فرمایا کہ کوئی آیت کسی نماز کے لئے متعین نہیں ہے جو بھی آسان ہو اسکو پڑھ کر نماز ادا کرلو۔

**ترجمہ**: (۳۲۹)اور مکروہ ہے کہ قرآن کی کوئی آیت کسی خاص نماز کے لئے متعین کرے۔

من القران لشئ من الصلوات ﴾ لے لما فیہ من ھجر الباقی و ایھام التفضیل (۳۳۰)ولا یقرأ المؤتم خلف الامام ﴾

**ترجمہ**: لے اسلئے کہ اس میں باقی کو چھوڑنا ہے، اور اسکو فضیلت کا وہم ہے۔

**تشریح**: ایسا تو نہیں سمجھتا ہے کہ اس آیت کے بغیر نماز نہیں ہوگی۔

لیکن کسی آیت کو کسی نماز کے لئے خاص کرلے، اور اس نماز میں بار بار وہی آیت پڑھے تو یہ بھی مکروہ ہے۔ اسکی دو وجہ ہیں۔ ایک تو یہ کہ جب اس آیت کو ہمیشہ پڑھے گا تو باقی آیتوں کو ہمیشہ چھوڑ دے گا، ایسا کرنا مکروہ ہے۔ اور دوسری وجہ یہ ہے کہ لوگوں کو وہم ہوگا کہ یہی آیت افضل ہے اور دوسری آیتیں افضل نہیں ہیں، حالانکہ تمام آیتیں افضل ہیں۔ تو فضیلت کا وہم ڈالنا یہ بھی مکروہ ہے، اسلئے کسی خاص آیت یا سورت کو کسی خاص نماز کے لئے متعین نہ کرے۔ البتہ کسی فضیلت کی وجہ سے اکثر و بیشتر کسی نماز میں کسی سورت کو پڑھنا استحباب کے خلاف نہیں ہے کیونکہ حضورؐ جمعہ کی نماز میں, الم تنزیل ,السجدۃ ، اور ھل أتی علی الانسان حین من الدھر ، پڑھا کرتے تھے۔ حدیث یہ ہے۔ عن ابی ھریرۃؓ قال : کان النبی ﷺ یقرأ فی الفجر یوم الجمعۃ , ﴿ الم تنزیل ﴾ آیت ۱ . ۲ سورۃ السجدۃ ۳۲، اور ﴿ھل أتی علی الانسان حین من الدھر ﴾ آیت ۱ سورۃ الانسان ۷۶ )( بخاری شریف، باب مایقرأ فی صلوۃ الفجر یوم الجمعۃ ،ص ۱۲۱، نمبر ۸۹۱ ) اس حدیث میں ہے کہ جمعہ کے دن فجر کی نماز میں سورہ سجدہ اور سورہ انسان پڑھا کرتے تھے۔

﴿ قرأت خلف الامام ﴾

**ترجمہ** :(۳۳۰) مقتدی امام کے پیچھے نہ پڑھے۔

**تشریح** : حنفیہ کے نزدیک مقتدی کو قرأت کرنا صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ امام کی قرأت مقتدی کے لئے کافی ہے۔ ان کا کام ہے امام کی قرأت سننا اور خاموش رہنا۔ حضرت امام ابو حنیفہ کی نظر آیت اور نص قطعی کی طرف گئی ہے۔

**وجہ** : (۱) آیت میں ہے و اذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ و انصتوا لعلکم ترحمون. ( آیت ۲۰۴ سورۃ الاعراف ۷ ) آیت میں حکم دیا گیا ہے کہ قرآن پڑھا جائے تو اس کو کان لگا کر سنو اور چپ رہو۔ اس لئے امام جب قرأت کرے گا تو مقتدی کا کام اس کو کان لگا کر سننا ہے اور سنائی نہ بھی دے تو چپ رہنا ہے۔ اس لئے قرأت خلف الامام صحیح نہیں ہے (۲) حدیث میں بھی ہے کہ امام قرأت کرے تو مقتدی کو چپ رہنا چاہئے۔ یہ صاحب ھدایہ کی بھی حدیث ہے۔ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ انما جعل الامام لیوتم بہ فاذا کبر فکبرو و اذا قرأ فانصتوا. ( ابن ماجہ شریف، باب اذا قرء الامام فانصتوا ص ۱۲۰، نمبر ۸۴۶ /

لِ اخلافا للشافعیؒ فی الفاتحۃ لہ ان القراءۃ رکن من الارکان فیشترکان فیہ

نسائی شریف تاویل قولہ عزوجل واذا قریٔ القرآن فاستمعوا لہ ص ۱۰۷ نمبر ۹۲۲ ر دار قطنی ، باب ذکر قولہ ﷺ من کان لہ امام فقراءۃ الامام قراءۃ ص ۳۲۳ نمبر ۱۲۲۹ ر مسلم شریف، باب التشہد فی الصلوۃ ، ص ۱۷۵ ، نمبر ۴۰۴/۹۰۵ ) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قرأت کے وقت مقتدی کو چپ رہنا چاہئے (۳) بلکہ قرأت کرنے والوں کو آپؐ نے منع فرمایا عن عمران بن حصین ان رسول اللہ ﷺ صلی الظہر فجعل رجل یقرء خلفہ سبح اسم ربک الاعلی فلما انصرف قال ایکم قرء او ایکم القاری؟ قال رجل انا فقال قد ظننت ان بعضکم خالجنیہا . ( مسلم شریف، باب نہی الماموم عن جہرہ بالقراءۃ خلف الامام ص ۱۷۲ نمبر ۳۹۸ ) ابو داؤد شریف کی حدیث میں ہے مالی انازع القرآن قال فانتہی الناس عن القراءۃ مع رسول اللہ ﷺ فیما جہر فیہ ۔ ( ابو داؤد شریف، باب من رأی القراءۃ اذا لم یجہر ، ص ۱۲۷ ، نمبر ۸۲۶ ر ترمذی شریف، باب ما جاء فی ترک القراءۃ خلف الامام اذا جہر الامام بالقرائۃ ص ۷۱ نمبر ۳۱۲ ر دار قطنی ، باب ذکر قولہ من کان لہ امام فقراءۃ الامام لہ قراءۃ ص ۳۲۱ نمبر ۱۲۲۲ ) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ قرأت خلف الامام مناسب نہیں ہے۔ آپؐ نے ناراضگی کا اظہار فرمایا ہے (۴) مقتدیوں کو قرأت کرنے کی ضرورت اس لئے بھی نہیں ہے کہ امام مقتدیوں کی جانب سے قرأت کر رہا ہے۔ امام کی قرأت مقتدی کی قرأت ہے۔ حدیث میں اس کا باضابطہ ذکر ہے۔ یہ صاحب ھدایہ کی بھی حدیث ہے۔ عن جابر قال قال رسول اللہ ﷺ من کان لہ امام فقراءۃ الامام لہ قراءۃ. ( ابن ماجہ شریف، باب اذا قرء الامام فانصتوا ص ۱۲۰ ، نمبر ۸۵۰ ر دار قطنی ، باب ذکر قولہ من کان لہ امام ص ۳۲۱ نمبر ۱۲۲۰ ) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امام نے فاتحہ پڑھ لی تو گویا کہ مقتدی نے بھی پڑھ لی وہ بغیر فاتحہ کے نہ رہے (۵) عن ابی درداء سمعہ یقول سئل رسول اللہ ﷺ افی کل صلوۃ قراءۃ ؟ قال نعم قال رجل من الانصار وجبت ہذہ؟ فالتفت الی و کنت اقرب القوم منہ فقال ما اری الامام اذا ام القوم الا قد کفا ہم ۔ ( نسائی شریف، باب اکتفاء الماموم بقراءۃ الامام ص ۱۰۷ نمبر ۹۲۴ ر دار قطنی ص ۳۲۶ نمبر ۱۲۴۸ ) اس سے بھی معلوم ہوا کہ مقتدیوں کو امام کی قرأت کافی ہے (۶) عن زید بن ثابت قال : من قرأ مع الامام فلا صلوۃ لہ ۔ ( مصنف عبد الرزاق، باب القرأۃ خلف الامام، ج ثانی، ص ۱۳۷ ، نمبر ۲۸۰۲ ر مصنف ابن ابی شیبۃ ، ۱۴۷ من کرہ القرأۃ خلف الامام، ج اول، ص ۳۳۰ ، نمبر ۳۷۸۳ ) اس قسم کی ۲۷ حدیثیں اور آثار مصنف ابن ابی شیبہ نے نقل کی ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ قرأت خلف الامام نہیں ہے (۷) مقتدی رکوع میں امام کے ساتھ ملے تو مقتدی کو وہ رکعت مل گئی۔ لیکن فاتحہ پڑھنے کا موقع نہیں ملا تو گویا کہ امام شافعیؒ کے نزدیک بھی اس صورت میں امام کا پڑھا ہوا فاتحہ مقتدی کے لئے کافی ہو گیا تو آخر ایک صورت میں وہ بھی حنفیوں کے ساتھ ہو گئے۔

**ترجمہ**: لِ خلاف امام شافعیؒ کے سورہ فاتحہ کے بارے میں۔ انکی دلیل یہ ہے کہ قرأت رکنوں میں سے ایک رکن ہے تو اس

۲؎ ولنا قوله عليه السلام من كان له امام فقراء ة الامام له قراء ة وعليه اجماع الصحابةؓ

میں دونوں شریک ہوں۔

**فائدہ:** امام شافعیؒ، امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ امام کے پیچھے فاتحہ پڑھے گا۔ چاہے قرأت جہری کر رہا ہو یا سری۔ اور ایک روایت ہے کہ سری قرأت کر رہا ہو تو قرأت فاتحہ کرے گا اور جہری کر رہا ہو تو نہیں کرے گا۔ موسوعہ میں عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ : و سن رسول الله ﷺ أن يقرأ القارى فى الصلوة بأم القرآن ، و دل على أنها فرض على المصلى اذا كان يحسن يقرئوها ۔ (موسوعہ امام شافعیؒ، باب القرأۃ بعد التعوذ، ج ثانی، ص ۱۵۳، نمبر ۱۳۴۹) اس عبارت میں ہے کہ مصلی پر فاتحہ پڑھنا فرض ہے۔ چاہے امام ہو یا مقتدی۔

**وجه** :(۱) ان کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن عبادة بن صامت ان رسول الله ﷺ قال لا صلوة لمن لم يقرء بفاتحة الكتاب ۔ (بخاری شریف، باب وجوب القراءة للامام والماموم فی الصلوات کلها فی الحضر والسفر وما یجهر فیها وما یخافت ص ۱۰۴ نمبر ۷۵۶ رمسلم شریف، باب وجوب قراءۃ الفاتحہ فی کل رکعۃ ص ۱۶۹ نمبر ۳۹۴ رابوداؤد شریف نمبر ۸۲۳) اس حدیث سے ثابت کرتے ہیں کہ مقتدی کے لئے بھی فاتحہ پڑھنا ضروری ہے۔ (۲) صاحب ھدایہ نے یہ دلیل بیان کی ہے کہ حدیث کی وجہ سے قرأت ہر ایک پر فرض ہے، اسلئے امام اور مقتدی دونوں اس فرض میں شریک ہونگے، اور دونوں کو سورہ فاتحہ پڑھنا ہوگا۔ (۳) یہ اثر بھی ہے۔ قال سألت عمر بن الخطاب عن القرأة خلف الامام فقال لى : اقرأ ، قال : قلتُ : و ان كنتُ خلفك ؟ قال : و ان كنتَ خلفى ، قال : و ان قرأتَ ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۴۷ من رخص فی القرأۃ خلف الامام، ج اول، ص ۳۲۷، نمبر ۳۷۴۸ رمصنف عبدالرزاق، باب القرأۃ خلف الامام، ج ثانی، ص ۱۳۱، نمبر ۲۷۷۶) اس اثر سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ امام کے پیچھے بھی قرأت فاتحہ کی جائے گی۔ مصنف ابن ابی شیبۃ نے اس سلسلے میں ۲۹ اثار نقل فرمائے ہیں۔

**ترجمہ** : ۲؎ اور ہماری دلیل حضور علیہ السلام کا قول ہے: جس کا امام ہو تو امام کی قرأت اس مقتدی کی قرأت ہے۔ اور اس پر صحابہ کا اجماع ہے۔

**تشریح** : یہ حدیث اوپر گزر گئی۔ حدیث یہ ہے عن جابر قال قال رسول الله ﷺ من كان له امام فقراء ة الامام له قرأة. (ابن ماجہ شریف، باب اذا قرء الامام فانصتوا ص ۱۲۰، نمبر ۸۵۰ ردار قطنی، باب ذکر قولہ من کان لہ امام ص ۳۲۱ نمبر ۱۲۲۰) اس حدیث میں ہے کہ جسکا امام ہو تو امام کی قرأت مقتدی کے لئے کافی ہے۔ اور اس پر صحابہ کا اجماع تو نہیں کہہ سکتے کیونکہ بہت سارے صحابہ امام کے پیچھے قرأت کرنے کے قائل ہیں، البتہ بہت سے صحابہ اس بات کے بھی قائل ہیں کہ امام کے پیچھے قرأت کرنا اچھا نہیں۔ مصنف ابن ابی شیبۃ نے ۲۷ اثر نقل کئے ہیں کہ وہ صحابہ امام کے پیچھے قرأت کرنے کے قائل نہیں تھے۔ ایک اثر یہ بھی

**۳ وھو رکن مشترک بینھما لکن حظ المقتدی الانصات والاستماع قال علیہ السلام واذا قرأ فانصتوا ۴ ویستحسن علیٰ سبیل الاحتیاط فیما یروی عن محمدؒ ویکرہ**

گزری۔عن زید بن ثابت قال : من قرأ مع الامام فلا صلوۃ لہ ۔(مصنف عبد الرزاق، باب القرأۃ خلف الامام، ج ثانی ص ۱۳۷، نمبر ۲۸۰۲ رمصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۴۷ من کرہ القرأۃ خلف الامام، ج اول، ص ۳۳۰، نمبر ۳۷۸۳) اس اثر میں ہے کہ جو امام کے پیچھے قرأت کرے اسکی نماز ہی نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: ۳ قرأت کرنا امام اور مقتدی کے درمیان مشترک رکن ہے لیکن مقتدی کا حصہ چپ رہنا ہے اور سننا ہے۔حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ جب امام قرأت کرے تو تم چپ رہو۔

**تشریح**: یہ امام شافعیؒ کو جواب ہے۔انہوں نے کہا تھا کہ قرأت مشترک رکن ہے اسلئے امام اور مقتدی دونوں کو اس رکن میں شریک ہونا چاہئے اور دونوں کو کم سے کم فاتحہ پڑھنا چاہئے۔اسکا جواب دے رہے ہیں کہ قرأت مشترک فرض ضرور ہے لیکن اس فرض میں امام کا کام قرأت کرنا ہے اور مقتدی کا کام اسکو سننا ہے اسی سے دونوں اس مشترک فرض میں شریک ہو جائیں گے اسلئے مقتدی کو فاتحہ پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔حضورؐ کی یہ حدیث گزر چکی۔ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ انما جعل الامام لیوتم بہ فاذا کبر فکبرو واذا قرأ فانصتوا. (ابن ماجہ شریف، باب اذا اقرء الامام فانصتوا ص ۱۲۰، نمبر ۸۴۶ رنسائی شریف تاویل قولہ عز وجل واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ ص ۱۰۷ نمبر ۹۲۲ ردار قطنی، باب ذکر قولہ ﷺ من کان لہ امام فقراءۃ الامام قراءۃ ص ۳۲۳ نمبر ۱۲۲۹ رمسلم شریف، باب التشھد فی الصلوۃ ص ۱۷۵، نمبر ۴۰۴ ر ۹۰۵) اس حدیث میں ہے کہ امام جب قرأت کرے تو مقتدی چپ رہے۔(۲) آیت سے بھی یہ بات ثابت ہوئی کہ جب قرآن پڑھا جائے تو تم کان لگا کر سنو اور چپ رہو۔ واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتو لعلکم ترحمون. (آیت ۲۰۴ سورۃ الاعراف ۷) آیت میں حکم دیا گیا ہے کہ قرآن پڑھا جائے تو اس کو کان لگا کر سنو اور چپ رہو۔

**ترجمہ**: ۴ اور احتیاط کے طور پر قرأت کرنا اچھا سمجھا گیا ہے جیسا کہ امام محمدؒ سے روایت ہے۔

**تشریح**: امام شافعیؒ کی دلائل کی وجہ سے امام محمدؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ احتیاط کے طور پر امام کے پیچھے سورہ فاتحہ پڑھ لے۔

**نوٹ**: بعض حضرات کی رائے ہے کہ سری نماز ہو تو امام کے پیچھے قرأت کر لے اور جہری ہو تو نہ کرے۔انکی دلیل یہ اثر ہے۔عن الحکم قال اقرأ خلف الامام فیما لم یجھر فی الاولیین فاتحۃ الکتاب و سورۃ ، و فی الاخریین فاتحۃ الکتاب ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۴۷ من رخص فی القرأۃ خلف الامام، ج اول، ص ۳۲۹، نمبر ۳۷۶۶ رمصنف عبد الرزاق، باب القرأۃ خلف الامام، ج ثانی، ص ۱۳۰، نمبر ۲۷۷۴) اس اثر میں ہے کہ امام سری نماز پڑھے تو مقتدی امام کے پیچھے قرأت کرے۔

۵ عندھما لما فیہ من الوعید (۳۳۱) ویستمع وینصت وان قرأ الامام اية الترغيب والترهيب ﴾ ل لان الاستماع والانصات فرض بالنص والقراءة وسوال الجنة والتعوذ من النار كل ذلك مخلٌّ به (۳۳۲) كذلك فی الخطبة وكذلك ان صلی علی النبی ﷺ ﴾ لفرضية الاستماع

**ترجمہ**: ۵ اورامام ابو حنیفہؒ اورامام ابو یوسفؒ کے نزدیک امام کے پیچھے پڑھنا مکروہ ہے اسلئے کہ اسکے بارے میں وعید ہے۔

**تشریح**: یہ مکروہ تنزیہی ہوگی اسلئے کہ اثر میں وعید ہے تو دوسرے آثار میں اسکا ثبوت بھی ہے۔وعید یہ ہے۔عن الاسود بن یزید أنه قال : وددت أن الذی یقرأ خلف الامام ملیء فوه ترابا ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ، ۱۴۷ من کرہ القرأۃ خلف الامام، ج اول، ص ۳۳۱، نمبر ۳۷۸۹ ر مصنف عبد الرزاق ، باب القرأۃ خلف الامام، ج ثانی، ص ۱۳۹، نمبر ۲۸۰۹) اس اثر میں ہے کہ کوئی قرأت خلف الامام کرے تو اس کے منہ میں مٹی بھر دی جائے۔

**ترجمہ**: (۳۳۱) کان لگا کر سنے اور چپ رہے چاہے امام ترغیب یا ترہیب کی آیت پڑھتے ہوں۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ کان لگا کر سننا اور چپ رہنا نص قرآنی کی وجہ سے فرض ہے، اور پڑھنا، اور جنت کا سوال کرنا، اور جہنم سے پناہ مانگنا سننے میں مخل ہیں [اسلئے یہ سب نہ کرے]

**تشریح**: جب امام قرأت کر رہے ہوں تو چاہے وہ ترغیب کی آیت پڑھے پھر بھی مقتدی جنت نہ مانگے، اور ترہیب کی آیت پڑھ رہے ہوں تو جہنم سے پناہ نہ مانگے، اور نہ امام کے پیچھے قرأت کرے۔اسکی وجہ یہ ہے کہ ابھی اوپر آیت اور حدیث گزری جن سے معلوم ہوا کہ مقتدی چپ رہنا اور کان لگا کر سننا فرض ہے، اور یہ سب کرے گا تو چپ رہنے اور کان لگا کر سننے میں مخل ہوگا اسلئے یہ سب نہ کرے۔

**ترجمہ**: (۳۳۲) اور ایسے ہی خطبے میں اور ایسے ہی اگر حضورؐ پر درود شریف کی آیت پڑھے۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ کان لگا کر سننا فرض ہے۔

**تشریح**: جمعہ کے خطبے کے دوران بھی چپ رہے اور حضورؐ پر درود شریف کی آیت پڑھے تب بھی چپ رہے زیادہ سے زیادہ دل دل میں درود شریف پڑھے۔

**وجہ**: (۱) کیونکہ آیت میں ہے کہ قرآن پڑھا جائے تو چپ رہو اور کان لگا کر سنو آیت یہ ہے۔ واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا لعلكم ترحمون. (آیت ۲۰۴ سورۃ الاعراف ۷) آیت میں حکم دیا گیا ہے کہ قرآن پڑھا جائے تو اس کو کان لگا کر سنو اور چپ رہو (۲) حدیث میں ہے کہ خطبہ کے وقت کسی کو چپ رہنے کے لئے بھی کہے تو اچھا نہیں ہے۔ و قال سلیمان عن النبی ﷺ : ينصت اذا تكلم الامام .....أن ابا هريرة اخبره أن رسول الله ﷺ قال : اذا قلتَ

(۳۳۳)الا ان یقرأ الخطیب قوله تعالیٰ یا ٓیُّهَا الذین اٰمنوا صلوا علیه الاٰیة﴾ ل واختلفوا فی النائی عن المنبر والاحوط هو السکوت اقامة لفرض الانصات، واللّٰه اعلم بالصواب

لصاحبک یوم الجمعة أنصت ُ و الامام یخطب فقد لغوتَ۔ (بخاری شریف، باب الانصات یوم الجمعۃ والامام یخطب ،ص ۱۵۰،نمبر ۹۳۴) اس حدیث میں ہے کہ خطبے کے وقت کسی کو چپ رہنے کے لئے کہنا بھی اچھا نہیں ہے اسلئے خطبے کے وقت بھی چپ رہے اور کان لگا کر سنے۔

**ترجمہ**: (۳۳۳) مگر یہ کہ خطیب اللہ تعالیٰ کا قول ﴿یا ایھا الذین آمنوا صلوا علیہ ﴾ آیت پڑھے تو سننے والا دل دل میں درود شریف پڑھے۔

**تشریح**: خطیب۔ان الله و ملئکته یصلون علی النبی یآیهاالذین آمنو ا صلوا علیه و سلموا تسلیماً (آیت ۵۶،سورۃ الاحزاب ۳۳) آیت پڑھے تو اس میں حکم ہے کہ ایمان والے بھی حضورؐ پر درود شریف پڑھیں اسلئے اوپر کی آیت اور اس آیت دونوں پر عمل اس طرح کیا جائے گا کہ سننے والا دل دل میں درود شریف پڑھے گا۔

**وجه**: (۱) اس حدیث میں اسکا اشارہ ہے۔عن ابی هریرة عن النبی ﷺ قال: من صلی صلوةً لم یقرأ فیها بأم القرآن فهی خداج ثلاثا غیر تمام ، فقیل لابی هریرة : انا نکون وراء الامام فقال : اقرأ بها فی نفس۔ (مسلم شریف، باب وجوب قرأۃ الفاتحۃ فی کل رکعۃ، ص ۱۶۹، نمبر ۸۷۸/۳۹۵) اس حدیث میں ہے کہ دل دل میں پڑھے۔

**ترجمہ**: ل منبر سے دور کے بارے میں اختلاف کیا۔البتہ احتیاط اسی میں ہے کہ چپ رہے، چپ رہنے کے فرض کو قائم کرنے کے لئے۔

**تشریح**: خطیب کے خطبہ دیتے وقت جو لوگ منبر سے دور ہیں اور خطبہ نہیں سن پا رہے ہیں وہ درود شریف یا آیات قرآنی پڑھیں یا نہیں، اس بارے میں اختلاف ہے۔کچھ حضرات فرماتے ہیں کہ خاموش رہنا اسلئے تھا کہ اچھی طرح خطبہ سن سکے، اور جب خطبہ نہیں سن سک رہا ہے تو خاموش رہنے سے بہتر ہے کہ قرآن پڑھے۔انکا استدلال اس اثر سے ہے۔عن سعید بن جبیر قال : اذا لم تسمع قرأة الامام فاقرأ فی نفسک ان شئتَ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۴۷ من رخص فی القرأۃ خلف الامام، ج اول، ص ۳۲۸، نمبر ۳۷۶۱) اس اثر میں ہے کہ قرأت سنائی نہ دے رہا ہو تو آہستہ سے پڑھ سکتے ہیں۔

لیکن مصنفؒ کا مذہب مختار یہ ہے کہ قرأت سنائی نہ دیتی ہو پھر بھی چپ رہے کیوں کہ آیت میں ہے کہ ہر حال میں چپ رہو، پھر یہ بھی ہے کہ سنائی دے یا نہ دے کان لگائے رکھو، اسلئے چپ رہنا ہی احوط ہے۔واللہ اعلم بالصواب۔

﴿باب الامامة﴾

(۳۳۴) الجماعة سنة مؤكدة ﴿ ل لقوله عليه السلام الجماعة من سنن الهدى لايتخلف عنها الامنافق (۳۳۵) واولى الناس بالامامة اعلمهم بالسنة﴾

﴿جماعت کا بیان﴾

**ترجمہ**: (۳۳۴) جماعت سنت مؤکدہ ہے۔

**وجہ**: (۱) اس آیت میں جماعت سے نماز پڑھنے کا اشارہ ہے۔ و اقيموا الصلوة و آتوا الزكوة و اركعوا مع الراكعين۔ (آیت ۴۳ سورة البقرة ۲) اس آیت میں ہے کہ رکوع کرنے والے کے ساتھ رکوع کرو، یعنی نماز پڑھنے والے کے ساتھ نماز پڑھو، جس سے جماعت کا ثبوت ہوتا ہے۔ (۲) عن ابی هريرة ان رسول الله قال والذی نفسی بيده لقد هممت ان آمر بحطب ليحطب ثم امر بالصلوة فيوذن لها ثم امر رجلا فيؤم الناس ثم اخالف الی رجال فاحرق عليهم بيوتهم والذی نفسی بيده لو يعلم احدهم انه يجد عرقا سمينا او مرما تين حسنتين لشهد العشاء (بخاری شریف، باب وجوب صلوة الجماعة ص ۸۹ نمبر ۶۴۴ ر ابو داؤد شریف، باب فی التشدید فی ترک الصلوة ص ۸۸ نمبر ۵۴۸) آپ نے جماعت چھوڑنے پر گھروں کو جلا دینے کا ارادہ فرمایا جو جماعت کے وجوب کی دلیل ہے۔ تاہم وہ سنت مؤکدہ ہے (۳) عن ابن عباس قال قال رسول الله ﷺ من سمع المنادی فلم يمنعه من اتباعه عذر قالوا وما العذر؟ قال خوف او مرض لم تقبل منه الصلوة التی صلی (ابو داؤد شریف، باب فی التشدید فی ترک الجماعة ص ۸۸ نمبر ۵۵۱) اس سے بھی معلوم ہوا کہ جماعت سنت مؤکدہ ہے۔ کیونکہ بغیر عذر کے اس کے چھوڑنے سے نماز قبول نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: ل حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے: کہ جماعت سنن ھدی ہے منافق کے علاوہ اس سے کوئی پیچھے نہیں رہتا۔

**تشریح**: صاحب ھدایہ کی حدیث قریب قریب یہ ہے۔ قال عبد الله: لقد رأيتنا و ما يتخلف عن الصلوة الا منافق قد علم نفاقه، أو مريض، ان كان المريض ليمشی بين رجلين حتى يأتی الصلوة. و قال: ان رسول الله ﷺ علمنا سنن الهدی، و ان من سنن الهدی الصلاة فی المسجد الذی يوء ذن فيه۔ (مسلم شریف، باب صلوة الجماعة من سنن الهدی، ص ۲۳۴، نمبر ۶۵۴ ر ۱۴۸۷) اس حدیث میں ہے کہ جماعت سنن ھدی میں سے ہے۔

**ترجمہ**: (۳۳۵) لوگوں میں سے امامت کا زیادہ حقدار جو ان میں سے سنت کو زیادہ جاننے والا ہو۔

**تشریح**: سنت سے مراد احکام نماز ہے۔ اس لئے جو موجودہ لوگوں میں سے احکام نماز اور مسائل سے زیادہ واقف ہوں ان کو امام بنایا جائے بشرطیکہ اتنی قرأت جانتا ہو جس سے نماز درست ہو جاتی ہو۔ پھر اگر سبھی مسائل کے جاننے میں برابر ہوں تو جس کی

ل وعن ابی یوسفؒ اقرؤ هم لان القراء ة لابدمنها و الحاجة الی العلم اذا نابت نائبة

قرأت بہت اچھی ہوان کوامام بنایا جائے۔اور اگر قرأت بھی سبھی کی ہی اچھی ہوتو جوزیادہ پرہیز گار ہوان کوامام بنایا جائے۔اور سب پرہیز گار بھی برابر درجے کے ہوں تو جوعمر میں بڑے ہوں ان کوامامت کا حق ہے۔

**نوٹ**: یہ اسوقت ہے کہ پہلے سے امام متعین نہ ہو۔اور اگر پہلے سے امام متعین ہوتو ان کوامامت کا زیادہ حق ہے۔

**وجہ**: (۱) مسئلہ زیادہ جاننے والے کوسب سے مقدم اس لئے کریں گے کہ اس کی ضرورت زیادہ پڑتی ہے کہ کہاں سجدۂ سہو ہوگا اور کہاں نہیں ہوگا۔اسی طرح کون سارکن فرض ہے کون ساواجب اور کون ساسنت،اور اس کی رعایت کتنی کرنی چاہئے (۲) یوں بھی زیادہ جاننے والے کا رعب زیادہ پڑتا ہے۔اور اس کی وجہ سے جماعت کا معاملہ قابو میں رہتا ہے (۳) دور صحابہ میں اونچے قاری ابی بن کعبؓ تھے لیکن آپ نے آخر وقت میں اپنے مصلے پر حضرت ابوبکرؓ کو تاکید کر کے کھڑا کیا جو اعلم بالسنۃ تھے۔جس سے معلوم ہوا کہ اعلم بالسنۃ کوامامت کا حق زیادہ ہے۔عن ابی موسی قال مرض النبی ﷺ فاشتد مرضة فقال مروا ابا بکر فلیصل بالناس۔ (بخاری شریف، باب اہل العلم والفضل احق بالامامۃ ص۹۳ نمبر ۶۷۸ رمسلم شریف، باب استخلاف الامام اذا عرض لہ عذر ص ۱۸۷ نمبر ۹۳۶/۴۱۸) (۴) عن ابن مسعود قال قال رسول الله ﷺ لیلنی منکم اولوا الاحلام و النهی ثم الذین یلونهم ثلاثا (مسلم شریف، باب تسویۃ الصفوف واقامتہا وفضل الاول فالاول ص ۱۸۱ نمبر ۹۷۴/۴۳۲ رابوداؤد شریف، باب من یستحب ان یلی الامام فی الصّف وکراھیت التأخر، ص ۱۰۵، نمبر ۶۷۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عقل اور سمجھ رکھنے والے کو امام کے قریب رہنا چاہئے تاکہ ضرورت پر امامت کے کام آئے۔یہ نہیں کہا کہ قاری کو حضورؐ کے قریب ہونا چاہئے (۵) حدیث میں ہے عن عقبة بن عمرو قال قال رسول الله ﷺ یوم الناس اقدمهم هجرة و ان کانوا فی الهجرة سواء فافقههم فی الدین و ان کانوا فی الدین سواء فاقرؤهم للقرآن (دار قطنی، باب من احق بالامامۃ ص ۲۸۴ نمبر ۱۰۷۲ ر مستدرک للحاکم، کتاب الصلوۃ، ج اول، ص ۳۷۰، نمبر ۸۸۶) اس میں بھی افقہ کوزیادہ حق امامت دیا گیا ہے۔ تاہم کسی غیر افضل نے امامت کر لی تو نماز ہو جائے گی۔

**فائدہ ترجمہ**: ل اور امام ابو یوسفؒ سے روایت ہے کہ جو زیادہ قاری ہو وہ افضل ہے، کیونکہ قرأت نماز میں ضروری ہے، اور علم فقہ کی ضرورت پڑے گی جب کوئی واقعہ پیش آئے گا۔

**تشریح**: حضرت امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ سب برابر ہوں تو جو سب سے زیادہ قاری ہو وہ امامت کا زیادہ حقدار ہے۔

**وجہ**: (۱) وہ فرماتے ہیں کہ ہر نماز میں قرأت کی ضرورت پڑے گی ہی اسلئے اسکی ضرورت زیادہ ہے، اور فقہ کی ضرورت اس وقت پڑے گی جب کوئی واقعہ پیش آئے گا تو اس وقت دیکھنے کی ضرورت پڑے گی کہ اس وقت سنت کے اعتبار سے کیا کرنا ہوگا، اور اس قسم کا واقعہ کبھی کبھار پیش آتا ہے اسلئے فقہ کے جاننے کی ضرورت قرأت کے اعتبار سے کم ہے اسلئے امامت میں اسکی اہمیت قرأت

ع ونحن نقول القراءة مفتقر اليها لركن واحد والعلم لسائر الاركان (۳۳۶) فان تساووا فاقرؤهم﴾ ل لقوله عليه السلام يؤم القوم اقرأهم لكتاب الله فان كانوا سواء فاعلمهم بالسنة

---

کے اعتبار سے کم ہے۔ یہ حدیث بھی ہے۔(۲) ان کی دلیل یہ حدیث ہے عن ابی مسعود الانصاری قال قال رسول الله ﷺ يؤم القوم اقرؤهم لكتاب الله فان كانوا فى القراءة سواء فاعلمهم بالسنة فان كانوا فى السنة سواء فاقدمهم هجرة. وفى حديث آخر فان كانوا فى الهجرة سواء فليؤمهم اكبرهم سنا (مسلم شریف، باب من احق بالامامة ص ۲۳۶ نمبر ۱۵۳۲/۶۷۳/ ابوداؤد شریف، باب من احق بالامامة ص ۹۴ نمبر ۵۸۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو زیادہ قاری ہو وہ امامت کا زیادہ حقدار ہے۔(۳) حدیث میں ہے۔ عن عمرو بن سلمة قال : لی أبو قلابة .....فاذا حضرت الصلوة فليوء ذن احدكم و ليوء مكم أكثركم قرآنا ۔(بخاری شریف، باب [باب مقام النبی ﷺ بمكة زمن الفتح، ص ۲۸ ۷، نمبر ۴۳۰۲/ ابوداود شریف، باب من احق بالامامة ص ۹۴ نمبر ۵۸۵) ا اس حدیث میں ہے کہ جسکو قرآن زیادہ آتا ہو اسکو امامت کا زیادہ حق ہے۔

**ترجمه** : ع ہم کہتے ہیں کہ قرأت کی ضرورت ایک رکن کے لئے ہے، اور علم فقہ کی ضرورت تمام ارکان کے لئے ہے۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے کہ قرأت کی ضرورت صرف ایک رکن کو پورا کرنے کے لئے ہے اور فقہ جاننے کی ضرورت ہر رکن کے لئے ہے، کہ کس رکن کو کس طرح ادا کرنا ہے اسلئے زیادہ فقہ جاننے والے زیادہ حقدار ہے۔

**ترجمه** : (۳۳۶) پس اگر سبھی فقہ میں برابر ہوں تو ان میں سے زیادہ قرأت جاننے والا [امامت کا زیادہ حقدار ہے]۔

**تشریح** : جتنے لوگ حاضر ہیں سبھی برابر درجے کے فقہ جاننے والے ہیں۔ تو اب جو قرأت کو زیادہ جانتا ہو وہ امامت کا حقدار ہے۔

**وجه :ترجمه** : ل حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے، کہ قوم کی امامت وہ کرے جو کتاب اللہ کو زیادہ پڑھنے والا ہو، پس اگر سبھی اس میں برابر ہوں تو جو سنت کو زیادہ جاننے والا ہو۔

**تشریح** : صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابی مسعود الانصاری قال قال رسول الله ﷺ يؤم القوم اقرؤهم لكتاب الله فان كانوا فى القراءة سواء فاعلمهم بالسنة فان كانوا فى السنة سواء فاقدمهم هجرة. (مسلم شریف، باب من احق بالامامة ص ۲۳۶ نمبر ۱۵۳۲/۶۷۳/ ابوداؤد شریف، باب من احق بالامامة ص ۹۴ نمبر ۵۸۴) اس حدیث میں ہے کہ کتاب اللہ کو جو زیادہ جاننے والا ہو وہ امامت کا زیادہ حقدار ہے، پھر اسکے بعد فقہ کے جاننے والے کا حق ہے۔

ع واقرأهم كان اعلمهم لانهم كانوا يتلقونه باحكامه فقدم في الحديث ولا كذلك في زماننا فقدمنا الاعلم (۳۳۷) فان تساووا فاورعهم ﴾ ا لقوله عليه السلام من صلى خلف عالم تقي فكانما صلى خلف نبي (۳۳۸) فان تساووا فاسنهم ﴾ ا لقوله عليه السلام لابني ابي مليكة وليؤمكما اكبركما سنا

**ترجمہ** : ع صحابہ کے زمانے میں جوزیادہ قاری ہوتے تھے وہ فقہ کے بھی زیادہ جاننے والے ہوتے تھے، اسلئے وہ حضرات قرآن اسکے احکام کے ساتھ حاصل کرتے تھے، اسلئے حدیث میں انکو مقدم کیا، اور ہمارے زمانے میں ایسا نہیں ہے، اسلئے ہم نے زیادہ جاننے والے کو مقدم کیا۔

**تشریح** : یہ حضرت امام ابو یوسفؒ کو جواب ہے، انہوں نے حدیث سے استدلال کیا تھا کہ اس میں زیادہ قاری کو امامت کا حق دیا ہے۔ تو اسکا جواب دیتے ہیں کہ صحابہ کے زمانے میں بڑے ہوکر اسلام لاتے تھے اسلئے قرآن سیکھنے کے ساتھ ساتھ اسکے احکام بھی سیکھتے جاتے تھے۔

اسلئے جو بڑا قاری ہوتا وہ سنت کو بھی زیادہ جاننے والا ہوتا، اسلئے فرمایا کہ بڑے قاری کو آگے کرو تو سنت کا بڑا جاننے والا ہی آگے ہو جائے گا، لیکن ہمارے زمانے میں بچے پہلے قرآن سیکھتے ہیں اور بڑا قاری بنتے ہیں بعد میں اسکا عالم بنتے ہیں اسلئے کوئی ضروری نہیں ہے کہ بڑا قاری ہو تو وہ سنت کو بھی زیادہ جاننے والے ہو جائے۔ اسلئے ہم نے یہ کہا کہ سنت کے زیادہ جاننے والے کو امامت کا حق دیا جائے۔ اسکے لئے حدیث اوپر گزر گئی۔

**ترجمہ**: (۳۳۷) پس اگر قرأت میں بھی سب برابر ہوں تو ان میں سے جو زیادہ پرہیز گار ہو [وہ امامت کا زیادہ حقدار ہے۔]

**ترجمہ** : ا حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے، کہ جس نے متقی عالم کے پیچھے نماز پڑھی تو گویا کہ اس نے نبی کے پیچھے نماز پڑھی۔

**تشریح** : اس قسم کی حدیث نہیں ملی البتہ اسکے قریب قریب یہ حدیث ہے۔ عن مرثد بن ابی مرثد الغنوی و کان بدریا قال : قال رسول الله ﷺ : ان سركم أن تقبل صلوتكم فليوء مكم خياركم فانهم وفدكم فيما بينكم و بين ربكم عزوجل ۔ (مستدرک للحاکم، ذکر مناقب مرثد بن ابی مرثد الغنوی، ج ثالث، ص ۲۴۶، نمبر ۴۹۸۱ رسنن بیہقی، باب اجعلو أئمتکم خیارکم، ج ثالث، ص ۱۲۹، نمبر ۵۱۳۳) اس حدیث میں ہے کہ اپنے میں سے اچھے لوگ کو امام بناؤ تو نماز قبول ہوگی۔

**ترجمہ** : (۳۳۸) اور اگر سب پرہیز گاری میں بھی برابر ہوں تو زیادہ عمر والے حقدار ہیں۔

**ترجمہ**: ا ابی ملیکہ کے دو بیٹوں کو حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے، کہ تم میں سے جو عمر میں بڑے ہوں وہ تمہاری

۲ ولان في تقديمه تكثير الجماعة (۳۳۹) ويكره تقديم العبد لانه ۱ لايتفرغ للتعلم

امامت کرے۔

**تشریح** : ابن ابی ملیکہ کی حدیث یہ ہے۔عن مالک بن الحويرث قال قدمنا على النبي ﷺ ... قال ... فاذا حضرت الصلوة فليؤذن لكم احدكم وليؤمكم اكبركم (بخاری شریف، باب اذا استووفی القراءۃ فلیؤمہم اکبرھم ص ۹۴ نمبر ۶۸۵ مسلم شریف، باب من احق بالامامۃ ،ص ۲۳۷، نمبر ۶۷۴/ ۱۵۳۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سبھی ہجرت اور قرأت میں برابر ہوں تو عمر کے اعتبار سے جو زیادہ ہو اس کو امامت کا حق ہے۔(۲)عن ابی مسعود الانصاری يقول قال لنا رسول الله ﷺ: يؤم القوم اقرؤهم لكتاب الله و أقدمهم قرأة فان كانت قرأتهم سواءً فليوء مهم أقدمهم هجرة فان كانوا فى الهجرة سواءً فليوء مهم أكبرهم سناً (مسلم شریف، باب من احق بالامامۃ ص ۲۳۶ نمبر ۶۷۳/ ۱۵۳۴ ابوداؤد شریف، باب من احق بالامامۃ ص ۹۴ نمبر ۵۸۲) اس حدیث میں ہے کہ سب چیز میں برابر ہوں تو جو عمر میں بڑے ہوں وہ امامت کا حقدار ہیں۔

**ترجمہ**: ۲ اور اسلئے کہ انکو آگے بڑھانے میں جماعت کی کثرت ہوگی۔

**تشریح** :۔یہ دلیل عقلی ہے، کہ بڑے آدمی کا احترام ہوتا ہے اسلئے اسکو آگے بڑھانے میں جماعت کی بھی کثرت ہوگی۔

**لغت**: سنۃ: یہاں سنت سے مراد حدیث اور فقہ اور مسائل ہے۔نابت نائبۃ: کوئی واقعہ پیش آجائے، کوئی غلطی ہو جائے۔مفتقر: محتاج ہے، فقر سے مشتق ہے۔یتلقونہ: لقی سے مشتق ہے، حاصل کرنا، لینا۔اورع: پرہیزگار۔اسن: سن سے مشتق ہے، عمر دراز ہونا۔

**ترجمہ** :(۳۳۹) مکروہ ہے غلام کو امامت کے لئے آگے کرنا۔

**ترجمہ**: ۱ اسلئے کہ وہ علم کے لئے فارغ نہیں ہوتے۔

**تشریح** : [۱] غلام [۲] دیہاتی [۳] نابینا [۴] اور ولد الزنا ان لوگوں میں عموما علم نہیں ہوتا یہ لوگ علم کے لئے فارغ نہیں ہو سکتے ،اور حدیث گزری کہ علم والے اور قرأت والے کو امامت دو اسلئے ان لوگوں کی امامت مکروہ ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ ان لوگوں کو لوگ حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں جس کی وجہ سے لوگ جماعت میں کم شریک ہونگے اسلئے انکی امامت مکروہ ہے۔لیکن اگر ان میں علم ہو اور لوگ انکی عزت کرتے ہوں تو اب مکروہ نہیں ہوگی۔ نابینا میں ایک وجہ یہ بھی ہے کہ وہ ناپاکی سے بچ نہیں سکتا ہے۔اگر وہ ناپاکی سے بچ سکتا ہو تو مکروہ نہیں ہوگا۔

**وجہ** :حدیث میں ہے کہ اچھے لوگوں کو امامت دو اور یہ لوگ عموما اچھے نہیں ہوتے اسلئے انکی امامت مکروہ ہے۔حدیث یہ ہے۔ عن مرثد بن ابی مرثد الغنوی و کان بدریا قال : قال رسول الله ﷺ : ان سركم أن تقبل صلوتكم فليوء مكم خياركم فانهم وفدكم فيما بينكم و بين ربكم عزوجل ۔(مستدرک للحاکم، ذکر مناقب مرثد بن ابی مرثد الغنوی،

(۳۴۰) والاعرابی﴾ ل لان الغالب فیهم الجهل (۳۴۱) والفاسق﴾ ل لانه لایهتم لامر دینه

ج ثالث، ص ۲۴۶، نمبر ۴۹۸۱، سنن بیهقی، باب اجعلوا ائمتکم خیارکم، ج ثالث، ص ۱۲۹، نمبر ۵۱۳۳) اس حدیث میں ہے کہ اپنے میں سے اچھے لوگ کو امام بناؤ تو نماز قبول ہوگی۔ (۲) حدیث میں ہے۔ عن عبد اللہ بن عمر ان رسول اللہ ﷺ کان یقول ثلاثة لا یقبل اللہ منهم صلوة من تقدم قوما وهم له کارهون (ابوداؤد شریف، باب الرجل یؤم القوم وہم لہ کارھون ص ۹۵ نمبر ۵۹۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قوم جن لوگوں کی امامت سے کراہیت کرے ان کی امامت مکروہ ہے۔ اور اوپر کے لوگوں کی امامت سے قوم کراہیت کرتی ہے اس لئے ان کی امامت مکروہ ہے۔ تاہم امامت جائز ہو جائے گی۔ غلام کی امامت جائز ہونے کی دلیل یہ اثر ہے (۳) وکانت عائشة یؤمها عبدها ذکوان من المصحف ۔ عن ابن عمر قال : لما قدم المهاجرون الاولون العصبة موضع بقباء ۔ قبل مقدم رسول اللہ ﷺ کان یؤمهم سالم مولی ابی حذیفة، و کان اکثرهم قرآناً ۔ (بخاری شریف، باب امامۃ العبد والمولی ص ۹۶ نمبر ۶۹۲) اس حدیث میں ہے کہ غلام امامت کر سکتا ہے بشرطیکہ علم ہو اور لوگ اسکو پسند کرتے ہوں۔

**ترجمہ**: (۳۴۰) اور دیہاتی کی امامت مکروہ ہے۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ عام طور پر ان میں جہالت ہوتی ہے۔

**وجہ** : اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ سمعت عبید ابن عمیر یقول : اجتمعت جماعة فیما حول مکة ....فقال المسور بن مخرمة : امظرنی یا امیر المؤمنین ان الرجل کان أعجمی اللسان و کان فی الحج فخشیت أن یسمع بعض الحجاج قرأته فیأخذ بعجمته ، فقال : هنالک ذهبت بها فقال : نعم فقال [عمر] أصبتَ. (سنن بیهقی، باب کراہیت امامۃ الأعجمی واللحان، ج ثالث، ص ۱۲۷، نمبر ۵۱۲۷) اس اثر میں دیہاتی کو امامت سے پیچھے ہٹایا کیونکہ اسکی قرأت اچھی نہیں تھی۔ لیکن اگر اسکی قرأت اچھی ہو اور لوگ اسکو پسند کرتے ہوں تو اسکی امامت درست ہوگی۔ آخر بہت سے صحابہ تو دیہات ہی کے تھے، لیکن علم حاصل کرنے کے بعد انکی امامت افضل ہوگئی۔

**ترجمہ**: (۳۴۱) اور فاسق کی امامت مکروہ ہے۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ دین کے معاملے کا اہتمام نہیں کرتا ہے۔

**وجہ** : فاسق کہتے ہی ہیں اسکو جو خلاف شریعت کام کرتا رہتا ہو، اور جب دین کی کوئی اہمیت نہیں ہے تو نماز کے امور کی کیا اہمیت ہوگی، اسلئے اسکے پیچھے نماز مکروہ ہے، تاہم نماز جائز ہے۔ (۱) اس کی دلیل یہ حدیث ہے عن عبید اللہ بن عدی بن خیار انه دخل علی عثمان بن عفان وهو محصور فقال انک امام عامة ونزل بک ما تری و یصلی لنا امام فتنة و نتحرج فقال الصلوة احسن ما یعمل الناس فاذا احسن الناس فاحسن معهم واذا اساء فاجتنب اساتهم

(۳۴۲) والاعمیٰ﴾ ۱؎ لانہ لایتوقی النجاسۃ (۳۴۳) وولد الزناء﴾ ۱؎ لانہ لیس لہ ابٌ یشفّقُہٗ فیغلب علیہ الجھل ولان فی تقدیم ھؤلاء تنفیر الجماعۃ فیکرہ

(بخاری شریف، باب امامۃ المفتون والمبتدع ص ۹۶ نمبر ۶۹۵) اس اثر سے معلوم ہوا کہ فاسق کے پیچھے نماز پڑھی جا سکتی ہے اگر چہ مکروہ ہے (۲)۔ وقال الزھری لا نری ان یصلی خلف المخنث الا من ضرورۃ لا بد منھا. (بخاری شریف، باب امامۃ المفتون والمبتدع ص ۹۶ نمبر ۶۹۵) اس اثر سے بھی معلوم ہوا کہ ضرورت پڑنے پر فاسق کے پیچھے نماز پڑھی جا سکتی ہے (۳) عن ابی ھریرۃ قال: قال رسول اللہ ﷺ: الصلوۃ المکتوبۃ واجبۃ خلف کل مسلم براً کان أو فاجراً وان عمل الکبائر۔ (ابو داود شریف، باب امامۃ البر والفاجر، ص ۹۵، نمبر ۵۹۴) (۴)۔ عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ ﷺ قال صلوا خلف کل بر و فاجر و صلوا علی کل بر و فاجر (دار قطنی، باب صفۃ من تجوز الصلوۃ معہ والصلوۃ علیہ، ج ثانی، ص ۴۴، نمبر ۱۷۵۰ / سنن للبیہقی، باب الصلوۃ علی من قتل فی نفسہ غیر مستحل لقتلھا ج رابع، کتاب الجنائز، ص ۲۹، نمبر ۶۸۳۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ فاسق کے پیچھے نماز ہو جائے گی۔

**ترجمہ:** (۳۴۲) اور نابینا کی نماز مکروہ ہے۔

**ترجمہ:** ۱؎ اسلئے کہ وہ نجاست سے نہیں بچ سکتا۔

**تشریح:** نابینا یہ نہیں دیکھ سکتا کہ نجاست کہاں لگی ہے اور کتنی لگی ہے، اسلئے وہ نجاست سے نہیں بچ سکتا اس لئے اسکی امامت مکروہ ہے، لیکن اگر وہ نجاست سے بچ سکتا ہو اور احتیاط کرتا ہو تو نماز مکروہ نہیں۔

**وجہ:** نابینا کی امامت کے بارے میں یہ حدیث ہے۔ عن انس ان النبی ﷺ استخلف ابن ام مکتوم یؤم الناس وھو اعمی (ابو داؤد شریف، باب امامۃ الاعمی ص ۹۵ نمبر ۵۹۵) اس سے معلوم ہوا کہ نابینا پاکی ناپاکی کا احتیاط رکھتا ہو اور قوم میں باعزت ہو تو ان کو امام بنایا جا سکتا ہے۔ مکروہ نہیں ہے۔

**ترجمہ:** (۳۴۳) اور ولد الزنا کی امامت مکروہ ہے۔

**ترجمہ:** ۱؎ اسلئے اسکا کوئی باپ نہیں ہے کہ اس پر مہربانی کرے اسلئے وہ عموما جاہل ہوتے ہیں۔ اور اسلئے کہ اسکے آگے کرنے میں جماعت کو نفرت ہوگی اسلئے مکروہ ہے۔

**تشریح:** وہ بچہ جو حرامی ہے اسکا باپ نہیں ہوتا اسلئے اسکے پڑھنے لکھنے کی طرف توجہ نہیں ہوتی اور علم نہ ہو اور قرأت بھی اچھی نہ ہو تو اسکے پیچھے نماز مکروہ ہوگی، دوسری وجہ یہ ہے کہ اس سے لوگ نفرت کرتے ہیں اسلئے اسکو آگے بڑھانے میں جماعت کم ہو جائے گی اسلئے بھی مکروہ ہے۔ لیکن اگر پڑھا لکھا ہو اور قوم میں باعزت ہو تو اسکی امامت مکروہ نہیں ہوگی۔

**وجہ:** اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ عن عائشۃؓ أنھا قالت: ما علیہ من وزر أبویہ شیء، قال اللہ تعالی ﴿لا تزر

(۳۴۴) وان تقدموا ﴾ ۱؎ جاز لقوله ﷺ صلوا خلف كل بر وفاجر (۳۴۵) ولا يطول الامام بهم الصلوٰة ﴾ ۱؎ لقوله ﷺ من امّ قومًا فليصلّ بهم صلوٰة اضعفهم فان فيهم المريض والكبير وذا الحاجة

وازرة وزر أخرى ﴾ [آیت ۱۸ سورۃ فاطر ۳۵] تعنی ولد الزنا . و عن الشعبی و النخعی و الزهری فی ولد الزنا أنه يؤم سنن بیہقی، باب اجعلوا أئمتكم خياركم وما جاء فی امامة ولد الزنا، ج ثالث، ص۱۲۹، نمبر ۵۱۳۶) اس اثر میں ہے کہ ولد الزنا امامت کرا سکتا ہے۔

**ترجمہ** : (۳۴۴) اور یہ لوگ آگے بڑھ گئے تو نماز جائز ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ، ہر نیک اور بد کے پیچھے نماز پڑھو۔

**تشریح** : ان لوگوں کے پیچھے نماز اس وقت مکروہ تنزیہی ہے جبکہ انکی کوئی حیثیت نہ ہو اور لوگ نفرت کرتے ہوں اور پڑھے لکھے نہ ہوں اسکے باوجود وہ نماز کے لئے کھڑے ہو گئے تو نماز ہو جائے گی، دلیل یہ حدیث ہے، جو صاحب ھدایہ کی بھی حدیث ہے۔ عن ابی هريرة ان رسول الله ﷺ قال صلوا خلف كل بر و فاجر و صلوا على كل بر و فاجر (دار قطنی، باب صفة من تجوز الصلوة معه والصلوة عليه، ج ثانی، ص ۴۴، نمبر ۱۷۵۰ ر سنن للبیہقی، باب الصلوة علی من قتل فی نفسه غير مستحل لقتلها ج رابع، کتاب الجنائز، ص ۲۹، نمبر ۶۸۳۲) اس حدیث میں ہے کہ ہر نیک اور بد کے پیچھے نماز پڑھ لو اسلئے انکے پیچھے نماز ہو جائے گی۔

**ترجمہ** : (۳۴۵) امام کے لئے مناسب ہے کہ مقتدیوں کے ساتھ نماز بہت لمبی نہ کرے۔

**ترجمہ**: ۱؎ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے، کہ جو کسی قوم کی امامت کرے تو انکے کمزور کی نماز پڑھائے، اسلئے کہ ان میں بیمار ہوتے ہیں، بوڑھے ہوتے ہیں، اور ضرورت مند بھی ہوتے ہیں۔

**وجہ** : (۱) نماز بہت زیادہ لمبی کرنے میں کمزور اور بوڑھے لوگ پریشان ہونگے جو جائز نہیں ہے۔ اس لئے مستحبات سے زیادہ قرأت لمبی نہیں کرنی چاہئے۔ ہاں ! اگر تنہا نماز پڑھ رہا ہو تو جتنی لمبی کرنا چاہے کر سکتا ہے (۲) ھدایہ کی حدیث ہے اخبرنی ابو مسعود ان رجل قال والله يا رسول الله انی لاتأخر عن صلوة الغداة من اجل فلان مما يطيل بنا فما رأيت رسول الله ﷺ فی موعظه اشد غضبا منه يومئذ ثم قال ان منكم منفرين فايكم ما صلى بالناس فليتجوز فان فيهم الضعيف والكبير و ذاالحاجة (بخاری شریف، باب تخفیف الامام فی القیام واتمام الرکوع والسجود ص ۹۷ نمبر ۷۰۲ ر مسلم شریف، باب أمر الائمة بتخفیف الصلوة فی تمام، ص ۱۸۸، نمبر ۴۶۶ ر ۱۰۴۴) اس کے آگے حدیث میں یہ جملہ بھی ہے واذا صلی احدکم لنفسه فليطول ماشاء (بخاری شریف، نمبر ۷۰۳ ر مسلم شریف، نمبر ۴۶۷ ر ۱۰۴۷) اس سے معلوم ہوا کہ امام ہو تو نماز زیادہ لمبی نہ

(۳۴۶)ویکرہ النساء ان یصلین وحدھن الجماعة ﴾ ۱؎ لانھالاتخلوعن ارتکاب محرم وھوقیام الامام وسط الصف فیکرہ کالعراۃ

کرے۔اور اکیلا ہوتو جتنی لمبی کرنا چاہے کرسکتا ہے۔

**ترجمہ**: (۳۴۶) عورتوں کے لئے مکروہ ہے کہ تنہا عورتیں جماعت کے ساتھ نماز پڑھیں،

**تشریح**: صرف عورتیں نماز پڑھیں تو الگ الگ نماز پڑھیں گیں۔ کیونکہ وہاں مرد نہیں ہے اس لئے عورت ہی کو امامت کرنی ہوگی۔اور عورت کی امامت جائز تو ہے لیکن مکروہ ہے۔

**وجہ**: (۱)عورت کی امامت مکروہ ہونے کی وجہ یہ حدیث ہے عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ ﷺ خیر صفوف الرجال اولھا وشرھا آخرھا و خیر صفوف النساء آخرھا و شرھا اولھا (مسلم شریف، باب تسویۃ الصفوف واقامتھا وفضل الاول الخ ص ۱۸۲ نمبر ۴۴۰ /۹۸۵ رابوداؤد شریف، باب صف النساء والتأخرعن الصف الاول ص ۱۰۶ نمبر ۶۷۸) جب عورت کو اگلی صف میں جانا مکروہ ہے تو امامت کرنا بھی مکروہ ہوگا کیونکہ اس میں آگے جانا ہوتا ہے۔(۲)عن ام حمید امرأۃ ابی حمید الساعدی : أنھا جائت النبی ﷺ فقالت : یا رسول اللہ ﷺ انی احب الصلوۃ معک ؟ قال : قد علمت ُانک تحبین الصلوۃ معی و صلوتک فی بیتک خیر لک من صلوتک فی حجرتک ۔(مسند احمد، باب حدیث ام حمیدؓ، ج سابع، ص ۵۱۴ نمبر ۲۶۵۵۰ رسنن بیہقی، باب خیر مساجد النساء قعر بیوتھن، ج ثالث، ص ۱۸۸، نمبر ۵۳۶۱) اس حدیث میں ہے کہ کمرے میں نماز پڑھنا عورت کے لئے زیادہ بہتر ہے تو وہ امامت کیسے کرائے گی! (۳)عورت کی امامت مکروہ ہے اس کی دلیل یہ حدیث بھی ہے۔سمعت عائشۃ زوج النبی ﷺ تقول : لو أن رسول اللہ ﷺ رأی ما احدث النساء لمنعھن المسجد، کما منعت نساء بنی اسرائیل قال : فقلت ُلعمرۃ : أنساء بنی اسرائیل منعن المسجد ؟ قالت ُ: نعم ۔(مسلم شریف، باب خروج النساء الی المساجد اذا لم یترتب علیہ الفتنۃ ص ۱۸۳، نمبر ۴۴۵ /۹۹۹) اس حدیث میں ہے کہ حضرت عائشہؓ کے زمانے میں وقت اتنا بدل گیا تھا کہ عورتوں کو مسجد سے روکنا چاہئے تو وہ امامت کیسے کر سکتی ہے! اس اثر میں ہے (۴)عن علیؓ قال لاتؤم المرأۃ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۷۱ من کرہ ان تؤم المرأۃ النساء، ج اول، ص ۴۳۰، نمبر ۴۹۵۷) اس اثر میں ہے کہ عورت عورت کی بھی امامت نہ کرے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ حرمت کے ارتکاب سے خالی نہیں ہے اور وہ صف کے درمیان میں کھڑا ہونا ہے، اسلئے ننگے لوگوں کی جماعت کی طرح مکروہ ہوگی۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے۔کہ عورت عورتوں کی امامت کرائے گی تو لازمی طور پر صف کے درمیان میں کھڑی ہوگی، حالانکہ سنت

(۳۴۷) وان فعلن قامت الامام وسطهن﴾ ۱؎ لان عائشةؓ فعلت كذلك ۲؎ وحُمل فعلها الجماعة على ابتداء ال اسلام

---

یہ ہے کہ صف سے آگے کھڑا ہو تو سنت چھوڑنے کا ارتکاب کرنا ہوگا اسلئے بہتر یہ ہے کہ وہ امامت نہ کرائے، جیسے ننگے لوگوں کے لئے ہے کہ وہ جماعت نہ کرائیں، اور کرنا بھی ہو تو انکا امام صف کے درمیان کھڑا ہوگا۔ ننگے لوگوں کا امام درمیان میں کھڑا ہوگا اس کی دلیل یہ اثر ہے عن قتادة قال: اذا خرج ناس من البحر عراة فامهم احدهم صلوا قعودا و كان امامهم معهم فى الصف ويومئون ايماء (مصنف عبد الرزاق، باب صلوۃ العریان ج ثانی ص ۵۸۳، نمبر ۴۵۶۴) اس اثر میں ہے کہ ننگے لوگ امامت کرائے تو انکا امام صف کے درمیان میں کھڑا ہوگا۔

**ترجمه**: (۳۴۷) اور اگر امامت کرہی لی تو امام عورتوں کے درمیان کھڑی ہوگی۔

**ترجمه**: ۱؎ اسلئے کہ حضرت عائشہؓ نے ایسا ہی کیا تھا۔

**تشريح**: عورت کی امامت ہے تو مکروہ، لیکن کرہی لی تو جائز ہو جائے گی، البتہ امام صف کے درمیان کھڑی ہوگی۔

**وجه**: (۱) صاحب ھدایہ کا اثر یہ ہے۔ عن ريطة الحنفية قالت أمتنا عائشة فقامت بينهن فى الصلوة المكتوبة فى حديث آخر. عن حجيرة بنت حصين قالت: أمتنا ام سلمة فى صلوة العصر فقامت بيننا (دار قطنی، باب صلوۃ النساء جماعۃ وموقف امامھن، ج اول، ص ۳۸۸ نمبر ۱۴۹۲/۱۴۹۳/ مستدرک للحاکم، باب فی فضل الصلوات الخمس، ج اول، ص ۳۲۰، نمبر ۷۳۱) اس اثر سے معلوم ہوا کہ عورت کی امامت جائز ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ وہ درمیان میں کھڑی ہوگی۔ (۲) اور عورت کی امامت جائز ہے اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ام ورقة بنت عبد الله بن حارث, بهذ الحديث و الاول اتم، قال: و كان رسول الله ﷺ يزورها فى بيتها و جعل لها موء ذنا يوء ذن لها، و أمر ها أن تئوم أهل دارها. قال عبد الرحمن: فأنا رأيت مُوء ذنها شيخا كبيرا. (ابو داود شریف، باب امامۃ النساء، ص ۹۴، نمبر ۵۹۲) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے حضرت ام ورقہ کو اپنے گھر والوں کی امامت کی اجازت دی تھی۔

اور عورت مرد کی امامت بالکل نہ کرے اسکے لئے یہ حدیث ہے۔ عن جابر بن عبد الله قال: سمعتُ رسول الله ﷺ على منبره يقول: فذكر الحديث و فيه ألا و لا تئومن امرأة رجلا۔ (سنن بیہقی، باب لایأتم رجل بامرأۃ، ج ثالث، ص ۱۲۸، نمبر ۵۱۳۱) اس حدیث میں ہے کہ عورت مرد کی امامت بالکل نہ کرے۔

**ترجمه**: ۲؎ اور حضرت عائشہؓ نے جو عورتوں کی امامت کی ہے اسکو ابتداء اسلام پر محمول کیا جائے گا۔

۳ ولان فی التقدم زیادة الکشف (۳۴۸) ومن صلی مع واحد اقامه عن یمینه ﴾ ۱ لحدیث ابن عباسؓ فانه علیہ السلام صلّی به و اقامه عن یمینه (۳۴۹) ولایتأخر عن الامام﴾ ۱ وعن محمدؒ انه یضع اصابعه عند عقب الامام والاوّل هو الظاهر

**تشریح**: حضرت عائشہؓ نے جو ریطہ الحنفیہ وغیرہ کی امامت کی ہے اسکے بارے میں تاویل کررہے ہیں کہ یہ امامت شروع اسلام میں کی ہوگی، اس پر محمول کیا جائے گا۔ لیکن یہ تاویل اتنی مضبوط اسلئے نہیں ہے کہ ریطہ الحنفیہ تابعیہ ہیں، جسکا مطلب یہ ہوا کہ حضورؐ کے دنیا سے رخصت ہونے کے بعد حضرت عائشہؓ نے امامت کی ہیں اسلئے یہ ابتداء اسلام پر کیسے محمول کیا جاسکتا ہے!۔

**ترجمہ**: ۳ اور اسلئے بھی کہ عورت کے آگے بڑھنے میں کشف عورت زیادہ ہے۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی اس بات کی ہے کہ عورت آگے کھڑی نہ ہو درمیان صف میں کھڑی ہو کیونکہ آگے کھڑی ہوگی عورت کا جسم لوگوں کے سامنے زیادہ ابھر کر آئے گا جو اچھا نہیں ہے اسلئے اسکو درمیان میں کھڑی ہونی چاہئے۔

**لغت**: العراۃ : عاری کی جمع ہے ننگے۔

**ترجمہ**: (۳۴۸) اور جو ایک آدمی کے ساتھ نماز پڑھے اس کو اپنی دائیں جانب کھڑا کرے۔

**ترجمہ**: ۱ حضرت ابن عباسؓ کی حدیث کی وجہ سے، کہ حضور علیہ السلام نے انکو نماز پڑھائی اور انکو دائیں جانب کھڑا کیا۔

**وجہ**: (۱) دائیں جانب افضل ہے اس لئے ایک آدمی مقتدی ہو تو امام اس کو اپنی دائیں جانب میں کھڑا کرے (۲) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابن عباس قال صلیت مع النبی ﷺ ذات لیلة فقمت عن یساره فاخذ رسول الله ﷺ برأسی من ورائی فجعلنی عن یمینه فصلی. (بخاری شریف، باب اذا قام الرجل عن یسار الامام وحولہ الامام خلفہ الی یمینہ تمت صلوتہ ص ۱۰۰ نمبر ۷۲۶ رمسلم شریف، باب صلوۃ النبی ﷺ ودعاءہ باللیل۔ ص ۲۶۰، نمبر ۷۶۳/۱۷۸۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ایک مقتدی ہو تو اس کو دائیں جانب کھڑا کرنا چاہئے۔ لیکن امام سے تھوڑا پیچھے کھڑا ہوگا۔

**ترجمہ**: (۳۴۹) اور امام سے پیچھے نہ رہے۔

**تشریح**: امام کے ساتھ ایک ہی مقتدی ہو تو وہ دائیں جانب کھڑا ہو اور برابر میں کھڑا ہو، تھوڑا پیچھے ہٹ کر کھڑا ہونا ضروری نہیں ہے۔

**وجہ**: اوپر کی حدیث میں حضرت ابن عباس کو دائیں جانب کھڑا کیا اور تھوڑا پیچھے نہیں کیا جس سے معلوم ہوا کہ پیچھے کھڑا کرنا ضروری نہیں ہے

**ترجمہ**: ۱ اور امام محمدؒ سے روایت ہے کہ مقتدی اپنی انگلیوں کو امام کی ایڑی کے پاس رکھے۔ لیکن پہلا مسلک زیادہ ظاہر

(۳۵۰) وان صلی خلفه اوفی یساره جاز ﴾ ۱؎ وھو مسیئ لانه خالف السنة (۳۵۱) وان ام اثنین تقدم علیھما﴾ ۱؎ وعن ابی یوسفؒ یتوسطھما ونقل ذٰلک عن عبداللّٰه بن مسعودؓ

ہے۔

**تشریح** : امام محمدؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ ایک مقتدی ہوتو دائیں جانب اس طرح تھوڑا پیچھے کھڑا ہو کہ مقتدی کی انگلیاں امام کی ایڑی کے پاس ہوجائے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ امام کا حق آگے ہونا ہے اسلئے تھوڑا سا آگے ہوجائے۔ لیکن پہلا مسلک زیادہ ظاہر اسلئے ہے کہ حضورؐ نے حضرت ابن عباس کو دائیں جانب تو کیا لیکن تھوڑا سا پیچھے نہیں کیا، جس سے معلوم ہوا کہ پیچھے کرنا مستحب نہیں ہے۔

**ترجمه** : (۳۵۰) اور اگر پیچھے نماز پڑھ لی یا بائیں جانب پڑھ لی تب بھی جائز ہے ۔

**ترجمه** : ۱؎ لیکن اچھا نہیں ہے اسلئے کہ سنت کے خلاف کیا۔

**تشریح** : ایک مقتدی ہوتو دائیں جانب کھڑا ہونا چاہئے، لیکن اگر دائیں جانب کے بجائے پیچھے کھڑا ہوگیا یا بائیں جانب کھڑا ہو گیا تب بھی نماز ہوجائے گی، البتہ چونکہ سنت کے خلاف کیا اسلئے اچھا نہیں ہے ۔

**ترجمه** : (۳۵۱) اور اگر دو آدمیوں کی امامت کی تو ان دونوں سے آگے بڑھ کر کھڑا ہو۔

**وجه** : صاحب ھدایہ کی یہ حدیث ہے۔ عن انس بن مالک قال صلیت انا و یتیم فی بیتنا خلف النبی و امی خلفنا ام سلیم (بخاری شریف، باب المرأة وحدھا تکون صفا ص ۱۰۱ نمبر ۷۲۷ رابوداؤد شریف، باب اذا کانوا ثلثة کیف یقومون ص ۹۷ نمبر ۶۱۲) اس حدیث میں انس اور یتیم دو آدمی تھے تو حضورؐ کے پیچھے کھڑے ہوئے۔ اس سے معلوم ہوا کہ دو مقتدی ہوں تو امام آگے کھڑا ہوگا اور دونوں مقتدی پیچھے کھڑے ہونگے۔

**ترجمه**: ۱؎ اور امام ابو یوسفؒ سے روایت ہے کہ دونوں کے درمیان میں کھڑا ہو۔ اور یہ بات نقل کی گئی ہے حضرت عبد اللہ ابن مسعودؓ سے۔

**فائده**: امام ابو یوسفؒ کے نزدیک امام دونوں مقتدیوں کے بیچ میں کھڑا ہوگا۔ ان کا استدلال اس اثر سے ہے۔ عن علقمة و الاسود : أنھما دخلا علی عبد الله فقال : أصلی من خلفکم ؟ قالا : نعم . فقام بینھما ، و جعل احدھما عن یمینه و الآخر عن شماله ثم رکعنا ۔ (مسلم شریف، باب الندب الی وضع الایدی علی الرکب فی الرکوع ونسخ التطبیق، ص ۲۰۲، نمبر ۵۳۴/۱۱۹۳ رابوداؤد شریف، باب اذا کانوا ثلثة کیف یقومون ص ۹۷ نمبر ۶۱۳) اس حدیث میں عبد اللہ بن مسعود علقمہ اور اسود کے درمیان کھڑے ہوئے ہیں۔ اس لئے امام ابو یوسفؒ کے نزدیک یہ بہتر ہے۔ امام اعظم کے نزدیک یہ بھی جائز ہے لیکن آگے کھڑا

۲ ولنا انه علیہ السلام تقدم علیٰ انس والیتیم حین صلی بهما فهٰذا للافضلية والاثر دليل الاباحة

(۳۵۲) ولا يجوز للرجال ان يقتدوا بامرأة او صبی

ہونا بہتر ہے۔

**ترجمہ**: ۲ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ حضور علیہ السلام حضرت انس اور حضرت یتیم پر آگے بڑھے جب آپؐ نے انکو نماز پڑھائی۔ اسلئے یہ افضل ہے، اور عبد اللہ ابن مسعود کا اثر اباحت کی دلیل ہے۔

**تشریح**: حضورؐ نے حضرت انس اور حضرت یتیم کو نماز پڑھائی تو آپؐ آگے کھڑے ہوئے، چونکہ حدیث سے آگے کھڑے ہونے کا ثبوت ہے اسلئے یہ افضل ہوگا اور صحابی کے عمل سے درمیان میں کھڑے ہونے کا ثبوت ہے اسلئے یہ بھی مباح ہوگا۔ حدیث یہ گزری۔ عن انس بن مالک قال صليت انا و يتيم في بيتنا خلف النبي و امي خلفنا ام سليم (بخاری شریف، باب المرأة وحدها تكون صفا ص ۱۰۱ نمبر ۷۲۷ / ابو داؤد شریف، باب اذا کانوا ثلثة كيف يقومون ص ۹۷ نمبر ۶۱۲) اس حدیث میں آپؐ آگے کھڑے ہوئے۔

**ترجمہ**: (۳۵۲) اور مرد کے لئے جائز نہیں ہے کہ وہ عورت یا بچے کی اقتداء کرے۔

**تشریح**: مرد مقتدی ہو اور اس کا امام عورت ہو یا بچہ ہو تو جائز نہیں ہے۔

**وجہ**: (۱) عن ابی هريرة قال قال رسول الله ﷺ خير صفوف الرجال اولها وشرها آخرها و خير صفوف النساء آخرها و شرها اولها (مسلم شریف، باب تسوية الصفوف واقامتها وفضل الاول الخ ص ۱۸۲ نمبر ۴۴۰ / ۹۸۵ / ابو داؤد شریف، باب صف النساء والتأخر عن الصف الاول، ص ۱۰۶ نمبر ۶۷۸) اس حدیث میں ہے کہ عورت کی اگلی صف بری ہے اور پچھلی صف اچھی ہے۔ اور امامت کرنے کی وجہ سے وہ مرد سے بھی آگے ہوگی اس لئے مرد کے لئے اس کی امامت درست نہیں ہے۔ مسئلہ نمبر ۳۴۷ میں جو عورت کی امامت کا مسئلہ گزرا وہ یہ تھا کہ عورت عورت کی امامت کر سکتی ہے نہ کہ مرد کی (۲) حدیث میں ہے عن جابر بن عبد الله قال سمعت رسول الله على منبره يقول فذكر الحديث وفيه الا ولا تؤمن امرأة رجلا۔ (سنن للبیہقی، باب لا یأتم رجل بامرأة ج ثالث ص ۱۲۸، نمبر ۵۱۳۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورت مرد کی امامت نہ کرے۔ (۳) عن ام حميد امرأة ابی حميد الساعدی: أنها جائت النبی ﷺ فقالت: يا رسول الله ﷺ انی احب الصلوة معک؟ قال: قد علمت انک تحبين الصلوة معی و صلوتک فی بیتک خير لک من صلوتک في حجرتک۔ (مسند احمد، باب حدیث ام حمیدؓ، ج سابع، ص ۵۱۴ نمبر ۲۶۵۵۰ / سنن بیہقی، باب خیر مساجد النساء قعر بیوتھن، ج ثالث، ص ۱۸۸، نمبر ۵۳۶۱) عورت کے لئے جب اتنا ستر ہے کہ کمرے میں نماز پڑھنا زیادہ بہتر ہے تو وہ مرد کی امامت کیسے کرائے

**۱** اما المرأة فلقوله ﷺ :اخّر وهن من حيث اخرهن اللّٰه فلايجوز تقديمها **۲** واما الصبى فلانه متنفل فلايجوز اقتداء المفترض به

---

گی!

**نوٹ** : ابوداؤد شریف میں عورتوں کی امامت کے سلسلے میں ایک حدیث نقل کی ہے عن ام ورقة بنت عبد الله بن حارث بهذا الحديث قال كان رسول الله يزورها في بيتها و جعل لها مؤذنا يؤذن لها وامرها ان تؤم اهل دارها ۔ (ابوداؤد شریف، باب امامۃ النساء ص ۹۵ نمبر ۵۹۲) اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عورت امامت کر سکتی ہے۔لیکن اس میں اس کا ثبوت نہیں ہے کہ وہ مرد کی امامت کرتی تھی۔سنن للبیھقی اور دیگر احادیث کو ملانے سے یہی مترشح ہوتا ہے کہ وہ اپنے گھر کی عورتوں کی امامت کرتی تھی مرد کی نہیں۔

**ترجمہ** : **۱** بہر حال عورت کی امامت تو حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے، کہ عورتوں کو پیچھے رکھو جس طرح اللہ نے ان کو پیچھے رکھا ہے۔اسلئے اسکو آگے کرنا جائز نہیں ہے۔

**تشریح** : صاحب ھدایہ کا اثر یہ۔عن ابن مسعود قال : كان الرجال و النساء في بني اسرائيل يصلون جميعا ،فكانت المرأة اذا كان لها الخليل تلبس القالبين تطول بهما لخليلها ، فالقى الله عليهن الحيض ، فكان ابن مسعود يقول : أخروهن حيث أخرهن الله ۔(طبرانی کبیر، باب عبداللہ بن مسعود الھذ لی، ج تاسع، ص ۲۹۵، نمبر ۹۴۸۴)
اس اثر میں ہے کہ عورتوں کو موخر کرو جس طرح اللہ نے اسکو موخر کیا۔

عورت مرد کی امامت کرے اسکے لئے بہت سے احادیث نقل کی ہیں۔البتہ صاحب ھدایہ کی یہ حدیث مجھے بہت تلاش کے باوجود نہیں ملی، کہتے ہیں کہ مصنف عبد الرزاق میں حضرت عبد اللہ ابن مسعود کا قول ہے، لیکن مجھے نہیں ملا۔نصب الرایہ میں ہے کہ طبرانی میں ہے لیکن طبرانی میرے پاس نہیں ہے۔البتہ اسکا مفہوم اس حدیث میں ہے عن ابی هريرة قال قال رسول الله ﷺ خير صفوف الرجال اولها وشرها آخرها و خير صفوف النساء آخرها و شرها اولها (مسلم شریف، باب تسویۃ الصفوف واقامتھا وفضل الاول الخ ص ۱۸۲ نمبر ۴۴۰ / ۹۸۵ / ابوداؤد شریف، باب صف النساء والتأخر عن الصف الاول، ص ۱۰۶ نمبر ۶۷۸) اس حدیث میں ہے کہ عورت کا پچھلا صف زیادہ بہتر ہے۔

**ترجمہ** : **۲** بہر حال بچے کی امامت تو اسلئے جائز نہیں ہے کہ وہ نفل پڑھنے والا ہے اسلئے فرض پڑھنے والے کی اقتداء اسکے ساتھ جائز نہیں ہے۔

**تشریح** : بچہ امامت کرے اور بالغ مرد اسکی اقتداء کرے تو اس لئے جائز نہیں کہ اس کی نماز ہی نہیں ہے۔وہ نماز توڑ دے تو اس

۳؎ وفي التراويح والسنن المطلقة جوّزه مشائخ بلخ ولم يجوزه مشايخنا

پر قضا نہیں ہے۔اور امام مقتدی کی نماز کا ضامن ہوتا ہے اب امام کی نماز کمزور ہے تو مضبوط نماز کی ضامن وہ کیسے بن سکتی ہے۔اس لئے بالغ مرد یا عورت کے لئے بچے کی اقتدا کرنا درست نہیں ہے۔

**وجه** : (۱) . عن الشعبي قال لايأم الغلام حتى يحتلم (مصنف ابن ابی شیبة ،۱۲۲فی امامة الغلام قبل ان یحتلم ،ج اول، ص۳۰۶،نمبر۳۵۰۵)اس اثر میں ہے کہ بچہ امامت نہ کرے۔(۲)عن ابن عباس قال قال رسول الله ﷺ لا يتقدم الصف الاول اعرابي ولا عجمي ولا غلام لم يحتلم (دار قطنی ،باب من یصلح ان یقوم خلف الامام۔ج اول،ص۲۸۵، نمبر۱۰۷۶) اس حدیث میں ہے کہ بچہ اگلی صف میں کھڑا نہ ہو،تو وہ امامت کیسے کرے گا؟

**فائده**: بعض ائمہ کے نزدیک سنن اور نوافل میں بچے کی اقتدا کرنا جائز قرار دیا ہے۔اور انہوں نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے عن عمر بن سلمه كنا بحاضر ... فكنت أؤمهم وانا ابن سبع او ثمان سنين۔(ابوداؤد شریف، باب من احق بالامامة ص۹۳ نمبر۵۸۵ر بخاری شریف ، باب مقام النبی ﷺ بمکة زمن الفتح، ص۷۲۸،نمبر۴۳۰۲)اس حدیث میں عمر بن سلمہ سات یا آٹھ سال کے بچے تھے۔اور انہوں نے اچھے قاری ہونے کی وجہ سے صحابہ کی امامت کرائی ہے۔اس سے معلوم ہوا کہ بچے کی اقتدا جائز ہے۔جواب یہ ہے کہ اس حدیث میں حضور کو معلوم نہیں ہے کہ لوگوں نے بچوں کو امام بنالیا ہے۔کیونکہ یہ حدیث وليلني منكم اولو الاحلام والنهى ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم . (مسلم شریف، باب تسویة الصفوف واقامتہا،ص۱۸۱ نمبر۴۳۲ر۹۷۲)کے خلاف ہے۔

**ترجمه** : ۳؎ تراویح اور سنن مطلقہ میں تو بلخ کے مشائخ نے اسکو جائز قرار دیا ہے،اور ہمارے مشائخ نے اسکو جائز قرار نہیں دیا۔

**تشریح** : فرض کے سلسلے میں تو اوپر گزرا کہ بچہ بالغ مرد یا عورت کی امامت نہیں کرسکتا،لیکن تراویح اور نوافل کی کرسکتا ہے یا نہیں،اس بارے میں بلخ کے مشائخ نے فرمایا کہ جائز ہے،اور ہمارے ائمہ ماوراء النہر کی وہی رائے ہے کہ جائز نہیں۔جن حضرات نے جائز قرار دیا انہوں نے عمر ابن سلمہ کی حدیث سے استدلال کیا،اور جن حضرات نے جائز قرار نہیں دیا انہوں نے دوسرے احادیث سے استدلال فرمایا۔ (۲)ایک اثر یہ بھی ہے۔عن ابراهيم قال : لا بأس أن يئوم الغلام قبل أن يحتلم في شهر رمضان . (مصنف ابن ابی شیبة ،۱۲۲، فی امامة الغلام قبل أن یحتلم ،ج اول،ص۳۰۶،نمبر۳۵۰۳)اس اثر میں ہے کہ بچہ تراویح کی امامت کرسکتا ہے۔

۴ ومنهم من حقَّقَ الخلاف في النفل المطلق بين ابی یوسفؒ وبين محمدؒ ۵ والمختار انه لا يجوز في الصلوات كلها لان نفل الصبی دون نفل البالغ حيث لايلزمه القضاء بالافساد بالاجماع ولايبنى القوی على الضعيف ۶ بخلاف المظنون لانه مجتهد فيه فاعتبر العارض عدما

---

**ترجمه** : ۴ کچھ حضرات نے مطلق نفل کے بارے میں حضرت امام ابو یوسفؒ اور حضرت امام محمدؒ کے درمیان اختلاف ثابت کیا ہے۔

**تشریح** : سنت موءکدہ، جیسے فجر کی سنت، یا تراویح کی نماز اس میں تو بچے کی امامت جائز نہیں، لیکن وہ نوافل جسکی تاکید نہ ہو اور کسی وقت کے ساتھ متعین نہ ہو، جسکو نفل مطلق، کہتے ہیں اسکی امامت بچہ کرنا چاہے تو بعض حضرات نے فرمایا کہ امام ابو یوسفؒ کی رائے ہے کہ جائز ہے۔ کیوں کہ یہ نفل قوی نہیں ہے اسلئے بچے کی بھی نفل ضعیف ہوئی اور بالغ کی نفل بھی ضعیف ہوئی اسلئے اس میں بچے کی اقتداء جائز ہے۔

اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ مطلق نفل کی امامت بچہ کر سکتا ہے۔

**ترجمه** : ۵ مگر مختار مذھب یہ ہے کہ کسی بھی نماز میں بچے کی امامت جائز نہیں ہے۔ اسلئے کہ بچے کی نفل بالغ آدمی کی نفل سے کمزور ہے، اسلئے کہ نفل توڑ دینے سے بالاتفاق بچے پر قضاء واجب نہیں ہوتی۔ اور قوی کی بنا کمزور پر نہیں کی جاتی۔

**تشریح** : صاحب ھدایہ فرماتے ہیں کہ حنفیہ کا مختار مذھب یہ ہے کہ فرض ہو یا نفل مطلق کسی بھی نماز میں بچے کی امامت جائز نہیں ہے۔ اسکی دلیل عقلی یہ دیتے ہیں کہ بچے کی نفل بھی کمزور ہے، چنانچہ وہ نفل کو فاسد کر دے تو اس پر قضا واجب نہیں اسکی تو نماز بھی ڈھیلی ڈھالی ہے، اور بالغ کی نفل قوی ہے وہ نفل توڑ دے تو اس پر اسکی قضا واجب ہے، حنفیہ کا مسلک یہ ہے کہ نفل بھی باندھ کر توڑ دے تو اسکی قضاء واجب ہوتی ہے۔ اور قاعدہ ہے کہ قوی کی بنا ضعیف پر نہیں ہو سکتی، اسلئے بالغ بچے کی اقتداء کرے یہ صحیح نہیں ہے۔

اصل تو اوپر کا اثر ہے جسکی وجہ سے بچے کی امامت صحیح نہیں ہے۔

**ترجمه**: ۶ بخلاف گمان کرنے والے کی نماز کے، اسلئے کہ وہ مجتہد فیہ ہے، تو ایسا اعتبار کیا گیا کہ گویا کہ عارض ہے ہی نہیں۔

**تشریح** : مسئلہ سمجھنے سے پہلے چند باتیں یاد رکھیں۔

نفل مظنون، کیا ہے؟ مثلا ایک آدمی ظہر کی چار رکعت پڑھ چکا تھا لیکن اسکو گمان ہوا کہ شاید دو ہی رکعت پڑھا ہوں اسلئے اور دو رکعت پڑھنا شروع کیا، چونکہ چار رکعت فرض پوری کر چکا ہے اسلئے یہ دو رکعت نفل ہیں، اس دو رکعت کو نفل مظنون، کہتے ہیں۔ ظن کا معنی ہے گمان کرنا، اس نے غلط گمان کر کے چار رکعت کے بعد دو رکعت مزید پڑھی ہے اسلئے اسکو نفل مظنون، کہتے ہیں۔

نفل مظنون اور بچے کی نفل میں فرق۔ ایک اعتبار سے نفل مظنون اور نفل صبی متحد ہے اور تین اعتبار سے مختلف ہے ۔

[١] مظنون اس دو رکعت کو توڑ دے تو اس پر اسکی قضاء واجب نہیں۔ اس اعتبار سے یہ نفل صبی کی طرح ہے کہ بچہ نفل توڑ دے تو اس پر اسکی قضاء واجب نہیں۔

لیکن تین اعتبار سے فرق ہے [١] ایک فرق تو یہ ہے کہ بچے پر بالاتفاق قضاء واجب نہیں کیونکہ وہ تو ابھی شریعت کا مخاطب ہی نہیں ہے۔ اور مظنون کی نفل مجتهد فيه ہے۔ کیوں کہ اس نفل کے توڑنے پر مظنون پر قضاء واجب نہیں اس میں سب ائمہ کا اتفاق نہیں ہے۔ امام ابو حنیفہؒ وغیرہ فرماتے ہیں کہ مظنون یہ دو رکعت نفل توڑ دے تو اس پر اسکی قضاء واجب نہیں ہے، اسلئے کہ نفل کی نیت سے اس نے ان دو رکعتوں کو شروع نہیں کیا تھا بلکہ فرض پورا کرنے کے لئے غلط گمان سے شروع کیا تھا۔ اسلئے اسکے توڑنے پر اسکی قضاء اس پر واجب نہیں ہے۔ اور امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ مظنون پر اسکی قضاء بھی واجب ہے۔ اسلئے مظنون کے بارے میں تمام ائمہ کا اتفاق نہیں ہوا۔

[٢] دوسرا فرق یہ ہے کہ مظنون کی نفل بہر حال بالغ کی نفل ہے جو بچے کی نفل سے قوی ہے۔

[٣] اور تیسرا فرق یہ ہے کہ مظنون کا غلط گمان وقتی ہے تھوڑی دیر کے بعد جب یقین آئے گا تو یہ گمان ختم ہو جائے گا۔ اور بچپنا بالغ ہونے تک باقی رہے گا۔ مظنون اور بچے کی نفل میں یہ تین فرق ہیں۔

یہ سب سمجھنے کے بعد اب مسئلہ سمجھیں۔

**بخلاف المظنون لانه مجتهد فيه فاعتبر العارض عدما**۔ یہ عبارت ایک اشکال کا جواب ہے۔ اشکال یہ ہے کہ نفل مظنون پڑھ رہا ہو اس وقت کسی دوسرے نے اسکی اقتداء کی تو اسکی اقتداء صحیح ہے، اور اس اقتداء کرنے والے نے یہ نفل توڑ دی تو اس پر اسکی قضاء واجب ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ خود مظنون نفل توڑ دے تو وہ اتنا کمزور ہے کہ مظنون پر اسکی قضاء واجب نہیں ہے پھر بھی جو اسکی اقتداء کرے اسکی اقتداء بھی صحیح ہے اور اس پر اسکی قضاء بھی واجب ہے۔ اور بچے کی نفل کمزور ہے اسکے توڑنے پر اس پر قضاء واجب نہیں، تو بالغ کے لئے اسکی اقتداء درست نہیں کہتے ہیں، ایسا کیوں؟ اسکا جواب دیا کہ بچے کی نفل اور مظنون کی نفل میں تین فرق ہیں جو اوپر گزرے، اسلئے بچے کی اقتداء درست نہیں اور مظنون جب نفل پڑھ رہا ہو تو اسکی اقتداء درست ہے [١] ایک فرق یہ ہے کہ مظنون کی نفل مجتهد فيه ہے، امام زفرؒ کے یہاں مظنون پر قضاء واجب ہے۔ اس مذهب کے اعتبار سے مظنون پر بھی قضاء واجب ہے اور اقتداء کرنے والے پر بھی قضاء واجب ہے اسلئے دونوں کی نفل متحد ہوگئی۔ اسلئے اسکی اقتداء درست ہوگئی۔ [٢] دوسرا فرق یہ ہے کہ مظنون بھی بالغ ہے اور اسکی اقتداء کرنے والا بھی بالغ ہے اسلئے دونوں کی نفل قوی ہے اور متحد ہے، اسلئے بھی اقتداء کرنا درست ہوگیا، اور بچے کی نفل تو بہت کمزور ہے اسلئے بالغ کے لئے اسکی اقتداء کرنا درست نہیں۔ [٣] اور تیسرا فرق یہ ہے کہ مظنون کا گمان وقتی ہے، اور بچے کا بچپنا دیر پا ہے اسلئے بھی اسکی اقتداء نہیں کر سکتے۔

**فاعتبر العارض عدما** : کا مطلب یہ ہے کہ مظنون کا گمان جو عارض ہے وہ وقتی ہے اسلئے جس نے اسکی اقتداء کی ہے اسکے حق میں

ے بخلاف اقتداء الصبی بالصبی لان الصلوۃ متحدۃ ﴾ (۳۵۳) ویصف الرجال ثم الصبیان ثم النساء﴾ لے لقوله علیه السلام:لیلینی منکم اولوا الاحلام والنُّھیٰ ۲ے ولان المحاذاۃ مفسدۃ فیؤخرن

اس گمان کا اعتبار نہیں کیا اور اس پر قضاء واجب کردی گئی۔

**ترجمه** : ے بخلاف بچہ بچے کی اقتداء کرے تو نماز متحد ہے، اسلئے اقتداء درست ہے۔

**تشریح** : بچہ بچے کی اقتداء کرے تو جائز ہے، اسکی وجہ یہ ہے کہ دونوں کی نماز کمزور ہے، اور متحد ہے اسلئے اقتداء درست ہے۔

**اصول** : امام اور مقتدی دونوں کی نماز برابر درجے کی ہو، یا امام کی نماز قوی ہو تو اقتداء درست ہے، اور اگر امام کی نماز کافی کمزور ہو تو اسکی اقتداء کرنا درست نہیں۔

**ترجمه**: (۳۵۳) صف بنائی جائے گی مردوں کی پھر بچوں کی پھر عورتوں کی۔

**تشریح** : پہلے بالغ مرد کی صف ہو اسکے بعد بچوں کی صف ہو، پھر خنثی کی صف ہو، پھر عورتوں کی صف ہو۔ اس طرح صف کی ترتیب ہوگی۔

**وجه** : حدیث میں اسی طرح صف بنانے کا طریقہ بتایا گیا ہے۔ حدیث میں ہے عن انس بن مالک قال صلیت انا ویتیم فی بیتنا خلف النبی ﷺ وامی ام سلیم خلفنا ام سلیم (بخاری شریف، باب المرأۃ وحدھا تکون صفا ص ۱۰۱ نمبر ۷۲۷ / ابوداؤد شریف، باب اذا کانوا ثلثۃ کیف یقومون ص ۹۷ نمبر ۶۱۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مرد پہلے صف میں کھڑے ہونگے۔ بچے دوسری صف میں اور خنثی چونکہ مرد اور عورت کے درمیان ہے اس لئے وہ عورت سے آگے اور بچوں سے پیچھے کھڑے ہونگے۔ اور آخری صف میں عورت کھڑی ہوگی (۲) مسلم کی حدیث گزر چکی ہے عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ ﷺ خیر صفوف الرجال اولھا وشرھا آخرھا وخیر صفوف النساء آخرھا و شرھا اولھا (مسلم شریف، باب تسویۃ الصفوف واقامتھا وفضل الاول فالاول ص ۱۸۲ نمبر ۴۴۰) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ مرد کو آگے کھڑا ہونا چاہئے اور عورتوں کو پیچھے صف میں کھڑا ہونا چاہئے۔

**ترجمه**: لے حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے، کہ میرے قریب تم میں کا بالغ اور عقلمند ہو۔

**تشریح** : صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابن مسعود قال قال رسول اللہ ﷺ لیلنی منکم اولوا الاحلام والنھی ثم الذین یلونھم ثم الذین یلونھم (مسلم شریف، باب تسویۃ الصفوف واقامتھا وفضل الاول فالاول ص ۱۸۱ نمبر ۴۳۲ / ۹۷۴ / ابوداود شریف، باب من یستحب ان یلی الامام فی الصف وکراھیۃ التأخر، ص ۱۰۵، نمبر ۶۷۴) اس حدیث میں ہے کہ بالغ اور عقلمند امام کے قریب ہو، اسلئے پہلی صف میں بالغ مرد ہونا چاہئے۔

**ترجمه**: ۲ے اور اسلئے بھی کہ عورت مرد کے قریب آجائے تو نماز فاسد ہوجائے گی اسلئے اسکو پیچھے کردیا جائے۔

(۳۵۴) وان حاذته امرأة وهما مشتركان في صلوٰة واحدة فسدت صلاته ان نوى الامام امامتها

**تشریح** : عورت کو پچھلی صف میں رکھنے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اگر عورت کو مرد کے برابر کھڑی کر دی جائے تو مرد کی نماز فاسد ہو جائے گی اسلئے بھی عورت پچھلی صف میں کھڑی کی جائے۔ مسئلہ محاذات آگے آرہا ہے۔

**ترجمہ**: (۳۵۴) اگر عورت مرد کے برابر میں کھڑی ہو جائے اور دونوں ایک ہی نماز میں شریک ہوں تو مرد کی نماز فاسد ہو جائے گی اگر امام نے عورت کی امامت کی نیت کی ہو۔

**تشریح**: عورت مرد کی بغل میں کھڑی ہو جائے اس سے مرد کی نماز فاسد ہو جائے یہ خلاف قیاس ہے۔ اس لئے فاسد ہونے کے لئے چند شرطیں ہیں (۱) دونوں کی نماز ایک ہو (۲) بغیر پردہ کے عورت کھڑی ہو (۳) رکوع اور سجدہ والی نماز ہو (۴) عورت اہل شہوت ہو (۵) اور امام نے اس کی امامت کی نیت کی ہو تب مرد کی نماز فاسد ہوگی۔ لیکن اگر امام نے عورت کی امامت کی نیت نہیں کی تو مرد کی نماز فاسد نہیں ہوگی۔

یہ شرطیں لگانے کی وجہ:۔ ایک حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ عورت سامنے ہو اور نماز میں اس پر ہاتھ لگ جائے تب بھی نماز نہیں ٹوٹے گی۔ حدیث یہ ہے ۔عن عائشة زوج النبي ﷺ انها قالت كنت انام بين يدي رسول الله ﷺ ورجلائي في قبلته فاذا سجد غمزني فقبضت رجلي فاذا قام بسطتها . (بخاری شریف، باب التطوع خلف المرأة ص ۷۳، نمبر ۵۱۳/ مسلم شریف، باب الاعتراض بین یدی المصلی ،ص ۱۹۷، نمبر ۵۱۲/۱۱۴۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورت محاذات میں آجائے تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔ اور دوسری حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ عورت سامنے آجائے تو نماز ٹوٹ جائے گی۔ حدیث یہ ہے۔ عن ابي هريرة قال: قال رسول الله ﷺ : يقطع الصلوة المرأة ، و الحمار ، و الكلب ، و يقي ذالك مثل موء خرة الرحل ۔ (مسلم شریف، باب قدر ما یستر المصلی ،ص ۱۹۶، نمبر ۵۱۱/۱۱۳۹/ ابو داود شریف، باب ما یقطع الصلوۃ، ص ۱۱۱، نمبر ۷۰۲) اس حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ عورت کے سامنے آنے سے نماز ٹوٹ جائے گی۔ اسلئے حنفیہ نے درمیانی راستہ اختیار کیا کہ نماز میں عورت شریک ہو، اور درمیان میں کجاوے کی مثل کوئی حیلولت نہ ہو تب نماز ٹوٹے گی، اسلئے اوپر کی ساری شرطیں لگائی۔ اور اسکی تائید اس اثر سے ہوتی ہے۔ اخبرنا ابو حنيفة عن حماد عن ابرهيم قال اذا صلت المرأة الى جانب الرجل وكانا في صلوة واحدة فسدت صلوته .قال محمد و به ناخذ وهو قول ابي حنيفة ۔ (کتاب الآثار لامام محمد، باب ما یقطع الصلوۃ، ص ۲۷، نمبر ۱۳۷) اس اثر میں ہے کہ نماز متحد ہو تب فاسد ہوگی۔

**وجہ**: (۱) مرد کا کام تھا کہ عورت کو نصیحت کر کے اس کو پیچھے کرتے لیکن اس نے ایسا نہیں کیا اس لئے اس کی نماز فاسد ہوگی (۲) عن ابي هريرة قال قال رسول الله ﷺ خير صفوف الرجال اولها وشرها آخرها وخير صفوف النساء

ل والقياس ان لاتفسدو هو قول الشافعیؒ اعتبارا بصلاتها حیث لاتفسد

آخرها و شرها اولها. (مسلم شریف، باب تسویۃ الصفوف واقامتھا وفضل الاول فالاول ص ۱۸۲ نمبر ۴۴۰) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ مرد کو آگے کھڑا ہونا چاہئے اور عورتوں کو پیچھے صف میں کھڑا ہونا چاہئے۔ لیکن وہ صف میں آگئی اس لئے اس نے خلاف سنت کام کیا اس لئے نماز فاسد ہوگی۔

(۳) عن الحارث بن معاوية انه ركب الى عمر بن الخطاب يسأله عن ثلاث خلال، قال فقدم المدينة فسأله عمر ما اقدمک ؟ قال لاسئلک عن ثلاث خلال، قال وماهي قال ربما كنت والمرأة في بناء ضيق فتحضر الصلوة فان صليت انا وهي كانت بحذائي فان صلت خلفي خرجت من البناء قال تستر بينک و بينها بثوب ثم تصلي بحذائک ان شئت (بمعناہ مصنف عبد الرزاق، باب الرجل والمرأۃ یصلیان احدھما بحذاء الآخر ج ثانی ص ۳۶ نمبر ۲۳۹۱ رمجمع الزوائد ج اول ص ۷۶ راعلاء السنن، باب فساد صلوۃ الرجال بمحاذاۃ النساء ج رابع ص ۲۳۶ نمبر ۱۲۳۶) اس اثر سے معلوم ہوا کہ عورت اور مرد کے درمیان پردہ ہو تو نماز فاسد نہیں ہوگی (۴) اخبرنا ابو حنيفة عن حماد عن ابرهيم قال اذا صلت المرأة الى جانب الرجل وكانا في صلوة واحدة فسدت صلوته. قال محمد و به ناخذ وهو قول ابى حنيفة۔ (کتاب الآثار لامام محمد، باب ما یقطع الصلوۃ، ص ۲۷، نمبر ۱۳۷) اس اثر سے معلوم ہو کہ حضرت ابراہیم کا فتوی یہ تھا کہ بغیر پردہ کے مرد اور عورت ایک ساتھ کھڑے ہو جائیں اور دونوں ایک نماز میں مشترک ہوں تو مرد کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

**ترجمہ** : ل اور قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ مرد کی نماز فاسد نہ ہو۔ یہی امام شافعیؒ کا قول ہے، وہ قیاس کرتے ہیں عورت کی نماز پر کہ اسکی نماز فاسد نہیں ہوتی تو مرد کی بھی فاسد نہیں ہوگی۔

**تشریح** : عورت مرد کے برابر میں کھڑی ہو جائے تو قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ مرد کی نماز فاسد نہ ہو، اور یہی مذہب امام شافعیؒ کا ہے۔ کیونکہ مرد کا اس میں کیا قصور؟۔

**فائدہ** : امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ عورت کا مرد کے ساتھ کھڑا ہونا مکروہ تو ہے لیکن نماز فاسد نہیں ہوگی۔ اس بارے میں موسوعہ امام شافعیؒ میں کوئی باب نہیں باندھا ہے۔ البتہ حضرت امام شافعیؒ کا قول بیہقی نے اس طرح نقل فرمایا ہے۔ قال الشافعیؒ و اذا لم تفسد المرأة على المصلي أن تكون بين يديه فهي اذا كانت عن يمينه أو عن يساره أحرى أن لا تفسد عليه۔ (سنن بیہقی، باب المرأۃ تخالف السنۃ فی موقفھا، ج ثالث، ص ۱۵۳، نمبر ۵۲۲۸) کہ عورت سامنے ہو تو نماز نہیں ٹوٹتی تو دائیں یا بائیں ہو تو بدرجہ اولی نہیں ٹوٹے گی۔ (۱) حضرت امام شافعیؒ یہ دلیل دیتے ہیں کہ جس طرح عورت کے کھڑی ہونے سے عورت کی نماز فاسد نہیں ہوگی، اسی طرح مرد کی بھی نہیں ہوگی (۲) اس حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔ عن عائشة زوج النبي ﷺ انها قالت كنت انام بين يدي رسول الله ﷺ ورجلاي في قبلته فاذا سجد غمزني فقبضت رجلي

۲ وجه الاستحسان مارويناه وانه من المشاهير وهو المخاطب به دونها فيكون هو التارک لفرض المقام فتفسد صلاته دون صلاتها كالماموم اذاتقدم على الامام (۳۵۵) وان لم ينوا امامتها لم تضره ولاتجوز صلاتها

فاذا قام بسطتها . (بخاری شریف، باب التطوع خلف المرأة ص ۷۳، نمبر ۵۱۳ رمسلم شریف، باب الاعتراض بین یدی المصلی، ص ۱۹۷، نمبر ۱۱۴۵/۵۱۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورت محاذات میں آجائے تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔ کیوں کہ حضورؐ نماز کے درمیان حضرت عائشہ کو چھوتے تھے پھر بھی نماز بحال رہتی تھی۔

**ترجمہ** : ۲ استحسان کی وجہ وہ ہے جو میں نے روایت کی۔اور وہ حدیث مشہور حدیثوں میں سے ہے، اور پیچھے کرنے کا مخاطب مرد ہے نہ کہ عورت اسلئے مرد ہی مقام کے فرض کو چھوڑنیوالا ہے اسلئے مرد ہی کی نماز فاسد ہوگی نہ کہ عورت کی، جیسے کہ مقتدی امام سے مقدم ہو جائے تو مقتدی کی نماز فاسد ہوتی ہے [ اسی طرح یہاں مرد نے عورت کو پیچھے کرنے کا فرض چھوڑا تو مرد ہی کی نماز فاسد ہوگی ]

**تشریح** : قیاس کا تقاضا تو یہ تھا کہ محاذات کی وجہ سے مرد کی نماز فاسد نہ ہو لیکن مصنف نے مسئلہ نمبر ۳۵۲ میں یہ اثر پیش کیا تھا۔ عن ابن مسعود قال : كان الرجال و النساء في بني اسرائيل يصلون جميعا ،فكانت المرأة اذا كان لها الخليل تلبس القالبين تطول بهما لخليلها ، فالقى الله عليهن الحيض ، فكان ابن مسعود يقول : أخروهن حيث أخرهن الله ۔ (طبرانی کبیر، عبداللہ بن مسعود الھذلی، باب، ج تاسع، ص ۲۹۵، نمبر ۹۴۸۴) اس اثر میں ہے کہ عورتوں کو موخر کرو جس طرح اللہ نے اسکو موخر کیا۔ اس اثر میں مرد کو حکم دیا ہے کہ عورت کو پیچھے رکھیں لیکن اس نے عورت کو پیچھے نہیں کیا، تو گویا کہ اس نے اپنے فرض کو چھوڑ دیا اسلئے عورت کے آگے آنے سے مرد ہی کی نماز فاسد ہوگی۔ مصنف کہتے ہیں کہ یہ حدیث مشہور ہے اسلئے اسکی وجہ سے فساد کا حکم لگایا جائے گا۔ جیسے مقتدی امام کے آگے آجائے تو مقتدی کی غلطی ہوئی تو مقتدی کی نماز فاسد ہوگی امام کی نہیں اسی طرح عورت کو پیچھے نہ کرنے کی وجہ سے مرد کی غلطی ہوئی اسلئے مرد کی نماز فاسد ہوگی، عورت کی نہیں۔ (۲) حضرت ابراہیم نخعی کا قول یہ ہے۔ اخبرنا ابو حنيفة عن حماد عن ابرهيم قال اذا صلت المرأة الى جانب الرجل وكانا في صلوة واحدة فسدت صلوته.قال محمد و به ناخذ وهو قول ابی حنيفة ۔ (کتاب الآثار لامام محمد، باب ما یقطع الصلوۃ، ص ۲۷، نمبر ۱۳۷) اس اثر سے معلوم ہوا کہ حضرت ابراہیم کا فتوی یہ تھا کہ بغیر پردہ کے مرد اور عورت ایک ساتھ کھڑے ہو جائیں اور دونوں ایک نماز میں مشترک ہوں تو مرد کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

**ترجمہ** : (۳۵۵) اور اگر عورت کی امامت کی نیت نہیں کی تو مرد کی نماز فاسد نہیں ہوگی لیکن عورت کی نماز بھی جائز نہیں ہوگی ۔

**تشریح** : اس مسئلے میں تین صورتیں ہیں۔ متن میں پہلی صورت ذکر کی گئی ہے اور باقی دو صورتیں ,انما یشترط ,شرح سے ذکر کیا ہے۔

[۱] عورت امام ہی کے برابر میں کھڑی ہوگئی ،تو اگر امام اس عورت کی امامت کی نیت کرے گا تو عورت کی اقتداء صحیح ہوگی ،لیکن برابر میں کھڑی ہونے کی وجہ سے خود امام کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ اسلئے کہ امام نے اسکی امامت کی نیت کر کے خود فساد قبول کیا ہے۔ یہ غلطی امام کی ہے اسلئے اسی کی نماز فاسد ہوگی ۔ اور اگر امام نے اس عورت کی امامت کی نیت نہیں کی تو عورت اسکی مقتدیہ ہی نہیں بنے گی ، اسلئے کہ اس صورت میں مقتدیہ بننے کے لئے شرط ہے کہ امام اسکی امامت کی نیت کرے۔ اور مقتدیہ نہیں بنی تو امام کی نماز میں شرکت نہیں ہوئی اسلئے امام کی نماز فاسد نہیں ہوگی کیوں کہ پہلے اثر گزر چکا ہے کہ نماز میں شرکت ہوگی تب مرد کی نماز فاسد ہوگی ورنہ نہیں (۱)۔اثر یہ ہے۔ اخبرنا ابو حنیفة عن حماد عن ابرهیم قال اذا صلت المرأة الی جانب الرجل و کانا فی صلوة واحدة فسدت صلوته.قال محمد و به ناخذ وهو قول ابی حنیفة دوسرے اثر میں یہ ہے. انما تفسد علیه اذا صلت الی جانبه و هما فی صلوة واحدة ، تأتم به أو یأتمان بغیرهما ، وهو قول ابی حنیفة ۔(کتاب الآثار لامام محمد، باب ما یقطع الصلوة،ص ۲۷،نمبر ۱۴۷ نمبر ۱۴۸) ان دونوں اثروں میں ہے کہ دونوں کی نماز مشترک ہو تو مرد یعنی امام کی نماز فاسد ہوگی ۔(۲) حضرت عائشہؓ حضورؐ کے سامنے لیٹی ہوتی تھیں لیکن حضورؐ کی نماز میں شریک نہیں ہوتیں تو حضور کی نماز فاسد نہیں ہوتی۔حدیث یہ گزر گئی۔عن عائشة زوج النبی ﷺ انها قالت کنت انام بین یدی رسول الله ﷺ ورجلائی فی قبلته فاذا سجد غمزنی فقبضت رجلی فاذا قام بسطتها .(بخاری شریف،باب التطوع خلف المرأة ص ۷۳،نمبر ۵۱۳ رمسلم شریف، باب الاعتراض بین یدی المصلی ،ص ۱۹۷،نمبر ۵۱۲ / ۱۱۴۵) اس حدیث میں ہے کہ میں حضورؐ کے سامنے لیٹا کرتی تھی اور ضرورت پر مجھے چھویا بھی کرتے تھے پھر بھی حضورؐ کی نماز اسلئے نہیں ٹوٹتی تھی کہ حضرت عائشہؓ حضورؐ کی نماز میں شریک نہیں تھی۔

[۲] دوسری صورت یہ ہے کہ عورت امام کے برابر میں تو کھڑی نہیں ہوئی لیکن اسکے کسی بالغ مرد مقتدی، مثلا زید کے برابر میں کھڑی ہو گئی، تو اس صورت میں بھی امام اس عورت کی امامت کی نیت کرے گا تو وہ اسکی مقتدیہ بنے گی اور نماز میں شریک ہونے کی وجہ سے مرد کی نماز ٹوٹ جائے گی۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ مرد نے امام کے ساتھ اقتداء کی نیت کر کے امام کو ادا، اور فساد کا ضامن بنایا، اور امام نے عورت کی امامت کی نیت کر کے مرد کی نماز فاسد کر دی، تو کچھ غلطی تو اس مرد کی ہے جس نے امام صاحب کو ادا اور فساد کا ذمہ دار بنایا۔ اور اگر امام نے اس عورت کی امامت کی نیت نہیں کی عورت اسکی مقتدیہ ہی نہیں بنے گی اور اسکی نماز میں شریک نہیں ہوگی۔ اسلئے اب مرد کی نماز فاسد نہیں ہوگی۔اس صورت میں بھی امام بننے کی نیت ضروری ہے۔

[۳] تیسری صورت یہ ہے کہ عورت کسی مرد کے بغل میں نہیں کھڑی ہوئی ، بلکہ بالکل پچھلے صف میں کھڑی ہوئی۔تو ایک روایت میں

ل لان الاشتراک دونها لايثبت عندنا خلافا لزفرؒ ۲ الاترى انه يلزمه الترتيب في المقام فيتوقف على التزامه كالاقتداء

ہے کہ اس عورت کی امامت کی نیت کرے گا تو عورت کی نماز صحیح ہوگی اور اسکی مقتدیہ بنے گی، اور اسکی امامت کی نیت نہیں کرے گا تو اسکی اقتداء درست نہیں ہوگی۔ اس روایت کی وجہ یہ ہے کہ ابھی تو وہ عورت کسی مرد کے برابر میں کھڑی نہیں ہے لیکن خطرہ تو ہے کہ شرارت کر کے کسی مرد کے بغل میں کھڑی ہو جائے اور اسکی نماز فاسد کردے، اس لئے اس شرارت کو روکنے کے لئے احتیاط کا تقاضہ یہ ہے کہ امامت کی نیت کی شرط لگا دے تاکہ بغیر نیت کئے ہوئے اسکی اقتداء درست نہ ہو اور وہ شرارت کر کے کسی مرد کی نماز فاسد نہ کر سکے۔

اور دوسری روایت یہ ہے کہ چونکہ وہ حدیث کے مطابق پیچھے کھڑی ہے اسلئے امام اسکی امامت کی نیت نہیں بھی کرے گا تب بھی اسکی اقتداء صحیح ہو جائے گی اور وہ مقتدیہ بن جائے گی۔

**اصول** : [۱] محاذات میں آکر نماز فاسد کرنے کے لئے امامت کی نیت ضروری ہے۔ [۲] اور پیچھے کھڑی ہو تو مقتدی بننے کے لئے امامت کی نیت ضروری نہیں ۔۔۔ اب ھدایہ کی عبارت کو ملا کر دیکھیں۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ ہمارے یہاں اشتراک بغیر نیت کے ثابت نہیں ہوتی۔ خلاف امام زفرؒ کے۔

**تشریح** : امام زفرؒ نے فرمایا کہ امام عورت کی امامت کی نیت نہیں بھی کرے گا تب بھی عورت مقتدی بننا چاہے تو بن سکتی ہے۔ اور اس صورت میں جب وہ نماز میں شریک ہوگی تو محاذات کی شکل میں مرد کی نماز فاسد ہوگی۔ اور حنفیہ کے یہاں جب تک امام عورت کی امامت کی نیت نہیں کرے گا عورت مرد کی نماز میں شریک نہیں ہو سکے گی۔ خصوصاً جب وہ مرد کے برابر میں کھڑی ہو اور مرد کی نماز کے فاسد ہونے کا خطرہ ہو، اسکی وجہ یہ ہے کہ امام امامت کی نیت کرے گا تو حدیث کے حکم کے مطابق وہ اسکا بھی التزام کرے گا کہ عورت کو پیچھے رہنے کا حکم دے، اور اسکو پیچھے نہیں کیا تو اسکی خود کی غلطی ہے اسلئے اسکی نماز فاسد ہوگی۔ اور امامت کی نیت نہیں کی تو اپنے اوپر یہ بھی لازم نہیں کیا کہ میں عورت کو پیچھے رہنے کا حکم دوں گا، اب اگر عورت برابر میں کھڑی ہوتی ہے تو عورت کی اپنی غلطی ہے اسلئے مرد کی نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**ترجمہ** : ۲ کیا نہیں دیکھتے ہیں کہ مرد کو مقام کی ترتیب لازم ہوتی ہے، اسلئے اپنے اوپر لازم کرنے پر موقوف ہوگا، جیسے کہ اقتداء۔

**تشریح** : یہ عبارت اس بات کی دلیل ہے کہ امام نیت کرے گا تو عورت مقتدیہ بنے گی، ورنہ نہیں، کیونکہ امام پر پھر لازم ہو جائے گا کہ عورت کو صف کے اعتبار سے ترتیب میں رکھے، یعنی عورت کو حکم دیکر پیچھے کھڑی کرے۔ تو نیت کر کے یہ اپنے اوپر لازم کرے گا تو لازم ہوگا

**۳ وانما يشترط نية الامامة اذا ايتمت محاذية وان لم يكن بجنبها رجل ففيه روايتان ۴ والفرق على احدٰهما ان الفساد فى الاوّل لازم وفى الثانى متحمل**

ورنہیں، اور عورت کی امامت کی نیت نہیں کرے گا تو اس پر عورت کو پیچھے کھڑی کرنا لازم ہوگا، اور نہ عورت کی اقتداء صحیح ہوگی۔ جیسے کوئی آدمی امام کی اقتداء کی نیت کرے گا، تو امام کی اداء سے اسکی اداء ہوگی اور اسکے فساد سے اسکی نماز فاسد ہوگی۔

**ترجمہ** : ۳ امامت کی نیت کی شرط اس وقت ہے جبکہ عورت نے اقتداء کی ہو برابر میں کھڑی ہوکر، اور اگر عورت کے پہلو میں کوئی مرد نہ ہو تو اس میں دو روایتیں ہیں۔

**تشریح** : پہلے گزر چکا ہے کہ عورت کی امامت کی شرط اس وقت ہے جبکہ عورت امام کے برابر میں کھڑی ہو یا اسکے مرد مقتدی کے برابر میں کھڑی ہو اور نماز فاسد کر رہی ہو۔ لیکن اگر عورت کسی مرد کے بغل میں کھڑی نہ ہو بلکہ پچھلی صف میں کھڑی ہو پھر بھی امام اسکی امامت کی نیت کرے تب وہ مقتدیہ بنے گی، یا بغیر امامت کی نیت کئے ہوئے بھی وہ مقتدیہ بن سکتی ہے اور اقتداء کر سکتی ہے۔ اس بارے میں دو روایتیں ہیں۔ [۱] ایک روایت ہے کہ ابھی بھی امامت کی نیت کی ضرورت پڑے گی تب وہ مقتدیہ بنے گی۔ اور [۲] دوسری روایت یہ ہے کہ اس صورت میں امامت کی نیت کی ضرورت نہیں بغیر امامت کی نیت کے بھی وہ اقتداء کر سکتی ہے اور مقتدیہ بن سکتی ہے۔ دونوں کی وجہ اوپر گزر چکی ہے۔

**ترجمہ** : ۴ دو میں سے ایک روایت پر فرق یہ ہے کہ پہلی یعنی محاذات کی صورت میں نماز کی فساد یقینی ہے۔ اور دوسری صورت میں یعنی پیچھے کھڑی ہونے کی صورت میں نماز فاسد کر دینے کا احتمال ہے۔

**تشریح** : عورت امام کے برابر کھڑی ہو یا مرد مقتدی کے برابر میں کھڑی ہو تو مرد کی نماز فاسد ہونا یقینی ہے اسلئے اس صورت میں امامت کی نیت کرنی ضروری ہے، تب ہی عورت نماز میں شریک ہوگی اور محاذات کی وجہ سے نماز فاسد ہوگی۔ اور دوسری شکل یعنی عورت پیچھے کھڑی ہو تو ابھی نماز فاسد نہیں ہوگی لیکن صرف احتمال ہے کہ عورت جا کر مرد کے ساتھ کھڑی ہو جائے اور نماز فاسد کر دے اس لئے امامت کی نیت کرنا ضروری نہیں ہے۔

**نوٹ** : حج کے موقع پر بیت اللہ میں زبردست بھیڑ ہوتی ہے، اور ہندوستان، پاکستان کی عورتیں کم پڑھی ہوتیں ہیں اور گم ہو جانے کا خطرہ ہوتا ہے اسلئے وہ شوہروں کا ہاتھ پکڑ کر منی جاتیں ہیں، عرفات جاتیں ہیں، اور طواف کرتیں ہیں، اس درمیان نماز کا وقت ہو جاتا ہے تو شوہر کے بغل میں کھڑی ہو کر نماز پڑھ لیتیں ہیں، بھیڑ میں آگے پیچھے ہو بھی نہیں سکتیں، اس مجبوری کی وجہ کچھ حضرات کا فتوی ہے کہ بیت اللہ میں عورت مرد کے برابر کھڑی ہو جائے تو مرد کی نماز فاسد نہیں ہوگی۔ انکا متدل یہ حدیث ہے۔ **عن عبد الله بن مسعود قال : و الذى لا اله غيره ما صلت امرأة صلوة خير لها من صلوة تصليها فى بيتها الا ان تكون**

(۳۵۶)ومن شرائط المحاذاة، أن تكون الصلوة مشتركة، وأن تكون مطلقة، وان تكون المرأة من اهل الشهوة، وان لايكون بينهما حائل ﴾

مسجد الحرام أو مسجد الرسول ﷺ الا عجوزاً في منقلها ۔(سنن بیہقی، باب خیر مساجد النساء قعر بیتھا، ج ثالث ،ص ۱۸۸،نمبر ۵۳۶۴)اس اثر میں ہے کہ مسجد حرام کی ایک اہمیت ہے اسلئے وہاں عورتیں بھی نماز کے لئے حاضر ہوسکتیں ہیں، اسلئے وہاں کی مجبوریوں کی وجہ سے مرد کی نماز حنفیہ کے یہاں بھی فاسد نہیں ہوگی، جیسے کہ شوافع کے یہاں فاسد نہیں ہوتی۔(۲) اثر میں ہے عن طاوس قال لا يقطع الصلوة بمكة شيء، لا يضرك ان تمر المرأة بين يديك ۔(مصنف عبد الرزاق، باب لا يقطع الصلوة شيء بمكة ،ج ثانی،نمبر ۲۳۸۵)۔

**ترجمہ**: (۳۵۶) محاذات کی شرائط میں سے یہ ہیں کہ [۱] مرد اور عورت کی نماز مشترک ہو[۲] اور یہ کہ مطلق یعنی رکوع سجدے والی نماز ہو[۳] عورت اہل شہوت میں سے ہو[۴] اور یہ کہ دونوں کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو۔

**تشریح**: عورت کے بغل میں کھڑی ہونے سے مرد کی نماز فاسد ہو جائے یہ خلاف قیاس ہے، اسلئے جن شرطوں کے ساتھ احادیث وارد ہوئی ہیں ان شرطوں کی وضاحت کر رہے۔ وہ شرطیں چار ہیں۔

[۱] پہلی شرط یہ ہے کہ مرد اور عورت دونوں کی نماز مشترک ہو ،اگر دونوں کی نماز مشترک نہیں تو محاذات سے مرد کی نماز فاسد نہیں ہو گی۔دلیل یہ اثر ہے۔ اخبرنا ابو حنيفة عن حماد عن ابرهيم قال اذا صلت المرأة الى جانب الرجل و كانا في صلوة واحدة فسدت صلوته.قال محمد و به ناخذ وهو قول ابی حنیفة دوسرے اثر میں یہ ہے. انما تفسد عليه اذا صلت الى جانبه و هما في صلوة واحدة ، تأتم به أو يأتمان بغيرهما ، وهو قول ابي حنيفة۔(کتاب الآثار لامام محمد، باب ما يقطع الصلوة،ص ۲۷،نمبر ۱۳۷،نمبر ۱۳۸) ان دونوں اثروں میں ہے کہ دونوں کی نماز مشترک ہو تو مرد کی نماز فاسد ہوگی۔

[۲] دوسری شرط یہ ہے کہ مطلق نماز ہو تو فاسد ہوگی، مطلق نماز سے رکوع سجدے والی نماز ہے، جس کا مطلب یہ ہوا کہ نماز جنازہ میں عورت مرد کے برابر کھڑی ہو جائے تو اسکی نماز فاسد نہیں ہوگی کیونکہ نماز جنازہ ایک قسم کی دعاء ہے مطلق اور کامل نماز نہیں ہے یہی وجہ ہے کہ اس میں رکوع اور سجدہ نہیں ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے جس حدیث یا اثر میں فساد کا حکم ہے اس میں ,صلوۃ، کا لفظ ہے جو کامل نماز پر دلالت کرتا ہے اسلئے کامل نماز ہو تب ہی محاذات سے فاسد ہوگی ورنہ نہیں۔(۱) اوپر اثر میں لفظ ,صلوۃ، ہے(۲) اگلی حدیث میں بھی لفظ ,صلوۃ، آرہا ہے اسلئے اس سے کامل نماز مراد ہوگی۔

[۳] تیسری شرط یہ ہے کہ جو عورت مرد کے برابر میں کھڑی ہوئی وہ بالغ ہو یا بالغ ہونے کے قریب ہو جس میں شہوت آچکی ہو، چاہے وہ عورت جوان ہو یا بوڑھی ہو، بیوی ہو یا ذی رحم محرم ہو یا اجنبیہ ہر ایک کے محاذات سے نماز ٹوٹ جائے گی۔ کیونکہ حدیث میں

ل لانها عرفت مفسدة بالنص بخلاف القياس فيراعى جميع ماورد به النص (۳۵۷) ويكره لهن حضور الجماعات﴾ ل يعني الشواب منهن لما فيه من خوف الفتنة

عورت سے مراد شہوت والی عورت ہے۔اور اگر ایسی بچی ہو کہ اس میں ابھی شہوت نہیں آئی ہے تو اسکے برابر میں کھڑی ہونے سے نماز نہیں ٹوٹے گی ۔ کیونکہ حدیث میں ہے کہ بچی کو نماز میں گود میں اٹھایا تب بھی نماز نہیں ٹوٹی۔حدیث یہ ہے۔عن ابی قتادة : أن رسول الله ﷺ كان يصلي و هو حامل أمامة بنت زينب ابنة رسول الله ﷺ فاذا سجد وضعها و اذا قام حملها ۔(ابوداود شریف، باب العمل فی الصلوۃ،ص ۱۴۰ ،نمبر ۹۱۷) اس حدیث میں چھوٹی بچی کو اٹھانے سے بھی نماز نہیں ٹوٹی اسلئے کہ بچی اہل شہوت نہیں تھی۔

[۴] اور چوتھی شرط یہ ہے کہ دونوں کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو۔اور اگر عورت اور مرد کے درمیان کوئی چیز حائل ہو تو جس سے عورت تھوڑی دور ہو جاتی ہو، جیسے کجاوہ یا کجاوہ جیسی چیز درمیان میں ہو تو نماز نہیں ٹوٹے گی۔اس حدیث میں اس کا ثبوت ہے۔عن ابی هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : يقطع الصلوة المرأة ، و الحمار ، و الكلب ، و يقي ذالک مثل موء خرة الرحل ۔(مسلم شریف، باب قدر ما یستر المصلی ،ص ۱۹۶،نمبر ۵۱۱/۱۱۳۹ رابوداود شریف، باب ما یقطع الصلوۃ،ص ۱۱۱،نمبر ۷۰۲) اس حدیث میں ہے کہ موءخرۃ الرحل، یعنی کجاوہ یا کجاوے جیسی چیز درمیان میں ہو تو نماز نہیں ٹوٹے گی۔

**ترجمہ:** ل اسلئے کہ محاذات سے نماز فاسد ہونا خلاف قیاس ہے اور نص کے ذریعہ سے معلوم ہوا ہے اسلئے ان تمام شرطوں کی رعایت کی جائے گی جن کے ساتھ حدیث وارد ہوئی ہے۔

**تشریح** : عورت مرد کے برابر میں کھڑی ہو جائے تو مرد کی نماز فاسد ہو جائے یہ خلاف قیاس ہے، البتہ چونکہ حدیث کے ذریعہ ثابت ہے اسلئے اسکو مان لیتے ہیں تتبع اور تلاش کے بعد جن جن شرطوں کے ساتھ فساد کا حکم ہے ان تمام شرطوں کی رعایت ضروری ہے۔اور پیچھے گزرا کہ چار شرطوں کے ساتھ فساد کا حکم ہے اسلئے چاروں شرطیں پائی جائیں تو فاسد ہوگی ورنہ نہیں۔

**ترجمہ** : (۳۵۷) عورتوں کے لئے جماعت میں حاضر ہونا مکروہ ہے۔

**ترجمہ:** ل یعنی جوان عورتوں کے لئے ،اسلئے کہ اس کے حاضر ہونے میں فتنہ کا خوف ہے

**تشریح** : جوان عورتوں میں رغبت زیادہ ہوتی ہے اسلئے امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک جوان عورت کو کسی بھی نماز میں مسجد جانا مکروہ ہے، اور بوڑھی عورت رات کی نماز میں جا سکتی ہے باقی دن کی نماز میں اسکے لئے بھی کراہیت سے خالی نہیں۔اور صاحبینؒ کی رائے ہے کہ بوڑھی عورت تمام نمازوں میں جا سکتی ہے، اسکے لئے کراہیت نہیں ہے۔

**وجه** : (۱) عورتوں کو مسجد کی جماعت میں شامل ہونا جائز ہے۔کیونکہ حضورؐ نے اجازت دی ہے۔لیکن جوان عورتوں کے لئے مکروہ

(۳۵۸) ولا بأس للعجوز ان تخرج في الفجر والمغرب والعشاء﴾ ١ وهذا عندابی حنيفة

ہے۔کیونکہ مردوں کے ساتھ اختلاط سے فتنہ کا خطرہ ہے(۲)سمعت عائشة زوج النبی ﷺ تقول لو ان رسول الله ﷺ رأى ما احدث النساء لمنعهن المسجد كما منعت نساء بنی اسرائیل قال : فقلت لعمرة : أنساء بنی اسرائیل منعن المساجد ؟ قالت نعم ۔(مسلم شریف، باب خروج النساء الی المساجد اذ الم تر تیب علیہ فتنة ص ۱۸۳ نمبر ۹۹۹/۴۴۵ ر بخاری شریف، باب انتظار الناس قیام الامام العالم، ص ۱۱۹، نمبر ۸۶۹ رابو داؤد شریف، باب ماجاء فی خروج النساء الی المسجد ص ۹۱ نمبر ۵۶۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صحابہ کی عورتوں کو حضور منع فرماتے تو آج کل کی عورتوں کو کیوں نہ روکا جائے (۳) عن عبد الله عن النبی ﷺ قال صلوة المرأة فی بيتها افضل من صلوتها فی حجرتها و صلوتها فی مخدعها افضل من صلوتها فی بيتها . (ابو داؤد شریف، باب ماجاء فی خروج النساء الی المسجد ص ۹۱ نمبر ۵۷۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسجد میں پڑھنا جائز ہے۔لیکن گھر میں پڑھنا زیادہ بہتر ہے۔اور یہی مسجد میں جانے کے مکروہ ہونے کی دلیل ہے۔(۴) مسجد جانے کی دلیل یہ حدیث ہے۔عن ابی هريرةؓ ان رسول الله ﷺ قال : لا تمنعوا اماء الله مساجد الله ولكن ليخرجن وهن تفلات (ابو داؤد شریف، باب ماجاء فی خروج النساء الی المساجد ص ۹۱، نمبر ۵۶۵ رمسلم شریف، باب خروج النساء الی المساجد اذ الم یترتب علیہ فتنة ص ۱۸۳، نمبر ۹۸۹/۴۴۲) اس حدیث میں ہے کہ عورت کو مسجد جانے سے مت روکو۔

**ترجمه**: (۳۵۸) کوئی حرج کی بات نہیں ہے کہ بوڑھی عورتیں فجر، مغرب اور عشا میں مسجد کے لئے نکلیں۔

**ترجمه** : ١ یہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک ہے۔

**وجـــه** : (۱) بوڑھی عورتوں میں رغبت کم ہوتی ہے اور خاص طور پر فجر، مغرب اور عشا میں شریر لوگ سوئے ہوتے ہیں اس لئے بوڑھیوں کے لئے جائز ہے کہ وہ مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کے لئے جائیں۔ (۲) رات میں عورتیں جماعت میں حاضر ہوں ان کی دلیل یہ حدیث ہے عن ابن عمر عن النبی ﷺ قال ائذنوا للنساء بالليل الى المساجد (بخاری شریف، باب ھل علی من لایشھد الجمعة غسل من النساء والصبیان ص ۱۲۳، ابواب الجمعة نمبر ۸۹۹ رمسلم شریف، باب خروج النساء الی المساجد ص ۱۸۳ نمبر ۹۹۴/۴۴۲) اس حدیث میں ہے کہ رات میں یعنی مغرب، اور عشاء اور فجر میں عورت جماعت میں حاضر ہو سکتی ہے۔اور بوڑھی عورت نکلے اسکی دلیل یہ اثر ہے (۳) دوسرا اثر یہ ہے عن عبد الله ابن مسعود قال والذى لا اله غيره ما صلت امرأة صلوة خير لها من صلوة تصليها فى بيتها الا ان يكون مسجد الحرام او مسجد الرسول ﷺ الا عجوزا فى منقلها ۔(سنن للبیھقی، باب خیر مساجد النساء قعر بیوتھن ج ثالث ص ۱۸۸، نمبر ۵۳۶۴) اس اثر سے معلوم ہوا کہ بوڑھی عورت وہ بھی بغیر عطر اور بھڑ کیلے کپڑے کے مسجد میں جا سکتی ہے۔ (۴) اور جوان عورت کے نکلنے میں کراہیت ہے اسکی دلیل اس حدیث کا اشارۃ النص ہے۔عن ابی هريرة قال: قال رسول الله ﷺ ايما امرأة اصابت بخورا فلا تشهد معنا

(۳۵۹) وقالا يخرجن في الصلوٰة كلها ﴾ ١؎ لانه لافتنة لقلة الرغبة فلا يكره كما في العيد ٢؎ وله ان فرط الشبق حامل فتقع الفتنة غير ان الفساق انتشارهم في الظهر والعصر والجمعة اما في الفجر والعشاء هم نائمون وفي المغرب بالطعام مشغولون

العشاء الآخرة . (مسلم شریف، باب خروج النساء الی المساجد ص ۱۸۳ نمبر ۴۴۴/۹۹۸) اس حدیث میں ہے کہ جس عورت نے عطر لگایا وہ مسجد میں نہ جائے، کیونکہ اس سے رغبت ہوتی ہے اسی طرح جوان عورت میں رغبت ہوتی ہے اسلئے وہ بھی نہ جائے۔

**ترجمہ**: (۳۵۹) اور صاحبین نے فرمایا کہ تمام نمازوں میں بوڑھی عورتوں کا نکلنا جائز ہے۔

**فائدہ**: (۱) اور صاحبین فرماتے ہیں کہ بوڑھیوں میں رغبت کم ہونے کی وجہ سے تمام ہی نمازوں میں جا سکتی ہیں۔ (۲) جن حضرات نے عورتوں کو مسجد جانے کی اجازت دی وہ اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں عبد اللہ بن عمر قال سمعت رسول اللہ ﷺ یقول لا تمنعوا نسائکم المساجد اذا استأذنکم الیها ....فقال بلال بن عبد الله والله لنمنعهن (مسلم شریف، باب خروج النساء الی المساجد ص ۱۸۳ نمبر ۴۴۲/۹۸۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورتیں مسجد میں جانا چاہیں تو اس کو منع نہیں کرنا چاہئے، اسلئے صاحبین فرماتے ہیں کہ تمام ہی نماز میں بوڑھی عورت جا سکتی ہے۔ لیکن خود اس حدیث میں ہے کہ راوی کے بیٹے بلال نے فرمایا کہ میں تو روکونگا تا کہ وہ اس کو دھوکا کی چیز نہ بنالیں۔

**ترجمہ**: ١؎ اسلئے کہ بوڑھی عورتوں میں مرد کی رغبت کم ہونے کی وجہ سے فتنہ نہیں ہے، اسلئے تمام نمازوں میں حاضر ہونا مکروہ نہیں ہے، جیسے عید میں حاضر ہونا مکروہ نہیں ہے۔

**تشریح**: یہ صاحبینؒ کی دلیل ہے۔ کہ بوڑھی عورت میں مرد کی رغبت کم ہوتی ہے اسلئے ہر نماز میں آنے میں فتنہ نہیں ہے اسلئے وہ تمام نماز میں آسکتی ہے، جس طرح عید کی نماز کے لئے عورت آسکتی ہے۔ عید کی نماز میں جوان عورت بھی آسکتی ہے اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن أم عطية قالت : أمرنا نبينا ﷺ أن نخرج العواتق ذوات الخدور ....و يعتزلن الحيض المصلی ۔ (بخاری شریف، باب خروج النساء والحیض الی المصلی ص ۱۵۶، نمبر ۹۷۴) اس حدیث میں ہے کہ بوڑھی عورتیں اور پردے والی عورتیں عید گاہ آئیں، اور حائضہ عورت آئیں ضرور لیکن عید گاہ سے دور رہیں۔ جب بوڑھی عورت عید کی نماز میں جا سکتی ہے جو دن میں ہوتی ہے، تو دن کی اور نماز میں بھی حاضر ہو سکتی ہے۔

**ترجمہ**: ٢؎ اور ابو حنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ شہوت کی شدت جماع پر ابھارنے والی ہے اسلئے فتنہ واقع ہوگا، یہ اور بات ہے کہ فاسق لوگ ظہر اور عصر اور جمعہ میں پھیلے ہوتے ہیں [اسلئے ان وقتوں میں فتنہ ہونے کا زیادہ امکان ہے] اور فجر اور عشاء میں وہ سوئے ہوتے ہیں اور مغرب میں وہ کھانے میں مشغول ہوتے ہیں [اسلئے اس وقت فتنہ کا امکان کم ہے]

۳؎ والجبانة متسعة فيمكنها الاعتزال عن الرجال فلا يكره (٣٦٠) قال ولا يصلى الطاهر خلف من هو فی معنى المستحاضة ولا الطاهرة خلف المستحاضة﴾

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں کہ عورت چاہے بوڑھی ہو اس میں کچھ نہ کچھ رغبت تو ہوتی ہے، پھر فاسق لوگ شہوت کی شدت کی وجہ سے بوڑھی اور جوان کو نہیں دیکھتے وہ فتنہ کر ہی ڈالتے ہیں، البتہ فجر اور عشاء میں یہ سوئے ہوتے ہیں اور مغرب میں یہ کھانے میں مشغول ہوتے ہیں اسلئے ان اوقات میں یہ لوگ مسجد کے راستے میں نہیں ہوتے اسلئے ان اوقات میں بوڑھی عورتیں مسجد چلی جائیں تو کوئی حرج نہیں ہے، اور ظہر، عصر اور جمعہ میں یہ لوگ راستے میں ہوتے ہیں جن سے فتنہ کا خطرہ ہوتا ہے اسلئے ظہر، عصر اور جمعہ میں بوڑھی عورت بھی مسجد نہ جائیں۔

**ترجمہ** : ۳؎ اور جنگل وسیع ہوتا ہے اسلئے مردوں سے عورتوں کا الگ رہنا ممکن ہے اسلئے مکروہ نہیں ہے۔

**تشریح** : یہ صاحبین کو جواب ہے، انہوں نے فرمایا تھا کہ بوڑھی عورت عیدین میں جاسکتی ہے اور وہ دن میں ہے اسلئے دن کی نماز میں بھی بوڑھی عورت جاسکتی ہے۔ اسکا جواب یہ دے رہے ہیں کہ فساق تو وہاں بھی ہیں لیکن عید کی نماز عموما جنگل میں ہوتی ہے اور جنگل لمبا چوڑا ہوتا ہے اسلئے عورت مرد سے دور رہ سکتی ہے اسلئے عید میں فتنہ کا اتنا خطرہ نہیں ہے اسلئے عید میں جاسکتی ہے، ظہر، عصر اور جمعہ میں نہیں۔

**لغت** : الرغبۃ : یہاں اس سے شہوت مراد ہے۔ أشبق : بہت شہوت والا ہونا۔ حامل : جماع پر ابھارنا۔ الجبانۃ : جنگل۔ اعتزال : الگ رہنا۔

**ترجمہ** : (٣٦٠) پاک آدمی اس کی اقتدا میں نماز نہ پڑھے جو مستحاضہ عورت کے درجے میں ہے، اور نہ پاک عورتیں مستحاضہ عورت کے پیچھے۔

**تشریح** : مستحاضہ عورت کے درجے کا مطلب یہ ہے کہ مستحاضہ عورت معذور ہے تو جو لوگ معذور ہیں انکے پیچھے غیر معذور نماز نہ پڑھے۔ مثلا جسکو مسلسل پیشاب آرہا ہے، یا مسلسل پاخانہ آرہا ہے تو وہ پیشاب آنے والے کے ساتھ ہی نماز پڑھ سکتا ہے کیونکہ وہ معذور ہے اب اسکے پیچھے کوئی غیر معذور اچھا آدمی نماز پڑھنا چاہے تو نہیں پڑھ سکتا۔

**وجہ** : (۱) قاعدہ ہے کہ امام اعلی درجہ کا ہو، یا مقتدی سے برابر درجہ کا ہو، یا امام مقتدی سے تھوڑا سا کم ہو تو اقتدا جائز ہے۔ اور اگر امام مقتدی سے بہت کم درجہ کا ہو تو ایسے امام کی اقتدا جائز نہیں ہے۔ اب اس اصول پر بہت سے مسائل متفرع ہیں۔ اب سلسل البول والا جس کو مسلسل پیشاب آتا ہو پاک آدمی سے بہت کم درجہ کا ہے۔ کیونکہ سلسل البول والا معذور ہے اور پاک معذور نہیں ہے۔ اس لئے پاک آدمی کے لئے سلسل البول کی اقتدا کرنا جائز نہیں ہے (۲) عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ ﷺ الامام ضامن

ل لان الصحيح اقوى حالا من المعذور والشئ لايتضمن ماهو فوقه والامام ضامن بمعنى تضمن صلاته صلاة المقتدى (۳۶۱) ولا يصلي القارى خلف الامي ولا المكتسي خلف العارى ﴾ ل لقوة حالهما

والمؤذن مؤتمن (ترمذی شریف، باب ماجاء ان الامام ضامن والمؤذن مؤتمن ص ۵۱ نمبر ۲۰۷ رابن ماجۃ، باب ما یجب علی الامام ص ۱۳۸، نمبر ۹۸۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امام ضامن ہے۔ اس لئے ضامن کو مضبوط ہونا چاہئے اور اعلی درجہ کا ہونا چاہئے یا کم از کم برابر درجہ کا ہونا چاہئے۔ اور سلسل البول یا مستحاضہ پاک آدمی سے نیچے درجے کے ہیں۔ اس لئے اقتدا جائز نہیں ہے (۳) اس اثر سے بھی معلوم ہوا کہ امام ضامن ہے۔ عن ابراهيم قال : اذا فسدت صلوة الامام فسدت صلوة من خلفه. (کتاب الآثار لامام محمد، باب ما یقطع الصلوۃ، ص ۲۷، نمبر ۱۳۳) اس اثر میں ہے کہ امام کی نماز فاسد ہوگی تو مقتدی کی نماز بھی فاسد ہو جائے گی۔ اس سے معلوم ہوا کی امام ضامن ہے۔

**اصول** : (۱) امام ضامن ہے (۲) امام کو اعلی یا برابر درجہ کا ہونا چاہئے

**ترجمہ** : ل اسلئے کہ صحیح آدمی حال کے اعتبار سے معذور سے زیادہ قوی ہے اور کوئی چیز اپنے سے اوپر والے کی ضامن نہیں ہوتی، اور امام ضامن ہے اسکا مطلب یہ ہے کہ امام کی نماز مقتدی کی نماز کی ضامن ہے۔

**تشریح** : یہاں اوپر والی حدیث کا قاعدہ بتا رہے ہیں۔ کہ حدیث میں گزری کہ امام مقتدی کی نماز کا ضامن ہے، اسلئے امام کو مقتدی سے اعلی درجہ ہونا چاہئے، یا کم سے کم برابر درجے کا ہونا چاہئے، کیوں کہ کوئی کسی کا ضامن ہو تو مضبوط اور قوی ہو تب ہی ضامن بن سکتا ہے یا کم سے کم برابر ہو تب ہی ضامن بن سکتا ہے اگر بہت کمزور درجے کا ہو تو ضامن نہیں بن سکتا اور معذور آدمی صحیح آدمی سے بہت کم درجہ ہے اسلئے معذور آدمی صحیح آدمی کا امام نہیں بن سکتا۔

**ترجمہ** : (۳۶۱) اور نہیں جائز ہے اقتدا پڑھنے والے کی امی کے پیچھے اور نہ کپڑے پہننے والے کی ننگے کے پیچھے۔

**ترجمہ**: ل دونوں کی حالت کے مضبوط ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح** : جو آدمی اتنا قرآن شریف جانتا ہے جس سے نماز جائز ہو سکے وہ ایسے آدمی کی اقتدا کرے جو کچھ بھی آیت قرآنی نہیں جانتا ہے تو اس کی اقتدا درست نہیں ہے۔ کیونکہ امی معذور ہے اور قاری معذور نہیں ہے۔ اس لئے اصل اور صحیح کی اقتدا معذور کے پیچھے جائز نہیں ہے۔ اسی طرح جس کے پاس ستر ڈھنکنے کا کپڑا ہے وہ ایسے آدمی کی اقتدا کرے جو بالکل ننگا ہے تو اس کی اقتدا درست نہیں ہے۔ کیونکہ ننگا معذور ہے اور کپڑے والا صحیح اور اصل ہے۔

**اصول** : مسئلہ نمبر ۳۶۰ میں گزر چکا ہے کہ امام ضامن ہے۔

(۳۶۲) ویجوزان یؤم المتیمم المتوضیین ﴾ ۱ وھذا عند ابی حنیفۃ وابی یوسف ۲ وقال محمد لایجوز لانہ طھارۃ ضروریۃ والطھارۃ بالماء اصلیۃ ۳ ولھما انہ طھارۃ مطلقۃ ولھذا لایتقدر بقدر الحاجۃ

---

**ترجمہ**: (۳۶۲) جائز ہے کہ تیمّم کرنے والا وضو کرنے والے کی امامت کرے۔

**ترجمہ**: ۱ یہ امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک ہے۔

**وجہ**: (۱) تیمّم کرنے والا پانی نہ ہونے کے وقت وضو کرنے والے کے حکم میں ہے۔ اس لئے دونوں برابر درجے کے ہو گئے۔ اس لئے وضو کرنے والے تیمّم کرنے والے کی اقتدا کر سکتے ہیں (۲) حدیث میں اس کا ثبوت ہے عن عمرو بن العاص قال احتملت فی لیلۃ باردۃ فی غزوۃ ذات السلاسل فاشفقت ان اغتسل فاھلک فتیممت ثم صلیت باصحابی الصبح. (ابوداؤد شریف، باب اذا خاف الجنب البرد أیتیمم ص ۵۴ نمبر ۳۳۴ ربخاری شریف، باب اذا خاف الجنب علی نفسہ المرض او الموت ص ۴۹ نمبر ۳۴۵) اس حدیث میں حضرت عمرو نے جنابت کا تیمّم کر کے ساتھیوں کو نماز پڑھائی ہے۔ جب کہ ساتھی وضو اور غسل والے تھے۔ اور آپؐ نے اس پر کچھ نہیں کہا جس کا مطلب یہ ہے کہ تیمّم کرنے والے کے پیچھے وضو کرنے والوں کی اقتدا درست ہے۔

**ترجمہ**: ۲ اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ تیمّم کرنے والا وضوء کرنے والے کی امامت کرے یہ جائز نہیں ہے، اسلئے کہ تیمّم مجبوری کی طہارت ہے، اور پانی سے طہارت اصلی ہے۔

**تشریح**: امام محمدؒ کی رائے یہ ہے کہ تیمّم طہارت ضروریہ ہے یعنی پانی استعمال نہ کرنے کی مجبوری کی وجہ سے تیمّم کیا ہے اسلئے وہ معذور کے درجے میں ہوئے، اور پانی سے جو وضوء ہے وہ اصلی طہارت ہے اور قوی ہے، اسلئے معذور اصلی طہارت والے کی امامت نہیں کر سکتا۔

**ترجمہ**: ۳ اور امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ تیمّم بھی طہارت مطلقہ ہے یہی وجہ ہے کہ ضرورت کے مطابق متعین نہیں ہے۔

**تشریح**: مستحاضہ عورت یا معذور آدمی کا حکم یہ ہے کہ جب وقت ہو تو وضو کر لے اور وقت ختم ہونے سے پہلے پہلے جتنی فرائض نوافل پڑھنی ہو پڑھ لے، وقت ختم ہوتے ہی وضو ختم ہو جائے گا اسلئے کہ ضرورت ختم ہو گئی، اگلے وقت میں اگلا وضو کرنا ہوگا اسلئے کہ یہ طہارت ضرورت کی بنا پر ہے اور جب ضرورت ختم ہو گئی تو طہارت بھی ختم ہو جائے گی، کیونکہ پیشاب گرتا رہے اور وضوء باقی رہے یا پاخانہ نکلتا رہے اور وضوء باقی رہے یہ خلاف قیاس ہے لیکن ضرورت اور مجبوری کی بناء پر اسکو باقی رکھا۔ لیکن تیمّم کا معاملہ ایسا نہیں

(۳۶۳) ویؤم الماسح الغاسلین﴾ لے لان الخف مانع سرایة الحدث الی القدم وماحلّ بالخف یزیله المسح

---

ہے، اگر تیمّم نہ ٹوٹا ہو تو ایک تیمّم سے دسیوں وقت کی نماز پڑھ سکتا ہے جس سے معلوم ہوا کہ تیمّم بھی اصلی طہارت ہے اور طہارت مطلقہ ہے اسلئے تیمّم کرنے والا گویا کے وضو کرنے والے کی طرح ہے پس جب دونوں کی حالت ایک ہوئی تو تیمّم کرنے والا وضو کرنے والے کی امامت کرسکتا ہے۔

**وجہ** : (۱) اس آیت کے انداز سے معلوم ہوتا ہے پانی نہ ہوتے وقت تیمّم اسکی جگہ پر اصل ہے۔ او جاء احدمنکم من الغائط او لا مستم النساء فلم تجدوا ماءً فتیمموا صعیداً طیباً۔ (آیت ۴۳، سورۃ النساء۴) اس آیت میں ہے کہ پانی نہ پاؤ تو تیمّم کرو جسکا مطلب یہ ہوا کہ پانی نہ ہونے کی حالت میں تیمّم اصل طہارت ہے (۲) اس حدیث سے بھی پتہ چلتا ہے تیمّم طہارت مطلقہ ہے۔ فقال ابو ذر انی اجتویت المدینة ...فقال رسول الله ﷺ : یا ابا ذر ان الصعید الطیب طهور وان لم تجد الماء الی عشر سنین فاذا وجدت الماء فأمسه جلدک ۔ (ابوداؤد شریف، باب الجنب یتیمم، ص ۵۳، نمبر ۳۳۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پانی نہ ہونے کی حالت میں اسکی جگہ پر تیمّم اصلی طہارت ہے، اسی لئے تو فرمایا کہ دس سال تک تیمّم کیا جاسکتا ہے۔

**ترجمہ** : (۳۶۳) اور موزے پر مسح کرنے والا پاؤں کو دھونے والے کی امامت کرے۔

**تشریح** : موزے کے بارے میں یہ نہیں ہے کہ کوئی مجبوری ہو تب موزہ پہنے اور اس پر مسح کرے بلکہ کسی وقت بھی وضو کر کے موزہ پہن لے اور مسح کرنا شروع کر دے، اسلئے موزے پر مسح پاؤں دھونے کی طرح ہی ہے اسلئے موزے پر مسح کرنے والا پاؤں دھونے والے کی امامت کرسکتا ہے، اور یوں سمجھا جائے گا کہ موزہ نے آنے والے حدث کو اندر سرایت کرنے سے روک دیا۔

**وجہ** :(۱) حضورؐ بغیر کسی مجبوری کے موزہ پہن کر مسح فرمایا کرتے تھے اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن المغیرة أن النبی ﷺ کان یمسح علی الخفین و علی ناصیته و علی عمامته ۔ دوسری حدیث میں ہے۔ سمعتُ عروة بن المغیرة بن شعبة یذکر عن ابیه قال : ....فقال لی : دع الخفین فانی ادخلت القدمین الخفین و هما طاهرتان ،فمسح علیهما ۔ (ابوداؤد شریف، باب المسح الخفین، ص ۲۳، نمبر ۱۵۰ نمبر ۱۵۱) ان دونوں حدیثوں میں ہے کہ آپؐ بغیر کسی مجبوری کے مسح خفین فرماتے تھے اسلئے وہ طہارت کاملہ ہے اسلئے طہارت کاملہ والے کی امامت کرسکتا ہے۔

**ترجمہ**: لے اسلئے کہ موزہ حدث کو قدم تک سرایت کرنے سے روکتا ہے، اور جو کچھ موزے کے اوپر حدث آیا مسح اسکو صاف کر دے گا۔

۲ بخلاف المستحاضة لان الحدث لم يعتبر زواله شرعًا مع قيامه حقيقة (۳۶۴) ويصلى القائم خلف القاعد﴾

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے کہ جب موزہ پہن لیا تو وضوٹوٹنے کے بعد جو حدث آیا موزہ اسکو قدم کے اندر جانے نہیں دیا، اور جتنا سا حدث موزے کے اوپر آیا جب مسح کرے گا تو مسح سے وہ بھی صاف ہو جائے گا، تو گویا کہ پاؤں دھونے کی طرح ہو گیا اسلئے موزے پر مسح کرنے والا پاؤں دھونے والے کی امامت کر سکتا ہے۔

**ترجمہ** : ۲ بخلاف مستحاضہ کے اسلئے کہ وہاں شرعا حدث کے زائل ہونے کا اعتبار نہیں کیا گیا جبکہ حقیقۃً حدث قائم ہے۔

**تشریح** :اس عبارت میں مستحاضہ یعنی معذور اور موزے پر مسح کرنے والے میں کیا فرق ہے اسکو بتا رہے ہیں۔ کہ موزے پر مسح کروالے کا حدث مسح کرنے کی وجہ سے زائل ہو گیا اور گویا کہ دھونے کی طرح ہو گیا۔ لیکن معذور کا حدث زائل نہیں ہوتا کیونکہ پیشاب تو نکلتا جا رہا ہے یا مستحاضہ کا خون نکلتا جا رہا ہے تو کیسے کہا جا سکتا ہے کہ شرعا اسکا حدث زائل ہو گیا کیونکہ حدث تو حقیقۃً موجود ہے، البتہ مجبوری کی وجہ سے پاک مان لیا گیا ہے، اور جب حقیقۃً حدث موجود ہے تو اسکی امامت نہیں کر سکتا جو مکمل پاک ہے۔

**اصول** : یہ سب مسائل اس اصول پر ہے کہ امامت کرنے والا مقتدی سے تھوڑا سا کم ہو تب بھی امام بن سکتا ہے، لیکن اگر بہت کم ہو تو امام نہیں بن سکتا۔

**ترجمہ**: (۳۶۴) کھڑا ہونے والا بیٹھنے والے کے پیچھے نماز پڑھے گا۔

**تشریح**: امام کو کوئی عذر ہو جس سے وہ بیٹھ کر نماز پڑھا رہا ہو اور مقتدی کو کوئی عذر نہ ہو اس لئے وہ کھڑا ہو کر نماز پڑھ رہا ہو تو بیٹھنے والے امام کی اقتدا کرنا جائز ہے۔ کیونکہ بیٹھنے والا کھڑا ہونے والے کے قریب قریب ہے۔ لیکن مقتدی بیٹھنے والے امام کے پیچھے بیٹھے گا نہیں بلکہ کھڑا رہے گا۔

**وجه**: (۱) حدیث میں ہے۔ یہ ایک لمبی حدیث کا ٹکڑا ہے دخلت علی عائشة فقلت الا تحدثینی عن مرض رسول الله ﷺ؟

... فجعل ابو بكر يصلى وهو يأتمُّ بصلوة النبى ﷺ والناس بصلوة ابى بكر، والنبى قاعد (بخاری شریف، باب انما جعل الامام لیؤتم بہ ص ۹۵ نمبر ۶۸۷) مسلم شریف اور ابن ماجہ شریف کی حدیث میں تصریح ہے وقام ابو بكر وكان ابو بكر يأتم بالنبى ﷺ والناس يأتمون بابى بكر قال ابن عباس واخذ رسول الله ﷺ من القراء ة من حيث كان بلغ ابو بكر ۔ (ابن ماجہ شریف، باب ماجاء فی صلوۃ رسول اللہ ﷺ فی مرضہ ص ۱۷۴، نمبر ۱۲۳۵ / مسلم شریف، باب استخلاف الامام اذا عرض لہ عذر الخ ص ۱۷۸ نمبر ۹۳۶/۴۱۸) ان دونوں حدیثوں سے دو باتیں معلوم ہوئیں [۱] ایک تو یہ کہ بیٹھنے والا

**ل وقال محمدؒلایجوز وهوالقیاس لقوة حال القائم ۲ ونحن ترکناه بالنص وهوماروی ان النبی علیه السلام صلی اٰخر صلاته قاعدا والقوم خلفه قیام**

کھڑے ہونے والے کی امامت کر سکتا ہے،[۲] اور دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ بیٹھنے والے امام کے پیچھے بیٹھ کر نماز نہیں پڑھے گا بلکہ کھڑا ہو کر نماز پڑھے گا۔ چنانچہ حضرت امام بخاریؒ نے فیصلہ دیا ہے کہ۔ **ثم صلی بعد ذلک النبی ﷺ جالسا والناس خلفه قیام لم یأمر هم بالقعود وانما یوخذ بالآخر فالآخر من فعل النبی ﷺ**۔ (بخاری شریف، باب انما جعل الامام لیوتم بہ ص ۹۶ نمبر ۶۸۹) اس سے بھی معلوم ہوا کہ حضرت بخاریؒ فرماتے ہیں مقتدی کھڑے ہو کر نماز پڑھیں گے۔ کیونکہ قیام فرض ہے بغیر عذر کے ساقط نہیں ہوتا، اور حضور کا آخری فعل بھی یہی تھا۔

**فائدہ** : بعض حضرات کی رائے ہے کہ امام بیٹھ کر نماز پڑھے تو مقتدی کو بھی بیٹھ کر نماز پڑھنی چاہئے۔ ان کی دلیل یہ حدیث ہے **عن عائشة ام المؤمنین انها قالت رسول الله صلی الله علیه وسلم فی بیته وهو شاک فصلی جالسا وصلی ورائه قوم قیاما فاشار الیهم ان اجلسوا فلما انصرف قال انما جعل الامام لیؤتم به فاذا رکع فارکعوا واذا رفع فارفعوا واذا قال سمع الله لمن حمده فقولوا ربنا ولک الحمد واذا صلی جالسا فصلوا جلوسا اجمعون**۔ (بخاری شریف، باب انما جعل الامام لیوتم بہ ص ۹۵ نمبر ۶۸۹ / ابو داؤد شریف، باب الامام یصلی من قعود ص ۹۶ نمبر ۶۰۱) اس حدیث میں آپؐ نے بیٹھے ہوئے امام کے پیچھے بیٹھنے کا حکم دیا ہے۔ ہمارا جواب یہ ہے کہ خود بخاریؒ فرماتے ہیں کہ پہلا عمل منسوخ ہے۔

**اصول** : بیٹھنا قریب قریب کھڑے ہونے کی طرح ہے، اسلئے ایک دوسرے کی اقتداء جائز ہے۔

**ترجمہ** : ل امام محمدؒ نے فرمایا کہ کھڑا ہونے والے کے لئے بیٹھنے والے کی اقتداء کرنا جائز نہیں ہے، اسلئے کہ کھڑا ہونے والے کی حالت مضبوط ہے۔ قیاس کا تقاضا یہی ہے۔

**تشریح** : امام محمدؒ کی رائے ہے کہ چونکہ کھڑے ہونے والے کی حالت مضبوط اور قوی ہے اسلئے وہ بیٹھنے والے کی اقتداء نہ کرے اسلئے کہ وہ کمزور اور ضعیف ہے۔

**ترجمہ** : ۲ اور ہمنے حدیث کیوجہ سے اس بات کو چھوڑ دیا۔ وہ روایت یہ ہے کہ نبی علیہ السلام نے آخری نماز بیٹھ کر پڑھی اور قوم آپؐ کے پیچھے کھڑی تھی۔

**تشریح** : صاحب ہدایہ کی روایت یہ گزر چکی۔ **ثم صلی بعد ذلک النبی ﷺ جالسا والناس خلفه قیام لم یأمر هم بالقعود وانما یوخذ بالآخر فالآخر من فعل النبی ﷺ**۔ (بخاری شریف، باب انما جعل الامام لیوتم بہ ص ۹۶ نمبر ۶۸۹) اس حدیث میں ہے کہ آپ کی آخری نماز اس طرح تھی کہ آپؐ بیٹھ کر نماز پڑھا رہے تھے اور لوگ آپؐ کے پیچھے کھڑے

(۳۶۵) ویصلی المؤمی خلف مثله ﴾ ۱ لاستوائهما فی الحال ۲ الا ان یؤمی المؤتم قاعدا والامام مضطجعا لان القعود معتبر فیثبت به القوة (۳۶۶) ولا یصلی الذی یرکع ویسجد خلف المؤمی ﴾ ۱ لان حال المقتدی اقوی

تھے۔

**ترجمه** : (۳۶۵) اوراشارہ کرنے والا اشارے کرنے والے کے پیچھے نماز پڑھ سکتا ہے۔

**ترجمه** : ۱ اسلئے کہ دونوں کی حالت برابر ہے۔

**تشریح** : ایک آدمی رکوع سجدہ نہیں کرسکتا ہے اب وہ اسکا اشارہ کرکے نماز پڑھ رہا ہے تو اپنے جیسے اشارے کرنے والے کے پیچھے نماز پڑھ سکتا ہے، کیونکہ دونوں کی حالت ایک جیسی ہے۔ اسلئے ایک دوسرے کی اقتداء کرسکتا ہے۔

**ترجمه** : ۲ مگر یہ کہ مقتدی بیٹھ کر اشارہ کرے اور امام لیٹ کر اشارہ کرے تو جائز نہیں ہے، اسلئے کہ بیٹھنا کھڑے ہونے کی طرح معتبر ہے تو اس میں قوت ثابت ہوگئی۔

**تشریح** : رکوع اور سجدے کے اشارے کی دو صورتیں ہیں [۱] ایک تو یہ کہ بیٹھنے پر قدرت ہے اسلئے بیٹھ کر رکوع سجدے کا اشارہ کرر ہا ہے، تو یہ قوی اور مضبوط ہے کیوں کہ بیٹھنا کھڑا ہونے کے قریب ہے، [۲] اور دوسری صورت یہ ہے کہ بیٹھنے پر قدرت نہیں ہے اسلئے لیٹ کر رکوع سجدے کا اشارہ کرر ہا ہے، تو یہ اشارہ معذور کا ہے اور کمزور ہے، اسلئے اگر بیٹھ کر اشارہ کرنے والا لیٹ کر اشارہ کرنے والے کی اقتداء کرے تو صحیح نہیں ہے، اسلئے کہ بیٹھنے والا قوی ہے اور لیٹ کر اشارہ کرنے والا بہت کمزور ہے۔ اسکا الٹا صحیح ہو جائے گا اسلئے کہ بیٹھنے والا امام قوی ہوگا اور لیٹنے والا مقتدی کمزور ہوگا۔

**لغت** : یومی: ایماء سے مشتق ہے، اشارہ کرنے والا۔ موءتم: ام سے مشتق ہے، مقتدی۔ مضطجعا: اضطجع سے مشتق ہے، لیٹنے والا۔

**ترجمه**: (۳۶۶) جو آدمی رکوع اور سجدہ کرتا ہو وہ اشارہ کرنے والے کے پیچھے نماز نہ پڑھے۔

**تشریح**: جو آدمی عذر کی بنا پر اشارہ کرکے نماز پڑھتا ہو، رکوع اور سجدہ نہ کرسکتا ہو وہ معذور ہے۔ اس لئے اس کے پیچھے رکوع سجدہ کرنے والا جو گویا کہ تندرست ہے کا اقتداء کرنا صحیح نہیں ہے۔ دلیل مسئلہ نمبر ۳۶۰ میں گزر گئی ہے۔

**ترجمه**: ۱ اسلئے کہ مقتدی کا حال امام سے قوی ہے۔

**تشریح** : رکوع سجدہ کرنے والا معذور نہیں ہے وہ قوی ہے، اور رکوع سجدے کا اشارہ کرنے والا معذور ہے وہ کمزور ہے، اسلئے رکوع سجدہ کرنے والے کے لئے اسکے اشارے کرنے والے کی اقتداء درست نہیں ہے۔

۲؎ وفیه خلاف زفرؒ (۳۶۷) ولا یصلی المفترض خلف المتنفل﴾

**ترجمہ**: ۲؎ اس میں امام زفرؒ کا اختلاف ہے۔

**تشریح** : امام زفرؒ فرماتے ہیں اشارہ کرنے والا رکوع سجدہ کرنے والے کی امامت کرسکتا ہے، اسکی وجہ یہ ہے۔ کہ رکوع اور سجدے کے بدلے میں جب اشارہ ہوگیا تو اشارہ ان دونوں کا خلیفہ ہوگیا اور جب خلیفہ موجود ہے تو گویا کہ اصل موجود ہے اور گویا کہ رکوع سجدہ ہی کرنے والا ہے، اسلئے وہ رکوع سجدہ کرنے والے کی امامت کرسکتا ہے۔ جس طرح تیمّم وضو کا خلیفہ ہے تو تیمّم کرنے والا وضو کرنے والے کی امامت کرسکتا ہے۔ اس طرح یہاں بھی امامت کرسکتا ہے۔

**ترجمہ** :(۳۶۷) فرض پڑھنے والا نفل پڑھنے والے کے پیچھے نماز نہ پڑھے۔

**وجہ** :(۱) اس حدیث میں ہے کہ امام ضامن ہے۔ عن ابی هریرة قال قال رسول الله ﷺ الامام ضامن والمؤذن مؤتمن (ترمذی شریف، باب ماجاء ان الامام ضامن والمؤذن مؤتمن ص ۵۱ نمبر ۲۰۷ ر ابن ماجة ، باب ما یجب علی الامام، ص ۱۳۸، نمبر ۹۸۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امام ضامن ہے۔ اس لئے ضامن کو مضبوط ہونا چاہئے اور اعلی درجہ کا ہونا چاہئے یا کم از کم برابر درجہ کا ہونا چاہئے۔ اور فرض پڑھنے والا اعلی ہے اور نفل پڑھنے والا ادنی ہے اس لئے فرض پڑھنے والے کو نفل پڑھنے والے کی اقتدا کرنا درست نہیں ہے (۲) اس حدیث سے بھی اس کا اشارہ ملتا ہے عن ابی هریرة ان رسول الله ﷺ قال انما جعل الامام لیوتم به فلا تختلفوا علیه ۔ (مسلم شریف، باب ائتمام المأموم بالامام ص ۱۷۷ نمبر ۴۱۴/۹۳۰) اس حدیث میں ہے کہ امام اقتدا کرنے کے لئے ہے اس لئے اس سے اختلاف نہ کرو۔ اور یہاں اعلی کا ادنی درجہ سے اختلاف ہوجاتا ہے۔

**فائدہ** : امام شافعیؒ کے نزدیک فرض پڑھنے والا کا نفل پڑھنے والے کا اقتدا کرنا جائز ہے۔

**وجہ**: (۱) ان کے نزدیک امامت کا مطلب ضامن ہونا نہیں ہے بلکہ ایک جگہ مل کر نماز پڑھ لینا ہے۔ اس لئے فرض اور نفل کے اختلاف سے فرق نہیں پڑتا (۲) حدیث میں اس کا ثبوت ہے ان معاذ بن جبل کان یصلی مع رسول الله العشاء ثم یاتی قومه فیصلی بهم تلک الصلوة ۔ (ابوداؤد شریف، باب امامة من صلی بقوم وقد صلی تلک الصلوة ص ۹۵ نمبر ۵۹۹ ر بخاری شریف، باب اذا اطول الامام وکان للرجل حاجة فخرج وصلی، ص ۹۶، نمبر ۷۰۰) اس حدیث میں ہے کہ حضرت معاذ حضورؐ کے ساتھ عشاء کی نماز پڑھتے تھے تو اسکا یہی مطلب ہے کہ انکے ساتھ فرض کی نیت سے پڑھتے ہونگے، اور جب قوم کو پڑھاتے ہونگے تو وہ نفل ہوگی کیونکہ ایک فرض دو مرتبہ نہیں پڑھ سکتے، تو اسکا مطلب یہ ہوا کہ امام کی نماز نفل ہے اور مقتدی کی نماز فرض ہے تو فرض پڑھنے والوں نے نفل پڑھنے والے کی اقتداء کی ۔ (۳) اس حدیث میں تو اسکی صراحت ہے کہ حضرت معاذ حضورؐ کے ساتھ فرض پڑھتے تھے اور امامت کے وقت نفل پڑھتے تھے۔ ان معاذا کان یصلی مع النبی ﷺ العشاء ثم ینصرف الی قومه فیصلی بهم هی له تطوع ولهم فریضة (دار قطنی، باب ذکر صلوة المفترض خلف المتنفل ج اول ص ۲۸۱ نمبر ۱۰۶۳ ر سنن بیہقی،

ل لان الاقتداء بناء ووصف الفرضية معدوم فی حق الامام فلا یتحقق البناء علی المعدوم
(٣٦٨) قال ولا من یصلی فرضا خلف من یصلی فرضاً اٰخر﴾ ل لان الاقتداء شرکة وموافقة فلا بد من الاتحاد ٢ وعند الشافعیؒ یصح فی جمیع ذٰلک لان الاقتداء عنده اداء علی سبیل الموافقة وعندنا معنی التضمن مراعیً

---

باب الفریضة خلفمن یصلی النافلة، ج ثالث،ص١٢٢،نمبر ٥١٠٦) اس حدیث میں ہے کہ حضرت معاذؓ حضورؐ کے ساتھ فرض پڑھتے اور امامت نفل کی نیت کر کے کرتے۔ اس لئے نفل پڑھنے والے کے پیچھے فرض پڑھنے والے کی اقتداء جائز ہے۔

**ترجمہ** : ل اسلئے کہ اقتداء کا مطلب ہے بنا کرنا اور فرضیت کا وصف امام کے حق میں معدوم ہے، اسلئے معدوم پر بناء متحقق نہیں ہوگا۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔ حنفیہ کے یہاں قاعدہ یہ ہے کہ نماز کے ساتھ اسکی اہم صفات میں بھی مقتدی امام کے ساتھ بناء کرتا ہے اسلئے امام کی نماز کی اہم صفت مقتدی کی نماز کی اہم صفت میں مختلف ہو تو امام کے ساتھ بناء نہیں ہو سکے گی اور اقتداء درست نہیں ہوگی۔ اس قاعدے کی بنیاد پر دیکھیں تو یہاں امام کی نماز میں فرض کی صفت نہیں ہے جو اہم ہے صرف نفل کی صفت ہے اور مقتدی کی نماز میں فرض کی صفت ہے اسلئے مقتدی کی بناء امام کی نماز کے ساتھ نہیں ہو سکے گی، اسلئے فرض پڑھنے والے کی نماز نفل پڑھنے والے کے پیچھے جائز نہیں۔

**ترجمہ** : (٣٦٨) اور نہیں جائز ہے اقتدا کرنا اس کی جو نماز پڑھتا ہو فرض، اس کے پیچھے جو دوسرے فرض پڑھتا ہو۔

**تشریح** : کوئی آدمی مثلا ظہر کا فرض پڑھ رہا ہے وہ ایسے آدمی کی اقتدا نہیں کر سکتا جو عصر کا فرض پڑھ رہا ہے۔

**وجہ** : پہلے گزر چکا ہے کہ امام ضامن ہوتا ہے۔ اس لئے دونوں کی نیت متحد ہونی چاہئے (٢) عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ ﷺ قال انما جعل الامام لیوتم بہ فلاتختلفوا علیہ ۔ (مسلم شریف، باب ائتمام الماموم بالامام ص ١٧٧ نمبر ٤١٤ / ٩٣٠)
اس حدیث میں ہے کہ امام اقتدا کرنے کے لئے ہے اس لئے اس سے اختلاف نہ کرو۔ اور یہاں امام کی نماز الگ ہے اور مقتدی کی نماز الگ ہے، اسلئے ظہر کی نماز پڑھنے والے کے پیچھے عصر کی نماز پڑھنے والے کی اقتداء جائز نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ اقتداء کا مطلب شرکت اور موافقت ہے اسلئے اتحاد ضروری ہے۔

**تشریح** : ہمارے یہاں اقتداء کا مطلب یہ ہے کہ تحریمہ اور اعمال دونوں میں شرکت ہو اسلئے نماز میں بھی اتحاد ضروری ہے۔ دلیل اوپر گزر گئی۔

**ترجمہ**: ٢ اور امام شافعیؒ کے نزدیک ان تمام صورتوں میں اقتداء صحیح ہے، اسلئے کہ اقتداء انکے نزدیک موافقت کے طور پر اداء

(۳۶۹) ویصلی المتنفل خلف المفترض﴾

کرنا ہے۔اور حنفیہ کے یہاں ضامن ہونے کی رعایت ہے۔

**تشریح** : ہمارے نزدیک اقتداء مطلب یہ ہے کہ امام مقتدی کا ضامن ہے اسلئے تحریمہ اور اعمال دونوں میں موافقت اور شرکت ضروری ہے۔اور امام شافعیؒ کے یہاں اقتداء کا مطلب یہ ہے کہ امام اور مقتدی ایک جگہ نماز پڑھ رہے ہیں، لیکن امام مقتدی کی نماز کا ضامن نہیں ہے، اسلئے اوپر کی تمام صورتوں میں اقتداء جائز ہے۔ مثلا [۱] اشارہ کرنے والے کے پیچھے کھڑا ہونے والا نماز پڑھ سکتا ہے، [۲] نفل پڑھنے والے کے پیچھے فرض پڑھنے والا نماز پڑھ سکتا ہے [۳] ظہر کی نماز پڑھنے والے کے پیچھے عصر کی نماز پڑھنے والا نماز پڑھ سکتا ہے۔ موسوعۃ میں ہے۔ قال الشافعیؒ و کل ھذا جائز بالسنة ، و ما ذکرنا ثم القیاس ، و نیة کل مصل نیة نفسه ، لا یفسدھا علیه أن یخالفھا نیة غیرہ و ان أمّه ۔(موسوعۃ امام شافعیؒ، باب اختلاف نیۃ الامام و المأموم، ج ثانی، ص ۳۱۷، نمبر ۱۷۹۱) اس عبارت میں ہے کہ امام اور مقتدی کی نماز مختلف ہو تب بھی نماز جائز ہے۔

**وجه** : (۱) اسکی وجہ یہ حدیث ہے۔ عن ابی ھریرۃ أن رسول اللہ ﷺ قال : یصلون لکم فان اصابوا فلکم و لھم و ان اخطئوا فلکم و علیھم ۔(بخاری شریف، باب اذا لم یتم الامام واتم من خلفہ، ص ۹۶، نمبر ۶۹۴) اس حدیث میں ہے کہ امام اگر غلطی کرے تو اس غلطی کا نقصان اسکو ملے گا اور تمہارے صحیح کا فائدہ تم کو ملے گا، جس سے معلوم ہوا کہ امام ضامن نہیں ہے اسلئے اوپر کی امامت درست ہے۔ (۲) نفل والے کے پیچھے فرض پڑھے اسکی حدیث اوپر گزر چکی۔ ان معاذا کان یصلی مع النبی ﷺ العشاء ثم ینصرف الی قومه فیصلی بھم ھی له تطوع ولھم فریضة (دار قطنی، باب ذکر صلوۃ المفترض خلف المتنفل ج اول ص ۲۸۱ نمبر ۱۰۶۳ رسنن بیہقی، باب الفریضۃ خلف من یصلی النافلۃ، ج ثالث، ص ۱۲۲، نمبر ۵۱۰۶) اس حدیث میں ہے کہ حضرت معاذ کی نماز نفل ہوتی اور قوم کی نماز فرض ہوتی۔ (۳) اور ظہر پڑھنے والا عصر پڑھنے والے کی اقتداء کرے اسکی دلیل یہ اثر ہے۔ عن ابن عائذ قال : دخل ثلاثة نفر من أصحاب رسول اللہ ﷺ المسجد و الناس فی صلاۃ العصر قد فرغوا من صلاۃ الظھر فصلوا مع الناس ، فلما فرغوا قال بعضھم لبعض : کیف صنعتم ؟ قال أحدھم : جعلتھا الظھر ثم صلیتُ العصر ، و قال الآخر : جعلتھا العصر ثم صلیتُ الظھر ، و قال الآخر : جعلتھا للمسجد ثم صلیت الظھر و العصر فلم یعب بعضھم علی بعض ۔(سنن بیہقی، باب الظھر خلف من یصلی العصر، ج ثالث، ص ۱۲۳، نمبر ۵۱۱۲) اس اثر میں ہے کہ امام عصر پڑھ رہے تھے اور مقتدی نے اسکے پیچھے ظہر پڑھی، یا تحیۃ المسجد پڑھی۔

**اصول** : امام شافعیؒ کا اصول یہ ہے کہ امام مقتدی کا ضامن نہیں ہے۔ صرف موافقت کے طور پر نماز پڑھتا ہے۔

**ترجمه** : (۳۶۹) نفل پڑھنے والا فرض پڑھنے والے کے پیچھے نماز پڑھ سکتا ہے۔

۱ لان الحاجة فی حقه الی اصل الصّلوٰة وهو موجود فی حق الامام فیتحقق البناء

(۳۷۰) ومن اقتدی بامام ثم علم ان امامه محدث

**وجہ** : (۱) فرض پڑھنے والا اعلی درجہ کا ہوتا ہے اور نفل پڑھنے والا ادنی درجہ کا، اس لئے نفل پڑھنے والا فرض پڑھنے والے کی اقتدا کر سکتا ہے (۲) حدیث میں ہے عن جابر بن یزید انه صلی مع رسول الله ﷺ وهو غلام شاب فلما صلی اذا رجلان لم یصلیا فی ناحیة المسجد فدعا بهما فجیئ بهما ترعد فرائصهما فقال ما منعکما ان تصلیا معنا؟ قالا قد صلینا فی رحالنا قال لا تفعلوا اذا صلی احدکم فی رحله ثم ادرک الامام ولم یصل فلیصل معه فانها له نافلة۔ (ابو داؤد شریف، باب فیمن صلی فی منزله ثم ادرک الجماعة یصلی معهم ص ۹۲ نمبر ۵۷۵ رترمذی شریف، باب ماجاء فی الرجل یصلی وحده ثم یدرک الجماعة ص ۵۲ نمبر ۲۱۹) اس حدیث میں آپؐ نے ترغیب دیدی کہ اگر تم نے پہلے فرض پڑھ لیا ہے پھر بھی اگر فرض کی جماعت ہو رہی ہو تو دوبارہ ان کے ساتھ شریک ہو جاؤ۔ تاکہ یہ تمہارے لئے نفل ہو جائے۔ تو معلوم ہوا کہ نفل پڑھنے والا فرض پڑھنے والے کی اقتدا کر سکتا ہے۔

**نوٹ** : حنفیہ کے نزدیک فجر، عصر، مغرب میں فرض پڑھ چکا ہو تو دوبارہ نفل کی نیت کر کے اقتدا نہیں کرے گا۔ کیونکہ فجر اور عصر کے بعد کوئی نفل نہیں ہے۔ اور مغرب کے بعد نفل ہے لیکن تین رکعت نفل نہیں ہے۔ اور مغرب کے فرض والوں کی اقتدا کرے گا تو تین رکعت نفل پڑھنا ہوگا۔ اس لئے ان میں فرض پڑھنے والوں کی اقتدا نہ کرے۔ البتہ ظہر اور عشا کی نماز پڑھ چکا ہو پھر فرض کی جماعت ہو رہی ہو تو دوبارہ نفل کی نیت کر کے فرض والوں کی اقتدا کر سکتا ہے۔ (۱) اس کی دلیل یہ اثر ہے ان عبد الله بن عمر کان یقول من صلی المغرب او الصبح ثم ادرکهما مع الامام فلا یعد لهما. (مؤطا امام مالک، باب العمل فی صلوۃ الجماعۃ، کتاب الصلوۃ ص ۱۱۶) اس اثر سے معلوم ہوا کہ مغرب اور صبح کی نماز پڑھ چکا ہو تو دوبارہ اس کی جماعت میں شامل نہیں ہوگا (۲) عن ابن عباس ان النبی ﷺ نهی عن الصلوة بعد الصبح حتی تشرق الشمس و بعد العصر حتی تغرب. (بخاری شریف، باب الصلوۃ بعد الفجر حتی ترتفع الشمس ص ۸۲ نمبر ۵۸۱) اس سے بھی معلوم ہوا کہ صبح اور عصر کے فرض پڑھنے کے بعد ان کی جماعت ہوتی ہو تو ان میں نفل کی نیت کر کے شریک نہ ہو۔

**ترجمہ** : ۱ اسلئے کہ نفل پڑھنے والے کے حق میں اصل نماز کی ضرورت ہے اور وہ امام کے حق میں موجود ہے اسلئے بناء متحقق ہو گی۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے کہ نفل پڑھنے والے کو بناء کے لئے اصل نماز کی ضرورت ہے، اور فرض نماز میں اصل نماز موجود ہے اسلئے نفل نماز پڑھنے والا فرض پڑھنے والے کے پیچھے نماز پڑھ سکتا ہے۔

**ترجمہ** : (۳۷۰) اگر کسی نے امام کی اقتدا کی پھر علم ہوا کہ وہ طہارت پر نہیں تھا تو مقتدی بھی نماز لوٹائیں۔

**ل اعاد لقوله علیہ السلام:من امَّ قوما ثم ظهر انه كان محدثًا اوجنبًا اعاد صلاته واعادوا ۲ وفيه خلاف الشافعیؒ بناء على ماتقدم**

**تشریح**: امام نے جنابت کی حالت میں یا بغیر وضو کے نماز پڑھادی تو امام کو بھی نماز لوٹانا ہوگی۔ کیونکہ اس نے بغیر طہارت کے نماز پڑھائی۔لیکن ساتھ میں مقتدی کو بھی نماز دہرانی ہوگی۔

**وجہ** : (۱) کیونکہ کہ مقتدی کی نماز امام کے ساتھ اصلاح اور فساد میں متضمن ہے۔حدیث میں ہے۔عن ابی هريرة قال قال رسول الله ﷺ الامام ضامن والمؤذن مؤتمن (ترمذی شریف، باب ما جاء ان الامام ضامن والمؤذن مؤتمن ص ۵۱ نمبر ۲۰۷ ر ابن ماجۃ، باب ما یجب علی الامام، ص ۱۳۸، نمبر ۹۸۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امام ضامن ہے۔اس لئے امام کی نماز فاسد ہونے کی وجہ سے مقتدی کی نماز بھی فاسد ہوگی۔اور قابل اعادہ ہوگی (۲) حدیث میں ہے عن ابی هريرة قال اقيمت الصلوة فسوى الناس صفوفهم فخرج رسول الله ﷺ فتقدم وهو جنب ثم قال على مكانكم فرجع فاغتسل ثم خرج ورأسه يقطر ماء فصلى بهم (بخاری شریف، باب اذا قال الامام مکانکم حتی یرجع انتظروہ ، ص ۸۹ نمبر ۶۴۰) اس حدیث سے اتنا معلوم ہوا کہ امام اگر جنبی ہو تو اس کی نماز نہیں ہوگی۔(۳) عن سعید بن مسیب ان رسول الله ﷺ صلى بالناس وهو جنب فاعاد واعادوا۔(دار قطنی، باب صلوۃ الامام وھو جنب اومحدث ج اول ص ۳۵۴ نمبر ۱۳۵۴) اس حدیث مرسل سے معلوم ہوا کہ حضورؐ نے بھی نماز لوٹائی اور مقتدی نے بھی نماز لوٹائی (۴) اس اثر میں ہے کہ امام کی نماز فاسد ہوئی تو مقتدی کی نماز بھی فاسد ہو جائے گی اس لئے انکو بھی نماز لوٹانی ہوگی .عن ابراهيم قال : اذا فسدت صلوة الامام فسدت صلوة من خلفه . (کتاب الآثار لامام محمد، باب ما یقطع الصلوۃ، ص ۲۷، نمبر ۱۳۳) اس اثر میں ہے کہ امام کی نماز فاسد ہوگی تو مقتدی کی نماز بھی فاسد ہو جائے گی۔

**اصول** : [۱] امام مقتدی کی نماز کا ذمہ دار ہے۔[۲] امام کی نماز فاسد ہونے سے مقتدی کی بھی نماز فاسد ہو جائے گی ۔

**ترجمہ**: ل حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ کسی نے کسی قوم کی امامت کی پھر پتہ چلا کہ امام محدث ہے یا جنبی ہے تو امام بھی نماز لوٹائے اور تمام مقتدی بھی نماز لوٹائیں۔

**تشریح** : یہ اثر حضرت علیؓ کا اس طرح ہے۔ عن علی انه صلى بالقوم وهو جنب فاعاد ثم امرهم فاعادوا (سنن للبیھقی، باب امامۃ الجنب ج ثانی ص ۵۶۰، نمبر ۴۰۷۸ ر دار قطنی ، باب صلوۃ الامام وھو جنب او محدث ج اول ص ۳۵۴ نمبر ۱۳۵۵) اس اثر سے بھی معلوم ہوا کہ مقتدی بھی نماز لوٹائیں گے۔

**ترجمہ**: ۲ اور اس میں امام شافعیؒ کا اختلاف ہے۔بناء کرتے ہوئے اس قاعدے پر جو پہلے گزر گیا۔

۳؎ ونحن نعتبر معنی التضمن وذلک فی الجواز والفساد (۳۷۱) واذا اصلی امّی بقوم یقرؤن وبقوم امیین فصلاتهم فاسدة عندابی حنیفة ؒ

**تشریح** : امام شافعیؒ کا مسلک پہلے گزر چکا ہے کہ امام مقتدی کا ضامن نہیں ہے اسلئے اگر امام کی نماز فاسد ہو جائے تو امام اپنی نماز لوٹائے گا، لیکن مقتدی کی نماز ہوگئی انکو لوٹانے کی ضرورت نہیں

**وجه** : (۱) ان کی دلیل یہ حدیث ہے ۔عن البراء بن عاذب عن النبی ﷺ ایما امام سهی فصلی بالقوم وهو جنب فقد مضت صلوتهم ثم لیغتسل هو ثم لیعد صلوته وان صلی بغیر وضوء فمثل ذلک (دار قطنی، باب صلوا الامام وهو جنب او محدث ص ۳۵۴ نمبر ۱۳۵۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مقتدی طہارت پر ہیں اس لئے ان کی نماز ہو جائے گی اور امام کو نماز لوٹانا ہوگی (۲) امام شافعیؒ کے نزدیک جماعت کا مطلب یہ ہے کہ سب ایک ساتھ نماز پڑھ رہے ہیں۔ لیکن امام مقتدیوں کا مکمل ذمہ دار نہیں ہے۔اس لئے امام کے فساد سے مقتدیوں کی نماز کا فساد لازم نہیں آئیگا۔

**ترجمه** : ۳؎ اور ہم ضامن ہونے کے معنی کا اعتبار کرتے ہیں، اور یہ نماز کے جائز ہونے اور نماز کے فاسد ہونے میں ہے۔

**تشریح** : حضرت امام شافعیؒ کے یہاں امامت کا مطلب صرف اتنا ہے کہ امام اور مقتدی ایک ساتھ کھڑے ہو کر نماز پڑھ لئے، اور امام ابو حنیفہؒ کے یہاں امامت کا مطلب یہ ہے کہ امام نماز کے صحیح ہونے اور فاسد ہونے کا ذمہ دار ہے، اسلئے امام کی نماز فاسد ہوئی تو مقتدی کی نماز بھی فاسد ہو جائے گی۔

**ترجمه** : (۳۷۱) امی امام نے ایسے لوگوں کو نماز پڑھائی جو قرآن پڑھنا جانتے تھے، اور ان میں ایسے لوگ بھی تھے جو امی تھے تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک سب کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

**تشریح** : امی، ام سے مشتق ہے، جس طرح سے ان پڑھ پیدا ہوا ہو اسی طرح ابھی بھی ان پڑھ ہو، یہاں امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک ،امی، کا مطلب یہ ہے کہ اسکو ایک آیت بھی یاد نہ ہو، کیونکہ ایک آیت سے امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک نماز ہو جاتی ہے، اسلئے ایک آیت جانتا ہو تو وہ قاری ہے۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک تین چھوٹی آیتیں، یا ایک لمبی آیت بھی یاد نہ ہو تو وہ امی ہے اور اتنا یاد ہو تو وہ قاری ہے۔

**اصول** : یہ مسئلہ ایک قاعدہ پر متفرع ہے، قاعدہ یہ ہے کہ، کیا دوسرے کے سہارے سے ایک بات پر قادر ہو تو اسکو قدرت سمجھی جائے گی یا نہیں؟ امام ابو حنیفہؒ کی رائے یہ ہے کہ دوسرے کے سہارے سے کسی بات پر قدرت ہو تو اسکو آدمی کی قدرت سمجھی جائے گی اور اس پر مسئلہ متفرع ہوگا۔ اور صاحبینؒ کی رائے یہ ہے کہ دوسرے کے سہارے سے کسی بات پر قدرت ہو تو اسکو قدرت نہیں سمجھی جائے گی، بلکہ آدمی کو معذور ہی سمجھا جائے گا۔

ل وقالا صلوٰة الامام ومن لم یقرأ تامة لانه معذور امّ قوما معذورین فصار کما اذا امَّ العاری عراة ولابسین

اب مسئلے کی تشریح یہ ہے کہ ایک آدمی امی ہے یعنی ایک آیت بھی یاد نہیں اسلئے یہ معذور کے زمرے میں ہے یہ چند آدمیوں کی امامت کررہا ہے جن میں کچھ قاری ہیں یعنی انکو ایک لمبی آیت یاد ہے، اور کچھ لوگ امی ہیں۔ تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک امام اور سب مقتدی کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

**وجه** : اسکی وجہ یہ ہے کہ امی امام کے لئے یہ گنجائش تھی کہ قاری کو امام بناتے، اور قاری کی قرأت مقتدی کی بھی قرأت ہو جاتی اور سب کی نماز صحیح ہو جاتی، کیونکہ ابھی امام ابو حنیفہؒ کا قاعدہ گزرا کہ دوسرے کے سہارے سے قدرت ہوتی ہو تو اسکو بھی قدرت سمجھی جائے گی، یہاں قاری کو امام بنا کر قاری کی قرأت اپنے لئے کر سکتا تھا کیونکہ حدیث میں ہے کہ جسکا امام ہو تو امام کی قرأت مقتدی کے لئے ہے۔ عن جابر قال قال رسول الله ﷺ من کان له امام فقراء ة الامام له قراء ة. (ابن ماجہ شریف، باب اذا قرء الامام فانصتوا ص ١٢٠، نمبر ٨٥٠/دار قطنی، باب ذکر قولہ من کان لہ امام ص ٣٢١ نمبر ١٢٢٠) اس حدیث میں ہے کہ جسکا امام ہو تو امام کی قرأت اسکی قرأت ہے۔ اب اس امی امام نے قاری کو امام نہیں بنایا تو امام کی نماز فاسد ہوگئی اور جب امام کی نماز فاسد ہوگئی تو اسکی وجہ سے تمام مقتدی کی نماز بھی فاسد ہو جائے گی چاہے وہ قاری ہو یا امی ہو۔

**اصول** : دوسرے کے سہارے سے بھی قدرت ہو سکتی ہے۔

**ترجمه** : ل اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ امام کی نماز اور جو قرأت نہیں کر سکتا ہے انکی درست ہوگئی۔ اسلئے کہ امام خود بھی معذور ہے اور معذور لوگوں کی امامت کی ہے، تو ایسا ہو گیا کہ ننگے آدمی نے ننگوں کی اور کپڑا پہننے والوں کی امامت کی ہو۔

**تشریح** : صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ جو لوگ قرأت پر قدرت نہیں رکھتے تھے انکی نماز ہوگئی، مثال مذکور میں امام امی ہے وہ قرأت پر اپنی قدرت نہیں رکھتا ہے اسلئے اسکی نماز ہوگئی، اسی طرح مقتدی میں سے جو امی ہے اسکی نماز ہو جائے گی، کیوں کہ یہ اپنے طور پر قرأت پر قدرت نہیں رکھتے ہیں، اور قاری کی قرأت سے سہارا لیکر قرأت پر قدرت ہونا یہ غیر کے سہارے سے قدرت ہے صاحبین کے یہاں اسکا اعتبار نہیں ہے، اسلئے ان لوگوں کی نماز صحیح ہو جائے گی، اور جو مقتدی واقعۃ قاری ہیں انکی نماز نہیں ہوگی کیونکہ انکو خود قرأت پر قدرت ہونے کے باوجود قرأت نہیں کی اور امی کو امام بنایا اس نے بھی قرأت نہیں کی اسلئے ان قاریوں کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ کیوں کہ قرأت پر قدرت کے باوجود قرأت نہ کرے تو نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ اسکی ایک مثال پیش کرتے ہیں کہ کپڑا نہ ہونے کی وجہ سے ننگا آدمی امام بنا اور مقتدی میں سے کچھ ننگے تھے اور کچھ کپڑا پہنے ہوئے تھے تو امام کی نماز اور ننگے کی نماز ہو جائے گی، کیونکہ امام بھی معذور ہے اور ننگا مقتدی بھی معذور ہے اسلئے معذور معذور کی امامت کرے یہ درست ہے، کیونکہ دونوں ایک جیسے ہی ہیں۔ اسلئے ان لوگوں کی نماز ہو جائے گی۔ لیکن کپڑا پہنے والے کی نماز نہیں ہوگی، کیونکہ کپڑا پہنے والا معذور نہیں ہے اسلئے وہ

۲ وله ان الامام ترک فرض القراءة مع القدرة عليها فتفسد صلاته وهذا لانه لو اقتدى بالقارى تكون قراء ته قراءة له ۳ بخلاف تلک المسألة وامثالها لان الموجود في حق الامام لايكون موجودا في حق القتدى

معذور کی اقتداءنہیں کرسکتا،[اصول پہلے گزر چکا ہے]اور یہاں صحیح نے معذور کی اقتداء کرلی اسلئے اسکی نماز فاسد ہوجائے گی۔تو جس طرح اس مثال میں کپڑا پہنے والا مقتدی کے باوجود ننگے امام اور ننگے مقتدی کی نماز ہوجاتی ہے اسی طرح مقتدی کے قاری ہونے کے باوجود امی امام اور امی مقتدی کی نماز ہوجائے گی۔اور اس پر قاری مقتدی کا کوئی اثر نہیں پڑے گا،البتہ قاری کو قرأت پر قدرت ہے اسلئے اسکی نماز نہیں ہوگی۔ عراۃ:عاری کا جمع ہے،ننگا۔

**اصول** : صاحبینؒ کے یہاں غیر کے سہارے سے قدرت شمار نہیں ہوتی۔

**ترجمہ** : ۲ حضرت امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ قرأت پر قدرت کے باوجود اس فرض کو چھوڑنا نماز کو فاسد کرتی ہے،اور یہ اس طرح کہ اگر قاری کی اقتداء کرتا تو قاری کی قرأت مقتدی کی قرأت ہوجاتی۔

**تشریح** : یہ امام ابوحنیفہؒ کی دلیل عقلی ہے،کہ اگر قاری کو امام بناتا تو قاری کی قرأت ان لوگوں کی قرأت ہوجاتی کیونکہ حدیث گزری کہ جسکا امام ہو تو امام کی قرأت مقتدی کی قرأت ہے لیکن ان لوگوں نے قاری کو امام نہیں بنایا تو گویا کہ قرأت پر قدرت ہونے کے باوجود اسکو چھوڑ دیا،اور فرض پر قدرت ہونے کے باوجود اسکو چھوڑ دے تو اس سے نماز فاسد ہوجاتی ہے،اور جب امام کی نماز فاسد ہوئی تو اسکی وجہ سے سب کی نماز فاسد ہوگی۔

**ترجمہ** : ۳ بخلاف ننگے کے مسئلے کے اور اس جیسے اور جو مسئلے ہوں اسلئے کہ جو امام کے حق میں موجود ہو وہ مقتدی کے حق میں موجود نہیں ہوتا۔

**تشریح** : یہ صاحبین کو جواب ہے۔کہ قرأت کا معاملہ ایسا ہے کہ امام کی قرأت مقتدی کی قرأت ہوجائے گی،اور قاری کو امام بنانے کی وجہ سے گویا کہ مقتدی بھی قرأت پر قادر ہوگیا۔لیکن کپڑے کا معاملہ ایسا نہیں ہے،امام اگر کپڑا پہنا ہے تو اسکی وجہ سے مقتدی کو کپڑا پہنا ہوا شمار نہیں کیا جائے گا،وہ تو ننگا ہی رہے گا،اس لئے یہاں مقتدی کے کپڑے سے امام کا کپڑا شمار نہیں ہوگا،اور دوسرے کے سہارے سے قدرت نہیں سمجھی جائے گی۔اسلئے ننگے نے ننگوں اور کپڑے پہنے ہوئے کی امامت کی تو ننگے امام اور ننگے مقتدی کی نماز ہوجائے گی،اور کپڑا پہنے والے کی نماز فاسد ہوگی۔

**لغت** : امثالھا: ننگا امام ہو اور کچھ ننگے مقتدی ہوں اور کچھ کپڑا پہنے مقتدی ہوں،اسکے مثل یہ مسئلے ہیں۔[۱] گونگے آدمی نے امامت کی اور اسکے پیچھے مقتدی کچھ گونگے تھے اور کچھ بولنے والے تھے،تو گونگے امام کی نماز ہوجائے گی اور گونگے مقتدی کی نماز ہو

(۳۷۲) ولو كان يصلى الامى وحده والقارى وحده جاز ﴾ ۱ وهو الصحيح لانه لم يظهر منهما رغبة في الجماعة (۳۷۳) فان قرأ الامام في الاوّليين ثم قدّم في الاخريين امیافسدت صلاتهم

جائے گی، لیکن بولنے والے کی نماز نہیں ہوگی کیونکہ انکو قرأت پر قدرت ہے اسلئے معذور کے پیچھے صحیح کی نماز فاسد ہو جائے گی۔[۴] مرض کی وجہ سے رکوع سجدے کے اشارہ کرنے والا امام ہے اور مقتدی کچھ اشارہ کرنے والا ہے اور کچھ اصلی رکوع اور سجدہ کرنے والا ہے، تو اشارہ کرنے والا امام کی نماز ہو جائے گی اور اشارہ کرنے والا مقتدی کی نماز ہو جائے گی، کیونکہ معذور نے معذور کی اقتداء کی، لیکن رکوع سجدہ کرنے والے کی نماز نہیں ہوگی، کیونکہ اسکو معذور کی اقتداء نہیں کرنی چاہئے۔

**ترجمہ**: (۳۷۲) اور اگر امی نے الگ نماز پڑھی اور قاری نے الگ نماز پڑھی تو جائز ہے، اور دونوں کی نماز صحیح ہوگی۔

**ترجمہ**: ۱ وہ صحیح ہے، اسلئے کہ دونوں سے جماعت میں رغبت ظاہر نہیں ہوئی۔

**تشریح**: قاری امی کی اقتداء کرے تو قاری اور امی کی نماز فاسد ہوگی۔ لیکن اگر قاری امی کی اقتداء نہ کرے بلکہ دونوں علیحدہ علیحدہ نماز پڑھے تو دونوں کی نماز درست ہوگی، اور ایسا کرنا جائز ہے۔ درست تو اسلئے ہے کہ قاری نے امی کی اقتداء نہیں کی۔ اور ایسا کرنا جائز اسلئے ہے کہ زیادہ سے زیادہ یہ ہوگا کہ جماعت کرنے کی رغبت نہیں کی، جماعت کرتا اور قاری کو امام بناتا تو قرأت کے ساتھ دونوں کی نماز اعلی درجے پر مکمل ہوتی، اور اس صورت میں امی کی نماز بغیر قرأت کے معذور کی نماز مکمل ہوئی۔ تاہم یہ بھی درست ہے۔

**ترجمہ**: (۳۷۳) اگر امام نے پہلی دو رکعتوں میں قرأت کی، اور دوسری دو رکعتوں میں کسی امی کو امام بنایا تو سب کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

**تشریح**: یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ جن رکعتوں میں قرأت کرنا لازم نہیں ہے امام کو ان رکعتوں میں بھی قرأت پر قدرت ہونا ضروری ہے، کیونکہ وہ رکعت بھی مستقل نماز ہے۔

اب مسئلے کی تشریح یہ ہے کہ مثلا عشاء کی چار رکعت فرض پڑھ رہے تھے، اور پہلی دو رکعتوں میں امام قاری تھا اسلئے پہلی دو رکعتوں میں قرأت کی پھر اسکو حدث پیش آ گیا جسکی وجہ سے وہ پیچھے چلا گیا اور کسی امی کو آگے بڑھا کر امام بنا دیا، تو فرماتے ہیں کہ امام اور مقتدی سب کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

**وجہ**: اسکی وجہ یہ ہے کہ ہر رکعت الگ الگ نماز ہے اسلئے پہلی دو رکعتوں میں ظاہری اور حقیقی طور پر قرأت کرنا فرض ہے اور دوسری دو رکعتوں میں ظاہری طور پر قرأت کرنا مسنون ہے، لیکن تقدیری قرأت اس میں بھی ضروری ہے، یعنی قرأت پر کم سے کم قدرت ہو، اور امی آدمی امام بنا تو اسکو قرأت پر قدرت ہی نہیں ہے، اسلئے تقدیری قرأت بھی نہیں ہو سکتی۔ اور یہ جس طرح اور لوگوں کا امام ہے

۱؎ وقال زفرؒ لا تفسد لتأدی فرض القراء ۃ ۲؎ ولنا ان کل رکعة صلوٰة فلا تخلی عن القراء ۃ اما تحقیقااو تقدیرا ولا تقدیر فی حق الامی لانعدام الاهلیة ۳؎ وکذلک علی هذا الوقدمه فی التشهد،، واللّٰہ تعالیٰ اعلم بالصواب.

---

اسی طرح جس امام کو حدث پیش آیا اسکا بھی امام ہے، اور وہ قاری ہے، تو گویا کہ یہ امی قاری کا امام بن گیا، اور پہلے گزر گیا کہ امی قاری کا امام بن جائے تو امام کی نماز فاسد ہو جائے گی اور جب امام کی نماز فاسد ہو گی تو تمام مقتدی کی بھی نماز فاسد ہو جائے گی، اسلئے یہاں پرانا امام، نیا امام اور تمام مقتدی سب کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ۱؎ امام زفرؒ نے فرمایا کہ نماز فاسد نہیں ہوگی اسلئے کہ قرأت کا فرض ادا ہو چکا ہے۔

**تشریح**: امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ پہلی دو رکعتوں میں قرأت فرض ہے تو اسکو سابق امام نے ادا کر دیا ہے، اب دوسری دو رکعتوں میں قرأت کرنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ دوسری دو رکعتوں میں حنفیہ کے یہاں قرأت مسنون ہے اسلئے اب قرأت کی ضرورت نہیں ہے اسلئے امی آدمی کو امام بنایا تو چونکہ اب قرأت کی ضرورت نہیں ہے اسلئے بغیر قرأت کے بھی سب کی نماز ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ ہر رکعت الگ الگ نماز ہے اسلئے قرأت سے خالی نہیں ہونی چاہئے، یا تو حقیقۃً قرأت ہو، یا تقدیراً قرأت ہو، اور امی کے حق میں تقدیرا بھی قرأت نہیں ہے اسلئے کہ اس میں قرأت کرنے کی اہلیت ہی نہیں ہے۔

**تشریح**: یہ نماز فاسد ہونے کی دلیل عقلی ہے۔ کہ ہر رکعت مستقل نماز ہے اسلئے یا تو تحقیقی طور پر قرأت ہونی چاہئے، جیسا کہ پہلی دو رکعتوں میں حقیقی طور پر قرأت کرتے ہیں جو فرض ہے اور دوسری دو رکعتوں میں حقیقی طور پر قرأت کرنا سنت ہے، لیکن پہلی دو رکعتوں کی قرأت دوسری دو رکعتوں کے لئے بھی ہے اسلئے گویا کہ تقدیرا وہاں بھی قرأت ہے۔ اور امی میں قرأت کی اہلیت ہی نہیں ہے اسلئے تقدیرا بھی قرأت نہیں ہوئی اسلئے نماز فاسد ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ۳؎ اور ایسے ہی اس قاعدے پر یہ نماز فاسد ہو جائے گی اگر امی آدمی کو تشہد میں امام بنا دیا۔

**تشریح**: اس مسئلے کا مدار اس اصول پر ہے کہ قاری آدمی کا امام پوری نماز میں قرأت پر قدرت رکھتا ہو تب امامت درست ہوگی، اگر نماز کے ایک جز میں بھی امی قاری کا امام بن گیا تو قاری کا امام بننے کی وجہ سے سب کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

اب مسئلے کی تشریح یہ ہے کہ قاری امام نے قرأت کر کے ساری نماز پڑھا دی البتہ تشہد سے پہلے حدث ہو گیا جسکی وجہ سے تشہد میں امام نے امی آدمی کو امام بنا دیا تو سب کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ تشہد کے وقت قرأت کی ضرورت نہیں ہے پھر بھی امام کو قرأت پر قدرت ہونی چاہئے، اور یہاں امی امام کو قرأت پر قدرت نہیں ہے اور وہ قاری آدمی کا امام بن گیا جو نہیں بننا چاہئے اسلئے اسکی نماز فاسد ہو جائے گی۔

**نوٹ** : یہ مسائل اصول پر ہیں ،تلاش کے باوجود حدیث یا قول صحابی نہیں مل سکے۔

والله اعلم بالصواب۔

## ﴿باب الحدث فی الصلوة﴾

(۳۷۴) ومن سبقه الحدث فی الصلوٰة انصرف فان کان اماما استخلف وتوضأ وبنی ﴾ ۱ والقیاس ان یستقبل وهو قول الشافعیؒ لان الحدث ینافیها والمشی والانحراف یفسد انها فاشبه الحدث العمد

## ﴿باب الحدث فی الصلوٰة﴾

**ترجمه:** (۳۷۴) اگر خود بخود حدث ہو جائے تو واپس لوٹے گا اور وضو کرے گا پس اگر امام ہو تو خلیفہ بنائے، اور وضو کرے اور بناء کرے۔

**تشریح**: کسی کو خود بخود حدث ہو گیا ہو تو واپس جا کر وضو کرے گا اور واپس آ کر پہلی نماز پر بنا کرے گا۔ اگر پہلے مثلا ظہر کی دو رکعت پڑھ چکا ہے تو وضو سے واپس آ کر دو رکعت اور پڑھ کر چار رکعت پوری کرے گا۔ لیکن اس کے لئے چار شرطیں ہیں [۱] اس درمیان دوبارہ جان کر حدث نہ کیا ہو [۲] بات نہ کی ہو [۳] نماز ٹوٹنے کا اور کوئی کام نہ کیا ہو [۴] اور ضرورت سے زیادہ نہ ٹھہرا ہو۔ تو بنا کر سکتا ہے۔ اور اگر ان میں سے کوئی ایک کام کر لیا تو شروع سے نماز پڑھے گا۔ اور یہ جو آیا گیا، قبلہ سے سینہ پھرا یہ معاف ہے۔ کیونکہ حدیث میں ہے اس لئے خلاف قیاس اس کو جائز قرار دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جو حدث بار بار ہو سکتا ہے اسی میں بناء کر سکتا ہے۔ لیکن جو حدث کبھی کبھار ہوتا ہے جیسے احتلام ہوتا تو اس میں بناء نہیں کرے گا بلکہ شروع سے نماز پڑھے گا۔

**وجه:** (۱) عن عائشة قالت قال رسول الله ﷺ: من اصابه قیء او رعاف او قلس او مذی فلینصرف فلیتوضأ ثم لیبن علی صلوته وهو فی ذلک لا یتکلم۔ (ابن ماجہ شریف، باب ماجاء فی البناء علی الصلوۃ ص ۱۷۱، نمبر ۱۲۲۱ ردار قطنی، باب فی الوضوء من الخارج من البدن کالرعاف الخ، ج اول، ص ۱٦۰ نمبر ۵۵۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بناء کر سکتا ہے۔ لیکن شروع سے نماز پڑھے تو بہتر ہے۔ کیونکہ یہ مسئلہ خلاف قیاس ہے۔

**ترجمه**: ۱ قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ شروع سے نماز پڑھے اور یہی امام شافعیؒ کا قول ہے، اس لئے کہ حدث نماز کے منافی ہے، اور چلنا اور قبلے سے پھر جانا نماز کو فاسد کرتا ہے، تو ایسا ہو گیا کہ جان کر حدث کیا ہو۔

**تشریح**: قیاس کا تقاضا ہے کہ نماز کو پہلی نماز پر بناء نہ کرے بلکہ شروع سے نماز پڑھے، [۱] کیونکہ حدث ہونا خود نماز کے خلاف ہے [۲] پھر وضو کرنے کے لئے جائے گا تو چلے گا یہ بھی نماز کو توڑنے والی چیز ہے [۳] پھر جب وضو کرنے جائے گا تو سینہ قبلے سے پھرے گا یہ بھی نماز کو توڑنے والی چیز ہے، تو یہ تمام باتیں نماز کو توڑنے والی ہیں اسلئے قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ نماز ٹوٹ گئی اور نماز کو شروع سے پڑھے۔ کیونکہ یہ ایسا ہو گیا کہ جان کر حدث کیا ہو، اور جان کر حدث کیا ہو تو شروع سے نماز پڑھنی پڑھتی ہے تو یہاں بھی

۲ ولنا قوله علیه السلام من قاء اورعف اوامذی فی صلاته فلینصرف ولیتوضا ولیبن علیٰ صلاته مالم یتکلم ۳ وقال علیه السلام اذا صلی احدکم فقاء اورعف فلیضع یده علیٰ فمه ولیقدم من لم یسبق بشیٔ

شروع سے نماز پڑھنی چاہئے۔ چنانچہ امام شافعیؒ کا مسلک ہے کہ نماز ٹوٹ گئی اور شروع سے نماز پڑھے۔ موسوعۃ میں عبارت یہ ہے۔فان رعف الرجل الداخل فی صلوۃ الامام بعد ما یکبر مع الامام ، فخرج یسترعف فأحب الاقاویل الی فیه انه قاطع للصلوۃ و یسترعف ویتکلم ۔(موسوعۃ للشافعیؒ باب الرجل یرعف یوم الجمعۃ ، ج ثالث ،ص ۱۱۶،نمبر ۲۲۱۳)
اس عبارت میں ہے کہ حدث ہوجائے یا نکسیر پھوٹ جائے تو نماز ٹوٹ جائے گی۔اس لئے شروع سے نماز پڑھے۔

**وجه** : حدیث میں ہے کہ نماز شروع سے پڑھے۔حدیث یہ ہے (۱) حدیث میں ہے عن علی بن طلق قال قال رسول الله ﷺ اذا فساء احدکم فی الصلوۃ فلینصرف فلیتوضأ ولیعد الصلوۃ . (ابوداؤد شریف، باب اذا احدث فی الصلوۃ، ص ۱۵۱ نمبر ۲۰۵ ) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز شروع سے پڑھنی چاہئے۔

**ترجمه** : ۲ اور ہماری دلیل حضور علیہ السلام کا قول ہے کہ جس نے قی کی یا نکسیر پھوٹی، یا نماز میں مذی نکل گئی تو وہ پھر جائے اور وضو کرے اور اپنی نماز پر بناء کرے جب تک کہ بات نہ کی ہو۔

**تشریح** : صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔عن عائشة قالت قال رسول الله ﷺ: من اصابه قیء او رعاف او قلس او مذی فلینصرف فلیتوضأ ثم لیبن علی صلوته وهو فی ذلک لا یتکلم ۔(ابن ماجہ شریف، باب ماجاء فی البناء علی الصلوۃ ص ۱۷۱، نمبر ۱۲۲۱ دارقطنی ، باب فی الوضوء من الخارج من البدن کالرعاف الخ، ج اول، ص ۱۶۰ نمبر ۵۵۵ ) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جب تک بات نہ کی ہو یا دوبارہ جان کر حدث نہ کیا ہو تو بنا کر سکتا ہے۔

**ترجمه** : ۳ اور حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی نماز پڑھے اور قی ہوجائے یا نکسیر پھوٹ جائے تو اپنے ہاتھ کو منہ پر رکھے، اور ایسے آدمی کو امام بنائے جسکی کوئی رکعت نہ چھوٹی ہو۔

**تشریح** : اس حدیث میں ہے کہ کسی کی نکسیر پھوٹ جائے تو منہ پر ہاتھ یا کپڑا رکھ کر باہر جائے تا کہ خون مصلی پر نہ گرے اور ایسے آدمی کو امام بنانا بہتر ہے جسکی کوئی رکعت نہ گئی ہو، اسلئے کہ جسکی کوئی رکعت گئی ہوگی وہ مقتدیوں کے ساتھ سلام نہیں پھیر سکے گا، بلکہ امام کی نماز پوری کرنے کے بعد کسی دوسرے کو امام بنائے گا تا کہ وہ مقتدی کے ساتھ سلام پھیرے اور خود اپنی چھوٹی ہوئی نماز پوری کرے گا، تو چونکہ اس مسبوق کو دوبارہ امام بنانا پڑے گا، اسلئے بہتر یہ ہے کہ ایسے آدمی کو امام بنائے جسکی رکعت چھوٹی نہ ہو۔ اور اس حدیث سے یہ بھی پتہ چلا کہ پچھلی نماز ٹوٹی نہیں بلکہ وہ ابھی باقی ہے اس پر بنا ہوسکتی ہے۔صاحب ھدایہ کی پیش کردہ حدیث تو نہ مل سکی

؏ والبلوی فیما یسبق دون ما یتعمدہ فلا یلحق بہ(۳۷۵) والاستیناف افضل ﴾

لـ تحرزا عن شبهة الخلاف

---

البتہ حضرت علیؓ کا اثر یہ ہے۔عن علیؓ قال : اذا أم الرجل القوم فوجد فی بطنه رزءاً أو رعافا أو قیئاً فلیضع ثوبه علی أنفه ، و لیأخذ بید رجل من القوم فلیقدمه ۔(دار قطنی ، باب فی الوضوء من الخارج من البدن کالرعاف والقیء، ج اول ، ص ۱۶۲، نمبر ۵۶۶ / مصنف عبد الرزاق ، باب الامام یحدث فی صلوتہ ، ج ثانی ، ص ۳۵۳، نمبر ۳۶۷۱ ) اس اثر میں ہے کہ کسی کی نکسیر پھوٹ گئی ہو تو ناک پر کپڑا رکھکر باہر جائے اور دوسرے کو امام بنائے۔

امام بنانے کی دلیل یہ بھی ہے(۱) امام ہے تو ظاہر ہے کہ اس کو اپنا خلیفہ بنانا پڑے گا تا کہ خلیفہ مقتدیوں کو نماز پڑھائے۔اور اصلی امام وضو کر کے نماز پر بنا کرے گا۔(۲) خلیفہ بنانے کے لئے یہ حدیث ہے دخلت علی عائشة فقلت لها الا تحدثینی عن مرض رسول الله ﷺ ... و کان ابو بکر یصلی وهو قائم بصلوة النبی ﷺ والناس یصلون بصلوة ابی بکر . (مسلم شریف ، باب استخلاف الامام اذا اعرض لہ عذر ص ۱۷۷ نمبر ۴۱۸ / نمبر ۹۳۶ / بخاری شریف ، باب انما جعل الامام لیؤتم بہ ص ۹۵ نمبر ۶۸۷ ) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ضرورت کے موقع پر امام خلیفہ بنائے گا۔ کیونکہ ابو بکرؓ کی جگہ پر حضورؐ نے نماز پڑھائی۔

**ترجمہ** : ؏ اور عموم بلوی اس صورت میں ہے جب کہ حدث خود نکل جائے اس صورت میں نہیں ہے جب جان بوجھ کر حدث کرے، اسلئے خود بخود حدث ہونے کو جان بوجھ کر حدث ہونے کے ساتھ نہ ملایا جائے۔

**تشریح** : یہ امام شافعیؒ کو جواب ہے، انہوں نے فرمایا تھا کہ خود بخود حدث نکل جانا ایسا ہے جیسے جان کر حدث کرنا، اسکا جواب دیا جا رہا ہے کہ جان کر حدث کرنا کبھی کبھار ہوتا ہے اور اس میں اسکی شرارت ہے، جان کر حدث کرنے میں مجبور نہیں ہے، اور خود بخود حدث ہو جانا عام طور پر ہوتا ہے، اور اس میں آدمی مجبور بھی ہے۔ اسلئے جان کر حدث ہونے میں اور خود بخود حدث ہونے میں فرق ہے اسلئے ایک کو دوسرے پر قیاس نہیں کیا جا سکتا، اور دوسری بات یہ ہے کہ مجبوری کی شکل میں شریعت کی جانب سے آدمی کو بنا کرنے کی سہولت ملے گی، اور شرارت کر کے حدث کرنے میں بنا کرنے کی سہولت نہیں ملے گی، بلکہ شروع سے نماز پڑھنی ہوگی۔

**لغت** : سبق: خود بخود نکل جائے، آگے بڑھ جائے۔ بنی: کسی چیز پر بنا کرنا۔ یستقبل: شروع سے کرے۔ رعف: ناک سے خون بہنا، نکسیر پھوٹنا۔ امذی: مذی نکل جائے۔ مرد کے عضو تناسل سے خاص قسم کا پانی نکلتا ہے اسکو مذی کہتے ہیں۔ ویبنی : اور پہلی نماز پر بنا کرے۔ والبلوی: عموم بلوی اسکو کہتے ہیں کہ کوئی بات بار بار کرنے کی ضرورت پیش آجائے، یا کسی کام کے کرنے میں مجبوری ہو۔

**ترجمہ**: (۳۷۵) اور شروع سے نماز پڑھنا افضل ہے۔

**ترجمہ** : لـ اختلاف کے شبہ سے بچنے کے لئے۔

۲؎ وقيل المنفرد يستقبل و الامام و المقتدی يبنی صيانة لفضيلة الجماعة. (٣٧٦) والمنفرد ان شاء اتم فی منزله وان شاء عاد الیٰ مكانه (٣٧٧) والمقتدی يعود الیٰ مكانه الا ان يكون امامه قد فرغ

**تشریح** : جسکو نماز کے درمیان میں حدث ہو گیا ہو وہ شروع سے نماز پڑھے تو افضل ہے، تا کہ کسی امام کے اختلاف کا شبہ ہی نہ رہے۔

**وجه** : (۱) اور یوں بھی حدیث کا اشارہ ہے کہ شروع سے نماز پڑھے، حدیث یہ ہے۔ عن علی بن طلق قال قال رسول الله ﷺ اذا فساء احدكم فی الصلوة فلينصرف فليتوضأ وليعد الصلوة. (ابوداؤد شریف، باب اذا احدث فی الصلوۃ، ص ۱۵۱ نمبر ۲۰۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز شروع سے پڑھنی چاہئے۔ (۲) اس اثر میں بھی ہے کہ شروع سے نماز پڑھنا افضل ہے۔ اثر یہ ہے۔ عن ابن سيرين قال : أجمعوا على أنه اذا تكلم استأنف و أنا أحب أن يتكلم و يستأنف الصلوة۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۴۴۹ من کان یحب أن یستقبل، ج ثانی، ص ۱۴۱، نمبر ۵۹۱۷) اس اثر میں ہے کہ شروع سے نماز پڑھے تو اچھا ہے۔

**ترجمه** : ۲؎ اور بعض حضرات نے فرمایا کہ منفرد شروع سے نماز پڑھے، اور امام اور مقتدی پہلی نماز پر بنا کرے جماعت کی فضیلت کو بچانے کے لئے۔

**تشریح** : بعض حضرات نے یہ فرمایا ہے۔ کہ منفرد چونکہ تنہا نماز پڑھ رہا ہے۔ جماعت کے ساتھ نہیں ہے اسلئے وہ شروع سے نماز پڑھے تو بہتر ہے، اور امام ہے یا مقتدی ہے تو پہلی نماز پر بنا کرے تو بہتر ہے تا کہ جماعت باقی رہ جائے اور جماعت کی فضیلت باقی رہے، کیونکہ شروع سے نماز پڑھے گا تو جماعت کی فضیلت ختم ہو جائے گی۔ اسلئے بنا کرے تو بہتر ہے۔

**ترجمه** : (٣٧٦) اور منفرد اگر چاہے تو اپنے گھر میں نماز پوری کرے، اور چاہے تو اپنے پہلے مکان کی طرف واپس لوٹے۔

**تشریح** : جو آدمی تنہا نماز پڑھ رہا ہو تو حدث ہونے کے بعد جب وضو کے لئے جائے گا اور دوبارہ نماز شروع کرے گا تو یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ پہلی جگہ پر آ کر ہی نماز پڑھے بلکہ کسی دوسری جگہ پر بھی نماز پوری کر سکتا ہے، بلکہ وضو کرنے کی جگہ سے جو زیادہ قریب ہو اس جگہ نماز پڑھے کیونکہ وہ جماعت کے ساتھ نماز نہیں پڑھ رہا تھا کہ واپس جماعت کی جگہ پر آنا پڑے۔

**ترجمه** : (٣٧٧) اور مقتدی اپنی جگہ پر واپس لوٹے، مگر یہ کہ اسکا امام فارغ ہو چکا ہو، یا امام اور مقتدی کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو [تو وہاں نماز پڑھ سکتا ہے۔

**تشریح** : مقتدی وضو کرنے گیا اس درمیان جماعت ختم نہیں ہوئی ہے تو مقتدی کو چاہئے کہ پہلی جگہ پر آ کر نماز پوری کرے تا کہ جماعت میں دوبارہ شرکت ہو جائے۔ اور اگر جماعت ختم ہو چکی ہے اور امام نماز سے فارغ ہو چکے ہیں تو اسکے لئے گنجائش ہے

**اولا یکون بینهما حائل ﴾(۳۷۸) ومن ظن انه احدث فخرج من المسجد ثم علم انه لم یحدث استقبل الصلوٰۃ وان لم یکن خرج من المسجد یصلی مابقی ﴾**

کہ پہلی جگہ پر نہ آئے بلکہ وضو کرنے کی جگہ سے جو قریب ہو وہاں نماز پڑھے، کیونکہ جماعت تو ختم ہو چکی ہے اسلئے پہلی جگہ پر آنے کی کیا ضرورت ہے!، اور اگر جماعت ختم نہیں ہوئی ہے تو وہ پہلی جگہ پر آکر جماعت میں شریک ہو جائے، یا جہاں سے اقتداء کرنا ممکن ہو وہاں نماز کی نیت باندھ کر جماعت میں شریک ہو جائے ، البتہ ایسی جگہ کھڑا نہ ہو جہاں سے اقتداء کرنا اور جماعت میں شریک ہونا ممکن نہ ہو، مثلا امام اور اس آدمی کے درمیان کوئی چیز حائل ہو جس سے جماعت میں شریک ہونا ناممکن ہو تو وہاں نیت نہ باندھے کیونکہ وہاں سے جماعت میں شریک نہیں ہو سکے گا۔ کیونکہ جماعت میں دوبارہ شریک ہونا اچھا ہے تاکہ جماعت کا ثواب مل جائے۔

**لا یکون بینهما حائل** : کی دلیل یہ اثر ہے۔ **حدثنا مالک عن الثقة عنده أن الناس کانوا یدخلون حجر ازواج النبی ﷺ بعد وفاۃ النبی ﷺ فیصلون فیها الجمعة قال : و کان المسجد یضیق علی اهله فیتوسعون بها و حجر أزواج النبی ﷺ لیست من المسجد و لکن أبوابها شارعة فی المسجد .** (سنن بیہقی، باب المأموم یصلی خارج المسجد بصلوۃ الامام فی المسجد ولیس بینهما حائل، ج ثالث، ص ۱۵۸، نمبر ۵۲۵۰) اس اثر میں ہے کہ صحابہ ازواج مطہرات کے کمروں میں جمعہ کی نماز پڑھتے تھے اور ان کمروں کا دروازہ کھلا ہوتا تھا، جس سے معلوم ہوا کہ حیلولت ہو تو اقتداء جائز نہیں ہے اور نہ ہو تو جائز ہے۔

**ترجمہ**: (۳۷۸) کسی نے گمان کیا کہ حدث ہو گیا جسکی وجہ سے وہ مسجد سے نکل گیا، پھر علم ہوا کہ حدث نہیں ہوا ہے تو شروع سے نماز پڑھے، اور اگر مسجد سے نہیں نکلا تو جتنی رکعت باقی رہ گئی ہے وہ نماز پڑھے۔

**تشریح** : یہ مسئلہ اس قاعدے پر ہے کہ نماز کی اصلاح کی غرض سے قبلہ رخ سے پھر گیا تو نماز فاسد نہیں ہوگی دوسرا قاعدہ یہ ہے کہ مجلس ایک ہو تو نماز فاسد نہیں ہوگی، اور مجلس بدل جائے تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ مسجد کو ایک مجلس مانا گیا ہے اسلئے مسجد کے اندر رہے تو ایک مجلس ہے اسلئے نماز فاسد نہیں ہوگی اور مسجد سے باہر ہو گیا تو مجلس بدل گئی اسلئے نماز فاسد ہوگی۔ اصلاح کا مطلب یہاں یہ ہے کہ حدث ہو گیا ہے اسلئے وضو کر کے دوبارہ پچھلی نماز پر بناء کر لوں گا۔

چنانچہ مسئلے کی صورت یہ ہے کہ کسی کو گمان ہوا کہ حدث ہو گیا ہے لیکن حقیقت میں حدث نہیں ہوا تھا صرف گمان ہوا تھا کہ حدث ہو گیا ہے اور مسجد سے باہر نکل گیا اور قبلے سے رخ پھیر لیا تو نماز ٹوٹ گئی اب شروع سے نماز پڑھے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ حقیقت میں حدث نہیں ہوا ہے صرف گمان ہے اور قبلے سے رخ پھیر چکا ہے، اور مجلس بھی بدل چکی ہے کیونکہ مسجد سے باہر نکل چکا ہے اسلئے

۱ والقياس فيهما الاستقبال وهو رواية عن محمدؒ لوجود الانصراف من غير عذر ۲ وجه الاستحسان انه انصرف على قصد الاصلاح الاترى انه لو تحقق ماتوهمه بنى على صلاته فالحق قصد الاصلاح بحقيقته مالم يختلف المكان بالخروج(۳۷۹) وان كان استخلف فسدت ۱ لانه عمل كثير من غير عذر

نماز فاسد ہو جائے گی اور شروع سے نماز پڑھے بنا کرنا صحیح نہیں ہے۔ اور اگر مسجد سے باہر نہیں نکلا تو چونکہ مجلس ایک ہے اسلئے بقیہ نماز درست ہے اسلئے اس پر بنا کر سکتا ہے۔

**اصول** : اصلاح کی غرض سے قبلہ رخ سے منہ پھیرا ہو اور مجلس ایک ہو تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**ترجمہ** ۱ دونوں صورتوں میں قیاس یہ ہے کہ شروع سے نماز پڑھے، اور یہی امام محمدؒ کی روایت ہے۔ کیونکہ بغیر عذر کے پھرنا پایا گیا۔

**تشریح** : چونکہ قبلے سے رخ پھر چکا ہے اور حقیقت میں حدث بھی نہیں ہوا ہے اسلئے قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ نماز فاسد ہو جائے اور شروع سے نماز پڑھے، چنانچہ امام محمدؒ کی روایت یہی ہے کہ شروع سے نماز پڑھے۔

**ترجمہ** : ۲ اور استحسان کی وجہ یہ ہے کہ وہ اصلاح کے ارادے سے پھرا ہے۔ کیا آپ نہیں دیکھتے ہیں کہ جو اسکا گمان تھا وہ متحقق ہو جاتا تو وہ اپنی نماز پر بنا کرتا اسلئے اصلاح کے ارادے کو حقیقت کے ساتھ ملحق کر دیا گیا جب تک کہ باہر نکلنے کی وجہ سے مکان نہ مختلف ہو جائے۔

قیاس کا تقاضا تو یہی ہے کہ بنا نہ کرے لیکن استحسان کی وجہ سے ماقبل کی نماز پر بنا کرنے کی گنجائش ہوئی۔ اور استحسان کی وجہ یہ ہے کہ وہ حدث کے گمان سے نماز کی اصلاح کے لئے پھرا ہے، چنانچہ حقیقت میں حدث ہوتا تو وہ پچھلی نماز پر بنا کر سکتا تھا اسلئے جب نماز کی اصلاح کے ارادے سے پھرا تو جب تک مسجد سے باہر نہیں نکلا اور مجلس نہیں بدلی تو وہ بنا کر سکتا ہے۔ البتہ اگر مسجد سے باہر نکل جاتا اور مجلس بدل جاتی تو اب بنا نہیں کر سکتا کیوں کہ مجلس بدلنے کی وجہ سے خامیاں زیادہ ہو گئیں۔

**ترجمہ** : (۳۷۹) اور اگر خلیفہ بنایا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

**ترجمہ** : ۱ اسلئے کہ یہ بغیر عذر کے عمل کثیر ہے۔

**تشریح** : گمان ہوا کہ حدث ہو چکا ہے اسلئے وہ قبلے سے چہرے کو پھیر لیا اور وہ امام تھا اسلئے دوسرے کو اشارے سے خلیفہ بھی بنایا تو چاہے مسجد سے باہر نہ بھی نکلا ہو پھر بھی اسکی نماز فاسد ہو گئی، اب وہ پہلی نماز پر بنا نہیں کر سکتا شروع سے نماز پڑھنی ہوگی۔

**وجہ** : کیونکہ بعد میں ظاہر ہوا کہ حدث نہیں ہوا تھا اسلئے بغیر عذر کے خلیفہ بنایا اور خلیفہ بنانا عمل کثیر ہے اسلئے نماز فاسد ہو جائے گی

۲ وهذا بخلاف ما اذا ظن انه افتتح علیٰ غیر وضوء فانصرف ثم علم انه علیٰ وضوء حیث تفسد وان لم یخرج لان الانصراف علی سبیل الرفض الاتری انه لوتحقق ما توهمه یستقبله فهذا هو الحرف ۳ ومکان الصفوف فی الصحراء له حکم المسجد

**ترجمہ**: ۲ یہ بخلاف اگر گمان کیا کہ نماز کو بغیر وضو کے شروع کی اور قبلہ سے پھر گیا پھر علم ہوا کہ وضو پر ہے تو نماز فاسد ہو جائے گی چاہے مسجد سے باہر نہ نکلا ہو، اسلئے کہ یہ پھرنا نماز کو چھوڑنے کے لئے ہے۔ کیا آپ نہیں دیکھتے ہیں کہ جو اس نے گمان کیا وہ متحقق ہو جاتا تو شروع سے نماز پڑھتا، بس یہ اصل قاعدہ ہے۔

**تشریح**: ایک آدمی نماز پڑھ رہا تھا کہ اسکو یہ گمان ہوا کہ اس نے بغیر وضو ہی کے نماز شروع کی تھی، اور چہرہ قبلے سے پھیر دیا، بعد میں معلوم ہوا کہ وضو تھا، تو چاہے ابھی مسجد کے اندر ہو پھر بھی نماز فاسد ہو گئی اب بنا نہیں کر سکتا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ اگر شروع ہی سے وضو نہ ہو تو شروع ہی سے نماز نہیں ہوگی۔ اسلئے یہ آدمی جو قبلے سے پھرا ہے یہ وضو کر کے پہلی نماز پر بناء کرنے کے لئے قبلہ سے نہیں پھرا ہے جسکو نماز کی اصلاح کہتے ہیں، بلکہ وضو کر کے شروع سے نماز پڑھنے کے لئے پھرا ہے جسکو رفض اور چھوڑنا کہتے ہیں۔ کیونکہ اسکا گمان تو یہ ہے کہ شروع سے وضو ہی نہیں ہے اسلئے شروع سے نماز ہی نہیں ہے۔ اور قاعدہ یہ ہے کہ جو نماز کو چھوڑنے کے لئے قبلے سے پھرا ہو وہ بنا نہیں کر سکتا، جس طرح سے حقیقت میں شروع سے وضو نہ ہو تو وہ بنا نہیں کر سکتا۔ اسلئے وضو نہ ہونے کے گمان سے قبلے سے پھرا ہو تو وہ بنا نہیں کر سکتا۔

**اصول**: [۱] گمان کو حقیقت کی صورت پر محمول کیا جائے گا۔ [۲] نماز کو چھوڑنے کے لئے قبلہ سے پھرا ہو تو بنا نہیں کر سکتا۔

**لغت**: فھذا ھو الحرف: اس جملے سے اوپر کے مسئلے اور اس مسئلے میں فرق بتانا چاہتے ہیں کہ نماز کے درمیان میں حدث کے گمان سے قبلے سے رخ پھیرا تو مسجد سے باہر نکلنے سے پہلے بنا کر سکتا ہے۔ اسلئے کہ اس صورت میں وضو کر کے پہلی نماز پر بنا کرنے کی نیت سے قبلے سے رخ پھیرا ہے۔ اور شروع سے وضو نہیں ہے تو قبلے سے رخ پھیرنے کی نیت یہ ہے کہ وضو کر کے شروع سے نماز پڑھوں گا، دونوں صورتوں میں یہ فرق ہے۔ اسی فرق کو ھذا ھو الحرف، سے بیان فرما رہے ہیں۔

**ترجمہ**: ۳ صحراء میں صفوں کی جگہ مسجد کا حکم ہے۔

**تشریح**: یہاں سے یہ بتا رہے ہیں کہ مسجد میں نماز پڑھ رہا ہو تو مسجد سے باہر نکلے تو بنا نہیں کر سکتا۔ لیکن اگر صحراء اور میدان میں نماز پڑھ رہا ہو تو محدث کس مقام تک جائے تو بنا نہیں کر سکتا، اسکی تفصیل بیان کر رہے ہیں۔ کہ صحراء میں جہاں تک صف ہے وہاں تک مسجد کا حکم ہے، مثلا پیچھے پانچ صفیں کھڑی ہیں تو محدث پانچوں صفوں کو پار کر جائے گا تب وہ بنا نہیں کر سکتا، کیونکہ پانچوں صفوں تک مسجد کا حکم ہے لیکن اگر ابھی صف کے اندر اندر تھا اور خیال آ گیا کہ حدث نہیں ہوا ہے تو بناء کر سکتا ہے کیونکہ گویا کہ وہ مسجد کے

؏ ولو تقدم قدامه فالحد السترة وان لم تكن فمقدار الصفوف خلفه ۵ وان كان منفردا فموضع سجوده من كل جانب (۳۸۰)وان جن اونام فاحتلم اواغمى عليه استقبل ﴾

اندر ہے ۔اسی طرح دائیں جانب جہاں تک صف میں آدمی کھڑے ہیں وہاں تک مسجد کا حکم ہے۔اور بائیں جانب بھی جہاں تک صف میں آدمی کھڑے ہیں وہاں تک مسجد کا حکم ہے،یعنی اگر محدث صف سے آخیر تک چلا جائے تب بھی بناء کرسکتا ہے لیکن اگر صف سے باہر نکل جائے تو اب بناء نہیں کرسکتا۔

**وجه** : صحراء میں مسجد کی دیوار تو ہے نہیں اور صحراء بہت لمبا چوڑا ہے، اسلئے صف کی مقدار کو ہی مسجد کا حکم دے دیا گیا۔

**ترجمه**: ؏ اور اگر صف سے آگے کی جانب بڑھا تو تو حد سترہ ہے اور اگر سترہ موجود نہ ہو تو پیچھے جتنی صفیں ہیں اسکی مقدار۔

**تشریح** : محدث صف سے نکل کر آگے بڑھا تو آگے جو سترہ ہے وہاں تک مسجد کا حکم ہوگا ۔اور اگر سترہ نہیں ہے تو جتنی صفیں پیچھے ہیں اتنی ہی آگے تک مسجد کا حکم ہوگا، مثلا پانچ صفیں پیچھے ہیں تو پانچ صف آگے تک مسجد کا حکم ہوگا، یعنی اگر آگے پانچ صف تک چلا گیا تب بھی پہلی رکعتوں پر بناء کرسکتا ہے۔اور اگر اس سے بھی آگے گیا تو اب بناء نہیں کرسکتا۔

**ترجمه**: ۵ اور اگر منفرد ہے تو ہر جانب سجدے کی جگہ تک مسجد کا حکم ہے۔

**تشریح** : منفرد کی کوئی صف نہیں ہے اسلئے پاؤں رکھنے کی جگہ سے لیکر سجدے کی جگہ تک جو جگہ ہے [ جو تقریبا چار فٹ، یا سوا میٹر ہوتا ہے ] وہ مسجد کے حکم میں ہوگی، اور چاروں طرف اتنی اتنی ہی جگہ مسجد کے حکم ہوگی اسلئے اگر دائیں جانب یا بائیں جانب یا پیچھے سوا سوا میٹر یا چار چار فٹ سے زیادہ نکل گیا تو محدث اب پہلی نماز پر بناء نہیں کرسکتا، اور اگر اس سے کم نکلا تو بناء کرسکتا ہے۔

**وجه** : اسکی وجہ یہ ہے کہ یہاں کوئی صف تو ہے نہیں اسلئے منفرد کی جو اپنی جگہ استعمال میں ہے اتنی ہی جگہ مسجد کے حکم میں ہوگی۔

**ترجمه**: (۳۸۰) اور اگر جنون طاری ہوئی، یا سویا اور احتلام ہوگیا، یا اس پر بیہوشی طاری ہوگئی تو شروع سے نماز پڑھے گا۔

**تشریح** : جنون طاری ہوگئی، یا احتلام ہوگیا، یا بیہوشی طاری ہوگئی تو ایسی صورت میں نماز مکمل ٹوٹ گئی اب اس پر بناء نہیں کرسکتا بلکہ شروع سے نماز پڑھے۔

**وجه** : (۱) اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ مسئلہ خود خلاف قیاس ہے، اور حدیث کا رجحان یہ ہے کہ شروع سے نماز پڑھے لیکن اوپر کی حدیث کی وجہ سے بنا کرنے کی گنجائش دی اور اوپر کی حدیث کے اشارے سے پتہ چلتا ہے کہ جو حدث خود ہو جاتے ہیں اور بار بار ہوتے ہیں انہیں میں یہ گنجائش ہے، لیکن جو حدث کبھی کبھار ہوتے ہیں اس میں یہ گنجائش نہیں اس میں تو شروع سے ہی پڑھے۔حدیث کے الفاظ یہ ہیں۔عن عائشة قالت قال رسول الله ﷺ: من اصابه قيء او رعاف او قلس او مذى فلينصرف فليتوضأ ثم ليبن على صلوته وهو فى ذلك لا يتكلم۔(ابن ماجہ شریف، باب ما جاء فی البناء علی الصلوۃ ص ۱۷۱، نمبر ۱۲۲۱

**لے** لانہ یندر وجود ھذہ العوارض فلم یکن فی معنی ماورد بہ النص(۳۸۱) وکذلک اذا قھقہ ﴿لے
لانہ بمنزلۃ الکلام وھو قاطع

ردار قطنی، باب فی الوضوء من الخارج من البدن کالرعاف الخ، ج اول، ص ۱۶۰ نمبر ۵۵۵) اس حدیث میں قی نکسیر کا پھوٹنا، مذی جیسے روزمرہ اور باربار ہونے والے حدثوں سے بنا کرنے کے لئے کہا ہے، اسکا مطلب یہ نکلا کہ جو حدث کبھی کبھار ہوتے ہیں مثلا جنون، احتلام، بیہوشی ان میں شروع سے ہی پڑھے۔(۲) اس اثر میں ہے۔ عن ابراھیم فی صاحب القیء و الرعاف و القبلۃ : ینصرف فیتوضأ فان لم یتکلم بنی علی ما بقی و ان تکلم استأنف و کان یقول فی صاحب الغائط و البول : ینصرف فیتوضأ و یستقبل الصلوۃ ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، ۴۴۸، فی الذی یقیء اویرعف فی الصلوۃ، ج ثانی، ص ۱۲، نمبر ۵۹۱۰) اس اثر میں ہے کہ پیشاب اور پاخانہ جیسے حدث جو کبھی کبھار ہوتے ہیں ان میں شروع سے نماز پڑھے

**ترجمہ** : لے اسلئے کہ ان عوارض یعنی حدثوں کا وجود کبھی کبھار ہوتا ہے اسلئے اس درجے میں نہیں ہوا جس کے بارے میں حدیث وارد ہوئی۔

**تشریح** : اوپر حدیث میں جن حدثوں کے بارے میں یہ وارد ہوئی کہ پہلی رکعتوں پر بنا کر سکتا ہے وہ بار بار ہونے والے حدث تھے اور جنون احتلام اور بیہوشی کبھی کبھار ہونے والے حدث ہیں اسلئے یہ حدث حدیث کے مفہوم میں نہیں آتے اسلئے ان میں بناء کی گنجائش نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: (۳۸۱) ایسے ہی اگر قہقہہ لگایا تو [تو شروع سے نماز پڑھے گا]

**ترجمہ** : لے اسلئے کہ یہ بات کرنے کے درجے میں ہے اور بات کرنا نماز کو توڑتا ہے۔

**تشریح** : کسی نے نماز میں قہقہہ لگایا جسکی وجہ سے وضو ٹوٹ گیا تو وضو کرنے کے بعد پہلی نماز پر بناء نہیں کر سکتا۔

**وجہ** : (۱) اسکی ایک وجہ تو یہ ہے کہ ان حدثوں میں بناء کر سکتا ہے جو خود بخود ہوئے ہوں اور قہقہہ تو جان کر کیا ہے اسلئے اس میں بناء نہیں کر سکتا۔(۲) دوسری وجہ یہ ہے کہ قہقہہ ایسا ہے کہ اس نے بات کی اور بات کرنے سے نماز بالکل ختم ہو جاتی ہے اسی طرح قہقہہ لگانے سے بھی نماز بالکل ختم ہو جائے گی اسلئے پہلی نماز پر بناء نہیں کر سکتا۔ حدیث کا ٹکڑا یہ گزرا۔ وھو فی ذلک لا یتکلم۔ (ابن ماجہ شریف، نمبر ۱۲۲۱ ردار قطنی، نمبر ۵۵۵) اس حدیث میں ہے کہ بات نہ کی ہو تب بنا کر سکتا ہے اور قہقہہ بات کے درجے میں ہے اسلئے بنا نہیں کر سکتا۔

**لغت** : جن : جنون ہونا۔ اغمی : بے ہوشی طاری ہونا۔ یندر : کبھی کبھار ہوتا ہو۔ قہقہ : زور زور سے ہنسنا۔

**نوٹ** : سویا اور احتلام ہوا کی قید اس لئے لگائی کہ تھوڑا سویا اور احتلام ہوا تو شروع سے پڑھے گا اور اگر بہت سویا تو خود سونا بھی

(۳۸۲)وان حصر الامام عن القراءة فقدم غيره اجزاهم عند ابى حنيفة وقالا لا يجزيهم ﴾ ١ لانه يندروجوده فاشبه الجنابة ٢ وله ان الاستخلاف بعلة العجز وهو هنا الزم ٣ والعجز عن القراءة

ناقض وضو ہے۔

**ترجمہ:** (۳۸۲)اگر امام قرأت سے رک گیا جسکی وجہ سے دوسرے کو آگے بڑھایا تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک لوگوں کو یہ کافی ہے ،اور صاحبین نے فرمایا کہ لوگوں کو یہ کافی نہیں ہے۔

**تشریح:** امام کو قرآن یاد تھا لیکن نماز میں کھڑا ہوا تو بہت کوشش کے باوجود اب ایک آیت بھی نہیں پڑھ سکا، اگر ایک لمبی آیت یا تین چھوٹی آیت پڑھ لیتا تو نماز ہو جاتی اسلئے اب خلیفہ بنانے کی ضرورت نہیں، لیکن اتنا بھی نہ پڑھ سکا تو اب خلیفہ بنانا جائز ہوگا

**وجہ:** اسکی وجہ یہ ہے کہ اس قسم کا واقعہ بار بار پیش آتا ہے اسلئے یہ حدث کے درجے میں ہو گیا اور حدث ہو گیا ہو تو خلیفہ بنانا جائز ہے اسی طرح قرأت سے رک گیا تو خلیفہ بنانا جائز ہے۔

**ترجمہ:** ١ اسلئے کہ قرأت سے رکنے کا وجود نادر ہے اسلئے وہ جنابت کی طرح ہو گیا۔

**تشریح:** صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ پہلے قرأت یاد ہو نماز میں کھڑے ہونے کے بعد اچانک کوئی بھی آیت یاد نہ آئے اور ایک آیت پڑھنے سے بھی عاجز ہو جائے ایسا بہت کم ہوتا ہے اور اوپر گزر چکا کہ جو حدث نادر ہوتا ہے اس میں بناء کرنے کی بھی گنجائش نہیں اور خلیفہ بنانا بھی صحیح نہیں جس طرح احتلام ہو جائے جسکو جنابت کہتے ہیں، تو نماز ٹوٹ جاتی ہے اس میں خلیفہ بنانا جائز نہیں اسی طرح قرأت سے رکنا بھی نادر ہے اسلئے اس میں بھی خلیفہ بنانا جائز نہیں ہے۔

**ترجمہ:** ٢ حضرت امام ابو حنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ خلیفہ بنانا عاجز ہونے کی وجہ سے ہے اور یہاں تو خلیفہ بنانے کی زیادہ ہی ضرورت ہے۔

**تشریح:** امام ابو حنیفہ کی دلیل یہ ہے کہ حدث ہونے کی صورت میں خلیفہ بنانا اسلئے جائز ہے کہ اب وہ نماز پڑھانے سے عاجز ہے۔اور یہی علت یہاں بھی ہے کہ ایک آیت بھی نہ پڑھ سکا اسلئے خلیفہ بنانے کی یہاں زیادہ ضرورت ہے۔ اس صورت میں خلیفہ بنانے کی زیادہ ضرورت اسلئے ہے کہ حدث کی صورت میں ایسا ہو سکتا ہے کہ پانی مسجد ہی میں ہو اسلئے کسی کو خلیفہ نہ بنائے اور جلدی سے وضو کر کے واپس آئے اور امام بن جائے ، اسلئے وہاں خلیفہ بنانے کی اتنی ضرورت نہیں ۔اور قرأت سے رک جانے کی صورت میں تو خلیفہ بنائے کوئی اور صورت نہیں ہے اسلئے قرأت سے رکنے کی صورت میں خلیفہ بنانا زیادہ ضروری ہے۔ھوھنا الزم : کا یہی مطلب ہے۔

**ترجمہ:** ٣ اور قرأت سے عاجز ہونا نادر نہیں ہے اسلئے جنابت کے ساتھ اسکو نہ ملایا جائے۔

غیر نادر فلا یلحق بالجنابة (۳۸۳) ولو قرأ مقدار ماتجوزبه الصلوٰة لا یجوز بالاجماع ﴾ لعدم الحاجة الی الاستخلاف. (۳۸۴) وان سبقه الحدث بعد التشهد توضأ وسلم ﴾ لان التسلیم واجب فلا بد من التوضی لیأتی به (۳۸۵) وان تعمد الحدث فی هذه الحالة اوتکلم اوعمل عملا ینافی الصلوٰة تمت صلاته ﴾

**تشریح** : یہ صاحبین کو جواب ہے۔ کہ قرأت سے رکنا نادر نہیں ہے بار ہا ایسا موقع پیش آتا ہے اسلئے اسکو جنابت کے ساتھ نہ ملایا جائے، اور اس میں خلیفہ بنانا ممنوع قرار نہ دیا جائے۔ بلکہ خلیفہ بنانا جائز ہو۔

**اصول** : جو حدث بار بار ہوتے ہوں ان میں بناء کرنا بھی جائز ہے اور خلیفہ بنانا بھی جائز ہے، اور جو حدث کبھی کبھار پیش آتے ہوں ان میں نہ بناء کرنا جائز اور نہ خلیفہ بنانا جائز۔

**ترجمہ** : (۳۸۳) اور اگر اتنی آیتیں پڑھ لی جن سے نماز جائز ہو جاتی ہے تو خلیفہ بنانا بالاتفاق جائز نہیں۔

**ترجمہ** : ‌ل اسلئے کہ اب خلیفہ بنانے کی ضرورت نہیں۔

**تشریح** : امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک ایک آیت اور صاحبینؒ کے نزدیک چھوٹی تین آیتیں، یا بڑی ایک آیت پڑھ چکا ہے اسکے بعد امام قرأت سے رک گیا تو اب تینوں اماموں کے نزدیک خلیفہ بنانا درست نہیں ہے، اسلئے کہ جتنی قرأت میں نماز جائز ہوتی اتنی قرأت کر چکا ہے اسلئے خلیفہ بنانے کی ضرورت نہیں ہے، یوں بھی خلیفہ بنانا عمل کثیر ہے اسلئے بغیر ضرورت کے اسکو نہیں کرنا چاہئے۔

**ترجمہ** : (۳۸۴) اور اگر حدث لاحق ہو گیا تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد تو وضو کرے گا اور سلام کرے گا۔

**وجہ** : (۱) تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد خود بخود حدث ہو گیا تو تشہد کی مقدار بیٹھنا آخری فرض تھا جو پورا ہو گیا لیکن ابھی سلام کرنا جو واجب ہے وہ باقی ہے اس لئے اس کو دوبارہ وضو کر کے نماز پر بناء کرنا چاہئے اور سلام کرنا چاہئے۔

**ترجمہ** : ‌ل اسلئے کہ سلام واجب ہے اسلئے وضو کرنا ضروری ہے تا کہ سلام پھیر سکے۔

**تشریح** : تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد خود بخود حدث ہو گیا تو نماز ابھی منقطع نہیں ہوئی ہے اسلئے اس پر بناء کر سکتا ہے، اور سلام جو واجب ہے وہ باقی ہے اسلئے وضو کر کے بناء کرے اور سلام پھیرے۔

**ترجمہ** : (۳۸۵) اور اگر جان بوجھ کر حدث کیا اس حالت میں یا بات کی یا ایسا عمل کیا جو نماز کے منافی ہے تو اس کی نماز پوری ہو گئی۔

**تشریح** : اوپر اور اس مسئلے میں فرق یہ ہے کہ اوپر خود بخود حدث ہوا تھا اسلئے پہلی نماز پر بناء کر سکتا تھا اسلئے وضو کر کے بناء کرے گا اور سلام پھیرے گا۔ اور اس مسئلے میں یہ ہے کہ جان کر حدث کیا ہے اسلئے نماز ٹوٹ گئی اسلئے اب بناء نہیں کر سکتا اور سلام نہیں پھیر سکتا،

اور چونکہ صرف سلام واجب باقی ہے اسلئے یوں کہا جائے گا کہ نقص کے ساتھ نماز پوری ہوگئی۔

**اصول**: یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک سلام تو فرض نہیں ہے لیکن خروج بصنعہ فرض ہے خروج بصنعہ کا مطلب یہ ہے کہ اپنے ارادے سے کوئی ایسی حرکت کرے جس کی وجہ سے نماز سے نکل جائے۔ چونکہ اس نے جان بوجھ کر حدث کیا ہے، یا بات کی ہے، یا نماز کے منافی عمل کیا ہے۔ اسلئے خروج بصنعہ پایا گیا جو فرض ہے تو گویا کہ آخری فرض بھی پورا کردیا اسلئے نقص کے ساتھ نماز پوری ہو جائے گی۔ اور اوپر کے مسئلہ نمبر ۲۸۴ میں حدث جان کر نہیں کیا بلکہ خود ہو گیا اسلئے خروج بصنعہ نہیں پایا گیا اسلئے ایک فرض رہ گیا اسلئے اوپر کی صورت میں نماز پوری نہیں ہوئی وضو کر کے سلام کرے اور گویا کہ خروج بصنعہ فرض کو بجالائے۔

**وجہ**: (۱) تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد جان بوجھ کر حدث کرنے سے اس کے ذمہ کوئی فرض باقی نہیں رہا تھا صرف سلام کرنا واجب باقی رہا تھا۔ اس لئے نماز ایک حیثیت سے پوری ہوگئی تھی لیکن سلام چھوڑا اس لئے اچھا نہیں کیا تھا اور بنا اس لئے نہیں کر سکتا کہ جان بوجھ کر قاطع اور مانع لے آیا اس لئے نماز پر بنا بھی نہیں کر سکتا۔ اس لئے یہی کہا جائے گا کہ نماز پوری ہوگئی لیکن واجب کی کمی کے ساتھ (۲) نماز پوری ہونے کی دلیل حدیث میں ہے۔ عن عبد اللہ بن عمر ان رسول اللہ ﷺ قال اذا قضی الامام الصلوۃ وقعد فاحدث قبل ان یتکلم فقد تمت صلوتہ ومن کان خلفہ ممن اتم الصلوۃ۔ (ابوداؤد شریف، باب الامام یحدث بعد یا یرفع رأسہ ص ۹۸ نمبر ۶۱۷ رترمذی شریف، باب ما جاء فی الرجل یحدث بعد التشہد، ص ۹۲، نمبر ۴۰۸ ردار قطنی، باب من احدث قبل التسلیم فی آخر صلوتہ او احدث قبل تسلیم الامام فقد تمت صلوتہ ص ۳۶۸ نمبر ۱۴۰۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد حدث کر دیا تو نماز پوری ہوگئی۔ بلکہ کوئی آدمی امام کے پیچھے ہو اور امام کے سلام کرنے سے پہلے اس نے جان بوجھ کر حدث کر دیا تو اس آدمی کی نماز پوری ہو جائے گی۔ اور اگر چہ اس پر سلام کا واجب باقی رہا۔ حدیث میں ہے عن عبد اللہ بن عمر ان رسول اللہ ﷺ قال اذا جلس الامام فی آخر رکعۃ ثم احدث رجل من خلفہ قبل ان یسلم الامام فقد تمت صلوتہ۔ (دار قطنی، باب من احدث قبل التسلیم، ج اول، ص ۳۶۸ نمبر ۱۴۰۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مقتدی بھی مقدار تشہد بیٹھنے کے بعد حدث کر دے تو اس کی نماز پوری ہو جائے گی۔

**فائدہ**: امام شافعیؒ کے نزدیک سلام فرض ہے اس لئے تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد حدث کر دیا تو چونکہ فرض باقی رہ گیا اس لئے نماز فاسد ہو جائے گی۔ ان کی دلیل یہ حدیث ہے عن علی عن النبی ﷺ قال مفتاح الصلوۃ الطہور وتحریمہا التکبیر وتحلیلہا التسلیم۔ (ترمذی شریف، باب ما جاء مفتاح الصلوۃ الطہور ص ۵ نمبر ۳ رابوداؤد شریف، باب الامام یحدث بعد ما یرفع رأسہ من آخر رکعتہ ص ۹۸ نمبر ۶۱۸) اس حدیث کی وجہ سے جس طرح طہارت اور تکبیر تحریمہ فرض ہیں اسی طرح ان کے یہاں سلام بھی فرض ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ طہارت اور تکبیر تحریمہ فرض ہونے کی وجہ دوسری آیتیں ہیں صرف یہ حدیث نہیں ہے۔

ل لانہ تعذر البناء لوجود القاطع لکن لا اعادۃ علیہ لانہ لم یبق علیہ شیٔ من الارکان(۳۸۶) فان رأی المتیمم الماء فی صلاتہ بطلت﴾ ل وقد مر من قبل (۳۸۷) [ ۱] فان راٰہ بعد ما قعد قدر التشہد﴾

**ترجمہ** : ل اس لئے کہ نماز کو قطع کرنے والی چیز کے پائے جانے کی وجہ سے بناء کرنا متعذر ہو گیا۔لیکن نماز کو دوبارہ پڑھنا بھی ضروری نہیں ہے اسلئے کہ فرض میں سے کوئی چیز اس پر باقی نہیں رہی۔

**تشریح** : جان کر حدث کیا تو نماز فاسد ہو گئی اس لئے اس پر بناء نہیں کر سکتا، اور فرائض میں سے کوئی چیز باقی نہیں رہی اسلئے دوبارہ پڑھنے کے لئے بھی نہیں کہا جائے گا، اسلئے یہی کہا جائے گا کہ نقص کے ساتھ نماز پوری ہو گئی۔

**ترجمہ** :(۳۸۶) اگر تیمّم کرنے والے نے نماز کے درمیان پانی دیکھا تو اس کی نماز باطل ہو جائے گی۔

**وجہ** : (۱) تیمّم کرنے سے پہلے اس نے جان کر حدث کیا تھا پھر تیمّم کرنا حدث کے لئے چھپانے کی چیز بن گئی لیکن تشہد سے پہلے پانی پر قدرت ہوئی تو جان کر حدث کیا ہوا واپس آ گیا۔ کیونکہ خلیفہ کے بجائے اصل پر قدرت ہو گئی اور ابھی فرض باقی ہے اس لئے نماز فاسد ہو جائے گی شروع سے نماز پڑھے۔(۲) اثر میں ہے عن الحسن انہ قال فی متیمم مر بماء غیر محتاج الی الوضوء فجاوزہ فحضرت الصلوۃ ولیس معہ ماء قال یعید التیمم لان قدرتہ علی الماء تنقض تیممہ الاول (مصنف بن ابی شیبۃ، ۲۳۲ فی متیمم مر بماء جاوزہ، ج اول، ص ۱۷۶، نمبر ۲۰۲۶) وضو کر کے بنا اس لئے نہیں کر سکتا ہے کہ (۱) تیمّم سے پہلے جان کر حدث کیا تھا اور پہلے گزر چکا ہے کہ جان کر حدث کرے گا تو بنا نہیں کر سکے گا۔ کیونکہ قاطع اور مانع درمیان میں آ گیا۔ بنا اس لئے بھی نہیں کر سکتا کہ یہ معاملہ کبھی کبھار پیش آتا ہے۔

**ترجمہ** : ل یہ مسئلہ پہلے گزر چکا ہے۔

**تشریح** : یہ مسئلہ باب التیمم مسئلہ نمبر ۹۴ میں گزر چکا ہے اسکا حاصل یہ ہے کہ آیت میں ہے کہ پانی نہ پاؤ تب تیمّم کرو، اور اس نے نماز کے درمیان ہی پانی پالیا تو چونکہ اصل پر قدرت ہو گئی اسلئے تیمّم ٹوٹ جائے گا، اور اسکی وجہ سے نماز بھی ٹوٹ جائے گی اسلئے پہلی نماز پر بناء نہیں کر سکتا، آیت یہ ہے ۔ فلم تجدوا ماء فتیمموا صعیدا طیبا .(آیت ۴۳، سورۃ النساء ۴) . کہ پانی نہ ہو تو تیمّم کرو ۔اور اس نے پانی پالیا اسلئے تیمّم ٹوٹ جائیگا۔اور نماز بھی ٹوٹ جائے گی اس لئے اس پر بناء نہیں کر سکتا۔

**ترجمہ** : (۳۸۷)[۱] اور اگر تیمّم کرنے والے نے پانی دیکھا تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد (تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک نماز باطل ہو گئی اور صاحبین کے نزدیک نماز پوری ہو گئی) ۔

**تشریح** : یہ بارہ مسئلے ہیں جو اس قاعدے پر متفرع ہیں کہ تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد یہ اعذار پیش آئے تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک ابھی تین کام باقی ہیں [۱] درود شریف پڑھنا [۲] دعاء پڑھنا [۳] سلام پھیرنا، اسلئے گویا کہ ابھی نماز باقی ہے اسلئے

اگر درمیان نماز میں یہ اعذار پیش آتے تو نماز باطل ہو جاتی اور پہلی نماز پر بناء نہ کر سکتے اسی طرح تشہد کے بعد پیش آئے تو بھی نماز باطل ہو جائے گی اور پہلی نماز پر بناء نہیں کر سکے گا۔ اور صاحبین فرماتے ہیں کہ تشہد کی مقدار بیٹھ چکا ہے اسلئے تمام فرائض پورے ہو چکے ہیں اب صرف درود اور دعاء باقی ہیں جو سنت ہیں، اور سلام باقی ہے جو واجب ہے، چونکہ فرض باقی نہیں رہا اسلئے نماز نقص کے ساتھ پوری ہوگئی دوبارہ پڑھنے کی ضرورت نہیں۔

مسئلے کی تشریح یہ ہے کہ تیمم کر کے نماز پڑھ رہا تھا تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد اس نے پانی دیکھا تو تیمم ٹوٹ گیا اور نماز بھی ٹوٹ گئی، اب اس پر بناء بھی نہیں کر سکتا، اب امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک تین کام، درود، دعاء اور سلام باقی ہیں اسلئے انکو پوری کرنے کے لئے دوبارہ نماز پڑھے۔

تشہد کی مقدار بیٹھنا فرض ہے اسکی دلیل یہ اثر ہے۔ **عن عمرؓ بن الخطاب قال : لا تجزیء صلاۃ الا بتشهد.** (مصنف عبد الرزاق، باب الامام یحدث فی صلوتہ، ج ثانی، ص ۳۵۶، نمبر ۳۶۸۵ رمصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۷۷، من قال: لا یجزیہ حتی یتشہد او تجلس، ج ثانی، ص ۲۳۵، نمبر ۸۴۷۹) اس اثر میں ہے کہ تشہد کے بغیر نماز ہی نہیں ہوگی، اسلئے تشہد فرض ہے۔

**وجہ:** (۱) امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد پانی پر قدرت ہوئی تو فرائض اگر چہ پورے ہو چکے ہیں لیکن ابھی بھی تین کام باقی ہیں، درود شریف، دعا اور سلام تو گویا کہ نماز باقی ہے اس لئے درمیان نماز میں خلیفہ کے بجائے اصل پر قادر ہو گیا اور اصل کی بنا کمزور پر نہیں ہو سکتی اس لئے نماز باطل ہو جائے گی اور شروع سے نماز پڑھنا ہوگا۔ (۲) اس اثر میں اسکا اشارہ ہے۔ **و قال ابن سیرین : حتی یسلم فان صلوتہ لم تتم .** (مصنف عبد الرزاق، باب الامام یحدث فی صلوتہ، ج ثانی، ص ۳۵۴، نمبر ۳۶۷۹ رمصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۷۷، من قال: لا یجزیہ حتی یتشہد او تجلس، ج ثانی، ص ۲۳۵، نمبر ۸۴۷۷) اس اثر میں ہے کہ سلام پھیرے گا تب نماز پوری ہوگی اور اس نے ابھی تک سلام نہیں پھیرا ہے اسلئے اسکو دوبارہ نماز پڑھنی چاہئے۔

**وجہ:** صاحبین فرماتے ہیں کہ فرائض تو سارے پورے ہو چکے ہیں اب صرف واجب یا سنن باقی ہیں۔ اور پہلے یہ حدیث گزر چکی ہے۔ **عن عبد اللہ بن عمر ان رسول اللہ ﷺ قال اذا قضی الامام الصلوۃ وقعد فاحدث قبل ان یتکلم فقد تمت صلوتہ ومن کان خلفہ ممن اتم الصلوۃ۔** (ابو داؤد شریف، باب الامام یحدث بعد ما یرفع رأسہ ص ۹۸ نمبر ۶۱۷ ر ترمذی شریف، باب ما جاء فی الرجل یحدث بعد التشہد، ص ۹۲، نمبر ۴۰۸ ر دار قطنی، باب من احدث قبل التسلیم فی آخر صلوتہ او احدث قبل تسلیم الامام فقد تمت صلوتہ ص ۳۶۸ نمبر ۱۴۰۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد حدث کر دیا تو نماز پوری ہوگئی اس لئے اسکی نماز نقص کے ساتھ پوری ہوگئی اسلئے دوبارہ نماز پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

(۲)۔ عبد اللہ بن مسعودؓ کی حدیث میں ہے کہ تشہد فرض ہے اور تشہد کی مقدار بیٹھ گیا تو فرض پورا ہو گیا اب چاہے تو بیٹھ کر درود شریف اور دعاء پڑھے اور سلام کرے، اور چاہے تو کھڑا ہو جائے۔ حدیث یہ ہے۔ **انّ رسول اللہ ﷺ اخذ بید عبد اللہ فعلمہ**

[۲] او کان ما سحافا نقضت مدة مسحه [۳] اوخلع خفية بعمل يسير[۴] او کان اميافتعلم سورة
[۵] اوعريانا فوجد ثوبًا.

التشهد فی الصلوة فذکر مثل دعاء حديث الاعمش اذا قلت هذا او قضيت هذا فقد قضيت صلوتک ان شئت ان تقوم فقم و ان شئت ان تقعد فاقعد ۔ (ابوداؤدشریف، باب التشہد ص۱۴۶، نمبر ۹۷۰) اس حدیث میں فرمایا گیا کہ تشہد کی مقدار بیٹھنے یا پڑھنے کے بعد نماز پوری ہوگئی۔ اب چاہے تو بیٹھے رہے اور دعا پڑھے اور سلام کرے اور چاہے تو کھڑا ہو جائے۔ اس لئے تشہد کے بعد پانی پر قدرت ہوئی تو اس سے پہلے نماز پوری ہو چکی ہے۔ اس لئے تشہد کے بعد پانی دیکھنے سے تیمّم کرنے والے کی نماز پوری ہو جائے گی۔

**نوٹ**: یہی قاعدہ اور اصول اور اختلاف اگلے گیارہ مسئلوں میں ہیں۔

**اصول**: امام ابو حنیفہ: سلام کرنے سے پہلے نماز میں خلیفہ کے بجائے اصل پر قدرت ہوگئی تو نماز فاسد ہو جائے گی کیونکہ ابھی نماز باقی ہے۔

**اصول**: صاحبین: تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد خلیفہ کے بجائے اصل پر قدرت ہوگئی تو چونکہ تمام فرائض پورے ہو چکے ہیں اس لئے نماز پوری ہوگئی کمی کے ساتھ۔

[۲] یا موزے پر مسح کرنے والا تھا اور موزے کی مدت ختم ہوگئی۔

**تشریح**: [۲] موزے پر مسح کرنے والا تھا اور تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد مسح کی مدت ختم ہوگئی اور گویا کہ وضو ٹوٹ گیا۔

[۳] یا دونوں موزے عمل قلیل سے کھل گئے

**تشریح**: [۳] یا دونوں موزے عمل قلیل سے کھل گئے۔ کیونکہ عمل کثیر سے کھلے تو خود عمل کثیر سے نماز فاسد ہو جائے گی۔ موزہ کھلنے کی بات تو بعد کی ہے۔ اس لئے عمل قلیل سے کھلنے کی قید لگائی تاکہ یہ مسئلہ بن سکے کہ موزہ کھلنے کی وجہ سے اس کا وضو تشہد کے بعد ٹوٹ گیا۔

[۴] یا امی تھا سورۃ سیکھ لی۔

**تشریح**: [۴] یا ایک آیت بھی یاد نہیں تھی کہ قرأت کی وجہ سے نماز ہو سکے۔ تشہد کے بعد اس نے تین آیتیں سیکھ لی اور اصل پر قدرت ہوگئی۔

[۵] یا ننگا تھا اور کپڑا پالیا۔

**تشریح**: [۵] یا ننگا تھا اور تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد اتنا کپڑا مل گیا جس سے نماز جائز ہو سکتی تھی

**[۶] او مؤمیا فقدر علی الرکوع والسجود [۷] اوتذکر فائتة علیه قبل هذه [۸] اواحدث الامام القاری فاستخلف امیا [۹] اوطلعت الشمس فی الفجر**

[۶] یا اشارہ کرنے والا تھا اور رکوع سجدہ پر قدرت ہوگئی

**تشریح** : [۶] مرض کی وجہ سے رکوع سجدے کا اشارہ کرکے نماز پڑھ رہا تھا، اور تشہد کے بعد وہ رکوع سجدے پر قادر ہوگیا۔ ان سب مسئلوں میں یہ ہے کہ عذر کی وجہ سے فرع پر عمل کر رہا تھا اور تشہد کے بعد اصل پر قادر ہوگیا تو امام اعظمؒ کے نزدیک پچھلے دلائل کی وجہ سے نماز باطل ہوگی اسلئے دوبارہ نماز پڑھے۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک ان تمام صورتوں میں نماز پوری ہو جائے گی۔

**لغت** : خلع :موزہ کھل گیا۔ امی: جو پڑھنا نہ جانتا ہو، ایک آیت بھی یاد نہ ہو۔ عریانا: ننگا۔ موءمیا: ایماء سے مشتق ہے، اشارہ کرنے والا۔

[۷] یا یاد آگئی کہ اس پر اس سے پہلے کی نماز قضا تھی۔

**تشریح**: [۷] آدمی صاحب ترتیب تھا اور اس پر پانچ نمازوں سے کم قضا تھی اور وقت میں گنجائش بھی تھی اور تشہد کے بعد اس کو یاد آگیا کہ اس پر اس سے پہلے کی نماز قضا ہے تو یہ صاحب ترتیب ہے اسلئے یہ نماز فاسد ہو جائے گی کیونکہ اسکو ترتیب کی رعایت کرنی چاہئے اور فوت شدہ نماز پہلے پڑھنی چاہئے بعد میں وقتیہ نماز پڑھنی چاہئے، لیکن اس نے وقتیہ نماز پہلے پڑھی اسلئے وقتیہ نماز فاسد ہو جائے گی۔ اب تشہد کے بعد نماز فاسد ہوئی تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک گویا کہ درمیان نماز میں فاسد ہوئی اسلئے دوبارہ نماز پڑھے اور صاحبینؒ کے نزدیک تشہد کے بعد نماز پوری ہو چکی ہے اسلئے دوبارہ نماز پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

[۸] یا قاری امام نے حدث کیا اور امی کو خلیفہ بنایا۔

**تشریح** : [۸] امام کو اتنی آیتیں یاد تھیں جس سے نماز جائز ہو سکے تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد اس کو حدث ہوا اور امی کو خلیفہ بنایا تو چونکہ امی قرأت پر قادر نہیں ہے تو گویا کہ عاجز کو خلیفہ بنایا ہے اس لئے نماز فاسد ہوگی۔ اور صاحبینؒ کے یہاں نماز پوری ہو جائے گی۔

**نوٹ** : فخر الاسلامؒ نے فرمایا کہ تشہد کے وقت قرأت کی ضرورت ہی نہیں ہے اس لئے امی کو خلیفہ بنانے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اس لئے اکثر کی رائے یہ ہے کہ اس وقت امی کو خلیفہ بنانے سے نماز فاسد نہیں ہوگی۔

[۹] یا فجر کی نماز میں سورج طلوع ہوگیا۔

**تشریح** : تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد سورج طلوع ہوا تو امام اعظمؒ کے نزدیک نماز فاسد ہوگی۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک نماز پوری ہوگی۔

**[۱۰] اودخل وقت العصر وهو فی الجمعة[۱۱] او کان ماسحا علی الجبیرة فسقطت عن برء[۱۲] او کان صاحب عذر فانقطع عذره کالمستحاضة ومن بمعناها بطلت الصلوۃ﴾**

**وجه**: حدیث میں ہے عن ابی هریرة قال نهی رسول الله ﷺ عن صلوتین بعد الفجر حتی تطلع الشمس وبعد العصر حتی تغرب الشمس. (بخاری شریف، باب لاتحری الصلوۃ قبل غروب الشمس ص۸۳ نمبر ۵۸۸ رمسلم شریف، باب الاوقات التی نهی عن الصلوۃ فیها ص۲۷۵ نمبر ۸۲۵)(۲) ابو سعید الخدری یقول سمعت رسول الله ﷺ یقول لا صلوة بعد الصبح حتی ترتفع الشمس ولا صلوة بعد العصر حتی تغیب الشمس (بخاری شریف، باب لا تحری الصلوۃ قبل الغروب ص۸۲ نمبر ۵۸۶ رمسلم شریف، باب الاوقات التی نهی عن الصلوۃ فیها ص ۲۷۵ نمبر ۸۲۷) ان دونوں احادیث سے معلوم ہوا کہ طلوع آفتاب کے وقت نماز نہیں پڑھنی چاہئے اس لئے اگر تشہد کے بعد آفتاب نکل گیا تو امام اعظمؒ کی رائے ہے کہ نماز فاسد ہو جائے گی۔

[۱۰] یا عصر کا وقت جمعہ میں داخل ہو گیا۔

**تشریح**: [۱۰] جمعہ پڑھ رہا تھا۔ تشہد کی مقدار بیٹھا تھا کہ عصر کا وقت داخل ہو گیا۔

**وجه**: چونکہ عصر کا وقت داخل ہونے سے جمعہ کا وقت نکل گیا اسلئے جمعہ کی نماز فاسد ہوگی۔ اس لئے قضا کی بنا ادا پر ہوئی۔ اس لئے امام اعظم کے نزدیک نماز فاسد ہوگی۔

[۱۱] یا کھپچی پر مسح کرنے والا تھا وہ ٹھیک ہو کر گر گئی۔

**تشریح**: [۱۱] ایک آدمی نے زخم پر پٹی باندھی تھی اور وہ اسی پر مسح کر کے نماز پڑھ رہا تھا۔ تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد زخم مکمل ٹھیک ہو کر پٹی گر گئی۔ چونکہ زخم ٹھیک ہو کر پٹی گری ہے اس لئے وضو ٹوٹ گیا۔ کیونکہ وہ مسح جو نقل ہے اس کے بجائے اصل پر قادر ہو گیا۔ اس لئے امام اعظم کے نزدیک نماز باطل ہو گئی۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک نماز پوری ہو گئی

**لغت**: الجبیرۃ: زخم پر بندھی ہوئی پٹی، کھپچی، برء: زخم اچھا ہونا۔

[۱۲] یا عذر والا تھا اور اسکا عذر ختم ہو گیا، جیسے کہ مستحاضہ ہو، یا جو بھی اس جیسی ہو تو نماز باطل ہو جائے گی۔

[۱] امام ابو حنیفہؒ کے قول میں۔

**تشریح**: [۱۲]۔ کوئی عذر والا تھا جیسے مستحاضہ عورت کا خون بہہ رہا تھا اور وہ اسی حال میں معذور ہو کر نماز پڑھ رہی تھی، یا سلسل البول کی بیماری تھی اور مسلسل پیشاب کا قطرہ آ رہا تھا اسی حال میں نماز پڑھ رہا تھا، لیکن تشہد کے بعد اسکا عذر جاتا رہا تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک نماز باطل ہو جائے گی کیونکہ نماز کے درمیان وہ اصل پر قادر ہو گیا۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک نماز پوری ہو جائے گی۔

**۱** فی قول ابی حنیفةؒ. **۲** وقالا تمت صلاته **۳** وقیل الاصل فیه ان الخروج عن الصلوۃ بصنع المصلی فرض عند ابی حنیفةؒ ولیس بفرض عندهما فاعتراض هذه العوارض عنده فی هذا الحالة کاعتراضها فی خلال الصلوٰۃ **۴** وعندهما کاعتراضها بعد التسلیم لهما مارویناه من حدیث ابن

---

**وجه:** دلیل گزر گئی ہے کہ تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد کوئی فرض باقی نہیں رہا صرف درود اور دعا سنت ہیں اور سلام واجب ہے جو باقی رہیں۔ اور احادیث سے ثابت کیا جا چکا ہے کہ تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد کوئی حدث پیش آئے تو اس کی نماز پوری ہو جائے گی۔ اس لئے ان بارہ مسئلوں میں سب کی نماز پوری ہو جائے گی۔ اور امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ اگر چہ سنن اور واجب ہی باقی ہیں لیکن نماز ابھی بحال ہے۔ اور نماز کے دوران خلیفہ کے بجائے اصل پر قادر ہو گیا جس کی وجہ سے ماقبل پر بنا نہیں کر سکتے۔ اس لئے نماز فاسد ہو گی۔ امام ابو حنیفہ ان مسائل میں احتیاط کی طرف گئے ہیں۔ کیونکہ ان مسائل میں اقوی کی بناء اضعف پر ہے (۲) امام شافعیؒ کے نزدیک سلام فرض ہے اس لئے ان کی بھی رعایت کی گئی ہے (۳) پہلی نماز پر بناء کا حکم خلاف قیاس حدیث کی بنا پر کیا گیا ہے۔ اس لئے جو حدث بار بار پیش آتے ہیں اور حدیث میں بھی ان کی تصریح ہے تو ان کے بارے میں حکم ہو گا کہ اس پر بنا کر لیا جائے۔ لیکن جو حدث بار بار پیش نہیں آتے اور حدیث میں بھی ان کی تصریح نہیں ہے ان میں احتیاط کا تقاضا یہی ہے کہ نماز فاسد کر دی جائے اور شروع سے دوبارہ نماز پڑھے۔ اور صاحبین اس بات کی طرف گئے ہیں کہ حدیث کی بنا پر جب نماز پوری ہو گئی تو دوبارہ پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

**ترجمہ:** **۲** اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ اسکی نماز پوری ہو گئی۔۔ تفصیل گزر چکی ہے۔

**ترجمہ:** **۳** کہا گیا ہے کہ اس میں اصل قاعدہ یہ ہے کہ نمازی اپنے فعل سے نماز سے نکلے یہ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک فرض ہے ،اور صاحبینؒ کے نزدیک فرض نہیں ، اسلئے ان حالتوں میں ان عوارض کا پیش آنا امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک نماز کے درمیان میں پیش آنا ہے۔

**تشریح:** علماء فرماتے ہیں کہ یہ بارہ مسائل اس اصول پر ہے کہ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک خروج بصنعہ ،فرض ہے خروج بصنعہ کا مطلب یہ ہے کہ نمازی اپنی حرکت سے نماز سے باہر آئے یہ فرض ہے، یہ حرکت اگر سلام پھیرنا ہے تو نماز اچھے طریقے سے پوری ہو گی اور اگر حدث وغیرہ کر کے خروج بصنعہ کیا تو نماز تو پوری ہو جائے گی لیکن ایسا کرنا اچھا نہیں ہے۔ اب اوپر کے بارہ مسئلوں میں خروج بصنعہ جو فرض تھا نہیں کیا بلکہ خود بخود تشہد کے بعد عذر پیش آ گئے ،تو چونکہ ایک فرض چھوڑ دیا اسلئے نماز باطل ہو جائے گی ،اور ایسا سمجھا جائے گا کہ تشہد سے پہلے ہی یہ اعذار پیش آ گئے۔

**ترجمہ:** **۴** اور صاحبینؒ کے نزدیک ان اعذار کا پیش آنا گویا کہ سلام کے بعد ہے۔ ان دونوں کی دلیل حضرت عبد اللہ ابن

مسعودؓ ۵؎ ولہ انہ لایمکنہ اداء صلوٰۃ اخریٰ الا بالخروج من ھذہ ومالا یتوصل الی الفرض الا بہ یکون فرضًا ۶؎ ومعنی قولہ تمت قاربت التمام

مسعودؓ کی وہ حدیث ہے جو ہمنے پہلے روایت کی۔

**تشریح** : اور صاحبینؒ کے یہاں خروج بصنعہ فرض نہیں ہے اسلئے تشہد پڑھ لیا تو تمام فرائض پورے ہو گئے اب درود شریف اور دعاء باقی رہے جو سنت ہیں اور سلام پھیرنا باقی رہا جو واجب ہے، اور یہ اعذار تشہد کے بعد پیش آئے ہیں اسلئے نماز پوری ہو گئی۔ اور ایسا سمجھا جائے گا کہ سلام پھیرنے کے بعد یہ اعذار پیش آئے۔

**وجه** : (۱) انکی دلیل حضرت عبد اللہ ابن مسعود والی یہ حدیث ہے۔ انّ رسول اللہ ﷺ اخذ بید عبد اللہ فعلمہ التشھد فی الصلوۃ فذکر مثل دعاء حدیث الاعمش اذا قلت ھذا او قضیت ھذا فقد قضیت صلوتک ان شئت ان تقوم فقم وان شئت ان تقعد فاقعد ۔ (ابو داؤد شریف، باب التشہد ص ۱۴۶، نمبر ۹۷۰) اس حدیث میں ہے کہ تشہد پڑھ لیا یا تشہد کی مقدار بیٹھ گیا تو نماز پوری ہو گئی۔ (۲) دوسری حدیث میں ہے کہ تشہد کی مقدار بیٹھ گیا پھر حدث ہوا تو نماز پوری ہو گئی، حدیث یہ ہے۔ عن عبد اللہ بن عمر ان رسول اللہ ﷺ قال اذا قضی الامام الصلوۃ وقعد فاحدث قبل ان یتکلم فقد تمت صلوتہ ومن کان خلفہ ممن اتم الصلوۃ ۔ (ابو داؤد شریف، باب الامام یحدث بعد ما یرفع رأسہ ص ۹۸ نمبر ۶۱۷ ر ترمذی شریف، باب ما جاء فی الرجل یحدث بعد التشہد ص ۹۲، نمبر ۴۰۸ ر دار قطنی، باب من احدث قبل التسلیم فی آخر صلوتہ او احدث قبل تسلیم الامام فقد تمت صلوتہ ص ۳۶۸ نمبر ۱۴۰۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد حدث کر دیا تو نماز پوری ہو گئی۔

**ترجمه** : ۵؎ امام ابو حنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ دوسری نماز کو ادا کرنا ممکن نہیں جب تک کہ اس نماز سے نہ نکلے اور جس چیز کے ذریعہ فرض تک پہنچنا ممکن ہو تو وہ بھی فرض ہوتی ہے [اور پہلی نماز سے نکلنے کے ذریعہ سے دوسری نماز تک پہونچے گا اسلئے نکلنا بھی فرض ہو گا۔ جسکو خروج بصنعہ، کہتے ہیں۔

**تشریح** : خروج بصنعہ فرض ہونے کے لئے امام ابو حنیفہؒ کی یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ دوسری فرض نماز، مثلا ظہر کے بعد عصر کو ادا کرنا ہو تو پہلی نماز سے نکلنا ہوگا، اسکے بغیر عصر کی نماز ادا نہیں کر سکتے۔ اور قاعدہ یہ ہے کہ جس واسطے سے فرض تک پہنچ رہا ہو وہ واسطہ بھی فرض ہوتا ہے، یہاں نکلنے کے ذریعہ دوسرے فرض تک پہنچ سکتا ہے اسلئے نکلنا یعنی خروج بصنعہ بھی فرض ہو گا۔ اور پچھلے بارہ مسئلوں میں خروج بصنعہ نہیں پایا گیا اسلئے ان تمام میں نماز فاسد ہو گئی۔

**ترجمه** : ۶؎ اور حدیث میں حضورؐ کا قول تمت صلوتہ، کا ترجمہ ہے نماز پوری ہونے کے قریب ہو گئی۔

ے والاستخلاف لیس بمفسد حتی یجوز فی حق القاری وانما الفساد ضرورة حکم شرعی وهو عدم صلاحیة الامامة (۳۸۸) ومن اقتدی بالامام بعد ما صلی رکعة فاحدث الامام فقدمه اجزاه ﴾ ا لوجود المشارکة فی التحریمة

**تشریح** : اوپر عبداللہ بن عمر کی حدیث میں تھا تشہد کی مقدار بیٹھ گیا تو نماز پوری ہوگئی۔ حدیث یہ تھی۔ فقد تمت صلوته ومن کان خلفه ممن اتم الصلوة۔ (ابوداؤد شریف، نمبر ۶۱۷ رترمذی شریف، نمبر ۴۰۸) اس حدیث میں ہے تمت صلوتہ، کہ اسکی نماز پوری ہوگئی، اسکا جواب دے رہے ہیں کہ نماز پوری ہونے کا مطلب یہاں یہ ہے کہ پوری ہونے کے قریب ہوگئی، البتہ ایک فرض خروج بصنعہ ابھی باقی ہے۔

**ترجمہ** : ے اور خلیفہ بنانا نماز کو فاسد کرنے والا نہیں ہے، یہی وجہ ہے کہ قاری کے حق میں جائز ہے، فاسد ہونا تو ایک شرعی حکم کی ضرورت کی وجہ سے ہے، اور وہ یہ ہے کہ امی آدمی میں امامت کی صلاحیت نہیں ہے۔

**تشریح** : یہ جزیہ نمبر ۸ کی وضاحت ہے۔ جزیہ نمبر ۸ میں کہا تھا، کہ قاری امام کو تشہد کے بعد حدث ہوا تو اس نے ایک آیت بھی نہ جاننے والے امی آدمی کو امام بنا دیا تو سب کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ اس مسئلے کے بارے میں وضاحت فرماتے ہیں کہ امام بنانا اور خلیفہ بنانا نماز کو فاسد نہیں کرتا وہ تو جائز ہے، یہی وجہ ہے کہ کسی قاری یعنی کم سے کم ایک آیت جاننے والے کو امام بنا تو کسی کی نماز فاسد نہیں ہوتی، اسی طرح امی کو صرف امیوں کا امام بناتا تو نماز فاسد نہیں ہوتی لیکن یہاں امی کو قاری کا امام بنانے کی وجہ سے نماز فاسد ہوئی ہے چاہے وہ تشہد کے بعد ہی کیوں نہ ہو کیونکہ امی میں کسی حال میں قاری کے امام بننے کی صلاحیت نہیں ہے۔۔ پوری تفصیل مسئلہ نمبر ۲۷۱ میں دیکھیں۔

**ترجمہ** : (۳۸۸) امام کے ایک رکعت پڑھ لینے کے بعد کسی نے امام کی اقتداء کی پس امام کو حدث پیش آیا تو اسی مسبوق کو آگے کر دیا تو کافی ہے۔

**ترجمہ** : ا تحریمہ میں شرکت کے پائے جانے کی وجہ سے۔

**لغت** : مدرک: کا ترجمہ ہے پانے والا، یہاں مدرک کا مطلب یہ ہے کہ امام کے ساتھ شروع سے نماز میں شریک ہوا اور تمام رکعتیں پایا ہو۔ مسبوق: سبق سے مشتق ہے، جس سے کوئی چیز آگے بڑھ گئی ہو، یہاں مسبوق کا مطلب یہ ہے شروع سے امام کے ساتھ نماز میں شریک نہ ہو، اس سے کچھ رکعت چھوٹ گئی ہو۔ لاحق: لحق سے مشتق ہے، ملنا، یہاں لاحق کا مطلب یہ ہے کہ شروع نماز میں امام کے ساتھ شریک ہوا بعد میں حدث پیش آنے کی وجہ سے امام کو چھوڑ کر چلا گیا جس کی وجہ سے درمیان کی کچھ رکعت چھوٹ گئی، اور آخیر میں امام کے ساتھ مل گیا۔

۲ والاولی للامام ان یقدِّم مدر کالانه اقدر علیٰ اتمام صلاته ۳ وینبغی لهٰذا المسبوق ان لایتقدم لعجزه عن التسلیم (۳۸۹) فلو تقدم یبتدی من حیث انتهیٰ الیه الامام ﴾ ۱ لقیامة مقامه

---

**تشریح** : ایک آدمی کی مثلا ایک رکعت چھوٹ چکی تھی جسکی وجہ سے وہ مسبوق تھا، امام کو حدث ہوا تو اسی مسبوق کو ہی آگے بڑھادیا اور امام بنادیا تو جائز ہے، کیونکہ یہ امام کا مقتدی تو ہے اور دونوں کا تحریمہ ایک ہے، اور دونوں ایک ہی تحریمے میں شریک ہیں۔
البتہ یہ اولی نہیں ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ مسبوق امام بنے گا تو پہلے سابق امام کی نماز پوری کرے گا سلام پھیرنے کا وقت آئے گا تو کسی مدرک کو پھر امام بنائے گا تا کہ وہ قوم کے ساتھ سلام پھیرے اور یہ مسبوق اپنی چھوٹی ہوئی نماز پوری کرے گا، تو چونکہ دوبارہ مدرک کو امام بنانا پڑے گا اسلئے اس مصیبت سے بچنے کے لئے پہلے ہی سے مدرک کو امام بنائے تو بہتر ہے۔

**ترجمہ** : ۲ اور امام کے لئے زیادہ بہتر یہ ہے کہ تمام رکعتوں کو پانے والے مدرک کو آگے بڑھائے اسلئے کہ وہ امام کی نماز کو پورا کرنے پر زیادہ قادر ہے۔

**تشریح** : امام کے لئے بہتر یہ ہے کہ جو آدمی شروع سے امام کے ساتھ نماز میں شریک ہے جسکو مدرک کہتے ہیں اسکو آگے بڑھائے کیونکہ وہ امام کی نماز کو پوری کرنے پر زیادہ قادر ہے، یعنی امام کی نماز پوری ہوگی تو اسکی بھی نماز پوری ہوجائے گی اسلئے قوم کے ساتھ یہ سلام پھیر سکے گا اور مسبوق کی طرح کسی دوسرے کو دوبارہ امام بنانے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

**ترجمہ** ۳ اور اس مسبوق کے لئے مناسب یہ ہے کہ خود آگے نہ بڑھے سلام سے عاجز ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح** : مسبوق کو امام آگے بڑھائے تو آگے بڑھنے کی گنجائش ہے، لیکن اپنے سے آگے نہ بڑھے تو اچھا ہے۔ اسلئے کہ پہلے گزر چکا ہے کہ امام کی نماز پوری کرنے کے بعد یہ سلام نہیں پھیر سکے گا، وہ ابھی سلام پھیرنے سے عاجز ہے کسی اور کو آگے بڑھانا ہوگا ، کیونکہ اسکو اپنی چھوٹی ہوئی نماز پوری کرنی ہے۔

**ترجمہ**: (۳۸۹) پس اگر مسبوق آگے بڑھ گیا تو جہاں سے امام نے چھوڑا ہے وہاں سے نماز شروع کرے۔

**ترجمہ** ۱ اسلئے کہ یہ امام کے قائم مقام ہے۔

**وجہ** :(۱) حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ نے وہاں سے نماز شروع کی جہاں سے حضرت ابو بکرؓ نے چھوڑا تھا۔ حدیث کا ٹکڑا یہ ہے ۔فذهب ابو بکرؓ یتأخر ، فأشار الیه بیده مکانک فاستفتح النبی ﷺ من حیث انتهی ابو بکر من القرآن ۔ (سنن بیھقی ، باب ماروی فی صلوۃ الاماموم قائما ،الخ ، ج ثالث ،ص ۱۱۵، نمبر ۵۰۷۸ رمصنف ابن ابی شیبۃ ،۴۴۷، فی الرجل قدم الرجل یبدأ بالقرأۃ أو یقرأ من حیث انتھی ، ج ثانی ،ص ۱۲، نمبر ۵۸۹۵ ) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے وہاں سے قرأت شروع کی جہاں سے حضرت ابو بکرؓ نے چھوڑا تھا۔ (۲) اثر میں ہے کہ مسبوق امام پہلے سابق امام کی نماز پوری کرے گا بعد میں اپنی

(۳۹۰)واذا انتھی الی السلام یقدم مدر کا یسلم بھم (۳۹۱)فلو انہ حین اتم صلوۃ الامام قھقہ او احدث متعمدا او تکلم او خرج من المسجد فسدت صلاتہ و صلاۃ القوم تامۃ﴾

۱؎ لان المفسد فی حقہ وجد فی خلال الصلوۃ وفی حقھم بعد تمام ارکانھا

نماز پوری کرے گا، اثر یہ ہے۔ عن ابراھیم فی رجل صلی رکعۃ فأحدث فأخذ بید رجل فقدمہ و قد فاتتہ تلک الرکعۃ قال : یصلی بھم بقیۃ صلاتھم فاذا أتم أخذ بید رجل ممن شھد تلک الرکعۃ فقدمہ فسلم بھم ثم قام فقضی تلک الرکعۃ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۴۴۶ سبق برکعۃ فقدمہ الامام، ج ثانی، ص ۱۲، نمبر ۵۸۹۴) اس اثر میں ہے کہ پہلے امام کی نماز پوری کرے پھر اپنی نماز پوری کرے۔

(۳) تیسری دلیل عقلی صاحب ھدایہ نے دی ہے، کہ یہ مسبوق پہلے امام کے قائم مقام ہے اسلئے پہلے امام ہی کی نماز پوری کرے گا۔

**ترجمہ**: (۳۹۰) اور جب مسبوق امام سلام تک پہنچے تو کسی مدرک امام کو آگے بڑھادے جو قوم کے ساتھ سلام پھیرے۔

**تشریح**: اوپر اثر گزر چکا ہے کہ مسبوق کو امام بنایا تو وہ پہلے امام کی نماز پوری کرے اور جب سلام پھیرنے کا وقت آئے تو چونکہ اسکو اپنی چھوٹی ہوئی نماز پوری کرنی ہے اسلئے کسی مدرک کو آگے بڑھائے چونکہ اسکی نماز پوری ہو چکی ہے اسلئے وہ اور نمازیوں کے ساتھ سلام پھیر دے گا۔

**ترجمہ**: (۳۹۱) پس جس وقت مسبوق نے امام کی نماز پوری کی تو قہقہہ لگایا، یا جان کر حدث کیا، یا بات کی، یا مسجد سے نکل گیا تو مسبوق کی نماز فاسد ہو گئی اور قوم کی نماز پوری ہو گئی۔

**تشریح**: یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ تشہد کے بعد جان کر حدث کیا تو چونکہ اب کوئی فرض باقی نہیں رہا اسلئے اسکی نماز پوری ہو جائے گی، اور اگر حدث تشہد سے پہلے کر دیا تو اسکی نماز فاسد ہو جائے گی۔ مسئلے کی تشریح یہ ہے کہ مسبوق امام نے سابق امام کی نماز پوری کی جب سلام کا وقت آیا تو سلام سے پہلے جان کر حدث کر دیا، یا قہقہہ لگایا، یا بات کی، یا مسجد سے باہر نکل گیا، یا کوئی ایسا کام کیا جس سے نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ تو قوم اور مقتدی کی نماز پوری ہو گئی، اسلئے کہ انکے تمام فرائض پورے ہو گئے، لیکن خود اس مسبوق امام کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ کیونکہ اسکی ابھی ایک رکعت باقی ہے، اسلئے اسکے لئے یہ حدث نماز کے درمیان میں واقع ہو گیا، اور درمیان میں فساد واقع ہو جائے تو بنا بھی نہیں کر سکتا، بلکہ شروع سے نماز پڑھے گا۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ نماز کو فاسد کرنے والی چیز مسبوق امام کے حق میں نماز کے درمیان پائی گئی اور مقتدی کے حق میں تمام ارکان کے پورے ہونے کے بعد پائی گئی۔

(۳۹۲)والامام الاوّل ان کان فرغ لاتفسد صلاته وان لم یفرغ تفسد ﴿۱﴾ وهو الاصح(۳۹۳)فان لم یحدث الامام الاول وقعد قدر التشهد ثم قهقه او احدث متعمدا فسدت صلوة الذی لم یدرک اول صلاته ﴿۱﴾ عندابی حنیفةؒ وقالا لا تفسد

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے کہ مقتدی کی نماز اسلئے پوری ہوگئی کہ امام کا حدث تمام فرائض کے اداء ہونے کے بعد ہوا ہے۔ اور مسبوق امام کی نماز اسلئے فاسد ہوگئی کہ اسکا حدث نماز کے درمیان ہوگیا۔

**ترجمہ** : (۳۹۲) اور امام اول اگر نماز سے فارغ ہو چکا ہے تو اسکی نماز فاسد نہیں ہوگی، اور اگر فارغ نہیں ہوا ہے تو فاسد ہو جائے گی۔

**ترجمہ** : ۱ صحیح یہی ہے

**تشریح** : مسبوق نے سابق امام کی نماز پوری کرنے کے بعد حدث کیا تو اگر سابق امام کی نماز پوری ہو چکی تھی اور وہ بھی تشہد سے فارغ ہو چکے تھے تو اسکی نماز بھی پوری ہو چکی تھی، اسلئے کہ اسکی نماز پوری ہونے کے بعد مسبوق امام نے حدث کیا، اور اگر اسکی نماز ابھی باقی تھی تو نماز کے درمیان حدث ہونے کی وجہ سے اسکی نماز بھی فاسد ہو جائے گی۔ صحیح بات یہی ہے۔ البتہ امام ابو حفص نے فرمایا کہ چونکہ امام اول شروع نماز سے شریک ہیں اسلئے چاہے اسکی رکعت باقی ہو پھر بھی اسکی نماز پوری ہو جائے گی اور فاسد نہیں ہوگی۔ لیکن یہ روایت اتنی صحیح نہیں ہے۔

**ترجمہ** : (۳۹۳) پس اگر اصل امام نے پہلے حدث نہیں کیا اور تشہد کی مقدار بیٹھا پھر قہقہہ مارا، یا جان کر حدث کیا تو اسکی نماز فاسد ہو جائے گی جس نے پہلی رکعت نہیں پایا۔

**ترجمہ** : ۱ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک، اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ اسکی نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**لغت** : الامام الاول: اس عبارت میں اول کا لفظ صحیح نہیں ہے، اسلئے کہ دوسرا امام نہیں ہے شروع سے ایک ہی امام چل رہا ہے۔ لم یدرک اول صلوتہ: اول صلوۃ کا مطلب یہ ہے کہ جو آدمی شروع سے نماز میں شریک نہ ہوا اسکو مسبوق کہتے ہیں۔

**تشریح** : تشہد کی مقدار بیٹھنے کے بعد امام نے قہقہہ مارا، یا جان کر حدث کیا تو امام کی نماز اور مدرک کی نماز پوری ہوگئی کیونکہ انکے لئے کوئی فرض باقی نہیں رہا۔ لیکن جو شروع نماز سے ساتھ نہیں تھا جسکو مسبوق کہتے ہیں اسکی نماز امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک فاسد ہو جائے گی۔

**وجہ** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ امام نے جب حدث کیا تو امام کی نماز بھی فاسد ہوگئی تھی لیکن تمام فرائض پورے ہو گئے تھے اسلئے دوبارہ بناء کرنے کی ضرورت نہیں رہی، اسلئے نقص کے ساتھ نماز پوری سمجھ لی گئی۔ لیکن مسبوق کی نماز ابھی باقی ہے اور اسکے فرائض بھی باقی ہیں اور اسکے درمیان ہی میں امام نے حدث کر دیا تو حقیقت میں امام کی نماز فاسد ہونے کی وجہ سے اس مسبوق کی نماز بھی فاسد ہو

۲ وان تکلم اوخرج من المسجد لم تفسد فی قولهم جمیعا

جائے گی۔ (۲) اس حدیث کے اشارے سے بھی پتہ چلتا ہے کہ جس نے اول نماز نہیں پائی اسکی نماز فاسد ہو جائے گی۔ حدیث یہ ہے۔ عن عبد اللہ بن عمرو قال : قال رسول اللہ ﷺ : اذا أحدث الامام بعد ما یرفع رأسه من آخر سجدة و استوی جالساً تمت صلوته ، و صلوة من خلفه ممن ائتم به ممن أدرک أول الصلوة ۔ (دار قطنی، باب من أحدث قبل التسلیم، ج اول، ص ۳۶۸، نمبر ۱۴۰۹) اس حدیث میں ہے کہ جو شروع نماز سے ہے اسکی نماز بھی پوری ہو جائے گی۔ اسکا مفہوم مخالف یہ ہے کہ جس نے شروع نماز نہیں پائی اسکی نماز فاسد ہو جائے گی۔۔ حدث سے نماز فاسد ہو جائے اسکے لئے حدیث یہ ہے۔ عن علی بن طلق قال قال رسول اللہ ﷺ اذا فساء احدکم فی الصلوة فلینصرف فلیتوضأ ولیعد الصلوة . (ابوداؤد شریف، باب اذا احدث فی الصلوۃ، ص ۱۵۱، نمبر ۲۰۵) اس حدیث میں ہے کہ نماز میں حدث ہو جائے تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ اور قہقہ مارنے سے نماز ٹوٹ جائے گی اور وضو بھی ٹوٹ جائے گا اسکے لئے حدیث یہ ہے۔ عن عمران بن حصین قال : سمعت رسول اللہ ﷺ یقول : من ضحک فی الصلوة قرقرة فلیعد الوضوء و الصلوة ۔ (دار قطنی، باب أحادیث القهقهة فی الصلوۃ وعللها، ج اول، ص ۱۷۲، نمبر ۶۰۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قہقہ مار کر ہنسے گا تو نماز بھی ٹوٹے گی اور وضو بھی ٹوٹ جائے گا۔

**فائدہ** : صاحبین فرماتے ہیں کہ امام مقتدی کی نماز کے صحیح ہونے میں اور نماز کے فاسد ہونے میں ذمہ دار ہے، اور اس صورت میں امام کی نماز فاسد نہیں ہوئی اسلئے مسبوق مقتدی کی بھی نماز فاسد نہیں ہوگی۔ جس طرح امام تشہد کے بعد بات کرلے یا مسجد سے نکل جائے تو مسبوق کی نماز فاسد نہیں ہوتی ہے۔ امام ابو حنیفہؒ کا جواب یہ ہے کہ امام کی نماز بھی فاسد تو ہو گئی تھی لیکن چونکہ تشہد کے بعد حدث کیا تھا اسلئے دوبارہ بناء کرنے کی ضرورت نہیں ہوئی کیونکہ تمام فرائض پورے ہو گئے تھے۔ لیکن حقیقت میں امام کی نماز فاسد ہو چکی تھی اسلئے مسبوق کی بھی نماز فاسد ہو جائے گی۔

**ترجمہ** : ۲ اور اگر امام نے تشہد کے بعد بات کی، یا مسجد سے نکل گیا بالاتفاق نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**تشریح** : امام تشہد کی مقدار بیٹھا پھر سلام کر کے نکلنے کے بجائے بات کرلی، یا مسجد سے نکل گیا جسکی وجہ سے امام اور مدرک کی نماز پوری ہو گئی، اور ساتھ ہی مسبوق کی نماز بھی تینوں اماموں کے نزدیک پوری ہو گی فاسد نہیں ہوگی۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ بات کرنا اور مسجد سے نکلنا اتنی بڑی بد تمیزی نہیں ہے جتنی نماز میں جان کر حدث کرنا اور نماز میں قہقہہ مار کر ہنسنا۔ اسلئے امام کے جان کر حدث کرنے سے اور قہقہہ مار کر ہنسنے سے امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک مسبوق کی نماز فاسد ہو جائے گی اور بات کرنے سے اور مسجد سے باہر نکلنے سے امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک بھی مسبوق کی نماز فاسد نہیں ہوگی۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک تو امام کے حدث اور قہقہہ سے بھی مسبوق کی

۳ لهما ان صلوٰة المقتدی بناء علیٰ صلوٰة الامام جواز او فساد ولم تفسد صلوٰة الامام فكذا صلاته وصار كالسلام والكلام ۴ وله ان القهقهة مفسدة للجزء الذی یلاقیه من صلوٰة الامام فیفسد مثلهٔ من صلوة المقتدی غیر ان الامام لایحتاج الی البناء والمسبوق محتاج الیه والبناء علی الفاسد فاسد

---

نماز فاسد نہیں ہوئی تھی تو بات کرنے اور مسجد سے نکلنے سے فاسد کیسے ہوگی!

**اصول** : مسبوق کے درمیان نماز میں امام کی بدتمیزی بڑی ہو مثلا جان کر حدث کیا یا قہقہہ مار کر ہنسا تو مسبوق کی نماز فاسد ہوگی اور بدتمیزی کم ہو تو اسکی نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**ترجمہ** : ۳ صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ نماز کے جائز ہونے میں اور نماز کے فاسد ہونے میں مقتدی کی نماز کی بناء امام کی نماز پر ہوتی ہے ، اور اس صورت میں امام کی نماز فاسد نہیں ہوئی تو ایسے ہی مقتدی کی نماز بھی فاسد نہیں ہوگی ، جیسے امام کے تشہد کے وقت امام کے سلام اور کلام سے مسبوق کی نماز فاسد نہیں ہوتی ہے۔

**تشریح** : صاحبینؒ نے فرمایا تھا کہ تشہد کے وقت امام نے حدث کر دیا یا قہقہہ مار کر ہنس دیا تو مسبوق کی نماز فاسد نہیں ہوگی ، اسکی دلیل دے رہے ہیں [۱] کہ نماز کے جائز ہونے میں اور نماز کے فاسد ہونے میں مقتدی کی نماز امام کی نماز کے ساتھ بناء ہے ، اور امام کی نماز اس صورت میں فاسد نہیں ہوئی اسلئے کہ تمام فرائض کے پورے ہونے کے بعد کیا ہے ، اسلئے مسبوق مقتدی کی نماز بھی فاسد نہیں ہوگی۔ [۲] جس طرح اگر امام تشہد کے وقت بات کرتا ، یا سلام کرتا تو مسبوق کی نماز فاسد نہیں ہوتی اسی طرح جان کر اسکے حدث کرنے اور قہقہہ لگانے سے بھی مسبوق کی نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**ترجمہ** : ۴ امام ابو حنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ قہقہہ نماز کے جس حصے میں بھی واقع ہو امام کے اس حصے کو فاسد کرتا ہے ، اسلئے اس حصے میں مقتدی کی نماز بھی فاسد ہو جائے گی ، یہ اور بات ہے کہ فرائض پورے ہونے کی وجہ سے امام کو بناء کی ضرورت نہیں ہے ، اور مسبوق کو بناء کی ضرورت ہے اور فاسد نماز پر بناء کرے گا تو اسکی نماز بھی فاسد ہو جائے گی۔

**تشریح** : امام ابو حنیفہؒ کی یہ دلیل عقلی ہے ، اور صاحبینؒ کو جواب بھی ہے۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ تشہد کے بعد امام نے جان کر حدث کیا یا قہقہہ لگایا تو مسبوق کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ اسکی دلیل دے رہے ہیں کہ تشہد کے بعد امام نے جان کر حدث کیا یا قہقہہ لگایا تو اس نے تشہد کے بعد والی نماز کو فاسد کر دیا ، اور جب امام کی نماز فاسد ہوئی تو مسبوق مقتدی کی نماز بھی فاسد ہو جائے گی۔ البتہ یہ اور بات ہے کہ امام کے اور مدرک کے تمام فرائض پورے ہو گئے تھے اسلئے انکو دوبارہ نماز پڑھنے کی ضرورت نہیں اور نہ وضو کر کے اس پر بناء کرنے کی ضرورت ہے ، اور مسبوق کی ابھی پچھلی رکعت باقی ہے اسلئے اسکو بناء کرنے کی ضرورت ہے ، لیکن جب امام کی نماز فاسد ہونے کی وجہ سے اسکی بھی نماز فاسد ہو گئی ہے تو اب بناء کیسے کرے گا! ، کیونکہ فاسد پر بناء کرے گا تو اگلی نماز بھی فاسد ہو جائے

۵ بخلاف السلام لانه مُنهٍ والکلام فی معناه. ۶ وینتقض وضوء الامام لوجود القهقة فی حرمة الصلوة(۳۹۴) ومن احدث فی رکوعه اوسجوده توضأ وبنی ولا یعتد بالتی احدث فیھا﴾

گی اسلئے اسکی نماز فاسد ہوگئی۔

**ترجمہ**: ۵ بخلاف سلام کے اسلئے کہ وہ نماز کو پورا کرنے والا ہے، اور کلام بھی سلام ہی کے معنی میں ہے۔

**تشریح** : یہ صاحبین کے استدلال کا جواب ہے۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ جس طرح امام تشہد کے بعد سلام کرے اور بات کرے تو مسبوق کی نماز فاسد نہیں ہوتی، اسی طرح حدث اور قہقہہ لگائے گا تو فاسد نہیں ہوگی۔ اسکا جواب یہ ہے کہ جان کر حدث کرنے میں اور سلام اور کلام کرنے میں فرق ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ تشہد کے بعد امام سلام کرے گا تو نماز سنت کے طریقے پر پوری ہو جائے گی، خود امام کی نماز اس سے فاسد نہیں ہوگی، سلام تو نماز کو پورا کرنے والا ہے، اسلئے مسبوق کی نماز فاسد نہیں ہوگی۔ منہ: کا ترجمہ ہے پورا کرنے والا۔ اور تشہد کے بعد امام نے کلام اور بات کی جس سے اسکی نماز ختم ہوئی تو کلام بھی ایک گونہ سلام کی طرح ہے، کیونکہ سلام، السلام علیکم، میں قوم کو خطاب ہے، اور بات میں بھی قوم کو خطاب ہے اسلئے کلام ایک گونہ سلام کے درجے میں ہے اسلئے تشہد کے بعد امام کے کلام کرنے سے مسبوق کی نماز فاسد نہیں ہوگی۔ اور جان کر حدث اور قہقہہ سلام کے درجے میں نہیں ہیں، ان میں تو بڑی بد تمیزی ہے اس لئے ان سے مسبوق کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

**ترجمہ** : ۶ قہقہہ کی وجہ سے امام کا وضو ٹوٹ جائے گا قہقہہ حرمت نماز میں پائے جانے کی وجہ سے۔

**تشریح** : نماز اللہ کے حضور میں سجدہ ریز ہونا ہے اسلئے اسکی حرمت ہے عزت اور احترام ہے۔ ایسی حرمت وعزت کے دوران قہقہہ جیسی بد تمیزی کرے گا تو امام کی نماز ٹوٹ جائے گی اور وضو بھی ٹوٹ جائے گے۔ اسکے لئے حدیث یہ ہے۔ عن عمران بن حصین قال : سمعت رسول اللہ ﷺ یقول : من ضحک فی الصلوة قرقرة فلیعد الوضوء و الصلوة ۔( دار قطنی، باب أحادیث القہقہۃ فی الصلوۃ وعللھا، ج اول، ص ۱۷۲، نمبر ۶۰۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قہقہ مار کر ہنسے گا تو نماز بھی ٹوٹے گی اور وضو بھی ٹوٹ جائے گا۔

**اصول** : یہ مسائل اس اصول پر ہیں کہ کسی کے درمیان نماز میں حدث کر دے تو اسکی نماز فاسد ہو جائے گی۔ اور تشہد کے بعد حدث واقع ہو تو نقص کے ساتھ نماز پوری ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: (۳۹۴) کسی کو اسکے رکوع میں یا اسکے سجدے میں حدث ہوا تو وضو کرے گا اور بناء کرے گا، اور وہ رکوع یا سجدہ شمار نہیں کیا جائے گا جس میں حدث ہوا۔

ل لان اتمام الركن بالانتقال ومع الحدث لايتحقق فلا بدمن الاعادة (۳۹۵) ولو كان اماماً فقدم غيره دام المقدم على الركوع ﴾

**ترجمہ** : ل اسلئے کہ رکن منتقل ہونے سے پورا ہوتا اور حدث کی وجہ سے یہ متحقق نہیں ہوا اسلئے اس رکن کو لوٹانا ضروری ہے۔

**تشریح** : کسی کو رکوع، یا جس سجدے میں حدث پیش آیا تو وہ وضو کرے گا اور اس پر بناء کرے گا، اور جس رکوع میں یا جس سجدے میں حدث پیش آیا تو وہ رکوع یا وہ سجدہ ادا نہیں ہوا اسکو دوبارہ ادا کرے اور وہیں سے بناء کرے۔

**وجه** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ کوئی رکن اس وقت پورا ہوتا ہے جب اس سے منتقل ہو جائے اور یہاں اس سے منتقل ہونے کا موقع نہیں ملا کیونکہ اس میں حدث پیش آ گیا، اسلئے وہ رکن شمار نہیں کیا جائے گا اسکو دوبارہ ادا کرے۔ (۲) اس اثر میں اسکا اشارہ ہے۔ عن سلمان قال : اذا أحدث أحدكم في الصلوة فلينصرف غير داع لصنعه فليتوضأ ثم ليعد في آيته التي كان يقرأ. (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۴۴۸، فی الذی یقئ او یرعف فی الصلوۃ، ج ثانی، ص ۱۲، نمبر ۵۹۰۲) اس اثر میں ہے کہ اس آیت سے دوبارہ شروع کرے جسکو وہ پڑھتا تھا جس کے اشارے سے معلوم ہوا کہ وہ قیام شمار نہیں ہوا جس میں اسکو حدث پیش آیا اسلئے وہ آیت بھی دوبارہ پڑھے اور قیام بھی دوبارہ کرے۔ اسی پر قیاس کرتے ہوئے وہ رکوع اور سجدہ بھی شمار نہیں کیا جائے گا جس میں حدث پیش آیا ہے۔

**ترجمہ** : (۳۹۵) اگر امام ہے اور حدث ہونے کے بعد دوسرے کو آگے بڑھایا تو آگے بڑھنے والا رکوع پر ہی دوام کرے۔

**تشریح** : امام کو مثلا رکوع میں حدث ہوا اور رکوع ہی میں کسی کو خلیفہ بنایا تو خلیفہ شروع سے رکوع نہ کرے بلکہ جھکے جھکے رکوع ہی میں جائے اور رکوع کی مقدار مثلا تین تسبیح کے برابر رکوع میں رہے اور رکوع پورا کر کے آگے کے اعمال کرے، اسی کو، استدامت علی الرکوع، کہتے ہیں۔ یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ امام کو جس رکن میں حدث ہوا ہے اسی رکن سے خلیفہ شروع کرے۔ اس سے پہلے سے بھی شروع نہ کرے اور بعد سے بھی نہ کرے۔

**وجه** : (۱) اس رکن سے پہلے سے شروع کرنے کی ضرورت اس لئے نہیں ہے کہ وہ رکن تو امام ہی ادا کر چکا ہے۔ اور حدث والے رکن کے بعد سے اسلئے شروع نہ کرے کہ خود حدث والا رکن ابھی ادا نہیں ہوا ہے، اسلئے جس رکن میں حدث ہوا ہے اسی رکن پر استدامت کر کے اسی رکن سے شروع کرے۔ (۲) حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے وہیں سے قرأت شروع کی جہاں سے حضرت ابو بکرؓ نے چھوڑا تھا، حدیث کا ٹکڑا یہ ہے۔ فذهب ابو بكرؓ يتأخر، فأشار اليه بيده مكانك فاستفتح النبي ﷺ من حيث انتهى ابو بكر من القرآن ۔ (سنن بیہقی، باب ماروی فی صلوۃ الاماموم قائما، الخ، ج ثالث، ص ۱۱۵، نمبر ۵۰۷۸ / مصنف ابن ابی شیبۃ، ۴۴۷، فی الرجل قدم الرجل یبدأ بالقرأۃ او یقرأ من حیث انتھی، ج ثانی، ص ۱۲، نمبر ۵۸۹۵) اس حدیث

ل لانہ یمکنہ الاتمام بالاستدامۃ (۳۹۶) ولو تذکر وھو راکع او ساجد ان علیہ سجدۃ فانحطّ من رکوعہ لھا اورفع رأسہ من سجودہ فسجدھا یعید الرکوع والسجود ﴾ ل وھذا بیان الاولیٰ لتقع الافعال مرتبۃ بالقدر الممکن وان لم یعد اجزاہ ﴾

میں ہے کہ حضورؐ نے وہاں سے قرأت شروع کی جہاں سے حضرت ابو بکرؓ نے چھوڑا تھا، اسلئے اسی رکن پر استدامت کرے جس رکن میں امام کو حدث پیش آیا ہے۔(۳) یہ اثر بھی گزرا کہ اسی آیت سے شروع کرے جہاں حدث پیش آیا ہے۔ اثر یہ ہے۔ عن سلمان قال : اذا أحدث أحدکم فی الصلوۃ فلینصرف غیر داع لصنعہ فلیتوضأ ثم لیعد فی آیتہ التی کان یقرأ . ( مصنف ابن ابی شیبۃ، ۴۴۸، فی الذی یقی ءاو یرعف فی الصلوۃ، ج ثانی، ص ۱۲، نمبر ۵۹۰۲) اس اثر میں ہے کہ اس آیت سے دوبارہ شروع کرے جسکو وہ پڑھتا تھا۔

**ترجمہ** : ل اسلئے کہ اس رکوع کو دوام کے ساتھ پورا کرنا ممکن ہے۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے، کہ مثلا رکوع پر دوام کیا جا سکتا ہے، اور امام نے رکوع میں خلیفہ بنایا تو رکوع ہی سے رکن شروع کیا جا سکتا ہے اسلئے رکوع ہی سے شروع کرے اور اسی پر استدامت کرے۔

**ترجمہ** : (۳۹۶) رکوع میں کسی کو یاد آیا، یا سجدہ میں یاد آیا کہ اس پر کوئی اور سجدہ ہے، پس رکوع ہی سے وہ سجدے کے لئے جھک گیا، یا سجدے سے سر اٹھایا اور اس سجدے کو کر لیا تو رکوع اور سجدے کو لوٹائے گا۔

**ترجمہ** : ل یہ افضل کا بیان ہے تا کہ ممکن مقدار تک افعال مرتب واقع ہو جائے۔ اور اگر رکوع سجدے کو نہ لوٹائے تب بھی کافی ہو جائے گا۔

**تشریح** : امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک یہ مسئلہ اس قاعدے پر ہے کہ طہارت کے ساتھ کسی رکن کو ادا کر کے اس سے منتقل ہو گیا تو وہ رکن ادا ہو گیا، اب دوبارہ اس رکن کو ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ البتہ ارکان کے درمیان ترتیب باقی رکھنے کے لئے دوبارہ اس رکن کو ادا کر لے تو بہتر ہے۔ اب مسئلے کی تشریح یہ ہے کہ ایک آدمی رکوع میں تھا کہ اسکو یاد آ گیا کہ اس نے سجدہ تلاوت کیا تھا اسکا سجدہ باقی تھا، اب رکوع سے کھڑا نہیں ہوا اور رکوع میں جھکا ہوا تھا کہ اس سے سر نہیں اٹھایا بلکہ جھکے ہوئے سے ہی نیچے سجدے میں چلا گیا اور تلاوت کا سجدہ ادا کر لیا، تو اس رکوع کو دوبارہ ادا کرنا لازم نہیں ہے۔

**وجہ** : کیونکہ طہارت کے ساتھ اس رکوع سے منتقل ہو چکا تھا اسلئے وہ رکوع ادا ہو گیا، اسلئے اس کو دوبارہ ادا کرنا لازم نہیں ہے، پہلا رکوع ہی کافی ہے۔ البتہ دوبارہ رکوع ادا کرے اور جو نماز پڑھ رہا تھا اس رکوع کے بعد اسکا سجدہ ادا کرے تو بہتر ہے، تا کہ رکوع کے بعد ترتیب کے ساتھ سجدہ ادا ہو جائے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ آدمی نماز کے سجدے میں تھا کہ اسکو یاد آیا کہ مجھپر سجدہ تلاوت باقی

۱ لان الترتیب فی افعال الصلوٰۃ لیس بشرط ۲ ولان الانتقال مع الطھارۃ شرط وقدوجد ۳ وعن ابی یوسفؒ انه یلزمهٗ اعادۃ الرکوع لان القومۃ فرض عندہ

ہے،اس سجدے سے سر اٹھایا اور سجدہ تلاوت کر لیا، تو چونکہ نماز کے سجدے سے سر اٹھا کر اس سجدے کو پورا کر لیا ہے اسکے بعد تلاوت کا سجدہ کیا ہے اسلئے نماز کے سجدے کو دوبارہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ طہارت کے ساتھ سجدے سے منتقل ہو گیا تو وہ سجدہ ادا ہو گیا اسکو دوبارہ ادا کرنا لازم نہیں ہے، البتہ نماز کے سجدوں کے درمیان ترتیب باقی رکھنے کے لئے دوبارہ سجدہ کر لے تو بہتر ہے۔۔ نماز کے افعال کے درمیان ترتیب شرط نہیں ہے اسکی کھلی مثال یہ ہے کہ مسبوق امام کے ساتھ ملتا ہے تو پہلے آخیر کی رکعت پڑھتا ہے اور شروع کی رکعت امام سے فارغ ہونے کے بعد پڑھتا ہے، جس سے معلوم ہوا کہ نماز کے افعال کے درمیان ترتیب شرط نہیں ہے۔

**اصول** : طہارت کے ساتھ کسی رکن سے منتقل ہو گیا تو وہ رکن ادا ہو گیا۔

**ترجمہ** : ۱ اسلئے کہ نماز کے افعال میں ترتیب شرط نہیں ہے۔ تفصیل ابھی ایک سطر اوپر گزر گئی۔

**ترجمہ** : ۲ اور اسلئے کہ طہارت کے ساتھ رکن سے منتقل ہونا شرط ہے، اور وہ پایا گیا۔

**تشریح** : کوئی رکن مثلا رکوع ادا کر رہا ہو اور طہارت کے ساتھ اس سے منتقل ہو گیا اور دوسرے رکن کی طرف چلا گیا، اور اس رکن کے اندر حدث نہیں کیا تو وہ رکن ادا ہو گیا، اوپر کے مسئلے میں رکوع سے منتقل ہو گیا ہے اور سجدے سے منتقل ہو گیا ہے اسلئے وہ دونوں ادا ہو گئے۔

**ترجمہ** : ۳ اور امام ابو یوسفؒ سے روایت ہے کہ رکوع کا لوٹانا اسکو لازم ہو گا، اسلئے کہ قومہ انکے نزدیک فرض ہے۔

**تشریح** : حضرت امام ابو یوسفؒ کی ایک روایت ہے کہ نمازی رکوع میں جھکے جھکے تلاوت کے سجدے میں چلا گیا تو وہ رکوع ادا نہیں ہوا اسکو دوبارہ ادا کرنا چاہئے، اسکی وجہ یہ ہے کہ رکوع کے بعد کھڑا ہونا جسکو قومہ کہتے ہیں انکے نزدیک فرض ہے، اور اس فرض کو ادا نہیں کیا کیونکہ جھکے جھکے وہ سجدے میں چلا گیا تھا، اسلئے رکوع ادا نہیں ہوا اس لئے اس رکوع کو دوبارہ ادا کرنا چاہئے۔ انکے نزدیک قومہ فرض ہے اسکی تفصیل باب صفۃ الصلوۃ، مسئلہ نمبر ۲۸۱ میں گزر چکا ہے، انکے یہاں قومہ فرض ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابی مسعود الانصاری قال قال رسول اللہ ﷺ لا تجزئ صلوۃ لا یقیم الرجل فیھا صلبه فی الرکوع و فی السجود (ترمذی شریف، باب ماجاء فی من لا یقیم صلبه فی الرکوع والسجود ص ۶۱ نمبر ۲۶۵ / ابو داؤد شریف، باب صلوۃ من لا یقیم صلبه فی الرکوع والسجود ص ۱۳۱ نمبر ۸۵۵ / بخاری شریف، باب امر النبی ﷺ الذی لا یتم رکوعه بالاعادۃ ص ۱۰۹ نمبر ۷۹۳) ان احادیث سے امام ابو یوسفؒ کے نزدیک تعدیل الارکان کو فرض قرار دیتے ہیں۔ کیونکہ اس کے بغیر نماز کافی نہیں

(۳۹۷) ومن ام رجلا واحدا فاحدث وخرج من المسجد فالماموم امام نوی اولم ینو ﴾ ۱ لما فيه من صيانة الصلوٰة وتعيين الاول لقطع المزاحمة ولا مزاحمة

ہوگی۔(۲) عن ابی ھریرۃ عن النبی ﷺ دخل المسجد فدخل رجل فصلی ثم جاء فسلم علی النبی ﷺ فرد النبی ﷺ علیہ السلام فقال: ارجع فصل فانک لم تصل ....ثم ارکع حتی تطمئن راکعاً ثم ارفع حتی تعتدل قائما ، ثم اسجد حتی تطمئن ساجداً ثم ارفع حتی تطمئن جالساً ، ثم اسجد حتی تطمئن ساجدا ، ثم افعل ذالک فی صلاتک کلھا ۔ (بخاری شریف، باب امر النبی ﷺ الذی لا یتم رکوعہ بالاعادۃ ص ۱۰۹ نمبر ۷۹۳ رترمذی شریف، باب ماجاء فی من لا یقیم صلبہ فی الرکوع ولا السجود ص ۶۱ نمبر ۲۶۵) ابوداود شریف میں اس حدیث کے آخر میں یہ بھی زیادہ ہے۔ و قال فی آخرہ : اذا فعلت ھذا فقد تمت صلاتک ، و ما انتقصت من ھذا شیئاً فانما انتقصته من صلاتک . (ابوداود شریف، باب صلوۃ من لا یقیم صلبہ فی الرکوع والسجود ص ۱۳۱ نمبر ۸۵۵) اس حدیث میں تعدیل ارکان نہ کرنے کی وجہ سے نماز لوٹانے کا حکم دیا۔ اس حدیث سے حضرت امام ابو یوسفؒ اور امام شافعیؒ ثابت کرتے ہیں کہ تعدیل ارکان فرض ہے۔ کیونکہ تعدیل ارکان نہ کرنے کی وجہ سے حضورؐ نے نماز لوٹانے کا حکم دیا۔

**ترجمہ**: (۳۹۷) کسی نے ایک ہی مرد کی امامت کی پھر حدث ہو گیا اور مسجد سے نکل گیا تو مقتدی خود ہی امام بن جائیگا امام نے اسکو امام بنانے کی نیت کی ہو یا نہ کی ہو۔

**تشریح**: امام کا ایک ہی مرد مقتدی تھا اور امام کو حدث ہو گیا اور اس مرد کو امام بنائے بغیر مسجد سے نکل گیا تو یہ مقتدی خود ہی اپنا امام بن جائے گا۔

**وجہ**: (۱) کسی کو باضابطہ امام بنانے کی ضرورت اس وقت پڑتی ہے جب کہ کئی آدمی مقتدی ہو تو ان میں سے ایک کو متعین کیا جائے لیکن اگر ایک ہی ہو تو اس وقت تعین کی ضرورت نہیں ہے خود ہی وہ امام اپنا متعین ہو جائے گا۔ (۲) اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ عن الزھری أن معاویۃ صلی بالناس فرکع ، ثم طعن و ھو ساجد أو راکع ، فسلم ثم قال : أتموا صلوتکم فصلی کل رجل لنفسه ، و لم یقدم احداً ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب الامام یحدث فی صلوتہ، ج ثانی، ص ۳۵۶، نمبر ۳۶۸۷ رسنن بیہقی باب الامام یخرج ولا یستخلف، ج ثالث، ص ۱۶۲، نمبر ۵۲۵۹) اس اثر میں ہے کہ حضرت معاویہؓ نے کسی کو خلیفہ نہیں بنایا بلکہ خود بخود ہر ایک اپنا اپنا امام بن گئے۔

**ترجمہ**: ۱ اسلئے کہ اس میں اپنی نماز کو بچانا ہے۔ اور ایک کو متعین کرنا مزاحمت کو منقطع کرنے کے لئے ہے اور ایک آدمی میں کوئی مزاحمت نہیں ہے۔

(۳۹۸)ویتم الاول صلاته مقتدیا بالثانی ﴾ ل کما اذا استخلفه حقیقة (۳۹۹) ولولم یکن خلفه الا صبی او امرأة قیل تفسد صلاته ﴾ ل لاستخلاف من لا یصلح للامامة (۴۰۰) وقیل لا تفسد ﴾ ل لانه لم یوجد الاستخلاف قصدا وهو لا یصلح للامامة واللّٰه اعلم.

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ امام کو حدث ہو گیا تو اب کوئی امام نہیں رہا، اور اس مقتدی کو اپنی نماز بچانا ہے اسلئے یہ اپنی نماز کو بچانے کے لئے خود امام بن جائے گا۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ کئی آدمی ہو تو بھیڑ ہے اسلئے بھیڑ کو ختم کرنے لئے ایک کو امام متعین کرنا پڑتا تھا، اور یہاں ایک ہی آدمی ہے اسلئے کوئی بھیڑ نہیں ہے اسلئے یہ خود بخود امام بن جائے گا۔

**ترجمہ**: (۳۹۸) اور پہلا امام دوسرے کا مقتدی بن کر نماز پوری کرے گا۔

**ترجمہ** : ل جیسے کہ حقیقت میں اسکو خلیفہ بناتا۔

**تشریح** : ایک مقتدی خود امام بن گیا تو پہلا امام جب وضو کر کے آئے گا تو اس امام کا مقتدی بن جائے گا، اور اسکی اقتداء میں اپنی نماز پوری کرے گا، جیسے کہ حقیقت میں اسکو امام بناتا تو اسکی اقتداء میں اپنی نماز پوری کرتا، کیونکہ یہ آدمی بہر حال ابھی امام ہے۔

**ترجمہ**: (۳۹۹) اور اگر امام کے پیچھے صرف بچہ، یا صرف عورت ہو تو بعض حضرات نے فرمایا کہ اس امام کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

**ترجمہ** : ل اسلئے کہ ایسے کو امام بنایا جو امام بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا ہے۔

**تشریح**: امام کے پیچھے صرف بچہ تھا، یا صرف عورت تھی جو اس مرد کا امام بننے کی صلاحیت نہیں رکھتی ہے، اور امام کو حدث ہونے کی وجہ سے بچہ خود امام بن گیا، اور ظاہر ہے کہ یہ سابق امام جو مرد تھا اسکا بھی امام بن گیا، اور پہلے گزر چکا ہے کہ بچے کو مرد کا امام بنایا تو مرد کی نماز فاسد ہو جائے گی، اسلئے اس مرد کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ کیونکہ ایسے آدمی کو امام بنایا جو مرد کی امامت کی صلاحیت نہیں رکھتا ہے۔ یہی حال ہے کہ اگر مرد امام کے پیچھے صرف عورت تھی اور مرد کو حدث پیش آیا تو یہ عورت خود امام بن گئی، اور اس مرد کی بھی امام بنی اسلئے مرد کی نماز فاسد ہو جائے گی اب شروع سے نماز پڑھے۔ کیونکہ عورت مرد کی امامت کی صلاحیت نہیں رکھتی۔

**ترجمہ**: (۴۰۰) اور بعض حضرات نے فرمایا کہ مرد کی نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**ترجمہ** : ل اسلئے کہ قصدا خلیفہ بنانا نہیں پایا گیا، اور خود یہ لوگ مرد کی امامت کی صلاحیت نہیں رکھتے۔

**تشریح** : بعض حضرات نے فرمایا کہ مرد کی نماز فاسد نہیں ہوگی۔ اور اسکی وجہ یہ ہے کہ یہ بچہ اور عورت خود امام بنے ہیں، سابق امام نے انکو امام بنایا نہیں ہے۔ اور ان لوگوں میں مرد کی امامت کی صلاحیت بھی نہیں ہے اسلئے یہ بھی نہیں کہا جا سکتا کہ اشارہ کے طور پر انکو امام بنایا، اسلئے یہ لوگ صرف اپنا امام بنیں گے اور اپنی نماز پوری کریں گے، مرد کا امام نہیں بن سکیں گے، اور جب مرد کا امام نہیں

بنے تو اسکی نماز بھی فاسد نہیں ہوگی۔

**وجه** : اس اثر میں ہے کہ امام نے کسی کو امام نہیں بنایا تو ہر آدمی اپنا اپنا امام بنے گا دوسرے کا نہیں .عن الزهری أن معاوية صلی بالناس فرکع ، ثم طعن و هو ساجد أو راکع ، فسلم ثم قال :أتموا صلوتکم فصلی کل رجل لنفسه ، و لم يقدم احداً ۔(مصنف عبد الرزاق ، باب الامام یحدث فی صلوتہ ، ج ثانی ، ص ۳۵۶ ، نمبر ۳۶۸۷ سنن بیہقی باب الامام یخرج ولا یستخلف ، ج ثالث ، ص ۱۶۲ ، نمبر ۵۲۵۹ ) اس اثر میں ہے کہ حضرت معاویہؓ نے کسی کو خلیفہ نہیں بنایا بلکہ خود بخود ہر ایک اپنا اپنا امام بن گئے۔

**اصول** : امام بننے کی صلاحیت ہوتو خود سابق امام کا امام بن جائے گا۔ اور امام بننے کی صلاحیت نہ ہوتو سابق امام کا امام نہیں بن سکے گا۔

## ﴿باب مایفسد الصلوٰة وما یکره فیها﴾

(۴۰۱) ومن تکلم فی صلاته عامدا اوساهیا بطلت صلاته ﴾ ۱ خلافا للشافعیؒ فی الخطأ والنسیان ومفزعه الحدیث المعروف.

## ﴿باب مایفسد الصلوۃ﴾

**ترجمہ**: (۴۰۱) اگرنماز میں بھول کر بات کی یا جان کر بات کی تو نماز باطل ہوجائے گی۔

**تشریح**: نماز میں بھول کر بات کی یا جان کر بات کی دونوں صورتوں میں نماز باطل ہوجائے گی اب اس پر بناء بھی نہیں کرسکتا دوبارہ شروع سے نماز پڑھنی ہوگی۔

**وجہ**: (۱) حدیث میں ہے عن زید بن ارقم قال کنا نتکلم فی الصلوۃ ،یکلم الرجل صاحبه وهوالی جنبه فی الصلوة حتی نزلت ﴿وقوموا لله قانتین ﴾(آیت ۲۳۸ ، سورۃ البقرۃ ۲) فامرنا بالسکوت ونهینا عن الکلام (مسلم شریف، باب تحریم الکلام فی الصلوۃ ونسخ ما کان من اباحتہ ص۲۰۴ نمبر ۵۳۹/۱۲۰۳/ابوداؤد شریف، باب النہی عن الکلام فی الصلوۃ ص۱۴۴ نمبر ۹۴۹/ترمذی شریف، باب فی نسخ الکلام فی الصلوۃ ص۹۲ نمبر ۴۰۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز میں کلام کرنا جائز نہیں ہے۔(۲) اور چونکہ نماز کی حالت نماز کو یاد کرنے کی حالت ہے اس لئے اس میں بھول کر کلام کرنا بھی نماز کو فاسد کرے گا۔ چنانچہ دوسری حدیث میں اس کا اشارہ موجود ہے۔ یہ صاحب ھدایہ کی پیش کردہ حدیث بھی ہے۔ عن معاویة بن حکم السلمی قال بینا انا اصلی مع رسول الله ﷺ ... ثم قال ان هذه الصلوۃ لا یصلح فیها شیء من کلام الناس انما هو التسبیح والتکبیر وقراءة القرآن (مسلم شریف، باب تحریم الکلام فی الصلوۃ ونسخ ما کان من اباحتہ ص۲۰۳ نمبر ۵۳۷/۱۱۹۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز لوگوں کے کلام کی کچھ بھی صلاحیت نہیں رکھتی۔ اس سے معلوم ہوا کہ بھول کر بولنا بھی نماز کو فاسد کرے گا۔(۳) عن عبد الله بن مسعود ، و هذا حدیث القاسم قال : کنت آتیا النبی ﷺ ....فقال : ان الله عز و جل یعنی احدث فی الصلوة أن لا تکلموا الا بذکر الله ، و ما ینبغی لکم ، و أن تقوموا لله قانتین . (نسائی شریف، باب الکلام فی الصلوۃ، ص ۱۷۰، نمبر ۱۲۲۱) اس حدیث میں ہے کہ اللہ کے ذکر کے علاوہ کوئی بات نہ کرے۔ اسلئے جان کر اور بھول کر دونوں قسم کی باتوں سے نماز فاسد ہوجائے گی۔ (۴) اثر میں ہے۔ عن الحسن و قتادة و حماد قالوا فی رجل سها فی صلوته فتکلم قالوا : یعید صلوته ۔(مصنف عبدالرزاق، باب الکلام فی الصلوۃ، ج ثانی، ص ۳۳۱، نمبر ۳۵۷۳) اس اثر سے معلوم ہوا کہ بھول کر بھی بولے گا تو نماز باطل ہوجائے گی دوبارہ نماز پڑھے۔

**ترجمہ**: ۱ خلاف امام شافعیؒ کے خطاء اور بھول کے اندر، اور انکی دلیل مشہور حدیث ہے۔

**تشریح** : جان کرنماز میں بات کرے تو انکے یہاں بھی نماز باطل ہوتی ہے لیکن اگر بھول کر یا غلطی سے نماز میں بات کر لے تو انکے یہاں نماز فاسد نہیں ہوتی۔موسوعۃ میں عبارت یہ ہے۔قال الشافعیؒ : فبھذا کلہ نأخذ، فنقول : ان حتماً أن لا یعمد أحد للکلام فی الصلوۃ و ھو ذاکر لانہ فیھا فان فعل انتقضت صلوتہ ، و کان علیہ أن یستأنف صلاۃ غیرھا . (موسوعۃ نمبر۱۴۹۰)قال الشافعیؒ : ومن تکلم فی الصلوۃ و ھو یری أنہ قد اکملھا أو نسی أنہ فی الصلوۃ فتکلم فیھا بنی علی صلوتہ و سجد للسھو ۔(موسوعۃ للشافعیؒ، باب الکلام فی الصلوۃ، ج ثانی، ص ۲۰۸، نمبر ۱۴۹۱) اس عبارت میں ہے کہ جان کرنماز میں بات کی تو فاسد ہوگی اور اگر اسے یاد نہیں ہے کہ میں نماز میں ہوں اور بات کر لی تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**وجہ**: امام شافعیؒ کے نزدیک بھول کر کلام کرنے سے اور امام مالکؒ کے نزدیک اصلاح نماز کے لئے کلام کرنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی ہے۔اسکی وجہ یہ حدیث ہے جسکی طرف صاحب ھدایہ نے اشارہ کیا ہے ۔(۱) عن ابی ذر الغفاری قال قال رسول اللہ ﷺ ان اللہ تجاوز لی عن امتی الخطأ ، و النسیان،و ما استکرھوا علیہ ۔(ابن ماجہ شریف، باب طلاق المکرہ والناسی، ص ۲۹۳، نمبر ۲۰۴۳) اس حدیث میں ہے کہ میری امت سے غلطی سے اور بھول سے کوئی بات ہوگئی ہو تو اسکو معاف کر دئے ہیں اسلئے غلطی سے بات کی ہو یا بھول سے بات کی ہو تو اس سے نماز نہیں ٹوٹے گی۔(۲)عن ابی ھریرۃ أن رسول اللہ ﷺ انصرف من اثنتین ، فقال لہ ذو الیدین : أقصرت الصلوۃ أم نسیت یا رسول اللہ ؟ فقال رسول اللہ ﷺ : أصدق ذو الیدین ؟ فقال الناس : نعم ، فقام رسول اللہ ﷺ فصلی اثنتین أخریین ، ثم سلم ، ثم کبر ، فسجد مثل سجودہ أو اطول ۔(بخاری شریف، باب ھل یأخذ الامام اذا شک بقول الناس؟ ص ۹۹، نمبر ۷۱۴/ ابوداود شریف، باب السھو فی السجدتین، ص ۱۵۳، نمبر ۱۰۰۸) اس حدیث میں ہے کہ بات کرنے کے بعد دو رکعتیں پڑھی جس سے معلوم ہوا کہ بھول کر بات کرنے سے یا اصلاح کے لئے بات کرنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی ہے۔(۳) ان کی دلیل یہ لمبی حدیث ہے جس کا ایک ٹکڑا یہاں نقل کرتا ہوں۔عن عبد اللہ قال صلی رسول اللہ ﷺ فزاد او نقص قال ابراھیم الوھم منی فقیل یا رسول اللہ انہ ازید فی الصلوۃ شیء ؟ فقال انما انا بشر مثلکم انسی کما تنسون فاذا نسی احدکم فلیسجد سجدتین وھو جالس ثم تحول رسول اللہ فسجد سجدتین (مسلم شریف، فصل من صلی خمسا اونحوہ فلیسجد سجدتین وکلام الناس للصلوۃ والذی یظن انہ لیس فیھا لا یبطلھا ص ۲۱۳ نمبر ۱۲۸۵/۵۷۲/ ترمذی شریف، باب ما جاء فی سجدتی السھو بعد السلام والکلام ص ۹۰ نمبر ۳۹۳) اس حدیث میں اصلاح نماز کے لئے یا بھول کر آپ نے کلام کیا ہے پھر سجدۂ سہو کر کے نماز پوری کی ہے اس لئے امام شافعی فرماتے ہیں کہ بھول کر یا اصلاح نماز کے لئے کلام کیا ہو تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**ہمارا جواب** :ہم کہتے ہیں کہ خود ترمذی اور مسلم نے باب باندھ کر بتایا ہے کہ کلام کرنا اب منسوخ ہو چکا ہے جیسا بھی

۲ ولنا قوله علیه السلام ان صلاتنا هذه لایصلح فیها شئ من کلام الناس وانما هی التسبیح والتهلیل وقراءة القرآن ۳ وما رواه محمول علیٰ رفع الاثم ۴ بخلاف السلام ساهیا لانه من الاذکار فیعتبر ذکرا فی حالة النسیان وکلامًا فی حالة التعمد لما فیه ,کاف، الخطاب

ہو۔اشارے سے سلام کا جواب دینے کی ممانعت اس حدیث میں ہے۔ عن جابر بن سمرة قال کنا اذا صلینا مع رسول الله ﷺ قلنا السلام علیکم ورحمة الله ،السلام علیکم ورحمة الله واشار بیده الی الجانبین فقال رسول الله ﷺ علام تؤمون بایدیکم کانها اذناب خیل شمس انما یکفی احدکم ای یضع یده علی فخذه ثم یسلم علی اخیه من علی یمینه و شماله۔(مسلم شریف، باب الامر بالسکون فی الصلوۃ والنہی عن الاشارۃ بیدہ الخ ص ۱۸۱ نمبر ۴۳۱/۹۷۰ رابو داؤد شریف، باب رد السلام فی الصلوۃ ص ۱۴۰ نمبر ۹۲۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ہاتھ کے اشارے سے بھی سلام کا جواب نہیں دینا چاہئے ۔

**ترجمه**: ۲ اور ہماری دلیل حضور علیہ السلام کا قول: کہ ہماری یہ نماز انسان کے کلام کی صلاحیت نہیں رکھتی ،نماز صرف تسبیح تھلیل ،اور قرأت قرآن کا نام ہے۔ یہ حدیث اوپر گزر گئی ۔عن معاویة بن حکم السلمی قال بینا انا اصلی مع رسول الله ﷺ ... ثم قال ان هذه الصلوة لا یصلح فیها شیء من کلام الناس انما هو التسبیح والتکبیر وقراءة القرآن (مسلم شریف، باب تحریم الکلام فی الصلوۃ ونسخ ما کان من اباحتہ ص ۲۰۳ نمبر ۵۳۷/۱۱۹۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز لوگوں کے کلام کی کچھ بھی صلاحیت نہیں رکھتی۔

**ترجمه**: ۳ اور جو امام شافعیؒ نے حدیث پیش کی اسکا مطلب یہ ہے کہ وہ گناہ کے نہ ہونے پر محمول ہے۔

**تشریح**: حضرت امام شافعیؒ نے حدیث پیش کی تھی جس میں تھا کہ میری امت سے خطاء اور نسیان اٹھالی گئی ہے۔ اسکا جواب دے رہے ہیں کہ اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ آخرت میں خطاء اور نسیان کی سزا نہیں ہوگی اور اسکا گناہ نہیں ہوگا، لیکن دنیا میں اسکا اثر ہوگا، اور غلطی سے کسی نے نماز میں بات کی یا بھول کر کسی نے بات کی تو نماز ٹوٹ جائے گی، کیونکہ حدیث میں یہی ہے۔

**ترجمه**: ۴ بخلاف بھول کر سلام کے اسلئے کہ وہ ذکر میں سے ہے، اسلئے بھول کی حالت میں سلام کو ذکر سمجھا جائے گا اور جان کر سلام کرنے کی حالت میں اسکو کلام سمجھا جائے گا، اسلئے کہ ,اسلام علیکم، میں ,کم، خطاب کا صیغہ ہے۔

**تشریح**: یہ ایک مسئلے کی وضاحت ہے۔ مسئلہ نمبر ۳۹۳ میں گزرا کہ سلام سے نماز فاسد نہیں ہوگی۔ مسئلہ یہ ہے کہ نماز کے درمیان السلام علیکم، جان کر کہے تو نماز فاسد ہوگی اور اگر بھول کر ,السلام علیکم، کہے تو نماز فاسد نہیں ہوگی ۔ پس اگر یہ کلام ہے تو جان کر اور بھول کر دونوں صورتوں میں نماز فاسد ہونی چاہئے ،اور اگر ذکر ہے تو جان کر بولنے سے بھی نماز فاسد نہیں ہونی چاہئے۔ اسلئے اسکی

(۴۰۲) فان أنَّ فیها اوتاوَّہ اوبکی فارتفع بکاؤہ فان کان من ذکر الجنة اوالنار لم یقطعها ﴾ لانه یدل علیٰ زیادة الخشوع وان کان من وجع اومصیبة قطعها﴾

وضاحت فرماتے ہیں کہ السلام علیک ایھا النبی ،التحیات میں ہے اسلئے یہ ذکر ہے،اسلئے بھول کرنماز میں بولے گاتو نماز فاسد نہیں ہوگی۔اوراس میں ،کم ،کا صیغہ بھی ہے جوانسان سے خطاب ہے اسلئے جانکر بولے گاتو نماز فاسد ہوجائے گی،اس وقت یہ انسانی کلام کے مشابہ ہوجائے گا۔

**وجه** : حدیث میں یہ بھی ہے کہ نماز میں سلام کرنے سے منع فرمایا،حدیث یہ ہے۔عن ابی هریرة عن النبی ﷺ قال : لا غرار فی الصلوة و لا تسلیم . (ابوداود شریف،باب رد السلام فی الصلوة،ص ۱۴۱،نمبر ۹۲۸) اس حدیث میں ہے کہ نماز میں سلام نہیں ہے،اس حدیث کی وجہ سے ہم کہتے ہیں کہ اگر جان کر سلام کیا تو نماز ٹوٹ جائے گی۔اور حدیث میں یہ بھی ہے کہ آپ نماز ہی میں سلام کا جواب دیا کرتے تھے۔حدیث یہ ہے۔عن صهیب انه قال : مررت برسول الله ﷺ و هو یصلی فسلمتُ علیه ، فرد اشارة ، قال : و لا أعلمه الا قال اشارة باصبعه ، و هذا لفظ حدیث قتیبة۔(ابوداود شریف، باب رد السلام فی الصلوة،ص ۱۴۱،نمبر ۹۲۸) اس حدیث میں ہے کہ آپ ﷺ اشارے سے سلام کا جواب دیتے تھے،اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں کہ بھول کر سلام کردیا تو نماز نہیں ٹوٹے گی۔سلام کے بارے میں حنفیہ نے دونوں حدیثوں پر عمل فرمایا۔

**لغت** : تکلم : کلام سے مشتق ہے،جس آواز میں حرف ہو اوراس سے کوئی مراد سمجھ میں آتی ہو تو اسکو کلام کہتے ہیں۔بعض مرتبہ ایک حرف کا بھی کلام ہوجاتا ہے جیسے ,ق، بچو،اس سے بچنے کا مفہوم سمجھ میں آتا ہے اسلئے یہ بھی کلام ہے۔عامداً : جان کر۔ساھیاً : سہو سے مشتق ہے،بھول کر کلام کرنا خطاء : غلطی سے،نسیان : بھول کر۔مفزعہ : فزع سے مشتق ہے ، پناہ لینے کی جگہ، یہاں مراد ہے استدلال کرنے کی چیز۔اثم : گناہ۔

**ترجمه** : (۴۰۲) اگر نماز میں کوئی کراہا، یا آہ کیا، یا رودیا اوراسکا رونا بلند ہوا، پس اگر یہ جنت یا جہنم کے ذکر سے ہوا تو نماز نہیں ٹوٹے گی۔ اسلئے کہ یہ خشوع کی زیادتی پر دلالت کرتی ہے۔اوراگر کسی درد یا مصیبت کی وجہ سے ہوا تو نماز ٹوٹ جائے گی۔

**تشریح** : نماز میں کراہنا، یا آہ، آہ کرنا، یا رونا اگر آہستہ سے ہے جس میں آواز نہ نکلے اور حروف پیدا نہ ہو تو اس سے نماز نہیں ٹوٹے گی۔کیونکہ بات کرنے سے اور حروف پیدا ہونے سے نماز ٹوٹتی ہے اس سے پہلے نہیں۔اسکی دلیل مسئلہ نمبر ۴۰۱ میں گزر چکی ہے ۔اوراگر ایسی آواز نکلی جس میں حروف بھی پیدا ہوگئے۔پس اگر رونے کی وجہ سے یہ آواز جنت یا جہنم کی یاد کی وجہ سے ہوئی ہے تب بھی نماز نہیں ٹوٹے گی ، کیونکہ اس سے تو پتہ چلتا ہے کہ نماز میں خشوع اور خضوع بہت زیادہ ہوا جسکی وجہ سے آدمی رو پڑا ، اور نماز میں خشوع خضوع مطلوب ہے اسلئے نماز نہیں ٹوٹے گی۔اوراگر درد اور مصیبت کی وجہ سے رویا اور آواز اور حروف نکل گئے تو نماز ٹوٹ

۱ لان فيه اظهار الجزع والتاسف فكان من كلام الناس

---

جائے گی۔

**وجہ** : (۱) آیت میں ہے کہ مومن کے سامنے رحمٰن کی آیتیں پڑھی جاتیں ہیں تو وہ سجدہ کرتے ہوئے رو پڑتے ہیں، جس سے معلوم ہوا کہ سجدے میں خشوع سے رو پڑے تو نماز نہیں ٹوٹے گی۔ آیت یہ ہے۔ اذا تتلی علیھم آیات الرحمن خروا سجداً و بکیاً ۔ (آیت نمبر ۵۸، سورۃ مریم ۱۹) (۲) حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ نماز میں رویا کرتے تھے۔ حدیث یہ ہے۔ عن مطرف عن ابیه قال رأیتُ رسول الله ﷺ یصلی و فی صدرہ أزیز کأزیز الرحی من البکاء ﷺ . (ابو داود شریف، باب البکاء فی الصلوۃ، ص ۱۳۸، نمبر ۹۰۴) اس حدیث میں ہے کہ حضور نماز میں رویا کرتے تھے اور یہ جنت یا جہنم کی یاد سے رونا ہوتا تھا اسلئے اس سے نماز نہیں ٹوٹتی تھی۔ (۳) حضرت ابوبکرؓ کے بارے میں حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ وہ نماز میں اتنا روئیں گے کے لوگ انکی قرأت بھی نہ سن سکیں گے۔ حدیث کا ٹکڑا یہ ہے۔ عن عائشة ام المؤمنین .... قالت عائشة : قلتُ ان ابا بکر اذا قام فی مقامک لم یسمع الناس من البکاء فمر عمر فلیصل . (بخاری شریف، ما یکرہ من التعمق والتنازع فی العلم والغلو فی الدین والبدع، ص ۱۲۵۵، نمبر ۷۳۰۲) اس حدیث میں ہے کہ حضرت ابوبکر اتنے روئیں گے کے لوگ انکی قرأت بھی نہ سن پائیں گے، اور یہ خشوع کی وجہ سے تھا اسلئے نماز نہیں ٹوٹے گی (۵) اس حدیث میں ہے کہ نماز کسوف میں خوف خدا سے اُف اُف نکل گیا پھر بھی نماز نہیں ٹوٹی۔ حدیث یہ ہے۔ عن عبد الله بن عمر قال : انکسفت الشمس علی عھد رسول الله ﷺ فقام رسول الله ﷺ لم یکد یرکع .... ثم نفخ فی آخر سجودہ فقال (( أف أف ))( ابوداود شریف، باب من قال یرکع رکعتین [فی صلوۃ الکسوف] ص ۱۷۸، نمبر ۱۱۹۴) اس حدیث میں ہے کہ اُف اُف کہا لیکن چونکہ یہ آواز خوف خدا کی وجہ سے تھی اسلئے اس سے نماز نہیں ٹوٹی۔

اور درد یا مصیبت کی وجہ سے رویا اور آواز نکل گئی اور حروف بھی نکل گئے تو یہ بات اور کلام کے درجے میں ہے اس لئے اس سے نماز ٹوٹ جائے گی، کیونکہ پہلے گزر چکا ہے کہ نماز میں بات کرنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔

**ترجمہ** : ۱ اسلئے کہ اس میں گھبراہٹ اور افسوس کا اظہار کرنا ہے تو یہ کلام الناس میں سے ہو گیا۔ [اسلئے اس سے نماز ٹوٹ جائے گی]

**تشریح** : یعنی اگر درد یا مصیبت کی وجہ سے رویا اور آواز نکل گئی اور اس میں حروف بھی نکل گئے تو اس سے نماز ٹوٹ جائے گی اب دوبارہ شروع سے نماز پڑھے۔ اس لئے کہ یہ انسانی کلام ہو گیا۔ اور پہلے گزر چکا ہے کہ انسانی کلام سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔

۲ وعن ابی یوسفؒ ان قوله اه لم یفسد فی الحالین واوه یفسد وقیل الاصل عنده ان الکلمة اذا اشتملت علیٰ حرفین وهما زائدتان اواحدهما لاتفسدوان کانتا اصلیتین تفسد ۳ وحروف الزوائد جمعوها فی قولهم, الیوم تنساه، ۴ وهذا لایقوی لان کلام الناس فی متفاهم العرف یتبع وجود حروف الهجاء وافهام المعنی ویتحقق ذٰلک فی حروف کلها زوائد

**ترجمه**: ۲ حضرت امام ابو یوسفؒ سے منقول ہے کہ آدمی کا قول ,اہ، سے دونوں حالتوں [یعنی خشوع کی حالت اور مصیبت کی حالت] میں نماز نہیں ٹوٹے گی۔ اور ,اوہ، سے نماز فاسد ہو جائے گی۔ کہا گیا ہے کہ حضرت امام ابو یوسفؒ کے یہاں اصل قاعدہ یہ ہے کہ جملہ اگر دو حروف کا ہو اور دونوں حروف زوائد ہوں، یا دونوں میں سے ایک حرف زائد ہو اور ایک حرف صحیح ہو تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔ اور اگر جملہ کا دونوں حروف اصلی ہوں تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

**تشریح**: حضرت امام ابو یوسفؒ کے یہاں یہ قاعدہ بیان کیا جاتا ہے کہ [۱] اگر جملہ دو حروف کا ہو اور دونوں حروف زائد ہوں [۲] یا ایک حرف زائد ہو اور ایک حرف اصلی ہو تو نماز میں اس جملے کے نکلنے سے نماز فاسد نہیں ہوگی [۳] اور جملے کے دونوں حروف اصلی ہوں تو نماز فاسد ہو جائے گی [۴] اور اگر جملہ تین حروف کا ہو چاہے وہ اصلی ہو یا زائد ہو تو اس کے نکلنے سے نماز فاسد ہو جائے گی۔ اسکی دلیل یہ بتاتے ہیں کہ۔ کلام عرب میں تین حروف سے جملہ بنتا ہے، اسلئے تین حروف زائد ہوں یا اصلی اس سے جملہ بن جائے گا اور نماز میں اسکے نکلنے سے نماز ٹوٹ جائے گی۔ اور دو حروف اصلی ہوں تو بھی تین حروف کے درجے میں ہیں اسلئے انکے نکلنے سے بھی نماز ٹوٹ جائے گی۔ اور دونوں حروف زائد ہوں یا ایک حرف زائد اور ایک حرف اصلی ہو تو چونکہ زائد کا اعتبار نہیں ہے اسلئے جملہ نہیں بنا اسلئے اسکے نکلنے سے نماز فاسد نہیں ہوگی۔ اس قاعدے کے اعتبار سے ,اہ، میں دو حروف ہیں اور دونوں حروف زائد ہیں اسلئے جملہ نہیں بنا اسلئے اسکے نکلنے سے نماز فاسد نہیں ہوگی، اور ,اوہ، میں تین حروف ہیں اگر چہ وہ تینوں حروف زائد ہیں مگر ان سے جملہ بن گیا اسلئے اسکے نکلنے سے نماز فاسد ہو جائے گی۔

**ترجمه**: ۳ حروف زوائد کو جمع کیا لوگوں کا قول ,الیوم تنساہ، میں۔

**تشریح**: جن حروف سے کلام عرب کے جملے بنتے ہیں ان حروف میں سے دس حرفوں کو زوائد کہتے ہیں، اور باقی حروف اصلی ہیں، ان دس حرفوں کو اوپر کا جملہ , الیوم تنساہ، میں جمع کر دیا گیا ہے وہ حروف یہ ہیں اَ، ل، ی، و، م، ت، ن، س، ا، ہ۔ ان دس حرفوں کو حروف زوائد کہتے ہیں۔

**ترجمه**: ۴ لیکن یہ قاعدہ کوئی مضبوط نہیں ہے، اسلئے کہ لوگوں کا کلام عرف میں تابع ہے حروف ھجاء کے پائے جانے میں اور معنی کے سمجھنے میں، اور یہ تمام حروف زوائد ہوں تب بھی متحقق ہو جائے گا۔

(۴۰۳) وان تنحنح بغير عذر﴾بان لم يكن مدفوعًا اليه وحصل به الحروف ينبغى ان يفسد عندهما وان كان بعذر فهو عفو كالعطاس والجشاء﴾اذا حصل به حروف

**تشریح** : حضرت امام ابو یوسفؒ نے جو قاعدہ بیان فرمایا اسکے بارے میں فرماتے ہیں کہ یہ قاعدہ مضبوط نہیں ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ کلام الناس دو باتوں سے بنتا ہے [۱] ایک تو یہ کہ ہجے والے حروف ہوں یعنی الف، ب، ت، وغیرہ حروف ہوں اور [۲] دوسری بات یہ ہے کہ اس سے کوئی مفہوم سمجھ میں آتا ہو تب اسکو کلام الناس کہیں گے چاہے تمام حروف حروف زوائد ہوں یا زوائد نہ ہوں ، چنانچہ کسی نے نماز میں الیوم تنساہ ، کہا، اب اس میں تمام حروف زوائد ہیں لیکن اس میں مبتداء اور خبر ہے اور پورا جملہ ہے اور اسکا معنی بھی سمجھ میں آتا ہے اسلئے یہ کلام الناس ہو جائیگا اور نماز بھی فاسد ہو جائے گی۔

صاحب نہایہ نے فرمایا کہ حضرت امام ابو یوسفؒ نے یہ فرمایا ہے کہ جملہ دو حروف سے زائد کا ہو تو تمام حروف زوائد ہوں تب بھی جملہ پورا ہو جاتا ہے اور اس سے نماز فاسد ہو جائے گی، اور الیوم تنساہ، میں تو تین حروف سے زائد ہیں اسلئے اس سے بدرجہ اولی جملہ پورا ہو جائے گا اسلئے صاحب ھدایہ کا اعتراض صحیح نہیں ہے۔

**لغت** : انّ: انین سے مشتق ہے، رونا۔ تاوّہ: اوہ، اوہ، کرنا۔ وجع: درد۔ الیوم تنساہ: آج تم اسکو بھول چکے ہو۔ حروف الھجاء: ا، ب، ت، ث، وغیرہ تمام حروف کو حروف ھجاء کہتے ہیں، جن سے جملے بنتے ہیں۔

**ترجمہ** : (۴۰۳) اگر بغیر عذر کے کھنکھارا۔ حالانکہ اسکو کھنکھارنے کی مجبوری نہیں تھی، اور اس سے حروف پیدا ہو گئے تو مناسب یہ ہے کہ امام محمد اور امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک نماز فاسد ہو جائے۔ اور اگر عذر کی وجہ سے ہو تو وہ معاف ہے۔ جیسے چھینکنے اور ڈکار سے حروف پیدا ہو جائے تو معاف ہے۔

**تشریح** : عذر کی وجہ سے کھنکھارا تو تینوں اماموں کے نزدیک اس سے نماز فاسد نہیں ہوگی، وہ معاف ہے، جس طرح چھینک آجائے اور اس سے حروف پیدا ہو جائے تو اس سے نماز نہیں ٹوٹے گی، یا ڈکار آجائے اور اس سے آواز پیدا ہو جائے تو اس سے نماز نہیں ٹوٹے گی۔ اور اگر کھنکھارنے کی مجبوری نہیں تھی، اور نہ اسکی ضرورت تھی پھر بھی کھنکھار لیا اور آواز پیدا ہو گئی تو امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک مناسب یہ معلوم ہوتا ہے کہ نماز فاسد ہو جائے۔

**وجہ** : (۱) مجبوری کی وجہ سے نماز فاسد نہیں ہوگی اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن عبد الله بن عمر قال : انكسفت الشمس على عهد رسول الله ﷺ فقام رسول الله ﷺ لم يكد يركع .... ثم نفخ فى آخر سجوده فقال (( أف أف )) (ابو داود شریف، باب من قال یرکع رکعتین [ فی صلوۃ الکسوف ] ص ۱۷۸، نمبر ۱۱۹۴) اس حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ نے نماز میں پھونک ماری لیکن یہ مجبوری کی وجہ سے تھی اسلئے نماز فاسد نہیں ہوئی اسی پر قیاس کرتے ہوئے مجبوری کے درجے

(۴۰۴) ومن عطس فقال لهٗ اٰخر یرحمک اللّٰہ وھو فی الصلوٰۃ فسدت صلاتہ﴾ ۱ لانہ یجری فی مخاطبات الناس فکان من کلامھم بخلاف ما اذا قال العاطس او السامع الحمدللّٰہ علی ماقالوا لانہ لم یتعارف جوابًا

میں کھنکھارا تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔

اور بغیر مجبوری کے ہو تو یہ بات اور کلام کے درجے میں ہے اسلئے اس سے نماز فاسد ہو جائے گی۔ اثر یہ ہے۔ سمع ابن عباس یقول : من نفخ فی الصلوۃ فقد تکلم۔ (مصنف عبدالرزاق، باب النفخ فی الصلوۃ، ج ثانی، ص ۱۸۹، نمبر ۳۰۱۷ رسنن بیہقی، باب ماجاء فی النفخ فی موضع السجود، ج ثانی، ص ۳۵۸، نمبر ۳۳۶۴) اس اثر میں ہے کہ نماز میں پھونک مارنا کلام کرنے کی طرح ہے یعنی جس طرح کلام کرنے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے اسی طرح پھونک مارنے سے بھی نماز فاسد ہو جائے گی، اور کھنکھارنا بھی پھونک مارنے کی طرح ہے اسلئے اگر بغیر مجبوری کے کھنکھارنے سے بھی حروف اور آواز نکل جائے جس سے کوئی بات سمجھ میں آتی ہو تو نماز فاسد ہو جائے گی، کیونکہ بات کرنے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے۔

**لغت** : تنحنح : کھنکھارنا۔ عطاس: عطس سے مشتق ہے، چھینکنا، یا چھینکنے کا جواب دینا۔ جشاء: ڈکار مارنا۔

**ترجمہ** : (۴۰۴) کسی کو چھینک آئی تو دوسرے نے اسکو یرحمک اللہ، کہا، اور وہ نماز میں تھا تو اسکی نماز فاسد ہو جائے گی۔

**تشریح** : کسی کو چھینک آئی تو دوسرے نے مخاطب کے صیغے کے ساتھ، یرحمک اللہ، کہا تو چونکہ اس میں خطاب کا صیغہ ہے اسلئے یہ جواب ہو گیا یہ ذکر نہیں رہا بلکہ کلام الناس ہو گیا اسلئے اس سے نماز فاسد ہو جائے گی۔ اور اگر ک، خطاب کا صیغہ نہیں ہوتا بلکہ صرف الحمدللہ ہوتا تو چونکہ وہ خطاب کا صیغہ نہیں ہے اور کلام الناس نہیں ہے اسلئے اس سے نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**وجہ** : (۱) عن معاویۃ بن حکم السلمی قال بینا انا اصلی مع رسول اللہ ﷺ اذ عطش رجل من القوم، فقلت : یرحمک اللہ ! فرمانی القوم بأبصارھم ... قال ان ھذہ الصلوۃ لا یصلح فیھا شیء من کلام الناس انما ھو التسبیح والتکبیر وقراءۃ القرآن (مسلم شریف، باب تحریم الکلام فی الصلوۃ ونسخ ما کان من اباحتہ ص ۲۰۴ نمبر ۵۳۷ ر ۱۱۹۹ رابوداود شریف، باب تشمیت العاطش فی الصلوۃ ص ۱۴۲، نمبر ۹۳۰) اس حدیث میں یرحمک اللہ، ک، خطاب کے ذریعہ سے چھینک کا جواب دیا تو صحابہ نے اسکا انکار کیا اور گھور کر دیکھنے لگے، اور حضور ؐ نے اسکو کلام شمار کرتے ہوئے فرمایا کہ نماز کلام کی صلاحیت نہیں رکھتی بلکہ ذکر کی چیز ہے، اس سے معلوم ہوا کہ خطاب کے ساتھ چھینک کا جواب دیا تو نماز فاسد ہوگی، اور ک، خطاب کے ساتھ جواب نہیں دیا تو اس جملے کو ذکر پر محمول کر کے نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**ترجمہ** : ۱ اسلئے کہ خطاب کا جملہ ہو تو وہ لوگوں کے مخاطبات میں جاری ہوتا ہے۔ بخلاف جبکہ چھینک کے جواب دینے والے

**(۴۰۵) وان استفتح ففتح علیه فی صلاته﴾ ۱؎ تفسد ومعناه ان یفتح المصلی علیٰ غیر امامه لانه تعلیم وتعلم فکان من کلام الناس**

---

مصلی نے، یا سننے والے مصلی نے صرف الحمد للہ، کہا تو مشائخ فرماتے ہیں کہ یہ جواب کے طور پر متعارف نہیں ہے [اسلئے نماز فاسد نہیں ہوگی]

**تشریح** : یرحمک اللہ، ک، خطاب کے ساتھ کہا تو یہ لوگوں کے ساتھ گفتگو ہے اسلئے یہ کلام الناس ہو گیا اسلئے نماز میں کہنے سے نماز فاسد ہو جائے گی۔ اور اگر بغیر ک، خطاب کے کہا تو یہ لوگوں میں جواب کے طور پر متعارف نہیں ہے اسلئے یہ ذکر ہو گیا، کلام الناس نہیں ہوا اسلئے نماز میں کہنے سے نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**ترجمه** : (۴۰۵) اگر اپنے امام کے علاوہ نے لقمہ مانگا اور اسکو اسکی نماز میں لقمہ دیا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

**تشریح**: کوئی آدمی نماز میں قرأت بھول گیا اور بار بار دہرانے سے بھی آیت یاد نہیں آرہی ہے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ چاہ رہا ہے کہ کوئی آدمی مجھے یہ آیت بتلائے، جسکو لقمہ مانگنا کہتے ہیں، اب دوسرا آدمی جو اسکا مقتدی نہیں تھا اسکو لقمہ دے دیا، تو جس نے لقمہ دیا اسکی بھی نماز فاسد ہو جائے گی، اور جس نے لقمہ قبول کیا اسکی بھی نماز فاسد ہو جائے گی۔

**وجه** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ لقمہ دینا تعلیم اور تعلم ہے، اور کلام کے درجے میں ہے، اور پہلے گزر چکا ہے کہ نماز میں کلام کرنے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے اسلئے لقمہ دینے اور لقمہ لینے سے نماز فاسد ہو جائے گی۔ اپنے امام کو لقمہ دینے سے نماز اسلئے فاسد نہیں ہوگی کہ اگر لقمہ نہیں دیگا تو خود مقتدی کی نماز خراب ہوگی اب اپنی نماز کو خرابی سے بچانے کے لئے لقمہ دینے کی گنجائش دی گئی ہے وہ بھی مجبوری کے درجے میں (۲)۔ **عن علیؓ قال قال رسول اللہ ﷺ : یا علی ! لا تفتح علی الامام فی الصلوۃ ۔** (ابوداود شریف، باب النھی عن التلقین، ص ۱۳۹، نمبر ۹۰۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ضرورت نہ ہو تو لقمہ نہیں دینا چاہئے۔ (۳) **أن علیا قال : لا تفتح علی الامام قوم و ھو یقرأ فانه کلام ۔** (مصنف عبد الرزاق، باب تلقین الامام، ج ثانی، ص ۱۴۱، نمبر ۲۸۲۱) اس اثر سے معلوم ہوا کہ لقمہ دینا کلام کرنے کے درجے میں ہے اسلئے بلا ضرورت لقمہ نہیں دینا چاہئے۔ اسی طرح اگر اپنا امام نہ ہو تب بھی لقمہ نہیں دینا چاہئے، کیونکہ دوسرے امام سے بات کرنے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے۔

**ترجمه** : ۱؎ اس عبارت کا معنی یہ ہے کہ نمازی اپنے امام کے علاوہ کو لقمہ دے [تو نماز فاسد ہوگی] اسلئے کہ یہ تعلیم لینا اور تعلیم دینا ہے تو یہ لوگوں کا کلام ہو گیا [اسلئے نماز فاسد ہوگی]

**تشریح** : چونکہ آگے کی عبارت میں آرہا ہے کہ اپنے امام کو لقمہ دینا جائز ہے، اسلئے متن کی مطلق عبارت کو مقید کر دیا کہ اپنے امام کے علاوہ کو لقمہ دینے میں نماز فاسد ہوگی۔ اسلئے کہ وہ کلام کے درجے میں ہے اور تعلیم دینا اور آیت کا تعلیم لینا ہے۔

۲ ثم شرط التکرار فی الاصل لانہ لیس من اعمال الصلوٰۃ فیعفی القلیل منہ ولم یشترط فی الجامع الصغیر لان الکلام بنفسہ قاطع وان قلّ (۴۰۶) وان فتح علیٰ امامہ لم یکن کلامًا استحسانا ل لانہ مضطر الیٰ اصلاح صلوتہ فکان ھذا من اعمال صلاتہ معنی

**ترجمہ** : ۲ پھر مبسوط میں تکرار کی شرط ہے، اسلئے کہ نماز کے اعمال میں سے ہے اسلئے تھوڑا معاف ہوگا۔ اور جامع صغیر میں تکرار کی شرط نہیں ہے، اسلئے کہ کلام خود نماز کو توڑنے والا ہے چاہے کم ہی کیوں نہ ہو۔

**تشریح** : یہاں سے امام محمدؒ کی کتاب مبسوط اور جامع صغیر کی عبارت میں فرق بیان کرر ہے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ مبسوط میں فرمایا کہ لقمہ دینے والا ایک بار لقمہ دے گا تو اسکی نماز فاسد نہیں ہوگی، بلکہ کئی بار دے گا تب نماز فاسد ہوگی، اسکی وجہ یہ ہے کہ لقمہ دینا ایک عمل ہے جو عمل

صلوۃ میں سے نہیں ہے، اور فعل اور عمل کا قاعدہ یہ ہے کہ اسکا تکرار ہوگا تب جا کر عمل کثیر ہوگا اور عمل کثیر سے نماز فاسد ہوگی، اور ایک مرتبہ لقمہ دینے سے عمل کثیر نہیں ہوا اسلئے اس سے نماز فاسد نہیں ہوگی۔ تھوڑے عمل کو معاف قرار دیا گیا ہے۔

اور جامع صغیر میں تکرار کی شرط نہیں ہے۔ اسکی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک مرتبہ بھی اپنے امام کے علاوہ کو لقمہ دے گا تو نماز فاسد ہوجائے گی۔ جامع صغیر کی عبارت یہ ہے۔ أو استفتح ففتح علیہ فی صلوتہ أو اجاب رجلا فی الصلاۃ بلا الہ الا اللہ فھذا کلام۔ (جامع صغیر، باب مایفسد الصلوۃ، ومالایفسدہ، ص ۹۳) اس عبارت میں ہے کہ ایک مرتبہ بھی لقمہ دیا تو وہ کلام کے درجے میں ہے اور تھوڑے کلام سے نماز فاسد ہوجاتی ہے اسلئے ایک مرتبہ بھی اپنے امام کے علاوہ کو لقمہ دیا تو نماز فاسد ہوجائے گی، اور اگر اس نے اس لقمہ کو قبول کیا تو اسکی بھی نماز فاسد ہوجائے گی۔ ۔حاصل یہ ہے کہ لقمہ دینا مبسوط میں عمل کے درجے میں ہے اور جامع صغیر میں کلام کے درجے میں ہے۔

**لغت** : استفتح : لقمہ مانگا۔ فتح : لقمہ دیا، آیت یاد دلایا۔

**ترجمہ** : (۴۰۶) اور اگر اپنے امام کو لقمہ دیا تو استحسان کے طور پر یہ کلام نہیں ہوگا۔

**ترجمہ** : ل اسلئے کہ اپنی نماز کی اصلاح کرنے میں مجبور ہے، اسلئے یہ معنوی طور پر اپنی ہی نماز کا عمل ہے۔

**تشریح** : اگر اپنے امام کو لقمہ دیا تو اس سے نماز فاسد نہیں ہوگی۔ قیاس کا تقاضہ تو یہ ہے کہ نماز فاسد ہوجائے کیونکہ لقمہ دینا کلام کے درجے میں ہے، لیکن استحسان کے طور پر نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**وجہ** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ امام کو لقمہ دے کر نماز درست کرائے گا تو خود مقتدی کی بھی نماز درست ہوجائے گی ورنہ تو اسکی نماز بھی خراب ہوگی اسلئے لقمہ دینا گویا کہ اپنی نماز کو ٹھیک رکھنا ہے اسلئے اپنی ہی نماز کی اصلاح ہوئی جسکے لئے یہ مجبور ہے اسلئے کلام ہونے کے

(۴۰۷) وينوى الفتح على امامه دون القراءة﴾ ل هو الصحيح لانه مرخص فيه وقراء ته ممنوع عنها (۴۰۸) ولو كان الامام انتقل الى اية اخرى تفسد صلوة الفاتح وتفسد صلوة الامام لو اخذ﴾ ل بقوله لوجود التلقين والتلقن من غير ضرورة

باوجود نماز نہیں ٹوٹے گی۔(۲) حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔عن المسور بن يزيد المالكي أن رسول الله ﷺ قال يحى ۔و ربما قال: شهدت رسول الله ﷺ يقرأ في الصلوة فترك شيئاً لم يقرأه، فقال له رجل : يا رسول الله! تركت آية كذا و كذا فقال رسول الله ﷺ :هلا ذكرتنيها ۔(ابوداود شریف،باب الفتح علی الامام فی الصلوۃ،ص ۱۳۹،نمبر ۹۰۷)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اپنا امام بھول جائے تو اسکو لقمہ دیا جا سکتا ہے۔(۳) اثر میں ہے کہ لقمہ مانگے تو لقمہ دے۔ عن ابی عبد الرحمن السلمی قال : اذا استطعمكم فأطعموه ، يقول اذا تعايا فردوا عليه. ( مصنف عبد الرزاق ، باب تلقینۃ الامام ، ج ثانی ،ص ۱۴۱ ،نمبر ۲۸۲۱ رسنن بیہقی ، باب اذا احصر الامام لقن ، ج ثالث ،ص ۳۰۰ ،نمبر ۵۷۹۲) اس اثر سے معلوم ہوا کہ لقمہ مانگے تو لقمہ دے ورنہ نہیں کیونکہ وہ کلام کے درجے میں ہے اسلئے بلاضرورت اسکا ارتکاب نہ کرے۔یہ اپنی نماز کی اصلاح کے لئے اتنی بھی گنجائش دے دی گئی ہے۔

**ترجمه**: (۴۰۷) اور اپنے امام کو لقمہ دینے کی نیت کرے قرأت کی نیت نہ کرے۔

**ترجمه** : ل یہی صحیح ہے،اسلئے کہ لقمہ دینے کی رخصت ہے اور قرأت تو ممنوع ہے۔

**تشريح** : لقمہ دینے والا لقمہ دینے کی نیت کرے اسلئے کہ حدیث میں لقمہ دینے کی اجازت ہے،قرأت کرنے کی نیت نہ کرے کیونکہ مقتدی کو امام کے پیچھے قرأت کرنے کی اجازت نہیں ہے۔تفصیل قرأت خلف الامام کی بحث میں گزر گئی۔

**ترجمه**: (۴۰۸) اور اگر امام دوسری آیت کی طرف منتقل ہو گیا تو لقمہ دینے والے کی نماز فاسد ہو جائے گی،اور اگر امام نے لقمہ دینے والے کی آیت کو لی تو امام کی نماز بھی فاسد ہو جائے گی۔

**ترجمه** : ل بغیر ضرورت کے مقتدی کے تلقین کرنے اور امام کے تلقین لینے کی وجہ سے۔

**تشريح** : امام آیت پڑھنے میں اٹک گیا لیکن لقمہ دینے سے پہلے دوسری آیت شروع کر دی،یا رکوع میں جانے لگا،اسکے بعد کسی نے لقمہ دیا تو اب لقمہ دینے والے کی نماز فاسد ہو جائے گی۔اور اگر اب امام نے لقمہ والی آیت کو لے لیا تو امام کی بھی نماز فاسد ہو جائے گی۔

**وجه** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ لقمہ دینا حقیقت میں بات کرنا ہے لیکن اپنی نماز کی اصلاح کے لئے ضرورت کے موقع پر اسکی اجازت دی گئی تھی،لیکن جب دوسری آیت شروع کر دی تو اب لقمہ کی ضرورت نہیں،اسلئے اب لقمہ دینا کلام ہوگا اور تعلیم اور تعلم ہوگا اسلئے اب

۲ وینبغی للمقتدی ان لایعجّل بالفتح ۳ ولـلامام ان لایلجئهم الیه بل یرکع اذا جاء اوانه اوینتقل الی اٰیة اخری (۴۰۹) فلـواجـاب فی الـصـلـوٰة رجلا بلا اله الا اللّٰه فهٰذا کلام مفسد عند ابی حنیفة ومحمدؒ وقال ابویوسفؒ لایکون مفسدا﴾

اس سے نماز فاسد ہو جائے گی۔ اور دوسری آیت کی طرف منتقل ہونے سے امام کو بھی لقمہ لینے کی ضرورت نہیں رہی اسلئے اب لقمہ لینے سے اسکی نماز فاسد ہو جائے گی۔ (۲) اثر میں ہے. عن ابن مسعود قال : اذا تعای الامام فلا تردد علیه فانه کلام. ( مصنف عبد الرزاق، باب تلقینۃ الامام، ج ثانی، ص ۱۴۲، نمبر ۲۸۲۳) اس اثر میں ہے کہ امام آیت پڑھنے سے رک جائے تو اسکو گھما پھرا کر لقمہ دینے کی کوشش مت کرو اسلئے کہ وہ کلام کے درجے میں ہے اور کلام سے نماز فاسد ہوتی ہے اسلئے اس سے بھی نماز فاسد ہو جائے گی۔

**نوٹ** : دوسری روایت یہ ہے کہ دوسری آیت کی طرف چلا گیا ہو پھر بھی اپنے امام کو لقمہ دینے سے نماز فاسد نہیں ہوگی۔ البتہ اب لقمہ دینا مکروہ ہے۔ اثر یہ ہے۔ عن ابراهیم قال : کانوا یکرهون أن یفتحوا علی الامام قال و قال مغیرة عن ابراهیم : اذا ترددت فی الآیة فجاوزها الی غیرها . (مصنف عبد الرزاق، باب تلقینۃ الامام، ج ثانی، ص ۱۴۲، نمبر ۲۸۲۴) اس آیت میں ہے کہ دوسری آیت کی طرف چلا گیا ہو تو اب لقمہ دینا مکروہ سمجھتے تھے۔

**ترجمہ** : ۲ مقتدی کے لئے مناسب ہے کہ لقمہ دینے میں جلدی نہ کرے۔

**تشریح** : امام بھول جائے تو لقمہ دینے میں جلدی نہ کرے بلکہ ضرورت پڑنے پر لقمہ مانگے تب لقمہ دے۔ اوپر گزر چکا ہے کہ لقمہ مانگے تب لقمہ دے ۔عن ابی عبد الرحمن السلمی قال : اذا استطعمکم فأطعموه ، یقول اذا تعایا فردوا علیه. ( مصنف عبد الرزاق، باب تلقینۃ الامام، ج ثانی، ص ۱۴۱، نمبر ۲۸۲۱ رسنن بیہقی، باب اذا احصر الامام لقن، ج ثالث، ص ۳۰۰، نمبر ۵۷۹۲ مصنف ابن ابی شیبۃ، نمبر ۴۷۹۴) اس اثر میں ہے کہ لقمہ مانگے تب لقمہ دو، اسلئے لقمہ دینے میں جلدی نہ کرو۔

**ترجمہ** : ۳ اور امام کے لئے مناسب یہ ہے کہ لوگوں کو لقمہ دینے پر مجبور نہ کرے بلکہ اگر وقت ہو گیا ہو [یعنی فرض قرأت کی مقدار پڑھ لیا ہو تو] رکوع کر لے، یا دوسری آیت کی طرف منتقل ہو جائے۔

**تشریح** : اگر فرض قرأت یعنی تین چھوٹی آیتیں، یا ایک بڑی آیت پڑھ چکا ہو تو اب رکوع کا وقت آگیا ہے اسلئے رکوع میں چلا جائے اور مقتدی کو لقمہ دینے پر مجبور نہ کرے، یا دوسری آیت شروع کر دے تا کہ لقمہ دینے کی ضرورت ہی نہ پڑے۔

**ترجمہ** : (۴۰۹) کسی آدمی نے نماز میں ,لا الہ الا اللہ، کے ذریعہ جواب دیا تو امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک یہ نماز کو توڑنے والا کلام ہے۔ اور امام ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ یہ جملہ نماز کو فاسد کرنے والا نہیں ہے۔

۱۔ وهذا الخلاف فيما اذا اراد به جوابه. ۲۔ له انه ثناء بصيغته فلا يتغير بعزيمته ۳۔ ولهما انه اخرج الكلام مخرج الجواب وهو يحتمله فيجعل جوابًا كالتشميت والاسترجاع على الخلاف فى الصحيح

---

**ترجمہ** : ۱۔ یہ اختلاف اس صورت میں ہے کہ اس جملے سے جواب کی نیت ہو۔

**تشریح** : یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ اللہ کا ذکر جواب کے طور پر کہا تو ذکر ہی شمار کیا جائے گا اور نماز فاسد نہیں ہوگی، یا جواب اور کلام الناس شمار کیا جائے گا اور نماز فاسد ہو جائے گی۔ اب، لا الہ الا اللہ، ذکر کے طور پر ہو تو کسی کے یہاں بھی اس کے کہنے سے نماز فاسد نہیں ہوگی، لیکن کسی نے پوچھا کہ کیا اللہ کے علاوہ کوئی معبود ہے؟ تو اسکے جواب میں ,لا الہ الا اللہ، کہا تو یہ سوال کے جواب کے طور پر ہے تو اس بارے میں اختلاف ہے، امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ یہ جملہ اگر چہ ذکر ہے لیکن جواب کا بھی احتمال ہے ،اور جواب ہی کی نیت سے بولا ہے اسلئے جواب پر محمول کیا جائے گا، اسلئے یہ کلام الناس ہو گیا اسلئے اس سے نماز فاسد ہو جائے گی ۔

**وجہ** : (۱) جس طرح آیت قرآنی لقمہ دینے کے لئے نہ پڑھے بلکہ جب لقمہ کی ضرورت نہ ہو تب پڑھے تو کلام الناس کی وجہ سے اور تعلیم اور تعلم کی وجہ سے نماز فاسد ہو جاتی ہے اسی طرح ذکر جواب کے طور پر کرے تو کلام الناس ہونے کی وجہ سے نماز فاسد ہو جائے گی۔

**ترجمہ** : ۲۔ امام ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ یہ جملہ صیغے کے اعتبار سے اللہ کی تعریف ہے اسلئے مصلی کے ارادے کی وجہ سے اسکی حقیقت نہیں بدلے گی۔

**تشریح** : حضرت امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ ,لا الہ الا اللہ، صیغے کے اعتبار سے اللہ کی تعریف ہے اسلئے صرف نیت کی وجہ سے اسکی حقیقت نہیں بدلے گی، وہ ذکر ہی رہے گا اسلئے اس سے نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**ترجمہ** : ۳۔ امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کی دلیل یہ ہے کہ ,لا الہ الا اللہ، کلام ہے اسلئے کہ وہ جواب کی جگہ پر دیا ہے، اور جواب کا احتمال بھی رکھتا ہے اسلئے جواب ہی کر دیا جائے گا [اور نماز فاسد ہو جائے گی] جیسے کہ چھینک کے جواب دینے سے اور انا للہ وانا الیہ راجعون، کے کہنے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ اس بارے میں بھی صحیح بات یہ ہے کہ اختلاف ہے۔

**تشریح** : طرفین کی دلیل یہ ہے کہ ,لا الہ الا اللہ ، یہاں جواب کے طور پر واقع ہوا ہے اور جواب بننے کی صلاحیت بھی ہے اسلئے اسکو جواب ہی شمار کیا جائے گا اور نماز فاسد ہو جائے گی۔ جس طرح چھینک کے جواب میں ,یرحمک اللہ، کہہ دے تو نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ اور کسی نے کہا کہ فلاں مر گیا تو اسکے جواب میں نماز ہی میں کہا ,انا للہ و انا الیہ راجعون ,تو اس سے نماز فاسد ہو جاتی ہے کیوں کہ یہ بھی جواب کے طور پر ہے۔۔ صحیح بات یہ ہے کہ اس بارے میں بھی اختلاف ہے اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک ان

(۴۱۰) وان ارادبه اعلامه انه فی الصلوة لم تفسد بالاجماع ﴾ لے لقوله علیه السلام اذا نابت احدکم نائبة فی الصلوة فلیسبّح (۴۱۱) ومن صلّی رکعة من الظهر ثم افتتح العصر او التطوع فقد نقض الظهر﴾ لے لانه صح شروعه فی غیره فیخرج عنه

جملوں کو بھی جواب کے طور پر کہا تو نماز فاسد نہیں ہوگی بلکہ ذکر ہی شمار کیا جائے گا۔

**ترجمہ**: (۴۱۰) اور اگر ان ذکروں کے کہنے سے اس بات کی اطلاع مقصود ہو کہ مصلی نماز میں ہے تو بالاتفاق نماز فاسد نہیں ہو گی۔

**ترجمہ**: لے حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ جب تمکو نماز میں کوئی واقعہ پیش آئے تو تسبیح پڑھ کر اطلاع دو۔

**تشریح**: لا الہ الا اللہ، یا کوئی ذکر اس لئے زور سے بولا کہ سامنے والے کو بتائے کہ میں نماز میں ہوں تو اس سے نماز فاسد نہیں ہو گی۔

**وجہ**: (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ اس صورت میں انسان سے خطاب نہیں ہے، اور کسی کا جواب بھی نہیں ہے بلکہ صرف اس بات کی اطلاع ہے کہ میں ابھی نماز میں ہوں، اسلئے یہ اصل کے اعتبار سے ذکر پر ہی رہے گا اور اس سے نماز فاسد نہیں ہوگی۔ (۲) حدیث میں ہے کہ اگر نماز میں کوئی واقعہ پیش آجائے تو تسبیح پڑھ کر اطلاع دو کہ میں نماز میں ہوں۔ حدیث یہ ہے۔ صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن سهل ابن سعد الساعدی: أن رسول الله ﷺ ذهب الی بنی عمرو بن عوف لیصلح بینهم .....من رابه شیء فی صلوته فلیسبح فانه اذا سبح التفت الیه و انما التصفیق للنساء. (بخاری شریف، باب من دخل لیؤم الناس الخ، ص ۹۵، نمبر ۶۸۴ رمسلم شریف، باب تقدیم الجماعة من یصلی بھم، ص ۱۷۹، نمبر ۴۲۱ر۹۴۹) اس حدیث میں ہے کہ تسبیح پڑھ کر اطلاع دے کہ میں نماز میں ہوں اسلئے تسبیح پڑھ کر اطلاع دینے سے نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: (۴۱۱) کسی نے مثلا ظہر کی ایک رکعت پڑھی پھر عصر شروع کر دی، یا نفل شروع کر دی تو ظہر کی نماز ٹوٹ گئی

**ترجمہ**: لے اسلئے کہ جب دوسرے کو شروع کرنا صحیح ہوا تو پہلی نماز سے نکل گیا۔

**تشریح**: کسی نے مثلا ظہر کی نماز شروع کی، ایک رکعت پڑھی تھی اسکے بعد اسکو چھوڑ کر عصر کی نماز شروع کر لی تو جب عصر کی نماز میں داخل ہو گیا تو ظہر کی ایک رکعت باطل ہو جائے گی۔

**وجہ**: (۱) کیونکہ اسکو چھوڑ کر دوسری نماز شروع کر دی تو دوسری نماز میں داخل ہونا اس وقت شمار کیا جائے گا جب پہلی نماز سے نکل جائے، اسلئے پہلی نماز باطل ہو جائے گی۔ (۲) اس حدیث میں اسکا اشارہ موجود ہے. کان معاذ یصلی مع النبی ﷺ ثم یرجع فیؤمنا ....ثم جاء یؤم قومه فقرأ البقرة، فاعتزل رجل من القوم فصلی، فقیل نافقت یا فلان! ۔(ابوداود

(۴۱۲) ولو افتتح الظهر بعد ماصلی منها فهی هی ویجتزئ بتلک الرکعة ﴾ لے لانه نوی الشروع فی عین ما هو فیه فلغت نیته وبقی المنوی علیٰ حاله (۴۱۳) واذا قرأ الامام من المصحف فسدت صلاته عند ابی حنیفة﴾

شریف، باب تخفیف الصلوۃ، ص ۱۲۳، نمبر ۷۰۹) اس حدیث میں ایک صحابی نماز سے نکل گئے، جس سے معلوم ہوا کہ آدمی نماز سے بالکل نکل جائے تو وہ نماز باطل ہو جاتی ہے۔

**ترجمہ:** (۴۱۲) کسی نے ظہر کی ایک رکعت شروع کرنے کے بعد پھر ظہر ہی کو شروع کیا تو وہ پہلی ہی ظہر ہے، اور وہ رکعت شمار کی جائے گی۔

**تشریح:** کسی نے مثلا ظہر کی ایک رکعت پڑھی پھر دوبارہ اسی ظہر کو شروع کیا اور درمیان میں نماز توڑنے والی حرکت نہیں کی تو پہلی نماز باطل نہیں ہوگی اور جو ایک رکعت پڑھی ہے وہ باقی رہے گی اب اسی پر بناء کر کے تین رکعت اور پڑھ لے، اور درمیان میں جو اگلی نماز کی نیت کی ہے وہ بیکار ہوگی اسکا کوئی اعتبار نہیں ہوگا۔

**وجہ:** (۱) اسلئے کہ جب پہلی ہی نماز دوبارہ شروع کی تو پہلی ہی نماز ہوئی اسلئے پہلی نماز باقی رہے گی۔ اور درمیان کی نیت بیکار ہو گی۔ (۲) اس حدیث میں اسکا ثبوت ہے (۲) عن ابی هريرة أن رسول الله ﷺ انصرف من اثنتين ، فقال له ذو اليدين : أقصرت الصلوة أم نسيت يا رسول الله ؟ فقال رسول الله ﷺ : أصدق ذو اليدين ؟ فقال الناس : نعم ، فقام رسول الله ﷺ فصلى اثنتين أخريين ، ثم سلم ، ثم كبر ، فسجد مثل سجوده أو اطول . (بخاری شریف، باب ھل یأخذ الامام اذا شک بقول الناس؟ ص ۹۹، نمبر ۷۱۴ / ابو داود شریف، باب السھو فی السجدتین، ص ۱۵۳، نمبر ۱۰۰۸) اس حدیث میں اسی نماز کو دوبارہ شروع فرمایا تو پہلی نماز باقی رہی۔ درمیان نماز میں بات کی اس سے نماز ٹوٹی یا نہیں اسکی بحث پہلے گزر چکی ہے۔

**ترجمہ:** لے اسلئے کہ اسی کو شروع کیا جس میں پہلے تھا اسلئے اسکی نیت بیکار جائے گی، اور جو پہلے نیت کی وہ باقی رہے گی۔

**تشریح:** جس نماز کو پہلے شروع کیا تھا اسی نماز کو دوبارہ شروع کیا اسلئے پہلی نماز باقی رہے گی۔ اور درمیان کی نیت لغو ہوگی۔

**ترجمہ:** (۴۱۳) امام نے قرآن سے دیکھ کر پڑھا تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک نماز فاسد ہو جائے گی، اور صاحبین نے فرمایا کہ نماز پوری ہوگئی۔

**تشریح:** امام نے قرآن دیکھ کر قرأت کی تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک نماز فاسد ہو جائے گی۔

**وجہ:** اسکی دو وجہ بیان فرماتے ہیں (۱) ایک وجہ یہ ہے کہ قرآن سے پڑھنا اس سے تلقین کرنا ہے، یعنی اس سے لقمہ لینا ہے اور اس

(۴۱۴) وقالا هي تامة ﴾

سے تعلیم اور تعلم کرنا ہے، اور پہلے گزر چکا ہے کہ اپنے مقتدی کے علاوہ سے لقمہ لینا صحیح نہیں ہے۔ حدیث یہ ہے۔ عن علیؓ قال قال رسول الله ﷺ : یا علی ! لا تفتح علی الامام فی الصلوة ۔ (ابوداود شریف، باب النهی عن التلقین ص ۱۳۹، نمبر ۹۰۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ضرورت نہ ہو تو لقمہ نہیں دینا چاہئے۔ (۲) أن علیا قال : لا تفتح علی الامام قوم و هو یقرأ فانه کلام۔ (مصنف عبد الرزاق، باب تلقینۃ الامام، ج ثانی ص ۱۴۱، نمبر ۲۸۲۱) اس اثر میں ہے کہ اپنے امام کے علاوہ کو لقمہ نہ دے کیونکہ وہ کلام کے درجے میں ہے، اور کلام سے نماز فاسد ہو جاتی ہے، اسلئے قرآن کو دیکھ کر قرأت کرنے سے نماز فاسد ہو جائے گی۔ اس صورت میں قرآن ہاتھ میں اٹھا کر پڑھے تب بھی نماز فاسد ہوگی، اور قرآن میز پر کھلا ہوا ہو اور پڑھ رہا ہو تب بھی نماز فاسد ہوگی، چاہے عمل کثیر ہو یا نہ ہو۔

(۲) دوسری وجہ یہ بیان فرماتے ہیں کہ قرآن میں نظر کرنا اور اسکے ورقوں کو پلٹنا یہ عمل کثیر ہے، اسلئے عمل کثیر سے نماز فاسد ہو جائے گی۔ اس صورت میں اگر قرآن میز پر سامنے رکھا ہوا ہو اور اسکے ورقوں کو پلٹنا نہ ہو صرف اسکو دیکھ کر قرأت کرے تو نماز فاسد نہیں ہونی چاہئے۔ (۳) عن رفاعة بن رافع أن رسول الله ﷺ بینما هو جالس فی المسجد یوما ....فان کان معک قرآن فاقرأ، و الا فاحمد الله و کبره و هلله ۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء فی وصف الصلوۃ، ص ۶۶، نمبر ۳۰۲)
(۴) عن عبد الله بن ابی أوفی قال : جاء رجل الی النبی ﷺ فقال : انی لا أستطیع أن أخذ من القرآن شیئاً فعلمنی ما یجزئنی منه فقال : قل سبحان الله و الحمد لله ۔ (ابوداود شریف، باب ما یجزی الامی والاعجمی من القراۃ، ص ۱۲۸، نمبر ۸۳۲) ان دونوں حدیثوں میں ہے۔

کہ قرآن زبانی یاد نہ ہو تو الحمد للہ پڑھو اور تکبیر وغیرہ کہہ کر نماز پوری کرو۔ یہاں آیت یاد نہ ہونے کی شکل میں تکبیر وغیرہ کہنے کے لئے کہا یہ نہیں کہا کہ قرآن دیکھ کر پڑھو جس سے معلوم ہوا قرآن دیکھ کر پڑھنا جائز نہیں ہے (۵) پھر قرآن کو دیکھ کر پڑھنا اہل کتاب کی مشابہت ہے، کیونکہ وہ اپنی کتاب یاد نہیں کرتے بلکہ کتاب کو دیکھ کر اپنی نماز میں پڑھتے ہیں۔ چنانچہ اثر میں اسکا تذکرہ ہے۔ عن ابراهیم قال : کانوا یکرهون أن یؤمهم و هو یقرأ فی المصحف، فیتشبهون بأهل الکتاب ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب الامام یقرأ فی المصحف، ج ثانی، ص ۴۱۹، نمبر ۳۹۲۷) اس اثر سے معلوم ہوا قرآن دیکھکر قرأت پڑھنا اہل کتاب کے مشابہ ہے اور مکروہ ہے۔ (۶) ایک بڑی حکمت یہ ہے کہ اگر قرآن دیکھ کر پڑھنے کی اجازت دے دی جائے تو کوئی بھی قرآن یاد نہیں کرے گا اور کوئی بھی حافظ نہیں بنے گا، اور قرآن کے ضائع ہونے کا خطرہ ہے، اسلئے اس خطرے سے بچانے کے لئے یہی مناسب ہے کہ قرآن کو دیکھ کر قرأت کرنے کی اجازت نہ دی جائے۔

**ترجمه** : (۴۱۴) اور صاحبین نے فرمایا کہ نماز پوری ہو جائے گی۔

۱ لانه عبادة انضافت الیٰ عبادة الا انه یکره ﴾ ۱ یشبه بصنع اهل الکتاب ۲ ولابی حنیفةؒ ان حمل المصحف والنظر فیه وتقلیب الاوراق عمل کثیر ۳ ولانه تلقن من المصحف فصار کما اذا تلقن من غیره ۴ وعلیٰ هٰذا لافرق بین المحمول والموضوع ۵ وعلی الاول یفترقان.

---

**ترجمه** : ۱ اسلئے کہ قرآن میں نظر کرنا عبادت ہے اور قرأت جیسی عبادت سے مل گئی [اسلئے نماز پوری ہو جائے گی] مگر یہ کہ مکروہ ہے اسلئے کہ اہل کتاب کے مشابہ ہے۔

**تشریح** : صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ قرآن کو دیکھ کر پڑھنے سے نماز فاسد نہیں ہوگی، البتہ یہ طریقہ اہل کتاب کا ہے اسلئے مکروہ ہے۔

**وجه** : (۱) وہ فرماتے ہیں کہ قرأت کرنا عبادت ہے اور قرآن میں نظر کرنا بھی عبادت ہے اسلئے دو عبادت جمع ہونے سے نماز فاسد نہیں ہوگی (۲) اثر میں ہے کہ حضرت عائشہؓ کا غلام ذکوان دیکھ کر امامت کرواتے تھے اسلئے نماز میں قرآن دیکھ کر پڑھنا جائز ہے۔ اثر یہ ہے۔ و کانت عائشة یؤمها عبدها ذکوان من المصحف ۔ (بخاری شریف، باب امامة العبد والمولی، ص ۹۶، نمبر ۶۹۲) اس اثر سے معلوم ہوا کہ قرآن دیکھ کر قرأت کرنا جائز ہے۔ اس سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔

**ترجمه** : ۲ امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ قرآن کو اٹھانا، اور اس میں نظر کرنا اور اوراق کو الٹنا پلٹنا عمل کثیر ہے۔ [اس لئے اس سے نماز فاسد ہوگی]

**تشریح** : امام ابوحنیفہ کے یہاں قرآن کو دیکھ کر قرأت کرنے سے نماز فاسد ہوگی، اسکی ایک دلیل یہ ہے کہ قرآن کو اٹھائے گا اور اس میں نظر کرے گا، اور اسکے ورقوں کو الٹے پلٹے گا تو یہ سب عمل کثیر ہے جس سے نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ اسلئے اس سے نماز فاسد ہو جائے گی۔

**ترجمه** : ۳ اور اسلئے کہ قرآن سے تلقین حاصل کرنا ہوگا، تو ایسا ہو گیا کہ اپنے مقتدی کے علاوہ سے تلقین حاصل کی۔

**تشریح** : دوسری دلیل یہ دی کہ قرآن سے پڑھنا گویا کہ اپنے مقتدی کے علاوہ سے لقمہ لینا ہے کیونکہ قرآن اسکا مقتدی نہیں ہے ، اور اپنے مقتدی کے علاوہ سے لقمہ لینے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے، کیونکہ وہ کلام کے درجے میں ہے۔

**ترجمه** : ۴ اس صورت میں قرآن ہاتھ میں اٹھایا ہوا ہو یا قرآن میز پر رکھا ہوا ہو دونوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔

**تشریح** : قرآن میں نظر کرنے سے نماز فاسد ہو تو چاہے عمل کثیر کا صدور ہو یا نہ ہو قرآن کو ہاتھ میں اٹھانا ہو یا نہ ہو، اسکے اوراق کو الٹنا پلٹنا ہو یا نہ ہو دونوں صورتوں میں صرف قرآن میں نظر کرنے سے نماز فاسد ہو جائے گی۔

**ترجمه** : ۵ اور اول صورت میں دونوں میں فرق ہوگا۔

(۴۱۵) ولو نظر الی مکتوب وفهمه فالصحیح انه لاتفسد صلاته بالاجماع ﴾ ۱ بخلاف ماذا حلف لایقرأ کتاب فلانٍ حیث یحنث بالفهم عند محمدؒ لانه المقصود هنالک الفهم

**تشـــریح** :اول صورت کا مطلب یہ ہے کہ قرآن کو اٹھانے ،اسکے اوراق کو پلٹنے اوراس میں نظر کرنے سے نماز فاسد ہوتی ہو،جسکو عمل کثیر کہتے ہیں تو اس صورت میں یہ فرق ہوگا کہ قرآن میز پر رکھا ہوا ہواور اوراق پلٹنے اورقرآن اٹھانے کی ضرورت نہ پڑے اور صرف قرآن میں نظر کرکے قرأت کرے تو اس سے نماز فاسد نہیں ہوگی۔اور قرآن کو اٹھائے گا اور عمل کثیر ہوگا تب نماز فاسد ہوگی۔ اورقرآن کے اٹھانے اور نہ اٹھانے کے حکم میں فرق ہوجائے گا۔

**ترجمہ**: (۴۱۵)اگر لکھے ہوئے حروف کو دیکھا اور اسکو سمجھ بھی لیا تو صحیح مسلک یہ ہے کہ بالاجماع اس سے نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**تشـــریح** :۔نمازی کے سامنے کوئی بات لکھی ہوئی تھی،نمازی نے اسکو سمجھ لیا اور اسکو زبان سے نہیں نکالا تو اس سے بالاجماع نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**وجــــہ** : (۱)صرف سمجھ لینے میں تعلیم اور تعلم نہیں ہے اسلئے نماز فاسد نہیں ہوگی (۲)اس صورت میں عمل کثیر بھی نہیں ہے کہ نماز فاسد ہو۔(۳)حضورؐ نے ایک صلح کے موقع پر حضرت ابوبکرؓ کو اشارہ فرمایا کہ نماز کو جاری رکھیں اور حضرت ابوبکرؓ نے اس اشارے کو سمجھا بھی پھر بھی انکی نماز فاسد نہیں ہوئی،اسی پر قیاس کرتے ہوئے اگر لکھے ہوئے سے کوئی بات سمجھ لے تو اس سے نماز فاسد نہیں ہوگی۔لمبی حدیث کا ٹکڑا یہ ہے۔ عن سهل بن سعدؓ قال بلغ رسول الله ﷺ أن بنی عمرو بن عوف بقباء کان بینهم شیء فخرج یصلح ....فلما اکثر الناس التفت فاذا رسول الله ﷺ فأشار الیه یأمره أن یصلی فرفع أبو بکرؓ یده فحمد الله ، ثم رجع القهقری وراءه ۔(بخاری شریف،باب رفع الایدی فی الصلوۃ لأمر ینزل به،ص۱۹۴، نمبر۱۲۱۸)اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے اشارہ کیا اور حضرت ابوبکرؓ نے اسکو سمجھا پھر بھی نماز نہیں ٹوٹی۔(۴)اور عمل قلیل سے نماز فاسد نہیں ہوتی اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابی قتادة أن رسول الله ﷺ کان یصلی و هو حامل أمامة بنت زینب بنت رسول الله ﷺ و لابی العاص بن الربیع ، فاذا قام حملها و اذا سجدو ضعها ؟ قال یحی : قال مالک : نعم ۔(مسلم شریف،باب جواز حمل الصبیان فی الصلوۃ۔وان الفعل القلیل لایبطل الصلوۃ،ص۲۰۵،نمبر۵۴۳/۱۲۱۲)اس حدیث میں ہے کہ تھوڑے بہت عمل سے حضرت امامہ کو اٹھاتے تھے،اسلئے اس سے نماز فاسد نہیں ہوئی،لیکن عمل کثیر ہو تو نماز فاسد ہوجائے گی۔

**ترجمہ** :۔ ۱ بخلاف جبکہ قسم کھائی کہ فلاں کا خط نہیں پڑھے گا تو امام محمدؒ کے نزدیک صرف سمجھنے سے حانث ہوجائے گا اسلئے کہ یہاں مقصود سمجھنا ہے۔

ع اما فساد الصلوۃ فبالعمل الکثیر ولم یوجد (۴۱۶) وان مرّت امرأة بین یدی المصلی لم یقطع الصلوۃ ﴾ ل لقوله علیه السلام لایقطع الصلوٰۃ مرورشیء (۴۱۷) الا ان المارّاثم ل لقوله علیه السلام لوعلم المارُّبین یدی المصلی ماذا علیه من الوزرلوقف اربعین.

**تشریح** : یہاں سے ایک فرق بیان کررہے ہیں۔ کہ کسی نے قسم کھائی کہ میں فلاں کا خط نہیں پڑھونگا، اور اس نے اسکو زبان سے نہیں پڑھا بلکہ دیکھ کر صرف سمجھ لیا تو اس سے بھی امام محمدؒ کے نزدیک حانث ہوجائے گا، اسکی وجہ یہ ہے کہ قسم کا مطلب یہ ہے کہ اسکے خط کو پڑھ کر اسکی راز کی بات معلوم نہیں کرے گا۔ اور سمجھنے کی وجہ سے راز کی بات معلوم ہوگئی اسلئے حانث ہوجائے گا۔

**ترجمہ** : ع بہر حال نماز کا فاسد ہونا تو وہ عمل کثیر کی وجہ سے ہوتا ہے، اور یہاں یہ نہیں پایا گیا۔

**تشریح** : امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ نماز میں قرآن پڑھنے کی شکل میں پڑھنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی بلکہ اوراق پلٹنے اور قرآن اٹھانے کی وجہ سے نماز فاسد ہوگی جو عمل کثیر ہے، اور یہاں عمل کثیر نہیں پایا گیا اسلئے نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: (۴۱۶) اگر کوئی عورت نمازی کے سامنے سے گزر جائے تو نماز نہیں ٹوٹے گی۔

**ترجمہ** : ل اسلئے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ کسی چیز کے گزرنے سے نماز نہیں ٹوٹتی۔

**وجه** : (۱) کوئی آدمی نمازی کے سامنے سے گزر جائے تو خود نماز میں کوئی خلل واقع نہیں ہوئی اسلئے نماز نہیں ٹوٹے گی، البتہ اس سے خشوع خضوع میں کمی واقع ہوسکتی ہے اسلئے گزرنا اچھا نہیں ہے، اور نمازی کو بھی چاہئے کہ اپنے سامنے سترہ رکھ لے۔ (۲) اسکے لئے صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابی سعید قال قال رسول الله ﷺ : لا یقطع الصلوۃ شیء ، و ادرؤوا ما استطعتم فانما هو شیطان ۔ ( ابوداود شریف، باب من قال لایقطع الصلوۃ شیء، ص ۱۱۳، نمبر ۷۱۹ / دار قطنی، باب صفۃ السہو فی الصلوۃ واحکامہ، ج اول، ص ۳۷۵، نمبر ۱۳۷۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کوئی چیز نمازی کے سامنے سے گزرے تو اس سے نماز فاسد نہیں ہوگی البتہ سامنے سے گزرنا مکروہ ہے۔ (۳) عن عائشة ذکر عندها ما یقطع الصلوۃ الکلب و الحمار ، و المرأة ، فقالت عائشة : شبهتمونا بالحمر و الکلاب ، و الله لقد رأیت النبی ﷺ یصلی و انی علی السریر بینه و بین القبلة مضطجعة فتبدو لی الحاجة فأکره ان أجلس فأذی النبی ﷺ فأنسل من عند رجلیه ۔ (بخاری شریف، باب من قال لایقطع الصلوۃ شیء، ۳۷، نمبر ۵۱۴ / ابوداود شریف، باب من قال المرأۃ لایقطع الصلوۃ، ص ۱۱۱، نمبر ۷۱۰) اس حدیث میں ہے کہ عورت سامنے سے گزر جائے تب بھی نماز نہیں ٹوٹے گی۔

**ترجمہ** : (۴۱۷) مگر یہ کہ گزرنے والا گنہگار ہوگا۔

**ترجمہ** ل حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ نمازی کے سامنے سے گزرنے والا جان لے کہ اس پر کتنا گناہ ہے تو وہ چالیس

۲ وانما یأثم اذا مرّ فی موضع سجوده علی ماقیل ولایکون بینهما حائل

تک ٹھہرا رہے۔

**تشریح**: نمازی کے سامنے سے گزر جائے تو اس سے نماز تو نہیں ٹوٹے گی، البتہ گزرنے والے کو گناہ ہوگا۔

**وجه**: (۱) اسلئے کہ نمازی کے خشوع خضوع میں خلل واقع ہوا۔ (۲) صاحب ھدایہ کی اس حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔ عن بسر بن سعید أن زید بن خالد أرسله الی ابی جهیم یسأله : ماذا سمع من رسول الله ﷺ فی المار بین یدی المصلی ، فقال ابو جهیم قال رسول الله ﷺ : ((لو یعلم المار بین یدی المصلی ما ذا علیه لکان أن یقف أربعین خیراً له من أن یمر بین یدیه )) قال أبو النضر : لا أدری قال أربعین یوما أو شهرا أو سنة ۔ (بخاری شریف، باب اثم المار بین یدی المصلی، ص ۷۳، نمبر ۵۱۰/ابو داود شریف، باب ما ینھی عنہ من المرور بین یدی المصلی، ص ۱۱۱، نمبر ۷۰۱) اس حدیث میں ہے کہ نمازی کے سامنے سے گزرے تو اس سے اس پر اتنا گناہ ہے کہ اسکو جان لے تو نمازی کے سامنے ہی چالیس دن یا چالیس مہینے، یا چالیس سال تک ٹھہرا رہے وہ آسان ہے لیکن نمازی کے سامنے سے گزرنا اسکے لئے آسان نہیں۔ حدیث میں چالیس سے مراد چالیس سال ہے کیونکہ ابن ماجہ شریف میں ایک سو سال کی حدیث ہے۔ عن ابی هریرة قال قال النبی ﷺ : لو یعلم أحدکم ما له فی أن یمر بین یدی أخیه معترضاً فی الصلوة کان لأن یقیم مائة عام خیر له من الخطوة التی خطاها ۔ (ابن ماجہ شریف، باب المرور بین یدی المصلی، ۱۳۴، نمبر ۹۴۶) اس حدیث میں ہے کہ سو سال ٹھہرا رہے اس سے معلوم ہوا کہ بخاری والی حدیث میں چالیس سال مراد ہے۔

**ترجمه**: ۲ گنہگار اس وقت ہوگا جبکہ سجدے کی جگہ پر گزرے، جیسا کہ کہا گیا، اور نمازی اور گزرنے والے کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو۔

**تشریح**: اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ نمازی کی جہاں تک سجدے کی جگہ ہے اسکے اندر اندر گزرے گا تو گزرنے والا گنہگار ہوگا، اور اگر اس سے تھوڑا دور ہوکر گزرے گا تو گنہگار نہیں ہوگا، اور گنہگار ہونے کے لئے دوسری شرط یہ ہے کہ گزرنے والا اور نمازی کے درمیان کوئی چیز مثلا دیوار یا لکڑی وغیرہ حائل نہ ہو تب گنہگار ہوگا اور اگر سترہ یا کوئی چیز حائل ہو اور سترہ کے پیچھے سے گزرے تو گنہگار نہیں ہوگا۔

**وجه**: (۱) عن بسر بن سعید أن زید بن خالد أرسله الی ابی جهیم یسأله : ماذا سمع من رسول الله ﷺ فی المار بین یدی المصلی ، فقال ابو جهیم قال رسول الله ﷺ : ((لو یعلم المار بین یدی المصلی ما ذا علیه لکان أن یقف أربعین خیراً له من أن یمر بین یدیه )) قال أبو النضر : لا أدری قال أربعین یو ما أو شهرا

۳؎ ويحاذى اعضاء المارّ اعضاءه لو كان يصلى على الدكان (۴۱۸) وينبغى لمن يصلى فى الصحراء ان يتخذ امامه سترة ﴾ ۱؎ لقوله عليه السلام اذا صلى احدكم فى الصحراء فليجعل بين يديه سترة

أو سنة ۔ (بخاری شریف، باب اثم المار بین یدی المصلی، ص ۷۳، نمبر ۵۱۰ رابوداؤد شریف، باب ما نھی عنہ من المرور بین یدی المصلی، ص ۱۱۱، نمبر ۷۰۱) اس حدیث میں ہے (لو يعلم المار بين يدى المصلى) کہ نمازی کے بالکل سامنے سجدے کی جگہ سے گزرے تو گنہگار ہوگا، اس لئے دور سے گزرے تو گنہگار نہیں ہوگا۔ اور سترہ ہو تو گنہگار نہیں ہوگا اسکی دلیل آگے آرہی ہے۔ (۱) اس اثر سے اسکی تائید ہوتی ہے۔ عن عطاء قال : يقال أدنى ما يكفيك فيما بينك و بين السارية ثلاثة أذرع . ( مصنف عبد الرزاق، باب کم یکون بین الرجل و بین سترتہ، ج ثانی، ص ۱۶، نمبر ۲۳۰۸) اس اثر میں ہے کہ سترہ سے تین ہاتھ، یعنی ساڑھے چار فٹ، کے درمیان نماز پڑھے تو چل جائے گا،
اور نمازی کے پاؤں رکھنے کی جگہ سے سجدے کی جگہ تک تقریبا چار فٹ ہوتا ہے اسلئے ساڑھے چار فٹ وہی سجدے کی جگہ ہوئی، اسلئے اسکے درمیان گزرے گا تو گنہگار ہوگا۔

**ترجمہ**: ۳؎ اور گزرنے والے کے اعضاء نمازی کے اعضاء کے بالمقابل ہو جائے اگر چبوترے پر نماز پڑھ رہا ہو۔

**تشریح**: کوئی نمازی اونچائی پر نماز پڑھ رہا ہے تو اسکے سامنے سے گزرنے سے اس وقت گنہگار ہوگا جب گزرنے والے کا عضو نمازی کے عضو کے بالمقابل ہو جائے، لیکن اگر نمازی کی جگہ گزرنے والے کے قد سے بھی اونچی ہے تو اب گزرنے والا نیچے سے گزر رہا ہے اسلئے گنہگار نہیں ہوگا۔ اور یہ اونچائی اسکے لئے سترہ بن جائے گی۔

**وجہ**: اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ عن ابراهيم قال : اذا كنت فى الصلوة فوق سطح يمر عليك الناس ، فكنت حيث لا يرى الناس اذا مروا ، قال سفيان فيكون الذى يمنعك من أن تراهم الذى يسترك ۔ ( مصنف عبد الرزاق، باب کم یکون بین الرجل و بین سترتہ، ج ثانی، ص ۱۷، نمبر ۲۳۱۲) اس اثر میں ہے کہ اونچائی پر نماز پڑھو تو اتنا اونچا ہو کہ وہ نظر نہ آئے یعنی قد تک تو یہ اونچائی سترہ بنے گی۔

**لغت**: المار: مر سے مشتق ہے گزرنے والا۔ وقف: ٹھہر جائے۔ اثم: گنہگار ہونا۔ حائل: پردہ، حیلولت سے مشتق ہے۔ یحاذی: محاذات سے مشتق ہے، آمنے سامنے ہونا۔ الدکان: اونچی جگہ۔

**ترجمہ**: (۴۱۸) وہ شخص جو صحرا میں نماز پڑھ رہا ہو اسکے لئے مناسب یہ ہے کہ اپنے سامنے سترہ بنالے۔

**ترجمہ**: ۱؎ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ اگر تم صحراء میں نماز پڑھو تو اپنے سامنے سترہ بنالو۔

(۴۱۹) ومقدارها ذراع فصاعدا ﴾ لـ لقوله علیه السلام ایعجز احدکم اذا صلی فی الصحراء ان یکون امامه مثل مؤخرة الرحل (۴۲۰) وقیل ینبغی ان یکون فی غلظ الاصبع ﴾ لـ لان مادونه لایبدو للناظرین من بعید فلا یحصل المقصود

**تشریح** : مسجد میں لوگ آتے ہی ہیں نماز کے لئے اسلئے اسکی حرکت دیکھ کر سمجھ جائیں گے یہ نماز پڑھ رہے ہیں، لیکن صحراء اور میدان میں یہ پتہ نہیں چلتا کہ نماز پڑھ رہا ہے یا نہیں اسلئے فرمایا کہ صحراء میں سترہ بنا لے، تا کہ نمازی کو خلل نہ ہو۔

**وجه** : (۱) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابی هریرة أن رسول الله ﷺ قال : اذا صلی احدکم فلیجعل تلقاء وجهه شیئاً فان لم یجد فلینصب عصا ، فان لم یکن معه عصا فلیخطط خطا ثم لا یضر ما مر أمامه ۔ (ابو داود شریف، باب الخط اذا لم یجد عصا ، ص ۱۰۷، نمبر ۶۸۹ / ابن ماجۃ شریف، باب ما یستر المصلی ، ص ۱۳۳، نمبر ۹۴۳) اس اثر میں ہے کہ نماز پڑھے تو اپنے سامنے سترہ کے طور پر رکھ لے، اور وہ نہ ہو تو لکڑی کو بچھا کر رکھے اور وہ بھی نہ ہو تو خط کھینچ دے۔

**ترجمه** : (۴۱۹) اور سترے کی اونچائی کی مقدار ایک ہاتھ ہو یا اس سے اونچا ہو۔

**ترجمه** : لـ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے، کہ کیا تم اس سے بھی عاجز ہو کہ جب تم صحراء میں نماز پڑھو تو کجاوے کے پچھلے حصے کے برابر کوئی چیز سامنے ہو۔

**وجه** : (۱) ایک ہاتھ اونچا سترہ ہوگا تو دور سے آدمی کو نظر آئے گا تو نمازی سے دور ہو کر چلے گا، اور اسکے سامنے سے نہیں گزرے گا۔ (۲) اس حدیث میں ہے کہ کجاوے کی مانند سترہ اونچا ہو۔ حدیث یہ ہے۔ عن ابی ذر قال قال رسول الله ﷺ اذا قام احدکم یصلی فانه یستره اذا کان بین یدیه مثل آخرة الرحل ، فاذا لم یکن بین یدیه مثل آخرة الرحل فانه یقطع صلاته الحمار ، و المرأة و الکلب الاسود ۔ (مسلم شریف، باب قدر ما یستر المصلی، ص ۲۰۹، نمبر ۵۱۰/۱۱۳۷ / ابو داود شریف، باب ما یستر المصلی، ص ۱۰۸، نمبر ۶۸۵) اس حدیث میں ہے کہ کجاوے کی طرح کوئی چیز سامنے ہو تو وہ سترہ بن جائے گا۔ اور اونٹ پر جو کجاوہ رکھا جاتا ہے اسکی اونچائی تقریبا ایک ہاتھ ہوتی ہے اس سے پتہ چلا کہ سترے کی اونچائی ایک ہاتھ ہو۔ اونٹ کی پیٹھ پر بیٹھنے کے لئے ایک لکڑی رکھتے ہیں اسکو کجاوہ کہا جاتا ہے۔ (۲) اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ کان ابن عمر لا یصلی الا الی السترة قال : کان قدر مؤخرة رحله، ذراع ۔ (مصنف عبد الرزاق ، باب قدر ما یستر المصلی، ج ثانی، ص ۹، نمبر ۲۲۷۳) اس اثر میں ہے کہ حضرت ابن عمرؓ کا سترہ ایک ہاتھ لمبا ہوتا تھا۔

**ترجمه** : (۴۲۰) اور کہا گیا ہے کہ سترہ ایک انگلی موٹا ہو۔

**ترجمه** : لـ اسلئے کہ اس سے کم ہو تو دور سے دیکھنے والے کو نظر نہیں آئے گا، اسلئے مقصود حاصل نہیں ہوگا

(۴۲۱) و يقرب من السترة ﴾ لقوله عليه السلام من صلى الىٰ سترة فليدن منها (۴۲۲) ويجعل السترة علىٰ حاجبه الايمن اوعلى الايسر ﴾ لـ به ورد الاثر.

---

**وجه** : ۔(۱) ایک انگلی سے کم موٹا ہوتو دور سے نظر نہیں آئے گا اسلئے ایک انگلی موٹا سترہ ہونا چاہئے۔(۲) اس حدیث میں اسکا ثبوت ہے عن ابی جحيفة قال : خرج رسول الله ﷺ بالهاجرة فصلى بالبطحاء الظهر و العصر ركعتين و نصب بين يديه عنزة و توضأ . (بخاری شریف، باب السترۃ بمکۃ وغیرھا، ص ۲۷، نمبر ۵۰۱ رمسلم شریف، باب سترۃ المصلی و الندب الی الصلوۃ الی سترۃ، ص ۱۹۵، نمبر ۱۱۲۲/۵۰۳) اس حدیث میں ہے کہ سترے کے طور پر آپکے سامنے ڈنڈا گاڑا جس سے معلوم ہوا کہ ڈنڈا کے برابر موٹا ہوتو سترہ ہو جائے گا، اور ڈنڈا عموما ایک انگلی موٹا ہوتا ہے، جس سے معلوم ہوا کہ سترہ ایک انگلی موٹا ہو۔ (۳) اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ أن اباھریرۃ قال: مثل مؤخرۃ الرحل فی جلتہ السوط یعنی السترۃ۔ (مصنف عبد الرزاق ، باب قدر مایستر المصلی، ج ثانی، ص ۱۳، نمبر ۲۲۹۱) اس اثر میں ہے کہ سترہ کوڑے کے برابر موٹا ہو۔

**ترجمہ**: (۴۲۱) اور سترہ سے قریب ہو۔

**ترجمہ** : لـ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ جو سترے کی طرف نماز پڑھے اسکو سترے سے قریب ہونا چاہئے۔

**وجه** : صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن سهل بن ابى حثمة يبلغ به النبى ﷺ قال اذا صلى أحدكم الى سترة فليدن منها ، لا يقطع الشيطاعليه صلاته . (ابوداود شریف، باب الدنو من السترۃ، ص ۱۰۸، نمبر ۶۹۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سترہ سے قریب ہونا چاہئے، اور پہلی حدیث سے معلوم ہوا کہ دونوں کے ہاتھ کے قریب یعنی سجدے کے قریب ہو نا چاہئے۔

**ترجمہ**: (۴۲۲) اور سترہ اپنے دائیں بھوؤں، یا بائیں بھوؤں کی طرف رکھے۔

**ترجمہ** : لـ حدیث اسی طرح وارد ہوئی ہے۔

**تشریح**: سترہ ناک کے سامنے نہ رکھے بلکہ دائیں، یا بائیں جانب رکھے۔

**وجه** : (۱) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ضباعة بنت المقداد بن الاسود عن ابيها قال ما رأيت رسول الله ﷺ يصلى الى عود و لا عمود و لا شجرة الا جعله على حاجبه الايمن أو الأيسر و لا يصمد له صمداً ۔ (ابوداود شریف، باب اذا صلی الی ساریۃ أونحوھا أین یجعلھا منہ، ص ۱۰۷، نمبر ۶۹۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سترہ بالکل سامنے نہ ہو بلکہ دائیں جانب یا بائیں جانب ہو، اور دائیں جانب کی فضیلت ہے اسلئے دائیں جانب ہوتو بہتر ہے۔ (۲) اسکی ایک وجہ یہ بھی

ﷺ ولابأس بترک السترة اذا امن المرورَولم يواجه الطريق (۴۲۳) وسترة الامام سترة للقوم ﴾ لے لانه عليه السلام صلى ببطحاء مكة الى عنزة ولم يكن للقوم سترة (۴۲۴) ويعتبر الغرز دون الالقاء و الخط ﴾ لے لان المقصود لايحصل به.

ہے کہ اگر بالکل سترہ کے سامنے نماز پڑھے گا تو کسی کو شک ہوگا کہ اسی سجدہ کر رہا ہے اسلئے دائیں یا بائیں کر دے۔

**ترجمه** : ۲ اور کوئی حرج کی بات نہیں ہے سترہ چھوڑنے میں اگر گزرنے والوں، اور راستے کے سامنے نہ ہو۔

**تشریح** : ایسی جگہ نماز پڑھ رہا ہے کہ عام طور پر وہاں سے لوگ نہیں گزرتے ہیں، لوگوں کے گزرنے سے امن ہے، اور راستے کے سامنے بھی نہیں ہے کہ کسی کے گزرنے کا خطرہ ہو تو ایسی جگہ سترہ نہ بھی رکھے تو حرج کی بات نہیں ہے۔

**وجه** : حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔ عن الفضل بن عباس قال : أتانا رسول الله ﷺ و نحن في بادية لنا و معه عباس فصلى في صحراء ليس بين يديه سترة و حمارة لنا و كلبة تعبان بين يديه فما بالى ذالک ۔(ابوداود شریف، باب من قال الکلب لایقطع الصلوۃ، ص۱۱۲، نمبر ۷۱۸) اس حدیث میں ہے کہ آپ کے سامنے سترہ نہیں تھا اسلئے کہ وہاں انسان کے گزرنے کا خطرہ نہیں تھا، اور جانور چونکہ مکلّف نہیں ہے اسلئے اسکے آگے آنے سے کوئی حرج کی بات نہیں ہے۔

**ترجمه** : (۴۲۳) اور امام کا سترہ مقتدی کا بھی سترہ ہوگا۔

**ترجمه**: لے اسلئے کہ حضور علیہ السلام بطحاء مکہ میں ڈنڈے کی طرف نماز پڑھ رہے تھے اور مقتدی کا سترہ نہیں تھا۔

**تشریح** : جماعت کے ساتھ نماز پڑھ رہا ہو تو امام کے سامنے سترہ ہو تو مقتدی کے لئے بھی کافی ہے، مقتدی کو سترے کی ضرورت نہیں ہے۔

**وجه**: اس حدیث میں اسکا ثبوت ہے اور صاحب ھدایہ کی بھی یہی حدیث ہے۔ عن ابي جحيفة قال : خرج رسول الله ﷺ بالهاجرة فصلى بالبطحاء الظهر و العصر ركعتين و نصب بين يديه عنزة و توضأ . (بخاری شریف، باب السترۃ بمکۃ وغیرھا، ص۷۲، نمبر ۵۰۱ رمسلم شریف، باب سترۃ المصلی والندب الی الصلوۃ الی سترۃ، ص ۱۹۵، نمبر ۵۰۳/۱۱۲۲) اس حدیث میں حضورؐ کے پاس سترہ ہے اور مقتدی کے پاس سترہ نہیں ہے۔ اسلئے کہ امام کا سترہ مقتدی کے لئے بھی کافی ہے۔

**ترجمه** : (۴۲۴) اور اعتبار کیا جائے گا گاڑنے کا نہ کہ سترہ ڈال دینے کا، اور نہ خط کھینچنے کا۔

**ترجمه** : لے اسلئے کہ مقصود اس سے حاصل نہیں ہوگا۔

**تشریح** : ڈنڈا، یا لکڑی موجود ہو تو اسکو نیچے لٹا کر رکھ دینے سے کافی نہیں ہوگا بلکہ اسکو گاڑنے سے سترہ بنے گا۔ اسی طرح ڈنڈا نہ ہو تو سامنے خط کھینچ دینے سے سترہ کا کام نہیں دے گا اور سترہ کے لئے وہ کافی نہیں ہوگا۔

(۴۲۵) ویدرأ المار اذا لم یکن بین یدیه سترة اومرَّ بینه وبین السترة﴾ لِ لقوله علیه السلام: فادرؤا ما استطعتم.

**وجــه** : (۱)سترہ کامقصد یہ ہے کہ لوگ دور سے دیکھ کراسکے اندر سے پار نہ ہو،اور ڈنڈا کولٹادیا جائے تو دور سے دیکھنا نہیں ہوگا، اسلئے لٹانے سے کوئی فائدہ نہیں،البتہ کجاوے یا بکس کی طرح کوئی موٹی اوراونچی چیز ہواسکو سامنے رکھ دی جائے تو وہ سترہ بن جائے گی۔اسی طرح سامنے خط کھینچنے سے بھی دور سے نظر نہیں آئے گا اسلئے خط کھینچا بھی سترہ کے لئے کافی نہیں ہوگا۔(۲) حدیث میں ہے کہ حضورؐ کے سترہ کے لئے ڈنڈا گاڑا ہے۔حدیث یہ ہے۔عن ابی جحیفة قال : خرج رسول الله ﷺ بالهاجرة فصلی بالبطحاء الظهر و العصر رکعتین و نصب بین یدیه عنزة و توضأ . (بخاری شریف، باب السترة بمكة وغیرھا، ص۷۲،نمبر۵۰۱؍مسلم شریف، باب سترة المصلی والندب الی الصلوة الی سترة،ص۱۹۵،نمبر۵۰۳؍۱۱۲۲)اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ کے سترہ کے لئے ڈنڈا گاڑا ہے(۳)عن ابی ھریرة أن رسول الله ﷺ قال : اذا صلی احدکم فلیجعل تلقاء وجهه شیئاً فان لم یجد فلینصب عصا ، فان لم یکن معه عصا فلیخطط خطا ثم لا یضر ما مر أمامه۔(ابوداود شریف، باب الخط اذا لم یجد عصا ،ص۱۰۷،نمبر۶۸۹؍ابن ماجة شریف، باب مایستر المصلی،ص۱۳۴،نمبر۹۴۳) اس حدیث میں ہے کہ سامنے رکھنے کے لئے کوئی چیز نہ ہوتو عصا یعنی ڈنڈا گاڑ دو۔اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سترہ کے لئے ڈنڈا گاڑنا چاہئے۔

**فــائـده** : بعض حضرات کی رائے ہے کہ اگر ڈنڈا نہ ہو یا ہو لیکن سخت زمین ہونے کی وجہ سے گاڑنہ سکتا ہو تو خط کھینچنے کی وجہ سے بھی سترے کا کام ہوجائے گا۔انکی دلیل اوپر والی ابوداود شریف کی حدیث ہے جس میں ہے کہ۔ فان لم یکن معه عصا فلیخطط خطا ثم لا یضر ما مر أمامه ۔(ابوداود شریف،،نمبر۶۸۹؍ابن ماجة شریف،نمبر۹۴۳)اگر ڈنڈا نہ ہو تو خط کھینچ دے یہ سترہ کے لئے کافی ہوجائے گا۔

**تــرجـمـه** : (۴۲۵) اگر نمازی کے سامنے سترہ نہ ہو تو سامنے سے گزرنے والے کو دفع کرے،یا نمازی اور سترہ کے درمیان سے گزرے تو دفع کرے۔

**تشــریح** : اگر نمازی کے سامنے سترہ نہ ہو اور کوئی آدمی اسکے سجدے کی جگہ سے گزرے تو نمازی اسکو سجدہ کی جگہ پر گزرنے سے ہاتھ کے اشارے سے روکے ،یا سترہ تو ہو لیکن آدمی سترہ اور نمازی کے درمیان سے گزرے تو اسکو درمیان سے گزرنے سے روکے۔

**وجه** : لِ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے،کہ جتنا ہوسکے گزرنے والے کو روکو۔

صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔عن ابی سعید قال قال رسول الله ﷺ : لا یقطع الصلوة شیء ، و ادرؤوا ما استطعتم فانما ھو شیطان ۔( ابوداود شریف، باب من قال لایقطع الصلوة شیء،ص۱۱۳،نمبر۷۱۹؍دار قطنی ، باب صفة السهو فی

(۴۲۶) ويدرأ بالاشارة ﴾ ل كما فعل رسول الله بولدى ام سلمة (۴۲۷)اويدفع بالتسبيح ﴾
ل لما روينا من قبل

الصلوة وأحكامه، ج اول، ص ۳۵۷، نمبر ۱۳۶۷) اس حدیث میں ہے کہ گزرنے والے کو جتنا ہو سکے روکو۔ (۲) أن ابا سعيد قال قال النبی ﷺ .... اذا صلى أحدكم الى شيء يستره من الناس فأراد أحد أن يجتاز بين يديه ، فليدفعه فان ابی فليقاتله فانما هو شيطان ۔ (بخاری شریف، باب يرد المصلى من مر بين يديه، ص ۷۳، نمبر ۵۰۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کوئی نمازی اور اسکے سترہ کے درمیان سے گزرنا چاہئے تو اسکو دور کرنے کی کوشش کرے، اور نہ مانے تو تھوڑی سختی سے بھی نمٹے۔

**ترجمه**: (۴۲۶) اور اشارہ سے روکے۔

**ترجمه** : ل جیسا کہ حضورؐ نے ام سلمہؓ کے دو بچوں کے ساتھ کیا۔

**تشریح** : سامنے سے گزرنے والے کو دھکا نہ دے، بلکہ اشارہ سے بتائے کہ میں نماز پڑھ رہا ہوں اسلئے میرے سامنے سے دائیں سے بائیں، یا بائیں سے دائیں نہ گزرو البتہ قبلہ کی طرف سے پیچھے کی طرف جانا چاہے تو کنارے کنارے سے جاسکتا ہے۔

**وجه** : آپ ﷺ کی بیوی حضرت ام سلمہؓ کے بچے سامنے سے گزرے تو آپؐ نے انکو اشارہ سے منع فرمایا تھا۔ صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ام سلمة قالت : كان النبی ﷺ يصلى فی حجرة أم سلمة فمر بين يديه عبد الله ، او عمر بن أبی سلمة فقال بيده فرجع فمرت زينب بنت ام سلمة فقال بيده هكذا فمضت ، فلما صلى رسول الله ﷺ قال : هن أغلب۔ (ابن ماجہ شریف، باب ما یقطع الصلوۃ، ص ۱۳۴، نمبر ۹۴۸ رمصنف ابن ابی شیبۃ ۶۲، من كان يكره أن يمر الرجل بين يدى الرجل وهو يصلی، ج اول، ص ۲۵۳، نمبر ۲۹۱۸) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ نے ہاتھ سے اشارہ کر کے گزرنے والے بچے کو روکا۔

**ترجمه** : (۴۲۷) یا تسبیح کر کے گزرنے والے کو روکے۔

**ترجمه**: ل اسکے لئے حدیث اس سے پہلے روایت کر دی ہے۔

**وجه**: اگر ہاتھ کے اشارے سے نہ روکے تو زور سے تسبیح پڑھے جس سے گزرنے والے کو پتہ چل جائے کہ یہ آدمی نماز میں ہے جسکی وجہ سے وہ سامنے سے نہ گزرے۔ اسکے ثبوت کے لئے یہ حدیث گزر چکی ہے۔ عن سهل ابن سعد الساعدی : أن رسول الله ﷺ ذهب الى بنی عمرو بن عوف ليصلح بينهم ..... من رابه شیء فی صلوته فليسبح فانه اذا سبح التفت اليه و انما التصفيق للنساء . (بخاری شریف، باب من دخل لیؤم الناس الخ، ص ۹۵، نمبر ۶۸۴ رمسلم شریف،

(۴۲۸) ویکرہ الجمع بینهما ﴾ ل لان باحدهما کفایة.

---

باب تقدیم الجماعة من یصلی بھم، ص ۱۷۹، نمبر ۹۴۹/۴۲۱) اس حدیث میں ہے کہ کوئی معاملہ پیش آجائے تو تسبیح پڑھ کر اسکو حل کرو، اسلئے گزرنے والے کو تسبیح پڑھ کر روکے گا۔

**ترجمه** : (۴۲۸) اور تسبیح اور اشارہ دونوں کو جمع کرنا مکروہ ہے۔

**ترجمه** : ل اسلئے کہ دونوں میں سے ایک کافی ہے۔

**تشریح** : گزرنے والے کو روکنے کے لئے اشارہ بھی کرے اور تسبیح بھی پڑھے یہ جائز تو ہے لیکن اچھا نہیں ہے، اسلئے کہ دونوں میں سے ایک سے کام چل جاتا ہے تو دوسرے کو کرنے کی ضرورت کیا ہے! اسلئے دونوں کو جمع کرنا مکروہ ہے۔